اعربوا القرآن والتمسوا غرائبه (الحدیث)

معارف البیان
فی
اعراب القرآن

جلد اول سورۃ الفاتحۃ تا سورۃ الانعام



تالیف

استاذ العلماء شیخ الحدیث حضرت مولانا

ابو اسامہ عبد الرحمٰن صاحب لودھروی حفظہ اللہ

فاضل جامعہ خیر المدارس ملتان

مدیر: جامعہ نور القرآن والسنّۃ پل شاہ نال لودھراں

واستاذ الحدیث: جامعہ سراج العلوم لودھراں

ناشر

مکتبہ امدادیہ

ملتان، پاکستان

061-4544965
0300-7828402

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أَعْرِبُوا الْقُرْآنَ وَالْتَمِسُوا غَرَائِبَهُ (الحدیث)

مَعَارِفُ الْبَيَان

فِيْ

إِعْرَابِ الْقُرْآن

جلد اول

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ تا سُوْرَةُ الْأَنْعَامِ

تالیف

استاذ العلماء شیخ الحدیث حضرت مولانا

ابو اسامہ عبد الرحمٰن صاحب لودھروی حفظہ اللہ

فاضل: جامعہ خیر المدارس ملتان

مدیر: جامعہ نور القرآن والسنۃ چک شاہ نال لودھراں

واستاذ الحدیث: جامعہ سراج العلوم لودھراں

ناشر

مکتبہ امدادیہ ملتان پاکستان

نام کتاب **مَعَارِفُ الْبَیَانِ فِیْ اِعْرَابِ الْقُرْآنِ** جلد اول

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ تا سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ

تالیف : ابو اسامہ حضرت مولانا عبد الرحمن صاحب لودھروی

ناشر: المکتبۃ الرحمانیۃ
۹۹۔۔۔ جے ماڈل ٹاؤن۔ لاہور
فون نمبر ....

مکتبہ امدادیہ ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان
فون نمبر ۰۶۱-۴۵۴۴۹۶۵/۰۳۰۰-۷۸۲۸۴۰۲

ملنے کے پتے

☆کتب خانہ مجیدیہ ملتان ☆ادارہ اشاعت الخیر ملتان ☆مکتبہ حقانیہ ملتان
☆مکتبہ رحمانیہ اُردو بازار لاہور فون ۰۴۲-۳۷۲۲۴۲۲۸/۳۷۲۲۱۳۹۵
☆مکتبہ خلیل لاہور
☆مکتبہ العلم اُردو بازار لاہور فون ۰۴۲-۳۷۲۳۱۷۸۸/۳۷۲۱۱۷۸۸
☆قدیمی کتب خانہ بالمقابل آرام باغ کراچی فون ۰۲۱-۳۲۲۱۲۲۲۱/۳۲۲۱۲۲۲۰
☆مکتبہ الشیخ بہادر آباد کراچی
☆کتب خانہ اشرفیہ کراچی فون نمبر ۰۲۱-۳۲۲۱۳۰۵۸
☆دار الاشاعت اُردو بازار کراچی فون نمبر ۰۲۱-۳۲۲۱۳۷۶۸

بتعاون محمد حمزہ صدیق قریشی صاحب

ضروری گذارش

اس کتاب کی تصحیح کی حتی الوسع کوشش کی گئی ہے۔ اگر اس کے باوجود کہیں کوئی غلطی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تصحیح کی جائے۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔ (ادارہ)

فہرست

مقدمۃ الکتاب

سُوْرَةُ الْبَقَرَة

سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرَان

سُوْرَۃُ النِّسَآءِ

سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ

سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ

الانتساب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حضرت والد حافظ حبیب اللہ صاحب رحمۃ اللہ رحمۃ کاملۃ المتوفی ۸ جون ۲۰۲۰ء بمطابق ۱۵ شوال المکرم ۱۴۴۱ھ بروز پیر جب حیات پور میں امام وخطیب تھے انہوں نے خواب دیکھا کہ ایک مجلس میں نبی اقدس ﷺ اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین موجود ہیں اور والد صاحب ؒ نے فقیر سے فرمایا کہ عبد الرحمن تو بھی اس مجلس میں موجود تھا۔اور فرمایا کہ نبی کریم ﷺ دودھ کا پیالہ فقیر کے والد صاحب ؒ کو عطا فرمانے لگے تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا کہ یا رسول اللہ حبیب اللہ کو پیالہ نہ دو بلکہ اس کے بیٹے عبد الرحمن کو عطا فرماؤ تو نبی کریم ﷺ نے دودھ کا پیالہ خواب میں فقیر کو عطا فرمایا۔انتھی رؤیا والدی

اور دودھ کی تعبیر علم سے ہے اور اس زمانہ میں فقیر عبد الرحمن جامعہ خیر المدارس میں دورہ حدیث کا طالب علم تھا۔جناب صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی شفقت اور مشورہ سے رحمۃ للعالمین ﷺ نے والد صاحب ؒ کے خواب میں جو کرم نوازی فرمائی تھی اسی کا نتیجہ ہے کہ عرصہ ۲۸ سال سے فقیر قرآن وسنت کی خدمت میں مصروف ہے۔اور فقیر کی تالیف شدہ متعدد کتب منصہ شہود پر آچکی ہیں ورنہ فقیر کی ذاتی حیثیت" من آنم کہ من دانم " اور معارف البیان فی اعراب القرآن بھی اسی مذکورہ خواب کی تعبیر ہی ہے۔

اسی لئے فقیر اپنی اس تالیف کو سید الکونین فخر موجودات جناب محمد رسول اللہ ﷺ کی ذات مبارکہ اور امیر المؤمنین خلیفہ اوّل سیدنا حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی ذات محسنہ اور والدین مرحومین کی ذوات مشفقہ اور جامعہ سراج العلوم میں درجہ حفظ ودرجہ اُولیٰ تک،اور جامعہ اسلامیہ باب العلوم میں درجہ ثالثہ،اور جامعہ دار العلوم مدنیہ بہاولپور میں درجہ ثانیہ ورابعہ اور جامعہ خیر المدارس ملتان میں دورہ حدیث تک کے تمام اساتذہ کرام کی ذوات مرشدہ کی طرف منسوب کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہے۔۔۔۔۔زہے عزوشرف گر قبول افتد

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ اَجْمَعِيْنَ

فقیر عبد الرحمن لودھروی

جامعہ نور القرآن والسنۃ لودھراں

تقریظ

حضرت مولانا عبد القیوم قاسمی صاحب

مدیر مدرسہ معارف اسلامیہ سعید آباد کراچی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ :اَمَّا بَعْدُ حق تعالیٰ شانہ کا خصوصی فضل و کرم ہے کہ ہمارے مدرسہ معارف اسلامیہ جس کی بنیاد حکیم العصر حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی رحمۃ اللہ نے اپنی پر خلوص دعاؤں سے رکھی تھی الحمد للہ اس ادارہ سے جس طرح قرآن کریم اور دورہ حدیث شریف اور دیگر علوم سے طلبہ وطالبات مستفید ہو کر دینی خدمات سرانجام دے رہے ہیں اسی طرح ادارہ ھذا کا شعبہ تصنیف و تالیف بھی کافی حد تک شہرت کا حامل ہے اس سے قبل ادارہ ھذا کی کئی کتب جید علماء سے داد تحسین حاصل کر چکی ہیں۔اس وقت زیر نظر کتاب معارف البیان فی اعراب القرآن جو قرآن کریم کی ترکیب پر مشتمل جامع مکمل تالیف ہے۔ قرآن کریم کی تفسیر پر اس وقت لاکھوں سے متجاوز تفاسیر ہیں اوران میں کچھ تفاسیر ایسی بھی ہیں جن میں ترکیب قرآن پر کلام کیا گیا ہے، مگر اکثر و بیشتر عربی زبان میں ہیں جن سے کم استعداد کے طلبہ صحیح معنی میں فائدہ حاصل نہیں کر سکتے ہمارے مدرسہ کے شیخ الحدیث حضرت اقدس مولانا عبد الرحمن صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے اُن طلبہ پر شفقت فرماتے ہوئے ہماری اس دیرینہ خواہش پر قلم اٹھایا اوراپنی پاکیزہ علمی خدمت کو علماء اور طلباء کے لئے یکساں مفید بنایا اور اکابر کے علوم کو چن چن کر معارف البیان میں جمع فرمایا۔ بلا مبالغہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہ ترکیب قرآن دوسری تراکیب سے مستغنی کر دے گی اِنْشَآءَاللہ

اللہ تعالیٰ حضرت مولانا کے علوم ومعارف سے جملہ مسلمانوں کو نفع دے اوران کے لئے ذخیرہ آخرت بنائے۔۔۔ آمین فجزاہ اللہ عنا وعن جمیع المسلمین خیر الجزاء

والسلام

عبد القیوم قاسمی غفرلہ

مُدیر مدرسہ معارف اسلامیہ سعید آباد کراچی

۲۳,۱۱,۲۰۱۳

تقریظ مُبارک

از مولانا محمد عبد الغفار تونسوی حفظہ اللہ تعالیٰ

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَخَاتَمِ الْاَنْبِيَآءِ

اَمَّا بَعْدُ :

بندہ ہر سال مدرسہ عربیہ معارف اسلامیہ کراچی مناظرہ پڑھانے کے لئے حاضر ہوتا ہے، محترم ومکرم حضرت مولانا عبد الرحمٰن صاحب نقشبندی شیخ الحدیث جامعہ ہذا سے ہر سال ملاقات کا شرف حاصل ہوتا ہے، مولانا موصوف از حد درجے کے ذہین وذی استعداد ہونے کے ساتھ ساتھ. متعدد کتب کے مصنف ومؤلف بھی ہیں، جنہوں نے کئی کتب کے تراجم وحواشی وشروحات تحریر کرکے اہل علم کی تشنگی وپیاس کو بجھایا ہے۔

حال ہی میں انہوں نے قرآنِ مقدس کو نحوی ترکیب کے ساتھ تحریر کرکے علماء وصلحاء کی دیرینہ خواہش کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی سعی بلیغ فرمائی ہے، خصوصاً وہ حضرات جو ہر سال دورہ تفسیر پڑھاتے ہیں ان کے لئے یہ نحوی ترکیب "سونے پہ سہاگہ" کا کام دے گی، کیونکہ قرآن مقدس کی نحوی ترکیب کے بارے پاکستان میں کسی عالم نے اس وقت تک قلم نہیں اٹھایا۔ یہ حضرت مولانا عبد الرحمٰن صاحب موصوف ہی ہیں جنہوں نے علماء وطلباء کے افادے کے لئے اُس موضوع پر قلم اٹھایا ہے، اور قرآن مقدس کی یہ خدمت وسعادت انہیں کے حصہ میں آئی ہے۔

اللہ تعالیٰ موصوف کی محنت وکاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائیں اور زیادہ سے زیادہ انہیں قرآن وسنت کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمادیں۔۔۔ آمین

محتاج دعا

(مولانا) محمد عبد الغفار تونسوی

۹ شعبان المعظم ۱۴۳۵ھ

۸ جون ۲۰۱۴ء

تقریظ مبارک

استاذ یم استاذ العلماء حضرت مولانا محمد میاں صاحب مدظلہ

مدیر و شیخ الحدیث جامعہ سراج العلوم عید گاہ لودھراں

بسم اللہ تعالیٰ

بندہ نے حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب سینئر مدرس جامعہ سراج العلوم لودھراں کی خدمتِ قرآن عظیم بصورت تراکیبِ قرآن مختلف مقامات سے دیکھی ہے جو کہ طلباء کے لئے ہی نہیں بلکہ علماء کرام و مدرسین حضرات کے لئے بھی انتہائی مفید ہے۔

اللہ تعالیٰ مولانا موصوف کی اس خدمت قرآن عظیم کو مفید و مقبول بنائے۔۔۔ آمین

(مولانا) محمد میاں

خادم جامعہ سراج العلوم لودھراں

۰۱،۰۹،۲۰۲۰

اَلتَّرجُمان
فِی
تَسهِیلِ مَعَارِفُ البَیَان

افادات

استاد العلماء شیخ الحدیث حضرت مولانا ابو اسامہ عبدُ الرحمٰن صاحب لودھروی حفظہ اللہ
فاضل: جامعہ خیر المدارس ملتان
مدیر: جامعہ نور القرآن والسنۃ ٹبی شاہ نال لودھراں
واستاد الحدیث: جامعہ سراج العلوم لودھراں
کاتب و مرتب
مولانا محمد سلمان دہلوی
فاضل: الجامعة البنورية العالمية سائٹ کراچی

ناشر
مکتبہ اِمدادیہ ملتان پاکستان
فون نمبر
061.4544965::0300.78284

فضیلت ترکیب قرآن مع اظہار حقیقت

اَلْحَمْدُ لِوَلِیِّہٖ وَالصَّلٰوۃُ لِاَھْلِھَا اَمَّا بَعْدُ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے تَعَلَّمُوا السُّنَّۃَ وَالْفَرَائِضَ وَاللَّحْنَ کَمَا تَعَلَّمُوْنَ الْقُرْآنَ اور اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ تم علم نحو سیکھو کیونکہ اس میں عجائب قرآن اور اس کے معانی اور حدیث اور سنت کے معانی کا علم ہے۔ اور جو شخص نحو کو نہیں پہچانے گا وہ اکثر کتاب اللہ کو نہیں پہچانے گا اور اکثر سنن کو نہیں پہچانے گا۔

☆ اور علامہ زمخشری کی رائے یہ ہے کہ اکثر اصول فقہ کے ابواب اور اصول فقہ کے مسائل میں گفتگو علم اعراب پر مبنی ہے۔

☆ اعراب اور تعریب دونوں کا معنی ایک ہے یعنی ظاہر کرنا اور اعراب کو اعراب اس لئے کہتے ہیں کہ وہ بھی بیان کرتا ہے اور ظاہر کرتا ہے

☆ علامہ ابو بکر بن انباری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور تابعین سے قرآن کریم کے اعراب کی فضیلت اور اس کی تعلیم کی ترغیب اور لحن کی مذمت اور کراہت منقول ہے اس لئے قرآء القرآن پر واجب ہے کہ وہ اعراب القرآن کو سیکھنے میں اپنی جانوں کو مشقت میں ڈالیں۔ چنانچہ مستدرک حاکم میں حدیث ابی ہریرہ ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا اَعْرِبُوا الْقُرْآنَ وَالْتَمِسُوْا غَرَائِبَہٗ اور کنز العمال میں ایک حدیث مذکور ہے اَعْرِبُوا الْکَلَامَ کَیْ تُعْرِبُوا الْقُرْآنَ اور اسی طرح کنز العمال میں حدیث انس رضی اللہ عنہ مرفوع ہے مَنْ قَرَءَ الْقُرْآنَ مُتَثَبِّتًا بِاِعْرَابٍ کَانَ لَہٗ بِکُلِّ حَرْفٍ فَضْلُ اَرْبَعِیْنَ حَسَنَۃً

☆ اور ابن عطیہ فرماتے ہیں شریعت میں اعراب القرآن اصل ہے اس لئے کہ شریعت معانی قرآن کا نام ہے اور وہ اعراب القرآن سے قائم ہوتے ہیں

☆ اور علامہ عکبری فرماتے ہیں قرآن کریم کے معنی پر واقف ہونا اور اغراض قرآن کی وضاحت کا سب سے سیدھا راستہ اعراب القرآن کو پہچاننا ہے۔ اور اسی وجہ سے اسرار القرآن کی وضاحت کرنے والے پر لغت عربیہ میں نظر کرنا اور معرفت اعراب ضروری ہے اور عالم اور فقیہ اور محدث پر اعراب کا لحاظ کرنا ضروری ہے اس لئے کہ اعراب کے مختلف ہونے سے معنی تبدیل اور مختلف ہو جاتا ہے۔

☆ اور بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اعراب کلام کا زیور اور اس کی زینت اور اس کی خوبصورتی ہے اور علماء نے وجوہ اعراب اور معانی قرآن کو جاننے والے عالم کی تعریف کی ہے۔ اسی لے علماء نے اعراب القرآن کے بارے میں ہر زمانہ میں کتب جلیلہ لکھی ہیں اور قدیمًا وحدیثًا اعراب القرآن پڑھنے پڑھانے پر علماء نے بہت محنت فرمائی ہے مثلاً اعراب القرآن عبد الرحمٰن انباری اور اعراب القرآن حسین بن ابی العز الھمدانی اور املاء ما من بہ الرحمٰن من وجوہ الاعراب اور اَلدُّرُّ الْمَصُوْنُ لعلامہ حلبی اور اس کے علاوہ بھی اس علم میں بہت کتابیں لکھی گئی ہیں مگر وہ تمام کتب عربی زبان میں ہیں جن سے فائدہ اٹھانا اہل عجم کے عوام الناس تو عوام الناس رہے اکثر فارغ التحصیل حضرات کے لئے بھی فائدہ اٹھانا مشکل تھا اس لئے فقیر کے دل میں عرصہ دراز سے یہ آرزو تھی کہ اعراب القرآن جو کہ عربی زبان میں محفوظ ہے اس کو پاک وہند کی اکثری زبان لغت اردو میں منتقل کیا جائے تو جب فقیر مدرسہ معارف اسلامیہ

کراچی میں مدرس تھا تو تقریباً ۲۰۱۴ء میں اس عظیم کام کی ابتداء کی گئی جو کہ تقریباً ۶ سال میں یہ کاوش مکمل ہوئی اور الحمد للہ اس عظیم کام میں ہم نے اپنی وسعت کے مطابق بہت کوشش کی ہے مگر ہماری کوشش درست ہو تو یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے اور اگر کہیں کوئی لغزش اور کمزوری پائی جائے تو کُلُّ بَنِیْ اٰدَمَ خَطَّاءٌ ہے اور خَیْرُ الْخَطَّائِیْنَ اَلتَّوَّابُوْنَ ہے۔ اور ہم اللہ تعالیٰ سے یہ سوال کرتے ہیں کہ وہ ایسے علماء کا ہمارے لئے انتظام فرمائے جو ہماری محنت میں واقع ہونے والی خطاؤں پر ہمیں مطلع فرمائیں۔ اور ہم نے اپنی اس جہد قصیر کا نام "معارف البیان فی اعراب القرآن" رکھا ہے۔

اور اس اعراب القرآن کی تالیف میں جن حضرات نے بھی کسی بھی صورت میں فقیر کے ساتھ تعاون فرمایا ہے اللہ تعالیٰ ان تمام احباب کو دونوں جہاں میں اپنی شایان شان جزائے خیر عطا فرمائے۔ اور ان تمام حضرات کو اور فقیر کو اور ہمارے خاندانوں کو اور اساتذہ اور تلامذہ کو اپنی رضا عطا فرماتے ہوئے دنیا و آخرت کی ہر ذلت اور ندامت اور محتاجی سے محفوظ فرمائے۔ بالخصوص مدرسہ معارف اسلامیہ کے مدیر مولانا عبدالقیوم قاسمی صاحب حفظہ اللہ اور بابا نیک محمد بلوچ صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا محمد سلمان دہلوی صاحب حفظہ اللہ فاضل الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ۔ آخر الذکر یعنی مولوی سلمان صاحب نے جمعرات اور جمعہ کی چھٹی کے اوقات کو فضول کاموں اور دوستیوں میں خرچ کرنے کی بجائے اعراب القرآن کو لکھنے کے لئے وقف کیا اور اُن کی محنت سے اس عظیم کام کی تکمیل میں آسانی ہوئی ہے۔ اللہ تعالیٰ اُن کی یہ محنت قبول فرمائے اور ان کے لئے اور ان کے والدین کے لئے فلاح دارین کا ذریعہ بنائے اور آخر میں ایک اور اپنے خاص دوست اور محسن کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جن کی محبت اور شفقت عرصہ پندرہ سال سے جاری ہے میری مراد بھائی وقار احمد اعوان مالک الملکہ ہوٹل سعید آباد کراچی ہیں کئی پاروں کی ترکیب اور تحفۃ الرائقہ شرح دروس البلاغۃ کے مسودہ کا اکثر حصہ ان کی محبت میں الملکہ ہوٹل کی بالائی منزل پر تصنیف کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو اور ان کے خاندان کو خدمت دین کے لئے قبول فرمائے۔

"رَحِمَ اللّٰهُ عَبْدًا قَالَ اٰمِيْنَ"

عرض مؤلّف

اور خاکسار فقیر عبد الرحمٰن بن حافظ حبیب اللہ اللہ تعالیٰ کے احسان وفضل کا جتنا بھی شکر ادا کرے وہ کم ہے کہ لاریب وبے نظیر کتاب کی ترکیب اس کے ہاتھوں تکمیل کو پہنچی ہے اور ارباب علم وبصیرت کی خدمت میں باادب التماس ہے کہ اگر اس ترکیب میں اُن کی نظر سے کوئی غلطی یا لغزش گزرے تو براہ کرم فقیر حقیر کو اس سے آگاہ فرمائیں تاکہ آئندہ اُس کی اصلاح کردی جائے۔ ورنہ میں بخوبی جانتا ہوں کہ ترکیب القرآن کے بار گراں کا تحمل میری طاقت سے بہت بڑھ کر تھا۔ مگر ایک علمی خدمت سمجھ کر اور خادمین قرآن کریم میں شامل ہونے کے لئے میں نے اس کام کو انجام دیا ہے۔ اور ربُّ العالمین کا شکر ہے کہ یہ کام تکمیل کو پہنچا "وَالْعُذْرُ عِنْدَ كِرَامِ النَّاسِ مقبول" اور میں اللہ جَلَّ جلالہ سے بعجز وزاری عرض کرتا ہوں کہ جس طرح اس نے احسان فرما کر اعراب القرآن کی مجھ سے تکمیل کرادی ہے اسی طرح اس کو شرف قبول عام عطا فرما کر اپنی نعمت مجھ پر کامل بنائے اور ہمیں اپنے رسول اشرف الانبیاء ﷺ کے متبعین میں سابقین اوّلین کے گروہ میں داخل فرمائے

یااللہ آپ ہماری اس امید کو پورا فرمانا کیونکہ آپ ایسے کریم ہیں کہ آپ کے باب کرم سے امیدوار کا خالی ہاتھ آنا محال ہے اور جو آپ کے ماسوا سے منقطع ہوجاتا ہے تو آپ بھی اس کو ہرگز نہیں چھوڑتے۔

وَآخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

ماٰخذ و مراجع

اس اعراب القرآن کی تصنیف و تالیف میں درج ذیل کتب سے استفادہ کیا گیا ہے

(۱) اعراب القرآن الکریم:۔۔۔۔۔۔۔ محی الدین الدرویش

(۲) اعراب القرآن الکریم:۔۔۔۔۔۔۔ محمود صافی

(۳) املاء ما منّ بہ الرحمٰن:۔۔۔۔۔۔۔ ابوالبقاء عکبری

(۴) روح المعانی:

(۵) التفسیر المظہری:

(۶) جلالین:

(۷) حاشیہ الجمل:

(۸) تفسیر حقانی:

(۹) دیگر مختلف تفاسیر مثلاً تفسیر کبیر و قرطبی وغیرہ:

(۱۰) مختلف کتب نحو:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تلک عشرۃ کاملۃ

اُمورِ ملحوظہ فی مَعارِفِ البَیان

معارف البیان فی اعراب القرآن میں جن امتیازات وخصوصیات کو مد نظر رکھا گیا ہے ان میں سے بعض درج ذیل ہیں

(۱) دوران ترکیب اصطلاحات اور مشکل تعبیر کی بجائے عام فہم اور آسان انداز تحریر اختیار کیا گیا ہے کیونکہ ہماری محنت سے مستفیدین طلباء کرام ہیں۔ افاضل علماء کے لئے تو اس کتاب کا ہونا نہ ہونا برابر ہے

(۲) جہاں کسی لفظ کی ترکیب میں دو احتمال تھے تو اسہل احتمال کو اختیار کیا گیا ہے۔ مثلاً وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ۔۔الخ میں اگر اِذَا کو شرطیہ بنائیں تو جزاء محذوف ماننی پڑتی ہے اس لئے اِذَا کو لِمُؤْمِنٍ کے متعلق کا مفعول فیہ بنایا گیا ہے

(۳) فعل مجہول کے نائب فاعل کے بعد جو مفعول واقع ہوتا ہے بعض نحوی اس کو مفعول بہ اور بعض اس کو مفعول ثانی سے تعبیر کرتے ہیں ہم نے ترکیب میں تعبیر اوّل کو اختیار کیا ہے۔

(۴) ظرف مستقر کو بعض نحوی فعل کے اور بعض شبہ فعل کے متعلق بناتے ہیں ہم نے مختلف مقامات میں دونوں قول پر عمل کیا ہے کبھی ظرف مستقر کا متعلق فعل اور کبھی شبہ فعل مقدر مانا ہے

(۵) مَا مشابہ بلیس کو دوران ترکیب مَا حجازیہ کے نام سے ذکر کیا گیا ہے کیونکہ بنو تمیم کے نزدیک یہ مَا عمل نہیں کرتا ہے۔

(۶) ترکیب قہقری اور ترکیب زنجیری دونوں مذکور ہیں

(۷) ترکیب قہقری میں اختصار کے لئے حرف با (بمعنی ساتھ) استعمال کیا گیا ہے مثلاً اگر یہ کہا جائے کہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول لہ اور مفعول معہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا تو عبارت طویل ہوگی تو یوں تعبیر کیا گیا ہے فعل با فاعل ومفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(۸) بعض جن کتب سے خاص ترکیب یا تقدیری عبارت لی گئی ہے اس کتاب کا حوالہ ذکر کیا گیا ہے مثلاً روح المعانی وغیرہ

(۹) مختلف الفاظ کی ترکیب اور اہم نحوی قواعد کو فوائد کے عنوان کے ساتھ مقدمۃ الکتاب کے طور پر شامل اشاعت کیا گیا ہے

مُقدّمۃُ الکتاب

فائدہ نمبر(۱) برائے سَوَآءٌ:

یہ لفظ اِسْتِوَآءٌ کے معنی میں ہوتا ہے اور اسم فاعل کے معنی میں ہوکر خبر واقع ہوتا ہے۔ اور جب یہ لفظ ھمزہ تسویہ کے بعد ہو تو اس کے بعد دو کلمہ ضروری ہیں۔ خواہ وہ دونوں کلمہ اسم ہوں، خواہ وہ دونوں کلمہ فعل ہوں، اور جب اس کے بعد دو فعل واقع ہوں اور ھمزہ تسویہ نہ ہو تو اس صورت میں دوسرا فعل پہلے پر حرف عطف اَوْ کے ساتھ معطوف ہوتا ہے جیسے: سَوَآءٌ عَلَيَّ قُمْتَ اَوْقَعَدْتَ۔ اور جب اس کے بعد دو مصدر واقع ہوں تو اس وقت دوسرے مصدر کا پہلے پر واؤ کے ساتھ یا اَوْ کے ساتھ عطف درست ہوتا ہے۔ جیسے: سَوَآءٌ عَلَيَّ قِيَامُكَ وَقُعُوْدُكَ اور سَوَآءٌ عَلَيَّ قِيَامُكَ اَوْقُعُوْدُكَ

اور ھمزہ تسویہ وہ ھمزہ ہے جو سَوَآءٌ اور مَااُبَالِيْ اور مَااَدْرِيْ اور لَيْتَ شَعْرِيْ کے بعد واقع ہوتا ہے اور ھمزہ تسویہ کا ضابطہ یہ ہے کہ یہ وہ ھمزہ ہے جو ایسے جملہ پر داخل ہوتا ہے جس جملہ کی جگہ مصدر کا رکھنا درست ہو جیسا کہ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ "سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اِنْذَارُكَ وَعَدَمُ اِنْذَارِكَ کی تاویل میں ہے۔

فائدہ نمبر(۲) برائے قِيْلَ کا نائب فاعل:

بعض نحوی قِيْلَ کا نائب فاعل ایسی هُوَ ضمیر مقدر کو مانتے ہیں جس کا مرجع قِيْلَ کا مصدر قول ہوتا ہے۔ اور بعض نحوی فرماتے ہیں کہ قِيْلَ کے بعد جو جملہ واقع ہوتا ہے وہ نائب فاعل ہوتا ہے اور یہ نحوی فرماتے ہیں کہ جس جملہ سے مراد اس جملہ کا لفظ ہو وہ مفرد کے حکم میں ہوتا ہے اسی وجہ سے وہ جملہ مبتداء واقع ہو جاتا ہے جیسا کہ حدیث میں ہے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ كَنْزٌ مِّنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ؛ اس میں لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ جملہ مفرد کے حکم میں ہے اور مراد لفظ ہوکر مبتداء ہے۔ اور جیسے ایک کہاوت ہے زَعَمُوْا مَطِيَّةُ الْكِذْبِ (زَعَمُوْا کا لفظ جھوٹ کی سواری ہے) اس میں زَعَمُوْا جملہ مبتداء ہے۔

فائدہ نمبر(۳) برائے نائب فاعل:

فاعل کو حذف کرنے کے بعد چار چیزوں میں سے کوئی ایک اس کا نائب بن سکتی ہے

(۱) مفعول بہ ہے جیسے: وَغِيْضَ الْمَآءُ وَ قُضِيَ الْاَمْرُ میں ہے یہ اصل میں قَضَى اللّٰهُ الْاَمْرَ تھا۔

(۲) مجرور بحرف جر بھی فاعل کا نائب ہو سکتا ہے بشرطیکہ حرف جر تعلیل کے لئے نہ ہو جیسے: لَمَّا سُقِطَ فِيْ اَيْدِيْهِمْ میں ہے ترکیب اس طرح ہوگی فِيْ حرف جر اَيْدِيْهِمْ مرکب اضافی لفظاً حرف جر کی وجہ سے مجرور ہے اور محلاً مرفوع نائب فاعل مگر اس میں یہ بات یاد رہے کہ مجرور بحرف جر اگر مؤنث ہو اور وہ فاعل کا نائب ہو تو اس کا فعل مؤنث نہیں ہوگا بلکہ فعل مذکر باقی رہے گا لہٰذا ذُهِبَتْ بِفَاطِمَةَ نہیں بلکہ ذُهِبَ بِفَاطِمَةَ کہا جائے گا۔

(۳) ظرف متصرف مختص فاعل کا نائب ہو سکتی ہے جیسے: مُشِيَ يَوْمٌ كَامِلٌ اور صِيْمَ رَمَضَانُ اور ظرف متصرف سے مراد وہ ظرف ہے جس کا مسند الیہ بننا درست ہو جیسے: يَوْمٌ وغیرہ اور مختص سے مراد یہ ہے کہ وہ ظرف مفید ہو مبہم نہ ہو۔

اور ظرف کے مختص ہونے کی کئی صورتیں ہیں

(۱): وصف کے ساتھ مختص ہو جیسے: جُلِسَ مَجْلِسٌ مُفِیْدٌ

(۲): اضافت کے ساتھ مختص ہوتی ہے جیسے: سُهِرَتْ لَیْلَةُ الْقَدْرِ

(۳): علمیت کے ساتھ ظرف مختص ہوتی ہے جیسے: صِیْمَ رَمَضَانُ لہذا ظروف مبہمہ فاعل کا نائب نہیں بن سکتی

(۴): ایسا مصدر بھی فاعل کا نائب بن سکتا ہے جو متصرف مختص ہو جیسے: فَاِذَا نُفِخَ فِی الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ میں نَفْخَةٌ نائب فاعل ہے اور یہ ایسا مصدر ہے جو متصرف ہے پھر اس کو مسند الیہ بنانا صحیح ہے اور مختص بھی ہے کیونکہ صفت کے ساتھ موصوف ہے۔ اور مصدر غیر متصرف ان مصادر کو کہا جاتا ہے کہ مصدر ہونے اور مفعول مطلق ہونے کی بناء پر جن کو نصب لازم ہو جیسے: سُبْحَانَ اللّٰهِ۔

فائدہ نمبر(۴) برائے ترکیب یَا اَیُّهَا:

قرآن کریم میں حروف نداء میں سے صرف حرف نداء یَاء کے ساتھ نداء واقع ہوئی ہے اور اَیُّ منادٰی ہے اور حرف ھَا برائے تنبیہ ہے اور جو اسم اَیُّهَا کے بعد واقع ہوتا ہے وہ ترکیب میں کیا واقع ہوتا ہے؟ اس بارے میں نحویوں کا اختلاف ہے۔ جمہور نحویوں کے نزدیک وہ اسم معرف باللام اَیُّ کی صفت واقع ہوتا ہے۔ عند البعض اسم معرف باللام اَیُّ سے بدل واقع ہوتا ہے اور جو حضرات اَیُّهَا کو مرکب اضافی بتاتے ہیں تو یہ درست نہیں ہے اس لئے کہ منادٰی مضاف منصوب ہوتا ہے تو اگر اَیُّهَا مرکب اضافی ہوتا تو یہ لفظاً منصوب ہوتا۔

فائدہ نمبر(۵) قاعدہ نحویہ:

جو جمع مؤنث غیر عاقل ہو اس کی صفت جمع مؤنث بھی آسکتی ہے جیسے: جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ اور اس کی صفت واحد مؤنث بھی آسکتی ہے۔ اور جو جمع مکسر ذوی العقول پر دال ہو اس کی صفت جمع مؤنث بھی آسکتی ہے اور واحد مؤنث بھی آسکتی ہے جیسے: فِیْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ میں ہے۔ اور جب صفت کو موصوف پر مقدم کر دیا جائے تو پھر وہ ذوالحال اور حال کہلاتا ہے جیسے: فِیْهَا کَآئِنَةً کے متعلق ہو کر حال ہے اور اَزْوَاجٌ ذوالحال مؤخر ہے اور یہ اصل میں موصوف اور صفت تھے یہی وجہ ہے کہ اس صورت میں ذوالحال کا نکرہ ہونا جائز ہے حالانکہ ذوالحال محکوم علیہ ہوتا ہے اور محکوم علیہ معرفہ ہوتا ہے اور چونکہ ذوالحال اصل میں موصوف تھا مگر جب مؤخر ہو گیا تو ذوالحال بن جاتا ہے۔

فائدہ نمبر(۶) برائے اَمَّا اور اِمَّا:

جب اس شکل کا لفظ شروع کلام میں ہو تو اَمَّا ہوتا ہے اور جب اس شکل کا لفظ شرط اور تفصیل کے لئے ہو اس وقت بھی اَمَّا ہوتا ہے نیز جب اس شکل کے لفظ کے جواب میں فَاء ہو تو اَمَّا ہوگا اور اگر اس شکل کا لفظ ایک جملہ میں مکرر ہو تو اِمَّا ہوگا جیسے: اِنَّا هَدَیْنٰهُ السَّبِیْلَ اِمَّا شَاکِرًا وَّ اِمَّا کَفُوْرًا نیز اس شکل کے لفظ کے بعد اسی جملہ میں کلمہ اَوْ آجائے تو بھی اِمَّا ہوگا جیسا کہ کتب نحو میں تقسیم کلمہ کی وجہ حصر میں اِمَّا ہوتا ہے۔ اور یہ بات یاد رہے کہ جب اِمَّا مکرر ہو تو پہلے اِمَّا کا نام

تردیدیہ وتفصیلیہ ہے اور دوسرا إمَّا عاطفہ ہوتا ہے اور اس سے پہلے واؤ زائدہ کا ہونا شرط ہے اور جو أمَّا حرف شرط وتفصیل ہو اس کے اور اس کے بعد واقع ہونے والی فاء کے درمیان پانچ چیزوں میں سے ایک کے ساتھ فاصلہ ضروری ہے۔

(۱) مبتدا کا فاصلہ ہو جیسے: فَأَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ... الخ میں ہے۔

(۲) خبر کا فاصلہ ہو جیسے: اَمَّا فِي الدَّارِ فَعَلِيٌّ۔

(۳) جملہ شرطیہ کا فاصلہ ہو جیسے: فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ۔

(۴) ایسے اسم منصوب کا فاصلہ ہو جو اَمَّا کے جواب کی وجہ سے منصوب ہو جیسے: فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ۔

(۵) ایسے ظرف کا فاصلہ ہو جو اَمَّا کا معمول ہو کیونکہ اَمَّا میں اس فعل کا معنی پایا جاتا ہے اَمَّا جس فعل کا قائم مقام ہے جیسے: اَمَّا الْيَوْمَ فَاِنِّيْ ذَاهِبٌ

اور اَمَّا تاکید اور شرط کے لئے آتا ہے اور کبھی اَمَّا کا قائم مقام واؤ ہو جاتا ہے جیسے: کہا جاتا ہے وَبَعْدُ یہ اصل میں اَمَّا بَعْدُ ہے اور فَاِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الْبَشَرِ اَحَدًا میں اِمَّا دو حرف سے مرکب ہے اِنْ شرطیہ اور مَا زائدہ سے مرکب ہے

فائدہ نمبر (۷) برائے مَاذَا:

مَاذَا کی چار ترکیبیں ہو سکتی ہیں۔

(۱) مَا استفہامیہ مبتدا ہو اور ذَا اسم اشارہ ہو اور ذَا کا مابعد ذَا سے بدل ہو یا عطف بیان ہو، دونوں مل کر خبر ہوں جیسے: مَاذَا الْوُقُوْفُ، مَا اسم استفہامیہ مبتدا ذَا الْوُقُوْفُ مبدل منہ با بدل یا مبیّن اور عطف بیان مل کر خبر ہے۔

(۲) مَا استفہامیہ مبتدا ہو اور ذَا اسم موصول ہو اور بعد والی عبارت صلہ ہو جیسے: مَاذَا يَرْجِعُوْنَ مَا استفہامیہ مبتدا ذَا اسم موصول اور يَرْجِعُوْنَ اس کا صلہ ہے، موصول با صلہ خبر ہے۔

(۳) مَاذَا پورا مرکب استفہام ہو جیسے لِمَاذَا جِئْتَ

(۴) پورا مَاذَا اسم جنس بمعنی شَيْئًا ہو یا اسم موصول بمعنی اَلَّذِيْ ہو۔

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے الاتقان میں اس کے دو استعمال دوسرے بھی ذکر کئے ہیں (۱) مَا زائدہ ہو اور ذَا اسم اشارہ ہو (۲) مَا استفہامیہ ہو اور ذَا زائدہ ہو۔

فائدہ نمبر (۸) برائے هَلْ:

هَلْ کا استعمال چار طریقوں پر ہوتا ہے۔

(۱) هَلْ: قَدْ کے معنی میں ہو جیسے: هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَّذْكُوْرًا میں ہے۔

(۲) هَلْ: استفہام کے معنی میں ہو جیسے: فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا میں ہے۔

(۳) هَلْ: امر کے معنی میں ہو جیسے: فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ کیونکہ یہ اِنْتَهُوْا کے معنی میں ہے۔

(۴) هَلْ: کبھی جحد کے معنی میں ہوتا ہے جیسے: هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ میں ہے۔

اور ابن ہشام نے کلمہ ھَلْ کی دس خصوصیات بیان کی ہیں (۱) یہ طلب تصدیق کے لئے آتا ہے (۲) کلام موجب پر داخل ہوتا ہے۔(۳) مضارع پر داخل ہو تو اس کو مستقبل کے ساتھ خاص کرتا ہے۔(۴) شرط پر داخل نہیں ہوتا۔(۵) اِنْ شرطیہ پر داخل نہیں ہوتا۔(۶) ایسے اسم پر داخل نہیں ہوتا جس کے بعد فعل ہو۔(۷) حرف عطف کے بعد واقع ہوتا ہے۔(۸) اَمْ کے بعد واقع ہوتا ہے۔(۹) استفہام انکاری کے لئے آتا ہے سوائے ھَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ کے۔(۱۰) اور یہ قَدْ کے معنی میں آتا ہے کما مرّ۔

فائدہ نمبر(۹) برائے کَیْفَ:

کَیْفَ ایسا اسم ہے جو مبنی علی الفتح ہے اور اس کا استعمال اکثر استفہام کے لئے ہوتا ہے۔ پھر اگر اس کے بعد اسم واقع ہو تو یہ خبر مقدم ہوتا ہے جیسے: کَیْفَ اَنْتَ اور کَیْفَ کُنْتَ۔ اور اگر اس کے بعد فعل واقع ہو تو پھر کبھی اس فعل کے فاعل یا مفعول سے حال واقع ہوتا ہے جیسے: کَیْفَ جَآءَ اَخُوْکَ میں اَخُوْکَ سے حال مقدم ہے اور جیسے کَیْفَ اَکَلْتَ رَغِیْفًا میں رَغِیْفًا مفعول بہ کا حال واقع ہے۔ اور کبھی بواسطہ موصوف محذوف کے بعد والے فعل کا مفعول مطلق واقع ہوتا ہے جیسے: اَلَمْ تَرَ کَیْفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِعَادٍ میں ہے اور یہ اَلَمْ تَرَ فِعْلًا کَائِنًا کَیْفَ کی تاویل میں ہو کر فَعَلَ کا مفعول مطلق ہے۔ اور اگر یہ افعال قلوب سے پہلے واقع ہو تو اِن کا مفعول بہ ثانی مقدم بنتا ہے جیسے: کَیْفَ تَظُنُّ الْاَمْرَ اور یہ ترکیب میں جو بھی واقع ہو انعال عامہ کَوْنٌ "وُجُوْدٌ" ثُبُوْتٌ "حُصُوْلٌ" کا مفعول فیہ ہو کر واقع ہوتا ہے۔ اور کبھی کَیْفَ شرط کے لئے آتا ہے جیسے: کَیْفَ تَفْعَلُ اَفْعَلُ (جیسے تو کرے گا میں کروں گا)

فائدہ نمبر(۱۰) برائے اِذْ:

یہ ظرف زمان زمانہ ماضی کے لئے آتا ہے اور اس کے بعد جملہ واقع ہوتا ہے اور کبھی وہ جملہ حذف کر کے اس کے عوض تنوین لائی جاتی ہے اور اس کو تنوین عوض کہا جاتا ہے جیسے: یَوْمَئِذٍ یَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ میں ہے اور یہ اصل میں یَوْمَئِذٍ غُلِبَتِ الرُّوْمُ یَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ہے۔

کلمہ اِذْ عام طور پر ترکیب میں پانچ چیزوں میں سے ایک چیز واقع ہوتا ہے

(۱) ظرف یعنی مفعول فیہ واقع ہوتا ہے جیسے: فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا میں اِذْ نَصَرَ کا مفعول فیہ ہے۔

(۲) اگر یہ آیات کے شروع میں واقع ہو تو مفعول بہ واقع ہوتا ہے جیسے: وَاِذِ ابْتَلٰۤى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ وغیرہ آیات میں ہے

(۳) ما قبل سے بدل واقع ہوتا ہے جیسے وَاذْكُرْ فِى الْكِتٰبِ مَرْيَمَ اِذِ انْتَبَذَتْ میں ہے اس میں کلمہ اِذْ مَرْیَمَ سے بدل ہے

(۴) مضاف الیہ واقع ہو جیسے: يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا میں اِذْ یَوْم کا مضاف الیہ ہے۔

(۵) اور کبھی اِذْ تعلیل کے لئے ہوتا ہے اور اس وقت اس سے ظرفیت والا معنی ختم ہو جاتا ہے۔

(۶) کبھی کلمہ اِذْ مفاجات یعنی اچانک کے معنی کے لئے استعمال ہوتا ہے اور اس صورت میں عام طور پر اس کے بعد بَيْنَ یا بَيْنَمَا واقع ہوتا ہے۔

اور جب کلمہ اِذْ مفاجات کے لئے استعمال ہو اس وقت اس کا اعراب کیا ہوگا تو اس کی تفصیل درج ذیل ہے

عند البعض ظرف زمان و عند البعض ظرف مکان و عند البعض مفاجات کے معنی میں حرف و عند البعض حرف تو کید یعنی زائد ہے۔ پھر قائلین ظرفیت میں سے ابن جنی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اِذْ مفاجاتیہ کا عامل اس کے بعد واقع ہونے والا فعل ہے اور بَیْنَ اور بَیْنَمَا کا عامل محذوف ہے فعل مذکور اس کی تفسیر کرتا ہے والتفصیل فی مغنی اللبیب۔

اور ایک اِذَا مفاجاتیہ ہوتا ہے اور اس کے بارے میں نحویوں کے تین مذاہب ہیں

(۱) سیبویہ کا مذہب: یہ ہے کہ یہ ظرف مکان یا ظرف زمان ہے اور یہ خبر کا مفعول فیہ ہوتا ہے اور ہم نے اعراب القرآن میں اسی کو اختیار کیا ہے۔

(۲) اہل بصرہ کی ایک جماعت کا مذہب: ان کے نزدیک اِذَا ظرف زمان ہے اور خبر کا مفعول فیہ مقدم ہوتا ہے۔

(۳) اہل کوفہ کا مذہب: یہ ہے کہ اِذَا حرف ہے اور ترکیب میں کچھ نہیں بنتا۔

اور اِذَا مفاجاتیہ جملہ اسمیہ کے ساتھ خاص ہے اور یہ ابتداء کلام میں واقع نہیں ہوتا اور اس کا معنی حال کا ہوتا ہے نہ کہ مستقبل جیسا کہ فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى میں ہے۔

فائدہ نمبر (۱۱) برائے اسمائے شرط:

اسمائے شرط میں سے کلمہ مَنْ کے بعد اگر فعل لازم واقع ہو تو یہ مبتدا واقع ہوتا ہے جیسے: مَنْ يَّذْهَبْ اَذْهَبْ مَعَهٗ اسی طرح اگر اس کے بعد فعل متعدی واقع ہو اور اس کا مفعول بہ مذکور ہو تو اس وقت بھی یہ مبتدا بنتا ہے جیسے: مَنْ تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ ۔۔الخ میں ہے۔ پھر عند البعض اس کی خبر فعل شرط ہوتا ہے پھر مبتدا اور خبر مل کر شرط بنتے ہیں۔ اور عند البعض جملہ جزائیہ اس کی خبر واقع ہوتا ہے اور عند البعض فعل شرط و جزاء کا مجموعہ اس کی خبر واقع ہوتا ہے اور بحمد اللہ فقیر نے معارف البیان فی اعراب القرآن میں اسی قول کو معمول بہ بنایا ہے۔

☆ اور اگر مَنْ کے بعد فعل متعدی واقع ہو اور اس کا مفعول بہ مذکور نہ ہو تو اس وقت یہ فعل شرط کا مفعول بہ مقدم واقع ہوتا ہے جیسے: وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ میں کلمہ مَنْ فعل يُهِنْ کا مفعول بہ مقدم ہے۔

☆ اور مَا کی ترکیب مَنْ کی مثل ہے۔

☆ اور مَهْمَا اور حَيْثُمَا اور مَتٰى اور اَيَّانَ اور اَيْنَ اور اَنّٰى ظرف زمان محلاً منصوب ہوتے ہیں۔ اور فعل شرط کا مفعول فیہ مقدم ہوتے ہیں۔

☆ اور كَيْفَمَا فعل شرط کے فاعل سے حال ہوتا ہے۔

☆ اور اَيٌّ کا اعراب مضاف الیہ کے مطابق ہوتا ہے اگر مضاف الیہ ظرف ہو تو یہ مفعول فیہ بنتا ہے اور اگر مضاف الیہ مصدر ہو تو مفعول مطلق بنتا ہے اور اگر مضاف الیہ ظرف اور مصدر نہ ہو تو پھر یہ مفعول بہ مقدم بنتا ہے۔

فائدہ: اَیٌّ کا استعمال چھ (۶) طریقوں پر ہوتا ہے

(۱) اَیٌّ اسم شرط جازم ہو اس کے اعراب کی تفصیل اوپر لکھی جاچکی ہے۔

(۲) اَیٌّ اسم موصول ہو اور یہ معرب ہوتا ہے اور اس کا اعراب عامل کے مطابق ہوتا ہے لیکن اگر یہ مضاف ہو اور اس کے صلہ کا پہلا جزء محذوف ہو تو اس وقت یہ مبنی بر ضمہ ہوتا ہے۔

(۳) اَیٌّ اسم استفہام ہو جیسے: اَیُّهُمْ یَكْفُلُ مَرْیَمَ میں ہے اور اس کا حکم اس اَیٌّ کی مثل ہے جو اسم موصول ہوتا ہے۔

(۴) اگر یہ نکرہ کے بعد واقع ہوتا ہے تو صفت واقع ہوتا ہے اگر معرفہ کے بعد واقع ہو تو حال واقع ہوتا ہے۔

(۵) اَیٌّ معرف باللام کی نداء کا وسیلہ ہو جیسے: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا میں ہے۔

(۶) اَیٌّ تعجب کے لئے ہوتا ہے جیسے: سُبْحَانَ اللّٰهِ اَیُّ رَجُلٍ هٰذَا میں ہے۔

فائدہ نمبر (۱۲) مَا اسم شرط کے علاوہ بھی مَا کی دیگر قسمیں ہیں:

(۱) مَا کافہ: جو اِنَّ وغیرہ کو عمل سے روکتی ہے جیسے: اِنَّمَاۤ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ میں ہے۔

(۲) مَا زائدہ: جیسے: مِمَّا خَطِیْٓـٰٔتِهِمْ میں ہے۔

(۳) مَا موصولہ: جیسے: بِمَا كَسَبَتْ اَیْدِی النَّاسِ میں ہے۔

(۴) مَا مصدریہ: جیسے: بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ میں ہے۔

(۵) مَا استفہامیہ اور یہ تین صورتوں میں مبتدا ہونے کی بناء پر محلاً مرفوع ہوتا ہے (۱) جب اس کے بعد اسم ہو جیسے: مَا لَیْلَةُ الْقَدْرِ (۲) جب اس کے بعد فعل لازم ہو جیسے: مَا یَقُوْمُ مَقَامَکَ (کونسی چیز تیرے قائم مقام ہے) (۳) جب اس کے بعد ایسا فعل متعدی ہو جس کا مفعول مذکور ہو جیسے: مَا حَمَلَکَ عَلٰی ذٰلِکَ اور اگر اس کے بعد ایسا فعل متعدی ہو جس کا مفعول مذکور نہ ہو تو یہ محلاً منصوب اس کا مفعول بہ مقدم ہوتا ہے جیسے: مَا قَرَأْتَ اور اگر اس کے بعد فعل ناقص آجائے تو محلاً منصوب خبر مقدم ہوتی ہے جیسے: مَا کَانَ شَانُکَ۔

(۶) مَا حجازیہ: اس کی تفصیل آئندہ اسباق میں مذکور ہے۔

(۷) مَا نافیہ مہملہ: اس کا مابعد مبتدا اور خبر ہونے کی وجہ سے مرفوع ہوتی ہے جیسے: مَا عَلَی الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ میں ہے

(۸) مَا موصوفہ: جیسے: مَرَرْتُ بِمَا یُعْجِبُ لَکَ۔

(۹) مَا صفت: جیسے: اَکْرَمْتُهٗ بِوَجْهٍ مَّا اَیِّ وَجْهٍ۔

(۱۰) مَا تامہ: جو کہ صلہ و موصوف کی محتاج نہیں ہوتی جیسے: اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِیَ۔

فائدہ نمبر (۱۳) برائے جمع شرط و قسم:

جب شرط اور قسم جمع ہو جائیں اور قسم مقدم ہو تو اس وقت مذکورہ جواب قسم کا جواب ہوگا اور شرط کا جواب محذوف ہوتا ہے جس پر جواب قسم دال ہوتا ہے اور اس کی مثالیں قرآن میں بہت ہیں جیسے لَئِنْ اُخْرِجُوْا لَا یَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ میں ہے لَا یَخْرُجُوْنَ

جواب قسم ہے کیونکہ اگر جواب شرط ہوتا تو بحذف النون مجزوم ہوتا۔

فائدہ نمبر(۱۴) برائے مَازائدہ:

مَا متعدد مقامات میں زائد ہوتا ہے

(۱) حرف جر کے بعد جیسے: مِمَّا خَطِیْٓئٰتِهِمْ میں ہے۔

(۲) اس جار کے بعد زائد ہوتا ہے جو اسم ہو جیسے: اَیَّمَا الْاَجَلَیْنِ قَضَیْتُ میں ہے۔

(۳) حرف جازم کے بعد زائد ہوتا ہے جیسے: اَیًّا مَّا تَدْعُوْا میں ہے۔

(۴) کلمات شرط کے بعد زائد ہوتا ہے خواہ وہ جازم ہو جیسے: اَیْنَ مَا تَکُوْنُوْا یُدْرِکْکُّمُ الْمَوْتُ میں ہے یا جازم نہ ہو جیسے: حَتّٰٓی اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَیْهِمْ سَمْعُهُمْ میں ہے۔

(۵) متبوع اور تابع کے درمیان زائد ہوتا ہے جیسے: مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً میں ہے۔

☆ **فائدہ** ☆ مَا موصولہ اور استفہامیہ اور مصدریہ اور نافیہ کے درمیان پہچان کا طریقہ یہ ہے کہ جہاں مَا کے بعد لَیْسَ، لَمْ، لَا ہو یا اس سے پہلے اِلَّا ہو تو وہ مَا موصولہ ہوگا جیسے: مَا لَیْسَ لِیْ بِحَقٍّ "مَا لَا یَعْلَمُوْنَ وغیرہ۔ اور جس جگہ مَا کاف تشبیہ کے بعد واقع ہو تو وہ مَا مصدریہ ہوگا۔ اور جس جگہ مَا حرف بَاء کے بعد واقع ہو وہاں اس کے موصولہ اور مصدریہ دونوں ہونے کا احتمال ہوتا ہے جیسے: بِمَا کَانُوْا یَظْلِمُوْنَ میں ہے۔ اور جس جگہ مَا ایسے دو فعلوں کے درمیان واقع ہو کہ ان میں سے پہلا فعل علم یا درایت یا نظر کے باب سے ہو اس جگہ میں مَا کے موصولہ اور استفہامیہ دونوں کا احتمال ہوتا ہے جیسے: مَآ اَدْرِیْ مَا یُفْعَلُ بِیْ وَلَا بِکُمْ۔ اور جس مقام میں مَا اِلَّا سے پہلے ہو وہ مَا عام طور پر نافیہ ہوتا ہے۔

فائدہ نمبر(۱۵) برائے ہمزہ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ:

جب هَمزہ استفہام اور حرف عطف جمع ہو جائیں جیسا کہ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ میں جمع ہیں تو اس هَمزہ کے بارے میں دو مذہب ہیں۔

(۱) امام سیبویہ فرماتے ہیں کہ نیت میں هَمزہ حرف عطف سے مؤخر ہے مگر چونکہ یہ صدارتِ کلام چاہتا ہے اس لئے هَمزہ کو حرف عطف پر مقدم کیا گیا۔

(۲) اور علامہ زمخشری کا مذہب یہ ہے کہ فی الحقیقت تقدیم و تاخیر نہیں ہے هَمزہ کے بعد واقع ہونے والا حرف عطف اپنی جگہ میں واقع ہے اور هَمزہ اور حرف عطف کے درمیان ایک ایسا جملہ مقدر ہے جس پر بعد کے جملہ کا عطف درست ہے مثلاً یہاں تقدیر عبارت ہوگی اَتَفْعَلُوْنَ یا اَتَغْفُلُوْنَ فَلَا تَعْقِلُوْنَ۔

فائدہ نمبر(۱۶) برائے فَاء:

فَاء کی کئی قسمیں ہیں (۱) فَاء عاطفہ (۲) فَاء استینافیہ (۳) فَاء جزائیہ جو شرط کی جزاء پر داخل ہوتی ہے (۴) فَاء زائدہ

(۵) فَاء فصیحہ اور یہ شرط مقدر کے جواب پر واقع ہوتی ہے اور اس کا ماقبل مابعد کے لئے سبب ہوتا ہے اور جملہ فعلیہ میں فَاء اکثر فصیحہ ہوتی ہے (۶) فَاء تفریعیہ

فائدہ نمبر (۱۷) برائے ترکیب فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ:

ایک لَوْلَا تحضیضیہ ہوتا ہے اور ایک لَوْلَا امتناعیہ ہوتا ہے۔ اور لَوْلَا امتناعیہ جملہ اسمیہ خبریہ کے ساتھ خاص ہے اور اس کے بعد واقع ہونے والا اسم مبتدا ہوتا ہے اور اس کی خبر واجب الحذف ہوتی ہے۔ پھر اگر کلام مثبت ہو تو لَوْلَا کے جواب پر دخول لَام کثیر ہوتا ہے جیسے: فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ اور اگر کلام منفی ہو تو دیکھا جائے گا کہ اگر کلام میں حرف نفی مَا ہو تو لَوْلَا کے جواب سے لَام حذف ہوتا ہے جیسا کہ متنبی کا شعر ہے۔

✿ لَوْلَا مُفَارَقَةُ الْاَحْبَابِ مَاوَجَدَتْ ✿ لَهَا الْمَنَايَا اِلٰی اَرْوَاحِنَا سُبُلَا ✿

(اگر دوستوں کی جدائی (موجود) نہ ہوتی تو اس کے لئے موتیں ہماری روحوں کی طرف راستہ نہ پاتیں)

تو اس میں مَاوَجَدَتْ جواب ہے اور اس پر لَام جوابیہ داخل نہیں ہے۔ اور اگر کلام میں حرف نفی مَا کے علاوہ کوئی دیگر حرف ہو تو اس وقت لَوْلَا کے جواب سے لَام کو حذف کرنا واجب ہے تاکہ دو لَام جمع نہ ہو جائیں جیسا کہ ایک شعر ہے۔

✿ عُوْجِيْ عَلَيْنَا رَبَّةَ الْهَوْدَجِ ✿ لَوْلَاكِ فِيْ ذَا الْعَامِ لَمْ اَحْجُجِ ✿

(ہم پر ٹھہر جائے ھودج کی مالک اگر تو موجود نہ ہوتی تو میں اس سال میں حج نہ کرتا)

فائدہ نمبر (۱۸) برائے مَا حجازیہ:

مَا حجازیہ یہ وہی مَا مشابہ بلیس ہے اور اس کا نام حجازیہ اس لئے ہے کہ یہ اہل حجاز کی لغت میں لَيْسَ کا عمل کرتی ہے اور بنو تمیم کی لغت میں یہ مَا نافیہ مُہملہ ہے اور مَا حجازیہ کے عمل کرنے کی چار شرطیں ہیں۔

(۱) اس کی خبر اس کے اسم پر مقدم نہ ہو ورنہ یہ عمل نہیں کرے گی۔

(۲) اس کی خبر کا معمول اس کے اسم پر مقدم نہ ہو ورنہ یہ مہمل ہو گی جیسے: مَا بِكَ اَنَا مُنْتَصِرٌ

(۳) مَا کے بعد حرف اِنْ زائدہ نہ ہو ورنہ عمل نہیں کرے گی۔

(۴) مَا کی نفی اِلَّا کے ساتھ ختم نہ ہوئی ہو ورنہ یہ عمل نہیں کرے گی۔ جیسے: وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ میں مَا حرف مہمل ہے اور مَا حجازیہ کا عمل یہ ہے کہ یہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتی ہے۔

فائدہ نمبر (۱۹) برائے لفظ وَيْلٌ:

جب یہ اسم کسی دوسرے اسم کی طرف مضاف ہو تو اس وقت یہ مفعول مطلق ہونے کی بناء پر منصوب ہوتا ہے اور اس کا عامل ناصب مقدر ہوتا ہے۔ اور جب یہ مضاف نہ ہو تو پھر اس میں احسن وجہ مبتدا ہونے کی بناء پر رفع ہے اور نکرہ ہونے کے باوجود اس کا مبتدا ہونا اس لئے جائز ہے کہ اس میں دعا والا معنی پایا جاتا ہے تو اس میں تخصیص آ جاتی ہے۔ اور اگر یہ جہنم کی وادی کا نام

ہو تو پھر یہ معرفہ ہے تو پھر اس لئے بھی اس کا مبتدا بننا درست ہو جاتا ہے۔

فائدہ نمبر(۲۰) برائے افعال مدح وذم کی ترکیب:

افعال مدح وذم جس جملہ میں واقع ہوں اس جملہ کی چار ترکیبیں ہو سکتی ہیں مثال کے طور پر نِعْمَ الْعَبْدُ اَیُّوْبُ جملہ کی تراکیب اربعہ اس طرح ہوں گی۔

(۱) نِعْمَ الْعَبْدُ فعل بافاعل مل کر جملہ انشائیہ خبر مقدم اور اَیُّوْبُ مخصوص بالمدح مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

(۲) نِعْمَ فعل مدح الْعَبْدُ مبیّن اَیُّوْبُ عطف بیان، دونوں مل کر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ ان دو ترکیبوں کے مطابق پوری مثال ایک جملہ ہے۔

(۳) نِعْمَ الْعَبْدُ فعل اور فاعل مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہے اور اَیُّوْبُ مبتدا محذوف ھُوَ کی خبر ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۴) نِعْمَ الْعَبْدُ فعل اور فاعل مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ اور اَیُّوْبُ مبتدا ہے اور خبر محذوف ہے مَمْدُوْحٌ، مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ان دو ترکیبوں کے مطابق یہ مثال دو جملے ہیں۔

اور افعال مدح وذم چار ہیں نِعْمَ "حَبَّذَا" بِئْسَ "سَآءَ" اور یہ غیر متصرف افعال ہیں یعنی ان کی گردان نہیں ہوتی (اور ان کا تثنیہ وجمع بھی نہیں آتا)

اور کبھی مخصوص بالمدح اور مخصوص بالذم کو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے: وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ یہ اصل میں نِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ نَحْنُ ہے اور نَحْنُ کے حذف کا قرینہ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا ہے اور کبھی ان افعال کا فاعل ایسی ضمیر ہوتی ہے جس کی تمیز نکرہ منصوب ہوتی ہے جیسے: سَآءَتْ مُرْتَفَقًا میں ہے۔ مگر اس حکم سے حَبَّذَا مستثنیٰ ہے

فائدہ نمبر(۲۱) برائے ترکیب لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ:

اس کی ترکیب میں علماء کے مختلف اقوال ہیں

قول نمبر ۱: لَا کی خبر محذوف ہے اصل عبارت ہے لَآ اِلٰهَ مَوْجُوْدٌ اور اِلَّا اللّٰهُ لَا کے اسم کے محل سے بدل ہے

قول نمبر ۲: اور زمخشری فرماتے ہیں کہ لَا کی خبر محذوف نہیں ہے بلکہ اصل عبارت ہی اَللّٰهُ اِلٰهٌ ہے اور یہ مبتدا اور خبر ہے پھر کلمہ حصر پایا گیا اور خبر کو اسم پر مقدم کیا گیا اور خبر کو لَا کے ساتھ مرکب کیا گیا جیسا کہ لَا رَجُلٌ فِی الدَّارِ میں مبتدا کو لَا کے ساتھ مرکب کیا گیا ہے۔

قول نمبر ۳: اور علامہ حلبی فرماتے ہیں کہ لَا کی خبر محذوف ہے اور لفظ اَللّٰهُ لَا کے اسم کے محل سے بدل نہیں ہے بلکہ لَا کی خبر مَوْجُوْدٌ جو محذوف ہے اس میں جو ھُوَ ضمیر مستتر ہے لفظ اللّٰہ اس سے بدل ہے۔

فائدہ نمبر(۲۲) برائے حَتّٰی:

حَتّٰی کی کئی قسمیں ہیں

(۱) حَتّٰی انتہائے غایت کے لئے ہوتا ہے اور اس صورت میں اگر یہ اسم پر داخل ہو تو اس کو جر دیتا ہے جیسے: هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ

اور اگر فعل مضارع پر داخل ہو تو اس کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے اور اس کو نصب دیتا ہے جیسے: حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَکُمُ الْخَیْطُ الْاَبْیَضُ

(۲) حَتّٰی عاطفہ ہے۔

(۳) حَتّٰی ابتدائیہ ہے امام فراء کے بارے میں آتا ہے کہ جب ان کی موت کا وقت آیا تو انہوں نے فرمایا اَمُوْتُ وَفِیْ قَلْبِیْ شَیْءٌ مِنْ حَتّٰی

فائدہ نمبر(۲۳) برائے لَمَّا:

لَمَّا کا استعمال تین (۳) طریقوں پر ہے

(۱) اگر یہ مضارع پر داخل ہو تو اس کو جزم دیتا ہے اور مضارع کو ماضی کے معنی میں بنا دیتا ہے جیسے: لَمَّا یَقْضِ مَآ اَمَرَہٗ۔

(۲) اگر یہ ماضی پر داخل ہو تو عند البعض یہ ظرف ہوتا ہے اور حِیْنَ کے معنی میں ہوتا ہے اور عند البعض یہ دو جملوں کر درمیان ربط پیدا کرنے والا حرف ہے اور ہم نے دوران ترکیب یوں لکھا ہے لَمَّا ظرفیہ متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم۔

(۳) حرف استثناء ہوتا ہے اس وقت یہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے جیسے: اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْھَا حَافِظٌ اور وَاِنْ کُلُّ ذٰلِکَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا

فائدہ نمبر(۲۴) برائے حرف اَوْ:

یہ حرف عطف ہے صاحب مغنی اللبیب نے اس کے بارہ (۱۲) معانی لکھے ہیں

(۱) شک: یعنی سامع نے جس چیز کا ارادہ کیا ہے اس میں شک ڈالنے کے لئے اور متکلم کو وہ چیز معلوم ہو جیسے: وَاَرْسَلْنٰہُ اِلٰی مِائَۃِ اَلْفٍ اَوْ یَزِیْدُوْنَ۔

(۲) تخییر: یہ تخییر کے لئے آتا ہے جیسے: سورۃ مائدہ میں ہے فَکَفَّارَتُہٗٓ اِطْعَامُ عَشَرَۃِ مَسٰکِیْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَھْلِیْکُمْ اَوْ کِسْوَتُھُمْ اَوْ تَحْرِیْرُ رَقَبَۃٍ میں حرف اَوْ تخییر کے لئے ہے۔

(۳) اباحت کے لئے: جیسے: وَلَا تُطِعْ مِنْھُمْ اٰثِمًا اَوْ کَفُوْرًا میں ہے۔

(۴) تقسیم اور تنویع کے لئے آتا ہے۔ جیسا کہ سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 33 اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ وَ یَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ یُّقَتَّلُوْٓا اَوْ یُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَیْدِیْھِمْ وَاَرْجُلُھُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ یُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ میں ہے کیونکہ اس میں محاربین کی سزا ان کے جرائم پر تقسیم کی گئی ہے۔

(۵) مخاطب کی طرف ابہام (دریافت طلب بات) کے معنی میں آتا ہے جیسے: وَاِنَّآ اَوْ اِیَّاکُمْ لَعَلٰی ھُدًی اَوْ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ۔

(۶) اجمال کے بعد تفصیل کے لئے آتا ہے جیسے: قَالُوْا کُوْنُوْا ھُوْدًا اَوْ نَصٰرٰی۔

(۷) مطلق جمع کے لئے آتا ہے جیسے: لَعَلَّہٗ یَتَذَکَّرُ اَوْ یَخْشٰی۔

(۸) اِلَّا یا اِلٰی کے معنی میں ہوتا ہے اور اس وقت اس کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے اور مضارع کو نصب دیتا ہے (والتفصیل فی مغنی اللبیب)

فائدہ نمبر(۲۵) برائے مفعول مطلق:

مفعول مطلق کی تعریف اور اس کی پہچان کے لئے کتب نحو کی طرف رجوع کیا جائے یہاں چند اہم باتیں لکھنے پر اکتفاء جاتا ہے۔

چند چیزیں مصدر کے قائم مقام ہوتی ہیں پھر ان کو مصدر کا حکم دیا جاتا ہے اور وہ مفعول مطلق بنتی ہے

(۱) اسم مصدر ہے جیسے: اَعْطَانِیْ زَیْدٌ عَطَآءً میں ہے۔
(۲) مصدر کی صفت مصدر کے قائم مقام ہوتی ہے جیسے: اُذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِیْرًا یہ اصل میں ذِكْرًا كَثِیْرًا ہے۔
(۳) مصدر کی طرف لوٹنے والی ضمیر مصدر کے قائم مقام ہوتی ہے جیسے: فَاِنِّیْٓ اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا لَّآ اُعَذِّبُهٗٓ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِیْنَ میں ہے۔
(۴) مصدر کا مرادف اس کا قائم مقام ہوتا ہے فَرِحَ زَیْدٌ جَذْلًا
(5) مجرد کا مصدر مزید مصدر کے قائم مقام ہوتا ہے اور دونوں کا معنی ایک ہو جیسے: اَنْۢبَتَكُمْ نَبَاتًا میں ہے۔
(۶) مصدر کی نوع پر دلالت کرنے والا اسم مصدر کے قائم مقام ہوتا ہے جیسے: رَجَعَ فُلَانٌ اَلْقَهْقَرٰی میں ہے۔
(۷) مصدر کے آلہ پر جو اسم دلالت کرے جیسے: ضَرَبْتُ اللِّصَّ سَوْطًا میں ہے۔
(۸) اَیٌّ مصدر کے قائم مقام ہوتا ہے اور مفعول مطلق واقع ہوتا ہے جیسے: سَیَعْلَمُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْٓا اَیَّ مُنْقَلَبٍ یَّنْقَلِبُوْنَ
(۹) جو اسم مصدر کے عدد پر دلالت کرے وہ مصدر کے قائم مقام ہوتا ہے فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ میں ہے
(۱۰) لفظ كُلٌّ اور بَعْضٌ کو مصدر کی طرف مضاف کر دیا جاتا ہے جیسے: فَلَا تَمِیْلُوْا كُلَّ الْمَیْلِ
(۱۱) اسم اشارہ بشرطیکہ اس کے ساتھ مصدر کی طرف اشارہ کیا گیا ہو جیسے: اِجْتَهَدْتُ ذٰلِكَ الْاِجْتِهَادِ
(۱۲) کمال کے معنی پر دلالت کرنے والا اَیٌّ مصدر کے قائم مقام ہوتا ہے اور مفعول مطلق واقع ہوتا ہے بشرطیکہ اَیٌّ مصدر کی طرف مضاف ہو یعنی اگر اَیٌّ نکرہ کے بعد آئے گا تو اس کی صفت ہوگا اور اگر معرفہ کے بعد آئے گا تو اس کا حال ہوگا جیسے: مَرَرْتُ بِعَبْدِ اللّٰهِ اَیَّ رَجُلٍ میں حال ہے۔

❁ فائدہ: مفعول مطلق کے عامل کی کئی قسمیں ہیں ❁

(۱) مفعول مطلق کا عامل یا تو ایسا مصدر ہوگا جو لفظاً اور معنیً اس کی مثل ہوگا جیسے: فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا میں ہے اس لئے کہ اس میں جَزَآءً مفعول مطلق ہے اس کا عامل جَزَآؤُكُمْ ہے اور وہ جَزَآءً کی مثل مصدر ہے۔
(۲) مفعول مطلق کا عامل ایسا مصدر ہوگا جو لفظاً اس کی مثل ہوگا اور معنیً اس کی مثل نہیں ہوگا جیسے: اَعْجَبَنِیْ اِیْمَانُكَ تَصْدِیْقًا میں ہے اس میں تَصْدِیْقًا ایمان کا مفعول مطلق ہے۔
(۳) مفعول مطلق کا عامل ایسا فعل ہوگا کہ مفعول مطلق اور فعل کا معنی اور باب ایک ہوگا جیسے: خَرَجْتُ خُرُوْجًا میں ہے۔
(۴) مفعول مطلق کا عامل ایسا فعل ہوگا کہ مفعول مطلق اور فعل کا معنی ایک ہوگا مگر باب مختلف ہوگا جیسے: اَنْۢبَتَ اللّٰهُ نَبَاتًا میں ہے۔
(۵) مفعول مطلق کا عامل ایسا فعل ہوگا کہ مفعول مطلق اور فعل کا معنی ایک ہوگا مگر مادہ اور لفظ مختلف ہوگا جیسے: قَعَدْتُ جُلُوْسًا میں ہے۔

فائدہ نمبر (۲۶) برائے مباحث شرط و جزاء:

صاحب کافیہ نے شرط جزاء کے کلمات گیارہ (۱۱) ذکر کئے ہیں

(۱) اِنْ (۲) مَهْمَا (۳) اِذْمَا (۴) اِذَامَا (۵) حَيْثُمَا (۶) اَيْنَ (۷) مَتٰى (۸) مَا (۹) مَنْ (۱۰) اَيٌّ (۱۱) اَنّٰى

اوران کو کلم المجازاۃ کہا جاتا ہے اوران میں سے اصل حرف اِنْ ہے اورباقی کلمات شرط حرف اِنْ کے معنی کو متضمن ہونے کی وجہ سے شرط وجزاء کے کلمات میں شمار ہوتے ہیں اور کلم المجازاۃ ایسے دو فعلوں پر داخل ہوتے ہیں کہ ان میں سے پہلا سبب ہوتا ہے اور دوسرا مسبب ہوتا ہے۔ پھر پہلے فعل کا نام شرط ہے اس وجہ سے کہ وہ فعل ثانی کے متحقق ہونے کے لئے شرط ہے، اور دوسرے فعل کا نام جزاء رکھا جاتا ہے اس وجہ سے کہ فعل ثانی کا وجود فعل اول پر مبنی ہے جیسا کہ فعل کی جزاء وبدلہ وجود فعل پر مبنی ہوتا ہے پھر اگر شرط وجزاء دونوں فعل مضارع ہوں یا شرط فعل مضارع ہو تو صورت اولی میں شرط وجزاء میں اور صورت ثانیہ میں فقط شرط میں مضارع پر جزم واجب ہے۔ اوراگر فقط جزاء فعل مضارع ہو تو اس وقت جزاء میں جزم اور رفع دونوں جائز ہیں اور جزم غالب ہے اور عند الکوفیین اس صورت میں بھی رفع واجب ہے۔

باقی رہی یہ بات کہ شرط وجزاء کا عامل جازم کون ہے تو اس بارے آئمہ نحو کا اختلاف ہے

(۱) امام سیرافی کے نزدیک شرط وجزاء دونوں میں حرف شرط عامل ہے۔

(۲) امام خلیل ومبرد کے نزدیک حرف شرط عامل ہے شرط میں پھر یہ دونوں جزاء میں عامل ہیں۔

(۳) اور کوفیوں کے نزدیک شرط حرف شرط کی وجہ سے مجزوم ہے اور جزاء شرط کا پڑوسی ہونے کی وجہ مجزوم ہے۔

(۴) اورامام مازنی کے نزدیک شرط وجزاء دونوں مبنی ہیں (الحواشی الجدیدہ علی الکافیہ)

چند مقامات ایسے ہیں جن میں جزاء پر دخول فاء واجب ہے

(۱) جب جزاء جملہ اسمیہ خبریہ ہو جیسے: وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ میں ہے۔

(۲) جب جزاء انشائیہ یا جملہ انشائیہ ہو جیسے: اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ۔

(۳) جب جزاء فعل ماضی ہو اور قَدْ کے ساتھ ملی ہوئی ہو جیسے: اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ۔

(۴) جب جزاء ایسا جملہ ہو جس کا فعل جامد ہو جیسے: اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا فَعَسٰى رَبِّيْ ۔۔۔ الخ

(۵) جب جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں مَا ہو جیسے: اِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ

(۶) جب جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں لَنْ ہو جیسے: وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ تُكْفَرُوْهُ

(۷) جب جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں سین ہو جیسے: وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا

(۸) جب جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں سَوْفَ ہو جیسے: وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ

(۹) جب جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں كَاَنَّمَا ہو جیسے: مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا۔

(۱۰) جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں رُبَّ ہو جیسے: اِنْ تَجِیْءُ فَرُبَّمَا اَجِیءُ۔

(۱۱) جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں حرف شرط ہو جیسے: اِنْ کَانَ کَبُرَ عَلَیْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِیَ۔۔۔الخ

(۱۲) جب جزاء جملہ دعائیہ ہو جیسے: اِنْ اَکْرَمْتَنِیْ فَجَزَاكَ اللّٰهُ خَیْرًا۔

(۱۳) اور اگر جزاء ایسا فعل ماضی ہو جس پر حرف قَدْ نہ لفظاً ہو اور نہ مقدر ہو تو اس پر دخول فاء جائز نہیں جیسے: اِنْ خَرَجْتَ خَرَجْتُ۔

(۱۴) اور اگر جزاء مضارع مثبت ہو تو دخول فاء وعدم دخول دونوں جائز ہیں وَمَنْ عَادَ فَیَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ اور وَاِنْ یَّکُنْ مِّنْکُمْ اَلْفٌ یَّغْلِبُوْٓا اَلْفَیْنِ۔

(۱۵) اور اگر جزاء ایسا مضارع ہو جو لَا کے ساتھ منفی ہو تو بھی دونوں صورتیں جائز ہیں فَمَنْ یُّؤْمِنْ بِرَبِّهٖ فَلَا یَخَافُ بَخْسًا اور عدم دخول فاء بھی درست ہے۔

فائدہ: جن مقامات میں جزاء پر دخول فاء ضروری ہے ان مقامات میں بعض اوقات فاء کو حذف کیا جاتا ہے جیسے: ایک حدیث میں ہے فَاِنْ جَآءَ بِهَا صَاحِبُهَا وَاِلَّا اسْتَمْتَعَ بِهَا اس میں اِسْتَمْتَعَ جزاء فعل امر ہے مگر اس پر فاء داخل نہیں ہے اور اسی طرح بھی ضرورت شعری کی وجہ سے بھی جزاء سے فاء حذف کیا جاتا ہے جیسے: حضرت حسان رضی اللہ عنہ کا قول ہے۔

مَنْ یَّفْعَلِ الْحَسَنَاتِ اللّٰهُ یَشْکُرُهَا ۞ وَالشَّرُّ بِالشَّرِّ عِنْدَ اللّٰهِ مِثْلَانِ

اس میں فَاللّٰهُ یَشْکُرُهَا ہونا چاہیے تھا۔

فائدہ نمبر (۲۷) برائے لَوْ:

لَوْ کا استعمال پانچ صورتوں پر ہوتا ہے

(۱) تقلیل کے لئے جیسے ایک مقولہ ہے تَصَدَّقُوْا وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحَرَّقٍ

(۲) لَوْ تمنی کے لئے آتا ہے جیسے: قرآن میں ہے لَوْ اَنَّ لَنَا کَرَّةً فَنَکُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ان دونوں صورتوں میں لَوْ جواب کا محتاج نہیں ہوتا۔

(۳) لَوْ عرض کے لئے ہوتا ہے جیسے: لَوْ تَنْزِلُ عِنْدَنَا فَتُصِیْبَ خَیْرًا اس لَوْ کا جواب بھی نہیں ہوتا اور اس کے بعد آنے والی فاء سببیہ ہوتی ہے۔

(۴) لَوْ مصدریہ جو فعل مضارع کو نصب دیتا ہے اور یہ اکثر وَدَّ یَوَدُّ باب کے بعد آتا ہے جیسے قرآن میں ہے وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَیُدْهِنُوْنَ اور یَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ یُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ۔

(۵) لَوْ شرطیہ: پھر جب لَوْ شرطیہ ہو تو اس کی دو قسمیں ہیں (۱) مستقبل کے ساتھ تعلیق کے لئے ہو اس وقت یہ اِنْ شرطیہ کے مترادف ہوتا ہے۔ (۲) ماضی میں تعلیق کے لئے ہو اور اس کا استعمال اکثر یہی ہے اور اس وقت یہ اس پر دلالت کرتا ہے کہ جزاء

نہیں پائی گئی اس وجہ سے کہ شرط نہیں پائی گئی جیسے: لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا میں ہے۔

اور لَوْ شرطیہ کا دخول فعل کے ساتھ خاص ہے؛ اور اگر کبھی اس کے بعد اسم واقع ہو تو وہ فعل محذوف کا معمول ہو گا۔ اور لَوْ شرطیہ کا جواب یا تو ماضی لفظاً ہو گا یا ماضی معنیً ہو گا یعنی ایسا مضارع ہو گا جو لَمْ کے ساتھ منفی ہو گا اور اس کے جواب پر اکثر لَام داخل ہوتا ہے جیسے: لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا اور کبھی اس کے جواب پر لَام داخل نہیں ہوتا جیسے: لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا اور کبھی اس کا جواب حذف کر دیا جاتا ہے اور جواب پر دلالت کرنے والے کلام کے ساتھ اکتفاء کیا جاتا ہے جیسے قرآن میں ہے لَوْاَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً اَوْاٰوِيْٓ اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ میں ہے۔

اور لَوْ شرطیہ کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اگر یہ دو مثبت فعلوں پر داخل ہو تو وہ دونوں منفی ہو جائیں گے جیسے: لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا میں ہے تو اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ نہ متعدد معبود ہیں اور نہ آسمان و زمین تباہ ہوئے ہیں اور جب یہ دو منفی فعلوں پر داخل ہو تو وہ مثبت بن جاتے ہیں جیسے: بخاری کی حدیث میں ہے لَوْلَا اَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا۔۔ الخ یا اللہ اگر آپ نہ ہوتے تو ہم ہدایت یافتہ نہ ہوتے تو اس کا مفہوم یہ نکلے گا کہ اللہ کی ذات موجود ہے اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین ہدایت یافتہ ہیں۔

اور اگر یہ نفی اور ثبوت دونوں پر داخل ہو تو نفی ثبوت ہو جائے گی اور ثبوت نفی ہو جائے گا جیسے: لَوْلَمْ يَهْتَمَّ بِاَمْرِ دُنْيَاهُ لَعَاشَ عَالَةً عَلَى النَّاسِ میں ہے۔

فائدہ نمبر (۲۸) برائے حرف واوْ:

حرف واوْ کی کئی قسمیں ہیں جن میں سے چند یہ ہیں

(۱) واوْ عاطفہ: جس کے ذریعہ مفرات یا جملوں کو ایک حکم میں شریک کیا جاتا ہے۔

(۲) واوْ استینافیہ: اس کے بعد فعل مرفوع ہوتا ہے۔

(۳) واوْ حالیہ اور یہ وہ واوْ ہے جس کی جگہ ظرف کو رکھنا صحیح ہو۔ اور واوْ حالیہ کے تین احوال ہیں۔ (۱) وہ احوال ہیں جن میں اس واوْ کا ذکر واجب ہے (۲) وہ احوال ہیں جن میں اس واوْ کا ذکر کرنا ممنوع ہے (۳) وہ احوال ہیں جن میں اس واوْ کا ذکر کرنا جائز ہے۔

❁ احوال وجوب ذکر واوْ ❁

(۱) حال کا جملہ ایسا جملہ اسمیہ ہو جو جملہ کو ذوالحال کے ساتھ ربط دینے والی چیز سے خالی ہو جیسے: لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ میں وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ہے۔

(۲) حال کے جملہ کے شروع میں ذوالحال کی ضمیر ہو جیسے: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى میں وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى ہے۔

❁ احوال امتناع ذکر واوْ ❁

☆☆☆سات صورتوں میں واؤ حالیہ کا ذکر ممتنع ہے☆☆☆

(۱) واؤ حالیہ حرف عطف کے بعد ہو جیسے: کَمْ مِّنْ قَرْیَۃٍ اَھْلَکْنٰھَا فَجَآءَھَا بَاْسُنَا بَیَاتًا اَوْھُمْ قَآئِلُوْنَ میں ھُمْ قَآئِلُوْنَ جملہ حالیہ ہے۔

(۲) جملہ حالیہ جملہ سابقہ کے مضمون کی تاکید کر رہا ہو جیسے: ذٰلِکَ الْکِتٰبُ لَا رَیْبَ فِیْہِ میں لَا رَیْبَ فِیْہِ جملہ حالیہ ہے اور اس صورت کی یہ مثال اس وقت بنے گی جب وہ ترکیب اختیار کی جائے کہ لَا رَیْبَ فِیْہِ کو جملہ حالیہ بنایا جائے۔

(۳) حال کا جملہ ایسا جملہ ماضیہ ہو جو اِلَّا کے بعد واقع ہو جیسے: وَمَا یَاْتِیْھِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا کَانُوْا بِہٖ یَسْتَھْزِءُوْنَ میں اِلَّا کَانُوْا بِہٖ یَسْتَھْزِءُوْنَ جملہ حالیہ ہے

(۴) حال کا جملہ ایسا جملہ ماضیہ ہو جو حرف اَوْ سے پہلے ہو جیسا کہ ایک شعر ہے

✿ کُنْ لِلْخَلِیْلِ نَصِیْرًا جَارَ اَوْ عَدَلَا ✿ وَلَا تَشُحَّ عَلَیْہِ جَآءَ اَمْ بَخِلَا ✿

(اپنے دوست کے لئے تو مددگار ہو جا اس حال میں کہ وہ ظلم کرے یا انصاف کرے اور تو اس پر بخیلی نہ کر وہ سخاوت کرے یا بخیلی کرے) اس شعر میں جَارَ جملہ حالیہ ہے۔

(۵) حال کا جملہ ایسا مضارع مثبت ہو جس کے شروع میں قَدْ نہ ہو جیسے: وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَکْثِرُ میں تَسْتَکْثِرُ جملہ حالیہ ہے

(۶) حال کا جملہ ایسا مضارع ہو جو حرف مَا کے ساتھ منفی ہو جیسے ایک شعر ہے

✿ عَھِدْتُکَ مَا تَصْبُوْ وَفِیْکَ شَبِیْبَۃٌ ✿ فَمَا لَکَ بَعْدَ الشَّیْبِ صَبًّا مُتَیَّمًا ✿

(تجھ کو میں نے اس حال میں جانا ہے کہ تو عشق نہیں کرتا حالانکہ تجھ میں جوانی ہے تو بوڑھا ہونے کے بعد تیرے لئے ذلیل کرنے والا عشق نہیں ہے) اس شعر میں مَا تَصْبُوْ محل استشہاد ہے۔

(۷) حال کا جملہ ایسا مضارع ہو جو حرف لَا کے ساتھ منفی ہو جیسے: وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰہِ میں لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰہِ ہے۔ لیکن اگر حال کا جملہ ایسا مضارع ہو جو حرف لَمْ کے ساتھ منفی ہو تو اس کے شروع میں واؤ کا ذکر جائز ہے۔ اور اگر حال کا جملہ ایسا مضارع ہو جو حرف لَمَّا کے ساتھ منفی ہو تو اس کے شروع میں واؤ کو ذکر کرنا مختار ہے۔

✿ احوال جواز ذکر واؤ ✿

واؤ کے ذکر کے وجوب اور ذکر واؤ کے ممتنع ہونے کی جو صورتیں اوپر ذکر ہو چکی ہیں ان کے علاوہ واؤ حالیہ کے جو احوال ہیں ان میں واؤ کو ذکر کرنا اور ذکر نہ کرنا دونوں صورتیں جائز ہیں۔

فائدہ: حال کو ذوالحال پر مقدم جائز نہیں ہوتا لیکن اگر ذوالحال نکرہ ہو اور حالت نصب میں ہو تو پھر حال کو ذوالحال پر مقدم کیا جاتا ہے لیکن اگر ذوالحال مجرور ہو تو اس کا حال اس پر مقدم ہو سکتا ہے یا نہیں تو اس بارے میں اختلاف ہے۔

عند الجمہور اگر ذوالحال مجرور ہو تو اس کا حال اس پر مقدم نہیں ہو سکتا ہے مثلاً مَرَرْتُ بِھِنْدٍ جَالِسَۃً میں جَالِسَۃً ھِنْدٍ سے حال ہے تو اس کو یوں کہنا منع ہے مَرَرْتُ جَالِسَۃً بِھِنْدٍ اور ابن جنی اور کیسان وغیرہ کے نزدیک ذوالحال مجرور پر

اس کا حال مقدم ہونا جائز ہے۔ فریقین کے دلائل کے لئے مطولات کی طرف رجوع کیا جائے۔

فائدہ: حال فاعل کا ہوتا ہے یا مفعول کا ہوتا ہے اور کبھی مضاف الیہ سے بھی حال آتا ہے اور مضاف الیہ سے حال آنا تین شرطوں کے ساتھ مشروط ہے

(۱) مضاف مضاف الیہ کی جز ہو اس وقت مضاف الیہ سے حال آتا ہے جیسے: وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا تک ہے اس میں اِخْوَانًا هِمْ ضمیر سے حال ہے اور وہ مضاف الیہ ہے اور مضاف اس مضاف الیہ کا بعض ہے۔

(۲) مضاف مضاف الیہ کی جز کی مثل ہو یعنی مضاف کو حذف کر کے مضاف الیہ کو اس کا قائم مقام بنانا صحیح ہو جیسے: اِتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا میں ہے کیونکہ اس میں حَنِيْفًا اِبْرٰهِيْمَ سے حال ہے جو کہ مِلَّةَ کا مضاف الیہ ہے اور مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ کے بعض کی طرح ہے کہ مضاف کو حذف کر کے مضاف الیہ کو اس کے قائم مقام کرنا صحیح ہے اس لئے کہ یوں کہنا بھی صحیح ہے اِتَّبِعْ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا۔

(۳) مضاف حال میں عامل ہو مثلاً مضاف مصدر ہو یا وصف ہو تو اس وقت بھی مضاف الیہ سے حال آسکتا ہے جیسے قرآن میں ہے اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا میں جَمِيْعًا كُمْ ضمیر سے حال ہے اور كُمْ ضمیر مضاف الیہ ہے اور اس کا مضاف لفظ مَرْجِعُ مصدر میمی ہے جو کہ حال میں نصب کا عمل کر رہا ہے۔

فائدہ: کبھی جملہ بھی حال واقع ہوتا ہے اور جملہ کے حال واقع ہونے کی تین شرطیں ہیں۔ (۱) جملہ خبریہ ہو جملہ انشائیہ حال نہیں بن سکتا۔ (۲) وہ جملہ ایسا ہو جس کے شروع میں علامت استقبال نہ ہو جیسے: سین وغیرہ۔ (۳) اس جملہ کا ما قبل کے ساتھ ربط ہو کبھی ربط واؤ اور ضمیر دونوں کے ساتھ ہوتا ہے اور کبھی صرف ضمیر کے ساتھ ہوتا ہے اور کبھی وہ ربط صرف واؤ کے ساتھ ہوتا ہے۔

❁ واؤ کی دیگر اقسام ❁

(۱) واؤ قسمیہ جارہ: یہ صرف اسم ظاہر پر داخل ہوتی ہے جیسے: وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ۔

(۲) واؤ ناصبہ بمعنی مَعَ: جو مَعَ کے معنی میں ہوتا ہے فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ وَشُرَكَآءَكُمْ۔

(۳) واؤ صرف اس کی تفصیل معارف التنبیر شرح نحو میر میں دیکھیں۔

(۴) واؤ زائدہ جیسے: تَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ وَنَادَيْنٰهُ اَنْ۔۔۔ الخ عند البعض یہ واؤ زائدہ ہے۔ اور جیسے: حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا۔

(۵) جمع مذکر سالم کی علامت واؤ جیسے: اَلْمُسْلِمُوْنَ کی واؤ۔

(۶) فعل میں جمع مذکر کی علامت واؤ جیسے: سَمِعُوا اللَّغْوَ میں ہے۔

(۷) وہ واؤ جو اس ہمزہ سے بدلی ہوئی ہو جس ہمزہ کا ما قبل مضموم ہو جیسے: نُوْمِنُ یہ اصل میں نُؤْمِنُ ہے۔

(۸) ضمیر مرفوع متصل جیسے: قَامُوْا میں ہے۔

(۹) واؤ اشباع جیسے: ضَرَبْتُمُوْنِيْ۔

(۱۰) واؤ بمعنی حرف جر باء جیسے: اَنْتَ اَعْلَمُ وَمَالِكَ یہ اصل میں اَنْتَ اَعْلَمُ بِمَالِكَ ہے۔

(۱۱) واؤ بمعنی رُبَّ

فائدہ نمبر (۲۹) برائے حرف اِنْ:

حرف اِنْ کی کئی قسمیں ہیں

(۱) اِنْ شرطیہ جازمہ (۲) اِنْ زائدہ جو کہ آٹھ حروف زوائد میں سے ایک ہے۔ (۳) اِنْ نافیہ اور یہ کبھی ماضی کی نفی کرتا ہے جیسے: اِنْ جَآءَ اِلَّا اَنْتُمْ اور کبھی حال کی نفی کرتا ہے جیسے: اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ اور یہ فعل پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے: اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ اور اسم پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے: اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ۔ (۴) اِنْ مخففہ من المثقلہ اور یہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کا مخفف ہوتا ہے اور اگر اِنْ مخففہ کے بعد فعل ہو تو یہ وجوبا مہمل ہوگا یعنی عمل نہیں کرے گا جیسے: وَاِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ میں ہے اور اگر اس کے بعد اسم ہو تو اس وقت بھی اس میں غالب مہمل بنانا ہے اور اس کو عمل دینا قلیل ہے۔ اور جب اِنْ مخففہ من المثقلہ مہمل ہو تو اس کے بعد لام مفتوحہ ضروری ہے اور اس کا نام ہے لام فارقہ اس لئے کہ وہ اِنْ نافیہ اور اِنْ مخففہ من المثقلہ کے درمیان فرق کرتا ہے۔

فائدہ نمبر (۳۰) برائے مؤنث سماعی:

عرب بہت سارے اسموں کو تائے مقدرہ کے ساتھ مؤنث قرار دیتے ہیں اور اس مؤنث کو مؤنث سماعی کہتے ہیں اور تاء کے مقدر ہونے کی دلیل کئی چیزیں ہیں

(۱) کسی اسم کی طرف مؤنث کی ضمیر لوٹانا یہ اس اسم میں تاء کے مقدر ہونے کی دلیل ہوگا جیسے: اَلنَّارُ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا میں اَلنَّارُ کی طرف مؤنث کی ضمیر لوٹائی گئی ہے لہٰذا اَلنَّارُ مؤنث سماعی ہے

(۲) کسی اسم کی طرف اسم اشارہ مؤنث کے ساتھ اشارہ کیا گیا ہو تو یہ اس اسم کے مؤنث سماعی ہونے کی دلیل ہے جیسے: هٰذِهٖ جَهَنَّمُ میں جَهَنَّمُ مؤنث سماعی ہے کیونکہ اس کی طرف اسم اشارہ مؤنث کے ساتھ اشارہ کیا گیا ہے۔

(۳) کسی اسم کی تصغیر میں تاء کا موجود ہونا اس اسم میں تاء کے مقدر ہونے کی دلیل ہے کیونکہ تصغیر چیزوں کو ان کی اصل کی طرف لوٹا دیتی ہے جیسا کہ اُذُنٌ اور عَيْنٌ مؤنث ہیں اور ان میں تاء مقدر ہے اس لئے کہ ان کی تصغیر اُذَيْنَةٌ اور عُيَيْنَةٌ آتی ہے۔

(۴) کسی اسم کے فعل میں تائے تانیث ہو تو یہ اس اسم میں تاء کے مقدر ہونے کی دلیل ہے جیسے: وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ میں اَلْعِيْرُ مؤنث سماعی ہے اور اس میں تاء مقدر ہے کیونکہ اگر یہ مذکر ہوتا تو اس کا مسند فعل فَصَلَتْ مؤنث نہ ہوتا۔

(۵) کسی اسم کے عدد سے تاء کا ساقط ہونا اس اسم میں تاء کے مقدر ہونے کی دلیل ہے جیسے: شعر ہے

✿ اَرْمِيْ عَلَيْهَا وَهِيَ فَرْعٌ اَجْمَعُ ✿ وَهِيَ ثَلَاثُ اَذْرُعٍ وَاِصْبَعُ ✿

(میں اس پر تیر پھینکتا ہوں اس حال میں کہ پوری نفع بخش ہے اور وہ تین ہاتھ اور ایک انگلی ہے) اس میں اَذْرُع ذِرَاعٌ کی جمع ہے اور ذِرَاعٌ مؤنث ہے کیونکہ اگر یہ معدود مذکر ہو تا تو عدد مؤنث ثَلاثَۃٌ آتا تو عدد ثلاث کا مذکر آنا یہ ذِرَاعٌ کے مؤنث ہونے کی دلیل ہے۔

اور انسان کے وہ اعضاء جو دو دو ہیں وہ مؤنث ہیں البتہ حاجب (آبرو) اور منخر (نتھنا) اور خد (رخسار) اگر چہ یہ بھی دو دو ہیں مگر یہ مذکر ہیں اور جو انسانی اعضاء دو دو نہیں ہیں جیسے: راس اور قلب تو ان اعضاء میں غالب مذکر ہونا ہے البتہ لسان (زبان) اور قُفَا (گدی) یہ کبھی کبھی مؤنث بھی استعمال ہوتے ہیں۔

فائدہ نمبر (۳۱) برائے تَاء:

اس کی چھ (۶) قسمیں ہیں

(۱) اسم اشارہ کی تَاء جو کہ واحد مؤنث میں آتی ہے۔

(۲) تائے تانیث اور یہ فعل میں ساکن بھی ہوتی ہے اور متحرک بھی ہوتی ہے اور اسم میں ہمیشہ متحرک ہوتی ہے۔ چونکہ تائے تانیث مذکر اور مؤنث کے درمیان فرق کرنے کے لئے ہے تو اس لئے یہ ان صفات کے ساتھ متصل نہیں ہوتی جو عورتوں کے ساتھ خاص ہیں جیسے: حامل، حائض، مرضع

(۳) جمع مکسر عجمی کی تَاء جیسے: صَیْرَفَ کی جمع صَیَارِفَۃٌ میں تَاء ہے

(۴) تائے تمیز جو واحد کو اس کی جنس سے جدا کرنے کے لئے ہوتی ہے جیسے: تَمْرٌ جنس ہے تَمْرَۃٌ واحد ہے۔

(۵) تائے عوض جو ایسے اسموں کو لاحق ہوتی ہے جن کا فَاء کلمہ حذف ہوتا ہے جیسے: عِدَۃٌ کیونکہ اس کی اصل وِعْدٌ ہے۔

(۶) تائے قسم جیسے قرآن میں ہے تَاللّٰہِ لَتُسْئَلُنَّ

اور ایک تَاء مبالغہ کی ہوتی ہے اور یہ وصف کو لاحق ہوتی ہے اس میں مبالغہ پر دلالت کرنے کے لئے جیسے: عَلَّامَۃٌ بہت علم والا اور رَاوِیَۃٌ بہت زیادہ روایت کرنے والا۔

فائدہ نمبر (۳۲) برائے اقسام حرف لَام:

حرف لَام کی تین (۳) قسمیں ہیں

(۱) وہ حرف لَام جو جر کا عمل کرنے والا ہے۔ (۲) ایسا لَام جو جزم دینے کا عمل کرنے والا ہے۔ (۳) حرف لَام غیر عامل جو حرف لَام جر دیتا ہے اگر وہ اسم ظاہر پر داخل ہو تو مکسور ہوتا ہے جیسے: لِلّٰہِ البتہ جو منادی مستغاث پر داخل ہو وہ مفتوح ہوتا ہے اور جو لَام جارہ ضمیر پر داخل ہو وہ مفتوح ہوتا ہے جیسے: لَکَ لَکُمَا ہے البتہ اگر یَاء ضمیر کے ساتھ ہو کر تو مکسور ہوتا ہے جیسے: لِیْ۔

پھر لَام جارہ کی مدخول کے اعتبار سے دو (۲) قسمیں ہیں

(۱) وہ لَام جارہ جو اسم پر داخل ہو۔ (۲) وہ لَام جارہ جو فعل پر داخل ہو۔

اور جو لَام جارہ فعل پر داخل ہو اس کی دو قسمیں ہیں (ا) لَامِ کَیْ (۲) لَامِ جحد اور فعل پر داخل ہونے والے لَام کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے اور وہ فعل مضارع کو نصب دیتا ہے۔ اور جو لَام جزم دینے والا ہے وہ لَامِ امر ہے اور اس کو لَامِ طلب بھی کہتے ہیں اور یہ اکثر مکسور ہوتا ہے اور کبھی مفتوح بھی ہوتا ہے اور کبھی ساکن بھی ہوتا ہے جیسے: وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ۔

❁ جو حرف لَام غیر عامل ہوتا ہے یہ ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے اور اس کی کئی قسمیں ہیں ❁

(۱) لَامِ ابتداء: جیسے: لَزَيْدٌ قَائِمٌ لَامِ ابتدا مضمون جملہ کی تاکید کرتا ہے اور یہ مبتدا پر داخل ہوتا ہے جیسے: لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً میں ہے اور اِنَّ حرف تحقیق کے بعد واقع ہوتا ہے اور اس وقت اس کا نام لَامِ مزحلقہ رکھا جاتا ہے اور پھر یہ اسم پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے: اِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَآءِ میں ہے اور فعل مضارع پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے: وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ میں ہے اور جار مجرور ظرف پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے: وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ میں ہے۔

(۲) لَامِ مزحلقہ: جو اِنَّ کی خبر پر آتا ہے اور اس کا نام مزحلقہ اس لئے ہے کہ اس کا اصل مقام اِنَّ کے ساتھ ہے کیونکہ یہ بھی تاکید کے لئے ہے مگر اِنَّ کے ساتھ اس کو ذکر کرنے میں دو آلہ تاکید جمع ہو جاتے ہیں اور ایسا مکروہ ہے تو لَام کو اس کی جگہ سے ہٹا کر اِنَّ کی خبر پر داخل کر دیا جاتا ہے۔

(۳) لَامِ جواب: جو قسم اور لَوْ اور لَوْلَا کے جواب میں واقع ہوتا ہے۔

(۴) لَامِ فارقہ: جو اِنْ مخففہ من الثقلہ کی خبر پر داخل ہوتا ہے۔

(۵) لَامِ زائدہ: جیسے: ایک قول ہے اَرَاكَ لَشَاتِمِيْ اس قول لَشَاتِمِيْ پر حرف لَام زائد ہے۔

(۶) لَامِ البُعد: اور یہ وہ لَام ہے جو اسمائے اشارہ کو لاحق ہوتا ہے اور اس لَام میں اصل ساکن ہونا ہے جیسا کہ تِلْكَ میں ہے اس کے باوجود دوسرے اسمائے اشارہ میں التقائے ساکنین کی وجہ سے اس کو کسرہ دیا جاتا ہے۔ جیسے ذٰلِكَ وغیرہ میں ہے۔

(۷) لَامِ مُوَطِّئَہ للقسم: اور لَامِ مُوَطِّئَہ للقسم کلمات شرط پر یہ بتانے کے لئے داخل ہوتا ہے کہ بعد والا جواب شرط پر مبنی نہیں بلکہ قسم پر مبنی ہے اور اسی وجہ سے اس کا نام لَامِ مُؤذِنَہ بھی رکھا جاتا ہے اور اس کا نام لَامِ مُوَطِّئَہ اس لئے ہے کہ مُوَطِّئَہ کا معنی ہے تیار کرنے والا اور یہ لَام بھی بعد والے جواب اور جزاء کو قسم کے لئے تیار کرتا ہے جیسے: لَئِنْ اُخْرِجُوْا لَا يَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ میں ہے اس میں لَا يَخْرُجُوْنَ جواب قسم محذوف کا ہے کیونکہ اگر شرط کی جزاء ہوتا تو مجزوم ہوتا اور نون اعرابی محذوف ہو جاتا۔

(۸) لَامِ تعجب: (محمود صافی)

فائدہ نمبر (۳۳) برائے بحث مفعول معہ:

مفعول معہ وہ اسم ہے جو ایسی واؤ کے بعد مذکور ہو جو واؤ مَعَ کے معنی میں ہو کیونکہ وہ فعل کے معمول یعنی فاعل یا مفعول کا ساتھی ہے

❁ مفعول معہ کی پانچ حالتیں ہیں ❁

(۱) جہاں عطف واجب ہو جیسے: اِشْتَرَكَ زَيْدٌ وَعَمْرٌو اس میں عَمْرٌو کا عطف واجب ہے۔

(۲) جہاں عطف راجح ہو جیسے: جَآءَ زَیْدٌ وَّ عَمْرٌو اس میں عَمْرٌو کا معطوف ہونا راجح ہے اس لئے کہ واؤ میں اصل یہی ہے کہ وہ عطف کے لئے ہے۔

(۳) جہاں مفعول معہ ہونا واجب ہو جیسے: مَاتَ زَیْدٌ وَطُلُوْعَ الشَّمْسِ تو اس میں طُلُوْعَ الشَّمْسِ مفعول معہ ہے کیونکہ عطف شرکت کا تقاضا کرتا ہے اور یہاں موت میں زید کے ساتھ طلوع شمس کی شرکت باطل ہے۔

(۴) جہاں مفعول معہ ہونا راجح ہو جیسے: ایک شعر ہے:

✿ فَکُوْنُوْا اَنْتُمْ وَبَنِیْ اَبِیْکُمْ ✿ ✿ مَکَانَ الْکُلْیَتَیْنِ مِنَ الطِّحَالِ ✿

(پس تم اپنے باپ کے بیٹوں کے ساتھ ہو جاؤ جیسے تلی سے گردوں کی جگہ ہوتی ہے) تو اس مثال میں بَنِیْ اَبِیْکُمْ کا مفعول معہ ہونا راجح ہے کیونکہ اگر یہاں عطف بنایا جائے تو معنی یہ ہوگا کہ تم ان کے لئے ہو جاؤ اور وہ تمہارے لئے ہو جائیں اور یہ شاعر کے مقصود کے خلاف ہے۔ کیونکہ شاعر کا مقصود ہے کہ تم قریب قریب رہو۔ اور جیسے قُمْتُ وَزَیْدًا اس مثال میں بھی زَیْدًا کا مفعول معہ ہونا راجح ہے اس لئے کہ یہاں اگر عطف کیا جائے تو اچھا نہیں ہے اس لئے کہ ضمیر مرفوع متصل پر کسی اسم کا عطف تب ہوتا ہے جب ضمیر متصل کی تاکید ضمیر منفصل کے ساتھ لائی جائے اور یہاں تاکید نہیں ہے۔

(۵) جہاں مفعول معہ ہونا اور عطف کرنا دونوں ممتنع ہوں جیسے: ایک شعر ہے

✿ عَلَفْتُهَا تِبْنًا وَّمَآءً بَارِدًا ✿

اس میں مَآءً بَارِدًا کا تِبْنًا پر عطف بھی ممتنع ہے کیونکہ عطف مشارکت کا تقاضا کرتا ہے اور یہاں مشارکت نہیں ہے۔ اس لئے کہ چارہ ہونے میں پانی بھوسے کا شریک نہیں ہے اور یہاں مَآءً بَارِدًا کا مفعول معہ ہونا بھی ممتنع ہے اس لئے کہ چرنے میں پانی بھوسے کا ساتھی نہیں ہوتا اور مفعول معہ تو فعل کے معمول کا ساتھی ہوتا ہے تو اس لئے اس میں واؤ کے بعد ایک فعل مقدر ہے اور مَآءً بَارِدًا اس کا مفعول بہ ہے اور اصل عبارت یوں ہوگی عَلَفْتُهَا تِبْنًا وَّسَقَیْتُهَا مَآءً بَارِدًا اور اس میں جملہ کا عطف جملہ پر ہے اور آیت کریمہ فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ جَمِیْعًا میں مَنْ مَّعَهٗ اَغْرَقْنَا کا مفعول معہ بھی ہو سکتا ہے اور ہٗ ضمیر منصوب پر اس کا عطف بھی جائز ہے۔ تو اس میں دونوں صورتیں جائز ہیں اور مفعول معہ کی باقی تفصیل کتب نحو میں دیکھئے۔

فائدہ نمبر (۳۴) برائے اسم تفضیل:

اسم تفضیل کا استعمال تین (۳) طریقوں پر ہوتا ہے

(۱) الف اور لام کے ساتھ اور اس صورت میں اس کے ساتھ مِنْ جارہ کا استعمال ممتنع ہے لہذا یوں نہیں کہا جائے گا فُلَانٌ اَلْاَفْضَلُ مِنْ فُلَانٍ اور اس صورت میں افراد اور تثنیہ اور جمع اور تذکیر و تانیث کے اعتبار سے اسم تفضیل اپنے ماقبل کے مطابق ہوگا اس لئے کہ اس صورت میں یہ ماقبل کی صفت ہوتا ہے اور صفت کی موصوف کے ساتھ ان مذکورہ چیزوں میں مطابقت ضروری ہے۔

(۲) اسم تفضیل مضاف ہو کر استعمال ہو پھر اگر یہ نکرہ کی طرف مضاف ہو تو یہ ہمیشہ مفرد اور مذکر ہوگا اور مِنْ جارہ اس کے

ساتھ ممتنع ہوگا اور اگر معرفہ کی طرف مضاف ہو تو بھی اس کے ساتھ مِنْ جارہ ممتنع ہوگا لیکن اس میں دو صورتیں جائز ہوں گی (۱) اسم تفضیل مفرد ہو اس کا موصوف مفرد ہو یا تثنیہ ہو یا جمع ہو۔ (۲) اور اس میں یہ بھی جائز ہے کہ اسم تفضیل موصوف کے مطابق ہو جیسے: زَیْدٌ اَفْضَلُ الْقَوْمِ اور اَلزَّیْدَانِ اَفْضَلَا الْقَوْمِ اور اَلزَّیْدُوْنَ اَفْضَلُوْا الْقَوْمِ۔

(۳) اسم تفضیل کے استعمال کا تیسرا طریقہ یہ ہے کہ یہ مِنْ کے ساتھ استعمال ہو اور اس صورت میں اسم تفضیل ہمیشہ مفرد استعمال ہوگا اس کا موصوف مذکر ہو، مؤنث ہو، واحد ہو، تثنیہ ہو یا جمع ہو جیسا بھی ہو۔

فائدہ نمبر (۳۵) برائے کَانَ:

کَانَ کی تین (۳) قسمیں ہیں (۱) کَانَ ناقصہ (۲) کَانَ تامہ (۳) کَانَ زائدہ

کَانَ ناقصہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور یہ اس پر دلالت ہے کہ اس کی خبر اس کے اسم کے لئے زمانہ ماضی میں ثابت ہے۔

اور کَانَ تامہ وہ ہے جو فاعل کے ساتھ تام ہو جاتا ہے اور خبر کا محتاج نہیں ہوتا اور یہ ثَبَتَ اور وَجَدَ اور حَصَلَ کے معنی میں ہوتا ہے جیسے: وَاِنْ كَانَ ذُوْعُسْرَةٍ اور یہ وَاِنْ وُجِدَ ذُوْعُسْرَةٍ کے معنی میں ہے۔ اور کَانَ زائدہ وہ ہے جو تاکید کے لئے آتا ہے اور تاکید کے علاوہ کسی چیز کا فائدہ نہیں دیتا جیسے قرآن میں ہے وَمَا عِلْمِیْ بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ یہ اصل میں بِمَا یَعْمَلُوْنَ ہے۔ اور کَانَ یَنْبَغِیْ کے معنی بھی آتا ہے جیسے: مَا یَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا (ہمیں ایسی بات بولنا لائق اور سزاوار نہیں ہے)

کَانَ کا استعمال قرآن میں پانچ (۵) طریقوں پر ہے

(۱) ہمیشہ کے معنی میں جیسے: وَكَانَ اللّٰهُ عَلِیْمًا حَكِیْمًا میں ہے۔

(۲) ایسی ماضی کے معنی میں جو منقطع ہونے والی ہے جیسے: وَكَانَ فِی الْمَدِیْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ میں ہے۔

(۳) حال کے معنی میں جیسے: كُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّةٍ میں ہے۔

(۴) استقبال کے معنی میں جیسے: وَیَخَافُوْنَ یَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِیْرًا میں ہے۔

(۵) صَارَ کے معنی میں استعمال ہوتا ہے جیسے: وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ میں ہے۔

فائدہ نمبر (۳۶) برائے حروف جر:

حروف جر مشہور ہیں اور حروف جر کی تین قسمیں ہیں (۱) اصلی (۲) زائد (۳) شبیہ بالزائد

حروف جر اصلی وہ ہیں جو کسی متعلق کے بھی محتاج ہوتے ہیں اور معنی اور اعراب کے اعتبار سے ان سے استغناء نہیں ہوتا جیسے: كَتَبْتُهٗ بِالْقَلَمِ میں بَاء ہے۔

حروف جر زائدہ وہ ہیں جو کسی متعلق کے محتاج نہیں ہوتے اور باعتبار معنی کے ان سے استغناء بھی نہیں ہوتا البتہ اعراب اور ترکیب کے اعتبار سے ان سے استغناء ہوتا ہے اور یہ صرف مضمون کلام کی تاکید کے لئے آتے ہیں جیسے: مَا جَآءَنَا مِنْ بَشِیْرٍ میں مِنْ ہے اور وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِیْبًا میں بَاء حرف جر زائد ہے اور جو حروف جر زائد ہوتے ہیں وہ چار ہیں۔ مِنْ، بَاء، کاف، لَام اور شبیہ بالزائد وہ حروف جر ہیں جو کسی متعلق کے محتاج نہ ہوں لفظاً اور معنًی دونوں اعتبار سے ان سے استغناء نہ ہو۔ اور ایسے حرف جر چار ہیں۔ رُبَّ، خَلَا، عَدَا، حَاشَا

ان حروف جارہ زائدہ میں سے بَاء سب سے زیادہ زائد ہوتی ہے اور اس کا زائد ہونا پانچ (۵) جگہ میں ہوتا ہے۔

(۱) کَفٰی کے فاعل میں جیسے: وَ کَفٰی بِاللّٰهِ وَكِيْلًا میں ہے۔

(۲) سماعی طور پر مفعول بہ میں زائد ہوتی ہے جیسے قرآن میں ہے وَلَا تُلْقُوْا بِأَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ

(۳) مبتدا میں زائد ہوتی ہے جبکہ مبتدا حَسْبُکَ کے لفظ سے مشتق ہو جیسے: بِحَسْبِکَ دِرْهَمٌ میں ہے یا حرف بَاء لفظ نَاهِیْ کے بعد ہو جیسے: نَاهِيْکَ بِخَالِدٍ شُجَاعًا یا بَاء إِذَا مفاجاتیہ کے بعد ہو جیسے: خَرَجْتُ فَإِذَا بِالْاُسْتَادِ یا کَیْفَ کے بعد ہو جیسے: کَیْفَ بِکَ إِذَا حَصَلَ كَذَا اس میں کاف ضمیر مبتدا ہے اور بَاء زائدہ ہے۔

(۴) اس حال میں بَاء زائد ہوتی ہے جس کا عامل منفی ہوتا ہے جیسے: فَمَا رَجَعْتُ بِخَائِبَةٍ رِكَابٍ میں ہے

(۵) لَيْسَ اور مَا کی خبر میں بَاء زائد ہوتی ہے جیسے: اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ اور جیسے: وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ اور اَنَّ کی خبر میں بھی داخل ہوتی ہے اور زائد ہوتی ہے جیسے: اَوَ لَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى میں ہے۔

فائدہ نمبر (۳۷) برائے اوزان مخصوصہ میں مذکر و مؤنث کی مساوات

کچھ وزن ایسے ہیں جن میں مذکر اور مؤنث برابر ہیں

(۱) وزن فَعُوْلٌ: جو فاعل کے معنی میں ہو جیسے: رَجُلٌ صَبُوْرٌ اور اِمْرَاَةٌ صَبُوْرٌ

(۲) وزن مِفْعَالٌ: جیسے: رَجُلٌ مِقْوَالٌ اور اِمْرَاَةٌ مِقْوَالٌ

(۳) وزن مِفْعِيْلٌ: جیسے: رَجُلٌ مِعْطِيْرٌ اور اِمْرَاَةٌ مِعْطِيْرٌ

(۴) وزن مِفْعَلٌ: جیسے: رَجُلٌ مِغْشَمٌ اور اِمْرَاَةٌ مِغْشَمٌ

(۵) وزن فَعِيْلٌ: جو صفت کے لئے ہو اور مفعول کے معنی میں ہو جیسے: اِمْرَاَةٌ جَرِيْحٌ اور رَجُلٌ جَرِيْحٌ اور جیسے قرآن میں ہے اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ مگر یہ یاد رہے کہ وزن فَعِيْلٌ میں مذکر اور مؤنث اس وقت برابر ہوتے ہیں جب اس سے پہلے موصوف مذکور ہو۔ اور اگر اس سے پہلے موصوف نہ ہو تو پھر مؤنث کے ساتھ تائے تانیث لاحق ہوگی جیسے: فِي الْمَيْدَانِ سِتَّةٌ جَرْحٰى وَقَتِيْلَةٌ۔

(۶) مصدر میں بھی مذکر و مؤنث برابر ہیں اور جب مصدر موصوف ہو تو اس میں بھی مذکر و مؤنث برابر ہوتے ہیں جیسے: هٰذَا قَوْلٌ حَقٌّ اور هٰذِهٖ قَضِيَّةٌ حَقٌّ اور کچھ لوگ جب مصدر کا موصوف مؤنث ہو تو مصدر پر تائے تانیث داخل کرتے ہیں یعنی کہتے ہیں قَضِيَّةٌ حَقَّةٌ یہ ان کی خطاء ہے اس سے بچنا چاہیے۔

فائدہ نمبر (۳۸) برائے افعال مقاربہ:

ان کا عمل افعال ناقصہ والا ہے اور ان افعال کی تین (۳) قسمیں ہیں

(۱) وہ افعال مقاربہ ہیں جو اس پر دلالت کرتے ہیں کہ خبر کا وقوع قریب ہے اور یہ كَادَ، كَرَبَ اور اَوْشَكَ ہیں۔

(۲) وہ افعال مقاربہ ہیں جو خبر کی امید پر دلالت کرتے ہیں جیسے: عَسٰى اور اِخْلَوْلَقَ ہیں۔

(۳) وہ افعال مقاربہ ہیں جو خبر میں شروع ہونے پر دلالت کرتے ہیں ان میں سے طَفِقَ اور جَعَلَ وغیرہ ہیں (ان کی باقی مباحث کتب نحو میں دیکھیں۔)

فائدہ نمبر(۳۹) برائے مبتدا و خبر:

مبتدا کی خبر جب جملہ ہو تو خبر کو مبتدا کے ساتھ ربط دینے والی چیزیں چار (۴) ہیں

(۱) ضمیر ہے بارز ہو یا مستتر جیسے: اَلظُّلْمُ مَرْتَعُهٗ وَخِیْمٌ

(۲) اسم اشارہ جیسے قرآن میں ہے وَلِبَاسُ التَّقْوٰی ذٰلِكَ خَیْرٌ

(۳) مبتدا کا اس کے لفظ کے ساتھ اعادہ کرنا جیسے: اَلْحَآقَّةُ مَا الْحَآقَّةُ

(۴) عموم: جیسے خَالِدٌ نِعْمَ الرَّجُلُ اس میں خَالِدٌ مبتدا ہے اور نِعْمَ الرَّجُلُ اس کی خبر ہے اور ربط دینے والی چیز عموم ہے۔

جب دو اسم معرفہ ہوں عام ہے معرفہ ہونے میں ان کا رتبہ برابر ہو جیسے: اَللّٰهُ رَبُّنَا میں ہے یا ان کا رتبہ مختلف ہو جیسے: زَیْدٌ اَلْفَاضِلُ میں ہے تو اس میں جو اسم پہلے ہو گا وہ مبتدا ہو گا اور عند البعض جو مشتق ہو گا وہ خبر ہو گا اگرچہ پہلے ہو جیسے: اَلْقَائِمُ زَیْدٌ میں ہے۔ اور اگر دو اسم ایسے نکرہ ہوں کہ وہ دونوں مبتدا بن سکتے ہوں تو اس صورت میں بھی جو اسم پہلے ہو گا وہ مبتدا ہو گا جیسے: اَفْضَلُ مِنْكَ اَفْضَلُ مِنِّیْ میں ہے۔

اور اگر دو اسم معرفہ اور نکرہ میں مختلف ہوں اور پہلا اسم معرفہ ہو تو وہ مبتدا ہو گا اور دوسرا خبر ہو گا جیسے: زَیْدٌ قَائِمٌ میں ہے۔ اور اگر معرفہ اور نکرہ کے اعتبار سے جو دو اسم مختلف ہوں مگر ان میں سے پہلا نکرہ ہو اور اس کے مبتدا ہونے کو جائز کرنے والی کوئی چیز نہ ہو تو بالاتفاق پہلا اسم خبر ہو گا جیسے: خَزٌّ ثَوْبُكَ (ریشم ہے تیرا کپڑا) اور اگر پہلا اسم نکرہ ہو اس کے مبتدا ہونے کو جائز کرنے والا کوئی سبب موجود ہو تو اس صورت میں بھی عند الجمہور پہلا اسم خبر ہو گا، اور عند السیبویہ پہلا اسم مبتدا ہو گا جیسے: خَیْرٌ مِّنْكَ زَیْدٌ میں عند الجمہور خَیْرٌ مِّنْكَ خبر ہے اور عند السیبویہ مبتدا ہے اور زَیْدٌ اس کی خبر ہے۔

فائدہ: مبتدا میں اصل تو یہی ہے کہ وہ معرفہ ہوتا ہے لیکن اگر کسی طریقہ سے نکرہ میں تخصیص کر دی جائے تو پھر نکرہ مبتدا واقع ہو سکتا ہے۔

❁ پھر کئی مقامات ایسے ہیں جن میں نکرہ کا مبتدا واقع ہونا درست ہے ❁

(۱) نکرہ موصوفہ ہو جیسے: وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَیْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ میں ہے۔

(۲) نکرہ عمل کر رہا ہو جیسے: هَلْ مُسَافِرٌ اَخُوْكَ اس میں مُسَافِرٌ مبتدا کی قسم ثانی ہے۔

(۳) جہاں عطف ہو مگر اس میں شرط یہ ہے کہ معطوف یا معطوف علیہ میں کسی وجہ سے تخصیص ہو جیسے: قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّ مَغْفِرَةٌ خَیْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ یَّتْبَعُهَآ اَذًی اس میں مَغْفِرَةٌ نکرہ مبتدا ہے کیونکہ اس کا عطف نکرہ موصوفہ پر ہے۔

(۴) خبر ظرف ہو جیسے: لَدَیْنَا مَزِیْدٌ میں ہے یا خبر جار اور مجرور ہو جیسے: لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ میں ہے۔

(۵) نکرہ عام ہو خواہ بذات خود عام ہو جیسے اسمائے استفہام وغیرہ ہیں یا کسی دوسرے کی وجہ سے عام ہو جیسے: مَا رَجُلٌ فِي الدَّارِ میں رَجُلٌ نکرہ عام ہے۔

(۶) نکرہ سے مراد مِنْ حَیْثُ هِیَ صاحب حقیقت ہو جیسے: مُؤْمِنٌ خَیْرٌ مِّنْ كَافِرٍ میں ہے۔

(۷) نکرہ فعل کے معنی میں ہو جیسے: وَیْلٌ لِّلْمُطَفِّفِیْنَ میں ہے اور اس میں بد دعاء کا معنی ہے۔

(۸) نکرہ کے لئے خبر کا ثابت ہونا خوارق عادت میں سے ہو جیسے: شَجَرَةٌ سَجَدَتْ اور بَقَرَةٌ تَكَلَّمَتْ

(۹) نکرہ اِذَا مفاجاتیہ کے بعد واقع ہو جیسے: خَرَجْتُ فَإِذَا اَسَدٌ بِالْبَابِ

(۱۰) نکرہ جملہ حالیہ کے شروع میں واقع ہو جیسے ایک شعر ہے

✿ سَرَيْنَا وَنَجْمٌ قَدْ اَضَآءَ فَمَطٰى ✿ ✿ بَدَا مَحْيَاكَ اَخْفٰى ضَوْءُهٗ كُلَّ شَارِقٍ ✿

تو اس شعر میں محل استشہاد نَجْمٌ قَدْ اَضَآءَ ہے اس میں نَجْمٌ مبتدا ہے جو کہ جملہ حالیہ کے شروع میں واقع ہے۔

(۱۱) نکرہ تفصیل کے لئے ہو جیسے امرؤ القیس کا شعر ہے

✿ فَاَقْبَلْتُ زَحْفًا عَلَى الرُّكْبَتَيْنِ ✿ ✿ فَثَوْبٌ نَسِيْتُ وَثَوْبٌ اَجُرُّ ✿

اس شعر میں محل استشہاد ثَوْبٌ کا لفظ ہے۔

❁ فائدہ: چند مقامات میں مبتدا کو حذف کر دینا کثیر ہے ❁

(۱) جیسے: وَمَآ اَدْرٰكَ مَا الْحُطَمَةُ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ یہ اصل میں هِيَ نَارُ اللّٰهِ۔۔۔الخ ہے۔

(۲) فاء جزائیہ کے بعد جیسے: مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ یہ اصل میں فَعَمَلُهٗ لِنَفْسِهٖ ہے۔

(۳) قول کے بعد جیسے: قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ یہ اصل میں هِيَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ہے۔

(۴) اس چیز کے بعد کہ معنی میں خبر مبتدا کی صفت ہو جیسے: اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ یہ اصل میں هُمُ اَلتَّآئِبُوْنَ۔۔۔الخ ہے اس میں اَلتَّآئِبُوْنَ هُمْ کی خبر ہے لیکن معنی میں اس کی صفت ہے۔

(۵) کبھی اس کے علاوہ بھی مبتدا کو حذف کیا جاتا ہے۔ جیسے: لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ یہ اصل میں تَقَلُّبُهُمْ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ہے۔

فائدہ نمبر (۴۰) برائے حرف لَا:

حرف لَا کی کئی قسمیں ہیں

(۱) لَا مجازیہ: جو اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔

(۲) لَا جوابیہ: جو کسی سوال کے جواب میں واقع ہوتا ہے۔

(۳) لَا زائدہ: اور یہ تاکید کے لئے آتا ہے جیسے: مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ میں ہے۔

(۴) لَا عاطفہ

(۵) لَا نفی جنس

(۶) لَا نافیہ: جو مضارع اور ماضی اور استقبال کی نفی کے لئے آتا ہے۔

(۷) لَا ناہیہ: یہ مضارع کو جزم دیتا ہے۔

(۸) کبھی لَا غَيْرَ کے معنی میں اسم ہو کر بھی استعمال ہوتا ہے اور اس وقت اس کا اعراب اس کے مابعد میں ظاہر ہوتا ہے جیسے:

غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ اور لَا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ وغیرہ میں ہے۔

فائدہ نمبر (۴۱) برائے مَنْ:

مَنْ کی کئی قسمیں ہیں

(۱) مَنْ استفہامیہ: مَنْ استفہامیہ کے بعد جب اسم ہو تو یہ مبتدا بنتا ہے جیسے مَنْ رَّبُّكُمَا یٰمُوْسٰی اور یہ بھی جائز ہے کہ خبر مقدم ہو اور اسی طرح جب اس کے بعد فعل لازم ہو جیسے مَنْ جَآءَ عَلٰٓی اَخِیْهِ اَوَّلًا اسی طرح جب اس کے بعد ایسا فعل متعدی ہو جس کا مفعول مذکور ہو جیسے مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا تو اس وقت بھی یہ مبتدا ہوتا ہے اور جب اس کے بعد ایسا فعل متعدی ہو جس کا مفعول مذکور نہ ہو تو اس وقت یہ مفعول بہ مقدم بنتا ہے جیسے مَنْ اَكْرَمَ الْاَمِیْرُ (امیر نے کس کا اکرام کیا ہے) اور جب اس کے بعد فعل ناقص ہو تو اس وقت خبر مقدم ہوتا ہے جیسے مَنْ كَانَ جَارُكَ (تیرا پڑوسی کون ہے)

(۲) مَنْ موصولہ ہے: جیسے: وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ میں ہے۔

(۳) مَنْ شرطیہ: جیسے: مَنْ یَّعْمَلْ سُوْٓءًا یُّجْزَ بِهٖ

(۴) مَنْ موصوفہ: جیسے: كَفٰی بِنَا فَضْلًا عَلٰی مَنْ غَیْرِنَا میں مَنْ موصوفہ ہے اور وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّقُوْلُ میں بھی مَنْ موصوفہ ہو سکتا ہے اور کلمہ مَنْ مذکر و مؤنث نیز مفرد، تثنیہ و جمع سب کے لئے برابر ہے۔

فائدہ نمبر (۴۲) برائے نون:

نون کی دو (۲) قسمیں ہیں

(۱) اسم یہ جمع مؤنث کی ضمیر ہے جیسے: یٰنِسَآءَ النَّبِیِّ لَسْتُنَّ میں ہے۔

(۲) وہ نون جو حرف ہے پھر اس کی دو (۲) قسمیں ہیں (۱) نون تاکید یہ کبھی ثقیلہ ہوتا ہے جیسے لَتُسْـَٔلُنَّ میں ہے اور کبھی خفیفہ ہوتا ہے جیسے لَنَسْفَعًۢا بِالنَّاصِیَةِ (۲) نون وقایہ یہ ایسی یَاء متکلم کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جس کو فعل نے یا حرف ناصب نے نصب دیا ہو جیسے فَاعْبُدْنِیْ اور یٰلَیْتَنِیْ كُنْتُ مَعَهُمْ میں ہے اسی طرح لَدُنْ کے مضاف الیہ ضمیر اور عَنْ اور مِنْ کے مجرور کے ساتھ بھی ملحق ہوتی ہے جیسے مِنْ لَّدُنِّیْ عُذْرًا اور مَآ اَغْنٰی عَنِّیْ مَالِیَهْ اور اَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ میں ہے

❁ ایک نون تنوین ہوتا ہے ❁

یہ وہ نون ہوتا ہے جو لکھنے میں نہیں آتا اور تلفظ میں قائم اور باقی ہوتا ہے اور اس کی پانچ اقسام ہیں (۱) تمکن (۲) تنکیر (۳) عوض (۴) مقابلہ (۵) ترنم ان اقسام کی تفصیل کے لئے کتب نحو کی طرف رجوع کیا جائے۔

فائدہ نمبر (۴۳) برائے اسمائے ظروف:

(۱) حَیْثُ: حَیْثُ ظرف مکان کے لئے آتا ہے اور یہ جملہ کی طرف مضاف ہوتا ہے اور اکثر اس کا مضاف الیہ جملہ فعلیہ ہوتا ہے جیسے قرآن میں ہے یَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَیْثُ یَشَآءُ اور اگر اس کے بعد مفرد واقع ہو تو اس صورت میں یہ مبتدا ہوتا ہے اس کی

خبر محذوف ہوتی ہے جیسے اِجْلِسْ حَیْثُ خَالِدٌ یہ اصل میں حَیْثُ جَالِسٌ خَالِدٌ ہوگا۔اور کبھی یہ حرف جر کے داخل ہونے کی وجہ سے محلًا مجرور ہوتا ہے۔اور جب اس کے ساتھ کلمہ مَا متصل ہو جائے تو اس وقت یہ اسم شرط بن جاتا ہے جیسے حَیْثُمَا تَقْصِدْ اَقْصِدْ اور اس وقت یہ فعل شرط کا مفعول فیہ مقدم ہوتا ہے اور کبھی حَیْثُ مفعول بہ بھی واقع ہوتا ہے جیسے قرآن میں ہے نَتَبَوَّأُ مِنَ الْجَنَّةِ حَیْثُ نَشَآءُ۔

(۲) اِذَا: اِذَا یہ ظرف زمان ہے اور متضمن معنی شرط ہے اور جملہ فعلیہ پر داخل ہونے کے ساتھ خاص ہے اور یہ جواب کا محتاج ہوتا ہے اور اس کے جواب کی متعدد صورتیں ہیں۔(۱) اس کا جواب فعل ہو جیسے: فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ (۲) اس کا جواب جملہ اسمیہ ہو جس پر فَاء داخل ہو جیسے: فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ (۳) اس کا جواب جملہ انشائیہ ہو جس پر فَاء داخل ہو جیسا کہ سورۃ النصر میں ہے فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ۔۔الخ (۴) کبھی جواب ایسا جملہ اسمیہ ہوگا جس پر اِذَا مفاجاتیہ داخل ہوگا جیسے اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً مِّنَ الْاَرْضِ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ۔ پھر محققین کے نزدیک اِذَا کو نصب فعل شرط دیا کرتا ہے یعنی یہ فعل شرط کا مفعول فیہ مقدم واقع ہوتا ہے اور فقیر نے اعراب القرآن میں اسی قول پر عمل کیا ہے۔نیز اِذَا کی یہ خاصیت ہے کہ اس کی جزاء شرط پر مقدم نہیں ہو سکتی نیز یہ شرط کو جزم بھی نہیں دیتا۔

(۳) مُذْ (۴) مُنْذُ

❁ مُذْ اور مُنْذُ کی تین حالتیں ہیں ❁

(۱) ان کے بعد مجرور اسم واقع ہو اس صورت میں عند البعض یہ اسم اور مضاف ہوتے ہیں مگر صحیح قول یہ ہے کہ یہ اس وقت حرف جر ہوتے ہیں پھر اگر زمانہ ماضی ہو تو مِنْ کے معنی میں ہوتے ہیں جیسے: مَارَاَیْتُهٗ مُذْ یَوْمِ الْخَمِیْسِ اور اگر زمانہ حال ہو تو فِیْ کے معنی میں ہوتے ہیں جیسے: مَارَاَیْتُهٗ مُذْ یَوْمِنَا اور اگر ان کا مدخول کوئی معدود ہو تو اس وقت مِنْ اور اِلٰی دونوں کے معنی میں ہو سکتے ہیں جیسے: مَارَاَیْتُهٗ مُذْ ثَلَاثَةَ اَیَّامٍ

(۲) مُذْ اور مُنْذُ کی دوسری حالت یہ ہے کہ ان کے بعد مرفوع اسم واقع ہو جیسے مُذْ یَوْمُ الْخَمِیْسِ اس حالت کے بارے میں اختلاف ہے (۱) مبرد اور فارسی وغیرہ کے نزدیک اس صورت میں یہ مبتدا ہوتے ہیں اور مابعد خبر ہوتا ہے پھر اگر مدخول زمانہ ماضی ہو یا معدود چیز ہو تو اس وقت ان کا معنی انتہاء مدت ہوتا ہے اور اگر مدخول ماضی ہو تو ان کا معنی اوّل مدت وابتدا مدت ہوتا ہے۔(۲) امام اخفش وزجاج وغیرہ کے نزدیک اس صورت میں یہ خبر اور ان کا مابعد مبتدا ہوتا ہے اور اس وقت ان کا معنی دو ایسے بَیْنَ کے لفظ ہوتے ہیں جو مضاف ہوتے ہیں لہٰذا ان حضرات کے نزدیک مَالَقِیْتُهٗ مُذْ یَوْمَانِ کا معنی ہے بَیْنِیْ وَبَیْنَ لِقَآئِهٖ یَوْمَانِ (۳) اور اکثر اہل کوفہ کے نزدیک مُذْ اور مُنْذُ دوسری حالت میں ظرف ہیں جو کہ ایسے جملہ کی طرف مضاف ہیں جس کا فعل حذف کر کے اس کے فاعل کو باقی رکھا گیا ہے۔لہٰذا مثال مذکور میں مُذْ یَوْمَانِ اصل میں مُذْ كَانَ یَوْمَانِ ہے اور كَانَ تامّہ بمعنی وُجِدَ ہے۔

(۳) مُذْ اور مُنْذُ کی تیسری حالت یہ ہے کہ ان کے بعد جملہ اسمیہ یا جملہ فعلیہ واقع ہو اس صورت میں یہ ظرف ہوتے ہیں

جو جملہ کی طرف مضاف ہوتے ہیں۔

فائدہ نمبر (۴۴) برائے اقسام جملہ:

جملہ کی صفاتی چھ (۶) قسمیں ہیں

(۱) جملہ مستانفہ (۲) جملہ مبینہ (۳) جملہ معلّلہ (۴) جملہ معطوفہ (۵) جملہ حالیہ (۶) جملہ معترضہ

جملہ معترضہ وہ ہوتا ہے جو دو چیزوں کے درمیان بے جوڑ واقع ہو جائے پھر جملہ معترضہ کا محل وقوع متعدد ہیں (۱) فعل اور فاعل کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے: قَالَ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ۔۔۔ میں ہے۔ (۲) فعل اور اس کے مفعول کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے:

✿ وَقَدْ اَدْرَكَتْنِیْ وَالْحَوَادِثُ جَمَّةٌ ✿ اَسِنَّةُ قَوْمٍ لَّا ضِعَافٍ وَلَا عُزْلِ ✿

اس میں وَالْحَوَادِثُ جَمَّةٌ جملہ معترضہ ہے۔ (۳) مبتدا اور خبر کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے: وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِیْنَ میں وَلَوْ حَرَصْتَ ہے۔ (۴) اس چیز کے درمیان واقع ہوتا ہے جس کی اصل مبتدا اور خبر ہے جیسے شاعر کا شعر ہے

✿ اِنَّ الثَّمَانِیْنَ وَبُلِّغْتَهَا ✿ اَحْوَجَتْ سَمْعِیْ اِلٰی تَرْجُمَانٍ ✿

اس میں بُلِّغْتَهَا جملہ معترضہ ہے جو مبتدا اور خبر کے درمیان واقع ہے کیونکہ اِنَّ کے دخول سے پہلے الثَّمَانِیْنَ مبتدا ہے اور اَحْوَجَتْ خبر ہے۔ (۵) شرط اور جواب کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے

✿ لَعَمْرِیْ وَمَا عَمْرِیْ عَلَیَّ بِهَیِّنٍ ✿ لَقَدْ نَطَقَتْ بُطْلًا عَلَی الْاَقَارِعِ ✿

میں ہے۔ (۶) قسم اور جواب قسم کے درمیان واقع ہوتا ہے۔ (۷) موصوف اور صفت کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے: وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِیْمٌ میں ہے۔ (۸) موصول اور صلہ کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے

✿ ذَاكَ الَّذِیْ وَاَبِیْكَ یَعْرِفُ مَالِكًا ✿ وَالْحَقُّ یَدْفَعُ تُرَّهَاتِ الْبَاطِلِ ✿

(۹) حرف استقبال اور فعل کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے:

✿ وَمَآ اَدْرِیْ وَسَوْفَ یَخَالُ اَدْرِیْ ✿ اَقَوْمٌ اٰلُ حِصْنٍ اَمْ نِسَآءٌ ✿

(۱۰) حرف نفی اور اس کی منفی کے درمیان واقع ہوتا ہے۔ (۱۱) دو مستقل جملوں کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے: وَوَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْهِ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰی وَهْنٍ وَّ فِصٰلُهٗ فِیْ عَامَیْنِ۔۔۔ الخ اس میں حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ جملہ معترضہ ہے۔ اور صاحب مغنی اللبیب نے جملہ معترضہ کی سترہ (۱۷) صورتیں ذکر کی ہیں باقی جملہ اقسام کی تعریفیں واضح ہیں لہذا ان کو ذکر نہیں کیا گیا۔

فائدہ نمبر (۴۵) برائے لٰکِنَّ:

لٰکِنَّ مشدد حرف مشبہ بالفعل ہے اور لٰکِنْ مخفف یہ کبھی حرف استدراک ہوتا ہے اور کبھی عطف کے لئے بھی آتا ہے اگر کوئی یوں کہے مَا قَامَ زَیْدٌ وَّلٰکِنْ عَمْرٌو اس جیسی مثال کے بارے میں نحویوں کے چار (۴) اقوال ہیں۔

(۱)عند یونس: لٰکِنْ عاطفہ نہیں ہے بلکہ واؤ عاطفہ ہے اور یہ عطف مفرد علی المفرد ہے۔

(۲)عند ابن مالک: لٰکِنْ عاطفہ ہے اور یہ عطف جملہ علی الجملہ ہے جملہ معطوفہ کا کچھ حصہ محذوف ہے لہٰذا مَاقَامَ زَیْدٌ وَّلٰکِنْ عَمْرٌو اصل میں وَلٰکِنْ قَامَ عَمْرٌو ہے وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ اصل میں وَلٰکِنْ کَانَ رَسُوْلَ اللّٰہِ ہے۔

(۳)عند ابن عصفور: لٰکِنْ عاطفہ ہے اور واؤ زائدہ اس کو لازم ہے۔

(۴)عند ابن کیسان: لٰکِنْ عاطفہ ہے اور واؤ زائدہ ہے اس کو لازم نہیں ہے۔

اور لٰکِنَّ مشدد جو کہ حرف مشبہ بالفعل ہے یہ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے جیسا کہ تمام حروف مشبہ بالفعل کا یہی عمل ہے۔

فائدہ نمبر(۴۶) برائے لفظ غَیْرَ:

لفظ غَیْرَ ان اسماء میں سے ہے جن میں شدید ابہام ہے اس لئے اضافت کے باوجود یہ معرفہ نہیں ہوتا پھر جب لفظ غَیْرَ مضاف ہوتو پھر یہ دو (۲) طریقے سے استعمال ہوتا ہے (۱) یہ ہے کہ یہ نکرہ کی صفت ہو جیسے: رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَیْرَ الَّذِیْ کُنَّا نَعْمَلُ میں ہے اور اس کا یہی استعمال اصل ہے۔(۲) یہ استثناء کے لئے استعمال ہوتو پھر اس کا اعراب اس اسم کے اعراب کی طرح ہوگا جو اِلَّا کے بعد واقع ہو جس کی تفصیل فقیر کی تالیف معارف التنبیر شرح نحو میر میں مذکور ہے۔

اور اگر لفظ غَیْرَ دو متضاد چیزوں کے درمیان واقع ہوتو اس وقت یہ معرفہ ہو جاتا ہے چنانچہ علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اسی وجہ سے غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْہِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ میں اس کو معرفہ کی صفت بنایا گیا ہے اور اگر لفظ غَیْرَ کی جگہ لَا نافیہ آنے کی صلاحیت ہوتو اس وقت یہ حال واقع ہوتا ہے۔

فائدہ نمبر(۴۷) برائے نون وقایہ:

نون وقایہ کا نام نون عماد بھی ہے اور یہ اس یَاء متکلم سے پہلا آتا ہے جو تین (۳) چیزوں میں سے ایک کے ساتھ منصوب ہو۔ (۱) جو فعل کے ساتھ منصوب ہو جیسے: اَکْرَمَنِیْ زَیْدٌ (۲) اس یَاء متکلم سے پہلے آتا ہے جو اسم فعل کی وجہ سے منصوب ہو جیسے: عَلَیْکَنِیْ بمعنی اِلْزَمْنِیْ (۳) اس یَاء متکلم سے پہلے آتا ہے جو کسی حرف کی وجہ سے منصوب ہو جیسے: اِنَّنِیْ اور اسی طرح جو یَاء متکلم مِنْ اور عَنْ حرف جر کی وجہ سے مجرور ہو اس کے ساتھ بھی آتا ہے اور اس کا نام نون وقایہ اس لئے ہے کہ وقایہ کا معنی ہے حفاظت کرنا اور بچانا اور یہ نون بھی فعل وغیرہ کو کسرہ سے محفوظ کرتا ہے۔

فائدہ نمبر(۴۸) ان جملوں کے بارے میں جو لَا مَحَلَّ لَھَا مِنَ الْاِعْرَابِ ہیں

چند جملے ایسے ہیں جن کا کوئی محل اعراب نہیں ہے (۱) جملہ معلّلہ (۲) جملہ مستانفہ (۳) جواب نداء کا جملہ (۴) جو جملہ موصول کا صلہ واقع ہو (۵) جو جملہ جواب قسم واقع ہو (۶) جو جملہ معترضہ ہو (۷) جو جملہ تفسیریہ ہو جیسے: وَاَوْحَیْنَآ اِلٰی مُوْسٰٓی اَنْ اَلْقِ عَصَاکَ میں اَلْقِ عَصَاکَ ہے۔(۸) جو جملہ مبیّنہ ہو جیسے: اَلْکَلِمَۃُ عَلٰی ثَلٰثَۃِ اَقْسَامٍ اِسْمٌ وَّفِعْلٌ وَّحَرْفٌ میں اِسْمٌ وَّفِعْلٌ وَّحَرْفٌ ہے۔(۹) شرط غیر جازم کی جزاء جو جملہ واقع ہو۔(۱۰) وہ جملہ جو سابقہ جملوں میں سے کسی ایک کا تابع ہو۔

اور جن جملوں کا کوئی محل اعراب ہوتا ہے اس کی سات (۷) قسمیں ہیں

(۱) جو جملہ خبر واقع ہو اور اس کا محل مبتدا کی خبر میں رفع ہوتا ہے اور کَانَ وغیرہ کی خبر کا محل نصب ہوتا ہے۔

(۲) جو جملہ حال واقع ہو اور اس کا محل نصب ہے جیسے: وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ

(۳) جو جملہ مفعول واقع ہو اور اس کا محل نصب ہے بشرطیکہ نائب فاعل نہ ہو۔

(۴) جو جملہ مضاف الیہ واقع ہو اور اس کا محل جر ہے اور جملہ کی طرف آٹھ (۸) چیزیں مضاف ہوتی ہیں (۱) اسماء الزمان (۲) حَیْثُ (۳) آیۃ بمعنی علامت (۴) ذُوْ (۵) لَدُنْ (۶) رَیْثَ (۷) لفظ قول (۸) قَائِلٌ کا لفظ

(۵) وہ جملہ جو فَاء کے بعد واقع ہو یا اِذَا کے بعد واقع ہو اور شرط جازم کی جزاء ہو جیسے: مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ

(۶) جو جملہ کسی مفرد کا تابع ہو مثلاً مفرد کی صفت ہو جیسے: مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ میں لَا بَيْعٌ فِيْهِ يَوْمٌ کی صفت ہونے کی بناء پر محلاً مرفوع ہے یا کسی حرف کے ساتھ معطوف ہو جیسے: زَيْدٌ مُنْطَلِقٌ وَّاَبُوْهُ ذَاهِبٌ یہ فرض کیا جائے کہ واؤ کے ذریعہ صرف خبر پر عطف ہے۔

(۷) جو جملہ کسی ایسے جملہ کا تابع ہو جس کے لئے اعراب کا کوئی محل ہے۔

فائدہ نمبر (۴۹) برائے فرق بین الحال والتمیز

پانچ (۵) چیزوں میں حال اور تمیز جمع ہوتے ہیں وہ یہ ہیں

(۱) دونوں اسم ہوتے ہیں۔ (۲) دونوں نکرہ ہوتے ہیں۔ (۳) دونوں کلام میں زائد ہوتے ہیں بایں معنی کہ جملہ ان کے بغیر تام ہو جاتا ہے۔ (۴) دونوں منصوب ہوتے ہیں۔ (۵) دونوں ابہام دور کرتے ہیں۔

❁ حال اور تمیز میں سات (۷) چیزوں میں فرق ہے ❁

(۱) حال جملہ بھی ہوتا ہے جیسے رَاَيْتُ الْاَمِيْرَ وَهُوَ رَاكِبٌ میں وَهُوَ رَاكِبٌ جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے اور ظرف بھی ہوتا ہے جیسے: رَاَيْتُ الْهِلَالَ بَيْنَ السَّحَابِ میں بَيْنَ السَّحَابِ مَوْجُوْدًا کا مفعول فیہ ہو کر اَلْهِلَالَ کا حال ہے۔ اور حال کبھی جار اور مجرور بھی ہوتا ہے جیسے: اَعْجَبَنِي السَّمَكُ فِي الْمَآءِ اور تمیز ہمیشہ اسم ہوتی ہے۔

(۲) کبھی حال پر کلام کا معنی مقصود موقوف ہوتا ہے جیسے: لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى اور تمیز ایسی نہیں ہے۔

(۳) حال کسی چیز کی حالت کو بیان کرتا ہے اور تمیز ذات کو بیان کرتی ہے۔

(۴) حال متعدد بھی ہوتا ہے اور تمیز نہیں ہوتی۔

(۵) حال کا عامل جب فعل متصرف ہو یا ایسا شبہ فعل ہو جو فعل متصرف کے مشابہ ہو تو اس وقت حال اپنے عامل پر مقدم ہو سکتا ہے۔ جیسے: خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُوْنَ۔۔۔ الخ میں خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ حال مقدم ہے اور تمیز اپنے عامل سے مقدم نہیں ہو سکتی۔

(۶) حال میں اصل یہ ہے کہ وہ مشتق ہوتا ہے اور تمیز میں اصل یہ ہے کہ وہ جامد ہوتی ہے اور کبھی حال بھی جامد ہوتا ہے جیسے: هٰذَا مَالُكَ ذَهَبًا اور کبھی تمیز مشتق بھی ہوتی ہے جیسے: لِلّٰهِ دَرُّهٗ فَارِسًا

(۷) حال اپنے عامل کے لئے مؤکد بھی ہوتا ہے جیسے: فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا میں ہے اور تمیز اس طرح نہیں ہوتی۔

فائدہ نمبر(۵۰)برائے کَمْ استفہامیہ وکَمْ خبریہ:

کَمْ استفہامیہ ہو یا خبریہ اس کے اپنے اعراب وترکیب کی تفصیل یہ ہے کہ اگر کَمْ سے پہلے حرف جر ہو تو مجرور ہو گا اور جار با مجرور ظرف لغو فعل کا متعلق مقدم ہو گا جیسے: بِکَمْ دِرْهَمًا اِشْتَرَيْتَ (کتنے درہم کے ساتھ تونے خریدا ہے) اور بِکَمْ طَالِبٍ اِجْتَهَدْتُ (کس قدر طالبوں کے لئے میں نے کوشش کی) اسی طرح اگر کَمْ سے پہلے مضاف ہو گا تو مجرور ہو گا جیسے: کِتَابَ کَمْ رَجُلًا اَخَذْتَ (کتنے مردوں کی کتاب تونے لی ہے) اور عِلْمَ کَمْ اُسْتَاذًا کَتَبْتُ (کس قدر زیادہ استاذوں کا علم میں نے لکھا) کَمْ ممیّز اپنی تمیز سے مل کر مضاف الیہ ہو گا مضاف یا مضاف الیہ مفعول بہ مقدم ہو گا

اور اگر کَمْ پر حرف جر اور مضاف داخل نہ ہو اور بعد والے فعل کا مفعول بہ محذوف ہو تو ایسا کَمْ بعد والے فعل کے عمل کے موافق منصوب ہو گا جیسے: کَمْ قَلَمًا بَنَيْتَ (کتنے قلم تونے بنائے ہیں) وَکَمْ دُکَّانٍ اِشْتَرَيْتُ (کس قدر دکانیں میں نے خریدی ہیں) اس میں ممیّز با تمیز مفعول بہ مقدم ہے اور منصوب ہے۔ اور کَمْ اِنْبَاتًا اَنْبَتَ اللّٰهُ (کتنی بار اگانا اللہ نے اگایا) اور کَمْ اِنْبَاتٍ اَنْبَتَ اللّٰهُ (کس قدر اگانا اللہ نے اگایا ہے) اس میں ممیّز با تمیز مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ اور کَمْ يَوْمًا اِعْتَكَفْتَ (کتنے دن تونے اعتکاف کیا) وَکَمْ يَوْمٍ صُمْتُ (کس قدر دنوں میں روزہ رکھا میں نے) اس میں ممیّز با تمیز مفعول فیہ ہونے کی وجہ منصوب ہے۔

اور اگر کَمْ کے بعد والے فعل کا مفعول مذکور ہو جیسے: کَمْ رَجُلًا ضَرَبْتَهٗ اور کَمْ غُلَامٍ مَلَكْتُهٗ تو اس میں دو ترکیبیں ہو سکتی ہیں۔

(۱) یہ کہ اس کو ما اضمر عاملہ علی شریطۃ التفسیر میں سے بنایا جائے اور فعل مفسَّر اس کے بعد مقدر مانا جائے کیونکہ اگر اس سے پہلے مقدر کریں تو کَمْ کی صدارت فوت ہو جائے گی مثلاً کَمْ رَجُلًا ضَرَبْتَ ضَرَبْتَهٗ پھر دوسرا ضَرَبْتَ اوّل ضَرَبْتَ کی تفسیر کر رہا ہے تو اوّل ضَرَبْتَ کو حذف کر دیا تو اب یہ ممیّز با تمیز مفعول بہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہو گا اور فعل مقدر کا مفعول بہ ہو گا۔

(۲) اس میں دوسری صورت یہ ہے کہ اس کو ما اضمر عاملہ علی شریطۃ التفسیر میں سے نہ بنایا جائے تو پھر ممیّز با تمیز مل کر مبتدا ہو گا اور بعد والا جملہ اس کی خبر ہو گا اور اگر کَمْ کے بعد فعل نہ ہو بلکہ اسم ہو اور وہ اسم ظرف بھی نہ ہو تو ممیّز با تمیز محلًا مرفوع مبتدا ہو گا اور بعد والا اسم خبر ہو گا جیسے: کَمْ رَجُلًا اَخُوْكَ (کتنے مرد تیرے بھائی ہیں) وَکَمْ طَالِبٍ مُجْتَهِدٌ (کس قدر طالب محنتی ہیں) اور اگر کَمْ کے بعد فعل نہ ہو اور کَمْ جس اسم پر داخل ہو وہ ظرف ہو تو ممیّز با تمیز خبر مقدم ہو گا اور بعد والا اسم مبتدا ہو گا جیسے: کَمْ يَوْمًا اِعْتِكَافُكَ (کتنے دن تیرا اعتکاف ہے) اور کَمْ شَهْرٍ صَوْمِيْ (کس قدر زیادہ میرا روزہ ہے)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ترکیب سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مع تعوُّذ و تسمیہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَعُوْذُ فعل اَنَا مستتر فاعل بِاللّٰهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے مِنْ جارہ اَلشَّيْطٰنِ موصوف اَلرَّجِيْمِ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ انشائیہ ابتدائیہ ہوا۔ باء جارہ اِسْمِ مضاف اَللّٰهِ موصوف اَلرَّحْمٰنِ صفت اولیٰ، اَلرَّحِيْمِ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اَبْتَدِئُ کے، اَبْتَدِئُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ ابتدائیہ ہوا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۱ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝۲ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝۳ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝۴

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴: اَلْحَمْدُ مبتدا، لام جارہ اَللّٰهِ موصوف رَبِّ الْعَالَمِيْنَ مرکب اضافی صفت اولیٰ، اَلرَّحْمٰنِ صفت ثانیہ اَلرَّحِيْمِ صفت ثالثہ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ مرکب اضافی صفت رابعہ، موصوف باصفات اربعہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِيَّاكَ ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ مقدم نَعْبُدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِيَّاكَ ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ مقدم نَسْتَعِيْنُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝۵ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۬ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝۶

آیت نمبر ۵، ۶، ۷: اِهْدِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اوّل اَلصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ مرکب توصیفی مبدل منہ صِرَاطَ مضاف اَلَّذِيْنَ اسم موصول اَنْعَمْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ موصوف غَيْرِ مضاف اَلْمَغْضُوْبِ اسم مفعول عَلَيْهِمْ جار با مجرور محل رفع میں اَلْمَغْضُوْبِ کا نائب فاعل، اسم مفعول با نائب فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَلضَّآلِّيْنَ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ اَلَّذِيْنَ کی صفت، موصوف باصفت صِرَاطَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بدل، مبدل منہ با بدل مفعول بہ ثانی، فعل امر با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٓمّٓ ۝۱

آیت نمبر ۱: الٓمّٓ خبر ہے مبتداء محذوف ھٰذِہٖ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَیْبَ ۛۚ فِیْهِ ۛۚ هُدًى لِّلْمُتَّقِیْنَ ۝۲ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ ۝۳ وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْكَ وَمَاۤ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ ۝۴

آیت نمبر ۲، ۳، ۴: ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلْكِتَابُ خبر اوّل لَا نفی جنس رَیْبَ اس کا اسم فِیْهِ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا نفی جنس با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر ثانی هُدًى موصوف لَام جارہ اَلْمُتَّقِیْنَ موصوف اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْغَیْبِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُقِیْمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الصَّلٰوةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مِنْ جارہ مَا اسم موصول رَزَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم، یُنْفِقُوْنَ فعل واؤ ضمیر مرفوع متصل ظاہر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول هُوَ ضمیر مستتر نائب فاعل اِلَیْکَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ حرف جار قَبْلِكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور یُؤْمِنُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بِالْاٰخِرَةِ جار با مجرور متعلق مقدم هُمْ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا، یُنْفِقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَلْمُتَّقِیْنَ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر هُدًى کی صفت، موصوف باصفت ذٰلِكَ کی خبر ثالث، مبتدا با اخبار ثلاثہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝۵

آیت نمبر ۵: اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، عَلٰى جارہ هُدًى موصوف مِنْ جارہ رَبِّهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ، معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، هُمْ ضمیر فصل اَلْمُفْلِحُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ

معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۶﴾

آیت نمبر ۶: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول صلہ اِنَّ کا اسم سَوَآءٌ مصدر بمعنی مُسْتَوٍ اسم فاعل عَلَیْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ بتاویل مصدر ہو کر تقدیر عبارت یوں ہے اِنْذَارُكَ وَعَدَمُ اِنْذَارِكَ، اِنْذَارُكَ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَدَمُ اِنْذَارِكَ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر اِنَّ کی خبر اوّل، لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر ثانی، اِنَّ با اسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَ عَلٰى سَمْعِهِمْ ؕ وَ عَلٰۤى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ؗ وَّ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۷﴾

آیت نمبر ۷: خَتَمَ فعل اَللّٰهُ فاعل عَلٰى جارہ قُلُوْبِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَلٰى جارہ سَمْعِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ عَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم غِشَاوَةٌ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَهُمْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ عَظِيْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَ بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ مَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸﴾

آیت نمبر ۸: واؤ استینافیہ مِنَ النَّاسِ جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ موصوفہ يَقُوْلُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل بِاللّٰهِ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَاء جارہ اَلْيَوْمِ الْاٰخِرِ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ صفت، موصوف با صفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ مَا مشابہ "بہ لَيْسَ هُمْ ضمیر اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ مُؤْمِنِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال ہے يَقُوْلُ کی هُوَ ضمیر فاعل سے۔

يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ وَ مَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّاۤ اَنْفُسَهُمْ وَ مَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۹﴾

آیت نمبر ۹: يُخٰدِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہے یا يَقُوْلُ کی هُوَ ضمیر سے حال ہے، واؤ حالیہ مَا نافیہ يَخْدَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء اَنْفُسَهُمْ مرکب اضافی مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ يَشْعُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال ہے يَخْدَعُوْنَ کی ضمیر فاعل سے۔

فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۙ۬ بِمَا كَانُوْا یَكْذِبُوْنَ ﴿۱۰﴾

آیت نمبر ۱۰: فِیْ جارہ قُلُوْبِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَرَضٌ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء عاطفہ زَادَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، اَللّٰهُ فاعل مَرَضًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَهُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، عَذَابٌ موصوف اَلِیْمٌ صفت اولیٰ، بَاء جارہ مَا مصدریہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَكْذِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، كَانُوْا با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

سوال: آپ نے مَنْ یَّقُوْلُ میں کلمہ مَنْ کو موصوفہ بنایا ہے مَنْ اسم موصول کیوں نہیں بنایا؟

جواب: اگر مَنْ کو اسم موصول بنایا جائے تو وہ اَلَّذِیْ کے معنی میں ہوگا اور اَلَّذِیْ معین قوم کو شامل ہوتا ہے اور یہاں مبہم قوم مراد ہے اس لئے مَنْ کو نکرہ موصوفہ بنایا گیا ہے۔

وَ اِذَا قِیْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ ۙ قَالُوْۤا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قِیْلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل لَهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، لَا تُفْسِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِی الْاَرْضِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ شرط، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ نَحْنُ ضمیر مبتدا، مُصْلِحُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

اَلَاۤ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَ لٰكِنْ لَّا یَشْعُرُوْنَ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: اَلَا حرف تنبیہ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم هُمْ ضمیر فصل اَلْمُفْسِدُوْنَ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہمل لَا یَشْعُرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَ اِذَا قِیْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَاۤ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْۤا اَنُؤْمِنُ كَمَاۤ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ اَلَاۤ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَ لٰكِنْ لَّا یَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم، قِیْلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل لَهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، اٰمِنُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل کَ حرف جر مَا مصدریہ اٰمَنَ فعل اَلنَّاسُ فاعل سے مل کر جملہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِیْمَانًا کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق جملہ انشائیہ امریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ شرط، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، همزہ

استفہامیہ نُؤمِنُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل، کَ جارہ مَا مصدریہ اٰمَنَ فعل اَلسُّفَهَآءُ فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِیْمَانًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اَلَآ حرف تنبیہ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم، هُمْ ضمیر فصل اَلسُّفَهَآءُ خبر، اِنَّ با اسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہمل لَا يَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿١٤﴾

آیت نمبر ۱۴: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم لَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، قَالُوْٓا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم، خَلَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰى جارہ شَيٰطِيْنِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق شرط، قَالُوْٓا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول ہوا، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم مَعَكُمْ مرکب اضافی ثَابِتُوْنَ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مؤکد اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ نَحْنُ ضمیر مبتدا مُسْتَهْزِءُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مؤکِد، مؤکد با مؤکد مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِىْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿١٥﴾

آیت نمبر ۱۵: اَللّٰهُ مبتدا، يَسْتَهْزِئُ فعل هُوَ مستتر فاعل بِهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَمُدُّ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب ذوالحال يَعْمَهُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال مفعول بہ فِىْ جارہ طُغْيَانِهِمْ مرکب اضافی مجرور جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف، مبتدا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۠ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿١٦﴾

آیت نمبر ۱۶: اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِيْنَ اسم موصول اِشْتَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلضَّلٰلَةَ مفعول بہ بِالْهُدٰى متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ مَا نافیہ رَبِحَتْ فعل تِجَارَتُهُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم، مُهْتَدِيْنَ خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِى اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ

فِيْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۰۴: یَا حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل اَیٌّ موصوف یا مبدل منہ ھَا برائے تنبیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ صفت یا بدل، موصوف باصفت یا مبدل منہ بابدل محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر نداء، لَا تَقُوْلُوْا فعل نہی باواؤ ضمیر فاعل قول، رَاعِ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قُوْلُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل قول، اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِسْمَعُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لِلْکَافِرِیْنَ جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، عَذَابٌ اَلِیْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۰۵﴾

آیت نمبر ۱۰۵: مَانافیہ یَوَدُّ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ جارہ اَھْلِ الْکِتٰبِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَلْمُشْرِکِیْنَ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار با مجرور کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، اَنْ ناصبہ یُنَزَّلَ فعل مجہول عَلَیْکُمْ جار با مجرور متعلق مِنْ جارہ زائدہ خَیْرٍ موصوف مِنْ جارہ رَبِّکُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور لفظاً مرفوع محلاً نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتدا، یَخْتَصُّ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِرَحْمَتِہٖ متعلق مَنْ اسم موصول یَشَآءُ فعل با ھُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق ومفعول بہ خبر مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَللّٰہُ مبتدا، ذُوْ مضاف اَلْفَضْلِ الْعَظِیْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ؕ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۰۶﴾

آیت نمبر ۱۰۶: مَا اسم شرط موصوف مِنْ اٰیَۃٍ ظرف مستقر کَائِنَۃٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ مقدم نَنْسَخْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مفعول بہ مقدم سے مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ نُنْسِ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، نَاْتِ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بَاءِ جارہ خَیْرٍ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل مِنْھَا متعلق سے مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ مِثْلِھَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ ہمزہ استفہامیہ لَمْ تَعْلَمْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم، عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ جار با مجرور متعلق مقدم قَدِیْرٌ صیغہ صفت با ھُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد لَمْ تَعْلَمْ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۰۷﴾

آیت نمبر ۱۰۷: ہمزہ حرف استفہام لَمْ تَعْلَمْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم لَہٗ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُلْکُ مضاف اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ لَکُمْ جار با مجرور کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ زائدہ وَلِیٍّ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ نَصِیْرٍ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف محلاً مرفوع ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْـَٔلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ؕ وَ مَنْ يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۱۰۸﴾

آیت نمبر ۱۰۸ : اَمْ عاطفہ منقطعہ تُرِيْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ ناصبہ تَسْـَٔلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل رَسُوْلَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، کَ جارہ مَا مصدریہ سُئِلَ فعل مجہول مُوْسٰى نائب فاعل مِنْ قَبْلُ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف سُؤَالًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، يَتَبَدَّلِ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْكُفْرَ مفعول بہ بِالْاِيْمَانِ متعلق سے مل کر شرط، فاء جزائیہ قَدْ علامت فعل ضَلَّ فعل هُوَ مستتر فاعل سَوَآءَ السَّبِيْلِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا ۖۚ حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ فَاعْفُوْا وَ اصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۰۹﴾

آیت نمبر ۱۰۹ : وَدَّ فعل كَثِيْرٌ موصوف مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل لَوْ بمعنٰی اَنْ (اور یہ معنٰی میں اَنْ کا نائب ہوتا ہے لفظ میں عمل کرنے میں نائب نہیں ہوتا۔ مظہری) يَرُدُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل مِنْ جارہ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق اوّل، كُفَّارًا مفعول بہ ثانی، حَسَدًا موصوف مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول لہ، مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف مَا مصدریہ تَبَيَّنَ فعل لَهُمْ متعلق اَلْحَقُّ فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار با مجرور يَرُدُّوْنَ کے متعلق ثانی، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین و مفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فاء فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ حَالُهُمْ مَاذُكِرَ، اُعْفُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِصْفَحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل حَتّٰى جارہ يَاْتِيَ فعل اَللّٰهُ فاعل بِاَمْرِهٖ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ کی ترکیب آیت (۱۰۶) میں دیکھیے۔

وَ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ وَ مَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۰﴾

آیت نمبر ۱۱۰ : واؤ استینافیہ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ کی ترکیب آیت (۴۳) میں دیکھیے۔ واؤ استینافیہ مَا اسم شرط موصوف مِنْ خَيْرٍ كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ مقدم تُقَدِّمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِاَنْفُسِكُمْ متعلق و مفعول بہ

مقدم سے مل کر شرط، تَجِدُوْا فعل واوٗ ضمیر فاعل ہُ ضمیر مفعول بہ عِنْدَ اللّٰہِ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم بَاء جارہ مَاتَعْمَلُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم بَصِیْرٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ قَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱۱: واوٗ عاطفہ قَالُوْا فعل باواوٗ ضمیر فاعل قول، لَنْ يَّدْخُلَ فعل اَلْجَنَّةَ مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء مَنْ اسم موصول كَانَ ناقصہ هُوْدًا اَوْنَصَارٰى معطوف علیہ با معطوف خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف ہے وَدَّ كَثِيْرٌ پر۔ تِلْكَ اسم اشارہ مبتدا، اَمَانِيُّهُمْ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر قول، هَاتُوْا اسم فعل بمعنی امر واوٗ ضمیر فاعل بُرْهَانَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ اِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، جزاء محذوف ہے فَهَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

بَلٰى ۚ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَ هُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗٓ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۠ وَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

آیت نمبر ۱۱۲: بَلٰى حرف ایجاب مَنْ اسم شرط مبتدا، اَسْلَمَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال واوٗ حالیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، مُحْسِنٌ اسم فاعل با ھُوَ مستتر فاعل خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال با حال اَسْلَمَ کا فاعل وَجْهَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ لِلّٰهِ متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ لَهٗ جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَجْرُهٗ مرکب اضافی ذوالحال عِنْدَ رَبِّهٖ مرکب اضافی ثَابِتًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال با حال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر معطوف علیہ، واوٗ عاطفہ لَا نافیہ خَوْفٌ مبتدا عَلَيْهِمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف اوّل، واوٗ عاطفہ لَا نافیہ هُمْ ضمیر مبتدا يَحْزَنُوْنَ فعل با واوٗ ضمیر فاعل خبر، مبتدا با خبر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۴ ❁

وَ قَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَيْءٍ ۠ وَّ قَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَيْءٍ ۙ وَّ هُمْ يَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

آیت نمبر ۱۱۳: واوٗ استینافیہ قَالَتْ فعل اَلْيَهُوْدُ فاعل سے مل کر قول، لَيْسَتْ فعل ناقص اَلنَّصَارٰى اس کا اسم عَلٰى شَيْءٍ جار با مجرور

كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر مقولہ، قول بامقولہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، يَتْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْكِتٰبَ مفعول بہ سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے اَلْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى سے۔ كَذٰلِكَ جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف قولًا کے مفعول مطلق مقدم قَالَ فعل اَلَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ موصول با صلہ فاعل مِثْلَ قَوْلِهِمْ مرکب اضافی قَالَ کا مفعول بہ (املاءامن بہ الرحمٰن) فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاءِ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، يَحْكُمُ فعل هُوَ مستتر فاعل بَيْنَ مضاف هُمْ ضمیر ذوالحال يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ فِيْ جارہ مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَخْتَلِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهِ متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومفعول فیہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِيْنَ ؕ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۱۴﴾

آیت نمبر ۱۱۴: واؤ استینافیہ مَنْ اسم استفہام مبتدا، اَظْلَمُ اسم تفضیل هُوَ ضمیر مستتر فاعل مِنْ جارہ مَنْ اسم موصول مَنَعَ فعل هُوَ مستتر فاعل مَسٰجِدَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل، اَنْ ناصبہ يُذْكَرَ فعل مجہول فِيْهَا متعلق اِسْمُهٗ مرکب اضافی نائب فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَعٰى فعل هُوَ مستتر فاعل فِيْ خَرَابِهَا متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور اَظْلَمُ کے متعلق، اسم تفضیل بافاعل ومتعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص لَهُمْ جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَنْ ناصبہ يَدْخُلُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال اِلَّا حرف استثناء خَآئِفِيْنَ حال، ذوالحال باحال فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر اسم موخر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَهُمْ جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِي الدُّنْيَا كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، خِزْيٌ ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مبتدا موخر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَهُمْ جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، فِي الْاٰخِرَةِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عَذَابٌ عَظِيْمٌ مرکب توصیفی ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مبتدا موخر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾

آیت نمبر ۱۱۵: واؤ عاطفہ لِلّٰهِ جار بامجرور كَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَلْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ معطوف علیہ بامعطوف مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ فَاءِ استینافیہ اَيْنَمَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم تُوَلُّوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل ومفعول فیہ مقدم شرط، فَاءِ جزائیہ ثَمَّ ظرف مکان كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم وَجْهُ اللّٰهِ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ

ہوا۔اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم وَاسِعٌ عَلِیْمٌ دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿۱۱۶﴾

آیت نمبر ۱۱۶: واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، اِتَّخَذَ فعل اَللّٰہُ فاعل وَلَدًا مفعول بہ سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ وَقَالُوْا لَنْ یَّدْخُلَ .... الخ پر معطوف ہے۔ سُبْحَانَہٗ مرکب اضافی مفعول مطلق فعل محذوف اُسَبِّحُ کا، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ معترضہ ہوا۔ بَلْ عاطفہ لَہٗ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول فِیْ جارہ اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ کُلٌّ مبتدا، قَانِتُوْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل لَہٗ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۱۱۷﴾

آیت نمبر ۱۱۷: بَدِیْعُ مضاف اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قَضٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل اَمْرًا مفعول بہ سے مل کر شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ یَقُوْلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَہٗ متعلق سے مل کر قول، کُنْ فعل امر تام اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فاء استینافیہ یَکُوْنُ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۱۱۸﴾

آیت نمبر ۱۱۸: واؤ استینافیہ قَالَ فعل اَلَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، لَوْلَا حرف تحضیض یُکَلِّمُ فعل نَا ضمیر مفعول بہ اَللّٰہُ فاعل سے مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ تَاْتِیْ فعل نَا ضمیر مفعول بہ اٰیَۃٌ فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ مستانفہ ہوا۔ کَذٰلِکَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف قَوْلًا کے مفعول مطلق مقدم، قَالَ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِھِمْ جار با مجرور ثَبَتُوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ فاعل مِثْلَ قَوْلِھِمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ تَشَابَھَتْ فعل قُلُوْبُھُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَدْ علامت فعل بَیَّنَّا فعل نَا ضمیر فاعل اَلْاٰیَاتِ مفعول بہ لَام جارہ قَوْمٍ موصوف یُوْقِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ خبریہ ہوا۔

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۙ وَّلَا تُسْـَٔلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۹﴾

آیت نمبر ۱۱۹: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کَ ضمیر ذوالحال بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال اولیٰ، بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا معطوف علیہ با معطوف حال دوم، ذوالحال با حالین مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر

جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔واؤ استینافیہ لَا تُسْئَلُ فعل مجہول اَنْتَ مستتر نائب فاعل عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِیْمِ متعلق سے مل کر جملہ مستانفہ ہوا۔

وَلَنْ تَرْضٰی عَنْكَ الْیَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰی حَتّٰی تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ؕ قُلْ اِنَّ هُدَی اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰی ؕ وَ

لَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ الَّذِیْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ ﴿۱۲۰﴾

آیت نمبر ۱۲۰: واؤ استینافیہ لَنْ تَرْضٰی فعل عَنْكَ جار با مجرور متعلق اَلْیَهُوْدُ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَلنَّصَارٰی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل حَتّٰی جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَتَّبِعَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل مِلَّتَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق هُدَی اللّٰهِ مرکب اضافی اس کا اسم هُوَ مبتدا، اَلْهُدٰی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم قسم محذوف ہے اِنْ شرطیہ اِتَّبَعْتَ فعل تَا مفتوحہ فاعل اَهْوَآءَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ بَعْدَ مضاف اَلَّذِیْ اسم موصول جَآءَ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مِنَ الْعِلْمِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل کَ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، مَا نافیہ لَكَ جار با مجرور ظرف مستقر متعلق ثَابِتَانِ کے خبر مقدم مِنَ اللّٰهِ ظرف مستقر دَافِعَیْنِ کے متعلق ہو کر حال مقدم، مِنْ جارہ زائدہ وَلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ محلًا مرفوع ذوالحال موخر، ذوالحال با حال مبتدا موخر، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء جواب قسم، قسم محذوف با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ یَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۲۱﴾

آیت نمبر ۱۲۱: اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل اَلْكِتٰبَ ذوالحال یَتْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ مرکب اضافی مفعول مطلق سے مل کر حال، ذوالحال با حال مفعول ثانی، فعل با فاعل و مفعولین صلہ، موصول با صلہ مبتدا، اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، یُؤْمِنُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، یَكْفُرْ فعل هُوَ مستتر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر شرط، فاء جزائیہ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا هُمْ ضمیر مبتدا ثانی اَلْخَاسِرُوْنَ خبر، مبتدا با خبر مبتدا، اوّل کی خبر، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۵ ❁

یٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِیَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتُ عَلَیْكُمْ وَاَنِّیْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَ

اتَّقُوْا یَوْمًا لَّا تَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَیْئًا وَّلَا یُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّ

لَا هُمْ يُنْصَرُونَ ﴿۱۲۳﴾

آیت نمبر ۱۲۲، ۱۲۳: يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ ان دونوں آیتوں کی ترکیب آیت نمبر ۴۷ اور ۴۸ میں دیکھیے۔

وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّيْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ؕ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۲۴﴾

آیت نمبر ۱۲۴: واؤ استینافیہ اِذْ مضاف اِبْتَلٰى فعل اِبْرَاهِيْمَ مفعول بہ رَبُّهٗ مرکب اضافی فاعل بِكَلِمَاتٍ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَتَمَّ فعل هُوَ مستتر فاعل هُنَّ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ ہوا فعل محذوف اُذْكُرْ کا، قَالَ فعل با هُوَ مستتر فاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق يَاء ضمیر اس کا اسم جَاعِلُ اسم فاعل مضاف کَ ضمیر مضاف الیہ معنًی مفعول بہ اوّل، لِلنَّاسِ جار با مجرور متعلق اِمَامًا مفعول بہ ثانی، اسم فاعل بامفعولین و متعلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالَ فعل با هُوَ مستتر فاعل قول، واؤ عاطفہ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ اس کی تقدیر عبارت اِجْعَلْ فَرِيْقًا مِنْ ذُرِّيَّتِيْ اِمَامًا، قَالَ فعل با هُوَ مستتر فاعل قول، لَا يَنَالُ فعل عَهْدِيْ مرکب اضافی فاعل الظَّالِمِيْنَ مفعول بہ سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ؕ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى ؕ وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿۱۲۵﴾

آیت نمبر ۱۲۵: واؤ عاطفہ اِذْ مضاف جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلْبَيْتَ مفعول بہ اوّل، مَثَابَةً موصوف لِلنَّاسِ جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمْنًا معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول ثانی، فعل بافاعل و مفعولین معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِتَّخِذُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ مَقَامِ اِبْرَاهِيْمَ متعلق مُصَلًّى مفعول بہ سے مل کر قُلْنَا محذوف کا مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ ہوا فعل محذوف اُذْكُرْ کا۔ واؤ عاطفہ عَهِدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلٰى جارہ اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْمَاعِيْلَ معطوف علیہ با معطوف مفسَّر، اَنْ حرف تفسیر طَهِّرَا فعل الف ضمیر فاعل بَيْتِيَ مرکب اضافی مفعول بہ، لَام جارہ الطَّآئِفِيْنَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْعَاكِفِيْنَ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَلرُّكَّعِ السُّجُوْدِ مرکب توصیفی معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ مفسِّر، مفسَّر با مفسِّر مجرور عَهِدْنَا کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف ہے جَعَلْنَا پر۔

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ قَالَ وَمَنْ كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا ثُمَّ اَضْطَرُّهٗٓ اِلٰى عَذَابِ النَّارِ ؕ وَ

بِئْسَ الْمَصِیْرُ ﴿۱۲۶﴾

آیت نمبر ۱۲۶: واؤ عاطفہ اِذْ مضاف قَالَ فعل اِبْرَاھِیْمُ فاعل سے مل کر قول، رَبِّ یہ اصل میں یَارَبِّیْ ہے اور یہ نداء ہے اِجْعَلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ھٰذَا اسم اشارہ محلاً منصوب مفعول بہ اوّل بَلَدًا اٰمِنًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُرْزُقْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مِنَ الثَّمَرٰتِ جار بامجرور متعلق اَھْلَهٗ مرکب اضافی مبدل منہ، مَنْ اسم موصول اٰمَنَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال مِنْھُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل بِ جارہ اَللّٰہِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْیَوْمِ الْاٰخِرِ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ بدل، مبدل منہ بابدل اُرْزُقْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، قَالَ فعل باھُوَ مستتر فاعل قول، واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول کَفَرَ فعل باھُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول باصلہ بواسطہ عطف کے مفعول بہ ہوا اُرْزُقْ کا، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔

فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اَرْزُقُهٗ، اُمَتِّعُ فعل اَنَا مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اوّل، قَلِیْلًا بواسطہ موصوف محذوف تَمَتُّعًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ اَضْطَرُّ فعل اَنَا مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اِلٰی عَذَابِ النَّارِ متعلق سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مقولہ ہوا قَالَ اللّٰہُ محذوف کا، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ بِئْسَ فعل ذم اَلْمَصِیْرُ فاعل سے مل کر خبر مقدم، مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے اَلنَّارُ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔

وَ اِذْ یَرْفَعُ اِبْرٰھِمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَیْتِ وَ اِسْمٰعِیْلُ ؕ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۱۲۷﴾

آیت نمبر ۱۲۷: واؤ عاطفہ اِذْ مضاف یَرْفَعُ فعل اِبْرَاھِیْمُ وَاِسْمَاعِیْلُ معطوف علیہ بامعطوف ذوالحال رَبَّنَا اصل میں یَارَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے تَقَبَّلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل مِنَّا متعلق سے مل کر جواب نداء، نداء باجواب نداء یَقُوْلَانِ محذوف کا مقولہ ہوا، قول بامقولہ حال، ذوالحال باحال یَرْفَعُ کا فاعل اَلْقَوَاعِدَ ذوالحال مِنَ الْبَیْتِ ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، اِنَّ حرف تحقیق ک ضمیر اس کا اسم اَنْتَ ضمیر مبتدا، اَلسَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ دو خبر، مبتدا باخبریں اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

رَبَّنَا وَ اجْعَلْنَا مُسْلِمَیْنِ لَكَ وَ مِنْ ذُرِّیَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۪ وَ اَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَ تُبْ عَلَیْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ﴿۱۲۸﴾

آیت نمبر ۱۲۸: رَبَّنَا یہ اصل میں یَارَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے واؤ عاطفہ اِجْعَلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اوّل، مُسْلِمَیْنِ موصوف لَكَ جار بامجرور کَائِنَیْنِ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول ثانی، فعل بافاعل و مفعولین معطوف علیہ،

واؤ عاطفہ مِنْ ذُرِّیَّتِنَا جار با مجرور فعل محذوف اِجْعَلْ کا مفعول بہ ثانی، اُمَّۃً موصوف مُسْلِمَۃً اسم فاعل ھِیَ مستتر فاعل لَکَ متعلق سے مل کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ اوّل، اِجْعَلْ مقدر بافاعل ومفعولین معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَرِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اوّل، مَنَاسِکَنَا مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ تُبْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلَیْنَا جار با مجرور متعلق، تینوں مل کر معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق کَ ضمیر اس کا اسم اَنْتَ ضمیر فصل اَلتَّوَّابُ الرَّحِیْمُ دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

رَبَّنَا وَ ابْعَثْ فِیْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِكَ وَ یُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَ یُزَكِّیْهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۱۲۹﴾

آیت نمبر ۱۲۹: رَبَّنَا یہ اصل یَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے واؤ عاطفہ اِبْعَثْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل فِیْهِمْ جار با مجرور متعلق رَسُوْلًا موصوف مِنْهُمْ کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، یَتْلُوْا فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَیْهِمْ متعلق اٰیٰتِکَ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُعَلِّمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل اَلْکِتَابَ وَالْحِکْمَۃَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ یُزَکِّیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھِمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین رَسُوْلًا کی صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ اِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ کی ترکیب اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ کی مثل ہے۔

رکوع نمبر ۱۶

وَ مَنْ یَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ ؕ وَ لَقَدِ اصْطَفَیْنٰهُ فِی الدُّنْیَا ۚ وَ اِنَّهٗ فِی الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۳۰﴾

آیت نمبر ۱۳۰: واؤ استینافیہ مَنْ اسم استفہام مبتدا، یَرْغَبُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر مبدل منہ، اِلَّا حرف استثناء مَنْ اسم موصول سَفِہَ فعل ھُوَ مستتر فاعل نَفْسَہٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر بدل، مبدل منہ بابدل فاعل عَنْ جار مِلَّۃِ اِبْرَاھِیْمَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم قَدْ علامت فعل اِصْطَفَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر ذوالحال فِی الْاٰخِرَۃِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اس کا اسم لَام مزحلقہ مِنَ الصَّالِحِیْنَ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ فِی الدُّنْیَا جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ ہوا۔

اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗۤ اَسْلِمْ ۙ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۳۱﴾

آیت نمبر ۱۳۱: اِذْ مضاف قَالَ فعل لَہٗ جار با مجرور متعلق رَبُّہٗ مرکب اضافی فاعل سے مل کر قول، اَسْلِمْ فعل امر با اَنْتَ مستتر

فاعل مقولہ، قول بامقولہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ ہوا فعل محذوف اُذْکُر کا، قَالَ فعل باھُوَ مستتر فاعل قول ہوا۔ اَسْلَمْتُ فعل تَاء مضمومہ فاعل لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ متعلق سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَ وَصّٰی بِهَاۤ اِبْرٰهٖمُ بَنِیْهِ وَ یَعْقُوْبُ ؕ یٰبَنِیَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰی لَكُمُ الدِّیْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ؕ﴿۱۳۲﴾

آیت نمبر ۱۳۲: واؤ عاطفہ وَصّٰی فعل بِهَا جار بامجرور متعلق اِبْرَاهِیْمُ وَیَعْقُوْبُ معطوف علیہ بامعطوف فاعل بَنِیْهِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ یَاء حرف ندا اَدْعُوْ کے قائم مقام، بَنِیَّ مرکب اضافی منادیٰ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ندا، اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم اِصْطَفٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار بامجرور متعلق اَلدِّیْنَ مفعول بہ سے مل کر ندا کا جواب، ندا باجواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ ہے قُلْنَا محذوف کا، قول بامقولہ حال ہے وَصّٰی کے فاعل سے، فَاء فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا عَرَفْتُمْ هٰذَا، لَاتَمُوْتُنَّ فعل واؤ محذوفہ ذوالحال اِلَّا حرف استثناء واؤ حالیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، مُسْلِمُوْنَ خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ نہیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ یَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ۙ اِذْ قَالَ لِبَنِیْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْۢ بَعْدِیْ ؕ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَ اِلٰهَ اٰبَآىِٕكَ اِبْرٰهٖمَ وَ اِسْمٰعِیْلَ وَ اِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۖۚ وَّ نَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۳﴾

آیت نمبر ۱۳۳: اَمْ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تقدیر عبارت ہے اَتَدَّعُوْنَ عَلَى الْاَنْبِیَآءِ الْیَهُوْدِیَّةَ، كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم شُهَدَآءَ صیغہ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل اِذْ مضاف حَضَرَ فعل یَعْقُوْبَ مفعول بہ اَلْمَوْتُ فاعل سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبدل منہ، اِذْ مضاف قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لِبَنِیْهِ متعلق سے مل کر قول، مَا اسم استفہام مفعول بہ مقدم تَعْبُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ بَعْدِیْ ظرف مستقر كَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ مقدم مقولہ، قول بامقولہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بدل، مبدل منہ بابدل شُهَدَآءَ کا مفعول فیہ، اسم فاعل بافاعل و مفعول فیہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ انشائیہ ہوا۔

قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل قول ہوا، نَعْبُدُ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل اِلٰهَكَ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلٰهَ مضاف اٰبَآئِكَ مرکب اضافی مبدل منہ اِبْرَاهِیْمَ وَاِسْمَاعِیْلَ وَاِسْحَاقَ معطوف علیہ با معطوفین بدل، مبدل منہ بابدل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبدل منہ، اِلٰهًا وَّاحِدًا مرکب توصیفی بدل، مبدل منہ با بدل مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ نَحْنُ ضمیر مبتدا، مُسْلِمُوْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل لَهٗ متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے نَعْبُدُ کے فاعل سے یا مفعول سے، اور اگر واؤ عاطفہ ہو تو پھر یہ جملہ اسمیہ معطوف ہو گا نَعْبُدُ پر۔

تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ لَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَ لَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۴﴾

آیت نمبر ۱۳۴: تِلْكَ اسم اشارہ مبتدا اُمَّةٌ موصوف قَدْ علامت فعل خَلَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل سے مل کر صفت، موصوف...

صفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَهَا جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا كَسَبَتْ موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ لَا تُسْئَلُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل عَنْ جارہ مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم وخبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ مستانفہ ہوا۔

وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا ؕ قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۳۵﴾

آیت نمبر ۱۳۵: واؤ استینافیہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، كُوْنُوْا فعل امر ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم هُوْدًا اَوْ نَصَارٰى معطوف علیہ بامعطوف خبر، فعل ناقص با اسم وخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ تَهْتَدُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جزاء، شرط محذوف ہے اِنْ تَكُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصَارٰى، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قُلْ فعل امر با اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل قول، بَلْ عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے لَا نَتَّبِعُ مِلَّةَ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى، مِلَّةَ مضاف اِبْرَاهِيْمَ ذوالحال حَنِيْفًا حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ فعل محذوف نَتَّبِعُ کا، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر فاعل مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، كَانَ بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَآ اُوْتِيَ النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۖ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۶﴾

آیت نمبر ۱۳۶: قُوْلُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل بَاء جارہ اَللّٰهِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلَيْنَا جار با مجرور متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلٰى جارہ اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْمَاعِيْلَ وَاِسْحَاقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ مَا اسم موصولہ اُوْتِيَ فعل مجہول مُوْسٰى وَعِيْسٰى معطوف علیہ بامعطوف نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل صلہ، موصول باصلہ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اُوْتِيَ فعل مجہول اَلنَّبِيُّوْنَ نائب فاعل مِنْ رَّبِّهِمْ متعلق سے مل کر معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ مجرور، جار با مجرور اٰمَنَّا کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ لَا نُفَرِّقُ فعل نَحْنُ مستتر ذوالحال واؤ حالیہ نَحْنُ ضمیر مبتدا مُسْلِمُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل لَهٗ متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال لَا نُفَرِّقُ کا فاعل بَيْنَ مضاف اَحَدٍ موصوف مِنْهُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے اٰمَنَّا کے فاعل سے۔

فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِيْ شِقَاقٍ ۚ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ

اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳۷﴾

آیت نمبر ۱۳۷: فَاءِ استینافیہ اِنْ شرطیہ اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاءِ جارہ مِثْلِ مضاف مَا اسم موصول اٰمَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاءِ جزائیہ قَدْ علامت فعل اِهْتَدَوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ تَوَلَّوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل شرط، فَاءِ جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ هُمْ ضمیر مبتدا، فِيْ شِقَاقٍ جار بامجرور کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ فَاءِ عاطفہ سِین علامت فعل يَكْفِيْ فعل اَللّٰهُ فاعل کَ ضمیر مفعول بہ اول هُمْ ضمیر مفعول بہ ثانی واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، اَلسَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۫ وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ﴿۱۳۸﴾

آیت نمبر ۱۳۸: صِبْغَةَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول مطلق فعل محذوف صَبَغَ کا تقدیر عبارت ہے صَبَغَنَا اللّٰهُ صِبْغَةً، واؤ عاطفہ مَنْ اسم استفہام مبتدا، اَحْسَنُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنَ اللّٰهِ جار بامجرور متعلق صِبْغَةً تمیز سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ نَحْنُ ضمیر مبتدا، عَابِدُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل لَهٗ متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِي اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ وَلَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ﴿۱۳۹﴾

آیت نمبر ۱۳۹: قُلْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، همزہ استفہامیہ تُحَاجُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ فِيْ جارہ اَللّٰهِ ذوالحال واؤ حالیہ هُوَ ضمیر مبتدا، رَبُّنَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَبُّكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَنَا ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَعْمَالُنَا مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَكُمْ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَعْمَالُكُمْ مرکب اضافی ذوالحال، واؤ حالیہ نَحْنُ ضمیر مبتدا مُخْلِصُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل لَهٗ متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال باحال مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۰﴾

آیت نمبر ۱۴۰: اَمْ منقطعہ تَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْمَاعِيْلَ وَاِسْحَاقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطَ معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ اِنَّ کا اسم كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم هُوْدًا اَوْ نَصَارٰى معطوف علیہ بامعطوف خبر، فعل

ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر مقولہ، قول با مقولہ لفظاً جملہ انشائیہ معنًی جملہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل قول، همزه استفهامیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا اَعْلَمُ اسم تفضیل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا خبر محذوف ہے اَعْلَمُ، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ مَنْ اسم استفہام مبتدا، اَظْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ مَنْ اسم موصول كَتَمَ فعل هُوَ مستتر فاعل شَهَادَةً موصوف عِنْدَهٗ مرکب اضافی ثَابِتَةً کا مفعول فیہ ہو کر صفت اولی، مِنَ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا حجازیہ اَللّٰهُ اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ غَافِلٍ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل عَنْ جارہ مَا تَعْمَلُوْنَ موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق، اسم فاعل با فاعل و متعلق محلاً منصوب خبر، مَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۱﴾

آیت نمبر ۱۴۱: تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ اس کی ترکیب آیت نمبر ۱۳۴ میں گزر چکی ہے۔

رکوع نمبر ۱۷

سَيَقُوْلُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلّٰىهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِيْ كَانُوْا عَلَيْهَا ۚ قُلْ لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۴۲﴾

آیت نمبر ۱۴۲: سِیْن علامت فعل يَقُوْلُ فعل اَلسُّفَهَآءُ ذوالحال مِنَ النَّاسِ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل جملہ خبریہ ہو کر قول، مَا استفہامیہ مبتدا، وَلّٰی فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ عَنْ حرف جار قِبْلَتِهِمْ مرکب اضافی موصوف اَلَّتِيْ اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم عَلَيْهَا ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ استفہامیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل جملہ انشائیہ امریہ قول، لِلّٰهِ ظرف مستقر كَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَلْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ معطوف علیہ با معطوف مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ يَهْدِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل مَنْ اسم موصول يَشَآءُ فعل با هُوَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ اِلٰى حرف جار صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ۗ وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِيْ كُنْتَ عَلَيْهَآ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ ۗ وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً اِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ ۗ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ

بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴۳﴾

آیت نمبر ۱۴۳: واؤ استینافیہ کَذٰلِکَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جَعْلًا کے مفعول مطلق مقدم جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اُمَّۃً وَّسَطًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، لَام حرف جر اس کے بعد اَنْ مقدر تَکُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم شُهَدَآءَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل اور عَلَی النَّاسِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَکُوْنَ فعل ناقص الرَّسُوْلُ اس کا اسم شَهِیْدًا صفت مشبہ هُوَ مستتر فاعل اور عَلَیْکُمْ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور جَعَلْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفاعیل ثلاثہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ مَا نافیہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلْقِبْلَةَ موصوف اَلَّتِیْ اسم موصول کُنْتَ فعل ناقص تَاء مفتوحہ ضمیر اس کا اسم عَلَیْهَا ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ اوّل اور اس کا مفعول ثانی مَنْسُوْخَةً محذوف ہے (مظہری) اِلَّا حرف استثناء لغو لَام حرف جار اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نَعْلَمُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مَنْ اسم موصول یَتَّبِعُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلرَّسُوْلَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، مِنْ جارہ مَنْ اسم موصول یَنْقَلِبُ فعل هُوَ ضمیر ذوالحال عَلٰی عَقِبَیْهِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور نَعْلَمُ کے متعلق ہوئے کیونکہ نَعْلَمُ "نُمَیِّزُ" کے معنی کو متضمن ہے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور مستثنٰی مفرغ (حاشیہ الجمل) متعلق جَعَلْنَا کے، فعل بافاعل ومفعولین ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واؤ حالیہ اِنْ مخففہ مِن الثقلہ هَا ضمیر محذوف اس کا اسم کَانَتْ فعل ناقص هِیَ ضمیر اس کا اسم لَام فارقہ کَبِیْرَةً صفت مشبہ هِیَ ضمیر اس کا فاعل اِلَّا حرف استثناء عَلٰی حرف جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول هَدٰی فعل اَللّٰهُ فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور مستثنٰی مفرغ متعلق ہوئے کَبِیْرَةً کے، صفت مشبہ بافاعل ومتعلق خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنْ مخففہ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال ہے اَلْقِبْلَةَ سے۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ کَانَ فعل ناقص اَللّٰهُ اس کا اسم لَام جحدیہ جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُضِیْعَ فعل هُوَ مستتر فاعل اِیْمَانَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور مُرِیْدًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم بِالنَّاسِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہے رَءُوْفٌ کے یا رَحِیْمٌ کے، لَام مزحلقہ رَءُوْفٌ خبر اوّل، رَحِیْمٌ خبر ثانی، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِی السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّیَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۪ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَحَیْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ؕ وَاِنَّ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَیَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۴﴾

آیت نمبر ۱۴۴: قَدْ حرف تحقیق نَرٰی فعل نَحْنُ مستتر فاعل تَقَلُّبَ مضاف وَجْهِکَ مرکب اضافی مضاف الیہ فِی السَّمَآءِ جار

بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے تَقَلُّبَ کے،مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔فَاء تعلیلیہ (حاشیہ الجمل) لَام موطۂ للقسم لَنُوَلِّيَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کَ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل،قِبْلَةً موصوف تَرْضٰى فعل اَنْتَ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔فَاء فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا وَلَّيْنَاكَ اِلٰى قِبْلَةٍ تَرْضٰهَا (از فقیر) وَلِّ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل وَجْهَكَ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل، شَطْرَ مضاف اَلْمَسْجِدِ الْحَرَامِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ حَيْثُمَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم كُنْتُمْ فعل تام تُمْ ضمیر فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے مل کر شرط،فَاء جزائیہ وَلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل وُجُوْهَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ شَطْرَهٗ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔واؤ استینافیہ اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اسم موصول اُوْتُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اَلْكِتٰبَ مفعول ثانی سے مل کر صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم لَام مزحلقہ يَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم اَلْحَقُّ ذوالحال مِنْ رَّبِّهِمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ يَعْلَمُوْنَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔واؤ استینافیہ مَا حجازیہ لفظ اَللّٰهُ اس کا اسم بِ جارہ زائدہ غَافِلٍ اسم فاعل هُوَ مستتر اس کا فاعل، عَنْ جارہ مَا موصولہ يَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق محلاً منصوب خبر، مَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ استینافیہ ہوا۔

وَلَئِنْ اَتَيْتَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ بِكُلِّ اٰيَةٍ مَّا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ ۚ وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ مِّنْ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ اِنَّكَ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۵﴾

آیت نمبر ۱۴۵: واؤ استینافیہ لَام موطۂ للقسم اِنْ شرطیہ اَتَيْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر اس کا فاعل اَلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ موصول باصلہ مفعول بہ، بِ حرف جار كُلِّ اٰيَةٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، مَا نافیہ تَبِعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل قِبْلَتَكَ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا حجازیہ اَنْتَ ضمیر اس کا اسم بِ جارہ زائدہ تَابِعٍ اسم فاعل اَنْتَ مستتر فاعل قِبْلَتَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر محلاً منصوب خبر، مَا اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا حجازیہ بَعْضُهُمْ مرکب اضافی اس کا اسم بِ حرف جار زائدہ تَابِعٍ اس کا فاعل هُوَ مستتر فاعل قِبْلَةَ بَعْضٍ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر محلاً منصوب خبر، مَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ (اور شرط کی جزاء کی ضرورت نہیں اس لئے کہ جب شرط اور قسم جمع ہو جائیں تو جواب اس کا ہوتا ہے جو ان میں سے مقدم ہو)

واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اِنْ شرطیہ اِتَّبَعْتَ فعل تَآء مفتوحہ ضمیر فاعل اَھْوَآئَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف مَا اسم موصول جَآءَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنَ الْعِلْمِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم اِذًا حرف جزاء مہملہ لَام مذحلقہ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب قسم اور جزاء کی ضرورت نہیں ہے، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰھُمُ الْکِتٰبَ یَعْرِفُوْنَهٗ کَمَا یَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَھُمْ ؕ وَاِنَّ فَرِیْقًا مِّنْھُمْ لَیَکْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَھُمْ یَعْلَمُوْنَ ﴿۱۴۶﴾

آیت نمبر ۱۴۶: اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ مفعول بہ اوّل، اَلْکِتَابَ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا، یَعْرِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ کَ حرف جار مَا مصدریہ یَعْرِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَبْنَآءَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف مَعْرِفَةً کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق فَرِیْقًا موصوف مِنْھُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اِنَّ کا اسم لَام مذحلقہ یَکْتُمُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا، یَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال فاعل اَلْحَقَّ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے یَعْرِفُوْنَ کی ضمیر فاعل سے۔

اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّکَ فَلَا تَکُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِیْنَ ﴿۱۴۷﴾

آیت نمبر ۱۴۷: اَلْحَقُّ مبتدا، مِنْ رَّبِّکَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (مظہری) فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا جَآءَ الْحَقُّ مِنَ اللّٰهِ، لَاتَکُوْنَنَّ فعل ناقص اَنْتَ ضمیر مستتر اس کا اسم مِنَ الْمُمْتَرِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۸ ❁

وَلِکُلٍّ وِّجْھَةٌ ھُوَ مُوَلِّیْھَا فَاسْتَبِقُوا الْخَیْرٰتِ ؕ اَیْنَ مَا تَکُوْنُوْا یَاْتِ بِکُمُ اللّٰهُ جَمِیْعًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۱۴۸﴾

آیت نمبر ۱۴۸: واؤ استینافیہ لِکُلٍّ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم وِجْھَةٌ موصوف ھُوَ ضمیر مبتدا، مُوَلِّیْھَا مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر صفت، موصوف باصفت مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِذَا اَرَدْتُّمْ مَعْرِفَةَ الْاَصْوَبِ، فَاء جزائیہ اِسْتَبِقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلْخَیْرَاتِ منصوب بنزع الخافض (دراصل اِلَی الْخَیْرَاتِ ہے) متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اَیْنَ مَا اسم شرط منصوب محلاً کَائِنِیْنَ کا مفعول

فیہ ہو کر خبر مقدم تَكُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، یَاْتِ فعل بَاْء جارہ كُمُ ضمیر مؤکد جَمِیْعًا تاکید، مؤکد با تاکید مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اَللّٰهُ فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ جار با مجرور متعلق مقدم قَدِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَاِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝۱۴۹

تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰى ؕ وَلَا يَاْبَ الشُّهَدَآءُ اِذَا مَا دُعُوْا ؕ وَلَا تَسْـَٔمُوْٓا
اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا اِلٰٓى اَجَلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰٓى
اَلَّا تَرْتَابُوْٓا اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا
تَكْتُبُوْهَا ؕ وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۪ وَلَا يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ؕ وَاِنْ تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ
فُسُوْقٌۢ بِكُمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۲۸۲

آیت نمبر ۲۸۲: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اس کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے، اِذَا ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم، تَدَايَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بَاء حرف جر دَيْنٍ موصوف اِلٰى حرف جار اَجَلٍ مُّسَمًّى مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق شرط، فَاء جزائیہ اُكْتُبُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط با جزاء جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لِيَكْتُبْ فعل امر بَيْنَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ كَاتِبٌ فاعل بِالْعَدْلِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول فیہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يَاْبَ فعل نہی كَاتِبٌ فاعل اَنْ ناصبہ يَكْتُبَ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل، کاف حرف جار مَا مصدریہ عَلَّمَ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰهُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف كِتَابَةً کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض یہ اصل میں مِنْ اَنْ ...الخ ہے، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ نہیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتُمْ هٰذَا الْحُكْمَ، لِيَكْتُبْ فعل امر هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لِيُمْلِلْ فعل امر اَلَّذِيْ اسم موصول عَلَيْهِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَلْحَقُّ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لِيَتَّقِ فعل امر هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل

اَللّٰہَ رَبَّہٗ مبدل منہ با بدل مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف اوّل،واؤ عاطفہ لَایَبْخَسْ فعل نہی ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل مِنْہُ ظرف مستقر کَائِنًاکے متعلق ہوکر حال مقدم شَیْئًا ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

فَاء استینافیہ اِنْ شرطیہ کَانَ فعل ناقص اَلَّذِیْ اسم موصول عَلَیْہِ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہوکر خبر مقدم اَلْحَقُّ مبتدا موخر، پھر مبتدا موخر خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ کَانَ کا اسم سَفِیْھًا معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ ضَعِیْفًا معطوف اوّل، اَوْ حرف عطف لَایَسْتَطِیْعُ فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اَنْ ناصبہ یُمِلَّ فعل ھُوَ ضمیر منفصل فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین کَانَ کی خبر، کَانَ اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ لِیُمْلِلْ فعل امر وَلِیُّہٗ مرکب اضافی فاعل بِالْعَدْلِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اِسْتَشْھِدُوْا فعل امر واؤ ضمیر اس کا فاعل شَھِیْدَیْنِ موصوف مِنْ رِّجَالِکُمْ کَائِنَیْنِ کے متعلق ہوکر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل امر با فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فَاء استینافیہ اِنْ شرطیہ لَمْ یَکُوْنَا فعل ناقص الف ضمیر مرفوع متصل محلاً مرفوع اس کا اسم رَجُلَیْنِ اس کی خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط، فَاء جزائیہ رَجُلٌ وَّامْرَاَتَانِ معطوف علیہ با معطوف موصوف مِنْ جارہ مَنْ اسم موصول تَرْضَوْنَ فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل مِنَ الشُّھَدَآءِ کَائِنًا کے متعلق ہوکر تَرْضَوْنَ کے مفعول محذوف ہٗ ضمیر سے حال ہے، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کَائِنَیْنِ کے متعلق ہوکر صفت، موصوف باصفت فعل محذوف لِیَشْھَدْ کا فاعل، فعل امر با فاعل جملہ انشائیہ امریہ ہوکر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَنْ مصدریہ ناصبہ تَضِلَّ فعل اِحْدٰھُمَا مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ تُذَکِّرَ فعل اِحْدٰھُمَا مرکب اضافی فاعل اَلْاُخْرٰی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مفعول لہ ہوا فعل محذوف لِیَشْھَدْ کا، واؤ عاطفہ لَایَاْبَ فعل نہی اَلشُّھَدَآءُ فاعل اِذَا ظرف زمان مضاف مَا زائدہ دُعُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر اس کا نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل نہی بافاعل ومفعول فیہ جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَاتَسْئَمُوْا فعل نہی واؤ ضمیر اس کا فاعل اَنْ مصدریہ ناصبہ تَکْتُبُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل ہٗ ضمیر ذوالحال صَغِیْرًا اَوْ کَبِیْرًا معطوف علیہ بامعطوف حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، اِلٰٓی اَجَلِہٖ متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ منصوب بنزع الخافض اصل میں ہے فِیْ اَنْ ... الخ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل نہی بافاعل ومتعلق جملہ انشائیہ نہیہ معطوفہ ہوا۔

ذٰلِکُمْ اسم اشارہ مبتدا، اَقْسَطُ اسم تفضیل ھُوَ ضمیر اس کا فاعل عِنْدَ اللّٰہِ مرکب اضافی مفعول فیہ، اسم تفضیل با فاعل و مفعول فیہ شبہ جملہ ہوکر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَقْوَمُ اسم تفضیل ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل لِلشَّھَادَۃِ جار بامجرور متعلق، تینوں مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَدْنٰٓی اسم تفضیل ھُوَ ضمیر اس کا فاعل اَلَّا اصل میں ہے اَنْ لَا، اَنْ مصدریہ ناصبہ لَاتَرْتَابُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اصل میں ہے فِیْ اَلَّا ... الخ جار بامجرور متعلق، اسم تفضیل بافاعل ومتعلق شبہ جملہ ہوکر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِلَّا حرف استثناء اَنْ مصدریہ ناصبہ تَكُوْنَ فعل ناقص هِيَ ضمیر اس کا اسم تِجَارَةً موصوف حَاضِرَةً صفت اوّل تُدِيْرُوْنَ فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل هَا ضمیر مفعول بہ بَيْنَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صفت ثانی، موصوف باصفتین تَكُوْنَ کی خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر بتاویل مصدر اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا سے مستثنیٰ منقطع ہے۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَتِ التِّجَارَةُ تِجَارَةً حَاضِرَةً، لَيْسَ فعل ناقص عَلَيْكُمْ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہوکر خبر مقدم جُنَاحٌ موصوف اَلَّا اصل میں اَنْ لَا ہے، اَنْ مصدریہ ناصبہ لَا تَكْتُبُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اصل میں فِيْ اَنْ ..الخ ہے، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہوکر جُنَاحٌ کی صفت، موصوف باصفت لَيْسَ کا اسم مؤخر، لَيْسَ اپنے اسم مؤخر اور خبر مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اَشْهِدُوْا فعل امر واؤ ضمیر اس کا فاعل اِذَا ظرف زمان مضاف تَبَايَعْتُمْ فعل تُمْ ضمیر اس کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل امر بافاعل ومفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا يُضَآرَّ فعل مجہول كَاتِبٌ معطوف علیہ لَا زائدہ شَهِيْدٌ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ تَفْعَلُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم فُسُوْقٌ موصوف بِكُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہوکر صفت، موصوف باصفت خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر اس کا فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ، فعل امر بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ يُعَلِّمُ فعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مقدم اَللّٰهُ فاعل مؤخر، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا بِكُلِّ شَيْءٍ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم، عَلِيْمٌ صیغہ صفت اپنے هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہوکر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ؕ فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِى اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ؕ وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ؕ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗۤ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۲۸۳﴾

آیت نمبر ۲۸۳: واؤ استینافیہ اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ لَمْ تَجِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كَاتِبًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال كُنْتُمْ کا اسم عَلٰى سَفَرٍ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہوکر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ رِهَانٌ مَقْبُوْضَةٌ مرکب توصیفی خبر ہے مبتدا محذوف اَلْمُعْتَمَدُ عَلَيْهِ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اِنْ شرطیہ اَمِنَ فعل بَعْضُكُمْ مرکب اضافی فاعل بَعْضًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ

خبریہ شرط، فاء جزائیہ لِیُؤَدِّ فعل امر اَلَّذِی اؤْتُمِنَ موصول باصلہ فاعل اَمَانَتَہٗ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لِیَتَّقِ فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اَللّٰہَ رَبَّہٗ مبدل منہ بابدل مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَاتَکْتُمُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل اَلشَّھَادَۃَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، یَکْتُمْ فعل ھُوَ ضمیر فاعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم، اٰثِمٌ اسم فاعل قَلْبُہٗ مرکب اضافی فاعل سے مل کر شبہ جملہ خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتدا، باء جارہ مَاتَعْمَلُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم عَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴۰ ❁

لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِیْٓ اَنْفُسِکُمْ اَوْ تُخْفُوْہُ یُحَاسِبْکُمْ بِہِ اللّٰہُ ؕ فَیَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۲۸۴﴾

آیت نمبر ۲۸۴: لِلّٰہِ ظرف مستقر کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول فِی السَّمٰوٰتِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول فِی الْاَرْضِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اِنْ شرطیہ تُبْدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول فِیْٓ اَنْفُسِکُمْ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، اَوْ حرف عطف تُخْفُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، یُحَاسِبْ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اَللّٰہُ فاعل اور بِہٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فاء استینافیہ یَغْفِرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَام حرف جار مَنْ یَّشَآءُ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومتعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُعَذِّبُ فعل ھُوَ مستتر فاعل، مَنْ یَّشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اس کی ترکیب واضح ہے۔

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْہِ مِنْ رَّبِّہٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ کُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِہٖ ۟ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ٭ غُفْرَانَکَ رَبَّنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ ﴿۲۸۵﴾

آیت نمبر ۲۸۵: اٰمَنَ فعل اَلرَّسُوْلُ فاعل بِاَ بَاء حرف جار مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول ھُوَ ضمیر نائب فاعل اِلَیْہِ جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے، اور مِنْ رَّبِّہٖ جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلقین صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور اٰمَنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَلْمُؤْمِنُوْنَ اَلرَّسُوْلُ پر معطوف ہے، کُلٌّ مبتدا، اٰمَنَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِاَ بَاء حرف جار اَللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَانُفَرِّقُ فعل نَحْنُ ضمیر اس کا فاعل بَیْنَ مضاف اَحَدٍ موصوف مِنْ رُّسُلِہٖ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر یَقُوْلُوْنَ محذوف کا مقولہ ہو کر اٰمَنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول ہوا، واؤ عاطفہ سَمِعْنَا فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَطَعْنَا فعل با فاعل معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِلَیْکَ جار با مجرور خبر مقدم اَلْمَصِیْرُ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ غُفْرَانَکَ مرکب اضافی مفعول بہ فعل محذوف اِغْفِرْ کے لئے، فعل امر بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر جواب نداء مقدم رَبَّنَا اصل میں یَارَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۟ وَاغْفِرْ لَنَا ۟ وَارْحَمْنَا ۟ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾

آیت نمبر ۲۸۶: لَایُکَلِّفُ فعل اَللّٰہُ فاعل نَفْسًا مفعول بہ اوّل، اِلَّا حرف استثناء لغو وُسْعَھَا مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَھَا جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول کَسَبَتْ فعل با ھِیَ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا موخر باخبر مقدم جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَلَیْھَا جار با مجرور مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَا اسم موصول اِکْتَسَبَتْ فعل با ھِیَ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا موخر باخبر مقدم جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ رَبَّنَا اصل میں یَارَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے لَاتُؤَاخِذْ فعل نہی اَنْتَ ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، فعل نہی با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر دال بر جزاء مقدم، اِنْ شرطیہ نَسِیْنَا فعل نَا ضمیر اس کا فاعل، فعل با فاعل معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَخْطَاْنَا فعل بافاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط موخر، شرط موخر دال بر جزاء مقدم سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

رَبَّنَا یہ اصل میں یَارَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے واؤ عاطفہ لَاتَحْمِلْ فعل نہی اَنْتَ ضمیر اس کا فاعل عَلَیْنَا جار با مجرور متعلق اِصْرًا مفعول بہ کاف جارہ مَا مصدریہ حَمَلْتَ فعل تَاء ضمیر اس کا فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ عَلٰی جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِنَا جار با مجرور ثَبَتُوْا کے متعلق

ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور حَمَلْتَہٗ کے متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ حَمْلًا موصوف محذوف کے لَا تَحْمِلْ کا مفعول مطلق، فعل نہی با فاعل و متعلق و مفعول بہ و مفعول مطلق جملہ انشائیہ ہو کر جواب ندا، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

رَبَّنَا یہ اصل میں یَا رَبَّنَا ہے اور یہ ندا ہے، واؤ عاطفہ لَا تُحَمِّلْنَا فعل نہی اَنْتَ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اول مَا اسم موصول لَا نفی جنس طَاقَةَ مصدر لَنَا اس کے متعلق، مصدر اپنے متعلق سے مل کر اس کا اسم بِہٖ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر لَا کی خبر، لَا اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل نہی با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُعْفُ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل عَنَّا جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف اول، واؤ عاطفہ اِغْفِرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر اس کا فاعل لَنَا جار با مجرور متعلق، فعل امر با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اِرْحَمْ فعل امر اَنْتَ ضمیر اس کا فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، فعل امر با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جواب ندا، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

اَنْتَ ضمیر مبتدا مَوْلٰنَا مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَ کو فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ کَذَالِکَ، اُنْصُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر اس کا فاعل نَا ضمیر مفعول بہ عَلٰی جارہ اَلْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل امر با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہو کر جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ترکیب سُورَۃُ اٰلِ عِمْرَانَ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الٓمّٓ ۝۱

آیت نمبر ۱: الٓمّٓ خبر ہے مبتدا محذوف هٰذَا کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ ۝۲ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۝۳ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَھُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۝۴

آیت نمبر ۲، ۳، ۴: اَللّٰهُ مبتدا، لَا نفی جنس اِلٰهَ مبدل منہ اِلَّا حرف استثناء هُوَ ضمیر بدل ہے اِلٰهَ کے محل سے، مبدل منہ با بدل لَا کا اسم، خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ، لَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبر اوّل، اَلْحَیُّ خبر ثانی، اَلْقَيُّوْمُ خبر ثالث، نَزَّلَ فعل هُوَ ضمیر اس کا فاعل عَلَيْكَ جار با مجرور متعلق اَلْكِتٰبَ ذوالحال بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال اوّل، مُصَدِّقًا اسم فاعل هُوَ ضمیر فاعل لَامِ جارہ مَا اسم موصول بَيْنَ يَدَيْهِ مرکب اضافی صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور اسم فاعل کے متعلق، اسم فاعل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر حال ثانی، ذوالحال با حالین مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْزَلَ فعل هُوَ ضمیر فاعل اَلتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ معطوف علیہ با معطوف ذوالحال هُدًى مصدر لِلنَّاسِ اس کے متعلق، مصدر اپنے متعلق سے مل کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، مِنْ قَبْلُ جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَنْزَلَ فعل هُوَ ضمیر فاعل اَلْفُرْقَانَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اَللّٰهُ کی خبر رابع، مبتدا با اخبار اربعہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل بِاٰيٰتِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ اِنَّ کا اسم لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ شَدِيْدٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا عَزِيْزٌ خبر اوّل، ذُو انْتِقَامٍ مرکب اضافی خبر ثانی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاۗءِ ۝۵

آیت نمبر ۵: اِنَّ تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم لَا يَخْفٰى فعل عَلَيْهِ جار با مجرور متعلق شَيْءٌ موصوف فِي الْاَرْضِ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ فِي السَّمَاۗءِ جار با مجرور معطوف علیہ با معطوف كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاۗءُ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۶

آیت نمبر ۶: ھُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول یُصَوِّرُ فعل ھُوَ ضمیر ذوالحال کَیْفَ حال ہے یَشَآءُ کی ھُوَ ضمیر سے ذوالحال باحال فاعل یَشَآءُ فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال ہے یُصَوِّرُ کی ھُوَ ضمیر سے ذوالحال باحال فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ فِی الْاَرْحَامِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوَ اس کی ترکیب ما قبل میں گزر چکی ہے اَلْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ دو خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ھُوَ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰیٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَ اُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ؕ فَاَمَّا الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ زَیْغٌ فَیَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَ ابْتِغَآءَ تَاْوِیْلِهٖ ؔۚ وَ مَا یَعْلَمُ تَاْوِیْلَهٗۤ اِلَّا اللّٰهُ ؔۘ وَ الرّٰسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ یَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۚ وَ مَا یَذَّكَّرُ اِلَّاۤ اُولُوا الْاَلْبَابِ۝

آیت نمبر ۷: ھُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول اَنْزَلَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل عَلَیْكَ جار با مجرور متعلق اَلْکِتَابَ ذوالحال مِنْهُ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اٰیٰتٌ موصوف مُّحْكَمٰتٌ صفت اول، هُنَّ ضمیر مبتدا، اُمُّ الْکِتَابِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صفت ثانی، موصوف باصفتین معطوف علیہ واؤ عاطفہ اُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال اَنْزَلَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فاء تفصیلیہ اَمَّا شرطیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول فِیْ قُلُوْبِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے ثَبَتَ کے زَیْغٌ اس کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا متضمن معنی شرط فاء جزائیہ یَتَّبِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل مَا اسم موصول تَشَابَهَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل مِنْهُ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ابْتِغَآءَ تَاْوِیْلِهٖ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول لہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ حالیہ مَا نافیہ یَعْلَمُ فعل تَاْوِیْلَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء لغو اَللّٰهُ مستثنیٰ مفرغ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال ہے تَشَابَهَ مِنْهُ میں مِنْهُ کی ہٗ ضمیر سے واؤ استینافیہ اَلرّٰسِخُوْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر اس کا فاعل فِی الْعِلْمِ جار با مجرور متعلق، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر مبتدا یَقُوْلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، اٰمَنَّا فعل بافاعل اور بِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا، كُلٌّ مبتدا، مِنْ عِنْدِ رَبِّنَا جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا، واؤ استینافیہ مَا نافیہ یَذَّكَّرُ فعل اِلَّا حرف استثناء لغو اُولُوا الْاَلْبَابِ مرکب اضافی مستثنیٰ مفرغ ہو کر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَیْتَنَا وَ هَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۝۸

آیت نمبر ۸: رَبَّنَا یہ اصل میں یَارَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے لَا تُزِغْ فعل نہی اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل قُلُوْبَنَا مرکب اضافی مفعول بہ بَعْدَ مضاف اِذْ ظرف زمان مضاف ھَدَیْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ بَعْدَ کے لئے مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ لَا تُزِغْ کا مفعول فیہ، فعل نہی با فاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ جملہ انشائیہ نہیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ھَبْ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل لَنَا جار با مجرور متعلق مِنْ لَّدُنْکَ جار با مجرور کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال مقدم رَحْمَۃً ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف نداء کا جواب، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ ہے قول محذوف یَقُوْلُوْنَ کا۔۔۔الخ اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر منصوب اس کا اسم اَنْتَ ضمیر فصل اَلْوَھَّابُ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۹﴾

آیت نمبر ۹: رَبَّنَا یہ اصل میں یَارَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم جَامِعُ صیغہ صفت مضاف اَلنَّاسِ مضاف الیہ معنًی مفعول بہ لَام حرف جار یَوْمٍ موصوف لَا نفی جنس رَیْبَ اس کا اسم فِیْهِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے جَامِعُ کے، اسم فاعل مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ نداء کا جواب، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ مقولہ ہے قول محذوف کا، اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم لَا یُخْلِفُ فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل، اَلْمِیْعَادَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ وَقُوْدُ النَّارِ ﴿۱۰﴾

آیت نمبر ۱۰: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول با صلہ اِنَّ کا اسم لَنْ تُغْنِیَ فعل نفی عَنْھُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَمْوَالُھُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَوْلَادُھُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل مِنَ اللّٰہِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم شَیْئًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، ھُمْ ضمیر فصل وَقُوْدُ النَّارِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱: کاف جارہ دَاْبِ مضاف اٰلِ فِرْعَوْنَ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِھِمْ جار با

مجرور تَجِیْئُوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف دَاْبُ هٰؤُلَآءِ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ کَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰیٰتِنَا جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ فَاؤ عاطفہ اَخَذَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اَللّٰهُ فاعل بِذُنُوْبِهِمْ جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا شَدِیْدُ الْعِقَابِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ لِّلَّذِیْنَ كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَ تُحْشَرُوْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ ؕ وَ بِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر اس کا فاعل لَام جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل امر بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہو کر قول سِین علامت فعل تُغْلَبُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل معطوف علیہ واؤ عاطفہ تُحْشَرُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل اور اِلٰى جَهَنَّمَ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ بِئْسَ فعل ذم اَلْمِهَادُ اس کا فاعل، فعل ذم بافاعل جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف جَهَنَّمُ کے لئے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔

قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰیَةٌ فِیْ فِئَتَیْنِ الْتَقَتَا ؕ فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَ اُخْرٰى كَافِرَةٌ یَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَیْهِمْ رَاْیَ الْعَیْنِ ؕ وَ اللّٰهُ یُؤَیِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِی الْاَبْصَارِ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: قَدْ علامت فعل كَانَ فعل ناقص لَكُمْ جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر كَانَ کی خبر مقدم، اٰیَةٌ موصوف فِیْ جارہ فِئَتَیْنِ موصوف اِلْتَقَتَا فعل با الف ضمیر فاعل صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت كَانَ کا اسم كَانَ با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فِئَةٌ موصوف تُقَاتِلُ فعل هِیَ ضمیر فاعل اور فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر صفت اولی یَرَوْنَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اول مِثْلَیْهِمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی رَاْیَ الْعَیْنِ مرکب اضافی مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر دوسری صفت، موصوف با صفتین خبر ہے مبتدا محذوف اِحْدٰهُمَا کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُخْرٰى كَافِرَةٌ موصوف با صفت خبر ہے مبتدا محذوف ثَانِیَتُهُمَا کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا یُؤَیِّدُ فعل هُوَ ضمیر فاعل بِنَصْرِهٖ جار با مجرور متعلق مَنْ اسم موصول یَشَآءُ فعل هُوَ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق فِیْ ذٰلِكَ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر اِنَّ کی خبر مقدم، لَام مزحلقہ برائے تاکید عِبْرَةٌ موصوف لِاُولِی الْاَبْصَارِ جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَ الْبَنِيْنَ وَ الْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَ الْفِضَّةِ وَ الْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَ الْاَنْعَامِ وَ الْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَ اللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: زُیِّنَ فعل مجہول لِلنَّاسِ جار با مجرور متعلق ہوئے، حُبُّ مضاف اَلشَّھَوٰتِ ذوالحال مِنْ حرف جار اَلنِّسَآءِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْبَنِیْنَ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَلْقَنَاطِیْرِ الْمُقَنْطَرَۃِ مرکب توصیفی ذوالحال مِنْ حرف جار اَلذَّھَبِ وَالْفِضَّۃِ وَالْخَیْلِ الْمُسَوَّمَۃِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ معطوف علیہ با معطوفات اربعہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر اَلشَّھَوَاتِ کا حال، ذوالحال با حال حُبُّ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ ذَالِکَ اسم اشارہ مبتدا، مَتَاعُ مضاف اَلْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتدا، عِنْدَہٗ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم، حُسْنُ الْمَاٰبِ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّ رِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل سے مل کر قول، ہمزہ حرف استفہام اُنَبِّئُ فعل اَنَا ضمیر پوشیدہ فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، بَاء حرف جار خَیْرٍ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل مِنْ ذَالِکُمْ متعلق سے مل کر شبہ جملہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ لَام حرف جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول اِتَّقَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، جَنّٰتٌ موصوف تَجْرِیْ فعل مِنْ تَحْتِھَا جار با مجرور متعلق ہوئے اَلْاَنْھَارُ فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت ذوالحال مؤخر، عِنْدَ رَبِّھِمْ مرکب اضافی کَائِنَۃً کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم، ذوالحال با حال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَزْوَاجٌ مُّطَھَّرَۃٌ مرکب توصیفی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ رِضْوَانٌ موصوف مِنَ اللّٰہِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مبتدا، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ خَالِدِیْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر فاعل اور فِیْھَا متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر رَبِّھِمْ کی ضمیر سے حال ہے، واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتدا، بَصِیْرٌ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر فاعل اور بِالْعِبَادِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَلَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَاۤ اِنَّنَاۤ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ قِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَقُوْلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل قول، رَبَّنَا اصل میں یَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم، اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر اس کا فاعل، فعل با فاعل خبر، اِنَّ با اسم و خبر جواب نداء، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ صلہ، موصول باصلہ خبر ہے مبتدا محذوف ھُمْ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اِغْفِرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر اس کا فاعل لَنَا جار بامجرور متعلق ذُنُوْبَنَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قِ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اوّل، عَذَابَ النَّارِ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل امر با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء ہے شرط محذوف اِذَا اٰمَنَّا کے لئے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَلصّٰبِرِیْنَ وَالصّٰدِقِیْنَ وَالْقٰنِتِیْنَ وَالْمُنْفِقِیْنَ وَالْمُسْتَغْفِرِیْنَ بِالْاَسْحَارِ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: اَلصّٰبِرِیْنَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلصَّادِقِیْنَ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَلْقٰنِتِیْنَ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَلْمُنْفِقِیْنَ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اَلْمُسْتَغْفِرِیْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر فاعل اور بِالْاَسْحَارِ متعلق سے مل کر معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ منصوب علی المدح مفعول بہ ہے فعل محذوف اَمْدَحُ کے لئے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًۢا بِالْقِسْطِ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: شَهِدَ فعل اَللّٰهُ ذوالحال قَآئِمًا اسم فاعل ھُوَ ضمیر فاعل اور بِالْقِسْطِ متعلق سے مل کر حال، ذوالحال با حال معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اَلْمَلٰٓئِکَۃُ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اُولُوا الْعِلْمِ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین فاعل، اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم، لَا اِلٰهَ اِلَّا ھُوَ اس کی ترکیب گزر چکی ہے جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ شَهِدَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا ھُوَ اس کی ترکیب گزر چکی ہے یہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اَلْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ دو خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۗ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْیًۢا بَیْنَهُمْ ؕ وَمَنْ یَّكْفُرْ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: اِنَّ حرف تحقیق اَلدِّیْنَ ذوالحال عِنْدَ اللّٰهِ مُعْتَبَرًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال با حال اِنَّ کا اسم اَلْاِسْلَامُ اس کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَا نافیہ اِخْتَلَفَ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول اُوْتُوا فعل مجہول واؤ ضمیر اس کا نائب فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف مَا مصدریہ جَآءَ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اَلْعِلْمُ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور مستثنیٰ مفرّغ متعلق ہوئے، بَغْیًا مصدر بَیْنَهُمْ مرکب اضافی اس کا مفعول فیہ یا بَغْیًا موصوف بَیْنَهُمْ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر صفت، پھر یہ مفعول لہ ہے اِخْتَلَفَ فعل کے لئے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا یَکْفُرْ فعل ھُوَ

ضمیر فاعل بِاٰیَاتِ اللّٰہِ متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط،فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم سَرِیْعُ الْحِسَابِ مرکب اضافی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَاِنْ حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَ مَنِ اتَّبَعَنِ ؕ وَ قُلْ لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَ الْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ ؕ فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَ اِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ ؕ وَ اللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: فاء استینافیہ اِنْ حرف شرط حَآجُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، کَ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ قول، اَسْلَمْتُ فعل تَاء مضمومہ فاعل وَجْهِيَ مرکب اضافی مفعول بہ، لِلّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، واؤ بمعنی مَعَ، مَنْ اسم موصول اِتَّبَعَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل، نون وقایہ کا یَاء ضمیر متکلم محذوف مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول معہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل لَام حرف جار اَلَّذِيْنَ اسم موصول اُوْتُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اَلْكِتَابَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْاُمِّيِّيْنَ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ قول ہوا۔ ھمزہ حرف استفہام اَسْلَمْتُمْ فعل بافاعل جملہ فعلیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

فَاء استینافیہ اِنْ حرف شرط اَسْلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ قَدْ علامت فعل اِهْتَدَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ تَوَلَّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ عَلَيْكَ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَلْبَلَاغُ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، بَصِيْرٌ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر فاعل بِالْعِبَادِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

رکوع نمبر ۳

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَ يَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّ يَقْتُلُوْنَ الَّذِيْنَ يَاْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَكْفُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جار اٰيَاتِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَقْتُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال بَاء حرف جار غَيْرِ حَقٍّ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل اَلنَّبِيِّيْنَ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ

فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ یَقْتُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَاْمُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنَ النَّاسِ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل بِالْقِسْطِ جار با مجرور یَاْمُرُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ یَقْتُلُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم متضمن معنی شرط، فاء جزائیہ بَشِّرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بَاء حرف جار عَذَابٍ اَلِیْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ خبر قائم مقام جزاء، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ؗ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِیْنَ ۝۲۲

آیت نمبر ۲۲: اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِیْنَ اسم موصول حَبِطَتْ فعل اَعْمَالُهُمْ مرکب اضافی فاعل فِیْ حرف جار اَلدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ حرف جار زائدہ نّٰصِرِیْنَ لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ اُوْتُوْا نَصِیْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ یُدْعَوْنَ اِلٰی كِتٰبِ اللّٰهِ لِیَحْكُمَ بَیْنَهُمْ ثُمَّ یَتَوَلّٰی فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝۲۳

آیت نمبر ۲۳: ہمزہ حرف استفہام لَمْ تَرَ فعل اَنْتَ ضمیر فاعل اِلٰی حرف جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول اُوْتُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل نَصِیْبًا موصوف مِنَ الْكِتٰبِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال یُدْعَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلٰی حرف جار كِتٰبِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور یُدْعَوْنَ کے متعلق ہوئے لام حرف جار (اس کے بعد اَنْ مصدریہ مقدر ہے) یَحْكُمَ فعل هُوَ مستتر فاعل بَیْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ثُمَّ حرف عطف یَتَوَلّٰی فعل فَرِیْقٌ موصوف مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا مُعْرِضُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال باحال یَتَوَلّٰی کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور یُدْعَوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور لَمْ تَرَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّاۤ اَیَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ۪ وَّغَرَّهُمْ فِیْ دِیْنِهِمْ مَّا كَانُوْا یَفْتَرُوْنَ ۝۲۴

آیت نمبر ۲۴: ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا بَاء حرف جار اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر

جملہ فعلیہ خبریہ قول،لَنْ تَمَسَّ فعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ مقدم اَلنَّارُ فاعل اِلَّا حرف استثنا اَیَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ مرکب توصیفی مستثنیٰ مفرغ مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف علیہ،واؤ عاطفہ غَرَّ فعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ،فِیْ دِیْنِھِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے مَا اسم موصول کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَفْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کرجملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ غَرَّ کا فاعل، فعل با فاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَنَّ کی خبر،اَنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بِ مفرد مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِکَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَكَيْفَ اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۣ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَھُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝۲۵

آیت نمبر ۲۵: فَاء استینافیہ کَیْفَ ظرف زمان کَائِنَۃً کا مفعول فیہ ہو کر حال ہے فعل محذوف اِسْتَقَرَّتْ کی ضمیر فاعل ھِیَ سے اور ھِیَ کا مرجع کُلُّ نَفْسٍ ہے،اِسْتَقَرَّتْ فعل ھِیَ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء مقدم،اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم، جَمَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ،لام حرف جار یَوْمٍ موصوف لَا نفی جنس رَیْبَ اس کا اسم فِیْهِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر،لَا نفی جنس با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور جَمَعْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ وُفِّیَتْ فعل مجہول کُلُّ نَفْسٍ مرکب اضافی ذوالحال، واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا،لَا یُظْلَمُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال نائب فاعل مَا کَسَبَتْ موصول باصلہ مفعول بہ، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط مؤخر، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاۗءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاۗءُ ۡ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاۗءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاۗءُ ۭ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۭ اِنَّكَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۲۶

آیت نمبر ۲۶: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ قول،اَللّٰھُمَّ یہ اصل میں یَا اَللّٰہُ ہے یاء حرف ندا اَدْعُوْ کے قائم مقام اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر فاعل،اَللّٰہُ منادیٰ مفرد معرفہ مبنی رفع کی علامت ضمہ لفظی پر محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ ندائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔مَالِکَ الْمُلْکِ منادیٰ مضاف منصوب صفت ہے اَللّٰہ کی جو کہ مفعول بہ ہے اَدْعُوْ کا، تُؤْتِیْ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل اَلْمُلْکَ مفعول بہ اوّل،مَنْ تَشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَنْزِعُ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل اَلْمُلْکَ مفعول بہ مِنْ حرف جار مَنْ تَشَآءُ موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور تَنْزِعُ کے متعلق، فعل با فاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ تُعِزُّ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل مَنْ تَشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ تُذِلُّ فعل اَنْتَ ضمیر فاعل مَنْ تَشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات

ثلاثہ جواب نداء ہے۔۔۔الخ بِیَدِکَ حرف جار یَدِکَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَلْخَیْرُ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق کَ ضمیر منصوب اس کا اسم قَدِیْرٌ صیغہ صفت اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَ تُوْلِجُ النَّهَارَ فِی الَّیْلِ٘ وَ تُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَ تُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ٘ وَ تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: تُوْلِجُ فعل اَنْتَ پوشیدہ فاعل اَلَّیْلَ مفعول بہ فِی النَّهَارِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تُوْلِجُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَلنَّهَارَ مفعول بہ فِی اللَّیْلِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ تُخْرِجُ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل اَلْحَیَّ مفعول بہ مِنَ الْمَیِّتِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ تُخْرِجُ فعل اَنْتَ پوشیدہ فاعل اَلْمَیِّتَ مفعول بہ مِنَ الْحَیِّ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ تَرْزُقُ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل مَنْ تَشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ بِغَیْرِ حِسَابٍ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف رِزْقًا کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ جواب نداء ہے۔۔۔الخ

لَا یَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِیْنَ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ ۚ وَ مَنْ یَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَیْسَ مِنَ اللّٰهِ فِیْ شَیْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً ؕ وَ یُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ؕ وَ اِلَی اللّٰهِ الْمَصِیْرُ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: لَا یَتَّخِذْ فعل نہی اَلْمُؤْمِنُوْنَ ذوالحال مِنْ حرف جار دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور مُتَجَاوِزِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل اَلْکَافِرِیْنَ مفعول بہ اوّل، اَوْلِیَآءَ مفعول بہ ثانی، اِلَّا حرف استثناء اَنْ ناصبہ تَتَّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهُمْ متعلق تُقٰىةً مفعول مطلق، فعل با فاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر مفعول لہ ہوا لَا یَتَّخِذْ کا، فعل نہی با فاعل و مفعولین و مفعول لہ جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا یَفْعَلْ فعل هُوَ ضمیر فاعل اور ذَالِکَ مفعول بہ سے مل کر شرط فاء جزائیہ لَیْسَ فعل ناقص هُوَ ضمیر اس کا اسم مِنَ اللّٰهِ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، فِیْ حرف جار شَیْءٍ ذوالحال موخر، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر لَیْسَ کی خبر، لَیْسَ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ یُحَذِّرُ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، اَللّٰهُ فاعل نَفْسَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اِلَی اللّٰهِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَلْمَصِیْرُ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِیْ صُدُوْرِكُمْ اَوْ تُبْدُوْهُ یَعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ وَیَعْلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اِنْ شرطیہ تُخْفُوْا فعل واوٌ ضمیر فاعل مَا اسم موصول فِیْ صُدُوْرِكُمْ جار بامجرور ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ تُبْدُوْا فعل واوٌ ضمیر فاعل اور ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، یَعْلَمْ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اَللّٰهُ اس کا فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واوٌ استینا فیہ یَعْلَمُ فعل ھُوَ ضمیر فاعل مَا اسم موصول فِی السَّمٰوٰتِ جار بامجرور ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واوٌ عاطفہ مَا اسم موصول فِی الْاَرْضِ ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واوٌ استینا فیہ اَللّٰهُ مبتدا عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ متعلق مقدم قَدِیْرٌ صیغہ صفت اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

یَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَیْرٍ مُّحْضَرًا ۖۚ وَّمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْٓءٍ ۚ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَیْنَهَا وَبَیْنَهٗٓ اَمَدًۢا بَعِیْدًا ؕ وَیُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ؕ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: یَوْمَ مضاف تَجِدُ فعل كُلُّ نَفْسٍ مرکب اضافی فاعل مَا اسم موصول عَمِلَتْ فعل باھِیَ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ خَیْرٍ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ اوّل، مُحْضَرًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہے فعل محذوف اُذْكُرْ کا، فعل امر بافاعل ومفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واوٌ استینافیہ مَا اسم موصول عَمِلَتْ فعل ھِیَ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ سُوْٓءٍ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مبتدا، تَوَدُّ فعل ھِیَ ضمیر فاعل لَوْ شرطیہ اَنَّ حرف تحقیق بَیْنَهَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واوٌ عاطفہ بَیْنَهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر اَنَّ کی خبر مقدم، اَمَدًا بَعِیْدًا مرکب توصیفی اَنَّ کا اسم موخر، اَنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر بتاویل مفرد فعل محذوف ثَبَتَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط جزاء محذوف ہے لَفَرِحَتْ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر تَوَدُّ کا مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واوٌ استینافیہ یُحَذِّرُ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل اَللّٰهُ اس کا فاعل نَفْسَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واوٌ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، رَءُوْفٌ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر اس کا فاعل بِالْعِبَادِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَیَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

رَّحِیْمٌ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ امریہ ہوکر قول، اِنْ شرطیہ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تُحِبُّوْنَ فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل اَللّٰہَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر فعل ناقص کی خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط، فاء جزائیہ اِتَّبِعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوکر مقول، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ یُحْبِبْ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اللّٰہُ اس کا فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَغْفِرْ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَکُمْ متعلق اور ذُنُوْبَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط محذوف ہے اِنْ تَتَّبِعُوْنِیْ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتدا غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ ج فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْکٰفِرِیْنَ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر اس کا فاعل، فعل امر بافاعل قول، اَطِیْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر اس کا فاعل اَللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل امر با فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوکر مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فاء استینافیہ تَوَلَّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم لَایُحِبُّ فعل ھُوَ ضمیر فاعل، اَلْکَافِرِیْنَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ اللّٰہَ اصْطَفٰٓی اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰھِیْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۴۷: يَا حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام،اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل اَیُّ مبدل منہ هَا برائے تنبیہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اُوْتُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اَلْكِتَابَ مفعول بہ سے مل کر صلہ،موصول باصلہ بدل،مبدل منہ با بدل مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر نداء،اٰمِنُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جار مَا اسم موصول نَزَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر صلہ،موصول باصلہ ذوالحال مُصَدِّقًا اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل لَام حرف جار مَا اسم موصول مَعَكُمْ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ،موصول باصلہ مجرور،جار با مجرور مُصَدِّقًا کے متعلق ہوئے،اسم فاعل با فاعل و متعلق حال،ذوالحال باحال مجرور،جار با مجرور اٰمِنُوْا کے متعلق اوّل ہوئے مِنْ حرف جار قَبْلِ مضاف اَنْ حرف مصدری و نصب نَطْمِسَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل وُجُوْهًا مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ،فَاء حرف عطف نَرُدَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ،عَلٰى اَدْبَارِهَا

متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، اَوْ حرف عطف نَلْعَنَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، کاف حرف جار مَا مصدریہ لَعَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل اَصْحٰبَ السَّبْتِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف لَعْنًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین بتاویل مصدر قَبْلِ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار با مجرور اٰمِنُوْا کا متعلق ثانی فعل با فاعل و متعلقین جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ ندائیہ انشائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ کَانَ فعل ناقص اَمْرُ اللّٰهِ مرکب اضافی کَانَ کا اسم مَفْعُوْلًا اسم مفعول هُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۸: اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم لَا يَغْفِرُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب يُّشْرَكَ فعل مجہول بِهٖ جار با مجرور محلًا مرفوع نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف يَغْفِرُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول دُوْنَ ذٰلِكَ مرکب اضافی فعل محذوف حَصَلَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، لام حرف جار مَنْ يَّشَآءُ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا يُّشْرِكْ فعل هُوَ مستتر فاعل بِاللّٰهِ متعلق سے مل کر شرط، فاء جزائیہ قَدْ علامت فعل افْتَرٰٓى فعل هُوَ مستتر فاعل اِثْمًا عَظِيْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ مستانفہ ہوا۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۭ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹: ہمزہ حرف استفہام لَمْ تَرَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِلٰی حرف جار اَلَّذِيْنَ اسم موصول يُزَكُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ بَلْ حرف اضراب اَللّٰهُ مبتدا يُزَكِّيْ فعل هُوَ مستتر فاعل مَنْ يَّشَآءُ موصول با صلہ مفعول بہ، تینوں مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حرف عطف اور معطوف علیہ محذوف ہے هُمْ يُثَابُوْنَ، لَا يُظْلَمُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فَتِيْلًا بواسطہ موصوف محذوف ظُلْمًا کے مفعول مطلق، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے

اُنْظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ وَكَفٰى بِهٖٓ اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۰﴾

آیت نمبر ۵۰: اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل كَيْفَ كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِفْتِرَآءً کے مفعول مطلق مقدم، يَفْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَى اللّٰهِ متعلق اَلْكَذِبَ مفعول بہ و مفعول مطلق مقدم سے مل کر محلًا منصوب اُنْظُرْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كَفٰى فعل هُوَ مستتر ممیز اِثْمًا مُّبِيْنًا مرکب توصیفی تمیز، ممیز باتمیز فاعل

بَاء حرف جار زائدہ ضمیر لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۸ ❁

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَ الطَّاغُوْتِ وَ يَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰٓؤُلَآءِ اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ﴿۵۱﴾

آیت نمبر ۵۱ : هَمزه حرف استفہام لَمْ تَرَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِلٰى حرف جار اَلَّذِيْنَ اسم موصول اُوْتُوْا فعل مجہول، واؤ ضمیر نائب فاعل نَصِيْبًا موصوف مِنَ الْكِتَابِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جار اَلْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لَام حرف جار اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ قول، هٰؤُلَآءِ اسم اشارہ مبتدا، اَهْدٰى اسم تفضیل هُمْ مستتر فاعل مِنْ حرف جار اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے سَبِيْلًا تمیز، اسم تفضیل با فاعل و متعلق و تمیز شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف محلاً منصوب اُوْتُوْا کی ضمیر نائب فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَ مَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ﴿۵۲﴾

آیت نمبر ۵۲: اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِيْنَ اسم موصول لَعَنَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، يَلْعَنِ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر شرط، فاء جزائیہ لَنْ تَجِدَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل لَهٗ ظرف لغو متعلق نَصِيْرًا مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ النَّاسَ نَقِيْرًا ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۳: اَمْ منقطعہ بمعنی بَلْ "لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم نَصِيْبٌ موصوف مِنَ الْمُلْكِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا جُعِلَ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِنَ الْمُلْكِ، اِذًا ناصبہ مہملہ مفعول فیہ مقدم لَا يُؤْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلنَّاسَ مفعول بہ اول نَقِيْرًا مفعول بہ ثانی سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا

اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰى مَاۤ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَاۤ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَ اٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا ﴿۵۴﴾

آیت نمبر ۵۴ : اَمْ منقطعہ بمعنی بَلْ "يَحْسُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلنَّاسَ مفعول بہ عَلٰى حرف جار مَا اسم موصول اٰتٰى فعل هُمْ

ضمیر مفعول بہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل مِنْ فَضْلِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ معطوفہ ہوا۔ فاء تعلیلیہ قَدْ علامت فعل اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل، اَلْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ معللہ ہوا۔ واؤ حرف عطف اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل مُلْكًا عَظِيْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی سے مل کر اٰتَيْنَا اوّل پر معطوف ہے۔

فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ ؕ وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵: فاء استینافیہ مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول اٰمَنَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْهُمْ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول صَدَّ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْهُ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كَفٰى فعل بَاء حرف جار زائد جَهَنَّمَ محلاً مرفوع ذوالحال سَعِيْرًا حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ نَارًا ؕ كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيَاتِنَا متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ اسم سَوْفَ علامت فعل نُصْلِيْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول اوّل كُلَّمَا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم نَضِجَتْ فعل جُلُوْدُهُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر شرط بَدَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، جُلُوْدًا موصوف غَيْرَهَا مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، لَام حرف جر و تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَذُوْقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْعَذَابَ مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور بَدَّلْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق ومفعولین جزاء، شرط باجزاء نَارًا کی صفت، موصوف باصفت نُصْلِيْ کا مفعول ثانی، فعل با فاعل ومفعولین خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم عَزِيْزًا حَكِيْمًا دو خبر، فعل ناقص با اسم وخبرین جملہ فعلیہ خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا اَبَدًا ؕ لَهُمْ فِيْهَا اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ؗ وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا ﴿۵۷﴾

آیت نمبر ۵۷: واؤ حرف عطف اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصَّالِحَاتِ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا، سین علامت فعل نُدْخِلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل جَنَّاتٍ موصوف تَجْرِيْ فعل مِنْ تَحْتِهَا متعلق اَلْاَنْهَارُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت اولی، لَام حرف جار هُمْ ضمیر ذوالحال فِيْهَا ظرف مستقر کَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور

ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا با خبر جَنّٰتٍ کی صفت ثانیہ، موصوف با صفتین نُدْخِلُ کا مفعول ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف نُدْخِلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، ظِلًّا ظَلِیْلًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ معطوفہ ہوا۔ خَالِدِیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل فِیْهَا متعلق اَبَدًا مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر سَنُدْخِلُهُمْ کی هُمْ ضمیر منصوب سے حال ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰۤى اَهْلِهَا ۙ وَ اِذَا حَكَمْتُمْ بَیْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا یَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِیْعًۢا بَصِیْرًا ﴿۵۸﴾

آیت نمبر ۵۸: اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم یَاْمُرُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، اَنْ حرف مصدری ونصب تُؤَدُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْاَمَانَاتِ مفعول بہ اِلٰی اَهْلِهَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر یَاْمُرُ کا مفعول ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم حَكَمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بَیْنَ النَّاسِ مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اَنْ حرف مصدری ونصب تَحْكُمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْعَدْلِ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر فعل محذوف یَاْمُرُكُمْ کا مفعول ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جزاء، شرط با جزاء معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم، نِعْمَ فعل مدح هُوَ ضمیر مستتر ممیز، مَا نکرہ تمیز، ممیز با تمیز فاعل، فعل با فاعل خبر مقدم، یَعِظُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اور بِهٖ ظرف لغو متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت ہے موصوف محذوف شَیْءٌ کی، موصوف با صفت مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم سَمِیْعًا بَصِیْرًا دو خبر، فعل ناقص با اسم و خبرین خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِی الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكَ خَیْرٌ وَّ اَحْسَنُ تَاْوِیْلًا ﴿۵۹﴾

آیت نمبر ۵۹: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اس کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے اَطِیْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اَطِیْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلرَّسُوْلَ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اُولِی الْاَمْرِ مرکب اضافی ذوالحال مِنْكُمْ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف نداء کا جواب، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

فَاء استینا فیہ اِنْ حرف شرط تَنَازَعْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل فِیْ شَیْءٍ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فَاء جزائیہ رُدُّوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِلٰی حرف جار اَللّٰہِ والرَّسُوْلِ معطوف معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنْ حرف شرط کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جار اَللّٰہِ اسم الجلالہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اَلْیَوْمِ الْاٰخِرِ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے فَرُدُّوْہُ اِلَی اللّٰہِ وَالرَّسُوْلِ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا خَیْرٌ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَحْسَنُ اسم تفضیل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل تَاْوِیْلًا تمیز، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۹ ❁

اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ یَزْعُمُوْنَ اَنَّھُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ یُرِیْدُوْنَ اَنْ یَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَی الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ یَّكْفُرُوْا بِهٖ ؕ وَیُرِیْدُ الشَّیْطٰنُ اَنْ یُّضِلَّھُمْ ضَلٰلًا بَعِیْدًا ۝۶۰

آیت نمبر ۶۰: ھَمزہ حرف استفہام لَمْ تَرَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِلٰی حرف جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَزْعُمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اس کا اسم اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جار مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل اِلَیْکَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل مِنْ قَبْلِکَ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اَنَّ با اسم و خبر یَزْعُمُوْنَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

یُرِیْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب یَتَحَاکَمُوا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل اُمِرُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب یَکْفُرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِہٖ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول بہ حال، ذوالحال باحال یَتَحَاکَمُوْا کا فاعل اِلَی الطَّاغُوْتِ جار با مجرور، متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبر یَزْعُمُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، واؤ عاطفہ یُرِیْدُ فعل اَلشَّیْطٰنُ فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب یُضِلَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، ضَلٰلًا بَعِیْدًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین بتاویل مصدر یُرِیْدُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ یُرِیْدُوْنَ کا معطوف ہے۔

وَاِذَا قِیْلَ لَھُمْ تَعَالَوْا اِلٰی مَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ وَاِلَی الرَّسُوْلِ رَاَیْتَ الْمُنٰفِقِیْنَ یَصُدُّوْنَ

عَنْكَ صُدُوْدًا ﴿٦١﴾

آیت نمبر ۶۱: واؤ استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قِيْلَ فعل مجہول لَهُمْ جار با مجرور محلاً مرفوع نائب فاعل، پھر یہ قول ہوا، تَعَالَوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِلٰى حرف جار مَا اسم موصول اَنْزَلَ اللّٰهُ فعل با فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلَى الرَّسُوْلِ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ شرط، رَاَيْتَ فعل تَا مفتوحہ ضمیر فاعل اَلْمُنٰفِقِيْنَ مفعول بہ اوّل يَصُدُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْكَ متعلق صُدُوْدًا مفعول مطلق سے مل کر محلاً منصوب مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَكَيْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ ۖ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ اِحْسَانًا وَّتَوْفِيْقًا ﴿٦٢﴾

آیت نمبر ۶۲: فَا استینافیہ كَيْفَ یہ اصل میں كَيْفَ يَصْنَعُوْنَ ہے يَصْنَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال كَيْفَ كَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل ہے اِذَا ظرف زمان مضاف اَصَابَتْ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مُصِيْبَةٌ فاعل بَا حرف جار مَا مصدریہ قَدَّمَتْ فعل اَيْدِيْهِمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف علیہ، ثُمَّ حرف عطف جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال يَحْلِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ ظرف لغو متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قسم، اِنْ نافیہ اَرَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء اِحْسَانًا وَّتَوْفِيْقًا معطوف علیہ با معطوف مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم با جواب قسم حال، ذوالحال با حال جَآءُوْا کا فاعل، کاف ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِذَا کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ يَصْنَعُوْنَ کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۖ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًاۢ بَلِيْغًا ﴿٦٣﴾

آیت نمبر ۶۳: اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَعْلَمُ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل مَا اسم موصول فِيْ قُلُوْبِهِمْ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَتْ حَالُهُمْ كَذٰلِكَ، اَعْرِضْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَنْهُمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف عِظْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف اوّل، واؤ حرف عطف قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَهُمْ متعلق اوّل فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ متعلق ثانی، قَوْلًا بَلِيْغًا مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین شرط محذوف کی جزاء ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ

فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۶۴﴾

آیت نمبر ۶۴: واؤ استینا فیہ مَا نا فیہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْ حرف جار زائد رَسُوْلٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ، اِلَّا حرف استثناء لَام حرف جر و تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُطَاعَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل بِاِذْنِ اللّٰہِ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو مستثنیٰ مفرغ اَرْسَلْنَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ لَوْ حرف شرط اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اس کا اسم اِذْ مضاف ظَلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ جَآءُوْا کا مفعول فیہ مقدم جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فَا حرف عطف اِسْتَغْفِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ حرف عطف اِسْتَغْفَرَ فعل لَھُمْ متعلق الرَّسُوْلُ فاعل سے مل کر معطوف ثانی، واؤ حرف عطف اِسْتَغْفَرَ فعل لَھُمْ متعلق اَلرَّسُوْلُ فاعل سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد فعل محذوف ثَبَتَ کا فاعل، فعل با فاعل شرط، لَام جوابیہ وَجَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ مفعول بہ اوّل، تَوَّابًا رَّحِیْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۶۵﴾

آیت نمبر ۶۵: فَا استینا فیہ لَا زائدہ واؤ قسمیہ جارہ رَبِّکَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور فعل محذوف اُقْسِمُ کے متعلق ہوئے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر قسم، لَا یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل حَتّٰی حرف جر و غایت یُحَکِّمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ فِیْ حرف جار مَا اسم موصول شَجَرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بَیْنَھُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور یُحَکِّمُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق بتاویل مصدر معطوف علیہ، ثُمَّ حرف عطف لَا یَجِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْٓ اَنْفُسِھِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، حَرَجًا موصوف مِنْ حرف جار مَا قَضَیْتَ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف اوّل، واؤ حرف عطف یُسَلِّمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل تَسْلِیْمًا مفعول مطلق سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین حَتّٰی کا مجرور، جار با مجرور لَا یُؤْمِنُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق قسم کا جواب، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ ہوا۔

وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ اَنِ اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا ﴿۶۶﴾ۙ

آیت نمبر ۶۶: واؤ استینافیہ لَوْ حرف شرط اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم کَتَبْنَا فعل نَا ضمیر فعل عَلَیْھِمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، اَنْ حرف مصدری اُقْتُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، اَوْ حرف عطف

اُخْرُجُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ دِیَارِکُمْ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر کَتَبْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد فعل محذوف ثَبَتَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، مَا نافیہ فَعَلُوْا فعل واؤ ضمیر مبدل منہ، اِلَّا حرف استثناء قَلِیْلٌ موصوف مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت بدل، مبدل منہ بابدل فاعل، ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ حرف عطف لَوْ حرف شرط اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم فَعَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول یُوْعَظُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد فعل محذوف ثَبَتَ کا فاعل، فعل بافاعل شرط، لَام جوابیہ کَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم خَیْرًا اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اَشَدَّ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل تَثْبِیْتًا تمیز سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَّاِذًا لَّاٰتَیْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّاۤ اَجْرًا عَظِیْمًا ﴿۶۷﴾ وَّلَهَدَیْنٰهُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا ﴿۶۸﴾

آیت نمبر ۶۸،۶۷: واؤ حرف عطف اِذًا مفعول فیہ مقدم لَام جوابیہ کیونکہ یہاں لَوْ شرطیہ مع فعل کے مقدر ہے اور وہ لَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا یُوْعَظُوْنَ بِهٖ ہے، اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ لَّدُنَّا متعلق اَجْرًا عَظِیْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف لَام جوابیہ هَدَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِیْنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِیْقًا ﴿۶۹﴾

آیت نمبر ۶۹: واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، یُطِعْ فعل هُوَ مستتر فاعل اَللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، مَعَ مضاف اَلَّذِیْنَ اسم موصول اَنْعَمَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل عَلَیْهِمْ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ حرف جار اَلنَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِیْنَ معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ مجرور، جار با مجرور کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مَعَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ کَائِنُوْنَ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جزاء، شرط باجزاء، مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ حَسُنَ فعل اُولٰٓئِكَ ذوالحال رَفِیْقًا حال سے مل کر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَكَفٰی بِاللّٰهِ عَلِیْمًا ﴿۷۰﴾

آیت نمبر ۷۰: ذٰلِكَ الْفَضْلُ مرکب توصیفی مبتدا، مِنَ اللّٰهِ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ کَفٰی فعل اَللّٰهِ اسم الجلالہ ذوالحال عَلِیْمًا حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

رکوع نمبر ۱۰

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ﴿۷۱﴾

آیت نمبر ۷۱: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے خُذُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل حِذْرَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اِنْفِرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال ثُبَاتٍ حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل معطوف اوّل، اَوْ حرف عطف اِنْفِرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال جَمِيْعًا بمعنی مُجْتَمِعِيْنَ کے ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

وَاِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ ۚ فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ اِذْ لَمْ اَكُنْ مَّعَهُمْ شَهِيْدًا ﴿۷۲﴾

آیت نمبر ۷۲: واؤ استینا فیہ اِنَّ حرف تحقیق مِنْكُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لَام مزحلقہ مَنْ اسم موصول لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے يُبَطِّئَنَّ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قسم کا جواب، قسم باجواب قسم صلہ، موصول باصلہ اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔ فاء استینا فیہ اِنْ حرف شرط اَصَابَتْ فعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مُصِيْبَةٌ فاعل سے مل کر شرط، قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول قَدْ علامت فعل اَنْعَمَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل عَلَيَّ جار با مجرور متعلق ہوئے، اِذْ ظرف زمان مضاف لَمْ اَكُنْ فعل ناقص اَنَا مستتر اس کا اسم مَعَهُمْ مرکب اضافی كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم شَهِيْدًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ اَنْعَمَ کا مفعول فیہ، فعل با فعل و متعلق و مفعول فیہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَلَئِنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ كَاَنْ لَّمْ تَكُنْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهٗ مَوَدَّةٌ يّٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿۷۳﴾

آیت نمبر ۷۳: واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط اَصَابَ فعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، فَضْلٌ موصوف مِنَ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ شرط، لَام جوابیہ يَقُوْلَنَّ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، يَا حرف نداء اُدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر فاعل، منادٰی مفعول بہ محذوف ہے قَوْمِيْ، فعل بافاعل و مفعول بہ نداء، لَيْتَ حرف تمنّی، نون وقایہ، يَاء ضمیر منصوب اس کا اسم كُنْتُ فعل ناقص تَاء مضمومہ ضمیر اس کا اسم مَعَهُمْ مرکب اضافی كَائِنًا کے مفعول فیہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر لَيْتَ کی خبر، لَيْتَ با اسم و خبر نداء کا جواب، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ كَاَنْ مخففہ من الثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم، لَمْ تَكُنْ فعل ناقص بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهٗ معطوف علیہ با معطوف كَائِنَةٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم، مَوَدَّةٌ اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر كَاَنْ کی خبر، كَاَنْ با اسم و خبر جملہ اسمیہ معترضہ ہوا۔ فاء سببیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے اَفُوْزَ فعل اَنَا مستتر فاعل فَوْزًا عَظِيْمًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل بافاعل

ومفعول مطلق جواب تمنی ہے۔

فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ط وَ مَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝

آیت نمبر ۷۴:فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتُمْ هٰذَا كُلَّهٗ،لِيُقَاتِلْ فعل امر فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ظرف لغو متعلق ہوئے الَّذِيْنَ اسم موصول يَشْرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْحَيٰوةَ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مفعول بہ بِالْاٰخِرَةِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ،موصول باصلہ فاعل،فعل امر با فاعل و متعلق جزاء،شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔واؤ استیافیہ مَنْ اسم شرط مبتداء،يُقَاتِلْ فعل هُوَ مستتر فاعل فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ،فاء عاطفہ يُقْتَلْ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر معطوف اوّل،اَوْ حرف عطف يَغْلِبْ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف ثانی،معطوف علیہ با معطوفین شرط،فاء جزائیہ سَوْفَ علامت فعل نُؤْتِيْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ہٖ ضمیر مفعول بہ اوّل،اَجْرًا عَظِيْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی،فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ جزاء،شرط باجزاء مَنْ کی خبر،مبتداء باخبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

وَ مَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَ النِّسَآءِ وَ الْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ج وَ اجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ج وَّ اجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ۝ط

آیت نمبر ۷۵:واؤ استیافیہ مَا اسم استفہام مبتداء،لام حرف جار كُمْ ضمیر ذوالحال لَا تُقَاتِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْ حرف جار سَبِيْلِ اللّٰهِ مرکب اضافی معطوف علیہ،واؤ حرف عطف اَلْمُسْتَضْعَفِيْنَ ذوالحال مِنْ جارہ اَلرِّجَالِ وَ النِّسَآءِ وَ الْوِلْدَانِ معطوف علیہ بامعطوفین مجرور،جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال،ذوالحال باحال موصوف اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ۔قول،رَبَّنَا یہ اصل میں يَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے اَخْرِجْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ مِنْ حرف جار هٰذِهِ الْقَرْيَةِ مرکب توصیفی ہو کر موصوف اَلظَّالِمِ اسم فاعل اَهْلُهَا مرکب اضافی فاعل،اسم فاعل بافاعل صفت،موصوف باصفت مجرور،جار با مجرور وَاَخْرِجْ کے متعلق ہوئے،فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ،واؤ حرف عطف اِجْعَلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَنَا جار با مجرور محلاً منصوب مفعول اوّل،مِنْ حرف جار لَدُنْكَ مرکب اضافی مجرور،جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم،وَلِيًّا ذوالحال موخر،ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی،فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف اوّل،وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا کی ترکیب وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا کی مثل ہے اور یہ معطوف ثانی ہے،معطوف علیہ بامعطوفین نداء کا جواب،نداء باجواب نداء مقولہ،قول بامقولہ اَلَّذِيْنَ کا صلہ،موصول باصلہ صفت،موصوف باصفت سَبِيْلِ اللّٰهِ کا معطوف ہے،معطوف علیہ بامعطوف فِيْ کا مجرور،جار با مجرور لَا تُقَاتِلُوْنَ کے متعلق ہوئے،فعل بافاعل و متعلق حال،ذوالحال باحال لام کا مجرور،جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر مَا کی خبر،مبتداء باخبر جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ ۚ اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا ﴿۷۶﴾

آیت نمبر ۷۶: اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ مبتدا، يُقَاتِلُوْنَ فعل واوٗ ضمیر فاعل فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واوٗ حرف عطف اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ مبتدا، يُقَاتِلُوْنَ فعل واوٗ ضمیر فاعل فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، قَاتِلُوْا فعل امر واوٗ ضمیر فاعل اَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق كَيْدَ الشَّيْطٰنِ مرکب اضافی اس کا اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم ضَعِيْفًا خبر سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معللہ ہوا

❁ رکوع نمبر ۱۱ ❁

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَ قَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْ لَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ؕ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ وَ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۚ وَ لَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿۷۷﴾

آیت نمبر ۷۷: هَمزہ حرف استفہام لَمْ تَرَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِلٰى حرف جار اَلَّذِيْنَ اسم موصول قِيْلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، كُفُّوْا فعل امر واوٗ ضمیر فاعل اَيْدِيَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف علیہ، واوٗ حرف عطف اَقِيْمُوْا فعل امر واوٗ ضمیر فاعل اَلصَّلٰوةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف اوّل، واوٗ حرف عطف اٰتُوْا فعل امر واوٗ ضمیر فاعل اَلزَّكٰوةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مقولہ، قول بامقولہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

فاء عاطفہ لَمَّا ظرف زمان متضمن معنیٰ شرط مفعول فیہ مقدم، كُتِبَ فعل مجہول عَلَيْهِمْ متعلق اَلْقِتَالُ نائب فاعل سے مل کر شرط، اِذَا مفاجاتیہ مفعول فیہ مقدم، فَرِيْقٌ موصوف مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا، يَخْشَوْنَ فعل واوٗ ضمیر فاعل اَلنَّاسَ مفعول بہ، کاف حرف جار خَشْيَةِ اللّٰهِ مرکب اضافی معطوف علیہ، اَوْ حرف عطف اَشَدَّ اسم تفضیل هُمْ مستتر فاعل خَشْيَةً تمیز سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف خَشْيَةً کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفاعیل ثلاثہ خبر، مبتدا باخبر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واوٗ استینافیہ قَالُوْا فعل باواوٗ ضمیر فاعل قول، رَبَّنَا یہ اصل میں يَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے، لِمَ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے، كَتَبْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل عَلَيْنَا متعلق اَلْقِتَالَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ

خبریہ مستانفہ ہوا۔لَوْلَا حرف تحضیض غیر عامل اَخَّرْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ،اِلٰی حرف جار اَجَلٍ قَرِیْبٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ یہ بھی قول کا مقولہ ہے۔

قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول،مَتَاعُ الدُّنْیَا مرکب اضافی مبتدا،قَلِیْلٌ خبر،مبتدا با خبر مقولہ،قول با مقولہ جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔واؤ عاطفہ اَلْاٰخِرَۃُ مبتدا،خَیْرٌ اسم تفضیل ھِیَ مستتر فاعل لَام حرف جار مَنْ اسم موصول اِتَّقٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل ،دونوں مل کر صلہ،موصول باصلہ مجرور،دونوں مل کر متعلق،اسم تفضیل با فاعل و متعلق خبر،مبتدا با خبر معطوف علیہ،واؤ عاطفہ لَا تُظْلَمُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فَتِیْلًا بواسطہ موصوف محذوف ظُلْمًا کے مفعول مطلق،فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول مطلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اَیْنَ مَا تَکُوْنُوْا یُدْرِکْکُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ کُنْتُمْ فِیْ بُرُوْجٍ مُّشَیَّدَۃٍ ط وَاِنْ تُصِبْھُمْ حَسَنَۃٌ یَّقُوْلُوْا ھٰذِہٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ ج وَاِنْ تُصِبْھُمْ سَیِّئَۃٌ یَّقُوْلُوْا ھٰذِہٖ مِنْ عِنْدِکَ ط قُلْ کُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰہِ ط فَمَالِ ھٰٓؤُلَآءِ الْقَوْمِ لَا یَکَادُوْنَ یَفْقَھُوْنَ حَدِیْثًا ﴿۷۸﴾

آیت نمبر ۷۸: اَیْنَمَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم تَکُوْنُوْا فعل تام واؤ ضمیر فاعل سے مل کر شرط یُدْرِکْ فعل اَلْمَوْتُ فاعل کُمْ ضمیر منصوب ذوالحال واؤ حالیہ لَوْ حرف شرط کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم فِیْ حرف جار بُرُوْجٍ موصوف مُشَیَّدَۃٍ اسم مفعول ھِیَ ضمیر نائب فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر شرط، جزاء محذوف ہے یُدْرِکْکُّمُ الْمَوْتُ، شرط با جزاء حال، ذوالحال باحال یُدْرِکْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ اِنْ حرف شرط تُصِبْ فعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ حَسَنَۃٌ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، یَقُوْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول ھٰذِہٖ اسم اشارہ مبتدا، مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اِنْ حرف شرط تُصِبْ فعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سَیِّئَۃٌ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط یَقُوْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، ھٰذِہٖ اسم اشارہ مبتدا، مِنْ عِنْدِکَ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، کُلٌّ مبتدا (چونکہ اس میں عموم کا معنٰی پایا جاتا ہے اس لئے اس کا مبتدا بننا درست ہے) مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ "کَائِنٌ" کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فَاء استینافیہ مَا اسم استفہام مبتدا لَام حرف جار ھٰؤُلَآءِ الْقَوْمِ مرکب توصیفی ذوالحال، لَا یَکَادُوْنَ فعل مقارب واؤ ضمیر اس کا اسم یَفْقَھُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل حَدِیْثًا مفعول بہ سے مل کر خبر، فعل مقارب با اسم و خبر حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ۡ وَ مَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ ؕ وَ اَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿۷۹﴾

آیت نمبر ۷۹: مَا اسم شرط مبتدا، اَصَابَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال مِنْ حَسَنَۃٍ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، کَ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ شرط، فَاء جزائیہ مِنَ اللّٰہِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف ھِیَ کی، مبتدا باخبر جزاء، شرط باجزاء مَا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَا اسم شرط مبتدا، اَصَابَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال مِنْ سَیِّئَۃٍ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، کَ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ شرط، فَاء جزائیہ مِنْ نَّفْسِکَ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر مبتدا محذوف ھِیَ کی خبر، مبتدا باخبر جزاء، شرط باجزاء مَا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کَ ضمیر ذوالحال رَسُوْلًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ لِلنَّاسِ متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ کَفٰی فعل بَاء حرف جار زائد اَللّٰہِ اسم الجلالہ لفظاً مجرور محلاً مرفوع ذوالحال شَھِیْدًا حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ مستانفہ ہوا۔

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَ مَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ﴿۸۰﴾

آیت نمبر ۸۰: مَنْ اسم شرط مبتدا، یُطِعِ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلرَّسُوْلَ مفعول بہ سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ قَدْ علامت فعل اَطَاعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف مَنْ اسم شرط مبتدا، تَوَلّٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ مَا نافیہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کَ ضمیر ذوالحال عَلَیْھِمْ متعلق مقدم حَفِیْظًا صیغہ صفت ھُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَ يَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ ۡ فَاِذَا بَرَزُوْا مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِيْ تَقُوْلُ ؕ وَ اللّٰهُ يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ ۚ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَ تَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۸۱﴾

آیت نمبر ۸۱: واؤ استینافیہ یَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، طَاعَۃٌ خبر ہے مبتدا محذوف شَأنُنَا کی، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم بَرَزُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ عِنْدِکَ متعلق سے مل کر شرط، بَیَّتَ فعل طَآئِفَۃٌ موصوف مِنْھُمْ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل غَیْرَ مضاف اَلَّذِیْ اسم موصول تَقُوْلُ فعل ھِیَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ غَیْرَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا، یَکْتُبُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول یُبَیِّتُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ

کَذٰلِکَ یا اِنْ۔ فَعَلُوْا ذٰلِکَ، اَعْرِضْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَنْهُمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَوَکَّلْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل، عَلَى اللّٰهِ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا کی ترکیب وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا کی طرح ہے آیت نمبر ۷۰ میں گزر چکی ہے۔

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ؕ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ﴿۸۲﴾

آیت نمبر ۸۲: همزہ حرف استفہام فاء عاطفہ اور معطوف علیہ مقدر ہے يُعْرِضُوْنَ عَنِ الْقُرْاٰنِ، لَا يَتَدَبَّرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْقُرْاٰنَ ذوالحال واؤ حالیہ لَوْ حرف شرط كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر شرط، لام جوابیہ وَجَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهِ متعلق اِخْتِلَافًا كَثِيْرًا مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔

وَاِذَا جَآءَهُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ؕ وَلَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَاِلٰٓى اُولِي الْاَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ ؕ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۸۳﴾

آیت نمبر ۸۳: واؤ استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل هُمْ مستتر مفعول بہ اَمْرٌ موصوف مِنْ حرف جار اَلْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ شرط، اَذَاعُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَوْ حرف شرط رَدُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اِلَى الرَّسُوْلِ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اُولِي الْاَمْرِ مرکب اضافی ذوالحال مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف رَدُّوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لام جوابیہ عَلِمَ فعل هٗ ضمیر مفعول بہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَسْتَنْۢبِطُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ عَلِمَ کا فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جزاء، شرط باجزاء جملہ معطوفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لَوْلَا امتناعیہ فَضْلُ مصدر مضاف اَللّٰهِ اسم الجلالہ مضاف الیہ معنیٰ فاعل عَلَيْكُمْ متعلق ہوئے، مصدر مضاف بامضاف الیہ و متعلق معطوف علیہ، واؤ حرف عطف رَحْمَتُهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتداء اور خبر محذوف ہے مَوْجُوْدَانِ مبتدا باخبر شرط، لام جوابیہ اِتَّبَعْتُمْ فعل تُمْ ضمیر مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء قَلِيْلًا مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ فاعل اَلشَّيْطٰنَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّكُفَّ بَاْسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ﴿۸۴﴾

آیت نمبر ۸۴: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، یا اِنْ تَرَکُوْکَ مُنْفَرِدًا، قَاتِلْ فعل امر اَنْتَ مستتر ذوالحال لَا تُکَلَّفُ فعل مجہول اَنْتَ مستتر نائب فاعل اِلَّا حرف استثناء نَفْسَکَ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر حال، ذوالحال با حال فاعل فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف حَرِّضِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَلْمُؤْمِنِیْنَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ عَسَی فعل مقارب اَللّٰہُ اسم الجلالہ اس کا اسم اَنْ حرف مصدری و نصب یَکُفَّ فعل ہُوَ مستتر فاعل بَأْسَ مضاف اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر خبر، فعل مقارب با اسم و خبر جملہ انشائیہ ؟؟؟ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا، اَشَدُّ اسم تفضیل ہُوَ مستتر فاعل بَأْسًا تمیز سے مل کر شبہ جملہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اَشَدُّ اسم تفضیل ہُوَ مستتر فاعل تَنْکِیْلًا تمیز سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ مستانفہ ہوا۔

مَنْ یَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً یَّکُنْ لَّهٗ نَصِیْبٌ مِّنْهَا ۚ وَ مَنْ یَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَیِّئَةً یَّکُنْ لَّهٗ کِفْلٌ مِّنْهَا ؕ وَ کَانَ اللّٰهُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ مُّقِیْتًا ﴿۸۵﴾

آیت نمبر ۸۵: مَنْ اسم شرط مبتدا، یَشْفَعْ فعل ہُوَ مستتر فاعل شَفَاعَةً حَسَنَةً مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر شرط یَکُنْ فعل ناقص لَهٗ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم نَصِیْبٌ موصوف مِنْهَا ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف مَنْ یَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَیِّئَةً یَّکُنْ لَّهٗ کِفْلٌ مِّنْهَا کی ترکیب مَنْ یَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً یَّکُنْ لَّهٗ نَصِیْبٌ مِّنْهَا کی مثل ہے اور یہ معطوف ہے۔ واؤ استینافیہ کَانَ فعل ناقص اَللّٰہُ اسم الجلالہ اس کا اسم مُقِیْتًا اسم فاعل ہُوَ مستتر فاعل عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ مستانفہ ہوا۔

وَ اِذَا حُیِّیْتُمْ بِتَحِیَّةٍ فَحَیُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَاۤ اَوْ رُدُّوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ کَانَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَسِیْبًا ﴿۸۶﴾

آیت نمبر ۸۶: واؤ استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم حُیِّیْتُمْ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل بِتَحِیَّةٍ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ حَیُّوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جار اَحْسَنَ اسم تفضیل ھِیَ ضمیر پوشیدہ فاعل مِنْهَا متعلق سے مل کر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، اَوْ حرف عطف رُدُّوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم کَانَ فعل ناقص ہُوَ مستتر اس کا اسم حَسِیْبًا صیغہ صفت ہُوَ مستتر فاعل عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَیَجْمَعَنَّکُمْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ لَا رَیْبَ فِیْهِ ؕ وَ مَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ

حَدِيْثًا ﴿٨٧﴾

آیت نمبر ۸۷: اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا، لَا نفی جنس اِلٰهَ مبدل منہ اِلَّا حرف استثناء هُوَ ضمیر اِلٰهَ کے محل سے بدل ہے، مبدل منہ بابدل لَا کا اسم اور خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ، لَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے يَجْمَعَنَّ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، اِلٰى حرف جار يَوْمَ الْقِيَامَةِ مرکب اضافی ذوالحال لَا نفی جنس رَيْبَ اس کا اسم فِيْهِ جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا نفی جنس با اسم و خبر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ و متعلق قسم کا جواب، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم استفہام مبتدا، اَصْدَقُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنَ اللّٰهِ متعلق حَدِيْثًا تمیز سے مل کر شبہ جملہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

رکوع نمبر ۱۲

فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا ؕ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿٨٨﴾

آیت نمبر ۸۸: فاء استینافیہ مَا اسم استفہام مبتدا، لام حرف جار كُمْ ضمیر محلاً مجرور ذوالحال فِي الْمُنَافِقِيْنَ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم فِئَتَيْنِ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال كُمْ ضمیر کا حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا، اَرْكَسَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ باء حرف جار مَا كَسَبُوْا موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ اَلْمُنَافِقِيْنَ سے حال ہے۔

هَمزہ حرف استفہام تُرِيْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب تَهْدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَنْ اسم موصول اَضَلَّ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر تُرِيْدُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، يُضْلِلْ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر شرط، فاء جزائیہ لَنْ تَجِدَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل لَهٗ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، سَبِيْلًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ اَوْلِيَآءَ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ ۠ وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿٨٩﴾

آیت نمبر ۸۹: وَدُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَوْ حرف مصدریہ تَكْفُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کاف حرف جار مَا كَفَرُوْا بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف كُفْرًا کے تَكْفُرُوْنَ کا مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق معطوف

علیہ،فَاء حرف عطف تَکُوْنُوْنَ فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم،سَوَآءً مُسْتَوِیِیْنَ کے معنی میں ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر وَدُّوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اوراس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذَالِکَ،یا اِنْ بَانَتْ عَدَاوَتُھُمْ ، لَا تَتَّخِذُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل مِنْھُمْ جار با مجرور محلاً منصوب مفعول بہ اوّل،اَوْلِیَآءَ مفعول بہ ثانی،حَتّٰی حرف جار وغایت یُھَاجِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعولین ومتعلق جملہ انشائیہ جزاء،شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اِنْ حرف شرط تَوَلَّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر شرط،فَاء جزائیہ خُذُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ،واؤ حرف عطف اُقْتُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ حَیْثُ مضاف وَجَدْتُّمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر حَیْثُ کا مضاف الیہ،مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء،شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔واؤ حرف عطف لَا تَتَّخِذُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل مِنْھُمْ جار با مجرور محلاً منصوب مفعول بہ اوّل،وَلِیًّا معطوف علیہ،واؤ حرف عطف لَا زائدہ نَصِیْرًا معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل ومفعولین جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔

اِلَّا الَّذِیْنَ یَصِلُوْنَ اِلٰی قَوْمٍۢ بَیْنَکُمْ وَ بَیْنَھُمْ مِّیْثَاقٌ اَوْ جَآءُوْکُمْ حَصِرَتْ صُدُوْرُھُمْ اَنْ یُّقَاتِلُوْکُمْ اَوْ یُقَاتِلُوْا قَوْمَھُمْ ؕ وَ لَوْ شَآءَ اللّٰہُ لَسَلَّطَھُمْ عَلَیْکُمْ فَلَقٰتَلُوْکُمْ ۚ فَاِنِ اعْتَزَلُوْکُمْ فَلَمْ یُقَاتِلُوْکُمْ وَ اَلْقَوْا اِلَیْکُمُ السَّلَمَ ۙ فَمَا جَعَلَ اللّٰہُ لَکُمْ عَلَیْھِمْ سَبِیْلًا ﴿۹۰﴾

آیت نمبر ۹۰:اِلَّا حرف استثناء اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَصِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰی حرف جار قَوْمٍ موصوف بَیْنَکُمْ وَبَیْنَھُمْ معطوف علیہ بامعطوف کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم،مِیْثَاقٌ مبتدا موخر،مبتدا با خبر صفت،موصوف باصفت مجرور،جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف علیہ،اَوْ حرف عطف جَآؤُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال حَصِرَتْ فعل صُدُوْرُھُمْ مرکب اضافی فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب یُقَاتِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ،اَوْ حرف عطف یُقَاتِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل قَوْمَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر حَصِرَتْ کا مفعول لہ، فعل بافاعل ومفعول لہ حال،ذوالحال باحال جَآؤُوْا کا فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَلَّذِیْنَ کا صلہ، موصول باصلہ خُذُوْھُمْ اور اُقْتُلُوْھُمْ کی ضمیر منصوب سے مستثنیٰ ہے۔
آیت نمبر ۱: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اس کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے اَوْفُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل بِالْعُقُوْدِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ ہو کر جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ اُحِلَّتْ فعل مجہول لَكُمْ جار با مجرور متعلق بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ مرکب اضافی مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء مَا موصولہ يُتْلٰى فعل مجہول هُوَ ضمیر نائب فاعل عَلٰى حرف جار كُمْ ضمیر ذوالحال غَيْرَ مضاف مُحِلِّي الصَّيْدِ مرکب اضافی ذوالحال واؤ حالیہ اَنْتُمْ مبتدا، حُرُمٌ خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال با حال غَيْرَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور يُتْلٰى کے متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ مفسّر ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم يَحْكُمُ فعل هُوَ مستتر اس کا فاعل مَا موصولہ يُرِيْدُ فعل هُوَ مستتر فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ اللّٰهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَآئِدَ وَلَآ آٰمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا ؕ وَاِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ؕ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۪ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۲

آیت نمبر ۲: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے لَا تُحِلُّوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل شَعَآئِرَ اللّٰهِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَلشَّهْرَ الْحَرَامَ مرکب توصیفی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَلْهَدْيَ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَلْقَلَآئِدَ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ لَا زائدہ آٰمِّيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر ذوالحال يَبْتَغُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فَضْلًا موصوف مِنْ رَّبِّهِمْ جار با مجرور ظرف مستقر كَآئِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رِضْوَانًا معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل اَلْبَيْتَ الْحَرَامَ مرکب توصیفی مفعول بہ، اسم فاعل با فاعل و مفعول بہ بواسطہ مضاف محذوف قِتَالَ کے معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ لَا تُحِلُّوْا کا مفعول بہ، فعل نہی با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم حَلَلْتُمْ فعل تُمْ ضمیر اس کا فاعل، فعل با فاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط فاء جزائیہ اِصْطَادُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل، فعل با فاعل جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَایَجْرِمَنَّ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ شَنَاٰنُ مصدر مضاف قَوْمٍ مضاف الیہ معنی مفعول بہ، اَنْ حرف مصدری ونصب صَدُّوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ عَنْ جار اَلْمَسْجِدِ الْحَرَامِ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر مفعول لہ ہوا شَنَاٰنُ کا، مصدر مضاف بامضاف الیہ ومفعول لہ فاعل، اَنْ حرف مصدری ونصب تَعْتَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل با فاعل مفعول ثانی، فعل با فاعل ومفعولین جملہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَعَاوَنُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل عَلٰی حرف جار اَلْبِرِّ وَ التَّقْوٰی معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق معطوف اول، واؤ عاطفہ لَاتَعَاوَنُوْا فعل نہی واؤ ضمیر اس کا فاعل عَلٰی جار اَلْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ معطوف علیہ بامعطوف۔ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر اس کا فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم شَدِیْدُ الْعِقَابِ مرکب اضافی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ ۣ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ۭ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ۭ اَلْيَوْمَ يَىِٕسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ۭ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ۭ فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۳: حُرِّمَتْ فعل مجہول عَلَیْکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلْمَیْتَۃُ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلدَّمُ معطوف اول، واؤ عاطفہ لَحْمُ الْخِنْزِیْرِ مرکب اضافی معطوف ثانی، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اُھِلَّ فعل مجہول ھُوَ ضمیر نائب فاعل لام جارہ غَیْرِ اللّٰہِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق اول بِہٖ جار با مجرور دوسرے متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل ومتعلقین صلہ، موصول باصلہ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اَلْمُنْخَنِقَۃُ معطوف رابع، واؤ عاطفہ اَلْمَوْقُوْذَۃُ معطوف خامس، واؤ عاطفہ اَلْمُتَرَدِّیَۃُ معطوف سادس، واؤ عاطفہ اَلنَّطِیْحَۃُ معطوف سابع، واؤ عاطفہ مَا موصولہ اَکَلَ فعل اَلسَّبُعُ فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء مَا موصولہ ذَکَّیْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ معطوف ثامن، واؤ عاطفہ مَا موصولہ ذُبِحَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل عَلَی النُّصُبِ جار با مجرور متعلق، فعل مجہول با نائب فاعل ومتعلق صلہ، موصول باصلہ معطوف تاسع، واؤ

عاطفہ اَنْ حرف مصدری ونصب تَسْتَقْسِمُوْا فعل واوٗ ضمیر فاعل بِالْاَزْلَامِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق بتاویل مصدر معطوف عاشر، معطوف علیہ با معطوفات عشرہ حُرِّمَتْ کا نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكُمْ اسم اشارہ مبتدا، فِسْقٌ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اَلْيَوْمَ مفعول فیہ مقدم يَئِسَ فعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واوٗ ضمیر فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول باصلہ يَئِسَ کا فاعل مِنْ دِيْنِكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، يا اِنْ يَغْلِبُوْا عَلَيْكُمْ، لَا تَخْشَوْا فعل نہی واوٗ ضمیر اس کا فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، واوٗ عاطفہ اِخْشَوْا فعل واوٗ ضمیر اس کا فاعل نون وقایہ، یاء ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَلْيَوْمَ مفعول فیہ مقدم اَكْمَلْتُ فعل تَاء مضمومہ ضمیر اس کا فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے دِيْنَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق ومفعول بہ ومفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واوٗ عاطفہ اَتْمَمْتُ فعل تَاء مضمومہ ضمیر اس کا فاعل عَلَيْكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے نِعْمَتِيْ مرکب اضافی منصوب تقدیراً مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واوٗ عاطفہ رَضِيْتُ فعل تَاء مضمومہ ضمیر اس کا فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلْاِسْلَامَ مفعول بہ دِيْنًا تمیز، فعل با فاعل و متعلق ومفعول بہ و تمیز جملہ فعلیہ معطوفہ ہوا۔

فَاء استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، اُضْطُرَّ فعل مجہول هُوَ ضمیر مستتر ذوالحال غَيْرَ مضاف مُتَجَانِفٍ اسم فاعل هُوَ ضمیر اس کا فاعل لِاِثْمٍ جار با مجرور متعلق، اسم فاعل با فاعل و متعلق مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ حال، ذوالحال با حال نائب فاعل، فِيْ مَخْمَصَةٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ خبریہ ہو کر خبر قائم مقام جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَآ اُحِلَّ لَهُمْ ۭ قُلْ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۙ وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ ۡ فَكُلُوْا مِمَّآ اَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ ۠ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ④

آیت نمبر ۴: يَسْـَٔلُوْنَ فعل واوٗ ضمیر فاعل كَ ضمیر مفعول بہ اول مَاذَا استفہامیہ مبتدا، اُحِلَّ فعل مجہول هُوَ ضمیر نائب فاعل لَهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر مفعول ثانی، فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر اس کا فاعل، فعل با فاعل قول، اُحِلَّ فعل مجہول لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلطَّيِّبٰتُ معطوف علیہ، واوٗ عاطفہ مَا موصولہ عَلَّمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر اس کا فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنَ الْجَوَارِحِ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال معطوف، معطوف علیہ با معطوف نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ مُكَلِّبِيْنَ اسم فاعل اس میں اَنْتُمْ ضمیر اس کا فاعل، اسم فاعل با فاعل شبہ جملہ ہو کر

حال ہے عَلَّمْتُمْ کی تُمْ ضمیر سے۔

تُعَلِّمُوْنَ فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل هُنَّ ضمیر منصوب مفعول بہ مِنْ جارہ مَا موصولہ عَلَّمَ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اَللّٰهُ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور تُعَلِّمُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ عَلَّمْتُمْ کی ضمیر فاعل سے حال ہوا۔ فاء فصیحہ اوراس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، یااِنْ صِدْتُمْ شَیْئًا مِنَ الْحَیْوَانِ، كُلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ مَا موصولہ اَمْسَكْنَ فعل نون مفتوحہ اس کا فاعل عَلَيْكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور كُلُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ ہوکر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُذْكُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر اس کا فاعل اِسْمَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ عَلَيْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ ہوکر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ ہوکر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم سَرِيْعُ الْحِسَابِ مرکب اضافی خبر اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ؕ وَ طَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ ۪ وَ طَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ۫ وَ الْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَ الْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ وَ لَا مُتَّخِذِيْٓ اَخْدَانٍ ؕ وَ مَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ۡ وَ هُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ۠ ۝۵

آیت نمبر ۵: اَلْيَوْمَ مفعول فیہ مقدم اُحِلَّ فعل مجہول لَكُمْ متعلق اَلطَّيِّبَاتُ نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ طَعَامُ مضاف اَلَّذِيْنَ اسم موصول اُوْتُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اَلْكِتَابَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ صلہ، موصول باصلہ طَعَامُ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا، حِلٌّ مصدر لَكُمْ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ طَعَامُكُمْ مرکب اضافی مبتدا، حِلٌّ مصدر لَهُمْ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اَلْمُحْصَنٰتُ ذوالحال مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ ظرف مستقر کَائِنَاتٍ کے متعلق ہوکر حال، ذوالحال باحال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْمُحْصَنَاتُ ذوالحال مِنْ حرف جار اَلَّذِيْنَ اسم موصول اُوْتُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ قَبْلِكُمْ ظرف مستقر کَائِنِيْنَ کے متعلق ہوکر حال، ذوالحال باحال نائب فاعل اَلْكِتَابَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَاتٍ کے متعلق ہوکر حال، ذوالحال باحال معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا، اور خبر محذوف ہے حِلٌّ لَّكُمْ، حِلٌّ مصدر لَكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، اِذَا ظرف زمان مضاف اٰتَيْتُمْ فعل تُمْ ضمیر ذوالحال مُحْصِنِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر حال اولیٰ، غَيْرَ مُسَافِحِيْنَ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ مُتَّخِذِيْ اَخْدَانٍ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف حال دوم، ذوالحال باحالین اٰتَيْتُمْ کا فاعل هُنَّ ضمیر مفعول بہ اوّل، اُجُوْرَهُنَّ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین اِذَا کا مضاف الیہ،

مضاف بامضاف الیہ حِلٌّ کا مفعول فیہ، مصدر بامتعلق ومفعول فیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ استینا فیہ مَنْ اسم شرط مبتدا یَکْفُرْ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِالْاِیْمَانِ ظرف لغو متعلق سے مل کر شرط، فاء جزائیہ قَدْ علامت فعل، حَبِطَ فعل عَمَلُهٗ مرکب اضافی فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا فِی الْاٰخِرَةِ ظرف مستقر کَائِنٌ کا متعلق اوّل، مِنَ الْخٰسِرِیْنَ متعلق ثانی، کَائِنٌ اسم فاعل با ھُوَ مستتر فاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَ اَیْدِیَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَ امْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَ اَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَیْنِ ؕ وَ اِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ؕ وَ اِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآىِٕطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَیَمَّمُوْا صَعِیْدًا طَیِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَ اَیْدِیْكُمْ مِّنْهُ ؕ مَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیَجْعَلَ عَلَیْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّ لٰكِنْ یُّرِیْدُ لِیُطَهِّرَكُمْ وَ لِیُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَیْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝۶

آیت نمبر ۶: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اس کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قُمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اِلَى الصَّلٰوةِ متعلق سے مل کر شرط، فاء جزائیہ اِغْسِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل وُجُوْهَكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَیْدِیَكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ اِلَى الْمَرَافِقِ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِمْسَحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل باء جارہ رُءُوْسِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط باجزاء نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اَرْجُلَكُمْ مرکب اضافی بواسطہ عطف اِغْسِلُوْا کا مفعول بہ اِلَى الْكَعْبَیْنِ بواسطہ عطف کے اِغْسِلُوْا کے متعلق ہوئے

واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم جُنُبًا خبر سے مل کر شرط، فاء جزائیہ اِطَّهَّرُوْا فعل امر با واؤ ضمیر فاعل جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم مَرْضٰۤى معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ عَلٰى سَفَرٍ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ جَآءَ فعل اَحَدٌ موصوف مِنْكُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل مِنَ الْغَآىِٕطِ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف اوّل، اَوْ عاطفہ لٰمَسْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَلنِّسَآءَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ لَمْ تَجِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَآءً مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین شرط، فاء جزائیہ

تَیَمَّمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل صَعِیْدًا طَیِّبًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اِمْسَحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ وُجُوْهِكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَیْدِیْكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ مِنْهُ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

مَا نافیہ یُرِیْدُ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل لَام جارہ برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَجْعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَیْكُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، مِنْ جارہ زائدہ حَرَجٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور یُرِیْدُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہملہ یُرِیْدُ فعل هُوَ مستتر فاعل لَام حرف جارہ و تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُطَهِّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام حرف جر و تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُتِمَّ فعل هُوَ مستتر فاعل نِعْمَتَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، عَلٰی حرف جر كُمْ ضمیر ذوالحال لَعَلَّ حرف ترجی كُمْ ضمیر اس کا اسم تَشْكُرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، لَعَلَّ با اسم و خبر راجع الشُّكْرِ کی تاویل میں ہو کر حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور یُتِمُّ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مَا یُرِیْدُ پر معطوف ہوا۔

وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ وَمِیْثَاقَهُ الَّذِیْ وَاثَقَكُمْ بِهٖۤ ۙ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۡ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۞

آیت نمبر ۷: واؤ استینافیہ اُذْكُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نِعْمَةَ مصدر مضاف اَللّٰهِ اسم الجلالہ مضاف الیہ معنیٰ فاعل عَلَیْكُمْ متعلق ہوئے، مصدر با مضاف الیہ و متعلق شبہ جملہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِیْثَاقَهٗ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول وَاثَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ بِهٖ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف با صفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف اُذْكُرُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔ اِذْ مضاف قُلْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر قول سَمِعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَطَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ وَاثَقَ کا مفعول فیہ ہے۔ واؤ استینافیہ اِتَّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ سے مل کر جملہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اسم عَلِیْمٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بِذَاتِ الصُّدُوْرِ متعلق سے مل کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ۫ وَلَا یَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰۤی اَلَّا تَعْدِلُوْا ؕ اِعْدِلُوْا ۫ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی ۫ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۞

آیت نمبر ۸: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے كُوْنُوْا فعل امر ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم قَوّٰمِیْنَ صیغہ مبالغہ اَنْتُمْ مستتر فاعل لِلّٰهِ ظرف لغو متعلق سے مل کر شبہ جملہ خبر اوّل، شُهَدَآءَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل بِالْقِسْطِ متعلق سے مل

کر شبہ جملہ خبر ثانی فعل ناقص بااسم وخبر ین جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا وَ عاطفہ لَا يَجْرِمَنَّ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ شَنَاٰنُ قَوْمٍ مرکب اضافی فاعل عَلٰی حرف جار اَنْ حرف مصدری ناصب لَا تَعْدِلُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف ندا کا جواب، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوئے اِعْدِلُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ ہوا هُوَ ضمیر مبتدا اَقْرَبُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل لِلتَّقْوٰی متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا وَاتَّقُوا اللّٰهَ کی ترکیب آیت نمبر۲ میں دیکھئے اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم خَبِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بِ حرف جار مَا تَعْمَلُوْنَ موصول بصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل و متعلق خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۹ وَعَدَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ ہوا وَ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصّٰلِحٰتِ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول بصلہ مفعول بہ اوّل، لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَغْفِرَةٌ معطوف علیہ ہوا وَ عاطفہ اَجْرٌ عَظِيْمٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر محلا منصوب مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝

آیت نمبر ۱۰ وَ استیحیا اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ ہوا وَ عاطفہ كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول بصلہ مبتدا اوّل اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا ثانی اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۱ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے اذْكُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نِعْمَةَ مصدر مضاف اَللّٰهِ اسم الجلالہ مضاف الیہ معنًی فاعل عَلَيْكُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے اِذْ مضاف هَمَّ فعل قَوْمٌ فاعل اَنْ حرف مصدری ناصب يَبْسُطُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَيْكُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے اَيْدِيَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ بتاویل مصدر نِعْمَةَ کا مفعول فیہ، مصدر اپنے مضاف الیہ و متعلق و مفعول فیہ سے مل کر اذْكُرُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ ندا کا جواب ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ہوا فَ عاطفہ كَفَّ فعل هُوَ مستتر فاعل اَيْدِيَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ عَنْكُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ هَمَّ پر معطوف ہے

واؤ استینافیہ اِتَّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ سے مل کر جملہ مستانفہ ہوا وَ عاطفہ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف

ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذَالِکَ، یا اِنْ تَوَکَّلَ النَّاسُ عَلٰی غَیْرِ اللّٰہِ، لِیَتَوَکَّلْ فعل اَلْمُؤْمِنُوْنَ فاعل عَلَی اللّٰہِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰہُ مِیْثَاقَ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ ج وَبَعَثْنَا مِنْھُمُ اثْنَیْ عَشَرَ نَقِیْبًا ط وَقَالَ اللّٰہُ اِنِّیْ مَعَکُمْ ط لَئِنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوۃَ وَ اٰتَیْتُمُ الزَّکٰوۃَ وَ اٰمَنْتُمْ بِرُسُلِیْ وَ عَزَّرْتُمُوْھُمْ وَ اَقْرَضْتُمُ اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا لَّاُکَفِّرَنَّ عَنْکُمْ سَیِّاٰتِکُمْ وَلَاُدْخِلَنَّکُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھَا الْاَنْھٰرُ ج فَمَنْ کَفَرَ بَعْدَ ذٰلِکَ مِنْکُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِیْلِ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: واؤ استینا فیہ لَام مؤطِّئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اَخَذَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل مِیْثَاقَ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَعَثْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْھُمْ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم اِثْنَیْ عَشَرَ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال ممیز نَقِیْبًا تمیز، ممیز باتمیز بَعَثْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ قَالَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم مَعَکُمْ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر مقولہ، قول بامقولہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین قسم کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

لَام مؤطِّئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط، اَقَمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَلصَّلٰوۃَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰتَیْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَلزَّکٰوۃَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اٰمَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِرُسُلِیْ متعلق سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ عَزَّرْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اَقْرَضْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ مفعول بہ، قَرْضًا حَسَنًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ شرط، لَام جوابیہ اُکَفِّرَنَّ فعل اَنَا مستتر فاعل عَنْکُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، سَیِّاٰتِکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام جوابیہ اُدْخِلَنَّ فعل اَنَا ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، جَنّٰتٍ موصوف تَجْرِیْ فعل مِنْ تَحْتِھَا متعلق اَلْاَنْھٰرُ فاعل سے صفت، موصوف باصفت اُدْخِلَنَّ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین معطوف، معطوف علیہ بامعطوف قسم کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا، اور شرط کی جزاء محذوف ہے۔ فاء استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، کَفَرَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال مِنْکُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل بَعْدَ ذٰلِکَ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ شرط، فاء جزائیہ قَدْ علامت فعل، ضَلَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل سَوَآءَ السَّبِیْلِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَبِمَا نَقْضِھِمْ مِّیْثَاقَھُمْ لَعَنّٰھُمْ وَ جَعَلْنَا قُلُوْبَھُمْ قٰسِیَۃً ج یُحَرِّفُوْنَ الْکَلِمَ عَنْ

مَوَاضِعِهٖ ۙ وَ نَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ وَ لَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَ اصْفَحْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۳: فاء استینافیہ بَا حرف جار مَا زائدہ نَقْضِ مصدر مضاف هِمْ ضمیر مضاف الیہ معنیً فاعل مِيْثَاقَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، مصدر مضاف باعضاف الیہ ومفعول بہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم لَعَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق مقدم جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل قُلُوْبَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل قٰسِيَةً مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا يُحَرِّفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْكَلِمَ مفعول بہ عَنْ جار مَوَاضِعِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ مستانفہ یا لَعَنّٰهُمْ کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہوا۔

واؤ عاطفہ نَسُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل حَظًّا موصوف مِنْ جارہ مَا اسم موصولہ ذُكِّرُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل بِهٖ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حَظًّا کی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اس کا عطف ہے يُحَرِّفُوْنَ پر ـ واؤ عاطفہ لَا تَزَالُ فعل ناقص اَنْتَ ضمیر مستتر اس کا اسم تَطَّلِعُ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل عَلٰى جار خَآئِنَةٍ موصوف كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور تَطَّلِعُ کے متعلق ہوئے، اِلَّا حرف استثناء قَلِيْلًا موصوف مِنْهُمْ جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مِنْهُمْ کی هُمْ ضمیر سے مستثنیٰ ہے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ یا اِنْ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا اُعْفُ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل عَنْهُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اِصْفَحْ فعل امر با اَنْتَ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم يُحِبُّ فعل هُوَ مستتر فاعل الْمُحْسِنِيْنَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْۤا اِنَّا نَصٰرٰۤى اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۪ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَ الْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ وَ سَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۴: واؤ استینافیہ مِنْ حرف جار الَّذِيْنَ اسم موصول قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم نَصَارٰى خبر سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم اَخَذْنَا کے، اَخَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِيْثَاقَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق معطوف علیہ فاء عاطفہ نَسُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل حَظًّا موصوف مِنْ حرف جار مَا اسم موصول ذُكِّرُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت نَسُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف اوّل فاء عاطفہ اَغْرَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل

بَیْنَهُمُ مرکب اضافی مفعول فیہ، اَلْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ معطوف علیہ با معطوف ذوالحال، اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ظرف مستقر کَائِنَیْنِ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ سَوْفَ علامت فعل یُنَبِّئُ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل بِ حرف جار مَا اسم موصول کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَصْنَعُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا یُبَیِّنُ لَكُمْ كَثِیْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَ یَعْفُوْا عَنْ كَثِیْرٍ ؕ۬ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِیْنٌ ۙ﴿۱۵﴾ یَّهْدِیْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَ یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَ یَهْدِیْهِمْ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۵، ۱۶: یَا حرف ندا اُدْعُوْ کے قائم مقام، اُدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل اَهْلَ الْكِتٰبِ منادیٰ مضاف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ندا، قَدْ علامت فعل، جَآءَ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ رَسُوْلُنَا مرکب اضافی ذوالحال یُبَیِّنُ فعل هُوَ ضمیر فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، كَثِیْرًا موصوف مِنْ جار مَا موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تُخْفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هٗ ضمیر منصوب محذوف ذوالحال مِنَ الْكِتٰبِ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت یُبَیِّنُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ یَعْفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ كَثِیْرٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف رَسُوْلُنَا کا حال، ذوالحال با حال جَآءَ کا فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب ندا، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ہوا۔ قَدْ علامت فعل، جَآءَ فعل هُوَ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ اللّٰهِ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم نُوْرٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كِتٰبٌ مُّبِیْنٌ مرکب توصیفی پھر موصوف یَهْدِیْ فعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل مَنْ اسم موصول اِتَّبَعَ فعل هُوَ مستتر فاعل رِضْوَانَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل سُبُلَ السَّلٰمِ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ صلہ، موصول باصلہ اِتَّبَعَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ یُخْرِجُ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ الظُّلُمٰتِ ظرف لغو متعلق اوّل اِلَی النُّوْرِ ظرف لغو متعلق ثانی بِاِذْنِهٖ مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر یُخْرِجُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ معطوف اوّل ہوا واؤ عاطفہ یَهْدِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اِلٰی حرف جار صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین كِتٰبٌ کی صفت، موصوف باصفت نُوْرٌ کے لئے معطوف، معطوف علیہ با معطوف ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال جَآءَ کا فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ

مستانفہ ہوا۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَ اُمَّهٗ وَ مَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ؕ وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: لام موطئہ للقسم قَدْ علامت فعل كَفَرَ فعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ قول، اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اسم هُوَ ضمیر فصل اَلْمَسِيْحُ موصوف اِبْنُ مَرْيَمَ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر مقولہ، قول بامقولہ صلہ، موصول باصلہ كَفَرَ کا فاعل، فعل بافاعل قسم کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے كَذَبُوْا (حاشیہ جمل) مَنْ اسم استفہام مبتدا، يَمْلِكُ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنَ اللّٰهِ متعلق شَيْـًٔا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبر، مبتدا باخبر شرط مقدم، اِنْ حرف شرط اَرَادَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب يُهْلِكَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ مرکب توصیفی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُمَّهٗ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول فِي الْاَرْضِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال جَمِيْعًا حال، ذوالحال باحال معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین يُهْلِكَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر اَرَادَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ شرط مؤخر، شرط باجزاء معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لِلّٰهِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُلْكُ مضاف اَلسَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ يَخْلُقُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا يَشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ معللہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا، قَدِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

وَ قَالَتِ الْيَهُوْدُ وَ النَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَ اَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا ؗ وَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: واؤ استینافیہ قَالَتْ فعل اَلْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى معطوف علیہ بامعطوف فاعل، فعل بافاعل قول، نَحْنُ ضمیر مبتدا، اَبْنَآءُ اللّٰهِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَحِبَّآؤُهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَمَا تَزْعُمُوْنَ، لِمَ جار بامجرور متعلق مقدم يُعَذِّبُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ بِذُنُوْبِكُمْ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ بَلْ حرف عطف اس کا معطوف علیہ محذوف ہے لَيْسَتْ دَرَجَتُكُمْ كَمَا زَعَمْتُمْ، اَنْتُمْ ضمیر

مبتدا بَشَرٌ موصوف مِنْ حرف جار مَنْ خَلَقَ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

يَغْفِرُ فعل هُوَ مستتر فاعل لِ لام حرف جار مَنْ يَّشَآءُ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُعَذِّبُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَنْ يَّشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لِلّٰهِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مُلْكُ مضاف السَّمٰوٰتِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاَرْضِ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول بَيْنَهُمَا مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلَيْهِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، الْمَصِيْرُ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْۢ بَشِيْرٍ وَّلَا نَذِيْرٍ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ کی ترکیب آیت نمبر ۱۵ میں گزری ہے اور یہ نداء ہے قَدْ علامت فعل، جَآءَ فعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ رَسُوْلُنَا مرکب اضافی ذوالحال يُبَيِّنُ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، عَلٰى حرف جار فَتْرَةٍ موصوف مِنَ الرُّسُلِ ظرف مستقر كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور يُبَيِّنُ کے متعلق ثانی ہوئے، اَنْ حرف مصدری و نصب تَقُوْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول مَا نافیہ جَآءَ فعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ مِنْ حرف جار زائدہ بَشِيْرٍ معطوف علیہ واؤ عاطفہ لَا زائدہ نَذِيْرٍ معطوف، معطوف علیہ با معطوف لفظاً مجرور محلاً مرفوع فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ مقولہ، قول بامقولہ بتاویل مصدر يُبَيِّنُ کا مفعول لہ، فعل بافاعل و متعلقین و مفعول لہ رَسُوْلُنَا کا حال، ذوالحال باحال جَآءَ کا فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ فَ فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا اعْتَذَرْتُمْ بِذٰلِكَ قَدْ علامت فعل جَآءَ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ کی ترکیب آیت نمبر ۱۷ میں گزر چکی ہے۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ اَنْۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا ۖۗ وَّاٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: واؤ استینافیہ اِذْ مضاف قَالَ فعل مُوْسٰى فاعل لِقَوْمِهٖ جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق قول، يٰقَوْمِ اصل میں يَا قَوْمِيْ تھا اور یہ نداء ہے، اُذْكُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نِعْمَةَ مصدر مضاف اَللّٰهِ اسم الجلالہ مضاف الیہ معنیً فاعل عَلَيْكُمْ جار با مجرور مصدر کے متعلق ہوئے، اِذْ مضاف جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل فِيْكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا منصوب مفعول بہ اوّل، اَنْۢبِيَآءَ مفعول بہ

ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، مُلُوْكًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اٰتٰی فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، مَا موصولہ لَمْ يُؤْتِ فعل هُوَ ضمیر فاعل اَحَدًا موصوف مِنَ الْعٰلَمِیْنَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت لَمْ يُؤْتِ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ صلہ، موصول باصلہ مفعول ثانی، فعل با فاعل ومفعولین معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ نِعْمَةَ کا، نِعْمَةَ مصدر مضاف بامضاف الیہ و متعلق ومفعول فیہ اُذْكُرُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ نداء کا جواب، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْكُرْ کا، اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ومفعول فیہ سے مل کر جملہ انشائیہ ہوا۔

يٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: يٰقَوْمِ اصل میں يَاقَوْمِيْ ہے اور یہ نداء ہے اُدْخُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلْاَرْضَ موصوف اَلْمُقَدَّسَةَ صفت اوّل اَلَّتِيْ اسم موصول كَتَبَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ صلہ، موصول باصلہ صفت ثانی، موصوف باصفتین اُدْخُلُوْا کا مفعول بہ، فعل امر بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَرْتَدُّوْا فعل نہی واؤ ضمیر ذوالحال عَلٰٓى اَدْبَارِكُمْ جار با مجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ہوا۔ فاء عاطفہ تَنْقَلِبُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال خٰسِرِيْنَ حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ ہو کر اس کا عطف تَرْتَدُّوْا سے حاصل ہونے والے مصدر پر ہے۔

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّ فِيْهَا قَوْمًا جَبَّارِيْنَ ۖ وَاِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا حَتّٰى يَخْرُجُوْا مِنْهَا ۚ فَاِنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، یَاء حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل مُوْسٰى محلًا منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ نداء، اِنَّ حرف تحقیق فِيْهَا ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم قَوْمًا جَبَّارِيْنَ مرکب توصیفی اسم مؤخر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَنْ نَّدْخُلَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ، حَتّٰى حرف غایت وجر يَخْرُجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهَا متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور (کیونکہ حَتّٰى کے بعد اَنْ مقدر ہے) جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف نداء کا جواب، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء استینافیہ اِنْ حرف شرط يَخْرُجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهَا متعلق سے مل کر شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم دٰخِلُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِیْنَ یَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَیْهِمُ الْبَابَ ۚ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ ۚ۬ وَ عَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْۤا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: قَالَ فعل رَجُلٰنِ موصوف مِنْ حرف جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَخَافُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، اَنْعَمَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل عَلَیْهِمَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ صفت ثانیہ، موصوف با صفتین قَالَ کا فاعل، فعل با فاعل قول، اُدْخُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل عَلَیْهِمْ متعلق اَلْبَابَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

فاء استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم دَخَلْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق کُمْ ضمیر اس کا اسم غَالِبُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ عَلَی اللّٰهِ متعلق مقدم تَوَكَّلُوْا کا، فاء جزائیہ تَوَكَّلُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر معطوف ہے اور معطوف علیہ تَنَبَّهُوْا محذوف ہے پھر معطوف علیہ با معطوف دال بر جزاء، اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم اور مُؤْمِنِیْنَ خبر سے مل کر شرط، شرط اپنے دال بر جزاء مقدم سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالُوْا یٰمُوْسٰۤى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَاۤ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِیْهَا فَاذْهَبْ اَنْتَ وَ رَبُّكَ فَقَاتِلَاۤ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل قول، یٰمُوْسٰی یہ نداء ہے اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَنْ نَّدْخُلَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ اَبَدًا مبدل منہ مَا ظرفیہ دَامُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم فِیْهَا ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر بدل، مبدل منہ با بدل مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر نداء کا جواب، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذَالِکَ یا اِنْ اَرَدْتَ قِتَالًا، اِذْهَبْ فعل امر اَنْتَ مستتر مؤکد، اَنْتَ مرفوع منفصل تاکید، مؤکد با تاکید معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَبُّكَ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل با فاعل معطوف علیہ، فاء عاطفہ قَاتِلَا فعل امر الف ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم قَاعِدُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل هٰهُنَا مفعول فیہ مقدم سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

قَالَ رَبِّ اِنِّیْ لَاۤ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِیْ وَ اَخِیْ فَافْرُقْ بَیْنَنَا وَ بَیْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِیْنَ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، رَبِّ اصل میں یَا رَبِّیْ ہے اور یہ نداء ہے اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم لَاۤ اَمْلِكُ فعل اَنَا مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء نَفْسِیْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَخِیْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مستثنٰی مفرغ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جواب نداء، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ

خبریہ ہوا۔فَاء عاطفہ اُفْرُقْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بَیْنَنَا مرکب اضافی معطوف علیہ،واؤ عاطفہ بَیْنَ مضاف اَلْقَوْمِ الْفَاسِقِیْنَ مرکب توصیفی مضاف الیہ،مضاف بامضاف الیہ معطوف،معطوف علیہ بامعطوف مفعول فیہ،فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔

قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۚ يَتِيْهُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۭ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول،فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ کُنْتَ ضَیِّقًا بِھِمْ،اِنَّ حرف تحقیق ھَا ضمیر اس کا اسم مُحَرَّمَةٌ اسم مفعول ھِیَ مستتر نائب فاعل عَلٰی حرف جارہ ھِمْ ضمیر ذوالحال یَتِیْھُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِی الْاَرْضِ متعلق سے مل کر حال،ذوالحال باحال مجرور،جار بامجرور متعلق ہوئے اَرْبَعِیْنَ سَنَةً ممیز باتمیز مفعول فیہ،اسم مفعول بانائب فاعل ومتعلق ومفعول فیہ خبر،اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء،شرط محذوف باجزاء مقولہ،قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا عَرَفْتَ ھٰذَا،لَا تَاْسَ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل عَلٰی جارہ اَلْقَوْمِ الْفَاسِقِیْنَ مرکب توصیفی مجرور،جار بامجرور متعلق ہوئے،فعل بافاعل ومتعلق جملہ انشائیہ جزاء،شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ۭ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ۭ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: واؤ استینافیہ اُتْلُ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلَیْھِمْ ظرف لغو متعلق ہوئے نَبَاَ مصدر مضاف اِبْنَیْ اٰدَمَ مرکب اضافی مضاف الیہ،مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر اُتْلُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے،فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔اِذْ مضاف قَرَّبَا فعل الف ضمیر فاعل قُرْبَانًا مفعول مطلق سے مل کر معطوف علیہ،فَاء عاطفہ تُقُبِّلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل مِنْ اَحَدِھِمَا متعلق سے مل کر معطوف علیہ،واؤ عاطفہ لَمْ یُتَقَبَّلْ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل مِنَ الْاٰخَرِ متعلق سے مل کر معطوف،معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف،معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ،مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ نَبَاَ مصدر کا۔قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول،لَام مؤطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اَقْتُلَنَّ فعل اَنَا مستتر فاعل کَ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جواب قسم،قسم باجواب قسم مقولہ،قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔قَالَ فعل ھُوَ مستتر سے مل کر قول،اِنَّ مکفوفہ اور مَا کافہ یَتَقَبَّلُ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل مِنَ الْمُتَّقِیْنَ متعلق سے مل کر مقولہ،قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَىِٕنْ بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَآ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَ ۚ اِنِّىْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: لَام مؤطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط بَسَطْتَّ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل اِلَیَّ جار بامجرور متعلق اول،یَدَکَ مرکب اضافی مفعول بہ لَام جارہ برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَقْتُلَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نون وقایہ،یَاء ضمیر منصوب

مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلقین شرط، مَا حجازیہ اَنَا ضمیر اسم بَاء حرف جار زائدہ بَاسِطٍ اسم فاعل اَنَا مستتر فاعل یَدِیَ مرکب اضافی مفعول بہ اِلَیْکَ متعلق اوّل ہوئے، لَام حرف جار اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے اَقْتُلَ فعل اَنَا مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، اسم فاعل بافاعل ومفعول بہ و متعلقین شبہ جملہ لفظاً مجرور محلاً منصوب خبر، مَا با اسم وخبر جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ اور شرط کی جزاء محذوف ہے اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل اللّٰہَ موصوف یا مبدل منہ رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ مرکب اضافی صفت یا بدل، دونوں مل کر مفعول بہ، تینوں مل کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنِّیْٓ اُرِیْدُ اَنْ تَبُوْٓاَ بِاِثْمِیْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِیْنَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر محلاً منصوب اس کا اسم اُرِیْدُ فعل اَنَا مستتر اس کا فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب تَبُوْٓءَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر ذوالحال بَاء حرف جار اِثْمِیْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِثْمِکَ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ تَکُوْنَ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم مِنْ اَصْحَابِ النَّارِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ ذَالِکَ اسم اشارہ مبتدا جَزَآؤُ الظَّالِمِیْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِیْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ﴿۳۰﴾ فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا یَّبْحَثُ فِی الْاَرْضِ لِیُرِیَهٗ كَیْفَ یُوَارِیْ سَوْءَةَ اَخِیْهِ ؕ قَالَ یٰوَیْلَتٰٓی اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِیَ سَوْءَةَ اَخِیْ ۚ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِیْنَ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱،۳۰: فَاء استینافیہ طَوَّعَتْ فعل لَهٗ جار با مجرور متعلق نَفْسُهٗ مرکب اضافی فاعل قَتْلَ اَخِیْهِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَصْبَحَ فعل ناقص هُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم مِنَ الْخَاسِرِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ معطوف ثانی، فاء عاطفہ بَعَثَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل غُرَابًا موصوف یَبْحَثُ فعل هُوَ مستتر فاعل فِی الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے، لَام جارہ برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُرِیَ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ کَیْفَ کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر یُوَارِیْ کے فاعل کا حال مقدم یُوَارِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل سَوْءَةَ اَخِیْهِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ محلاً منصوب مفعول ثانی، فعل بافاعل ومفعولین بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور یَبْحَثُ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ غُرَابًا کی صفت، موصوف با صفت بَعَثَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جملہ معطوفہ ہوا۔

قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، یَاء حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل وَیْلَتٰٓی مرکب اضافی

مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ نداء، ہمزہ حرف استفہام عَجَزْتُ فعل تاء مضمومہ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب اَكُوْنَ فعل ناقص اَنَا مستتر اس کا اسم مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ مرکب اضافی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف علیہ، فاء عاطفہ اُوَارِيَ فعل اَنَا مستتر فاعل سَوْءَةَ اَخِيْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض مجرور، جار با مجرور عَجَزْتُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء استینافیہ اَصْبَحَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم مِنَ النّٰدِمِيْنَ كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔

مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ۛ كَتَبْنَا عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَمَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَآ اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: مِنْ حرف جار اَجْلِ ذٰلِكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق اول مقدم كَتَبْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ظرف لغو متعلق ثانی، اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم مَنْ اسم شرط مبتداء، قَتَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل نَفْسًا مفعول بہ بِاء حرف جار غَيْرِ نَفْسٍ مرکب اضافی معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ فَسَادٍ موصوف فِي الْاَرْضِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور قَتَلَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق شرط، فاء جزائیہ كَاَنَّ کفوفہ مَا کافہ قَتَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلنَّاسَ ذوالحال جَمِيْعًا حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتداء، اَحْيٰى فعل با واؤ ضمیر فاعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر شرط، فاء جزائیہ كَاَنَّ کفوفہ مَا کافہ اَحْيٰى فعل هُوَ مستتر فاعل اَلنَّاسَ ذوالحال جَمِيْعًا حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر كَتَبْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، بَلٰی حرف ایجاب غیر عامل، واؤ قسمیہ جارہ رَبِّنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور فعل محذوف اُقْسِمُ کے متعلق ہوئے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ قسمیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا اَعْرَضْتُمْ عَنِ الْحَقِّ، ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلْعَذَابَ مفعول بہ بَاء جارہ مَا مصدریہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم تَكْفُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ذُوْقُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط جزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: قَدْ حرف تحقیق خَسِرَ فعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِلِقَآءِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ حَتّٰى ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَتْ فعل هُمْ ضمیر فاعل اَلسَّاعَةُ ذوالحال بَغْتَةً بمعنی مُبَاغِتَةً کے ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل (حاشیہ الجمل) فعل بافاعل و مفعول بہ شرط، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، یَاء حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل حَسْرَةَ مصدر مضاف نَا ضمیر مضاف الیہ، عَلٰی جارہ مَا اسم موصول فَرَّطْنَا فعل نَا مستتر فاعل فِيْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور مصدر کے متعلق ہوئے، مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ و متعلق سے مل کر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، يَحْمِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَوْزَارَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق خبر، مبتدا با خبر قَالُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے، اَلَا حرف تنبیہ سَآءَ فعل ذم مَا موصولہ يَزِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ انشائیہ خبر، اور مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے یعنی هُوَ، مبتدا

یا خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

وَ مَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّ لَهْوٌ ؕ وَ لَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: واؤ استینافیہ مَا نافیہ اَلْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مبتدا، اِلَّا حرف استثنا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لام ابتدائیہ اَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ مرکب توصیفی مبتدا، خَيْرٌ اسم تفضیل ھِیَ مستتر فاعل لام جارہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَتَّقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

سوال: اَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ مبتدا مؤنث ہے اور خَيْرٌ خبر مذکر ہے حالانکہ تذکیر اور تانیث کے اعتبار سے دونوں میں مطابقت ضروری ہے؟

جواب: یہاں خَيْرٌ مِنْ کے ساتھ مستعمل ہے یہ اصل میں خَيْرٌ مِنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ہے اور جب اسم تفضیل مِنْ کے ساتھ مستعمل ہو تو وہ ہمیشہ مفرد مذکر آتا ہے۔

ھمزہ حرف استفہام فاء عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے تَغْفُلُوْنَ، لَا تَعْقِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔

قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَ لٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: قَدْ یہاں برائے تحقیق ہے نَعْلَمُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اسم لام مزحلقہ يَحْزُنُ فعل کاف ضمیر مفعول بہ اَلَّذِيْ اسم موصول يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ خبر اِنَّ با اسم و خبر نَعْلَمُ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم، لَا يُكَذِّبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَلظّٰلِمِيْنَ اس کا اسم بِاٰيٰتِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق مقدم يَجْحَدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، لٰكِنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر معطوف ہوا، معطوف علیہ با معطوف جملہ معللہ ہوا۔

سوال: باب عَلِمَ يَعْلَمُ کے بعد تو اَنَّ آتا ہے تو آیت میں نَعْلَمُ کے بعد اِنَّ کیوں آیا ہے؟

جواب: باب عَلِمَ کے بعد اِنَّ اس لئے ہے کہ اس کی خبر پر لام تاکیدیہ داخل ہے۔

وَ لَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَ اُوْذُوْا حَتّٰۤى اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ وَ لَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِی الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے واللّٰہ، قَدْ علامت فعل، کُذِّبَتْ فعل مجہول رُسُلٌ موصوف مِنْ قَبْلِکَ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل معطوف علیہ، فَاء عاطفہ صَبَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰی جارہ مَا مصدریہ کُذِّبُوْا فعل واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اُوْذُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل حَتّٰی حرف غایت وجارہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، اَتٰی فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ نَصْرُنَا مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے اُوْذُوْا کے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جواب ہے قسم محذوف کا، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لَا نفی جنس مُبَدِّلَ اس کا اسم لِکَلِمٰتِ اللّٰہِ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، جَآءَ فعل کاف ضمیر مفعول بہ مِنْ حرف جار نَّبَاِی الْمُرْسَلِیْنَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف بَعْضٌ کے فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ قسم محذوف کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ قسمیہ ہوا۔

وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَآءِ فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: واؤ استینافیہ اِنْ شرطیہ کَانَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر شان اس کا اسم کَبُرَ فعل عَلَیْکَ جار بامجرور متعلق ہوئے، اِعْرَاضُھُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و متعلق خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ اِنْ حرف شرط اِسْتَطَعْتَ فعل تَاء مفتوحہ فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب تَبْتَغِیَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نَفَقًا موصوف فِی الْاَرْضِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ سُلَّمًا موصوف فِی السَّمَآءِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف تَبْتَغِیَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ تَاْتِیَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ بِاٰیَۃٍ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر اِسْتَطَعْتَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے فَافْعَلْ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر شرط اوّل کی جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ شَآءَ اللّٰہُ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَام جوابیہ جَمَعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ عَلٰی جارہ الْھُدٰی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا عَرَفْتَ ھٰذَا، یا اِنْ عَرَفْتَ مَشِیْئَۃَ اللّٰہِ عَدَمَ ھِدَایَتِھِمْ، لَا تَکُوْنَنَّ فعل نہی ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم مِنَ الْجَاھِلِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ؕ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۳٦﴾

آیت نمبر ۳٦: اِنَّ حرف تحقیق کفوفہ مَا کافہ یَسْتَجِیْبُ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَسْمَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَلْمَوْتٰی مفعول بہ فعل محذوف یَبْعَثُ کا، یَبْعَثُ فعل ھُوَ مستتر فاعل و مفعول بہ سے مل کر مفسر، یَبْعَثُ فعل ھُمْ مفعول بہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اِلَیْہِ جار با مجرور متعلق مقدم یُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل و متعلق مقدم سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفسَّر، مفسَّر بامفسِّر یَسْتَجِیْبُ پر معطوف ہے۔

وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰۤى اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: واؤ استینافیہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، لَوْلَا حرف تحضیض نُزِّلَ فعل مجہول عَلَیْہِ جار با مجرور متعلق ہوئے اٰیَۃٌ موصوف مِنْ رَّبِّہٖ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اسم قَادِرٌ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل عَلٰی جارہ اَنْ حرف مصدری و نصب یُنَزِّلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اٰیَۃً مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ حالیہ لٰکِنَّ حرف استدراک اَکْثَرَھُمْ مرکب اضافی اسم لَا یَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لٰکِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر یُنَزِّلَ کی ھُوَ ضمیر سے حال ہے یا مقولہ پر معطوف ہے۔

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِى الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّاۤ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ؕ مَا فَرَّطْنَا فِى الْكِتٰبِ مِنْ شَىْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: واؤ استینافیہ مَا نافیہ مِنْ جارہ زائدہ دَآبَّۃٍ موصوف فِی الْاَرْضِ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نافیہ زائدہ طَآئِرٍ موصوف یَطِیْرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ جَنَاحَیْہِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف محلاً مرفوع مبتدا، اِلَّا حرف استثناء اُمَمٌ موصوف اَمْثَالُکُمْ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ مَا نافیہ فَرَّطْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِی الْکِتٰبِ جار با مجرور متعلق ہوئے مِنْ جارہ زائدہ شَیْءٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ ثُمَّ عاطفہ اِلٰی رَبِّھِمْ جار با مجرور متعلق مقدم یُحْشَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ وَّ بُكْمٌ فِي الظُّلُمٰتِ ؕ مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ؕ وَ مَنْ يَّشَاْ يَجْعَلْهُ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: واؤ استینافیہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واوٗ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مبتدا، صُمٌّ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بُكْمٌ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر اوّل، فِي الظُّلُمٰتِ جار بامجرور كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر دوم، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ مَنْ اسم شرط مبتدا، يَشَاِ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، مفعول بہ محذوف ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، يُضْلِلْ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، یہ تمام مل کر جزاء، شرط باجزاء خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا، يَشَاْ فعل هُوَ مستتر فاعل، مفعول بہ محذوف ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، يَجْعَلْ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، عَلٰى حرف جار صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور مَهْدِيًّا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جزاء، شرط باجزاء خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ تَدْعُوْنَ ۚ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۰﴾

آیت نمبر ۴۰: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، هَمزہ حرف استفہام رَءَيْتَ فعل تَاء مفتوحہ فاعل كُمْ حرف خطاب اور اس کا مفعول اوّل محذوف ہے یعنی اِيَّاهُ، هَمزہ حرف استفہام غَيْرَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ مقدم تَدْعُوْنَ فعل واوٗ ضمیر فاعل و مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ مفعول ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا، اِنْ حرف شرط، اَتٰى فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، عَذَابُ اللّٰهِ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَتَتْ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اَلسَّاعَةُ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، اور جزاء محذوف ہے فَمَنْ تَدْعُوْنَ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط، كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم صَادِقِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر شرط، اور جزاء محذوف ہے فَادْعُوا الْاَصْنَامَ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَ تَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ﴿۴۱﴾

آیت نمبر ۴۱: بَلْ حرف عطف و اضراب اِيَّاهُ مفعول بہ مقدم تَدْعُوْنَ فعل واوٗ ضمیر فاعل و مفعول بہ مقدم سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ يَكْشِفُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول تَدْعُوْنَ فعل واوٗ ضمیر فاعل اِلَيْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَنْسَوْنَ فعل واوٗ ضمیر فاعل مَا موصولہ تُشْرِكُوْنَ فعل واوٗ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ تَنْسَوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ يَكْشِفُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط شَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل

سے مل کر شرط اور جزاء محذوف ہے۔ بَلْ إِيَّاهُ تَدْعُونَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُونَ إِلَيْهِ شرط اور جزاء کو جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلَىٰ أُمَمٍ مِّن قَبْلِكَ فَأَخَذْنَاهُم بِالْبَأْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُونَ ۝

آیت نمبر ۴۲ واؤ استئنافیہ لام موطئہ للقسم ہے قسم محذوف ہے والله، قَدْ حرف تحقیق اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، اِلٰی جار
اُمَمٍ موصوف مِنْ قَبْلِكَ جار مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار مجرور اَرْسَلْنَا کے متعلق
ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَخَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، باء جارہ اَلْبَاْسَآءِ
وَالضَّرَّآءِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار مجرور اَخَذْنَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف،
معطوف علیہ با معطوف قسم محذوف کا جواب ہے، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا، لَعَلَّ حرف ترجی ھُمْ ضمیر اس کا اسم
يَتَضَرَّعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر لَعَلَّ، اسم و خبر جملہ انشائیہ ترجیہ ہو کر یا مُتَضَرِّعِيْنَ کے معنی میں ہو کر اَخَذْنَا کے
مفعول سے حال ہے۔

فَلَوْلَا إِذْ جَاءَهُم بَأْسُنَا تَضَرَّعُوا وَلَٰكِن قَسَتْ قُلُوبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

آیت نمبر ۴۳ فاء عاطفہ یا استئنافیہ لَوْلَا حرف تحضیض تَضَرَّعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِذْ ظرف مضاف جَآءَ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ بَاْسُنَا مرکب
اضافی فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ مقدم تَضَرَّعُوْا کا، تَضَرَّعُوْا فعل با فاعل و مفعول فیہ
جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا، واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہملہ قَسَتْ فعل قُلُوْبُهُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل معطوف علیہ، واؤ
عاطفہ زَيَّنَ فعل لَهُمْ جار مجرور متعلق ہوئے، اَلشَّيْطٰنُ فاعل، مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم يَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل
کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ زَيَّنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف،
معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَلَمَّا نَسُوا مَا ذُكِّرُوا بِهِ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ أَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتَّىٰ إِذَا فَرِحُوا بِمَا أُوتُوا
أَخَذْنَاهُم بَغْتَةً فَإِذَا هُم مُّبْلِسُونَ ۝

آیت نمبر ۴۴ فاء عاطفہ یا استئنافیہ لَمَّا ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم نَسُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول ذُكِّرُوْا
فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ شرط، فَتَحْنَا فعل نَا ضمیر فاعل
عَلَيْهِمْ جار مجرور متعلق ہوئے، اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط
با جزاء جملہ شرطیہ ہوا، حَتّٰى ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم فَرِحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل با جارہ مَا اسم موصول اُوْتُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر

نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور فَرِحُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اَخَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بَغْتَةً مفعول مطلق من غیر لفظہ، فعل با فاعل و مفعولین معطوف علیہ، فاء عاطفہ اِذَا مفاجاتیہ مفعول فیہ مقدم مُبْلِسُوْنَ کا، هُمْ ضمیر مبتدا، مُبْلِسُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل و مفعول فیہ مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۭ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝45

آیت نمبر ۴۵: فاء عاطفہ قُطِعَ فعل مجہول دَابِرُ مضاف الْقَوْمِ موصوف الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، پھر یہ نائب فاعل ہے، فعل مجہول با نائب فاعل اَخَذْنَا پر معطوف ہے اور اس میں تکلم سے غیبوبت کی طرف انتقال ہے۔ واؤ استینافیہ اَلْحَمْدُ مبتدا، لام جارہ اَللّٰهِ موصوف رَبِّ الْعَالَمِيْنَ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰي قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ۭ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ۝46

آیت نمبر ۴۶: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ قول، هَمزہ استفہام رَاَيْتُمْ فعل اس کا مفعول اوّل محذوف ہے سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ، مَنْ استفہامیہ مبتدا، اِلٰهٌ موصوف غَيْرُ اللّٰهِ صفت اولیٰ، يَاْتِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، اور بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت ثانی، موصوف با صفتین مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ محلاً منصوب مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اِنْ حرف شرط اَخَذَ فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل سَمْعَكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَبْصَارَكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ خَتَمَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰى قُلُوْبِكُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، جزاء محذوف ہے فَمَنْ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل كَيْفَ ظرف زمان كَائِنَةً کا مفعول فیہ ہو کر اَلْاٰيَاتِ کا حال مقدم نُصَرِّفُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلْاٰيَاتِ ذوالحال با حال مقدم مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا يَصْدِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، پھر یہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف محلاً منصوب اُنْظُرْ کا مفعول بہ ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝47

آیت نمبر ۴۷: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، هَمزہ حرف استفہام رَاَيْتَ فعل تَاء مفتوحہ فاعل كُمْ حرف خطاب اور مفعول بہ اوّل محذوف ہے عَذَابَ اللّٰهِ، هَلْ حرف استفہام يُهْلَكُ فعل مجہول اِلَّا حرف استثناء اَلْقَوْمُ الظَّالِمُوْنَ مرکب توصیفی

نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل محلاً منصوب مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل ومفعولین جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔اِنْ حرف شرط اَتٰی فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ،عَذَابُ اللّٰہِ مرکب اضافی ذوالحال بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً معطوف علیہ بامعطوف مُبَاغِتَةً اَوْ جَاهِرَةً کے معنی میں ہو کر حال،ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط،اور جزاء محذوف ہے هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ،شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ مَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَ مُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ وَ اَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۸: واؤ استینافیہ مَا نافیہ نُرْسِلُ فعل نَحْنُ مستترفاعل اَلْمُرْسَلِيْنَ ذوالحال اِلَّا حرف استثناء مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ معطوف علیہ بامعطوف حال،ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔فاء استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا،اٰمَنَ فعل هُوَ مسترفاعل سے مل کر معطوف علیہ،واؤ عاطفہ اَصْلَحَ فعل هُوَ مستترفاعل سے مل کر معطوف،معطوف علیہ بامعطوف شرط، فاء جزائیہ لَا حرف نفی مہملہ خَوْفٌ مبتدا،عَلَيْهِمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر،مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نافیہ هُمْ مبتدا،يَحْزَنُوْنَ فعل واؤ ضمیرفاعل سے مل کر خبر،مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف،معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر،مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹: واؤ استینافیہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیرفاعل بِاٰيٰتِنَا ظرف لغو متعلق ہوئے،یہ تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا،يَمَسُّ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ،اَلْعَذَابُ فاعل بِ باء جارہ مَا مصدریہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم يَفْسُقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر بتاویل مصدر مجرور،جار بامجرور يَمَسُّ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق خبر،مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ؕ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۵۰﴾

آیت نمبر ۵۰: قُلْ فعل امر اَنْتَ مسترفاعل سے مل کر قول،لَا اَقُوْلُ فعل اَنَا مستترفاعل لَكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول،عِنْدِيْ مرکب اضافی كَائِنَةٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم خَزَآئِنُ اللّٰهِ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ،قول بامقولہ معطوف علیہ،واؤ عاطفہ لَا اَعْلَمُ فعل اَنَا مستترفاعل اَلْغَيْبَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل،واؤ عاطفہ لَا اَقُوْلُ فعل اَنَا مستترفاعل لَكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومتعلق قول،اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیراس کا اسم مَلَكٌ خبر،اِنَّ با اسم وخبر مقولہ،قول بامقولہ معطوف ثانی،معطوف علیہ بامعطوفین قُلْ کا مقولہ،قول بامقولہ

جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اِنْ نافیہ اَتَّبِعُ فعل اَنَا مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء مَا موصولہ یُوْحٰی فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل اِلَیَّ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ مفرغ محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، ھَلْ حرف استفہام یَسْتَوِی فعل اَلْاَعْمٰی وَ الْبَصِیْرُ معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ ھمزہ حرف استفہام فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَا تَسْمَعُوْنَ الْقُرْاٰنَ، لَا تَتَفَکَّرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا

❁ رکوع نمبر 6 ❁

وَ اَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْۤا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّ لَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ۝۵۱

آیت نمبر ۵۱: واؤ استینافیہ اَنْذِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَخَافُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب یُحْشَرُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال لَیْسَ فعل ناقص لَھُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ دُوْنِهٖ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم وَلِیٌّ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ شَفِیْعٌ معطوف، معطوف علیہ با معطوف ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال یُحْشَرُوْا کا نائب فاعل اِلٰی رَبِّھِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر یَخَافُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ اَنْذِرْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی ھُمْ ضمیر اسم یَتَّقُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، حرف ترجی با اسم وخبر جملہ انشائیہ ہو کر اَرْجِی التَّقْوٰی کی تاویل میں ہو کر یَخَافُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

وَ لَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَ الْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّ مَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۝۵۲

آیت نمبر ۵۲: واؤ عاطفہ لَا تَطْرُدِ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل رَبَّھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ بَاء جارہ اَلْغَدٰوۃِ وَالْعَشِیِّ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور یَدْعُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق صلہ، موصول باصلہ لَا تَطْرُدِ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ معطوفہ ہوا۔ یُرِیْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل وَجْھَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، یہ تمام مل کر یَدْعُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ مَا حجازیہ عَلَیْكَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ حرف جر حِسَابِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ شَیْءٍ محلاً مرفوع ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال خبر، مَا حجازیہ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا حجازیہ مِنْ حِسَابِكَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر

مقدم، عَلَيْهِمْ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ زائدہ شَيْءٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال اسم مؤخر، مَا حجازیہ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا، معطوف علیہ با معطوف جملہ معللہ یا مستانفہ ہوا۔

فَاء عاطفہ واقعہ فی جواب نفی، تَطْرُدَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر معطوف ہے، اور اس آیت کی تقدیر عبارت یوں ہے مَا يَكُوْنُ مُؤَاخَذَةُ كُلِّ وَاحِدٍ بِحِسَابِ صَاحِبِهٖ فَكَيْفَ يَقَعُ طَرْدُكَ اِيَّاهُمْ....الخ۔ فَاء عاطفہ تَكُوْنَ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم مِنَ الظّٰلِمِيْنَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ کا فَتَطْرُدَهُمْ پر عطف ہے۔

وَ كَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۳: واؤ استینا فیہ كَذٰلِكَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف فِتْنًا مفعول مطلق مقدم، فَتَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل بَعْضَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ بِبَعْضٍ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق ومفعولین جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔ لَام جارہ تعلیلیہ يَقُوْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، هَمزہ حرف استفہام هٰٓؤُلَآءِ مبتدا، مَنَّ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق اول ہوئے مِنْ بَيْنِنَا جار با مجرور متعلق دوم ہوئے، فعل بافاعل ومتعلقین خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے فَتَنَّا کے ــــ الخ هَمزہ حرف استفہام لَيْسَ ناقصہ لفظاً اَللّٰهُ اس کا اسم، بَاء جارہ زائدہ اَعْلَمَ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بِالشّٰكِرِيْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر لفظاً مجرور محلاً منصوب خبر، لَيْسَ بااسم وخبر جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًۢا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵۴﴾

آیت نمبر ۵۴: واؤ استینا فیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل کاف ضمیر مفعول بہ، اَلَّذِيْنَ اسم موصول يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، پھر یہ تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، سَلٰمٌ مبتدا عَلَيْكُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

سوال: سَلٰمٌ نکرہ ہے تو اس کا مبتدا بننا کیسے درست ہے؟

جواب: اس میں دعاء کا معنی ہے اور جب نکرہ محل دعاء میں ہو تو اس کا مبتدا واقع ہونا درست ہوتا ہے۔

کَتَبَ فعل رَبُّکُمْ مرکب اضافی فاعل، عَلٰی نَفْسِہٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، الرَّحْمَۃَ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ یہ بھی مقولہ کی جگہ میں ہے۔ اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم مَنْ شرطیہ مبتدا، عَمِلَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال مِنْکُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل سُوْٓءً مفعول بہ بِجَھَالَۃٍ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ تَابَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنْ بَعْدِہٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَصْلَحَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین شرط، فاء جزائیہ اَنَّ حرف تحقیق ھُوَ ضمیر اسم غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ اس کی دو خبر، اَنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مفرد کے معنی میں ہو کر جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ یا جملہ اسمیہ خبریہ اَلرَّحْمَۃَ سے بدل ہے۔

وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵: واؤ استینافیہ کَذٰلِکَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَفْصِیْلًا کے مفعول مطلق مقدم نُفَصِّلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلْاٰیَاتِ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لِیُظْھِرَ الْحَقَّ، لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَسْتَبِیْنَ فعل سَبِیْلُ الْمُجْرِمِیْنَ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

سوال: تَسْتَبِیْنَ کو مؤنث کیوں ذکر کیا گیا ہے؟

جواب: سَبِیْلَ کا لفظ مؤنث ہے اس لئے فعل مؤنث لایا گیا ہے اگرچہ کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے۔

❁ رکوع نمبر ۷ ❁

قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّآ اَتَّبِعُ اَهْوَآءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم نُھِیْتُ فعل مجہول تَاء مضمومہ ضمیر نائب فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب اَعْبُدَ فعل اَنَا مستتر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول تَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ اَعْبُدَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر نُھِیْتُ کا مفعول بہ، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ قَدْ علامت فعل ضَلَلْتُ فعل تَاء مضمومہ ضمیر فاعل، فعل با فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا حجازیہ اَنَا اسم مِنَ الْمُھْتَدِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، مَا حجازیہ با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اِذًا حرف جواب و جزاء، اور اس میں شرط کا معنی بھی ہے اور تقدیر عبارت یہ ہوگی اِنِ اتَّبَعْتُ اَھْوَآءَکُمْ ضَلَلْتُ وَمَا اھْتَدَیْتُ۔

قُلْ اِنِّيْ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ ؕ مَا عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا

لِلّٰهِ ؕ یَقُصُّ الْحَقَّ وَ هُوَ خَیْرُ الْفٰصِلِیْنَ ﴿۵۷﴾

آیت نمبر ۵۷: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنِّیْ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم عَلٰی جارہ بَیِّنَةٍ موصوف مِّنْ رَّبِّیْ ظرف مستقر کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ یا حالیہ کَذَّبْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا، یا رَبِّیْ سے حال ہوا۔ مَا نافیہ عِنْدِیْ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول تَسْتَعْجِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

اِنْ نافیہ اَلْحُكْمُ مبتدا، اِلَّا حرف استثناء لام جارہ اَللّٰهِ اسم الجلالہ ذوالحال یَقُصُّ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْحَقَّ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر مستثنیٰ مفرغ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ هُوَ ضمیر مبتدا، خَیْرُ الْفَاصِلِیْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِیْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِیَ الْاَمْرُ بَیْنِیْ وَ بَیْنَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِیْنَ ﴿۵۸﴾

آیت نمبر ۵۸: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، لَوْ شرطیہ اَنَّ حرف تحقیق عِنْدِیْ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول تَسْتَعْجِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ محلاً منصوب اسم مؤخر، اَنَّ با اسم وخبر بتاویل مصدر فعل محذوف ثَبَتَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لام جوابیہ قُضِیَ فعل مجہول اَلْاَمْرُ نائب فاعل بَیْنِیْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَیْنَكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول فیہ، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بِالظّٰلِمِیْنَ جار با مجرور متعلق، تینوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ عِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُهَاۤ اِلَّا هُوَ ؕ وَ یَعْلَمُ مَا فِی الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ ؕ وَ مَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا یَعْلَمُهَا وَ لَا حَبَّةٍ فِیْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَ لَا رَطْبٍ وَّ لَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ﴿۵۹﴾

آیت نمبر ۵۹: واؤ استینافیہ عِنْدَهٗ مرکب اضافی کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَفَاتِحُ الْغَیْبِ مرکب اضافی ذوالحال، لَا یَعْلَمُ فعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ، اِلَّا حرف استثناء هُوَ ضمیر مرفوع فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ حال، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ یَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا موصول فِیْ جارہ اَلْبَرِّ وَ الْبَحْرِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مَفَاتِحُ

الْغَيْبِ پر معطوف ہے۔واؤ عاطفہ مَا نافیہ تَسْقُطُ فعل مِنْ جارہ زائدہ وَرَقَةٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع ذوالحال، اِلَّا حرف استثناء یَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ حَبَّةٍ محلاً مرفوع موصوف فِیْ جارہ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا زائدہ رَطْبٍ محلاً مرفوع معطوف ثانی، واؤ عاطفہ لَا زائدہ یَابِسٍ محلاً مرفوع معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ تَسْقُطُ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ اِلَّا حرف استثناء فِیْ جارہ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر لَا یَعْلَمُھَا کی تاکید، یا بدل.... الخ

وَهُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّیْلِ وَیَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ یَبْعَثُكُمْ فِیْهِ لِیُقْضٰۤى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَیْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ یُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٦٠﴾

آیت نمبر ۶۰: واؤ استینافیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول یَتَوَفّٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، بِالَّیْلِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول جَرَحْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِالنَّھَارِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ یَبْعَثُ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ فِیْهِ جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے، لام جارہ برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُقْضٰی فعل مجہول اَجَلٌ مُّسَمًّی مرکب توصیفی نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور یَبْعَثُ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ثُمَّ عاطفہ اِلَیْهِ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَرْجِعُكُمْ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ یُنَبِّئُ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ بَاء جارہ مَا موصولہ کُنْتُمْ فعل ناقص اَنْتُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

رکوع نمبر ۸

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَیُرْسِلُ عَلَیْكُمْ حَفَظَةً ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا یُفَرِّطُوْنَ ﴿٦١﴾

آیت نمبر ۶۱: واؤ استینافیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، اَلْقَاهِرُ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل فَوْقَ عِبَادِهٖ مرکب اضافی مفعول فیہ، اسم فاعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُرْسِلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَیْكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے حَفَظَةً مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ حَتّٰی ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم

جَآءَ فعل اَحَدَكُمُ مرکب اضافی مفعول بہ، اَلْمَوْتُ فاعل یہ تمام مل کر شرط، تَوَفَّتْ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، رُسُلُنَا مرکب اضافی ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَا يُفَرِّطُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ؕ اَلَا لَهُ الْحُكْمُ ۟ وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ۝

آیت نمبر ۶۲: ثُمَّ عاطفہ، رُدُّوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، اِلٰی حرف جار لفظ اَللّٰهِ موصوف مَوْلٰىهُمْ مرکب اضافی موصوف اَلْحَقِّ صفت، موصوف باصفت اَللّٰهِ اسم الجلالہ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ تَوَفَّتْهُ پر معطوف ہے اَلَا حرف تنبیہ لَهٗ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْحُكْمُ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، اَسْرَعُ الْحَاسِبِيْنَ مرکب۔ اضافی خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً ۚ لَئِنْ اَنْجٰنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝

آیت نمبر ۶۳: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، مَنْ استفہامیہ مبتدا، يُنَجِّيْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب ذوالحال تَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً اسم فاعل کے معنی میں ہو کر تَدْعُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل ومفعول بہ كُمْ ضمیر کا حال ہے، ذوالحال باحال يُنَجِّيْ کا مفعول بہ، مِنْ جارہ ظُلُمٰتِ مضاف اَلْبَرِّ وَالْبَحْرِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور يُنَجِّيْ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقول، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط اَنْجَا فعل هُوَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، مِنْ هٰذِهٖ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے نَكُنْ مِّنَ الشَّاكِرِيْنَ جس پر لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ دال ہے لَام جوابیہ نَكُوْنَنَّ فعل ناقص نَحْنُ مستتر اس کا اسم مِنَ الشَّاكِرِيْنَ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ قسم محذوف کی جزاء ہے، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا اور شرط کی جزاء محذوف ہے۔

قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ۝

آیت نمبر ۶۴: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا، يُنَجِّيْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، مِنْهَا جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ جارہ كُلِّ كَرْبٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، تُشْرِكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ۭ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُوْنَ ۝۶۵

آیت نمبر ۶۵:قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول،هُوَ ضمیر مبتدا،اَلْقَادِرُ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰی جارہ اَنْ حرف مصدری ونصب یَّبْعَثَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَیْکُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے عَذَابًا موصوف مِنْ فَوْقِکُمْ جار بامجرور معطوف علیہ،اَوْ عاطفہ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِکُمْ جار بامجرور معطوف،معطوف علیہ بامعطوف ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر عَذَابًا کی صفت،موصوف باصفت یَبْعَثَ کا مفعول بہ،فعل با فاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ،اَوْ عاطفہ یَلْبِسَ فعل هُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر ذوالحال شِیَعًا حال،ذوالحال باحال مفعول بہ،فعل با فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل،واؤ عاطفہ یُذِیْقَ فعل هُوَ مستتر فاعل بَعْضَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل،بَاْسَ بَعْضٍ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی،یہ تمام مل کر معطوف ثانی،معطوف علیہ بامعطوفین بتاویل مصدر مجرور،جار بامجرور اَلْقَادِرُ کے متعلق ہوئے،اسم فاعل بافاعل ومتعلق شبہ جملہ خبر،مبتدا باخبر مقولہ،قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل کَیْفَ ظرف زمان کَائِنًا کے مفعول فیہ ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَصْرِیْفًا کے مفعول مطلق مقدم،نُصَرِّفُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلْاٰیٰتِ مفعول بہ،فعل با فاعل ومفعولین محلًا منصوب مفعول بہ اُنْظُرْ کا،فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔لَعَلَّ حرف ترجی هُمْ ضمیر اسم یَفْقَهُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر،حرف ترجی با اسم وخبر جملہ انشائیہ معللہ ہوا۔

وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ۭ قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ۝۶۶ۭ

آیت نمبر ۶۶:واؤ استینافیہ کَذَّبَ فعل بَاء جارہ ہٖ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُوَ الْحَقُّ مبتدا خبر مل کر حال،ذوالحال باحال مجرور،جار بامجرور متعلق ہوئے قَوْمُکَ مرکب اضافی فاعل،فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول،لَسْتُ فعل ناقص تَاء مضمومہ اس کا اسم عَلَیْکُمْ جار بامجرور متعلق مقدم بَاء جارہ زائدہ وَکِیْلٍ صیغہ صفت اَنَا مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ خبر،فعل ناقص با اسم وخبر مقولہ،قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ۡ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝۶۷

آیت نمبر ۶۷:لَام جارہ کُلِّ نَبَاٍ مرکب اضافی مجرور،جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم،مُسْتَقَرٌّ مبتدا موخر،مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔واؤ استینافیہ سَوْفَ علامت فعل،تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔

وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰي يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ۭ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰي مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝۶۸

آیت نمبر ۶۸: واؤ استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاَیْتَ فعل تَاء مفتوحہ فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَخُوْضُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْٓ اٰیٰتِنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ اَعْرِضْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَنْهُمْ جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے، حَتّٰی حرف غایت وجار اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَخُوْضُوْا فعل فِیْ جارہ حَدِیْثٍ موصوف غَیْرِہٖ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی اَعْرِضْ کے لئے، فعل با فاعل و متعلقین جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ اِنْ حرف شرط مَا زائدہ یُنْسِیَنَّ فعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اَلشَّیْطٰنُ فاعل، تینوں مل کر شرط، فَاء جزائیہ لَاتَقْعُدْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل بَعْدَ الذِّکْرٰی مرکب اضافی مفعول فیہ اوّل مَعَ مضاف اَلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

وَمَا عَلَى الَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّلٰكِنْ ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۶۹﴾

آیت نمبر ۶۹: واؤ استینافیہ مَا نافیہ عَلٰی جارہ اَلَّذِیْنَ موصول یَتَّقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ حِسَابِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، یہ تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ شَیْءٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا اور یہ بھی درست ہے کہ مِنْ حِسَابِهِمْ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم ہوا اور شَیْءٍ ذوالحال مؤخر ہو، واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہملہ ذِکْرٰی خبر ہے مبتدا محذوف هِیَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی هُمْ ضمیر اس کا اسم یَتَّقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لَعَلَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر رَاجِی التَّقْوٰی کی تاویل میں ہو کر حال ہے یَتَّقُوْنَ کی واؤ ضمیر سے۔

وَ ذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ ۖ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ ۚ وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ۭ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۰﴾

آیت نمبر ۷۰: واؤ عاطفہ ذَرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول اِتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل دِیْنَهُمْ مرکب اضافی پہلا مفعول بہ لَعِبًا وَّ لَهْوًا معطوف علیہ بامعطوف دوسرا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ غَرَّتْ فعل هُمْ مفعول بہ اَلْحَیٰوةُ الدُّنْیَا مرکب توصیفی فاعل، یہ تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ ذَرْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ذَکِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے

اَنْ حرف مصدری ونصب تُبْسَلَ فعل مجہول بَاء جارہ مَا مصدریہ کَسَبَتْ فعل ہِیَ مستتر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل مجہول کے، نَفْسٌ ذوالحال لَیْسَ فعل ناقص لَهَا جار بامجرور کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم وَلِیٌّ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ شَفِیْعٌ معطوف، معطوف علیہ با معطوف ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال اسم مؤخر، لَیْسَ با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق بتاویل مصدر ذَکِّرْ کا مفعول لہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول لہ ذَرِ پر معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ تَعْدِلْ فعل ہِیَ مستتر فاعل کُلَّ عَدْلٍ مرکب اضافی مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق شرط، لَا یُؤْخَذْ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل مِنْهَا ظرف لغو متعلق ہوئے، یہ تینوں مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر لَیْسَ پر معطوف ہے۔ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِیْنَ اسم موصول اُبْسِلُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل بَاء جارہ مَا مصدریہ کَسَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ خبر اوّل لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم شَرَابٌ موصوف مِنْ حَمِیْمٍ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَذَابٌ اَلِیْمٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف موصوف بَاء جارہ مَا مصدریہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَکْفُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اُولٰٓئِكَ کی دوسری خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۹ ❁

قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ مَا لَا یَنْفَعُنَا وَلَا یَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓی اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰہُ كَالَّذِی اسْتَهْوَتْهُ الشَّیٰطِیْنُ فِی الْاَرْضِ حَیْرَانَ ۠ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ یَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَی الْهُدَی ائْتِنَا ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰہِ هُوَ الْهُدٰی ؕ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۷۱﴾

آیت نمبر ۷۱: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، هَمزہ حرف استفہام نَدْعُوْا فعل نَحْنُ مستتر فاعل مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، مَا موصولہ لَا یَنْفَعُ فعل ھُوَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یَضُرُّ فعل ھُوَ مستتر فاعل نَا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ نُرَدُّ فعل مجہول نَحْنُ مستتر ذوالحال عَلٰٓی اَعْقَابِنَا ظرف مستقر رَاجِعِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال نائب فاعل بَعْدَ مضاف اِذْ مضاف هَدٰی فعل نَا ضمیر مفعول بہ مقدم اَللّٰہُ فاعل، یہ تینوں مل کر اِذْ کا مضاف الیہ، پھر یہ بَعْدَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ نُرَدُّ کا مفعول فیہ، کاف جارہ اَلَّذِیْ اسم موصول اِسْتَهْوَتْ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اَلشَّیٰطِیْنُ فاعل فِی الْاَرْضِ جار بامجرور متعلق ہوئے حَیْرَانَ "اِسْتَهْوَتْ کے مفعول سے حال ہے، فعل بافاعل و مفعول و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف

محذوف رَدًّا کے نُرَدُّ کا مفعول مطلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ معطوف عِنۡی معطوف علیہ با معطوفین مِنَّا کا صلہ، موصول باصلہ نَدْعُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

لَهٗ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَصْحٰبٌ موصوف یَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اِلَى الْهُدَى جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِئۡتِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر قَائِلِيْنَ محذوف کا مقولہ ہو کر یَدْعُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول اِنَّ حرف تحقیق هُدَى اللّٰهِ مرکب اضافی اسم هُوَ ضمیر فصل الْهُدٰى خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اُمِرْنَا فعل مجہول نَا ضمیر نائب فاعل، لام حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نُسْلِمَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل لام جار رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ۔

وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ۭ وَهُوَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۲ واؤ عاطفہ اَنْ مصدریہ اَقِيْمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الصَّلٰوةَ مفعول بہ پھر یہ تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اصل میں بِاَنْ ہے اور یہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف اُمِرْنَا کے متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ هُوَ ضمیر مبتدا الَّذِيْ اسم موصول اِلَيْهِ جار بامجرور متعلق مقدم تُحْشَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق مقدم صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ڛ قَوْلُهُ الْحَقُّ ۭ وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ۭ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝

آیت نمبر ۷۳ واؤ استینافیہ هُوَ ضمیر مبتدا الَّذِيْ اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ مستتر ذوالحال بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُحِقًّا کے متعلق ہو کر حال ذوالحال باحال فاعل اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ یَوْمَ مضاف یَقُوْلُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، كُنْ فعل تام فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ معطوف علیہ فاء عاطفہ یَكُوْنُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف یَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْكُرْ کا۔ اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ قَوْلُهٗ مرکب اضافی مبتدا الْحَقُّ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لَهٗ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْمُلْكُ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ یَوْمَ مضاف یُنْفَخُ فعل مجہول فِي الصُّوْرِ جار با مجرور محلاً مرفوع نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ بدل ہے اَلْيَوْمَ یَقُوْلُ سے عٰلِمُ مضاف الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا

باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔واؤ استینافیہ ھُوَ مبتدا، اَلْحَکِیْمُ الْخَبِیْرُ اس کی دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّيْٓ اَرٰىكَ وَقَوْمَكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۷۴﴾

آیت نمبر ۷۴: واؤ حرف عطف اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَ فعل اِبْرَاهِیْمُ فاعل لام جارہ اَبِیْهِ مرکب اضافی مبدل منہ، اٰزَرَ بدل، مبدل منہ بابدل مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق قول، ھمزہ حرف استفہام تَتَّخِذُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَصْنَامًا مفعول اوّل اٰلِهَةً مفعول ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل محذوف اُذْکُرْ کا، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم اَرٰی فعل اَنَا مستتر فاعل کاف ضمیر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَوْمَکَ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ اوّل، فِیْ جارہ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ﴿۷۵﴾

آیت نمبر ۷۵: واؤ عاطفہ کَذَالِکَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِرَاءَةً کے مفعول مطلق مقدم نُرِیَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اِبْرَاهِیْمَ مفعول بہ اوّل مَلَکُوْتَ مضاف اَلسَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا اور معطوف علیہ محذوف ہے اَرَیْنَا اِبْرَاهِیْمَ ضَلَالَ قَوْمِهٖ وَاَبِیْهِ۔واؤ عاطفہ لام جارہ تعلیلیہ یَکُوْنَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اسم مِنَ الْمُوْقِنِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف فَعَلْنَا ذَالِکَ کے۔۔۔الخ

فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِيْنَ ﴿۷۶﴾

آیت نمبر ۷۶: فاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم جَنَّ فعل عَلَیْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے اَللَّیْلُ فاعل، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، رَاٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل کَوْکَبًا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء معطوف ہے قَالَ اِبْرَاهِیْمُ پر۔۔۔الخ۔قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، ھٰذَا مبتدا، رَبِّیْ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔فاء عاطفہ لَمَّا ظرف متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم اَفَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، تینوں مل کر شرط، قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، لَا اُحِبُّ فعل اَنَا مستتر فاعل اَلْاٰفِلِیْنَ مفعول بہ، تینوں مل کر مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَئِنْ لَّمْ يَهْدِنِيْ رَبِّيْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّيْنَ ﴿۷۷﴾

آیت نمبر ۷۷: فَاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم رَاٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْقَمَرَ ذوالحال بَازِغًا اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، ھٰذَا رَبِّیْ مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ فَاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم اَفَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر شرط، قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، لَام موطئۃ القسم اور قسم محذوف ہے اِنْ شرطیہ لَمْ یَهْدِ فعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ، رَبِّیْ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَام جوابیہ اَکُوْنَنَّ فعل ناقص اَنَا مستتر اس کا اسم مِنْ جارہ اَلْقَوْمَ الضَّآلِّیْنَ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر قسم محذوف کا جواب ہے، اور شرط کی جزاء محذوف ہے اَکُنْ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّیْنَ اس پر جواب قسم دال ہے۔

فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّیْ هٰذَاۤ اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّاۤ اَفَلَتْ قَالَ یٰقَوْمِ اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۷۸﴾

آیت نمبر ۷۸: فَاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم رَاٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلشَّمْسَ ذوالحال بَازِغَةً حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، ھٰذَا رَبِّیْ مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ ھٰذَاۤ اَكْبَرُ مبتدا باخبر ھٰذَا رَبِّیْ کی تاکید ہے۔ فَاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم اَفَلَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل سے مل کر شرط، قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، یَاء حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل قَوْمِ اصل میں قَوْمِیْ ہے منادیٰ مضاف مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء ہے اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم، بَرِیْٓءٌ صیغہ صفت اَنَا مستتر فاعل مِنْ جارہ مَا موصولہ تُشْرِكُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت بافاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ نداء کا جواب، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَاۤ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۷۹﴾

آیت نمبر ۷۹: اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم وَجَّهْتُ فعل تَاء مضمومہ ضمیر ذوالحال حَنِیْفًا حال، ذوالحال باحال فاعل وَجْهِیَ مرکب اضافی مفعول بہ، لَام جارہ اَلَّذِیْ اسم موصول فَطَرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور وَجَّهْتُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا حجازیہ اَنَا ضمیر مبتدا، مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، مَا حجازیہ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَحَآجَّهٗ قَوْمُهٗ ؕ قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّیْ فِی اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِ ؕ وَلَاۤ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ

يَشَآءَ رَبِّيْ شَيْـًٔا ؕ وَسِعَ رَبِّيْ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ؕ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۰﴾

آیت نمبر ۸۰: واؤ استینافیہ حَآجَّ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ قَوْمُهٗ مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر جملہ مستانفہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، هَمزہ حرف استفہام تُحَآجُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، نون وقایہ کا، یَاء ضمیر منصوب ذوالحال قَدْ حرف تحقیق هَدٰى فعل هُوَ مستتر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مفعول بہ فِي اللّٰهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لَآ اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل مَا موصولہ تُشْرِكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء اَنْ حرف مصدری و نصب يَشَآءَ فعل رَبِّيْ مرکب اضافی فاعل شَيْـًٔا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر مضاف الیہ ہے وَقْتَ مضاف محذوف کا، مضاف بامضاف الیہ مستثنیٰ مفرغ مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ وَسِعَ فعل رَبِّيْ مرکب اضافی فاعل كُلَّ شَيْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ عِلْمًا تمیز، فعل بافاعل ومفعول بہ و تمیز جملہ فعلیہ خبریہ معللہ ہوا۔ هَمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تُعْرِضُوْنَ عَنِ التَّاَمُّلِ، لَا تَتَذَكَّرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ انشائیہ ہوا۔

وَكَيْفَ اَخَافُ مَآ اَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا ؕ فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ۚ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۱﴾

آیت نمبر ۸۱: واؤ استینافیہ كَيْفَ ظرف زمان كَآئِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم، اَخَافُ فعل اَنَا مستتر ذوالحال موخر، ذوالحال باحال فاعل مَا موصولہ اَشْرَكْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَخَافُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم اَشْرَكْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، مَا اسم موصول لَمْ يُنَزِّلْ فعل هُوَ مستتر فاعل بِهٖ جار بامجرور متعلق ہوئے، عَلَيْكُمْ جار بامجرور ظرف مستقر كَآئِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم سُلْطٰنًا ذوالحال موخر، ذوالحال باحال لَمْ يُنَزِّلْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اَشْرَكْتُمْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد لَا تَخَافُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، یا اِنْ عَرَفْتُمْ قَوْلِيْ، اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ مرکب اضافی مبتدا، اَحَقُّ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بِالْاَمْنِ جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ مستانفہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط كُنْتُ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر شرط اور اس کی جزاء محذوف ہے فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۸۲﴾

آیت نمبر ۸۲: اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَمْ یَلْبِسُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِیْمَانَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ بِظُلْمٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا، اُولٰٓئِكَ مبتدا ثانی، لَهُمْ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْاَمْنُ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، مُهْتَدُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اُولٰٓئِكَ کی خبر، مبتدا با خبر اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۞ رکوع نمبر ۱۰ ۞

وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰى قَوْمِهٖ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۸۳﴾

آیت نمبر ۸۳: واؤ استینا فیہ تِلْكَ اسم اشارہ مبتدا، حُجَّتُنَا مرکب اضافی ذوالحال اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اِبْرَاهِیْمَ مفعول بہ ثانی، عَلٰى قَوْمِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ نَرْفَعُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل دَرَجَاتٍ مفعول فیہ کیونکہ اس سے پہلے فِیْ محذوف ہے مَنْ اسم موصول، نَشَآءُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ نَرْفَعُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اسم حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ دو خبر اِنَّ با اسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ؕ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوْحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ وَاَيُّوْبَ وَيُوْسُفَ وَمُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۴﴾ وَزَكَرِيَّا وَيَحْيٰى وَعِيْسٰى وَاِلْيَاسَ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۵﴾

آیت نمبر ۸۴، ۸۵: واؤ استینافیہ وَهَبْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَهٗ جار با مجرور متعلق ہوئے اِسْحَاقَ وَيَعْقُوْبَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے تِلْكَ حُجَّتُنَا پر۔ كُلًّا مفعول بہ مقدم هَدَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ومفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ نُوْحًا مفعول بہ مقدم هَدَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْ قَبْلُ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق ومفعول بہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ مِنْ ذُرِّيَّتِهٖ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم، دَاوٗدَ وَسُلَيْمَانَ وَاَيُّوْبَ وَيُوْسُفَ وَمُوْسٰى وَهَارُوْنَ وَزَكَرِيَّا وَيَحْيٰى وَعِيْسٰى وَاِلْيَاسَ معطوف علیہ معطوفات تسعہ سے مل کر ذوالحال موخر، ذوالحال باحال بواسطہ عطف کے هَدَيْنَا کا مفعول بہ ہے۔ واؤ استینافیہ یا اعتراضیہ كَذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جَزَآءً کے مفعول مطلق مقدم نَجْزِيْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلْمُحْسِنِيْنَ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ كُلٌّ مبتدا، مِنَ الصَّالِحِيْنَ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

سوال: کُلٌّ نکرہ ہے تو اس کا مبتدا واقع ہونا کیسے درست ہے؟

جواب: کُلٌّ میں صفت عموم کی وجہ سے اس کا مبتدا بننا درست ہے نیز اس کی تنوین مضاف الیہ کے عوض میں ہے اصل میں کُلٌّ واحِدٍمِّنْھُمْ ہے۔

وَاِسْمٰعِیْلَ وَالْیَسَعَ وَیُوْنُسَ وَلُوْطًا ؕ وَکُلًّا فَضَّلْنَا عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ﴿۸۶﴾

آیت نمبر ۸۶: واؤ عاطفہ اِسْمَاعِیْلَ وَالْیَسَعَ وَیُوْنُسَ وَلُوْطًا معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ عطف کے واسطہ سے ھَدَیْنَا کا مفعول ہے، واؤ استینافیہ کُلًّا مفعول بہ مقدم فَضَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَی الْعَالَمِیْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَمِنْ اٰبَآئِهِمْ وَذُرِّیّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ ۚ وَاجْتَبَیْنٰهُمْ وَهَدَیْنٰهُمْ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۸۷﴾

آیت نمبر ۸۷: واؤ عاطفہ مِنْ جارہ اٰبَآئِهِمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ذُرِّیّٰتِهِمْ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِخْوَانِهِمْ مرکب اضافی معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مجرور، جار با مجرور بواسطہ عطف ھَدَیْنَا کے متعلق ہوئے، واؤ عاطفہ اِجْتَبَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ ھَدَیْنَا پر معطوف ہے۔ واؤ عاطفہ ھَدَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اِلٰی جارہ صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ یَهْدِیْ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَلَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۸۸﴾

آیت نمبر ۸۸: ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا، هُدَى اللّٰهِ مرکب اضافی خبر اوّل، یَهْدِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے مَنْ اسم موصول یَشَآءُ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ عِبَادِهٖ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال یَهْدِیْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر ثانی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ اَشْرَکُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر شرط، لام جوابیہ حَبِطَ فعل عَنْھُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، مَا اسم موصول کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم یَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر صلہ، موصول باصلہ حَبِطَ کا فاعل، فعل با فاعل و متعلق جزاء، شرط با جزاء حال ہے عِبَادِهٖ سے۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَاِنْ یَّكْفُرْ بِهَا هٰۤؤُلَآءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّیْسُوْا بِهَا بِكٰفِرِیْنَ ﴿۸۹﴾

آیت نمبر ۸۹: اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، اَلْکِتَابَ و

الْحُکْمَ وَالنُّبُوَّۃَ معطوف علیہ با معطوفین مفعول ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء استیغراب، شرطیہ یَکْفُرْ فعل، بِھَا جار با مجرور متعلق ہوئے ھٰٓؤُلَآءِ محلاً مرفوع فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ قَدْ علامت فعل وَکَّلْنَا فعل نا ضمیر فاعل بِھَا جار با مجرور متعلق ہوئے، قَوْمًا موصوف لَّیْسُوْا فعل ناقص واو ضمیر اسم بِھَا جار با مجرور متعلق مقدم باء جارہ زائدہ کٰفِرِیْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل، و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ قَوْمًا کی صفت، موصوف با صفت وَکَّلْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ ھَدَی اللّٰہُ فَبِھُدٰىھُمُ اقْتَدِہْ ؕ قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُکُمْ عَلَیْہِ اَجْرًا ؕ اِنْ ھُوَ اِلَّا ذِکْرٰی لِلْعٰلَمِیْنَ ﴿۹۰﴾

آیت نمبر ۹۰: اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا الَّذِیْنَ اسم موصول ھَدَی فعل لفظ اَللّٰہُ فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا شِئْتَ سُلُوْکَ الطَّرِیْقِ الْقَدِیْمِ یا اِنْ شِئْتَ اَنْ یَّکُوْنَ حَالُکَ مِثْلَ حَالِھِمْ باء جارہ ھُدٰی ھُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے اِقْتَدِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اور ھاء برائے سکتہ ہے، فعل با فاعل و متعلق مقدم جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، لَآ اَسْـَٔلُ فعل اَنَا مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اول، عَلَیْہِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، اَجْرًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین مقول، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنْ نافیہ ھُوَ ضمیر مبتدا اِلَّا حرف استثناء ذِکْرٰی موصوف لِلْعٰلَمِیْنَ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مستثنیٰ مفرغ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۱ ❁

وَمَا قَدَرُوا اللّٰہَ حَقَّ قَدْرِہٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ عَلٰی بَشَرٍ مِّنْ شَیْءٍ ؕ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْکِتٰبَ الَّذِیْ جَآءَ بِہٖ مُوْسٰی نُوْرًا وَّ ھُدًی لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَہٗ قَرَاطِیْسَ تُبْدُوْنَھَا وَتُخْفُوْنَ کَثِیْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَآؤُکُمْ ؕ قُلِ اللّٰہُ ۙ ثُمَّ ذَرْھُمْ فِیْ خَوْضِھِمْ یَلْعَبُوْنَ ﴿۹۱﴾

آیت نمبر ۹۱: واو استینافیہ مَا نافیہ قَدَرُوْا فعل واو ضمیر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ مفعول بہ، حَقَّ قَدْرِہٖ مرکب اضافی مفعول مطلق، اِذْ مضاف قَالُوْا فعل واو ضمیر فاعل سے مل کر قول، مَا نافیہ اَنْزَلَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل عَلٰی بَشَرٍ جار با مجرور متعلق، مِنْ جارہ زائدہ شَیْءٍ محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ مقول، قول با مقولہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ ... فعل با فاعل ومفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، مَنْ استفہامیہ مبتدا، اَنْزَلَ فعل ھُوَ مستتر

فاعل اَلْكِتٰبَ موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول جَآءَ فعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے مُوْسٰی فاعل، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ اَلْكِتٰبَ کی صفت، موصوف باصفت ذوالحال نُوْرًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُدًى موصوف لِلنَّاسِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَلْكِتٰبَ کا حال اولی، تَجْعَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هٗ ضمیر پہلا مفعول بہ، قَرَاطِيْسَ موصوف تُبْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تُخْفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل كَثِيْرًا مفعول بہ، یہ تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف قَرَاطِيْسَ کی صفت، موصوف باصفت تَجْعَلُوْنَ کا مفعول ثانی، فعل بافاعل و مفعولین اَلْكِتٰبَ کا حال ثانیہ، ذوالحال باحالین اَنْزَلَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

واؤ حالیہ عُلِّمْتُمْ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل مَا موصولہ لَمْ تَعْلَمُوْا فعل واؤ ضمیر مؤکد، اَنْتُمْ تاکید، مؤکد باتاکید معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اٰبَآؤُكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ عُلِّمْتُمْ کا مفعول بہ، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے تَجْعَلُوْنَ کی ضمیر فاعل سے۔ (روح المعانی)

قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَللّٰهُ خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ ذَرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر ذوالحال يَلْعَبُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فِیْ خَوْضِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِیْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿۹۲﴾

آیت نمبر ۹۲: واؤ استینافیہ هٰذَا مبتدا، كِتٰبٌ موصوف اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت اولی، مُبٰرَكٌ صفت ثانیہ، مُصَدِّقُ اسم فاعل اَلَّذِیْ اسم موصول بَيْنَ يَدَيْهِ مرکب اضافی مفعول فیہ فعل محذوف ثَبَتَ کا، ثَبَتَ فعل هُوَ مستتر فاعل و مفعول فیہ مل کر صلہ، موصول باصلہ بَيْنَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ صفت ثالثہ، موصوف باصفات ثلاثہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُنْذِرَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اُمَّ الْقُرٰى مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ موصولہ حَوْلَهَا مرکب اضافی ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف تُنْذِرَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور بواسطہ عطف اَنْزَلْنَاهُ کے متعلق ہوئے۔

واؤ استینافیہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْاٰخِرَةِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مبتدا، يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور بِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، عَلٰى صَلَاتِهِمْ: جار با مجرور متعلق مقدم يُحَافِظُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ يُؤْمِنُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِیَ اِلَیَّ وَلَمْ یُوْحَ اِلَیْهِ شَیْءٌ وَّمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ تَرٰۤی اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِیْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْۤا اَیْدِیْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ اَلْیَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَی اللّٰهِ غَیْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰیٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۹۳﴾

آیت نمبر ۹۳: واؤ استینافیہ مَنْ استفہامیہ مبتدا، اَظْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ مَنْ موصولہ اِفْتَرٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَی اللّٰهِ متعلق كَذِبًا مفعول بہ، پھر یہ چاروں مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اُوْحِیَ فعل مجہول اِلَیَّ جار با مجرور محلاً مرفوع نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مَنْ کا صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ موصولہ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، سین علامت فعل، اُنْزِلُ فعل اَنَا مستتر فاعل مِثْلَ مضاف مَا موصولہ اَنْزَلَ اللّٰهُ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ اُنْزِلُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مِنْ کا مجرور، جار با مجرور اَظْلَمُ کے متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا

وَلَمْ یُوْحَ اِلَیْهِ شَیْءٌ یہ فعل مجہول نائب فاعل اور متعلق سے مل کر اَوْ قَالَ میں جو قَالَ ہے اس کی ضمیر فاعل سے حال ہے واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ تَرٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِذْ ظرف زمان مضاف اَلظّٰلِمُوْنَ مبتدا، فِیْ جارہ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہوئے، كَائِنُوْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر ذوالحال واؤ حالیہ اَلْمَلٰٓئِكَةُ مبتدا، بَاسِطُوْا اسم فاعل مضاف اَیْدِیْهِمْ مرکب اضافی مضاف الیہ معنًی مفعول بہ، اسم فاعل بامضاف ومضاف الیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال كَائِنُوْنَ کا فاعل، اسم فاعل با فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ تَرٰی کا مفعول فیہ، فعل با فاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے لَرَاَیْتَ اَمْرًا عَظِیْمًا ____ الخ شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا

اَخْرِجُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ یَقُوْلُوْنَ محذوف کا مقولہ ہو کر بَاسِطُوْا میں مستتر ضمیر فاعل سے حال ہے ____ الخ۔ اَلْیَوْمَ مفعول فیہ مقدم تُجْزَوْنَ کا، تُجْزَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل عَذَابَ الْهُوْنِ مرکب اضافی مفعول بہ بِاءٌ جارہ مَا مصدریہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَی اللّٰهِ ظرف لغو متعلق ہوئے غَیْرَ الْحَقِّ مرکب اضافی بواسطہ موصوف محذوف اَلْقَوْلُ کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و متعلق ومفعول مطلق خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم عَنْ اٰیٰتِهٖ جار با مجرور متعلق مقدم تَسْتَكْبِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے تُجْزَوْنَ کے، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ

خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِيْكُمْ شُرَكٰٓؤُا ؕ لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۹۴﴾

آیت نمبر ۹۴: واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے وَاللّٰهِ، قَدْ علامت فعل، جِئْتُمُوْا فعل تُمْ ضمیر ذوالحال فُرَادٰى حال، ذوالحال باحال فاعل نَا ضمیر مفعول بہ کاف جارہ مَا مصدریہ خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، اَوَّلَ مَرَّةٍ مرکب اضافی مفعول فیہ۔ فعل بافاعل ومفعولین بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور، كَائِنًا کے متعلق ہوکر بواسطہ موصوف محذوف مَجِيْئًا کے مفعول مطلق، فعل با فاعل ومفعولین جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ حالیہ تَرَكْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل مَا موصولہ خَوَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، یہ تینوں مل کر صلہ، موصول مفعول بہ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جِئْتُمْ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ نَرٰى فعل نَحْنُ مستتر فاعل مَعَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ شُفَعَآءَكُمْ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِيْنَ اسم موصول زَعَمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اسم فِيْكُمْ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہوکر حال مقدم شُرَكٰٓؤُا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال خبر، اَنَّ با اسم وخبر زَعَمْتُمْ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین صلہ، موصول باصلہ شُفَعَآءَكُمْ کی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل تَقَطَّعَ فعل هُوَ مستتر فاعل بَيْنَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ضَلَّ فعل عَنْكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے مَا موصولہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَزْعُمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور تَزْعُمُوْنَ کے دونوں مفعول محذوف ہیں اصل میں تھا تَزْعُمُوْنَهٗ شُفَعَآءَ، فعل بافاعل ومفعولین خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ضَلَّ کا فاعل، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف قسم محذوف کا جواب ہے، قسم باجواب قسم جملہ قسمیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۲ ❁

اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى ؕ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۹۵﴾

آیت نمبر ۹۵: اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم فَالِقُ مضاف اَلْحَبِّ وَالنَّوٰى معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر اوّل، يُخْرِجُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْحَيَّ مفعول بہ مِنَ الْمَيِّتِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق

ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اسم فاعل کے معنی میں ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مُخْرِجُ اسم فاعل مضاف اَلْمَيِّتِ مضاف الیہ معنیٰ مفعول بہ مِنَ الْحَيِّ جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل مضاف اپنے مضاف الیہ و متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر دوم، اِنَّ با اسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِكُمُ اسم اشارہ مبتدا لفظ اَللّٰهُ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فاء استینافیہ اَنّٰى استفہامیہ كَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم، تُؤْفَكُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَ جَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا وَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ حُسْبَانًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۹۶﴾

آیت نمبر ۹۶: فَالِقُ الْاِصْبَاحِ مرکب اضافی هُوَ مبتدا، محذوف کی خبر ہے یا اِنَّ کی خبر ثالث ہے (روح المعانی) واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَللَّيْلَ مفعول بہ اوّل سَكَنًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین باعتبار معنی کے فَالِقُ الْاِصْبَاحِ پر عطف ہے واؤ عاطفہ اَلشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دونوں کا اَللَّيْلَ پر عطف ہے اور حُسْبَانًا سَكَنًا پر عطف ہے ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا اَلتَّقْدِيْرُ مضاف اَلْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۹۷﴾

آیت نمبر ۹۷: واؤ استینافیہ هُوَ ضمیر مبتدا اَلَّذِيْ اسم موصول جَعَلَ فعل بمعنی خَلَقَ هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے، اَلنُّجُوْمَ مفعول بہ، لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَهْتَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور جَعَلَ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فِيْ جارہ ظُلُمٰتِ مضاف اَلْبَرِّ وَالْبَحْرِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر تَهْتَدُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ الخ قَدْ علامت فعل۔ فَصَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلْاٰيَاتِ منصوب بالکسرہ مفعول بہ، لَام جارہ قَوْمٍ موصوف يَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور فَصَّلْنَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ هُوَ الَّذِيْۤ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّ مُسْتَوْدَعٌ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّفْقَهُوْنَ ﴿۹۸﴾

آیت نمبر ۹۸: واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا اَلَّذِيْ اسم موصول اَنْشَاَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، مِنْ جارہ نَفْسٍ وَّاحِدَةٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ

ہوا۔فاء جوابیہ مُسْتَقَرٌّ مبتدا ہے اور خبر محذوف ہے لَکُمْ مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مُسْتَوْدَعٌ مبتدا ہے اور خبر محذوف ہے لَکُمْ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہے، اور فاء کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّفْقَهُوْنَ کی ترکیب قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ کی طرح ہے جو ابھی گزری ہے۔

وَهُوَ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَیْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِیَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّالزَّیْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّغَیْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَیَنْعِهٖ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكُمْ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ﴿۹۹﴾

آیت نمبر ۹۹: واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول اَنْزَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنَ السَّمَآءِ جار با مجرور متعلق ہوئے، مَآءً مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَخْرَجْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، نَبَاتَ كُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فاء عاطفہ اَخْرَجْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْهُ جار با مجرور متعلق ہوئے خَضِرًا موصوف نُخْرِجُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مِنْهُ جار با مجرور متعلق ہوئے حَبًّا مُّتَرَاكِبًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خَضِرًا کی صفت، موصوف باصفت اَخْرَجْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوف اَلَّذِیْ کا صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ مِنَ النَّخْلِ جار با مجرور مبدل منہ، مِنْ طَلْعِهَا جار با مجرور بدل البعض، مبدل منہ با بدل ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، قِنْوَانٌ موصوف دَانِیَةٌ اسم فاعل هِیَ مستتر فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

واؤ عاطفہ جَنّٰتٍ موصوف مِنْ اَعْنَابٍ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف ہے نَبَاتَ كُلِّ شَیْءٍ پر۔ واؤ عاطفہ اَلزَّیْتُوْنَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلرُّمَّانَ ذوالحال مُشْتَبِهًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ غَیْرَ مُتَشَابِهٍ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال با حال معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ہے فعل محذوف اَخُصُّ کا اور یہ بھی جائز ہے کہ جَنّٰتٍ پر معطوف ہو، اُنْظُرُوْٓا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِلٰى ثَمَرِهٖٓ جار با مجرور متعلق ہوئے اِذَا ظرف زمان مضاف اَثْمَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل امر با فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

وَیَنْعِهٖ کا ثَمَرِهٖ پر عطف ہے اِنَّ حرف تحقیق فِیْ ذٰلِكُمْ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، لَام مزحلقہ اٰیٰتٍ موصوف لَام جارہ قَوْمٍ موصوف یُؤْمِنُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اسم موخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَ خَلَقَهُمْ وَ خَرَقُوْا لَهٗ بَنِيْنَ وَ بَنٰتٍۭ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

آیت نمبر ۱۰۰: واؤ استینافیہ جَعَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِلّٰهِ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم شُرَكَآءَ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی مقدم اَلْجِنَّ مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَلْجِنَّ سے حال ہے۔ واؤ عاطفہ خَرَقُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِغَيْرِ عِلْمٍ ظرف مستقر مُصَاحِبِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل لَهٗ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے بَنِيْنَ وَبَنٰتٍ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جَعَلُوْا پر معطوف ہے۔ سُبْحٰنَهٗ مرکب اضافی مفعول مطلق ہے فعل محذوف سَبَّحْنَا کا، سَبَّحْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ومفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَعٰلٰى فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْ جارہ مَا موصولہ يَصِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

❀ رکوع نمبر ۱۳ ❀

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّ لَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ؕ وَ خَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَ هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾

آیت نمبر ۱۰۱: بَدِيْعُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مرکب اضافی مبتدا محذوف هُوَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اَنّٰى اسم استفہام كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم، وَلَدٌ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال يَكُوْنُ کا اسم مؤخر، لَهٗ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ واؤ حالیہ لَمْ تَكُنْ فعل ناقص لَهٗ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر مقدم، صَاحِبَةٌ اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے وَلَدٌ سے۔ واؤ استینافیہ خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُلَّ شَيْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ هُوَ ضمیر مبتدا، بَاء جارہ كُلِّ شَيْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، عَلِيْمٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۱۰۲﴾

آیت نمبر ۱۰۲: ذٰلِكُمْ اسم اشارہ مبتدا، لفظ اَللّٰهُ خبر اوّل، رَبُّكُمْ مرکب اضافی خبر ثانی، لَا نفی جنس اِلٰهَ مبدل منہ، اِلَّا حرف استثناء هُوَ ضمیر بدل، مبدل منہ بابدل اسم، خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ، لَا با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر ثالث، خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ مرکب

اضافی خبر رابع، مبتدا با اخبار اربعہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، یااِذَا کَانَتْ لِلّٰہِ ہٰذِہِ الصِّفَاتُ، اُعْبُدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ہُ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ جزاء،شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔واؤ استینافیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، عَلٰی جارہ کُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم وَکِیْلٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

لَا تُدْرِکُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ﴿۱۰۳﴾

آیت نمبر ۱۰۳: لَا تُدْرِکُ فعل ہُ ضمیر منصوب مفعول بہ، اَلْاَبْصَارُ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا، یُدْرِکُ فعل ھُوَ ضمیر فاعل اَلْاَبْصَارَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف ذٰلِکُمْ کی خبر خامس ہے۔واؤ استینافیہ یا عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا اَللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ یا معطوفہ ہوا

قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿۱۰۴﴾

آیت نمبر ۱۰۴: قَدْ علامت فعل جَآءَ فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مقدم بَصَآئِرُ فاعل مِنْ رَّبِّکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔فَاء استینافیہ برائے تفصیل مَنْ اسم شرط مبتدا، اَبْصَرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ لِنَفْسِہٖ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف اَلْاِبْصَارُ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء،شرط باجزاء خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا، عَمِیَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ عَلَیْهَا ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مبتدا محذوف عِمَاہُ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء،شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔واؤ استینافیہ مَا حجازیہ اَنَا ضمیر اس کا اسم عَلَیْکُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، بَاء جارہ زائدہ حَفِیْظٍ صیغہ صفت اَنَا مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مَا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا

وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ وَلِيَقُوْلُوْا دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهٗ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۵﴾

آیت نمبر ۱۰۵: واؤ استینافیہ کَذٰلِکَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَصْرِیْفًا کے مفعول مطلق مقدم، نُصَرِّفُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلْاٰیٰتِ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔واؤ عاطفہ لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَقُوْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، دَرَسْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف اوّل، اور معطوف علیہ محذوف ہے لِیَعْتَبِرُوْا لِاِعْتِبَارِهِمْ کے معنی میں ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نُبَیِّنَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ہُ ضمیر مفعول بہ، لَام جارہ قَوْمٍ موصوف یَعْلَمُوْنَ

فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور نُبَیِّنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین ظرف لغو متعلق ہوئے نُصَرِّفُ کے۔

اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۱۰۶﴾

آیت نمبر ۱۰۶: اِتَّبِعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مَا موصولہ اُوْحِیَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل اِلَیْكَ ظرف لغو متعلق ہوئے مِنْ رَّبِّكَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر اُوْحِیَ کی ضمیر نائب فاعل سے حال ہے، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اِتَّبِعْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَعْرِضْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَنِ الْمُشْرِكِیْنَ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومتعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اس کی ترکیب آیت نمبر ۱۰۲ میں گزر چکی ہے۔

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكُوْا ۗ وَمَا جَعَلْنٰكَ عَلَیْهِمْ حَفِیْظًا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَیْهِمْ بِوَكِیْلٍ ﴿۱۰۷﴾

آیت نمبر ۱۰۷: واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ شَآءَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، مَا نافیہ اَشْرَكُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل عَلَیْهِمْ جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے حَفِیْظًا صیغہ صفت اَنْتَ مستتر فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَآ اَنْتَ عَلَیْهِمْ بِوَكِیْلٍ کی ترکیب وَمَآ اَنَا عَلَیْكُمْ بِحَفِیْظٍ کی طرح ہے اور یہ معطوف ہے، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَیَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًۢا بِغَیْرِ عِلْمٍ ؕ كَذٰلِكَ زَیَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۪ ثُمَّ اِلٰی رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَیُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾

آیت نمبر ۱۰۸: واؤ استینافیہ لَا تَسُبُّوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔ اور یہ لَا یَكُنْ مِنْكُمْ سَبُّ الَّذِیْنَ ــــ الخ کی تاویل میں ہے اور اس میں سَبُّ الَّذِیْنَ معطوف علیہ ہے فَاء سببیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَسُبُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ، عَدْوًۢا مفعول لہ بِغَیْرِ عِلْمٍ ظرف مستقر مُتَلَبِّسِیْنَ کے متعلق ہو کر یَسُبُّوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر سَبُّ الَّذِیْنَ پر معطوف ہے۔

كَذٰلِكَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَزْیِیْنًا کے مفعول مطلق مقدم، زَیَّنَّا فعل نَا ضمیر فاعل لَام جارہ كُلِّ اُمَّةٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے عَمَلَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ ثُمَّ عاطفہ اِلٰی رَبِّهِمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَرْجِعُهُمْ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ یُنَبِّئُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ بَاء جارہ مَا موصولہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس

کا اسم یَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف لغو یُنَبِّئُ متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ ۙ اَنَّهَاۤ اِذَا جَآءَتْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۹﴾

آیت نمبر ۱۰۹: واؤ استینافیہ اَقْسَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ مرکب اضافی مفعول مطلق، فعل با فاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ شرطیہ جَآءَتْ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اٰيَةٌ فاعل، یہ تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لام جوابیہ يُؤْمِنُنَّ فعل واؤ محذوفہ بوجہ التقائے ساکنین فاعل بِهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قسم محذوف کا جواب ہے، اور شرط کی جزاء محذوف ہے يُؤْمِنُوْا بِهَا جس پر جواب قسم دال ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق مکفوفہ مَا کافہ اَلْاٰيٰتُ مبتدا عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَا استفہامیہ مبتدا يُشْعِرُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اَنَّ حرف تحقیق هَا ضمیر اسم اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل، فعل با فاعل و مفعول فیہ شرط، لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد يُشْعِرُ کا مفعول ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ مستانفہ ہوا۔

وَ نُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ وَ اَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖۤ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ نَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۱۰﴾

آیت نمبر ۱۱۰: واؤ استینافیہ نُقَلِّبُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَفْـِٕدَتَهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَبْصَارَهُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ۔ کاف جارہ مَا مصدریہ لَمْ يُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اَوَّلَ مَرَّةٍ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَقْلِيْبًا کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَذَرُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر ذوالحال يَعْمَهُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ فِيْ جارہ طُغْيَانِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۴ ❁

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَاۤ اِلَیْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَیْهِمْ كُلَّ شَیْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِیُؤْمِنُوْۤا اِلَّاۤ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ یَجْهَلُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱۱: واؤ استینافیہ لَوْ حرف شرط اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم نَزَّلْنَا فعل اِلَیْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے الْمَلٰٓئِكَةَ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَلَّمَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ الْمَوْتٰى فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ حَشَرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَیْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، كُلَّ شَیْءٍ مرکب اضافی ذوالحال قُبُلًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد فاعل ہے فعل محذوف ثَبَتَ کا، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، مَا نافیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء اَنْ مصدریہ ناصبہ یَشَآءَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر بواسطہ مضاف محذوف زَمَانَ کے مستثنیٰ مفرغ ہو کر مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر كَانُوْا کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَكْثَرَهُمْ مرکب اضافی اسم یَجْهَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لٰكِنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِیٍّ عَدُوًّا شَیٰطِیْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ یُوْحِیْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ؕ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا یَفْتَرُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

آیت نمبر ۱۱۲: واؤ استینافیہ كَذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف جَعْلًا کے مفعول مطلق مقدم جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لام جارہ كُلِّ نَبِیٍّ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عَدُوًّا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی مقدم شَیٰطِیْنَ مضاف الْاِنْسِ وَالْجِنِّ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل بافاعل و مفعولین و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ یُوْحِیْ فعل بَعْضُهُمْ مرکب اضافی فاعل اِلٰى بَعْضٍ جار با مجرور متعلق ہوئے زُخْرُفَ الْقَوْلِ مرکب اضافی مفعول بہ غُرُوْرًا مفعول لہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شَیٰطِیْنَ سے حال ہو کر عَدُوًّا کی صفت ـــــ الخ۔

واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ شَآءَ فعل رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، مَا نافیہ فَعَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف

ہے اِذَاکَانَ الْاَمْرُ کَذَالِکَ، یااِنْ کَانَ الْاِیْحَاءُ مِنْ بَعْضِهِمْ اِلٰی بَعْضٍ، ذَرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، واؤ بمعنی مَعَ" مَا موصولہ یَفْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول معہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ لِتَصْغٰۤی اِلَیْهِ اَفْـٕدَةُ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَ لِیَرْضَوْهُ وَ لِیَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ﴿۱۱۳﴾

آیت نمبر ۱۱۳: واؤ عاطفہ لَام جارہ تعلیلیہ اوراس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَصْغٰی فعل اِلَیْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، اَفْئِدَةُ مضاف اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَایُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْاٰخِرَةِ متعلق، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مجرور، جار با مجرور معطوف ہے غُرُوْرًا پر۔ واؤ عاطفہ لَام جارہ تعلیلیہ اوراس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَرْضَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور غُرُوْرًا پر معطوف ہے۔ واؤ عاطفہ لام جارہ تعلیلیہ اوراس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَقْتَرِفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا موصولہ هُمْ ضمیر مبتدا، مُقْتَرِفُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور غُرُوْرًا پر معطوف ہے۔

اَفَغَیْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِیْ حَكَمًا وَّ هُوَ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ اِلَیْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ وَ الَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِیْنَ﴿۱۱۴﴾

آیت نمبر ۱۱۴: هَمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اَمِیْلُ اِلٰی زِیْنَةِ الدُّنْیَا، غَیْرَ اللّٰهِ مرکب اضافی اَبْتَغِیْ کا مفعول بہ مقدم، اور حَكَمًا تمیز ہے فعل کی نسبت الی المفعول سے، فعل با فاعل و مفعول بہ مقدم و تمیز جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ ہے قُلْ لَّهُمْ قول محذوف کا، قول بامقولہ جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ هُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول اَنْزَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلَیْكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلْكِتَابَ ذوالحال مُفَصَّلًا اسم مفعول هُوَ مستتر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اَللّٰهِ سے حال ہے۔

واؤ استینافیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، اَلْكِتَابَ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا، یَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم مُنَزَّلٌ اسم مفعول هُوَ مستتر ذوالحال بِالْحَقِّ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال نائب فاعل مِنْ رَّبِّکَ جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم مفعول بانائب فاعل و متعلق خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد یَعْلَمُوْنَ کی دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا

باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتَ ھٰذَا۔ یا اِنْ کَانَ اَھْلُ الْکِتٰبِ یَعْلَمُوْنَ اَنَّہٗ مُنَزَّلٌ مِّنَ اللّٰہِ، لَاتَکُوْنَنَّ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم مِنَ الْمُمْتَرِیْنَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ۭ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۱۵﴾

آیت نمبر ۱۱۵: واؤ استینافیہ تَمَّتْ فعل کَلِمَۃُ مضاف رَبِّکَ مرکب اضافی ذوالحال صِدْقًا وَّعَدْلًا معطوف علیہ بامعطوف صَادِقًا وَعَادِلًا کے معنی میں ہو کر حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَا نفی جنس مُبَدِّلَ اس کا اسم لِکَلِمٰتِہٖ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے تَمَّتْ کے فاعل سے۔ واؤ استینافیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، اَلسَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۱۱۶﴾

آیت نمبر ۱۱۶: واؤ استینافیہ اِنْ حرف شرط تُطِعْ فعل مضارع اَنْتَ مستتر فاعل اَکْثَرَ مضاف مَنْ اسم موصول فِی الْاَرْضِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط یُضِلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنْ نافیہ یَتَّبِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء اَلظَّنَّ مستثنیٰ مفرغ ہو کر مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ نافیہ ھُمْ ضمیر مبتدا اِلَّا حرف استثناء یَخْرُصُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۱۷﴾

آیت نمبر ۱۱۷: اِنَّ حرف تحقیق رَبَّکَ مرکب اضافی اس کا اسم ھُوَ ضمیر مبتدا اَعْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل مَنْ موصولہ یَضِلُّ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَنْ سَبِیْلِہٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ بَاء محذوف کا مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا اَعْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل بِالْمُھْتَدِیْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ

خبریہ معطوفہ ہوا۔

فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۸﴾

آیت نمبر ۱۱۸: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کُنْتُمْ مُتَحَقِّقِیْنَ بِالْاِیْمَانِ، کُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ مَاموصولہ ذُکِرَ فعل مجہول اِسْمُ اللّٰہِ مرکب اضافی نائب فاعل عَلَیْہِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کُلُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنْ شرطیہ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم مُؤْمِنِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے فَکُلُوْا مِمَّا ذُکِرَ اسْمُ اللّٰہِ عَلَیْہِ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا لَّيُضِلُّوْنَ بِاَهْوَآئِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۱۹﴾

آیت نمبر ۱۱۹: واؤ استینافیہ مَا استفہامیہ مبتدا، لَکُمْ جار با مجرور ظرف مستقر متعلق ہوئے کَائِنٌ کے، کَائِنٌ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب لَا تَاْکُلُوْا فعل مضارع واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ مَا موصولہ ذُکِرَ فعل مجہول اِسْمُ اللّٰہِ مرکب اضافی نائب فاعل عَلَیْہِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور لَا تَاْکُلُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اور اصل میں فِیْ اَنْ تَاْکُلُوْا ہے جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے کَائِنٌ کے، اسم فاعل بافاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر مَا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل، فَصَّلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، مَا موصولہ حَرَّمَ فعل ھُوَ مستتر مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء مَا مصدریہ اُضْطُرِرْتُمْ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل اِلَیْہِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ حَرَّمَ کا فاعل عَلَیْکُمْ جار با مجرور اس کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ فَصَّلَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے لفظ اَللّٰہُ سے۔۔۔ الخ

واؤ استینافیہ اِنَّ حرف تحقیق کَثِیْرًا اس کا اسم لَام مذحلقہ یُضِلُّوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِغَیْرِ عِلْمٍ ظرف مستقر مُتَلَبِّسِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، بَاء جارہ اَھْوَآئِھِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّکَ مرکب اضافی اسم ھُوَ ضمیر مبتدا اَعْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل اور بِالْمُعْتَدِیْنَ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوْا يَقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۲۰﴾

آیت نمبر ۱۲۰: واؤ عاطفہ ذَرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ظَاهِرَ الْاِثْمِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَاطِنَهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق الَّذِيْنَ اسم موصول يَكْسِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْاِثْمَ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم سین علامت فعل، يُجْزَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل بَاءِ جارہ مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم يَقْتَرِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ ۭ وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰۗـــِٕــهِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ ﴿۱۲۱﴾

آیت نمبر ۱۲۱: واؤ عاطفہ لَا تَاْكُلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ مَا موصولہ لَمْ يُذْكَرْ فعل مجہول عَلَيْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے اِسْمُ اللّٰهِ مرکب اضافی ذوالحال واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لام مذحلقہ فِسْقٌ خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور لَا تَاْكُلُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ انشائیہ نہیہ معطوفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ اِنَّ حرف تحقیق اَلشَّيٰطِيْنَ اس کا اسم، لام مذحلقہ يُوْحُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰٓى اَوْلِيَآءِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يُجَادِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی، فعل بافاعل ومتعلقین جملہ فعلیہ خبر یہ اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ اَطَعْتُمُوْا فعل تُمْ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ تینوں مل کر شرط، اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم، لام مذحلقہ مُشْرِكُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

سوال: جب جزاء جملہ اسمیہ خبریہ ہو تو اس پر فاء کا داخل ہونا واجب ہے تو اِنَّكُمْ مُشْرِكُوْنَ جزاء ہے اس پر فاء داخل کیوں نہیں کی گئی؟

جواب (۱): یہاں اِنْ شرطیہ سے پہلے لام موطئہ للقسم محذوف ہے لہٰذا اِنَّكُمْ مُشْرِكُوْنَ اس کا جواب قسم ہے اور جزاء محذوف ہے فَاِنَّكُمْ مُشْرِكُوْنَ جس پر جواب قسم دال ہے۔

جواب (۲): علامہ ابوالبقاء فرماتے ہیں جب شرط فعل ماضی ہو تو اس وقت جزاء سے فاء کا حذف کرنا جائز ہے اگرچہ جزاء جملہ اسمیہ خبریہ ہو۔

❀ رکوع نمبر ۱۵ ❀

اَوَ مَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَ جَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

آیت نمبر ۱۲۲: ھمزہ حرف استفہام واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اَنْتُمْ مِثْلُھُمْ، مَنْ موصولہ کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اسم مَیْتًا خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَحْیَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَهٗ جار با مجرور متعلق ہوئے نُوْرًا موصوف یَمْشِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے فِی النَّاسِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر یَمْشِیْ کے فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل و متعلق نُوْرًا کی صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول با صلہ مبتدا، کاف جارہ مَنْ موصولہ مَثَلُهٗ مرکب اضافی مبتدا فِی الظُّلُمٰتِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق، کَائِنٌ اسم فاعل ھُوَ مستتر ذوالحال لَیْسَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ خَارِجٍ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل مِنْھَا جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل با فاعل و متعلق لفظاً مجرور محلاً منصوب خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال کَائِنٌ کا فاعل، اسم فاعل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر مَنْ کَانَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

کَذٰلِکَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَزْیِیْنًا کے مفعول مطلق مقدم زُیِّنَ فعل مجہول لِلْکَافِرِیْنَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَا اسم موصول کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم یَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق و مفعول مطلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا لِيَمْكُرُوْا فِيْهَا ؕ وَ مَا يَمْكُرُوْنَ اِلَّا بِاَنْفُسِهِمْ وَ مَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

آیت نمبر ۱۲۳: واؤ استینافیہ کَذٰلِکَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جَعْلًا کے مفعول مطلق مقدم جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِیْ کُلِّ قَرْیَۃٍ جار با مجرور متعلق ہوئے اَکَابِرَ مُجْرِمِیْھَا مرکب اضافی مفعول بہ لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَمْکُرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْھَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور جَعَلْنَا کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین و مفعول بہ و مفعول مطلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ مَا نافیہ یَمْکُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء بِاَنْفُسِھِمْ جار با مجرور مستثنیٰ مفرغ ہو کر متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے یَمْکُرُوْا کے فاعل سے ـــــ الخ یا جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ مَا نافیہ یَشْعُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے یَمْکُرُوْنَ کی ضمیر فاعل سے۔

وَاِذَا جَآءَتۡهُمۡ اٰيَةٌ قَالُوۡا لَنۡ نُّؤۡمِنَ حَتّٰى نُؤۡتٰى مِثۡلَ مَاۤ اُوۡتِىَ رُسُلُ اللّٰهِ ؕ اَللّٰهُ اَعۡلَمُ حَيۡثُ يَجۡعَلُ رِسَالَتَهٗ ؕ سَيُصِيۡبُ الَّذِيۡنَ اَجۡرَمُوۡا صَغَارٌ عِنۡدَ اللّٰهِ وَعَذَابٌ شَدِيۡدٌۢ بِمَا كَانُوۡا يَمۡكُرُوۡنَ ﴿۱۲۴﴾

آیت نمبر ۱۲۴: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَتۡ فعل هُمۡ ضمیر منصوب مفعول بہ اٰيَةٌ فاعل، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط قَالُوۡا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، لَنۡ نُّؤۡمِنَ فعل نَحۡنُ مستتر فاعل حَتّٰى جارہ اور اس کے بعد اَنۡ مقدر ہے نُؤۡتٰى فعل مجہول نَحۡنُ مستتر نائب فاعل مِثۡلَ مضاف مَا موصول اُوۡتِىَ فعل مجہول رُسُلُ اللّٰهِ مرکب اضافی نائب فاعل، فعل مجہول بانائب جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ نُؤۡتٰى کا مفعول بہ، فعل مجہول بانائب و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور لَنۡ نُّؤۡمِنَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ اَللّٰهُ مبتدا اَعۡلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

حَيۡثُ مضاف يَجۡعَلُ فعل هُوَ مستتر فاعل رِسَالَتَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہے فعل محذوف يَعۡلَمُ کا جس پر اَعۡلَمُ دال ہے۔ س تحسین علامت فعل يُصِيۡبُ فعل الَّذِيۡنَ اَجۡرَمُوۡا موصول با صلہ مفعول بہ مقدم صَغَارٌ موصوف عِنۡدَ اللّٰهِ مرکب اضافی ثَابِتٌ کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَذَابٌ موصوف شَدِيۡدٌ صفت اولی، ب جارہ مَا مصدریہ كَانُوۡا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَمۡكُرُوۡنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین معطوف، معطوف علیہ با معطوف يُصِيۡبُ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَمَنۡ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنۡ يَّهۡدِيَهٗ يَشۡرَحۡ صَدۡرَهٗ لِلۡاِسۡلَامِ ۚ وَمَنۡ يُّرِدۡ اَنۡ يُّضِلَّهٗ يَجۡعَلۡ صَدۡرَهٗ ضَيِّقًا حَرَجًا كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِى السَّمَآءِ ؕ كَذٰلِكَ يَجۡعَلُ اللّٰهُ الرِّجۡسَ عَلَى الَّذِيۡنَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱۲۵﴾

آیت نمبر ۱۲۵: فاء استینافیہ مَنۡ اسم شرط مبتدا، يُرِدۡ فاعل لفظ اَللّٰهُ فاعل اَنۡ حرف مصدری و ناصب يَهۡدِىَ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر يُرِدۡ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، يَشۡرَحۡ فعل هُوَ مستتر فاعل صَدۡرَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ لِلۡاِسۡلَامِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جزاء، شرط با جزاء مَنۡ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَنۡ اسم شرط مبتدا، يُرِدۡ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنۡ حرف

مصدری و نصب یُضِلَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر یُرِدْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، یَجْعَلْ فعل ھُوَ مستتر فاعل صَدْرَہٗ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل، ضَیِّقًا موصوف حَرَجًا صفت موصوف با صفت مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

کَاَنَّ حرف استدراک کفوفہ مَا کافہ یَصَّعَّدُ فعل ھُوَ مستتر فاعل فِی السَّمَآءِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال ہے حَرَجًا کی ضمیر سے۔ کَذٰلِکَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جَعْلًا کے مفعول مطلق مقدم یَجْعَلُ فعل لفظ اَللّٰہُ فاعل اَلرِّجْسَ مفعول بہ، عَلٰی جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَا یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَھٰذَا صِرَاطُ رَبِّکَ مُسْتَقِیْمًا ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّذَّکَّرُوْنَ ﴿۱۲۶﴾

آیت نمبر ۱۲۶: واؤ استینا فیہ ھٰذَا اسم اشارہ مبتدا، صِرَاطُ رَبِّکَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ مُسْتَقِیْمًا حال ہے فعل محذوف اِسْتَقَامَ کی ضمیر فاعل سے۔ قَدْ حرف تحقیق فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّذَّکَّرُوْنَ کی ترکیب قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّفْقَھُوْنَ کی مثل ہے جو آیت نمبر ۹۸ میں گزری ہے۔

لَھُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّھِمْ وَھُوَ وَلِیُّھُمْ بِمَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۷﴾

آیت نمبر ۱۲۷: لَہٗ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم دَارُ السَّلٰمِ مرکب اضافی ذوالحال عِنْدَ رَبِّھِمْ مرکب اضافی کَائِنًا کا متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ ھُوَ ضمیر مبتدا وَلِیُّھُمْ مرکب اضافی ذوالحال بَاء جارہ مَا مصدریہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم یَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَیَوْمَ یَحْشُرُھُمْ جَمِیْعًا ۚ یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَکْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ۚ وَقَالَ اَوْلِیٰٓؤُھُمْ مِّنَ الْاِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِیْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ؕ قَالَ النَّارُ مَثْوٰىکُمْ خٰلِدِیْنَ فِیْھَآ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰہُ ؕ اِنَّ رَبَّکَ حَکِیْمٌ عَلِیْمٌ ﴿۱۲۸﴾

آیت نمبر ۱۲۸: واؤ استینا فیہ یَوْمَ مضاف یَحْشُرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر ذوالحال جَمِیْعًا حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، اُذْکُرْ فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ مستانفہ ہوا۔ یَاء حرف نداء، قائم مقام اَدْعُوْ کے، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل مَعْشَرَ الْجِنِّ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء، قَدْ علامت فعل اِسْتَکْثَرْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل مِنَ الْاِنْسِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل

و متعلق نداء کا جواب، نداء باجواب نداء قَآئِلًا کا مقولہ ہو کر یَحْشُرُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

واؤ عاطفہ قَالَ فعل اَوْلِیَآءُهُمْ مرکب اضافی ذوالحال مِنَ الْاِنْسِ جار بامجرور ظرف مستقر کَآئِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، رَبَّنَا اور یہ اصل میں یَارَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے اِسْتَمْتَعَ فعل بَعْضُنَا مرکب اضافی فاعل بِبَعْضٍ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَلَغْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَجَلَنَا مرکب اضافی موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول اَجَّلْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل لَنَا جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت بَلَغْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف نداء کا جواب، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَلنَّارُ مبتدا، مَثْوٰی مضاف کُمْ ضمیر ذوالحال خَالِدِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل فِیْهَا جار بامجرور متعلق ہوئے، اِلَّا حرف استثناء مَا مصدریہ شَآءَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مضاف الیہ ہوا زَمَانَ مضاف محذوف کا، مضاف بامضاف الیہ مستثنیٰ مفرغ ہو کر خَالِدِیْنَ کا مفعول فیہ، اسم فاعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال مَثْوٰی کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اسم حَکِیْمٌ عَلِیْمٌ دو خبر، اِنَّ بااسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَكَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًاۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۲۹﴾

آیت نمبر ۱۲۹: واؤ استینافیہ کَذٰلِکَ جار بامجرور کَآئِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَوْلِیَةً کے مفعول مطلق مقدم نُوَلِّیْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بَعْضَ الظَّالِمِیْنَ مرکب اضافی مفعول بہ اول بَعْضًا مفعول بہ ثانی، بَاء حرف جار مَا موصولہ کَانُوْا یَکْسِبُوْنَ کی ترکیب آیت نمبر ۱۲۷ میں دیکھیے اور یہ صلہ ہے، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق و مفعول مطلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۶ ❁

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰٓى اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۰﴾

آیت نمبر ۱۳۰: یَاء حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل مَعْشَرَ مضاف اَلْجِنِّ وَ الْاِنْسِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ نداء، ھَمزہ حرف استفہام لَمْ یَاْتِ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ رُسُلٌ موصوف مِنْکُمْ ظرف مستقر کَآئِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، یَقُصُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَیْکُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، اٰیَاتِیْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُنْذِرُوْنَ فعل

واؤضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل لِقَآءَ مضاف یَوْمِکُمْ مرکب اضافی موصوف ھٰذَا صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین معطوف، معطوف علیہ با معطوف رُسُلٌ کی صفت ثانیہ، موصوف باصفتین لَمْ یَاْتِ کا فاعل، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ ہوا قول محذوف یُقَالُ لَهُمْ کا، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالُوْا فعل واؤضمیر فاعل سے مل کر قول، شَهِدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلٰٓی اَنْفُسِنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعلٌ بافاعل ومتعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ شَهِدُوْا فعل واؤضمیر فاعل عَلٰٓی اَنْفُسِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم کٰفِرِیْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، اَنَّ با اسم وخبر بتاویل مفرد مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ غَرَّتْ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَلْحَیٰوةُ الدُّنْیَا مرکب توصیفی فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ یَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ﴿١٣١﴾

آیت نمبر ۱۳۱: ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَنْ مخفف مِن المثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَمْ یَكُنْ فعل ناقص رَبُّكَ مرکب اضافی اسم مُهْلِكَ الْقُرٰى مرکب اضافی ذوالحال بِظُلْمٍ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہوکر حال، ذوالحال باحال خبر، فعل ناقص با اسم وخبر اَنْ کی خبر، اَنْ با اسم وخبر منصوب بنزع الخافض بِاء مقدر کا مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہوکر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ اَهْلُهَا مرکب اضافی مبتدا، غٰفِلُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے اَلْقُرٰى سے۔

وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا یَعْمَلُوْنَ ﴿١٣٢﴾

آیت نمبر ۱۳۲: واؤ استینافیہ لِكُلٍّ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہوکر خبر مقدم دَرَجٰتٌ موصوف مِنْ جارہ مَا مصدریہ عَمِلُوْا فعل واؤضمیر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہوکر صفت، موصوف باصفت مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَا حجازیہ رَبُّكَ مرکب اضافی اس کا اسم بِاء جارہ زائدہ غَافِلٍ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل عَنْ جارہ مَا موصولہ یَعْمَلُوْنَ فعل واؤضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل ومتعلق شبہ جملہ ہوکر محلًا منصوب خبر، مَا حجازیہ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ رَبُّكَ الْغَنِیُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ اِنْ یَّشَاْ یُذْهِبْكُمْ وَ یَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ مَّا یَشَآءُ كَمَآ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ ذُرِّیَّةِ قَوْمٍ اٰخَرِیْنَ ﴿١٣٣﴾

آیت نمبر ۱۳۳: واؤ استینافیہ رَبُّكَ مرکب اضافی مبتدا اَلْغَنِیُّ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر اوّل، ذُو الرَّحْمَةِ

مرکب اضافی خبر دوم، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔اِنْ حرف شرط یَشَاْ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر شرط یُذْھِبْ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ،واؤعاطفہ یَسْتَخْلِفْ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنْ بَعْدِکُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، مَا موصولہ یَشَآءُ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ،کاف جارہ مَا مصدریہ اَنْشَاَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، ذُرِّیَّۃِ مضاف قَوْمٍ اٰخَرِیْنَ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار با مجرور اَنْشَاَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِسْتِخْلَافًا کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ ۙ وَّمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِیْنَ ﴿۱۳۴﴾

آیت نمبر ۱۳۴: اِنَّ حرف تحقیق مَا موصولہ تُوْعَدُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ اسم لام مزحلقہ اٰتٍ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا حجازیہ اَنْتُمْ ضمیر اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ مُعْجِزِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر لفظاً منصوب خبر، مَا با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ یٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰی مَکَانَتِکُمْ اِنِّیْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ تَکُوْنُ لَہٗ عَاقِبَۃُ الدَّارِ ؕ اِنَّہٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾

آیت نمبر ۱۳۵: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، یٰقَوْمِ یہ اصل میں یَاقَوْمِیْ ہے اور یہ ندا ہے، اِعْمَلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل عَلٰی مَکَانَتِکُمْ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل جملہ انشائیہ امریہ جواب ندا، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم عَامِلٌ اسم فاعل اَنَا مستتر فاعل سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ فَاء تعلیلیہ سَوْفَ علامت فعل تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَنْ موصولہ تَکُوْنُ فعل ناقص لَہٗ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَاقِبَۃُ الدَّارِ مرکب اضافی اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معللہ ہوا۔

سوال: تَعْلَمُوْنَ تو دو مفعول کے ساتھ متعدی ہوتا ہے تو یہاں اس کا ایک مفعول کیوں ہے؟

جواب: یہاں تَعْلَمُوْنَ "تَعْرِفُوْنَ" کے معنی میں ہے اور تَعْرِفُوْنَ ایک مفعول کے ساتھ متعدی ہوتا ہے۔

اِنَّ حرف تحقیق ھُوَ ضمیر اس کا اسم لَا یُفْلِحُ فعل اَلظَّالِمُوْنَ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ

خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ جَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَ الْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَ هٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۚ فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَ مَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۱۳۶﴾

آیت نمبر ۱۳۶: واؤ استینافیہ جَعَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِلّٰهِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم مِنْ جارہ مَا موصولہ ذَرَاَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ اَلْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور ذَرَاَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم نَصِيْبًا ذوالحال موخر، ذوالحال باحال جَعَلُوْا کا مفعول بہ اوّل، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، هٰذَا اسم اشارہ مبتدا لِلّٰهِ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق اوّل ہوئے بِزَعْمِهِمْ جار بامجرور متعلق ثانی ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلقین خبر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، لام جارہ شُرَكَآءُ نَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جَعَلُوْا پر معطوف ہے، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فاء عاطفہ مَا موصولہ کَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم بِشُرَكَآئِهِمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ متضمن معنی شرط مبتدا، فاء جزائیہ لَا يَصِلُ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلَى اللّٰهِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ کَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم لِلّٰهِ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ متضمن معنی شرط مبتدا، فاء جزائیہ هُوَ ضمیر مبتدا يَصِلُ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ سَآءَ فعل ذم مَا موصولہ يَحْكُمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ انشائیہ خبر، مبتدا محذوف ہے هُوَ مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

وَ كَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوْهُمْ وَ لِيَلْبِسُوْا عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ؕ وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَ مَا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۷﴾

آیت نمبر ۱۳۷: واؤ استینافیہ كَذٰلِكَ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَزْيِيْنًا کے مفعول

مطلق مقدم، زَیَّنَ فعل لَام جارہ کَثِیْرٍ موصوف مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور زَیَّنَ کے متعلق ہوئے، قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ مرکب اضافی مفعول بہ، شُرَکَآءُهُمْ مرکب اضافی فاعل موخر، لَام جارہ تعلیلیہ اوراس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُرْدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام جارہ تعلیلیہ اوراس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَلْبِسُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَیْهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے دِیْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف زَیَّنَ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین و مفعول بہ و مفعول مطلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ شَآءَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، مَا نافیہ فَعَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ فاء فصیحہ اوراس کی شرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتَ هٰذَا، فَذَرْهُمْ وَمَا یَفْتَرُوْنَ کی ترکیب آیت نمبر ۱۱۲ میں گزر چکی ہے اور یہ جزاء ہے، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ قَالُوْا هٰذِهٖۤ اَنْعَامٌ وَّ حَرْثٌ حِجْرٌ ۖۗ لَّا یَطْعَمُهَاۤ اِلَّا مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ وَ اَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُوْرُهَا وَ اَنْعَامٌ لَّا یَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَیْهَا افْتِرَآءً عَلَیْهِ ؕ سَیَجْزِیْهِمْ بِمَا كَانُوْا یَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۸﴾

آیت نمبر ۱۳۸: واؤ استینافیہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، هٰذِهٖ مبتدا، اَنْعَامٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ حَرْثٌ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف موصوف حِجْرٌ صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَا یَطْعَمُ فعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ، اِلَّا حرف استثناء مَنْ موصول نَشَآءُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ مفرغ ہو کر فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَنْعَامٌ کی صفت ثانیہ ہے۔ بَاء جارہ زَعْمِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر مُتَلَبِّسِیْنَ کے متعلق ہو کر قَالُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ واؤ عاطفہ اَنْعَامٌ موصوف حُرِّمَتْ فعل مجہول ظُهُوْرُهَا مرکب اضافی نائب فاعل، فعل بانائب فاعل صفت، موصوف باصفت خبر ہے مبتدا محذوف هٰذِهٖ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ هٰذِهٖ اَنْعَامٌ پر معطوف ہے۔

واؤ عاطفہ اَنْعَامٌ موصوف لَا یَذْكُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِسْمَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ عَلَیْهَا جار بامجرور متعلق ہوئے اِفْتِرَآءً مصدر عَلَیْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، مصدر با متعلق مفعول لہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ اَنْعَامٌ کی صفت، موصوف باصفت خبر ہے مبتدا محذوف هٰذِهٖ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ هٰذِهٖ اَنْعَامٌ پر معطوف ثانی ہے۔ سِین علامت فعل، یَجْزِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل هِمْ ضمیر مفعول بہ بَاء جارہ مَا مصدریہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَفْتَرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ قَالُوْا مَا فِیْ بُطُوْنِ هٰذِهِ الْاَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا وَ مُحَرَّمٌ عَلٰۤى اَزْوَاجِنَا ۚ وَ اِنْ يَّكُنْ مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ شُرَكَآءُ ؕ سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ ؕ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۳۹﴾

آیت نمبر ۱۳۹: واؤ استینافیہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، مَا موصول فِیْ جارہ بُطُوْنِ مضاف هٰذِهِ الْاَنْعَامِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا خَالِصَةٌ اسم فاعل ھِیَ مستتر فاعل لِذُكُوْرِنَا جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مُحَرَّمٌ اسم مفعول ھُوَ مستتر نائب فاعل عَلٰۤى اَزْوَاجِنَا جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم مفعول بانائب فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط يَكُنْ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم مَيْتَةً خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ ھُمْ ضمیر مبتدا، فِيْهِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، شُرَكَآءُ اسم فاعل اس میں ھُمْ ضمیر فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق مقدم خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ سین علامت فعل يَجْزِيْ فعل ھُوَ ضمیر فاعل هِمْ مفعول بہ اوّل، وَصْفَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ اس کی دو خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْۤا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّ حَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَآءً عَلَى اللّٰهِ ؕ قَدْ ضَلُّوْا وَ مَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۴۰﴾

آیت نمبر ۱۴۰: قَدْ علامت فعل خَسِرَ فعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول قَتَلُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِغَيْرِ عِلْمٍ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل اَوْلَادَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سَفَهًا مفعول لہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ حَرَّمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا موصول رَزَقَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ لفظ اَللّٰهُ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، اِفْتِرَآءً مصدر عَلَى اللّٰهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، مصدر با متعلق مفعول لہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ خَسِرَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَدْ علامت فعل ضَلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم مُهْتَدِيْنَ اسم فاعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہو کر قَدْ خَسِرَ ـــ الخ کی تاکید ہے۔

❁ لوع نمبر ۱۷ ❁

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ وَّ غَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ وَّ النَّخْلَ وَ الزَّرْعَ مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ وَ الزَّيْتُوْنَ وَ الرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا وَّ غَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَ اٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ ۖ٭ وَلَا تُسْرِفُوْا ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ۙ۝

آیت نمبر ۱۴۱: واؤ استینافیہ هُوَ ضمیر مبتدا اَلَّذِيْ اسم موصول اَنْشَاَ فعل هُوَ مستتر فاعل جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ مرکب توصیفی معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ غَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ مرکب اضافی معطوف اول، واؤ عاطفہ اَلنَّخْلَ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَلزَّرْعَ ذوالحال مُخْتَلِفًا اسم فاعل اُكُلُهٗ مرکب اضافی فاعل، اسم فاعل بافاعل حال، ذوالحال باحال معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اَلزَّيْتُوْنَ معطوف رابع، اَلرُّمَّانَ ذوالحال مُتَشَابِهًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ غَيْرَ مُتَشَابِهٍ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف حال، ذوالحال باحال معطوف خامس، معطوف علیہ با معطوفات خمسہ اَنْشَاَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

كُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ ثَمَرِهٖ جار بامجرور متعلق ہوئے اِذَا ظرف زمان مضاف اَثْمَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر مضاف الیہ، پھر یہ مفعول فیہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل حَقَّهٗ مرکب اضافی مفعول بہ يَوْمَ حَصَادِهٖ مرکب اضافی مفعول فیہ، پھر یہ چاروں مل کر معطوف اول، واؤ عاطفہ لَا تُسْرِفُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لَا يُحِبُّ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْمُسْرِفِيْنَ مفعول بہ، یہ تینوں مل کر خبر اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّ فَرْشًا ؕ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝

آیت نمبر ۱۴۲: واؤ عاطفہ مِنَ الْاَنْعَامِ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم حَمُوْلَةً وَّ فَرْشًا معطوف علیہ بامعطوف حال موخر ذوالحال باحال جَنّٰتٍ پر معطوف ہے۔ كُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ مَا موصول رَزَقَ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور كُلُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ لَا تَتَّبِعُ فعل نہی واؤ ضمیر فاعل خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اسم لَكُمْ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ مرکب توصیفی ذوالحال موخر، ذوالحال باحال خبر اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ؕ قُلْ آٰلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ

اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ نَبِّئُوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۴۳﴾

آیت نمبر ۱۴۳: ثَمَانِيَةَ اَزْوَاجٍ ممیز یا تمیز" یا مضاف یا مضاف الیہ بدل ہے حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا سے مِنَ الضَّاْنِ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل مقدر اَنْشَا کے، اِثْنَيْنِ بدل ہے ثَمَانِيَةَ اَزْوَاجٍ سے۔ واؤ عاطفہ مِنَ الْمَعْزِ بواسطہ عطف کے اَنْشَاَ کے متعلق ہے اِثْنَيْنِ بدل ہے ثَمَانِيَةَ اَزْوَاجٍ سے ـــــ الخ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، ھمزہ حرف استفہام اَلذَّكَرَيْنِ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ اَلْاُنْثَيَيْنِ معطوف اوّل، اَمْ عاطفہ مَا موصولہ اِشْتَمَلَتْ فعل عَلَيْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین حَرَّمَ کا مفعول بہ مقدم، حَرَّمَ فعل ھُوَ مستتر فاعل و مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ نَبِّئُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل، نون وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ بِعِلْمٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر دال بر جزاء اِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ فعل ناقص با اسم وخبر شرط موخر، شرط موخر دال بر جزاء مقدم سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ معترضہ ہوا۔

وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ؕ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۴﴾

آیت نمبر ۱۴۴: واؤ عاطفہ مِنَ الْاِبِلِ متعلق ہوئے فعل مقدر اَنْشَاَ کے، اِثْنَيْنِ بدل ہے ثَمَانِيَةَ اَزْوَاجٍ سے، واؤ عاطفہ مِنَ الْبَقَرِ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل مقدر اَنْشَاَ کے، اِثْنَيْنِ بدل ہے ثَمَانِيَةَ اَزْوَاجٍ سے۔ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ کی ترکیب ابھی گزری ہے۔ اَمْ منقطعہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم شُهَدَآءَ صیغہ صفت تُمْ ضمیر فاعل اِذْ مضاف وَصّٰى فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل بِهٰذَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، پھر یہ مرکب اضافی شُهَدَآءَ کا مفعول فیہ، صیغہ صفت بافاعل و مفعول فیہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا عَرَفْتُمْ هٰذَا، یا اِنْ كُنْتُمْ تَتَكَلَّمُوْنَ عَلَى اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ، مَنْ استفہامیہ مبتدا، اَظْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ مَنْ موصولہ اِفْتَرٰى فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَى اللّٰهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے كَذِبًا مفعول بہ لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يُضِلَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلنَّاسَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اِفْتَرٰى کے، بِغَيْرِ عِلْمٍ جار با مجرور مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر اِفْتَرٰى کی ضمیر سے حال ہے، فعل بافاعل و متعلقین و مفعول بہ جملہ

فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور اَظْلَمُ کے متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اسم لَا یَهْدِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رکوع نمبر ۱۸

قُلْ لَّاۤ اَجِدُ فِیْ مَاۤ اُوْحِیَ اِلَیَّ مُحَرَّمًا عَلٰی طَاعِمٍ یَّطْعَمُهٗۤ اِلَّاۤ اَنْ یَّكُوْنَ مَیْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِیْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَیْرَ بَاغٍ وَّ لَا عَادٍ فَاِنَّ رَبَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۴۵﴾

آیت نمبر ۱۴۵: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، لَا اَجِدُ فعل اَنَا ضمیر فاعل فِیْ جارہ مَا اسم موصول اُوْحِیَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلَیَّ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے مُحَرَّمًا اسم مفعول هُوَ مستتر نائب فاعل عَلٰی جارہ طَاعِمٍ موصوف یَطْعَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، پھر یہ تینوں مل کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم مفعول بانائب فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر بواسطہ موصوف محذوف شَیْئًا "لَا اَجِدُ" کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اِلَّا حرف استثناء اَنْ حرف مصدری و نصب یَكُوْنَ فعل ناقص هُوَ ضمیر اسم مَیْتَةً معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ دَمًا مَّسْفُوْحًا مرکب توصیفی معطوف اوّل، اَوْ عاطفہ لَحْمَ خِنْزِیْرٍ مرکب اضافی معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر یَطْعَمُهٗ کی ضمیر فاعل سے مستثنیٰ ہے فَاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اسم رِجْسٌ خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اَوْ عاطفہ فِسْقًا موصوف اُهِلَّ ماضی مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل بِهٖ جار بامجرور متعلق ہوئے فعل کے لِغَیْرِ اللّٰهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ فِسْقًا کی صفت، موصوف باصفت مَیْتَةً کا معطوف ثالث ہے۔ فَاء استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، اُضْطُرَّ فعل مجہول هُوَ مستتر ذوالحال غَیْرَ مضاف بَاغٍ معطوف علیہ، وَ عاطفہ لَا زائدہ عَادٍ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے فَلَاۤ اِثْمَ عَلَیْهِ، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اسم غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ دو خبر، اِنَّ بااسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ عَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ ۚ وَ مِنَ الْبَقَرِ وَ الْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهُمَآ اِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَآ اَوِ الْحَوَايَآ اَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ؕ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ ۖ وَ اِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۱۴۶﴾

آیت نمبر ۱۴۶: واؤ استینافیہ عَلٰی جارہ اَلَّذِیْنَ هَادُوْا موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم، حَرَّمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کُلَّ ذِیْ ظُفُرٍ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مِنْ جارہ اَلْبَقَرِ وَالْغَنَمِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم، حَرَّمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَیْهِمْ جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے شُحُوْمَهُمَا مرکب اضافی مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء مَا موصولہ حَمَلَتْ فعل ظُهُوْرُهُمَا مرکب اضافی معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَلْحَوَایَا معطوف، معطوف علیہ بامعطوف فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ مَا موصولہ اِخْتَلَطَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِعَظْمٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ* خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ حَرَّمْنَا کا فاعل، فعل بافاعل و متعلقین ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا، جَزَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ مفعول بہ بِبَغْیِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا اس کا اسم، لام مزحلقہ صَادِقُوْنَ اسم فاعل اسم میں نَحْنُ ضمیر فاعل، اسم فاعل بافاعل خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ وَ لَا يُرَدُّ بَاْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۴۷﴾

آیت نمبر ۱۴۷: فاء استینافیہ اِنْ حرف شرط کَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، یہ تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، رَبُّکُمْ مرکب اضافی مبتدا، ذُوْ مضاف رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یُرَدُّ فعل مجہول بَاْسُهٗ مرکب اضافی نائب فاعل عَنْ جارہ اَلْقَوْمِ الْمُجْرِمِیْنَ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكْنَا وَ لَآ اٰبَآؤُنَا وَ لَا حَرَّمْنَا مِنْ شَيْءٍ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ حَتّٰى ذَاقُوْا بَاْسَنَا ؕ قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ؕ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَخْرُصُوْنَ ﴿۱۴۸﴾

آیت نمبر ۱۴۸: سَ سین علامت فعل، یَقُوْلُ فعل اَلَّذِیْنَ اَشْرَكُوْا موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، لَوْ شرطیہ شَآءَ اللّٰهُ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط، مَآ نافیہ اَشْرَكْنَا فعل نَا ضمیر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اٰبَآؤُنَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ حَرَّمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْ جارہ زائدہ شَیْءٍ محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوکر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

كَذٰلِكَ جار بامجرور ظرف مستقر كَآئِنًا کے متعلق ہوکر بواسطہ موصوف محذوف تَكْذِیْبًا کے مفعول مطلق مقدم كَذَّبَ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِهِمْ ظرف مستقر ثَبَتُوْا محذوف کے متعلق ہوکر صلہ، موصول باصلہ فاعل حَتّٰی حرف غایت وجر اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے ذَاقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاْسَنَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور كَذَّبَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول مطلق ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، هَلْ حرف استفہام عِنْدَكُمْ مِنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا یہ یَكُوْنُ عِنْدَكُمْ عِلْمٌ فَاِخْرَاجُكُمْ اِیَّاهُ لَنَا کی تاویل میں ہے، اور ترکیب واضح ہے۔ اور یہ مقولہ ہے، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنْ نافیہ تَتَّبِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء الظَّنَّ مستثنٰی مفرغ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ نافیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، اِلَّا حرف استثناء تَخْرُصُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ فَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۱۴۹﴾

آیت نمبر ۱۴۹: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ لَّمْ تَكُنْ لَكُمْ حُجَّةٌ لِلّٰهِ ظرف مستقر كَآئِنَةٌ کے متعلق ہوکر خبر مقدم، اَلْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوکر مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فاء استینافیہ لَوْ شرطیہ شَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَام جوابیہ هَدٰی فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مؤکد، اَجْمَعِیْنَ تاکید، مؤکد با تاکید مفعول بہ، پھر یہ تینوں مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ الَّذِیْنَ یَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا وَالَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَهُمْ بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۰﴾

آیت نمبر ۱۵۰: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، ھَلُمَّ اسم فعل بمعنی فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل شُھَدَآءَکُمْ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَشْھَدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰہَ اس کا اسم حَرَّمَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھٰذَا محلًا منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر یَشْھَدُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف با صفت ھَلُمَّ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

فَاء عاطفہ اِنْ شرطیہ شَھِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ لَاتَشْھَدْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل مَعَھُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، پھر یہ تینوں مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَاتَتَّبِعْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل اَھْوَآءَ مضاف اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰیٰتِنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَایُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْاٰخِرَۃِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ھُمْ ضمیر مبتدا، بِرَبِّھِمْ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے، یَعْدِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، ہے لَایُؤْمِنُوْنَ پر (روح المعانی) معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَھْوَآءَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۹ ❁

قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّکُمْ عَلَیْکُمْ اَلَّا تُشْرِکُوْا بِهٖ شَیْـًٔا وَّ بِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا ج وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَکُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ط نَحْنُ نَرْزُقُکُمْ وَ اِیَّاهُمْ ج وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَ مَا بَطَنَ ج وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ط ذٰلِکُمْ وَصّٰىکُمْ بِهٖ لَعَلَّکُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۵۱﴾

آیت نمبر ۱۵۱: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، تَعَالَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا، اَتْلُ فعل اَنَا مستتر فاعل مَا اسم موصول حَرَّمَ فعل رَبُّکُمْ مرکب اضافی فاعل عَلَیْکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مبدل منہ، اَنْ مصدریہ لَاتُشْرِکُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق شَیْـًٔا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ، جملہ انشائیہ معطوف علیہ، بِالْوَالِدَیْنِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل محذوف اَحْسِنُوْا کے، اَحْسِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِحْسَانًا مفعول مطلق، یہ تمام مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَاتَقْتُلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل اَوْلَادَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ مِنْ اِمْلَاقٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین بتاویل

مصدر بدل ہے مَاحَرَّمَ سے، مبدل منہ بابدل اَتْلُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جواب امر ہے اور شرط محذوف اِنْ تَتَعَالَوْا کی جزاء ہے شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

نَحْنُ ضمیر منفصل مبتدا، نَرْزُقُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِيَّاهُمْ ضمیر منصوب معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا تَقْرَبُوا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل اَلْفَوَاحِشَ مبدل منہ، مَا موصولہ ظَهَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ بَطَنَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بدل الاشتمال، مبدل منہ بابدل لَا تَقْرَبُوا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَقْتُلُوا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل اَلنَّفْسَ موصوف اَلَّتِيْ اسم موصول حَرَّمَ فعل، اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، اِلَّا حرف استثناء بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسِيْنَ کے متعلق ہوکر مستثنیٰ مفرغ ہوکر لَا تَقْتُلُوا کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

ذٰلِكُمْ اسم اشارہ مبتدا، وَصّٰى فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا لَعَلَّ حرف ترجی كُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْقِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، لَعَلَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ترجیہ ہوکر رَاجِيْ الْعَقْلِ کی تاویل میں ہوکر وَصّٰكُمْ کی ضمیر مفعول سے حال ہے یا جملہ معللہ ہوا۔

وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ ۚ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۚ وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۚ وَبِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا ۭ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۲﴾

آیت نمبر ۳۴: واؤ استینا فیہ لام جارہ کُلِّ اُمَّۃٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہوکر خبر مقدم اَجَلٌ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فاء استینا فیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل اَجَلُهُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَا یَسْتَاْخِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سَاعَۃً مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یَسْتَقْدِمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

یٰبَنِیْۤ اٰدَمَ اِمَّا یَاْتِیَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ یَقُصُّوْنَ عَلَیْكُمْ اٰیٰتِیْ ۙ فَمَنِ اتَّقٰی وَ اَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

آیت نمبر ۳۵: يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اس کی ترکیب سورۃ کے شروع میں گزری ہے اور یہ نداء ہے، اِنْ حرف شرط مَا زائدہ، يَاْتِيَنَّ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، رُسُلٌ موصوف مِنْكُمْ ظرف مستقر ہو کر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، يَقُصُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَيْكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، اٰيٰتِيْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین يَاْتِيَنَّ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، اِتَّقٰى فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَصْلَحَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، فاء جزائیہ لَا مشابہ "بہ لَيْسَ" خَوْفٌ اس کا اسم، عَلَيْهِمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، لَا اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ هُمْ ضمیر مبتدا، يَحْزَنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر شرط اول کی جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر نداء کا جواب، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

آیت نمبر ۳۶: واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْتَكْبَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا اول، اُولٰٓئِكَ مبتدا ثانی، اَصْحٰبُ النَّارِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدا اول کی خبر اول هُمْ ضمیر مبتدا، فِيْهَا جار با مجرور متعلق مقدم خٰلِدُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر مبتدا اول کی خبر دوم، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ۭ اُولٰٓئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيْبُهُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ قَالُوْٓا اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَشَهِدُوْا عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ۝

آیت نمبر ۳۷: فاء استینافیہ یا فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، مَنْ استفہامیہ مبتدا، اَظْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ مَنْ موصولہ اِفْتَرٰى فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَى اللّٰهِ ظرف لغو ہو کر متعلق ہوئے، كَذِبًا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ كَذَّبَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِاٰيٰتِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور اَظْلَمُ کے متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، يَنَالُ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ نَصِيْبُهُمْ مرکب اضافی ذوالحال مِنَ الْكِتٰبِ ظرف مستقر ہو کر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

حَتّٰٓی ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَتْ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، رُسُلُنَا مرکب اضافی ذوالحال یَتَوَفَّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالُوْٓا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اَیْنَ ظرف زمان کَائِنٌ کے مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم، مَا اسم موصول کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر تَدْعُوْنَ کے مفعول ہٗ ضمیر محذوف سے حال ہے، فعل با فاعل ومفعول بہ محذوف جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، ضَلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنَّا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ شَهِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰٓی اَنْفُسِهِمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم کٰفِرِیْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم وخبر بتاویل مفرد منصوب بنزع الخافض ہے حرف جر مقدر ہے اور یہ شَهِدُوْا کے متعلق ہے، فعل با فاعل و متعلقین معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ ادْخُلُوْا فِیْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فِی النَّارِ ؕ كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ؕ حَتّٰٓی اِذَا ادَّارَكُوْا فِیْهَا جَمِیْعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ؕ قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اُدْخُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر ذوالحال فِیْ جارہ اُمَمٍ موصوف قَدْ خَلَتْ فعل هِیَ مستتر فاعل سے مل کر صفت اولیٰ، مِنْ قَبْلِكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، مِنْ جارہ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت ثالثہ، موصوف باصفات ثلاثہ مجرور، جار با مجرور مبدل منہ، فِی النَّارِ جار با مجرور بدل، مبدل منہ با بدل کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اُدْخُلُوْا کا فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

كُلَّمَا ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم دَخَلَتْ فعل اُمَّةٌ فاعل، تینوں مل کر شرط، لَعَنَتْ فعل هِیَ مستتر فاعل اُخْتَهَا مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ اُمَمٍ کی صفت رابعہ ہوئی۔ حَتّٰٓی ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اِدَّارَكُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال جَمِیْعًا حال، ذوالحال باحال فاعل فِیْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالَتْ فعل اُخْرٰىهُمْ مرکب اضافی فاعل لَام جارہ اُوْلٰىهُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ قول، رَبَّنَا یہ اصل میں یَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے هٰٓؤُلَآءِ مبتداء اَضَلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ نداء کا جواب، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فاء فصیحہ اوراس کی شرط محذوف ہے اِذَا ثَبَتَ مِنْهُمُ الْاِضْلَالُ (از فقیر) یااِنْ كَانُوْا يَسْتَحِقُّوْنَ الْعِقَابَ، اٰتِ فعل امر اَنْتَ مستترفاعل هِمْ ضمیر مفعول بہ عَذَابًا موصوف ضِعْفًا صفت اولیٰ مِنَ النَّارِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول لِكُلٍّ ظرف مستقر ہو کر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، ضِعْفٌ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہمل لَا تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَ قَالَتْ اُوْلٰىهُمْ لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ۝۳۹

آیت نمبر ۳۹: واؤ عاطفہ قَالَتْ فعل اُوْلٰىهُمْ مرکب اضافی فاعل لام جارہ اُخْرٰىهُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، فاء فصیحہ اور شرط مقدر ہے اِذَا كَانَ كَذٰلِكَ (روح المعانی) مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص لَكُمْ ظرف مستقر ہو کر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَلَيْنَا جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ زائدہ فَضْلٍ مجرور لفظاً مرفوع ذوالحال، ذوالحال باحال اسم موخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط محذوف باجزاء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اوراس کی شرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتُمُوْهُ، ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلْعَذَابَ مفعول بہ، بَاء جارہ مَا مصدریہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم تَكْسِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ذُوْقُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَ اسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَ لَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ ؕ وَ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِيْنَ ۝۴۰

آیت نمبر ۴۰: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْتَكْبَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم لَا تُفَتَّحُ فعل مجہول لَهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَبْوَابُ السَّمَآءِ مرکب اضافی نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يَدْخُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْجَنَّةَ توسعًا مفعول بہ، حَتّٰى حرف جار برائے غایت اوراس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَلِجَ فعل اَلْجَمَلُ فاعل فِيْ حرف جار سَمِّ الْخِيَاطِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور لَا يَدْخُلُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كَذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جَزَآءً کے مفعول مطلق مقدم، نَجْزِيْ فعل نَحْنُ مستتر

فاعل اَلْمُجْرِمِیْنَ مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ استینافیہ ہوا۔

لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ۝۴۱

آیت نمبر ۴۱: لَهُمْ جار با مجرور ظرف مستقر ہو کر کَائِنٌ کے متعلق ہوئے مِنْ جَهَنَّمَ ظرف لغو ہو کر کَائِنٌ کے متعلق ہوئے، کَائِنٌ اسم فاعل ھُوَ ضمیر فاعل و متعلق سے مل کر خبر مقدم، مِهَادٌ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ فَوْقِهِمْ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، غَوَاشٍ مرفوع تقدیراً مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ یا اَلْمُجْرِمِیْنَ سے حال ہے۔ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظَّالِمِيْنَ اس کی ترکیب وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِیْنَ کی مثل ہے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَآ ۡ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝۴۲

آیت نمبر ۴۲: واؤ استینا فیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصَّالِحَاتِ مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مبتدا، اُولٰٓئِکَ مبتدا، اَصْحَابُ الْجَنَّةِ هُمْ فِیْهَا خَالِدُوْنَ کی ترکیب اُولٰٓئِکَ اَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِیْهَا خَالِدُوْنَ کی طرح ہے جو آیت نمبر ۳۶ میں گزری ہے یعنی یہ دو خبر ہے مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَا نُكَلِّفُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل نَفْسًا مفعول بہ اول اِلَّا حرف استثنا وُسْعَهَا مرکب اضافی مستثنیٰ مفرغ ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۣ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَاۗءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۭ وَنُوْدُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۴۳

آیت نمبر ۴۳: واؤ عاطفہ نَزَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مَا موصولہ فِیْ صُدُوْرِهِمْ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مِنْ غِلٍّ جار با مجرور ظرف مستقر ہو کر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ تَجْرِیْ فعل مِنْ تَحْتِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، اَلْاَنْهَارُ فاعل، تینوں مل کر صُدُوْرِهِمْ کی ضمیر سے حال ہے۔ واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اَلْحَمْدُ مبتدا، لَام جارہ لفظ اَللّٰهِ موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول هَدٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ بِهٰذَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ یا استینافیہ مَا نافیہ کُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم لَام جحدیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نَهْتَدِیَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء مقدم، لَوْلَا

انتاعیہ اَنْ مصدریہ ھَدٰی فعل نَا مفعول بہ، لفظ اَللّٰہُ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر مبتدا خبر محذوف ہے مَوْجُوْدَۃٌ مبتدا باخبر شرط مؤخر، شرط باجزاء جملہ معطوفہ یا مستانفہ ہوا۔ لَام موطیۂ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ حرف تحقیق جَآءَتْ فعل رُسُلُ رَبِّنَا مرکب اضافی فاعل بِالْحَقِّ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ یا عاطفہ نُوْدُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اَنْ مخففہ من الشقلہ ضمیر شان اس کا اسم تِلْکُمُ الْجَنَّۃُ مرکب توصیفی مبتدا، اُوْرِثْتُمْ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ بَاء جارہ مَا مصدریہ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور اُوْرِثْتُمْ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد نُوْدُوْا کا مفعول بہ، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا یا قَالُوْا پر معطوف ہے۔

وَنَادٰٓی اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا ؕ قَالُوْا نَعَمْ ۚ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۝۴۴ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ كٰفِرُوْنَ ۝۴۵

آیت نمبر ۴۴، ۴۵: واؤ استینافیہ نَادٰی فعل اَصْحَابُ الْجَنَّۃِ مرکب اضافی فاعل اَصْحَابَ النَّارِ مرکب اضافی مفعول بہ، اَنْ مخففہ من الشقلہ ضمیر شان اسم قَدْ حرف تحقیق وَجَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مَا موصولہ وَعَدَ فعل نَا ضمیر مفعول بہ، رَبُّنَا مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ وَجَدْنَا کا مفعول بہ اوّل حَقًّا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر منصوب بنزع الخافض نَادٰی کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا وَجَدْنَا مَا وَعَدَ رَبُّنَا حَقًّا (از فقیر) ھَلْ حرف استفہام وَجَدْتُّمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل مَا موصولہ وَعَدَ فعل رَبُّکُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ اوّل حَقًّا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، نَعَمْ حرف ایجاب مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء استینافیہ اَذَّنَ فعل مُؤَذِّنٌ فاعل بَیْنَھُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، اَنْ مخففہ من الشقلہ ضمیر شان مقدر اسم لَعْنَۃُ اللّٰہِ مضاف بامضاف الیہ مبتدا، عَلٰی جارہ اَلظَّالِمِیْنَ موصوف اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَصُدُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَبْغُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ھَا ضمیر ذوالحال عِوَجًا مُعْوَجَّۃً کے معنی میں ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعولین صلہ، موصول باصلہ اَلظَّالِمِیْنَ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اَنْ مخففہ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر منصوب بنزع الخافض اَذَّنَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول فیہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا، بِالْاٰخِرَۃِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم، کَافِرُوْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے یَبْغُوْنَ کی واؤ ضمیر سے۔

وَ بَیْنَهُمَا حِجَابٌ ۚ وَ عَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ یَّعْرِفُوْنَ كُلًّۢا بِسِیْمٰىهُمْ ۚ وَ نَادَوْا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ عَلَیْكُمْ ۫ لَمْ یَدْخُلُوْهَا وَ هُمْ یَطْمَعُوْنَ ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶: واؤ استینافیہ بَیْنَهُمَا مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہوکر خبر مقدم حِجَابٌ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ عَلَى الْاَعْرَافِ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہوکر خبر مقدم رِجَالٌ موصوف یَعْرِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل كُلًّا مفعول بہ باء جارہ سِیْمٰىهُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق صفت، موصوف باصفت مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ عاطفہ نَادَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ مرکب اضافی مفعول بہ، اَنْ مخففہ من الثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم سَلٰمٌ مبتدا، عَلَیْكُمْ ظرف مستقر ہوکر کَائِنٌ کے متعلق ہوکر خبر، مبتدا باخبر اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر منصوب بنزع الخافض متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَمْ یَدْخُلُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، یَطْمَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ نَادَوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہوا۔

وَ اِذَا صُرِفَتْ اَبْصَارُهُمْ تِلْقَآءَ اَصْحٰبِ النَّارِ ۙ قَالُوْا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۴۷﴾

آیت نمبر ۴۷: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم صُرِفَتْ فعل مجہول اَبْصَارُهُمْ مرکب اضافی نائب فاعل تِلْقَآءَ اَصْحٰبِ النَّارِ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، رَبَّنَا یہ اصل میں یَارَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے لَا تَجْعَلْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ مَعَ مضاف الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۶ ❁

وَ نَادٰۤى اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ رِجَالًا یَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِیْمٰىهُمْ قَالُوْا مَاۤ اَغْنٰى عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ وَ مَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۸: واؤ استینافیہ نَادٰى فعل اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ مرکب اضافی فاعل رِجَالًا موصوف یَعْرِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ باء جارہ سِیْمٰىهُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ رِجَالًا کی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، مَا نافیہ اَغْنٰى فعل عَنْكُمْ ظرف لغو ہوکر متعلق ہوئے جَمْعُكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا مصدریہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَسْتَكْبِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف،

معطوف علیہ با معطوف اَغْنٰی کا فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مفسر اور مبینہ ہوا۔

اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمْتُمْ لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ ؕ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَ لَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹: ھَمزہ حرف استفہام ھٰٓؤُلَآءِ مبتدا، اَلَّذِیْنَ اسم موصول اَقْسَمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر قسم لَا یَنَالُ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ لفظ اَللّٰهُ فاعل بِرَحْمَةٍ جار با مجرور ظرف لغو ہو کر متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قسم، قسم با جواب قسم صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ اُدْخُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلْجَنَّةَ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ مقولہ، قول محذوف قِیْلَ لَهُمْ کا، قول با مقولہ ھٰٓؤُلَآءِ کی دوسری خبر ہے۔ لَا نافیہ مہملہ خَوْفٌ مبتدا، عَلَیْکُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَنْتُمْ مبتدا، تَحْزَنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اُدْخُلُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہوا۔

سوال: خَوْفٌ تو نکرہ ہے اس کا مبتدا بننا کیسے صحیح ہے؟

جواب: جس طریقہ سے مَا اَحَدٌ خَیْرٌ مِّنْكَ میں تخصیص ہوتی ہے اسی طریقہ سے لَا خَوْفٌ عَلَیْکُمْ میں تخصیص ہوئی لہٰذا مبتدا واقع ہونا درست ہے۔

وَ نَادٰٓى اَصْحٰبُ النَّارِ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ اَفِيْضُوْا عَلَيْنَا مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ؕ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۰﴾ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَهْوًا وَّ لَعِبًا وَّ غَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ نَنْسٰىهُمْ كَمَا نَسُوْا لِقَآءَ يَوْمِهِمْ هٰذَا ۙ وَ مَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۵۱﴾

آیت نمبر ۵۰، ۵۱: واؤ استینافیہ نَادٰی فعل اَصْحَابُ النَّارِ فاعل اَصْحَابَ الْجَنَّةِ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اَنْ حرف تفسیر اَفِیْضُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل عَلَیْنَا ظرف لغو ہو کر متعلق ہوئے، مِنَ الْمَآءِ جار با مجرور معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ مِنْ جارہ مَا موصولہ رَزَقَ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ لفظ اَللّٰهُ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف ظرف لغو ہو کر اَفِیْضُوْا کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین جملہ انشائیہ مفسرہ ہوا۔

قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰهَ اس کا اسم حَرَّمَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمَا ضمیر مفعول بہ، عَلٰی جارہ اَلْکَافِرِیْنَ موصوف اَلَّذِیْنَ اسم موصول اِتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل دِیْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل لَهْوًا وَّ لَعِبًا معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین معطوف علیہ، واؤ عاطفہ غَرَّتْ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، اَلْحَیٰوةُ الدُّنْیَا مرکب

توصیفی فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ اَلْکَافِرِیْنَ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور حَرَّمَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا اتَّخَذُوْا دِیْنَهُمْ لَهْوًا وَّلَعِبًا (از فقیر) اَلْیَوْمَ مفعول فیہ مقدم نُنْسِیْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، کاف جارہ مَا مصدریہ نَسُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِقَآءَ مضاف یَوْمِهِمْ مرکب اضافی مبدل منہ هٰذَا بدل، مبدل منہ با بدل لِقَآءَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ نَسُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ، مَا مصدریہ، کَانُوْا فعل ناقص، واؤ ضمیر اس کا اسم، بِاٰیٰتِنَا جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے، یَجْحَدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف نِسْیَانًا کے مفعول مطلق، فعل با فاعل ومفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾

آیت نمبر ۵۲: واؤ استینافیہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، جِئْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ باء جارہ کِتَابٍ موصوف فَصَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر ذوالحال عَلٰی عِلْمٍ ظرف مستقر ہو کر مُشْتَمِلًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ هُدًی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَحْمَةً مصدر لام جارہ قَوْمٍ موصوف یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، مصدر متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف فَصَّلْنَا کا مفعول لہ، فعل بافاعل ومفعولین کِتَابٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور جِئْنَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ؕ يَوْمَ يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَآءَ فَيَشْفَعُوْا لَنَآ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ؕ قَدْ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۳: هَلْ حرف استفہام یَنْظُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء تَاْوِیْلَهٗ مرکب اضافی مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ یَوْمَ مضاف یَاْتِیْ فعل تَاْوِیْلُهٗ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ مقدم یَقُوْلُ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول نَسُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مِنْ قَبْلُ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق صلہ، موصول باصلہ یَقُوْلُ کا فاعل، فعل با فاعل ومفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ قول، قَدْ علامت فعل جَآءَتْ فعل رُسُلُ رَبِّنَا مرکب اضافی فاعل بِالْحَقِّ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ

خبریہ مستانفہ ہوا۔

فاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِنْ کُنَّا قَدْ ضَلَلْنَا، ھَلْ حرف استفہام لَنَا جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ شُفَعَآءُ لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر ھَلْ یَکُوْنُ لَنَا شُفَعَآءُ کی تاویل میں ہے، تو اس میں شُفَعَآءُ معطوف علیہ ہے، فاء سببیہ عاطفہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَشْفَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق بتاویل مصدر شُفَعَآءُ پر معطوف ہے۔ اَوْ عاطفہ نُرَدُّ اصل میں ھَلْ نُرَدُّ ہے، نُرَدُّ فعل مجہول نَحْنُ مستتر نائب فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر ھَلْ یَکُوْنُ لَنَا رَدٌّ کی تاویل میں ہے اس میں رَدٌّ معطوف علیہ ہے فاء سببیہ عاطفہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نَعْمَلَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل غَیْرَ مضاف اَلَّذِیْ اسم موصول کُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم نَعْمَلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ غَیْرَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ نَعْمَلَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر رَدٌّ پر معطوف ہے اور نُرَدُّ شُفَعَآءَ پر معطوف ہے۔ قَدْ علامت فعل خَسِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ضَلَّ فعل عَنْھُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، مَا اسم موصول کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم یَفْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ضَلَّ کا فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۷ ❁

إِنَّ رَبَّكُمُ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي اللَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهُ حَثِيثًا وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومَ مُسَخَّرَاتٍ بِأَمْرِهِ ۗ أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ ۗ تَبَارَكَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ ﴿٥٤﴾

آیت نمبر ۵۴: اِنَّ حرف تحقیق رَبَّکُمْ مرکب اضافی اسم لفظ اَللّٰہُ موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول خَلَقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فِیْ جارہ سِتَّۃِ اَیَّامٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور خَلَقَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اِسْتَوٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَی الْعَرْشِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ اَللّٰہُ کی صفت، موصوف باصفت خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ یُغْشِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلَّیْلَ مفعول بہ اول اَلنَّھَارَ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین حال ہے خَلَقَ کی ضمیر فاعل سے۔ یَطْلُبُ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال حَثِیْثًا حال، ذوالحال باحال فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے اَلَّیْلَ سے۔ واؤ عاطفہ اَلشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ ان کا عطف ہے اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ پر مُسَخَّرٰتٍ اسم مفعول ھُنَّ مستتر نائب فاعل بِاَمْرِہٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم مفعول بانائب فاعل و متعلق اَلشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ سے حال ہے۔ اَلَا حرف تنبیہ لَہٗ ظرف مستقر کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَلْخَلْقُ وَالْاَمْرُ معطوف علیہ با معطوف مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ تَبٰرَکَ فعل لفظ اَللّٰہُ

موصوف۔رَبُّ الْعَالَمِیْنَ مرکب اضافی صفت،موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵: اُدْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل رَبَّكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً بواسطہ مضاف محذوف دُعَآءً کے مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔یا تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً مفعول لہ ہے۔اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لَا يُحِبُّ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْمُعْتَدِيْنَ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّ طَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶: واؤ استینافیہ لَا تُفْسِدُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل فِي الْاَرْضِ ظرف لغو ہوکر متعلق ہوئے بَعْدَ اِصْلَاحِهَا مرکب اضافی ہوکر مفعول فیہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول فیہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ،واؤ عاطفہ اُدْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ،خَوْفًا وَّطَمَعًا معطوف علیہ بامعطوف مفعول لہ، فعل با فاعل ومفعولین جملہ انشائیہ معطوف،معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔اِنَّ حرف تحقیق رَحْمَتَ اللّٰهِ مرکب اضافی اسم قَرِيْبٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت بافاعل ومتعلق خبر،اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

سوال: اِنَّ کا اسم رَحْمَتَ اللّٰهِ مؤنث ہے اور قَرِيْبٌ خبر مذکر ہے یہ کیسے درست ہے؟

جواب: رَحْمَةٌ رَحْمٌ یا تَرَحُّم کی تاویل میں ہے لہٰذا اسم اور خبر دونوں مذکر ہوگئے اور یا قَرِيْبٌ شَيْءٌ کی صفت ہے اور شَيْءٌ مشتق نہیں ہے لہٰذا اسم اور خبر کے درمیان مطابقت ضروری نہیں ہے۔

وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾

آیت نمبر ۵۷: واؤ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا،اَلَّذِيْ اسم موصول يُرْسِلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلرِّيٰحَ ذوالحال بُشْرًا حال،دونوں مل کر مفعول بہ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ،موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔حَتّٰى حرف ابتدا ءوغایت اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَقَلَّتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل سَحَابًا ثِقَالًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط،سُقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ،لام جارہ بَلَدٍ مَّيِّتٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ،فاء عاطفہ اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے،اَلْمَآءَ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول،فاء عاطفہ اَخْرَجْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہوکر بواسطہ موصوف محذوف رِزْقًا کے مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی،معطوف

علیہ بامعطوفین جزاء، شرط باجزاء محلا مجرور، جار بامجرور ويُرْسِلُ کے متعلق ہوئے، یا جملہ مستانفہ ہوا۔

كَذٰلِكَ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِخْرَاجًا کے مفعول مطلق مقدم نُخْرِجُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلْمَوْتٰی مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ اس جیسی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر راجِي التَّذَكُّر کی تاویل میں ہو کر نُخْرِجُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

وَ الْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۚ وَ الَّذِيْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ؕ كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ ۝۵۸

آیت نمبر ۵۸: واؤ استینافیہ اَلْبَلَدُ الطَّيِّبُ مرکب توصیفی مبتدا، يَخْرُجُ فعل نَبَاتُهٗ مرکب اضافی ذوالحال بِاِذْنِ رَبِّهٖ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِيْ اسم موصول خَبُثَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، لَا يُخْرِجُ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء نَكِدًا بواسطہ موصوف محذوف خُرُوْجًا کے مفعول مطلق، فعل با فاعل ومفعول بہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ كَذٰلِكَ جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَصْرِيْفًا کے مفعول مطلق مقدم نُصَرِّفُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلْاٰيَاتِ مفعول بہ، لام جارہ قَوْمٍ موصوف يَّشْكُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعولین ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۸ ❁

لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنِّيْۤ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝۵۹

آیت نمبر ۵۹: لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل نُوْحًا مفعول بہ، اِلٰى قَوْمِهٖ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، يٰقَوْمِ یہ اصل میں يَاقَوْمِيْ ہے اور یہ نداء ہے اُعْبُدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل لفظ اَللّٰهَ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف قسم کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ مَا نافیہ لَكُمْ ظرف مستقر ہو کر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ اِلٰهٍ محلا مرفوع موصوف غَيْرُهٗ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل عَلَيْكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے عَذَابَ مضاف يَوْمٍ عَظِيْمٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ، مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝۶۰

آیت نمبر ۶۰: قَالَ فعل اَلْمَلَاُ ذوالحال مِنْ قَوْمِہٖ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اسم لَا م مذحلقہ نَرٰی فعل نَحْنُ مستتر فاعل کا ف ضمیر مفعول بہ اوّل، فِیْ جارہ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ یٰقَوْمِ لَیْسَ بِیْ ضَلٰلَۃٌ وَّ لٰکِنِّیْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝۶۱

آیت نمبر ۶۱: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، یٰقَوْمِ یہ اصل میں یٰقَوْمِیْ ہے اور یہ نداء ہے لَیْسَ فعل ناقص بِیْ ظرف مستقر ہو کر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر خبر مقدم ضَلٰلَۃٌ اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰکِنَّ حرف استدراک نون وقایہ کا یَاء ضمیر اس کا اسم رَسُوْلٌ موصوف مِنْ جارہ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر رَسُوْلٌ کی صفت، موصوف باصفت خبر، لٰکِنَّ با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف نداء کا جواب، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اُبَلِّغُکُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّیْ وَ اَنْصَحُ لَکُمْ وَ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰہِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۶۲

آیت نمبر ۶۲: اُبَلِّغُ فعل اَنَا مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل رِسَالٰتِ رَبِّیْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْصَحُ فعل اَنَا مستتر فاعل لَکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَعْلَمُ فعل اَنَا مستتر فاعل مِنَ اللّٰہِ جار با مجرور متعلق ہوئے مَا موصولہ لَا تَعْلَمُوْنَ فعل اَنْتُمْ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَکُمْ ذِکْرٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ عَلٰی رَجُلٍ مِّنْکُمْ لِیُنْذِرَکُمْ وَ لِتَتَّقُوْا وَ لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝۶۳

آیت نمبر ۶۳: ھَمزہ حرف استفہام واؤ عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے کَذَّبْتُمْ، عَجِبْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب جَآءَ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ ذِکْرٌ موصوف مِنْ رَّبِّکُمْ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، عَلٰی جارہ رَجُلٍ موصوف مِنْ رَّبِّکُمْ جار با مجرور کَائِنٍ کے متعلق ہو کر ذِکْرٌ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین جَآءَ کا فاعل لَا م جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُنْذِرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا م جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَتَّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جَآءَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض عَجِبْتُمْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ محذوف بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَكَذَّبُوْهُ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ ﴿۶۴﴾

آیت نمبر ۶۴: فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا اَرَدْتَ اَنْ تَعْلَمَ اَمْرَهُمْ، كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَنْجَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، واؤ بمعنی مَعَ "اَلَّذِيْنَ اسم موصول مَعَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ ہوا فعل محذوف ثَبَتَ کا، فِي الْفُلْكِ ظرف لغو ہو کر ثَبَتُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول فیہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اَنْجَيْنَا کا مفعول معہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَغْرَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلَّذِيْنَ موصول کَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اَغْرَقْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین شرط محذوف کی جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اسم کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم قَوْمًا عَمِيْنَ مرکب توصیفی خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۹ ❁

وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۶۵﴾

آیت نمبر ۶۵: واؤ عاطفہ اِلٰى عَادٍ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اَرْسَلْنَا کے۔ اَخَاهُمْ مرکب اضافی مبدل منہ هُوْدًا بدل، مبدل منہ بابدل مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق ومفعول بہ اَرْسَلْنَا پر معطوف ہے۔ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ اس کی ترکیب آیت نمبر ۵۹ میں گزر چکی ہے، همزہ حرف استفہام فاء عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے لَا تَتَفَكَّرُوْنَ، لَا تَتَّقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ سَفَاهَةٍ وَّاِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۶۶﴾

آیت نمبر ۶۶: قَالَ فعل اَلْمَلَاُ موصوف اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ قَوْمِهٖ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ اَلْمَلَاُ کی صفت، موصوف باصفت قَالَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اسم لَام مزحلقہ نَرٰى فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل، فِيْ سَفَاهَةٍ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اسم لَام مزحلقہ نَظُنُّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ظرف لغو ہو کر متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ سَفَاهَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۷﴾

آیت نمبر ۶۷: قَالَ یٰقَوْمِ لَیْسَ بِیْ سَفَاهَةٌ وَّلٰكِنِّیْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ اس کی ترکیب آیت نمبر ۶۱ میں دیکھیے۔

اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّیْ وَ اَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِیْنٌ ﴿۶۸﴾

آیت نمبر ۶۸: اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّیْ کی ترکیب آیت نمبر ۶۲ میں گزری ہے اور یہ رَسُوْلٌ کی صفت ثانیہ ہے، واؤ حالیہ اَنَا ضمیر مبتدا، لَكُمْ جار با مجرور نَاصِحٌ کے متعلق مقدم ہے، اور نَاصِحٌ اَمِیْنٌ دو خبر، مبتدا با خبرین اُبَلِّغُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

اَوَ عَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰی رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِیُنْذِرَكُمْ ؕ وَ اذْكُرُوْۤا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّ زَادَكُمْ فِی الْخَلْقِ بَصْۜطَةً ۚ فَاذْكُرُوْۤا اٰلَآءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۶۹﴾

آیت نمبر ۶۹: اَوَ عَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰی رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِیُنْذِرَكُمْ کی ترکیب آیت نمبر ۶۳ میں گزر چکی ہے۔ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تَدَبَّرُوْا اَمْرَكُمْ، اُذْكُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِذْ ظرف زمان مضاف جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل خُلَفَآءَ موصوف مِنْ جارہ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ زَادَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، فِی الْخَلْقِ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم بَصْطَةً ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا اُذْكُرْ کا، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف ہے اور معطوف علیہ محذوف ہے تَدَبَّرُوْا فِیْ اَمْرِكُمْ۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا عَرَفْتُمْ وَتَدَبَّرْتُمْ، اُذْكُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اٰلَآءَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر رَاجِیَ الْفَلَاحِ کی تاویل میں ہو کر اُذْكُرُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

قَالُوْۤا اَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَ نَذَرَ مَا كَانَ یَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَاۤ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۷۰﴾

آیت نمبر ۷۰: قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، همزہ حرف استفہام جِئْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نَعْبُدَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل لفظ اَللّٰهَ ذوالحال وَحْدَهٗ مرکب اضافی مُتَوَحِّدًا کے معنی میں ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَذَرَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مَا موصولہ كَانَ فعل ناقصہ هُوَ مستتر اسم یَعْبُدُ فعل اٰبَآؤُنَا مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ نَذَرَ کا مفعول بہ، پھر یہ تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور جِئْتَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق

جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا عَبَدْنَا مَا کَانَ یَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا (از فقیر) یا اِنْ کُنْتَ صَادِقًا بِمَا تَقُوْلُ۔ اِیْتِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، بَاء جارہ مَا موصولہ تَعِدُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنْ شرطیہ کُنْتَ فعل ناقص تَاء مفتوحہ اس کا اسم مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ظرف مستقر ہو کر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَیْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَّ غَضَبٌ ؕ اَتُجَادِلُوْنَنِیْ فِیْۤ اَسْمَآءٍ سَمَّیْتُمُوْهَاۤ اَنْتُمْ وَ اٰبَآؤُكُمْ مَّا نَزَّلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ فَانْتَظِرُوْۤا اِنِّیْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ ۝۷۱

آیت نمبر ۷۱: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، قَدْ علامت فعل، وَقَعَ فعل عَلَیْكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، مِنْ رَّبِّكُمْ ظرف مستقر کَائِنَیْنِ کے متعلق ہو کر حال مقدم رِجْسٌ وَّ غَضَبٌ معطوف علیہ با معطوف ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل ومتعلق مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ هَمزہ حرف استفہام تُجَادِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ فِیْ جارہ اَسْمَآءٍ موصوف سَمَّیْتُمْ فعل تُمْ ضمیر مؤکد اَنْتُمْ تاکید، مؤکد باتاکید معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰبَآؤُكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر اَسْمَآءٍ کی صفت اولیٰ، مَا نافیہ نَزَّلَ فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل بِهَا ظرف لغو ہو کر متعلق ہوئے، مِنْ جارہ زائدہ سُلْطَانٍ محلاً منصوب مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَسْمَآءٍ کی صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مجرور، جار با مجرور تُجَادِلُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا وَقَعَ عَلَیْكُمْ رِجْسٌ وَّ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ۔ اِنْتَظِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم مَعَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم مِنْ جارہ اَلْمُنْتَظِرِیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل ومفعول فیہ مقدم سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

فَاَنْجَیْنٰهُ وَ الَّذِیْنَ مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَ قَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا وَ مَا كَانُوْا مُؤْمِنِیْنَ ۝۷۲

آیت نمبر ۷۲: فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے فَوَقَعَ مَا وَقَعَ۔ اَنْجَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هٗ ضمیر منصوب معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول مَعَهٗ مرکب اضافی ثَبَتُوْا کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنْجَیْنَا کا مفعول بہ، بَاء جارہ رَحْمَةٍ موصوف مِنَّا ظرف مستقر کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، دونوں مل کر مجرور، جار با مجرور اَنْجَیْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ قَطَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل دَابِرَ مضاف اَلَّذِیْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰیٰتِنَا ظرف لغو ہو کر متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس

کااسم مُؤْمِنِیْنَ اسم فاعل ھُمْ مستترفاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ دَابِرَ کامضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ قَطَعْنَا کا مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ محذوف بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۰ ❁

وَاِلٰی ثَمُوْدَ اَخَاھُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰہَ مَا لَکُمْ مِّنْ اِلٰہٍ غَیْرُہٗ ؕ قَدْ جَآءَتْکُمْ بَیِّنَۃٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ ؕ ھٰذِہٖ نَاقَۃُ اللّٰہِ لَکُمْ اٰیَۃً فَذَرُوْھَا تَاْکُلْ فِیْٓ اَرْضِ اللّٰہِ وَ لَا تَمَسُّوْھَا بِسُوْٓءٍ فَیَاْخُذَکُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۷۳﴾

آیت نمبر ۷۳: واؤ عاطفہ وَاِلٰی ثَمُوْدَ اَخَاھُمْ صَالِحًا قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰہَ مَا لَکُمْ مِّنْ اِلٰہٍ غَیْرُہٗ اس کی ترکیب وَاِلٰی عَادٍ اَخَاھُمْ ھُوْدًا قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰہَ مَا لَکُمْ مِّنْ اِلٰہٍ غَیْرُہٗ کی مثل ہے جو آیت نمبر ۶۵ میں گزر چکی ہے۔ قَدْ علامت فعل، جَآءَتْ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ بَیِّنَۃٌ موصوف مِنْ رَّبِّکُمْ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ ھٰذِہٖ اسم اشارہ مبتدا، نَاقَۃُ اللّٰہِ ذوالحال اٰیَۃً حال، ذوالحال باحال خبر اوّل لَکُمْ ظرف مستقر ہو کر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر ثانی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا کَانَتْ ھٰذِہٖ نَاقَۃُ اللّٰہِ (از فقیر) یا اِنْ کُنْتُمْ اَھْلًا لِلْاِیْمَانِ، ذَرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ تَاْکُلْ فعل ھِیَ مستتر فاعل فِیْ اَرْضِ اللّٰہِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء ہے شرط محذوف اِنْ تَذَرُوْھَا کی، کیونکہ یہ جواب امر ہے، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا تَمَسُّوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ بِسُوْٓءٍ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ ذَرُوْا پر معطوف ہے اور یہ لَا یَکُنْ مَسُّکُمْ اِیَّاھَا بِسُوْءٍ کی تاویل میں ہے۔ فاء سببیہ عاطفہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَاْخُذَ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ عَذَابٌ اَلِیْمٌ مرکب توصیفی فاعل، تینوں مل کر بتاویل مصدر معطوف ہے مَسُّکُمْ پر۔

وَاذْکُرُوْٓا اِذْ جَعَلَکُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ عَادٍ وَّ بَوَّاَکُمْ فِی الْاَرْضِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْ سُھُوْلِھَا قُصُوْرًا وَّتَنْحِتُوْنَ الْجِبَالَ بُیُوْتًا ۚ فَاذْکُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰہِ وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ ﴿۷۴﴾

آیت نمبر ۷۴: واؤ عاطفہ اُذْکُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِذْ ظرف زمان مضاف جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل خُلَفَآءَ موصوف مِنْ بَعْدِ عَادٍ جار بامجرور کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَوَّاَ فعل ھُوَ مستتر فاعل فِی الْاَرْضِ جار بامجرور متعلق ہوئے، کُمْ ضمیر منصوب ذوالحال تَتَّخِذُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ سُھُوْلِھَا ظرف لغو ہو کر متعلق ہوئے قُصُوْرًا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَنْحِتُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْجِبَالَ منصوب بنزع الخافض مِنَ الْجِبَالِ کی اصل میں ہو کر متعلق ہوئے بُیُوْتًا مفعول بہ، چاروں

مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف کُمْ ضمیر کا حال، ذوالحال باحال بَوَّاَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ اُذْکُرُوْا کا مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔

فَاءِ فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیْکُمْ نِعَمًا عَظِیْمَۃً (از فقیر) اُذْکُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اٰلَآءَ اللّٰہِ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَعْثَوْا فعل نہی واؤ ضمیر ذوالحال مُفْسِدِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر حال، ذوالحال باحال فاعل فِی الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط محذوف جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِیْنَ اسْتَکْبَرُوْا مِنْ قَوْمِہٖ لِلَّذِیْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِمَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ صٰلِحًا مُّرْسَلٌ مِّنْ رَّبِّہٖ ؕ قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلَ بِہٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۷۵﴾

آیت نمبر ۷۵: قَالَ فعل اَلْمَلَاُ موصوف اَلَّذِیْنَ اسم موصول اِسْتَکْبَرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ قَوْمِہٖ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت قَالَ کا فاعل لَام جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اُسْتُضْعِفُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور مبدل منہ لَام جارہ مَنْ موصولہ اٰمَنَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال مِنْهُمْ ظرف مستقر ہو کر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اٰمَنَ کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور بدل، مبدل منہ بابدل ظرف لغو ہو کر قَالَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، ھَمزہ حرف استفہام تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق صَالِحًا اس کا اسم مُرْسَلٌ اسم مفعول ھُوَ مستتر نائب فاعل مِنْ رَّبِّہٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم مفعول بانائب فاعل و متعلق خبر، اَنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ تَعْلَمُوْنَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم بَاء جارہ مَا موصولہ اُرْسِلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل بِہٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے، مُؤْمِنُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ الَّذِیْنَ اسْتَکْبَرُوْٓا اِنَّا بِالَّذِیْٓ اٰمَنْتُمْ بِہٖ کٰفِرُوْنَ ﴿۷۶﴾

آیت نمبر ۱۷۱: واؤ عاطفہ اِذْ مضاف نَتَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فَوْقَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ اَلْجَبَلَ ذوالحال كَاَنَّ حرف تشبیہ ہٗ ضمیر اس کا اسم ظُلَّةٌ خبر كَاَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال اولیٰ، واؤ حالیہ ظَنُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اسم وَاقِعٌ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل بِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد ظَنُّوْا کے دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین حال دوم، ذوالحال باحالین نَتَقْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ فعل محذوف اُذْكُرْ کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ سَلْهُمْ پر معطوف ہے۔ خُذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ بِقُوَّةٍ ظرف مستقر عَازِمِيْنَ کے متعلق ہو کر خُذُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا، واؤ عاطفہ اُذْكُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مَا موصولہ فِيْهِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ با اسم و خبر رَاجِيَ التَّقْوٰى کی تاویل میں ہو کر اُذْكُرُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

رکوع نمبر ۲۲

وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْۤ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰى ۛۚ شَهِدْنَا ۛۚ اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷۲﴾ اَوْ تَقُوْلُوْۤا اِنَّمَاۤ اَشْرَكَ اٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْۢ بَعْدِهِمْ ۚ اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۱۷۳﴾

آیت نمبر ۱۷۲، ۱۷۳: واؤ استینافیہ اِذْ ظرف زمان مضاف اَخَذَ فعل رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل مِنْ جارہ بَنِيْۤ اٰدَمَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور مبدل منہ، مِنْ جارہ ظُهُوْرِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور بدل، مبدل منہ با بدل متعلق ہوئے ذُرِّيَّتَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا، واؤ عاطفہ اَشْهَدَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِذْ کا مضاف الیہ، مرکب اضافی فعل محذوف اُذْكُرْ کا مفعول فیہ ہے۔ هَمْزَه حرف استفہام لَسْتُ فعل ناقص تَاء مضمومہ اسم بَاء جارہ زائدہ رَبِّكُمْ مرکب اضافی محلاً منصوب خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ ہو کر قَائِلًا محذوف کا مقولہ، قول بامقولہ اَشْهَدَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَلٰى حرف ایجاب غیر عامل مقولہ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ شَهِدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَنْ حرف مصدری و نصب تَقُوْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل يَوْمَ الْقِيَامَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم عَنْ هٰذَا جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے غَافِلِيْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر

فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف علیہ، اَوْ حرف عطف تَقُوْلُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول اِنَّ حرف تحقیق کھو فہ مَا کافہ اَشْرَکَ فعل اٰبَآؤُنَا مرکب اضافی ذوالحال مِنْ قَبْلُ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم ذُرِّیَّةً موصوف مِنْ بَعْدِهِمْ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر بواسطہ مضاف محذوف کَرَاهَةَ کے مفعول لہ ہے فعل محذوف فَعَلْنَا ذَالِکَ کا، هَمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے تُعَذِّبُنَا تُهْلِكُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، بَاء جارہ مَا مصدریہ فَعَلَ فعل اَلْمُبْطِلُوْنَ فاعل، دونوں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ محذوف بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۷۴﴾

آیت نمبر ۱۷۴: واؤ عاطفہ کَذَالِکَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَفْصِیْلًا کے مفعول مطلق مقدم نُفَصِّلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلْاٰیَاتِ مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لِيَتَدَبَّرُوْا، لام جارہ برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَتَدَبَّرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف نُفَصِّلُ کے متعلق ہوئے۔

وَ اتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْۤ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿۱۷۵﴾

آیت نمبر ۱۷۵: واؤ استینافیہ اُتْلُ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے نَبَاَ مضاف اَلَّذِيْ اسم موصول اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اوّل اٰيَاتِنَا مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اِنْسَلَخَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فَاء عاطفہ اَتْبَعَ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اَلشَّيْطَانُ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، فَاء عاطفہ کَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم مِنَ الْغَاوِيْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ اَلَّذِيْ کا صلہ، موصول باصلہ نَبَاَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ اُتْلُ کا، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗۤ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۷۶﴾

آیت نمبر ۱۷۶: واؤ عاطفہ لَوْ شرطیہ شِئْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لام جوابیہ رَفَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ

ضمیر ذوالحال لِ واؤ حالیہ لٰکِنَّ حرف استدراک ہٗ ضمیر اس کا اسم اَخْلَدَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اِلَى الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِتَّبَعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھَوٰاہُ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، لٰکِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مفعول بہ بِهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر کَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ پر معطوف ہے۔

فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ شَاْنُهٗ کَذٰلِکَ، مَثَلُهٗ مرکب اضافی مبتدا، کاف جارہ مَثَلِ مضاف اَلْكَلْبِ ذوالحال اِنْ حرف شرط تَحْمِلْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل عَلَيْهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، يَلْهَثْ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ حرف شرط مقدر ہے تَتْرُکْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، يَلْهَثْ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جزاء، شرط باجزاء معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَلْكَلْبِ کا حال ہے، ذوالحال باحال مَثَلِ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا، مَثَلُ مضاف اَلْقَوْمِ موصوف اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا تَحَقَّقْتَ اَنَّ الْمَثَلَ الْمَذْكُوْرَ مَثَلُ هٰٓؤُلَاۗءِ الْمُكَذِّبِيْنَ، یا اِذَا اَرَدْتَ وَعْظَ الْقَوْمِ، اُقْصُصْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَلْقَصَصَ بمعنی اسم مفعول کے مفعول بہ، تینوں مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی هُمْ ضمیر اس کا اسم يَتَفَكَّرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، لَعَلَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر بتاویل رَاجِيْ تَفَكُّرِهِمْ اُقْصُصْ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

سَآءَ مَثَلًا ۨالْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۷۷: سَآءَ فعل الذم ھُوَ مستتر ممیز مَثَلًا تمیز، ممیز باتمیز فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ خبر مقدم اَلْقَوْمُ موصوف اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْفُسَهُمْ مرکب اضافی يَظْلِمُوْنَ کا مفعول بہ مقدم ہے كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَظْلِمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ومفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ اَلْقَوْمُ کی صفت، موصوف باصفت مخصوص بالذم مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا

مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۷۸: مَنْ اسم شرط مفعول بہ مقدم، يَهْدِ اصل میں يَهْدِيْ ہے فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل، تینوں مل کر شرط، فَاء جزاء هُوَ ضمیر مبتدا، اَلْمُهْتَدِيْ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جزاء، شرط باجزاء معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مفعول بہ، مقدم يُضْلِلْ فعل ھُوَ مستتر فاعل ومفعول بہ مقدم سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، هُمْ ضمیر فصل اَلْخَاسِرُوْنَ خبر،

مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۖ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ۖ وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۖ وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ۗ اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ۗ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿۱۷۹﴾

آیت نمبر ۱۷۹: واؤ عاطفہ لَامِ موطۂ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل ذَرَاْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لِجَهَنَّمَ جار با مجرور متعلق ہوئے كَثِيْرًا موصوف مِنْ جارہ اَلْجِنِّ وَالْاِنْسِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال لَهُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم قُلُوْبٌ موصوف لَا يَفْقَهُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهَا متعلق سے مل کر قُلُوْبٌ کی صفت، موصوف باصفت مبتدا موخر، مبتدا با خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا مبتدا با خبر معطوف اول، واؤ عاطفہ لَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا مبتدا با خبر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین كَثِيْرًا سے حال ہے، ذوالحال باحال ذَرَاْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا كَالْاَنْعَامِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، بَلْ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، اَضَلُّ اسم تفضیل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، هُمْ ضمیر فصل ہے اَلْغَافِلُوْنَ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۖ وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآئِهٖ ۗ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۰﴾

آیت نمبر ۱۸۰: واؤ استینافیہ لِلّٰهِ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، یا اِذَا دَعَوْتُمُوْهُ، اُدْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ہُ ضمیر مفعول بہ بِهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ذَرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول يُلْحِدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْٓ اَسْمَآئِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ سین علامت فعل يُجْزَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَعْمَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ يُجْزَوْنَ کا مفعول بہ، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۸۱﴾

آیت نمبر ۱۸۱: واؤ عاطفہ مِنْ جارہ مَنْ موصولہ خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اور اس کی ترکیب

آیت نمبر ۱۵۹ میں دیکھئے۔

❁ رکوع نمبر ۲۳ ❁

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَ اُمْلِيْ لَهُمْ ؕ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ۝

آیت نمبر ۱۸۲، ۱۸۳: واؤ استینافیہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا سین علامت فعل نَسْتَدْرِجُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، مِنْ جارہ حَيْثُ مضاف لَا يَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور نَسْتَدْرِجُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُمْلِيْ فعل اَنَا مستتر فاعل لَهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق كَيْدِيْ مرکب اضافی منصوب تقدیراً اسم مَتِيْنٌ خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اَوَ لَمْ يَتَفَكَّرُوْا مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

آیت نمبر ۱۸۴: همزہ حرف استفہام واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَمْ يَتَدَبَّرُوْا، لَمْ يَتَفَكَّرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا نافیہ بَاء جارہ صَاحِبِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ جِنَّةٍ کلام مرفوع مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر محلًا منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اِنْ نافیہ هُوَ ضمیر مبتدا اِلَّا حرف استثناء نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ مرکب توصیفی مستثنیٰ مفرغ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَوَ لَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۙ وَّ اَنْ عَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنَ قَدِ اقْتَرَبَ اَجَلُهُمْ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۭ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۸۵: همزہ حرف استفہام واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَمْ يَنْظُرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْ جارہ مَلَكُوْتِ مضاف اَلسَّمٰوٰتِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْاَرْضِ معطوف اول، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول خَلَقَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ شَيْءٍ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مجرور، جار با مجرور لَمْ يَنْظُرُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ انشائیہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اَنْ مخففہ من المثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم عَسٰى فعل مقارب ضمیر شان مقدر اس کا اسم اَنْ حرف مصدری ونصب يَكُوْنَ فعل ناقص ضمیر شان اس کا اسم قَدْ علامت فعل اِقْتَرَبَ فعل اَجَلُهُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم وخبر بتاویل مصدر عَسٰى کی خبر، عَسٰى با اسم وخبر اَنْ مخففہ کی خبر، اَنَّ با اسم وخبر بتاویل مفرد منصوب بنزع الخافض اصل میں فِيْ اَنْ ہے یہ جار با مجرور فِيْ مَلَكُوْتِ ـــ الخ پر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ انشائیہ

معطوف ہوا۔ فاء استعجابیہ جارہ أَيِّ مضاف حَدِيثٍ موصوف بَعْدَهُ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے يُؤْمِنُونَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ انشائیہ ہوا۔

مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ ؕ وَ يَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۸۶﴾

آیت نمبر ۱۸۶: مَنْ اسم شرط مفعول بہ مقدم يُضْلِلْ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فاء جزائیہ لَا نفی جنس هَادِيَ اس کا اسم لَهٗ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لائے نفی جنس با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استیناف يَذَرُ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر ذوالحال فِيْ طُغْيَانِهِمْ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے يَعْمَهُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ ۚ لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَاۤ اِلَّا هُوَ ؔۘ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً ؕ يَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۷﴾

آیت نمبر ۱۸۷: يَسْـَٔلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ عَنْ جارہ اَلسَّاعَةِ مبدل منہ اَيَّانَ ظرف زمان كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم مُرْسٰىهَا مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ بدل، مبدل منہ با بدل مجرور، جار با مجرور يَسْـَٔلُوْنَ کے متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول اِنَّ حرف تحقیق مکفوفہ مَا کافہ عِلْمُهَا مرکب اضافی مبتدا عِنْدَ رَبِّيْ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

لَا يُجَلِّيْ فعل هَا ضمیر مفعول بہ لِوَقْتِهَا جار با مجرور متعلق ہوئے اِلَّا حرف استثناء هُوَ ضمیر مستثنیٰ مفرغ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ عِلْمُهَا کی ضمیر سے حال ہے ثَقُلَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل فِيْ جارہ اَلسَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَا تَاْتِيْ فعل هِيَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء بَغْتَةً بمعنی مُبَاغِتَةً کے ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

يَسْـَٔلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کَ ضمیر ذوالحال كَاَنَّ حرف تشبیہ کَ ضمیر اسم حَفِيٌّ صیغہ صفت اَنْتَ مستتر فاعل عَنْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر كَاَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول اِنَّ حرف تحقیق مکفوفہ مَا کافہ عِلْمُهَا مرکب اضافی مبتدا عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی ثَابِتٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ حالیہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَكْثَرَ النَّاسِ مرکب اضافی اس کا اسم لَا يَعْلَمُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، لٰكِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ عِلْمُهَا کی ضمیر

سے حال ہے۔

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۚ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْۗءُ ۚ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۸۸: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، لَآ اَمْلِكُ فعل اَنَا مستتر فاعل لِنَفْسِيْ جار با مجرور متعلق ہوئے نَفْعًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ ضَرًّا معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبدل منہ، اِلَّا حرف استثناء مَا اسم موصول شَآءَ فعل اللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ بدل، مبدل منہ بابدل لَآ اَمْلِكُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لَوْ حرف شرط كُنْتُ فعل ناقص تاء مضمومہ اس کا اسم اَعْلَمُ فعل اَنَا مستتر فاعل الْغَيْبَ مفعول بہ، تینوں مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لام جوابیہ اِسْتَكْثَرْتُ فعل تاء مضمومہ فاعل مِنَ الْخَيْرِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ مَسَّ فعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ السُّوْٓءُ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنْ نافیہ اَنَا ضمیر مبتدا، اِلَّا حرف استثناء نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ معطوف علیہ با معطوف موصوف لام جارہ قَوْمٍ موصوف يُّؤْمِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَانِ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رکوع نمبر ۲۴

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَىِٕنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۸۹: هُوَ ضمیر مبتدا، الَّذِيْ اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ جارہ نَفْسٍ وَّاحِدَةٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْهَا جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے زَوْجَهَا مرکب اضافی مفعول بہ لام جارہ برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَسْكُنَ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلَيْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر تاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق دوم ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم تَغَشّٰى فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، حَمَلَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل حَمْلًا خَفِيْفًا مرکب توصیفی مفعول مطلق (اگر مصدر ہو) یا مفعول بہ (اگر بمعنی جَنِيْن ہو) فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ مَرَّتْ فعل هِيَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ

بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم اَثْقَلَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، دَعَوَا فعل الف ضمیر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ مبیَّن رَبَّھُمَا مرکب اضافی عطف بیان، مبیَّن باعطف بیان مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مفسَّر، لام موطیٔ القسم اِنْ حرف شرط، اٰتَیْتَ فعل تَا ء مفتوحہ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اوّل، صَالِحًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لام جوابیہ لَنَکُوْنَنَّ فعل ناقص نَحْنُ مستتر اسم مِنَ الشّٰکِرِیْنَ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جواب قسم، اور شرط کی جزاء محذوف ہے، قسم باجواب قسم مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَلَمَّآ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِيْمَآ اٰتٰىهُمَا ۚ فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹۰﴾

آیت نمبر ۱۹۰: فاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم اٰتٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمَا ضمیر مفعول بہ اوّل صَالِحًا مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، جَعَلَا فعل الف ضمیر فاعل لَہٗ ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال مقدم شُرَکَآءَ موصوف فِیْ جارہ مَا اسم موصول اٰتٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فاء استینافیہ تَعَالٰی فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل عَنْ جارہ مَا اسم موصول یُشْرِکُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْـًٔا وَّ هُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿۱۹۱﴾

آیت نمبر ۱۹۱: ھمزہ حرف استفہام یُشْرِکُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول لَا یَخْلُقُ فعل ھُوَ مستتر فاعل شَیْئًا مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا، یُخْلَقُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ لَا یَخْلُقُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا وَّ لَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۲﴾

آیت نمبر ۱۹۲: واؤ عاطفہ لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لَھُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے نَصْرًا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْفُسَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ مقدم لَا یَنْصُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف یُخْلَقُوْنَ پر معطوف ہے۔

وَ اِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَتَّبِعُوْكُمْ ؕ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ ﴿۱۹۳﴾

آیت نمبر ۱۹۳: واؤ استینافیہ اِنْ حرف شرط تَدْعُوْ فعل واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اِلَی الْھُدٰی جار بامجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَا یَتَّبِعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ

ہوا۔ سَوَاءٌ بمعنی مُسْتَوٍ اسم فاعل کے ھُوَ مستتر فاعل عَلَیْکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم، ھَمزہ برائے تسویہ دَعَوْتُمُوْھُمْ فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ متصلاً اَنْتُمْ ضمیر مبتدا صَامِتُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر بتاویل مصدر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

إِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ فَادْعُوْهُمْ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۹۴: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول تَدْعُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مِنْ دُوْنِ اللهِ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال اسم عِبَادٌ موصوف اَمْثَالُکُمْ مرکب اضافی صفت، موصوف با صفت خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، اُدْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ لِیَسْتَجِیْبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف دال بر جزا اِنْ حرف شرط کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم صَادِقِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، شرط اپنے دال بر جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر شرط محذوف کی جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا قُلِ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ كِيْدُوْنِ فَلَا تُنْظِرُوْنِ ۝

آیت نمبر ۱۹۵: ھَمزہ حرف استفہام لَھُمْ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَرْجُلٌ موصوف یَمْشُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِھَا جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ لَھُمْ اَیْدٍ یَّبْطِشُوْنَ بِھَا مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف اوّل، اَمْ عاطفہ لَھُمْ اَعْیُنٌ یُّبْصِرُوْنَ بِھَا مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف ثانی، اَمْ عاطفہ لَھُمْ اٰذَانٌ یَّسْمَعُوْنَ بِھَا مبتدا با خبر معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جملہ مستانفہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اُدْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل شُرَکَآءَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ کِیْدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یَاء ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف اوّل، فَاء عاطفہ لَاتُنْظِرُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یَاء ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

إِنَّ وَلِيِّ اللهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۹۶: اِنَّ حرف تحقیق وَلِیِّ مرکب اضافی اس کا اسم اَللهُ اسم الجلالہ موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول نَزَّلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْکِتٰبَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف با صفت خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ

خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا، یَتَوَلّٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلصّٰلِحِیْنَ مفعول بہ، تینوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ نَزَّلَ پر معطوف ہے۔

وَالَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ نَصْرَكُمْ وَلَاۤ اَنْفُسَهُمْ یَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۷﴾

آیت نمبر ۱۹۷: واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول تَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ دُوْنِهٖ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مبتدا، لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ نَصْرَكُمْ وَلَاۤ اَنْفُسَهُمْ یَنْصُرُوْنَ کی ترکیب آیت نمبر ۱۹۲ میں دیکھیے، اور یہ معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا یَسْمَعُوْا ؕ وَتَرٰىهُمْ یَنْظُرُوْنَ اِلَیْكَ وَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ﴿۱۹۸﴾

آیت نمبر ۱۹۸: وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا یَسْمَعُوْا کی ترکیب وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا یَتَّبِعُوْكُمْ کی مثل ہے آیت نمبر ۱۹۳ میں دیکھیے، واؤ استینافیہ تَرٰى فعل اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر ذوالحال یَنْظُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَا یُبْصِرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال یَنْظُرُوْنَ کا فاعل اِلَیْکَ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال تَرٰى کا مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِیْنَ ﴿۱۹۹﴾

آیت نمبر ۱۹۹: خُذْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَلْعَفْوَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُءْمُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بِالْعُرْفِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَعْرِضْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَنِ الْجَاهِلِیْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

وَاِمَّا یَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّیْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ﴿۲۰۰﴾

آیت نمبر ۲۰۰: واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط مَا زائدہ یَنْزَغَنَّ فعل کَ ضمیر مفعول بہ مِنَ الشَّیْطَانِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم نَزْغٌ ذوالحال مؤخر، دونوں مل کر فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اِسْتَعِذْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بِاللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ﴿۲۰۱﴾

آیت نمبر ۲۰۱: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول اِتَّقَوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم مَسَّ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ طَآئِفٌ موصوف مِنَ الشَّیْطَانِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط تَذَکَّرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اِذَا مفاجاتیہ مفعول فیہ مقدم هُمْ ضمیر مبتدا، مُبْصِرُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل و مفعول فیہ مقدم خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ

بامعطوف جزاء، شرط باجزاء خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ ﴿۲۰۲﴾

آیت نمبر ۲۰۲: واؤ استینافیہ اِخْوَانُهُمْ مرکب اضافی مبتدا، یَمُدُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ فِي الْغَيِّ جار بامجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَا یُقْصِرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاِذَا لَمْ تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ؕ قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ ۚ هٰذَا بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰۳﴾

آیت نمبر ۲۰۳: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم لَمْ تَاْتِ فعل اَنْتَ مستتر فاعل هِمْ ضمیر مفعول بہ بِاٰيَةٍ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، لَوْلَا حرف تنبیہ اِجْتَبَيْتَ فعل تاء مفتوحہ فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ قول، اِنَّ حرف تحقیق مکفوفہ مَا کافہ اَتَّبِعُ فعل اَنَا مستتر فاعل مَا اسم موصول یُوْحٰی فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلَیَّ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ جارہ رَبِّیْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اَتَّبِعُ کا مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

هٰذَا اسم اشارہ مبتدا بَصَآئِرُ موصوف مِنْ رَّبِّكُمْ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُدًی مرفوع تقدیراً معطوف اوّل، واؤ عاطفہ رَحْمَةٌ مصدر لَام جارہ قَوْمٍ موصوف یُؤْمِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، مصدر بامتعلق معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۲۰۴﴾

آیت نمبر ۲۰۴: واؤ استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم، قُرِئَ فعل مجہول اَلْقُرْاٰنُ نائب فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اِسْتَمِعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل لَهٗ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْصِتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی کُمْ ضمیر اس کا اسم تُرْحَمُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، لَعَلَّ با اسم وخبر راجی الرَّحْمَةِ کی تاویل میں ہو کر اَنْصِتُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿۲۰۵﴾

آیت نمبر ۲۰۵: واؤ عاطفہ اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل واؤ عاطفہ اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر ذوالحال فِیْ جارہ نَفْسِكَ "اَلتِسِرِّ کی تاویل میں ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ دُوْنَ مضاف اَلْقَوْلِ ذوالحال مِنَ جارہ اَلْقَوْلِ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف فِیْ کے لئے مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل رَبَّكَ مرکب اضافی مفعول بہ بَاءٌ جارہ اَلْغُدُوِّ وَ الْاٰصَالِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل امر اپنے فاعل و مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَكُنْ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اسم مِنَ الْغٰفِلِیْنَ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ نہیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَ یُسَبِّحُوْنَهٗ وَ لَهٗ یَسْجُدُوْنَ ۲۰۶

آیت نمبر ۲۰۶: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول عِنْدَ رَبِّكَ مرکب اضافی فعل محذوف كَانُوْا کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ اسم لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ عِبَادَتِهٖ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُسَبِّحُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَهٗ جار بامجرور متعلق مقدم یَسْجُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

بِحَمْدِہٖ تَعَالیٰ سُوْرَۃُ الْاَنْفَالِ کی ترکیب لکھنے کی ابتداء ۱۱ شوال ۱۴۲۳ھ کو ہوئی ہے

ترکیب سُوْرَۃُ الْاَنْفَالِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۪ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ①

آیت نمبر ۱: يَسْـَٔلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ عَنِ الْاَنْفَالِ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول، اَلْاَنْفَالُ مبتدا، لام جارہ اَللّٰہِ وَالرَّسُوْلِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، یا اِنْ اٰمَنْتُمْ بِھٰذَا، اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل لفظ اَللّٰہَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَصْلِحُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ذَاتَ بَیْنِکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَطِیْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین دال بر جزاء مقدم اِنْ شرطیہ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم مُؤْمِنِیْنَ اسم فاعل تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ ہو کر شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر شرط محذوف کی جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۚۖ ② الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ؕ ③

آیت نمبر ۲، ۳: اِنَّ حرف تحقیق کفوفہ مَا کافہ اَلْمُؤْمِنُوْنَ مبتدا، اَلَّذِیْنَ اسم موصول اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم ذُکِرَ فعل مجہول اَللّٰہُ اسم الجلالہ نائب فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، وَجِلَتْ فعل قُلُوْبُھُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل اور فاعل مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم تُلِیَتْ فعل مجہول عَلَیْھِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اٰیَاتُہٗ مرکب اضافی نائب فاعل، پھر یہ تمام مل کر شرط، زَادَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل اِیْمَانًا مفعول بہ ثانی، یہ چاروں مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ عَلٰی جارہ رَبِّھِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم یَتَوَکَّلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول با صلہ مبدل منہ، اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُقِیْمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصَّلٰوۃَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ جارہ مَا موصولہ رَزَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ، موصول با صلہ بدل، مبدل منہ با بدل اَلْمُؤْمِنُوْنَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

أُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۴: اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، ھُمْ ضمیر برائے فصل اَلْمُؤْمِنُوْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل حَقًّا بواسطہ موصوف محذوف اِیْمَانًا کے مفعول مطلق، تینوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَھُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر دَرَجَاتٌ موصوف عِنْدَ رَبِّھِمْ مرکب اضافی ظرف مستقر کَائِنَاتٌ کے متعلق ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَغْفِرَۃٌ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ رِزْقٌ کَرِیْمٌ مرکب توصیفی معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ ۠ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۝

آیت نمبر ۵: کاف جارہ مَا مصدریہ اَخْرَجَ فعل کَ ضمیر منصوب مفعول بہ رَبُّکَ مرکب اضافی ذوالحال بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اَخْرَجَ کا فاعل مِنْ بَیْتِکَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف ھٰذِہِ الْحَالَۃُ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل فَرِیْقًا موصوف مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اسم لام مزحلقہ کَارِھُوْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ اَخْرَجَکَ کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہے۔

يُجَادِلُوْنَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۶: یُجَادِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ فِی الْحَقِّ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے بَعْدَ مضاف مَا مصدریہ تَبَیَّنَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ یا اَخْرَجَکَ کی ضمیر مفعول بہ سے حال ثانی ہوا، یا کَارِھُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ کَاَنَّ حرف مشبہ بالفعل کفوفہ مَا کافہ یُسَاقُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا یَنْظُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال نائب فاعل اِلَی الْمَوْتِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ کَارِھُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

وَاِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷: واؤ استینافیہ اِذْ ظرف زمان مضاف یَعِدُ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل اِحْدَی الطَّآئِفَتَیْنِ مرکب اضافی مبدل منہ اَنَّ حرف تحقیق ھَا ضمیر اسم لَکُمْ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بدل، مبدل منہ با بدل مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرُوْا کا، واؤ حالیہ تَوَدُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق غَیْرَ مضاف ذَاتِ الشَّوْکَۃِ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ اَنَّ

کا اسم تَکُوْنُ فعل ناقص ھِیَ مستتر اس کا اسم لَکُمْ ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد تَوَدُّوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُرِیْدُ فعل لفظ اَللّٰہُ فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب یُحِقَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْحَقَّ مفعول بہ بَاء جارہ کَلِمَاتِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَقْطَعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل دَابِرَ الْکَافِرِیْنَ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر یُرِیْدُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف یَعِدُکُمْ کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہے۔

لِیُحِقَّ الْحَقَّ وَیُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ کَرِہَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝۸

آیت نمبر ۸: لَام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُحِقَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْحَقَّ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُبْطِلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْبَاطِلَ مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف فَعَلَ اللّٰہُ ذَالِکَ کے متعلق ہوئے، واؤ اعتراضیہ لَوْ شرطیہ کَرِہَ فعل اَلْمُجْرِمُوْنَ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط اور جزاء محذوف ہے یُحِقُّ اللّٰہُ الْحَقَّ وَیُبْطِلُ الْبَاطِلَ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِذْ تَسْتَغِیْثُوْنَ رَبَّکُمْ فَاسْتَجَابَ لَکُمْ اَنِّیْ مُمِدُّکُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِکَۃِ مُرْدِفِیْنَ ۝۹

آیت نمبر ۹: اِذْ ظرف زمان مضاف تَسْتَغِیْثُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل رَبَّکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اِسْتَجَابَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم مُمِدُّ صیغہ صفت مضاف کُمْ ضمیر مضاف الیہ معنًی مفعول بہ بَاء جارہ اَلْفٍ موصوف مِنَ الْمَلٰٓئِکَۃِ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، مُرْدِفِیْنَ صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت با مضاف الیہ و متعلق خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد اِسْتَجَابَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ فعل محذوف اُذْکُرُوْا کا مفعول فیہ ہے۔

وَمَا جَعَلَہُ اللّٰہُ اِلَّا بُشْرٰی وَلِتَطْمَئِنَّ بِہٖ قُلُوْبُکُمْ ۚ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ۝۱۰

آیت نمبر ۱۰: واؤ استینافیہ مَا نافیہ جَعَلَ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل اِلَّا حرف استثناء بُشْرٰی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَطْمَئِنَّ فعل بِہٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، قُلُوْبُکُمْ مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف مستثنیٰ مفرغ جَعَلَ کا مفعول لہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَا نافیہ اَلنَّصْرُ مبتدا، اِلَّا حرف استثناء مِنْ جارہ عِنْدِ اللّٰہِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر مستثنیٰ مفرغ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اسم عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ دو خبر،

اِنَّ با اسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

اِذْ يُغَشِّيْكُمُ النُّعَاسَ اَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّيُطَهِّرَكُمْ بِهٖ وَ يُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّيْطٰنِ وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱: اِذْ مضاف يُغَشِّيْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول النُّعَاسَ مفعول بہ ثانی اَمَنَةً موصوف مِنْهُ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہوکر صفت، موصوف باصفت مفعول لہ، فعل با فاعل ومفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُنَزِّلُ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْكُمْ جار بامجرور متعلق اوّل ہوئے، مِنَ السَّمَآءِ ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے مَآءً مفعول بہ لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يُطَهِّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ بِهٖ ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُذْهِبَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْكُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے رِجْزَ الشَّيْطَانِ مرکب اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَرْبِطَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰى جارہ قُلُوْبِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُثَبِّتَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِهٖ جار بامجرور متعلق ہوئے، اَلْاَقْدَامَ مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف يُنَزِّلُ کے متعلق ثالث ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ ومتعلقات ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْكُرُوْا کا۔

اِذْ يُوْحِيْ رَبُّكَ اِلَى الْمَلٰٓئِكَةِ اَنِّيْ مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ سَاُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوْا فَوْقَ الْاَعْنَاقِ وَاضْرِبُوْا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: اِذْ مضاف يُوْحِيْ فعل رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل اِلَى الْمَلٰٓئِكَةِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اَنَّ حرف تحقیق يَاء ضمیر اس کا اسم مَعَكُمْ مرکب اضافی كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہوکر خبر، اَنَّ با اسم وخبر بتاویل مفرد مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ فعل محذوف اُذْكُرُوْا کا مفعول فیہ ہے، یا ثَبِّتُوْا کا متعلق مقدم ہے فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا ثَبَتَ هٰذَا، یا اِنْ بَدَا الْقِتَالُ، ثَبِّتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

سِین علامت فعل اُلْقِيْ فعل اَنَا مستتر فاعل فِيْ جارہ قُلُوْبِ مضاف اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے اَلرُّعْبَ مفعول بہ، فعل با فاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، اِضْرِبُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل فَوْقَ الْاَعْنَاقِ مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِضْرِبُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہوکر حال مقدم كُلَّ بَنَانٍ مرکب اضافی ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال

مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَاۗقُّوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ ۚ وَ مَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۱۳

آیت نمبر ۱۳: ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، بَاء جار، اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اسم شَاۗقُّوا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، تینوں مل کر خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، یُشَاقِقِ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اسم شَدِيْدُ الْعِقَابِ مرکب اضافی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ وَ اَنَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابَ النَّارِ ۝۱۴

آیت نمبر ۱۴: ذٰلِكُمْ اسم اشارہ خبر ہے مبتدا محذوف اَلْعِقَابُ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق لِلْكَافِرِيْنَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، عَذَابَ النَّارِ مرکب اضافی اسم مؤخر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ذٰلِكُمْ پر معطوف ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ ۝۱۵

آیت نمبر ۱۵: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم لَقِيْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول با صلہ ذوالحال زَحْفًا بمعنی زَاحِفِيْنَ کے ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، چاروں مل کر شرط، فاء جزائیہ لَا تُوَلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل اَلْاَدْبَارَ مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر جزاء، شرط با جزاء نداء کا جواب، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

وَ مَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَىِٕذٍ دُبُرَهٗۤ اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَيِّزًا اِلٰى فِئَةٍ فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ مَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ وَ بِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۱۶

آیت نمبر ۱۶: واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، یُوَلِّ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھِمْ ضمیر مفعول بہ اوّل یَوْمَىِٕذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ دُبُرَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی اِلَّا حرف استثناء مُتَحَرِّفًا اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل لِقِتَالٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ مُتَحَيِّزًا اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل اِلٰى فِئَةٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف یُوَلِّ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ قَدْ علامت فعل بَآءَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ غَضَبٍ موصوف مِنَ اللّٰهِ ظرف مستقر کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور بَآءَ کے متعلق ہوئے،

تینوں مل کر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَأْوٰهُ مرکب اضافی مبتدا جَهَنَّمُ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ بِئْسَ فعل الذم اَلْمَصِيْرُ فاعل، فعل با فاعل خبر مقدم، مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے مَصِيْرُهُمْ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۪ وَ مَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ وَ لِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا افْتَخَرْتُمْ بِقَتْلِهِمْ، لَمْ تَقْتُلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم قَتَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر خبر، لٰكِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ رَمَيْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل اِذْ مضاف رَمَيْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل، فعل با فاعل مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ رَمَيْتَ کا مفعول فیہ، فعل با فاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَللّٰهَ اسم الجلالہ اسم رَمٰى فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر، لٰكِنَّ با اسم وخبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يُبْلِيَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْمُؤْمِنِيْنَ مفعول بہ بَلَآءً حَسَنًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، تینوں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف فَعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ کے، اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اسم سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ دو خبر، اِنَّ با اسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

ذٰلِكُمْ وَ اَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: ذٰلِكُمْ مبتدا محذوف اَلْعِقَابُ کی خبر ہے، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اسم مُوْهِنُ كَيْدِ الْكَافِرِيْنَ مرکب اضافی خبر، اَنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ذٰلِكُمْ پر معطوف ہے۔

اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ ۚ وَ اِنْ تَنْتَهُوْا فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَ اِنْ تَعُوْدُوْا نَعُدْ ۚ وَ لَنْ تُغْنِيَ عَنْكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْـًٔا وَّ لَوْ كَثُرَتْ ۙ وَ اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: اِنْ حرف شرط تَسْتَفْتِحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر شرط، فاء جزائیہ قَدْ علامت فعل جَآءَ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اَلْفَتْحُ فاعل، تینوں مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط تَنْتَهُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ هُوَ ضمیر مبتدا، خَيْرٌ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط تَعُوْدُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، نَعُدْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل، دونوں مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ لَنْ تُغْنِيَ فعل عَنْكُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے فِئَتُكُمْ مرکب اضافی فاعل شَيْـًٔا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ لَوْ شرطیہ

کَثُرَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے لَنْ تُغْنِیَ عَنْکُمْ فِئَتُکُمْ شَیْئًا، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم مَعَ الْمُؤْمِنِیْنَ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، اَنَّ با اسم وخبر بتاویل مفرد فعل مقدر اِعْلَمُوْا کا مفعول بہ ہے (فقیر)

رکوع نمبر ۳

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ لَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَ اَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے اَطِیْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَوَلَّوْا فعل نہی واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، تَسْمَعُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال فاعل عَنْہُ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف نداء کا جواب، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

وَ لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ هُمْ لَا یَسْمَعُوْنَ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: واؤ عاطفہ لَا تَکُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم کاف جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول قَالُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا، لَا یَسْمَعُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل بافاعل قول ہوا، سَمِعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔

اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِیْنَ لَا یَعْقِلُوْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: اِنَّ حرف تحقیق شَرَّ الدَّوَآبِّ مرکب اضافی ذوالحال عِنْدَ اللّٰہِ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال اسم اَلصُّمُّ خبر اوّل، اَلْبُکْمُ موصوف اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَا یَعْقِلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت خبر ثانی، اِنَّ بااسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ لَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِیْهِمْ خَیْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ؕ وَ لَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَّ هُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: واؤ عاطفہ لَوْ شرطیہ عَلِمَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل فِیْھِمْ ظرف لغو متعلق ہوئے خَیْرًا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لام جوابیہ اَسْمَعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَوْ شرطیہ اَسْمَعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لام جوابیہ تَوَلَّوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا، مُعْرِضُوْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال تَوَلَّوْا کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِیْبُوْا لِلّٰهِ وَ لِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا یُحْیِیْكُمْ ۚ وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّ

اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ وَاَنَّهٗٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۵﴾ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ اَنْتُمْ قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِي الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶،۲۵،۲۴: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے اِسْتَجِيْبُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل لِلّٰهِ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لِلرَّسُوْلِ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف ظرف لغو متعلق ہوئے اِذَا ظرف زمان مضاف دَعَا فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ لَامِ جارہ مَا اسم موصول يُحْيِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور دَعَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ اِسْتَجِيْبُوْا کا مفعول فیہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِعْلَمُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم يَحُوْلُ فعل هُوَ مستتر فاعل بَيْنَ مضاف اَلْمَرْءِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَلْبِهٖ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم اِلَيْهِ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے تُحْشَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِعْلَمُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل فِتْنَةً موصوف لَا تُصِيْبَنَّ فعل هِيَ مستتر فاعل اَلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا موصول باصلہ ذوالحال مِنْكُمْ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ خَآصَّةً بواسطہ مضاف محذوف اِصَابَةً کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ فِتْنَةً کی صفت، موصوف باصفت اِتَّقُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اِعْلَمُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم شَدِيْدُ الْعِقَابِ مرکب اضافی خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اُذْكُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِذْ ظرف زمان مضاف اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، قَلِيْلٌ موصوف مُسْتَضْعَفُوْنَ اسم مفعول اَنْتُمْ مستتر نائب فاعل فِي الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر صفت اولیٰ تَخَافُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب يَتَخَطَّفَ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اَلنَّاسُ فاعل، تینوں مل کر بتاویل مصدر تَخَافُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اٰوٰى فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَيَّدَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ بَاء جار نَصْرِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ رَزَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ الطَّيِّبٰتِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ قَلِيْلٌ کی صفت ثانیہ، موصوف با صفتین اَنْتُمْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا

اُذْکُرُوْا کا، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ انشائیہ معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی کُمْ ضمیر اس کا اسم تَشْکُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر۔ لَعَلَّ بااسم وخبر اِسْمِعْ شُکْرِکُمْ کی تاویل میں ہو کر رَزَقَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَ الرَّسُوْلَ وَ تَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ وَ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝۲۷

آیت نمبر ۲۷: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے لَا حرف نہی تَخُوْنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَخُوْنُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، تَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال تَخُوْنُوْا کا فاعل اَمٰنٰتِكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

وَ اعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَ اَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَّ اَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِیْمٌ ۝۲۸

آیت نمبر ۲۸: واؤ عاطفہ اِعْلَمُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق مکفوفہ مَا کافہ اَمْوَالُكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَوْلَادُكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا، فِتْنَةٌ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم عِنْدَهٗ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم اَجْرٌ عَظِیْمٌ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا باخبر اَنَّ کی خبر، اَنَّ بااسم وخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِعْلَمُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّ یُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَیِّاٰتِكُمْ وَ یَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ۝۲۹

آیت نمبر ۲۹: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے اِنْ حرف شرط تَتَّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، یَجْعَلْ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے فُرْقَانًا مفعول بہ، چاروں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُكَفِّرْ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے سَیِّاٰتِكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر معطوف اول، واؤ عاطفہ یَغْفِرْ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جزاء، شرط باجزاء نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لفظ اَللّٰهُ مبتدا، ذُوْ مضاف اَلْفَضْلِ الْعَظِیْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ اِذْ یَمْكُرُ بِكَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِیُثْبِتُوْكَ اَوْ یَقْتُلُوْكَ اَوْ یُخْرِجُوْكَ ؕ وَ یَمْكُرُوْنَ وَ یَمْكُرُ

اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: واؤ استینافیہ اِذْ ظرف زمان مضاف یَمْکُرُ فعل بِکَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ فاعل لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُثْبِتُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ یَقْتُلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، اَوْ حرف عطف یُخْرِجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور یَمْکُرُ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ فعل محذوف اُذْکُرُوْا کا مفعول فیہ ہے، واؤ عاطفہ یَمْکُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَمْکُرُ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، خَيْرُ الْمَاکِرِیْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: واؤ استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم تُتْلٰی فعل مجہول عَلَیْهِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اٰیٰتُنَا مرکب اضافی نائب فاعل، فعل مجہول بانائب و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، قَدْ علامت فعل سَمِعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ لَوْ حرف شرط نَشَآءُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر شرط، لام جوابیہ قُلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِثْلَ هٰذَا مرکب اضافی بواسطہ موصوف محذوف قَوْلًا کے مفعول مطلق، تینوں مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ اِنْ نافیہ هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، اِلَّا حرف استثناء اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: واؤ استینافیہ اِذْ مضاف قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اَللّٰهُمَّ اصل میں یَا اَللّٰهُ ہے اور یہ نداء ہے اِنْ حرف شرط کَانَ فعل ناقص هٰذَا اسم اشارہ اس کا اسم هُوَ ضمیر فصل ہے اَلْحَقَّ ذوالحال مِنْ جارہ عِنْدِ کَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اَمْطِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلَیْنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، حِجَارَةً موصوف مِنَ السَّمَآءِ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اَمْطِرْ کا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ ائْتِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ باء جارہ عَذَابٍ اَلِیْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ فعل محذوف اُذْکُرُوْا

کا مفعول فیہ ہے۔

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيهِمْ ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿٣٣﴾

آیت نمبر ۳۳: واؤ استینا فیہ مَا نا فیہ کَانَ فعل ناقص لفظ اَللّٰہُ اسم لَام جحدیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُعَذِّبَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال واؤ حالیہ اَنْتَ ضمیر مبتدا، فِیْھِمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال باحال یُعَذِّبَ کا فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور مُرِیْدًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نا فیہ کَانَ فعل ناقص اَللّٰہُ اسم الجلالہ اس کا اسم مُعَذِّبَ اسم فاعل مضاف ھُمْ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا، یَسْتَغْفِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ معنًی مفعول بہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَا كَانُوْٓا اَوْلِيَآءَهٗ ؕ اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٤﴾

آیت نمبر ۳۴: واؤ استینا فیہ مَا اسم استفہام مبتدا، لَھُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہوئے اَنْ حرف مصدری و نصب لَا یُعَذِّبَ فعل ھُمْ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا، یَصُدُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ حرف جار اَلْمَسْجِدِ الْحَرَامِ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نا فیہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم اَوْلِیَآءَہٗ مرکب اضافی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال باحال یُعَذِّبَ کا مفعول بہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض کَائِنٌ کے متعلق ثانی ہوئے، کَائِنٌ اپنے فاعل اور دونوں متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ اِنْ حرف نفی اَوْلِیَآءُہٗ مرکب اضافی مبتدا، اِلَّا حرف استثنا اَلْمُتَّقُوْنَ مستثنیٰ مفرغ خبر، مبتدا با خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰکِنَّ حرف استدراک اَکْثَرَھُمْ مرکب اضافی اسم لَا یَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لٰکِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً ؕ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿٣٥﴾

آیت نمبر ۳۵: واؤ استینا فیہ مَا نا فیہ کَانَ فعل ناقص صَلٰوتُھُمْ مرکب اضافی ذوالحال عِنْدَ الْبَیْتِ مرکب اضافی کَائِنَۃً کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال اس کا اسم اِلَّا حرف استثنا مُکَآءً وَّتَصْدِیَۃً معطوف علیہ با معطوف خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، یا اِنْ کَانَتْ ھٰذِہٖ طَبِیْعَۃَ صَلٰوتِکُمْ، ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلْعَذَابَ مفعول بہ بَاء جارہ مَا مصدریہ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَکْفُرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف با جزاء

جملہ شرطیہ ہوا۔

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَسَيُنْفِقُوْنَهَا ثُمَّ تَكُوْنُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُوْنَ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِلٰى جَهَنَّمَ يُحْشَرُوْنَ ۝۳۶

آیت نمبر ۳۶ : اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ اسم یُنْفِقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَمْوَالَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ لام جارہ اوراس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَصُدُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء استینافیہ سین علامت فعل یُنْفِقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ تَکُوْنُ فعل ناقص ھِیَ مستتر اس کا اسم عَلَیْھِمْ ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال مقدم حَسْرَۃً ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، ثُمَّ حرف عطف یُغْلَبُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ متانفہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ مبتدا، اِلٰی جَھَنَّمَ ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے یُحْشَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لِيَمِيْزَ اللّٰهُ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهٗ عَلٰى بَعْضٍ فَيَرْكُمَهٗ جَمِيْعًا فَيَجْعَلَهٗ فِيْ جَهَنَّمَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝۳۷

آیت نمبر ۳۷ : لام جارہ تعلیلیہ اوراس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَمِیْزَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل اَلْخَبِیْثَ مفعول بہ مِنَ الطَّیِّبِ جار بامجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَجْعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْخَبِیْثَ مبدل منہ بَعْضَہٗ مرکب اضافی بدل البعض، مبدل منہ بابدل ذوالحال عَلٰی بَعْضٍ ظرف مستقر عَالِیًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، فاء عاطفہ یَرْکُمَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مؤکد جَمِیْعًا تاکید، مؤکد باتاکید مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، فاء عاطفہ یَجْعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ فِیْ جَھَنَّمَ جار بامجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ظرف لغو یُحْشَرُوْنَ کے متعلق ہوئے۔ اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، ھُمْ ضمیر فصل اَلْخَاسِرُوْنَ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ ۚ وَاِنْ يَّعُوْدُوْا فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۳۸ وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ۚ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝۳۹ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ ؕ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ

النَّصِيْرُ ﴿۴۰﴾

آیت نمبر ۳۸، ۳۹، ۴۰: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لِاَم جارہ اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہو کر قول، اِنْ حرف شرط یَّنْتَهُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، یُغْفَرْ فعل مجہول لَهُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَّا اسم موصول قَدْ علامت فعل سَلَفَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط یَّعُوْدُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ قَدْ علامت فعل مَضَتْ فعل سُنَّتُ الْاَوَّلِیْنَ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَاتِلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ حَتّٰی حرف جر وغایت اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے لَا تَکُوْنَ فعل تام فِتْنَةٌ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَکُوْنَ فعل ناقص الدِّیْنُ مؤکد کُلُّهٗ مرکب اضافی تاکید، مؤکد باتاکید اسم لِلّٰهِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو قَاتِلُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَاء استینا فیہ اِنْ حرف شرط انْتَهَوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم بِ جارہ مَا اسم موصول یَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے بَصِیْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط تَوَلَّوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ اِعْلَمُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم مَوْلٰکُمْ مرکب اضافی خبر، اَنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد اِعْلَمُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا نِعْمَ فعل مدح اَلْمَوْلٰی مرفوع تقدیراً فاعل، دونوں مل کر خبر مقدم، مخصوص بالمدح مبتدا هُوَ محذوف ہے مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا واؤ عاطفہ نِعْمَ فعل مدح النَّصِیْرُ فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ خبر مقدم، اور مخصوص بالمدح مبتدا هُوَ محذوف ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

❁ بِحَمْدِهٖ تعالیٰ پارہ نمبر ۹ کی ترکیب ۱۲ شوال ۱۴۳۷ھ ۱۷ جون ۲۰۱۶ء بروز اتوار بوقت صبح ۱۰:۱۵ پر مکمل ہوئی ہے ❁

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴۱﴾

آیت نمبر ۴۱: واؤ عاطفہ یا استینا فیہ اِعْلَمُوْٓا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق مَا اسم موصول غَنِمْتُمْ فعل و فاعل مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ شَيْءٍ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اَنَّ کا اسم فَاء جزائیہ (کیونکہ اسم موصول متضمن معنٰی

شرط ہے) اَنَّ حرف تحقیق لِلّٰهِ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لِلرَّسُوْلِ جار با مجرور معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَام جارہ ذِی الْقُرْبٰی مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْیَتٰمٰی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَلْمَسَاکِیْنِ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اِبْنِ السَّبِیْلِ مرکب اضافی معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ مجرور، جار با مجرور معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم خُمُسَهٗ مرکب اضافی اسم موخر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مبتدا محذوف حُکْمُهٗ کی خبر ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ مستانفہ ہوا۔

اِنْ حرف شرط کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم اٰمَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بَاء جارہ اَللّٰهِ اسم الجلالہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلٰی جارہ عَبْدِنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے یَوْمَ الْفُرْقَانِ مرکب اضافی مبدل منہ یَوْمَ مضاف اِلْتَقَی فعل اَلْجَمْعَانِ فاعل، دونوں مل کر مضاف الیہ، مرکب اضافی بدل، مبدل منہ با بدل مفعول فیہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق اٰمَنْتُمْ کے ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط اور جزاء محذوف ہے فَاعْلَمُوْا ذٰلِکَ۔ واؤ استینا فیہ اَللّٰهُ مبتدا، عَلٰی حرف جار کُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم قَدِیْرٌ صیغہ صفت اپنے هُوَ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ ؕ وَ لَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعٰدِ ۙ وَ لٰكِنْ لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۙ لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَيِّنَةٍ وَّيَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْۢ بَيِّنَةٍ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۙ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۲: اِذْ مضاف اَنْتُمْ مبتدا، بَاء جارہ اَلْعُدْوَةِ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، بَاء حرف جار اَلْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف اول واؤ عاطفہ اَلرَّکْبُ مبتدا، اَسْفَلَ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنْكُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق صفت ہوئی موصوف محذوف مَکَانًا کی، موصوف با صفت کَائِنُوْنَ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مضاف الیہ، مرکب اضافی یَوْمَ الْفُرْقَانِ سے بدل ہے۔ واؤ عاطفہ لَوْ شرطیہ تَوَاعَدْتُّمْ فعل و فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لَام جوابیہ اِخْتَلَفْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل فِی الْمِیْعَادِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہملہ لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَقْضِیَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل اَمْرًا موصوف کَانَ ناقصہ هُوَ مستتر اس کا اسم مَفْعُوْلًا اسم مفعول هُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، تینوں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور مبدل منہ لَام جارہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَهْلِکَ فعل هُوَ مستتر فاعل مَنْ اسم موصول هَلَكَ فعل هُوَ مستتر ذوالحال عَنْ بَيِّنَةٍ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ

مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور بدل، مبدل منہ بابدل ظرف مستقر فعل محذوف جَمَعَکُمْ بِغَیْرِ مِیْعَادٍ کے متعلق ہوا۔ واؤ عاطفہ یَحْیٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل مَنْ اسم موصول حَیَّ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال عَنْ بَیِّنَۃٍ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ یَھْلِکَ پر معطوف ہے۔ واؤ استینا فیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم لَامِ مزحلقہ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ دو خبر اِنَّ بااسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِذْ یُرِیْکَهُمُ اللّٰهُ فِیْ مَنَامِكَ قَلِیْلًا ؕ وَ لَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِیْرًا لَّفَشِلْتُمْ وَ لَتَنَازَعْتُمْ فِی الْاَمْرِ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ ؕ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۴۳

آیت نمبر ۴۳: اِذْ ظرف زمان مضاف یُرِیْ فعل کَ ضمیر ذوالحال فِیْ حرف جار مَنَامِکَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ اول، ھُمْ ضمیر مفعول بہ ثانی اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل قَلِیْلًا مفعول ثالث، فعل بافاعل اور تینوں مفعول بہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مرکب اضافی فعل محذوف اُذْکُرْ کا مفعول فیہ ہے، واؤ عاطفہ لَوْ حرف شرط اَرٰی فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ اول ھُمْ ضمیر مفعول بہ ثانی، کَثِیْرًا مفعول بہ ثالث، فعل بافاعل اور تینوں مفعول بہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لَامِ جوابیہ فَشِلْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ۔ واؤ عاطفہ لَامِ جوابیہ تَنَازَعْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل فِی الْاَمْرِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لٰکِنَّ حرف استدراک اَللّٰہَ اسم الجلالہ اسم سَلَّمَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، لٰکِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم عَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ ذَاتِ الصُّدُوْرِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت بافاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر خبر اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ اِذْ یُرِیْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَیْتُمْ فِیْۤ اَعْیُنِكُمْ قَلِیْلًا وَّ یُقَلِّلُكُمْ فِیْۤ اَعْیُنِهِمْ لِیَقْضِیَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ؕ وَ اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝۴۴

آیت نمبر ۴۴: واؤ عاطفہ اِذْ مضاف یُرِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل ھُمْ ضمیر ذوالحال قَلِیْلًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی، اِذْ مضاف اِلْتَقَیْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل فِیْ حرف جار اَعْیُنِکُمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ یُرِیْ کا مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ اِذْ یُرِیْکَهُمُ اللّٰہُ میں اِذْ سے بدل ہے۔

واؤ عاطفہ یُقَلِّلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ فِیْ جارہ اَعْیُنِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف متعلق اول ہوئے، لَامِ جارہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَقْضِیَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل اَمْرًا موصوف کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم مَفْعُوْلًا خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور یُقَلِّلُ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ یُرِیْکُمُوْھُمْ پر معطوف ہے۔ واؤ استینا فیہ اِلَی اللّٰہِ جار بامجرور

ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، تُرْجَعُ فعل مجہول اَلْاُمُوْرُ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

رکوع نمبر ۶

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِیْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِیْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۴۵﴾

وَاَطِیْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِیْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ

مَعَ الصّٰبِرِیْنَ ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶،۴۵: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا کی ترکیب متعدد بار گذر چکی ہے اور یہ نداہے، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم لَقِیْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل فِئَةً مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اُثْبُتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُذْكُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر ذوالحال لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ "رَاجِیْ الْفَلَاحِ کی تاویل میں ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ کَثِیْرًا بواسطہ موصوف محذوف ذِکْرًا کے مفعول مطلق ہے، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف اول، واؤ عاطفہ اَطِیْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ لَاتَنَازَعُوْا "لَایَکُنْ تَنَازُعُکُمْ کی تاویل میں ہے لَایَکُنْ فعل ناقص تَنَازُعُکُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، فاء عاطفہ واقعہ فی جواب النہی اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَفْشَلُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَذْهَبَ فعل رِیْحُکُمْ مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر بتاویل مصدر معطوف، دونوں مل کر تَنَازُعُکُمْ پر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف فاعل، فعل تام نہی بافاعل جملہ انشائیہ ہو کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِصْبِرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ اُثْبُتُوْا پر معطوف رابع ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اسم مَعَ الصَّابِرِیْنَ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ بَطَرًا وَّرِئَآءَ النَّاسِ وَیَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ

اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا یَعْمَلُوْنَ مُحِیْطٌ ﴿۴۷﴾

آیت نمبر ۴۷: واؤ عاطفہ لَاتَكُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم کاف جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول خَرَجُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال بَطَرًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رِئَآءَ النَّاسِ مرکب اضافی معطوف اول، واؤ عاطفہ یَصُدُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ جارہ سَبِیْلِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین حال ذوالحال باحال خَرَجُوْا کا فاعل، مِنْ جارہ دِیَارِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور خَرَجُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف لغو لَاتَكُوْنُوْا متعلق ہوئے، فعل نہی بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ نہیہ اُثْبُتُوْا پر معطوف ہے۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا باء جارہ مَا اسم موصول یَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے، مُحِیْطٌ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ اِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ وَ قَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَاِنِّيْ جَارٌ لَّكُمْ ۚ فَلَمَّا تَرَآءَتِ الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكُمْ اِنِّيْٓ اَرٰى مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ ؕ وَ اللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۴۸﴾

آیت نمبر۴۸: واؤ عاطفہ اِذْ مضاف زَيَّنَ فعل لَهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلشَّيْطَانُ فاعل اَعْمَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، لَا نفی جنس کا غَالِبَ اس کا اسم لَكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہوئے، کَائِنٌ اسم فاعل هُوَ مستتر ذوالحال مِنَ النَّاسِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال ذوالحال با حال فاعل اَلْيَوْمَ مفعول فیہ، اسم فاعل بافاعل و مفعول فیہ خبر، لَا نفی جنس با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم جَارٌ بمعنی مُجِيْرٌ اسم فاعل اَنَا مستتر فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ فعل محذوف اُذْكُرْ کا مفعول فیہ ہے۔ فَاء عاطفہ لَمَّا ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم تَرَآءَتْ فعل اَلْفِئَتَانِ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط نَكَصَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰى جارہ عَقِبَيْهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر هَارِبًا کے متعلق ہو کر نَكَصَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم بَرِيْٓءٌ صیغہ صفت اَنَا مستتر فاعل مِنْكُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، صیغہ صفت بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اسم اَرٰى فعل اَنَا مستتر فاعل مَا اسم موصول لَا تَرَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ موصول با صلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بواسطہ حرف عطف محذوف کے قول کا مقولہ ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بواسطہ حرف عطف محذوف کے قول کا مقولہ ہے یا جملہ مستانفہ ہے۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا شَدِيْدُ الْعِقَابِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۷ ❁

اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّ هٰٓؤُلَآءِ دِيْنُهُمْ ؕ وَ مَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۴۹﴾

آیت نمبر۴۹: اِذْ مضاف يَقُوْلُ فعل اَلْمُنَافِقُوْنَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول فِيْ جارہ قُلُوْبِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہوئے، اور مَرَضٌ فاعل ہے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، غَرَّ فعل هٰٓؤُلَآءِ محلاً مرفوع فاعل دِيْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ،

تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ فعل محذوف اُذْكُرْ کا مفعول فیہ ہے۔واؤ استینا فیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، يَتَوَكَّلْ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَى اللّٰهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے يَغْلِبُ عَلٰى اَعْدَآءِهٖ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔فاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَلَوْ تَرٰۤى اِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ كَفَرُوا ۙ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَ اَدْبَارَهُمْ ۚ وَ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝

آیت نمبر۵۰ :واؤ استینا فیہ لَوْ شرطیہ تَرٰى فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِذْ مضاف يَتَوَفّٰى فعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ مقدم اَلْمَلَآئِكَةُ ذوالحال يَضْرِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل وُجُوْهَهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَدْبَارَهُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال يَتَوَفّٰى کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ تَرٰى کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط اور جزاء محذوف ہے لَرَاَيْتَ اَمْرًا عَظِيْمًا شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔واؤ عاطفہ ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل عَذَابَ الْحَرِيْقِ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ يَقُوْلُوْنَ محذوف کا مقولہ ہے، قول با مقولہ يَضْرِبُوْنَ پر معطوف ہے۔

ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝

آیت نمبر۵۱:ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، بَاء جارہ مَا اسم موصول قَدَّمَتْ فعل اَيْدِيْكُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم لَيْسَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ ظَلَّامٍ صیغہ مبالغہ هُوَ مستتر فاعل لِلْعَبِيْدِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، صیغہ مبالغہ با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر محلاً منصوب خبر، لَيْسَ با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِكَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝

آیت نمبر ۵۲ :کاف جارہ دَاْبِ مضاف اٰلِ فِرْعَوْنَ مرکب اضافی معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول مِنْ جارہ قَبْلِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر ثَبَتُوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر مبتدا محذوف دَاْبُهُمْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ اٰيَاتِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَخَذَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل بَاء جارہ ذُنُوْبِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل

کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف دَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ۔۔۔ الخ کا بیان اور تفسیر ہے۔اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اسم قَوِیٌّ خبر اول شَدِیْدُ الْعِقَابِ خبر ثانی،اِنَّ بااسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَ اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۵۳: ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا،بَاء جارہ اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم لَمْ یَكُ فعل ناقص مُغَیِّرًا اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل نِعْمَةً موصوف اَنْعَمَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ عَلٰی قَوْمٍ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، حَتّٰی حرف غایت وجر اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُغَیِّرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول بَاء جارہ اَنْفُسِھِمْ مرکب اضافی مجرور جار با مجرور ظرف مستقر ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، تینوں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور مُغَیِّرًا کے متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اسم سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ دو خبر،اَنَّ بااسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِكَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَ اَغْرَقْنَاۤ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَ كُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۵۴: كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ کی ترکیب اُوپر آیت نمبر ۵۲ میں گذر چکی ہے کَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ اٰیٰتِ رَبِّھِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَھْلَكْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ بَاء جارہ ذُنُوْبِھِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ اَغْرَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اٰلَ فِرْعَوْنَ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین دَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ۔۔۔ الخ کا تفسیر اور بیان ہے۔واؤ عاطفہ كُلٌّ مبتدا کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم ظٰلِمِیْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

سوال: كُلٌّ نکرہ ہے اس کا مبتدا بننا کیسے درست ہے مبتدا تو معرفہ ہوتا ہے۔

جواب: كُلٌّ اصل میں كُلُّهُمْ تھا لہٰذا یہ ضمیر کی طرف مضاف ہونے کی وجہ سے معرفہ ہے پھر مضاف الیہ کو حذف کر کے اس کے عوض تنوین لائی گئی ہے۔

اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

آیت نمبر ۵۵: اِنَّ حرف تحقیق شَرَّ الدَّوَآبِّ مرکب اضافی ذوالحال عِنْدَ اللّٰہِ مرکب اضافی ثَابِتًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اسم اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِكَ، ھُمْ

ضمیر مبتدا، لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَلَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ وَّ هُمْ لَا يَتَّقُوْنَ

آیت نمبر ۵۶: اَلَّذِيْنَ اسم موصول عٰهَدْتَّ فعل تائے مفتوحہ فاعل دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا سے بدل ہے مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر موصول کی طرف لوٹنے والی ضمیر محذوف سے حال ہے، ثُمَّ عاطفہ يَنْقُضُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَهْدَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ فِيْ جارہ كُلِّ مَرَّةٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور يَنْقُضُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَا يَتَّقُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف عٰهَدْتَّ پر معطوف ہے۔

فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾

آیت نمبر ۵۷: فَاء عاطفہ اِنْ حرف شرط مَا زائدہ تَثْقَفَنَّ فعل اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ فِي الْحَرْبِ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ شَرِّدْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل بِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے مَنْ اسم موصول خَلْفَهُمْ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی هُمْ ضمیر اس کا اسم يَذَّكَّرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ انشائیہ رَاجِيْ تَذَكُّرُهُمْ کی تاویل میں ہو کر شَرِّدْ کی ضمیر فاعل سے حال ہے یا جملہ تعلیلیہ ہے۔

وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ ﴿۵۸﴾

آیت نمبر ۵۸: واؤ عاطفہ یا استینا فیہ اِنْ حرف شرط مَا زائدہ تَخَافَنَّ فعل اَنْتَ مستتر فاعل مِنْ قَوْمٍ جار با مجرور متعلق ہوئے خِيَانَةً مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ اِنْۢبِذْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اِلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، اور عَلٰى سَوَآءٍ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر اِنْۢبِذْ کے فاعل اور اِلَيْهِمْ کی ضمیر دونوں سے حال ہے، فعل امر با فاعل و متعلق جملہ امریہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ اولیٰ پر معطوف ہے یا جملہ مستانفہ ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اسم لَا يُحِبُّ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْخَآئِنِيْنَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۸ ❁

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا ؕ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ﴿۵۹﴾

آیت نمبر ۵۹: واؤ عاطفہ لَا يَحْسَبَنَّ فعل اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ فاعل، مفعول اول محذوف ہے یعنی اَنْفُسَهُمْ "سَبَقُوْا" فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ محلاً منصوب مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ اِنْۢبِذْ پر معطوف ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اسم لَا يُعْجِزُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ اَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّ مِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَ عَدُوَّكُمْ وَ

اٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ۝۶۰

آیت نمبر ۶۰: واؤ عاطفہ اَعِدُّوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل لَهُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَا اسم موصول اِسْتَطَعْتُمْ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ قُوَّةٍ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ حرف جار رِبَاطِ الْخَيْلِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اَعِدُّوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔

تُرْهِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، عَدُوَّ اللّٰهِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَدُوَّكُمْ مرکب اضافی معطوف اول، واؤ عاطفہ اٰخَرِيْنَ موصوف مِنْ جارہ دُوْنِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر صفت اول، لَا تَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین تُرْهِبُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَعِدُّوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے، اَللّٰهُ مبتدا، يَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اٰخَرِيْنَ کی صفت ثالثہ ہے یا جملہ مستانفہ ہے۔

واؤ استینافیہ مَا اسم شرط مفعول بہ مقدم تُنْفِقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ شَيْءٍ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر مَا اسم شرط کا حال ہے فِيْ جارہ سَبِيْلِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ مقدم و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، يُوَفَّ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلَيْكُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یا حالیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، لَا تُظْلَمُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہے یا اِلَيْكُمْ کی كُمْ ضمیر سے حال ہے، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۶۱

آیت نمبر ۶۱: واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط جَنَحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِلسَّلْمِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اِجْنَحْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَوَكَّلْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل عَلَى اللّٰهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم هُوَ ضمیر مبتدا، اَلسَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَاِنْ يُّرِيْدُوْٓا اَنْ يَّخْدَعُوْكَ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ؕ هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝۶۲ وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝۶۳

آیت نمبر ۶۲، ۶۳: واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط یُرِیْدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب یَّخْدَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق حَسْبَکَ مرکب اضافی اسم اَللّٰہُ خبر اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ ھُوَ ضمیر مبتدا اَلَّذِیْ اسم موصول اَیَّدَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ بَاء جارہ نَصْرِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بِالْمُؤْمِنِیْنَ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ۔ واؤ عاطفہ اَلَّفَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ یا معللہ ہوا۔ لَوْ حرف شرط اَنْفَقْتَ فعل تائے مفتوحہ فاعل مَا اسم موصول فِی الْاَرْضِ جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ ذوالحال جَمِیْعًا حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، مَا نافیہ اَلَّفْتَ فعل تائے مفتوحہ فاعل بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰکِنَّ حرف استدراک اَللّٰہَ اسم الجلالہ اسم اَلَّفَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بَیْنَھُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، حرفِ استدراک با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اسم عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ دو خبر اِنَّ بااسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٤﴾

آیت نمبر ۶۴: یَاء حرف ندا اَدْعُوْ کے قائم مقام اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل اَیُّ موصوف ھَا برائے تنبیہ اَلنَّبِیُّ صفت، موصوف باصفت محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نداء، حَسْبُکَ مرکب اضافی مبتدا، اَللّٰہُ اسم الجلالہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول اِتَّبَعَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل کَ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ نداء کا جواب، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۹ ❁

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ۭ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿٦٥﴾

آیت نمبر ۶۵: یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ کی ترکیب اوپر کی آیات میں گذر چکی ہے۔ اور یہ ندا ہے حَرِّضْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء با جواب جملہ انشائیہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط یَکُنْ فعل ناقص مِنْکُمْ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عِشْرُوْنَ صَابِرُوْنَ مرکب توصیفی اسم موخر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ

ہو کر شرط، يَغْلِبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِائَتَيْنِ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ إِنْ حرف شرط يَكُنْ فعل ناقص مِنْكُمْ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِائَةٌ اسم موخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، يَغْلِبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل أَلْفًا موصوف مِنْ جارہ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، بِاَنَّ بآء جارہ اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم قَوْمٌ موصوف لَا يَفْقَهُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف باصفت خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد مجرور، جار با مجرور يَغْلِبُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

آیت نمبر ۳۳ : هُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول اَرْسَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل رَسُوْلَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ بَاء جارہ الْهُدٰی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ دِیْنِ الْحَقِّ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُظْهِرَ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ عَلٰی جارہ اَلدِّیْنِ مؤکد كُلِّهٖ مرکب اضافی تاکید، مؤکد با تاکید مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور اَرْسَلَ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ لَوْ حرف شرط کَرِہَ فعل الْمُشْرِكُوْنَ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط اور جزاء محذوف ہے لَاَظْهَرَ اللّٰهُ دِیْنَهُ الْحَقَّ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ یُظْهِرَهٗ کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہے۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِیْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَ الرُّهْبَانِ لَیَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَ یَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ؕ وَ الَّذِیْنَ یَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَ الْفِضَّةَ وَ لَا یُنْفِقُوْنَهَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ ۝۳۴

آیت نمبر ۳۴ : یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب بہت بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے اِنَّ حرف تحقیق كَثِیْرًا موصوف مِنْ حرف جار الْاَحْبَارِ وَ الرُّهْبَانِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اسم لَام مزحلقہ یَاْكُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِالْبَاطِلِ ظرف مستقر مُتَلَبِّسِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل اَمْوَالَ النَّاسِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَصُدُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ جارہ سَبِیْلِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ نداء کا جواب، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَكْنِزُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلذَّهَبَ وَ الْفِضَّةَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یُنْفِقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل

بافاعل ومفعول بہ و متعلق مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ متضمن معنی شرط مبتدا، فاء جزائیہ بَشِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بَاء جارہ عَذَابٍ اَلِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور بَشِّرْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَ جُنُوْبُهُمْ وَ ظُهُوْرُهُمْ ؕ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: يَوْمَ مضاف يُحْمٰى فعل مجہول عَلَيْهَا جار با مجرور محل رفع میں نائب فاعل ہے فِيْ جارہ نَارِ جَهَنَّمَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ تُكْوٰى فعل مجہول بِهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، جِبَاهُهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جُنُوْبُهُمْ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ ظُهُوْرُهُمْ مرکب اضافی معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ فعل محذوف يُعَذَّبُوْنَ کا مفعول فیہ ہے هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، مَا اسم موصول كَنَزْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل لَام جارہ اَنْفُسِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ يُقَالُ لَهُمْ قول محذوف کا مقولہ ہے۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَكْنِزُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ذُوْقُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ مِنْهَاۤ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ۬ فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ وَ قَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَآفَّةً ؕ وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۶: اِنَّ حرف تحقیق عِدَّةَ مضاف الشُّهُوْرِ ذوالحال عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی كَائِنَةً کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ اسم اِثْنَا عَشَرَ مرکب بنائی ممیز، شَهْرًا تمیز، ممیز باتمیز موصوف فِيْ جارہ كِتٰبِ مصدر مضاف اَللّٰهِ اسم الجلالہ مضاف الیہ معنیٰ فاعل، يَوْمَ مضاف خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مرکب اضافی مفعول فیہ، مصدر مضاف با مضاف الیہ معنیٰ فاعل و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، مِنْهَا ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت ثانیہ، موصوف با صفتین خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلدِّيْنُ الْقَيِّمُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، لَا تَظْلِمُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل فِيْهِنَّ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَنْفُسَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر

جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا، وؔ عاطفہ قَاتِلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلْمُشْرِكِیْنَ ذوالحال كَآفَّةً حال، دونوں مل کر مفعول بہ، کاف حرف جار مَا مصدریہ یُقَاتِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر ذوالحال، كَآفَّةً حال، دونوں مل کر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَآئِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف قِتَالًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف اول، واؤ عاطفہ اِعْلَمُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم مَعَ الْمُتَّقِیْنَ مرکب اضافی كَآئِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّمَا النَّسِیْٓءُ زِیَادَةٌ فِی الْكُفْرِ یُضَلُّ بِهِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا یُحِلُّوْنَهٗ عَامًا وَّ یُحَرِّمُوْنَهٗ عَامًا لِّیُوَاطِـُٔوْا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فَیُحِلُّوْا مَا حَرَّمَ اللّٰهُ ؕ زُیِّنَ لَهُمْ سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ ؕ وَ اللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: اِنَّ حرف تحقیق مکفوفہ مَا کافہ اَلنَّسِیْٓءُ مبتدا، زِیَادَةٌ مصدر فِی الْكُفْرِ جار با مجرور متعلق ہوئے، مصدر با متعلق خبر اول، یُضَلُّ فعل مجہول بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلَّذِیْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ ذوالحال، یُحِلُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ عَامًا مفعول فیہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُحَرِّمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ عَامًا مفعول فیہ لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُوَاطِـُٔوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عِدَّةَ مضاف مَا اسم موصول حَرَّمَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ یُحِلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول حَرَّمَ اللّٰهُ فعل و فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور یُحَرِّمُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال باحال یُضَلُّ کا نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر دوم، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ زُیِّنَ فعل مجہول لَهُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ مرکب اضافی نائب فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لَا یَهْدِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْقَوْمَ الْكٰفِرِیْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۶ ❁

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِیْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَی الْاَرْضِ ؕ اَرَضِیْتُمْ بِالْحَیٰوةِ الدُّنْیَا مِنَ الْاٰخِرَةِ ۚ فَمَا مَتَاعُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا فِی الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِیْلٌ ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے۔ مَا اسم استفہام مبتدا لَكُمْ جار با مجرور

ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہوئے، کَائِنٌ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل اِذَا مضاف قِيْلَ فعل مجہول هُوَ مستتر راجع بسوئے قول مصدر نائب فاعل لَكُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول اِنْفِرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ کَائِنٌ کا مفعول فیہ، اسم فاعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ نداء کا جواب، ندا با جواب جملہ انشائیہ ہوا۔ اِثَّاقَلْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اِلَى الْاَرْضِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ لَكُمْ کی ضمیر سے حال ہے، هَمزه حرف استفہام رَضِيْتُمْ فعل تُمْ ذوالحال مِنَ الْاٰخِرَةِ ظرف مستقر مُسْتَبْدِلِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل بَاءٌ جار الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ ہوا۔

فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَتِ الْاٰخِرَةُ اَبْقٰى وَخَيْرًا، مَا نافیہ مَتَاعُ مضاف الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ ذوالحال فِي الْاٰخِرَةِ ظرف مستقر مَحْسُوْبًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مبتدا، اِلَّا حرف استثناء قَلِيْلٌ مستثنیٰ مفرغ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِلَّا تَنْفِرُوْا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّ يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوْهُ شَيْـًٔا ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: اِنْ حرف شرط لَا تَنْفِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، يُعَذِّبْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ عَذَابًا اَلِيْمًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَسْتَبْدِلْ فعل هُوَ مستتر فاعل قَوْمًا موصوف غَيْرَكُمْ مرکب اضافی صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ لَا تَضُرُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ شَيْـًٔا مفعول مطلق، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لفظ اَللّٰهُ مبتدا، عَلٰى جارہ كُلِّ شَيْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم قَدِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ؕ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۴۰﴾

آیت نمبر ۴۰: اِنْ حرف شرط لَا تَنْصُرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ قَدْ علامت فعل، نَصَرَ فعل هٗ ضمیر فاعل لفظ اَللّٰهُ فاعل اِذْ مضاف اَخْرَجَ فعل هٗ مفعول بہ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول با صلہ فاعل ثَانِيَ اثْنَيْنِ مرکب اضافی اَخْرَجَهٗ کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبدل منہ اِذْ مضاف هُمَا

ضمیر مبتدا، فِی الْغَارِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ بدل اوّل، اِذْ مضاف یَقُوْلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل، لَام جارہ صَاحِبِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول لَاتَحْزَنْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ بدل ثانی، مبدل منہ با بدل نَصَرَ کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اسم مَعَنَا مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

فَاء عاطفہ اَنْزَلَ فعل لفظ اَللّٰہُ فاعل سَکِیْنَتَہٗ مرکب اضافی مفعول بہ عَلَیْہِ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَیَّدَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، بَاء جارہ جُنُوْدٍ موصوف لَمْ تَرَوْ فعل واؤ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر معطوف اول، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کَلِمَۃَ مضاف اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ مضاف الیہ، مرکب اضافی مفعول بہ اول، اَلسُّفْلٰی ذوالحال، واؤ حالیہ کَلِمَۃُ اللّٰہِ مرکب اضافی مبتدا، ھِیَ ضمیر برائے فصل اَلْعُلْیَا خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین نَصَرَ پر معطوف ہے۔ واؤ استینافیہ لفظ اَللّٰہُ مبتدا، عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ دونوں مل کر خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّ ثِقَالًا وَّ جَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَ اَنْفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝۴۱

آیت نمبر ۴۱: اِنْفِرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال خِفَافًا وَّ ثِقَالًا معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَاهِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جار اَمْوَالِكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْفُسِكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔ ذٰلِكُمْ اسم اشارہ مبتدا، خَيْرٌ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر شبہ جملہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم تَعْلَمُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر شرط، اور جزاء محذوف ہے فَجَاهِدُوْا، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا وَّ سَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ وَ لٰكِنْۢ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ؕ وَ سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ۚ يُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۚ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝۴۲

آیت نمبر ۴۲: لَوْ حرف شرط كَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم عَرَضًا قَرِيْبًا مرکب توصیفی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَفَرًا قَاصِدًا مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَام جوابیہ اِتَّبَعُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال، واؤ

حالیہ لٰکِنْ حرف استدراک مہمل بَعُدَتْ فعل عَلَیْهِمُ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلشُّقَّةُ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال فاعل، کَ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ سِین علامت فعل، یَحْلِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال یُهْلِكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر حال، ذوالحال باحال یَحْلِفُوْنَ کا فاعل بِاللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ قسم، لَوْ حرف شرط اِسْتَطَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَامِ جوابیہ خَرَجْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مَعَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ قسم کا جواب، قسم باجوابِ قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۷ ❁

عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَ تَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳: عَفَا فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل عَنْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ دعائیہ ہوا۔ لِمَ اصل میں لِمَا ہے جار با مجرور متعلق اوّل مقدم ہوئے، اَذِنْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل لَهُمْ جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، حَتّٰى حرف غایت و جر اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَتَبَيَّنَ فعل لَكَ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلَّذِيْنَ اسم موصول صَدَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَعْلَمَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَلْكٰذِبِيْنَ مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ثالث ہوئے، فعل بافاعل و متعلقات ثلاثہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۴: لَا يَسْتَاْذِنُ فعل کاف ضمیر مفعول بہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ، اَللّٰهِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْيَوْمِ الْاٰخِرِ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اَنْ حرف مصدری و نصب يُجَاهِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ اَمْوَالِهِمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْفُسِهِمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض دوسرے متعلق ہوئے، اور یہ اصل میں فِيْ اَنْ يُجَاهِدُوْا ہے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لفظ اَللّٰهُ مبتدا، عَلِيْمٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بِالْمُتَّقِيْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ ارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُوْنَ ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵: اِنَّ حرف تحقیق مکفوفہ مَا کافہ يَسْتَاْذِنُ فعل کاف ضمیر مفعول بہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل

باء حرف جار اَللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِرْتَابَتْ فعل قُلُوْبُهُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل معطوف اوّل، فاء عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، فِیْ جارہ رَیْبِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے یَتَرَدَّدُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً وَّلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶: واؤ استینافیہ لَوْ حرف شرط اَرَادُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْخُرُوْجَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لام جوابیہ اَعَدُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَهٗ جار با مجرور متعلق ہوئے عُدَّةً مفعول بہ، چاروں مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے مَاخَرَجُوْا، لٰكِنَّ حرف استدراک مہمل كَرِهَ فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل اِنْۢبِعَاثَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل ہوا واؤ عاطفہ ثَبَّطَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی ہوا واؤ عاطفہ قِيْلَ فعل مجہول هُوَ مستتر راجع بسوئے مصدر قول نائب فاعل، دونوں مل کر قول، اُقْعُدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مَعَ الْقٰعِدِيْنَ مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف ثالث، معطوف علیہ محذوف با معطوفات ثلاثہ جملہ معطوفہ ہوا۔

لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَاَاوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ ۚ وَفِيْكُمْ سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾

آیت نمبر ۴۷: لَوْ حرف شرط خَرَجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، مَا نافیہ زَادُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كُمْ مفعول اوّل، اِلَّا حرف استثناء خَبَالًا مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لام جوابیہ اَوْضَعُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال يَبْغُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال، واؤ حالیہ فِيْكُمْ ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم سَمّٰعُوْنَ صیغہ مبالغہ هُمْ مستتر فاعل لَهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر مبتدا موخر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال باحال يَبْغُوْنَ کا فاعل كُمْ اصل میں لَكُمْ ہے، جار با مجرور متعلق ہوئے الْفِتْنَةَ مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال اَوْضَعُوْا کا فاعل خِلٰلَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ کی ترکیب وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ کی طرح ہے جو ابھی اوپر گزری ہے۔

لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا لَكَ الْاُمُوْرَ حَتّٰى جَآءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۸: لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اِبْتَغَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الْفِتْنَةَ مفعول بہ مِنْ قَبْلُ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ قَلَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَكَ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلْاُمُوْرَ

مفعول بہ حَتّٰی حرف غایت وجر جَآءَ فعل اَلْحَقُّ فاعل، دونوں مل کر معطوف علیہ ہوا وَ عاطفہ ظَهَرَ فعل اَمْرُ اللّٰهِ مرکب اضافی ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا کٰرِهُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال باحال ظَهَرَ کا فاعل، فعل با فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف محلًا مجرور، جار با مجرور قَلَّبُوْا کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف قسم کا جواب، قسم محذوف با جواب جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ ؕ اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ؕ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۹﴾

آیت نمبر۴۹: واؤ استینافیہ مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول يَقُوْلُ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول اِئْذَنْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لِيْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ لَاتَفْتِنّ فعل نہی نون وقایہ يَا ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اَلَا حرف تنبیہ فِي الْفِتْنَةِ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے سَقَطُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق جَهَنَّمَ اس کا اسم، لَام مزحلقہ مُحِيْطَةٌ اسم فاعل هِيَ مستتر فاعل بِالْكٰفِرِيْنَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ تُصِبْكَ مُصِيْبَةٌ يَّقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَآ اَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ وَيَتَوَلَّوْا وَّهُمْ فَرِحُوْنَ ﴿۵۰﴾

آیت نمبر۵۰: اِنْ حرف شرط تُصِبْ فعل کاف ضمیر مفعول بہ حَسَنَةٌ فاعل، تینوں مل کر شرط تَسُؤْ فعل هِيَ مستتر فاعل هُمْ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط تُصِبْ فعل کاف ضمیر مفعول بہ مُصِيْبَةٌ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط يَقُوْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، قَدْ علامت فعل اَخَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَمْرَنَا مرکب اضافی مفعول بہ، مِنْ قَبْلُ ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر مقولہ، قول با مقولہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ يَتَوَلَّوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، فَرِحُوْنَ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال يَتَوَلَّوْا کا فاعل، فعل با فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف، دونوں مل کر جملہ معطوفہ ہوا۔

قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾

آیت نمبر۵۱: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول لَنْ يُّصِيْبَ فعل نَا ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء مَا موصولہ كَتَبَ فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل لَنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مستثنٰی مفرغ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ هُوَ ضمیر مبتدا، مَوْلٰىنَا مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعلّلہ ہوا۔ واؤ عاطفہ عَلَى اللّٰهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق

مقدم ہوئے، فاء زائدہ لِیَتَوَکَّلِ فعل امر الْمُؤْمِنُوْنَ فاعل، تینوں مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ؕ وَ نَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖۤ اَوْ بِاَيْدِيْنَا ۖ فَتَرَبَّصُوْۤا اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ ﴿۵۲﴾

آیت نمبر ۵۲: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، هَلْ حرف استفہام تَرَبَّصُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِنَآ جار با مجرور متعلق ہوئے، اِلَّآ حرف استثناء اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ مرکب اضافی مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ نَحْنُ ضمیر مبتدا، نَتَرَبَّصُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بِكُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے اَنْ حرف مصدری و نصب يُصِيْبَ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ لفظ اَللّٰهُ فاعل بَاء جارہ عَذَابٍ موصوف مِنْ جارہ عِنْدِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ بَاء جارہ اَيْدِيْنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف كَائِنٍ کے متعلق ہو کر عَذَابٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور يُصِيْبَ کے متعلق ہوئے، چاروں مل کر بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل باواؤ ضمیر فاعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ تَرَبَّصُوْنَ پر معطوف ہے۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَآ اَرَدْتُّمْ اَنْ تَعْلَمُوْا النَّتَائِجَ تَرَبَّصُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اسم مَعَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم مُّتَرَبِّصُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل و مفعول فیہ مقدم خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ ؕ اِنَّكُمْ كُنْتُمْ قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۳: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول اَنْفِقُوْا فعل امر واؤ ضمیر ذوالحال طَوْعًا اَوْ كَرْهًا معطوف علیہ با معطوف اسم فاعل کے معنی میں ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ لَنْ يُّتَقَبَّلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل مِنْكُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اسم كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم قَوْمًا فٰسِقِيْنَ مرکب توصیفی خبر، فعل ناقص بااسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ مَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَ بِرَسُوْلِهٖ وَ لَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا وَ هُمْ كُسَالٰى وَ لَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا وَ هُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿۵۴﴾

آیت نمبر ۵۴: واؤ عاطفہ مَا نافیہ مَنَعَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اَنْ حرف مصدری و نصب تُقْبَلَ فعل مجہول مِنْهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے نَفَقٰتُهُمْ مرکب اضافی نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق بتاویل مصدر مفعول بہ ثانی، اِلَّآ حرف استثناء اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بِرَسُوْلِهٖ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اَنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد مَنَعَ کا فاعل، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا يَاْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال اِلَّا حرف استثناء واؤ حالیہ هُمْ كُسَالٰى مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال فاعل الصَّلٰوةَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يُنْفِقُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال، اِلَّا حرف استثناء واؤ حالیہ هُمْ كٰرِهُوْنَ مبتدا با

خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف کَفَرُوْا پر معطوف ہے۔

فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۵۵﴾

آیت نمبر۵۵: فاء استینافیہ یا فصیحہ لَا تُعْجِبْ فعل نہی کاف ضمیر مفعول بہ اَمْوَالُهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَوْلَادُهُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق کفوفہ مَا کافہ يُرِيْدُ فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يُعَذِّبَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بِهَا جار بامجرور متعلق ہوئے فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر هُمْ ضمیر منصوب سے حال ہے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَزْهَقَ فعل اَنْفُسُهُمْ مرکب اضافی ذوالحال، واؤ حالیہ هُمْ كٰفِرُوْنَ مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور يُرِيْدُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ ؕ وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَّفْرَقُوْنَ ﴿۵۶﴾

آیت نمبر۵۶: واؤ استینافیہ يَحْلِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ قسم اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اسم لام مزحلقہ مِنْكُمْ ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر قسم کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ حالیہ مَا نافیہ هُمْ ضمیر مبتدا، مِنْكُمْ ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک هُمْ ضمیر اس کا اسم قَوْمٌ موصوف يَفْرَقُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف باصفت خبر، لٰكِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف يَحْلِفُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے

لَوْ يَجِدُوْنَ مَلْجَاً اَوْ مَغٰرٰتٍ اَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا اِلَيْهِ وَهُمْ يَجْمَحُوْنَ ﴿۵۷﴾

آیت نمبر۵۷: لَوْ حرف شرط يَجِدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَلْجَاً اَوْ مَغٰرٰتٍ اَوْ مُدَّخَلًا معطوف علیہ بامعطوفین مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لام جوابیہ وَلَّوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، يَجْمَحُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال فاعل اِلَيْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِي الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَآ اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ ﴿۵۸﴾

آیت نمبر۵۸: واؤ عاطفہ مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ موصولہ يَلْمِزُ فعل هُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ فِي الصَّدَقٰتِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء تفسیریہ اِنْ حرف شرط اُعْطُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل مِنْهَا جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر شرط رَضُوْا فعل باواؤ

ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ لَمْ يُعْطَوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل مِنْهَا ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط اِذَا مفاجاتیہ قائم مقام فاء جزائیہ (حاشیہ الجمل) هُمْ ضمیر مبتدا يَسْخَطُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا باخبر جزاء، شرط باجزاء معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ﴿۵۹﴾

آیت نمبر۵۹: واؤ عاطفہ لَوْ شرطیہ اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اسم رَضُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا موصولہ اٰتٰى فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ معطوف علیہ بامعطوف فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول حَسْبُنَا مرکب اضافی مبتدا، لفظ اللّٰهُ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مُبَیِّن سین علامت فعل يُؤْتِيْ فعل نَا ضمیر مفعول بہ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ معطوف علیہ بامعطوف فاعل مِنْ فَضْلِهٖ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اسم اِلَى اللّٰهِ ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، رٰغِبُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف (بیان حرف عطف محذوف ہے) معطوف علیہ بامعطوف بیان، مبیَّن بابیان مقولہ، قول بامقولہ رَضُوْا پر معطوف ہے معطوف علیہ بامعطوف اَنَّ کی خبر، اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد فعل محذوف ثَبَتَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ (جلالین) شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۸ ❁

اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِى الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۶۰﴾

آیت نمبر۶۰: اِنَّ حرف تحقیق مکفوفہ مَا کافہ اَلصَّدَقٰتُ مبتدا، لام جارہ اَلْفُقَرَآءِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْمَسٰكِيْنِ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَلْعٰمِلِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل عَلَيْهَا جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَلْمُؤَلَّفَةِ اسم مفعول قُلُوْبُهُمْ مرکب اضافی نائب فاعل، دونوں مل کر معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ مجرور، جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فِيْ جارہ اَلرِّقَابِ وَالْغٰرِمِيْنَ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور معطوف اول، واؤ عاطفہ فِيْ جارہ سَبِيْلِ اللّٰهِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِبْنِ السَّبِيْلِ مرکب اضافی معطوف، دونوں مل کر مجرور، جار بامجرور معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین ظرف مستقر كَائِنَاتٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَرِيْضَةً موصوف مِنَ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت یا تو اَلصَّدَقٰتُ سے حال ہے یا فعل محذوف فَرَضَ کا مفعول مطلق ہے۔ واؤ استینافیہ لفظ اللّٰهُ مبتدا، عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ؕ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ

یُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَ رَحْمَةٌ لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ؕ وَ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۶۱﴾

آیت نمبر۶۱: واؤ استینافیہ مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُؤْذُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلنَّبِیَّ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، هُوَ مبتدا اُذُنٌ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اُذُنُ مضاف خَیْرٍ موصوف لَّكُمْ ظرف مستقر کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا باخبر مفسَّر یُؤْمِنُ فعل هُوَ مستتر فاعل بِاللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُؤْمِنُ فعل هُوَ مستتر فاعل لِلْمُؤْمِنِیْنَ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مفسِّرہ ہوا۔

واؤ عاطفہ رَحْمَةٌ موصوف لَام جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْكُمْ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اُذُنُ خَیْرٍ پر معطوف ہے۔واؤ استینافیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُؤْذُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل رَسُوْلَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ اَلِیْمٌ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا باخبر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

یَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ لِیُرْضُوْكُمْ ۚ وَ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗۤ اَحَقُّ اَنْ یُّرْضُوْهُ اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِیْنَ ﴿۶۲﴾

آیت نمبر۶۲: یَحْلِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ ظرف لغو متعلق اول ہوئے لَكُمْ ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُرْضُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ثالث ہوئے، فعل بافاعل و متعلقات ثلاثہ اَلَّذِیْنَ کی خبر ثانی ہے یا جملہ مستانفہ ہے۔واؤ حالیہ اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ معطوف علیہ با معطوف مبتدا، اَحَقُّ اسم تفضیل مضاف اَنْ حرف مصدری و نصب یُرْضُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر بتاویل مصدر مضاف الیہ، اسم تفضیل بامضاف الیہ شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ یُرْضُوْكُمْ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔اِنْ شرطیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم مُؤْمِنِیْنَ خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے فَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَحَقُّ اَنْ یُّرْضُوْهُ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَلَمْ یَعْلَمُوْۤا اَنَّهٗ مَنْ یُّحَادِدِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِیْهَا ؕ ذٰلِكَ الْخِزْیُ الْعَظِیْمُ ﴿۶۳﴾

آیت نمبر۶۳: هَمزہ حرف استفہام لَمْ یَعْلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اسم مَنْ اسم شرط مبتدا، یُحَادِدِ فعل

هُوَ مستتر فاعل اَللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اَنَّ حرف تحقیق لَامْ جارہ ہٗ ضمیر ذوالحال خَالِدًا اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل فِيْهَا ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم نَارَ جَهَنَّمَ مرکب اضافی اسم مؤخر، اَنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد لَمْ يَعْلَمُوْا کے دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلْخِزْيُ الْعَظِيْمُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ ﴿۶۴﴾

آیت نمبر ۶۴: يَحْذَرُ فعل اَلْمُنٰفِقُوْنَ فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب تُنَزَّلَ فعل مجہول عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے سُوْرَةٌ موصوف تُنَبِّئُ فعل هِيَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بَاء جارہ مَا اسم موصول فِيْ جارہ قُلُوْبِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ سُوْرَةٌ کی صفت، موصوف باصفت نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق بتاویل مصدر يَحْذَرُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِسْتَهْزِءُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اسم مُخْرِجٌ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول تَحْذَرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، اسم فاعل بافاعل و مفعول بہ خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ؕ قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۶۵﴾

آیت نمبر ۶۵: واؤ استینافیہ لَامْ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط سَاَلْتَ فعل تائے مفتوحہ فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَامْ جوابیہ يَقُوْلُنَّ فعل واؤ محذوفہ فاعل، دونوں مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق مکفوفہ مَا کافہ كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اسم نَخُوْضُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَلْعَبُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ قسم کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ ہوا۔ اور شرط کی جزاء محذوف ہے جس پر جواب قسم دال ہے۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، هَمزہ حرف استفہام بَاء جارہ اَللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ معطوف علیہ با معطوفین مجرور، جار با مجرور تَسْتَهْزِءُوْنَ کا متعلق مقدم كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَسْتَهْزِءُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ؕ اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةًۢ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۶۶﴾

آیت نمبر۶۶: لَاتَعْتَذِرُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہوا۔ قَدْ علامت فعل کَفَرْتُمْ فعل وفاعل بَعْدَ اِیْمَانِکُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مُعَلِّلہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط نَعْفُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَنْ جارہ طَآئِفَةٍ موصوف مِنْكُمْ ظرف مستقر کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، نُعَذِّبْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل طَآئِفَةً مفعول بہ بَاء جارہ اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اسم کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم مُجْرِمِیْنَ خبر، فعل ناقص بااسم وخبر اَنَّ کی خبر، اَنَّ بااسم وخبر بتاویل مفرد مجرور، جار بامجرور ظرف لغو نُعَذِّبْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

رکوع نمبر۹

اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ۭ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ۭ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۶۷﴾

آیت نمبر۶۷: اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ معطوف علیہ بامعطوف مبتدا، بَعْضُهُمْ مرکب اضافی مبتدا ثانی مِنْ بَعْضٍ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدا اوّل کی خبر اوّل، يَاْمُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْمُنْكَرِ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَنْهَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنِ الْمَعْرُوْفِ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ يَقْبِضُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَيْدِيَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مبتدا اوّل کی خبر ثانی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ نَسُوا اللّٰهَ فعل واؤ ضمیر فاعل لفظ اَللّٰهَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَسِيَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا اوّل کی خبر ثالث ہے اِنَّ حرف تحقیق اَلْمُنٰفِقِيْنَ اسم هُمْ ضمیر برائے فصل اَلْفٰسِقُوْنَ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا

وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۶۸﴾

آیت نمبر۶۸: وَعَدَ فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل اَلْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ معطوف علیہ بامعطوفین مفعول بہ اوّل نَارَ جَهَنَّمَ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ خٰلِدِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل فِيْهَا ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر وَعَدَ کے مفعول بہ اوّل سے حال ہے هِيَ مبتدا، حَسْبُهُمْ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ فِيْهَا کی هَا ضمیر سے حال ہے، واؤ عاطفہ لَعَنَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ لفظ اَللّٰهُ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ وَعَدَ پر معطوف ہے، واؤ عاطفہ لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ مُّقِيْمٌ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

كَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً وَّاَكْثَرَ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۭ فَاسْتَمْتَعُوْا بِخَلَاقِهِمْ فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِخَلَاقِكُمْ كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ بِخَلَاقِهِمْ وَ

خُضْتُمْ كَالَّذِيْ خَاضُوْا ؕ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۶۹﴾

آیت نمبر۶۹: کاف حرف جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِکُمْ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتُوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر مبتدا محذوف اَنْتُمْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم اَشَدَّ اسم تفضیل هُمْ مستتر فاعل مِنْکُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے قُوَّۃً تمیز، اسم تفضیل با فاعل و متعلق و تمیز معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَکْثَرَ اسم تفضیل هُمْ مستتر فاعل اَمْوَالًا وَّ اَوْلَادًا معطوف علیہ با معطوف تمیز، اسم تفضیل با فاعل و تمیز معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ فعل محذوف ثَبَتُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ فَاء عاطفہ اِسْتَمْتَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ خَلَاقِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اِسْتَمْتَعْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بَاء جارہ خَلَاقِکُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، کاف جارہ مَا مصدریہ اِسْتَمْتَعَ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِکُمْ ظرف مستقر فعل محذوف مَضَوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ فاعل بِخَلَاقِهِم ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِسْتِمْتَاعًا کے اِسْتَمْتَعْتُمْ کا مفعول مطلق، فعل با فاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ خُضْتُمْ فعل تُم ضمیر فاعل کاف حرف جار اَلَّذِیْ اسم موصول اور اس سے مراد اَلْخَوْض ہے، خَاضُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر محذوف مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، اِسْتَمْتَعُوْا معطوف علیہ با معطوفین کَانُوْا پر معطوف ہے۔ الخ

اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، حَبِطَتْ فعل اَعْمَالُهُمْ مرکب اضافی فاعل فِیْ جارہ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ۔ واؤ عاطفہ اُولٰٓئِکَ مبتدا، هُمْ ضمیر فصل اَلْخٰسِرُوْن خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔

اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّ عَادٍ وَّ ثَمُوْدَ ۙ وَ قَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ وَ اَصْحٰبِ مَدْيَنَ وَ الْمُؤْتَفِكٰتِ ؕ اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَ لٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۷۰﴾

آیت نمبر۷۰: هَمزہ حرف استفهام لَمْ یَاْتِ فعل هِمْ ضمیر منصوب مفعول بہ نَبَاُ مضاف اَلَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ کی ترکیب اوپر والی آیت میں دیکھیں۔ یہ موصول با صلہ مبدل منہ قَوْمِ مضاف نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّ ثَمُوْدَ معطوف علیہ با معطوفین مضاف الیہ پھر مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَوْمِ اِبْرٰهِیْمَ مرکب اضافی معطوف اول، واؤ عاطفہ اَصْحٰبِ مضاف مَدْیَنَ وَالْمُؤْتَفِکٰتِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین بدل، مبدل منہ با بدل نَبَاُ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی لَمْ یَاْتِ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفهامیہ ہوا۔

اَتَتْ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ رُسُلُھُمْ مرکب اضافی فاعل بِالْبَیِّنٰتِ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ مَا نافیہ کَانَ فعل ناقص لفظ اَللّٰہُ اسم، لام جارہ تعلیلیہ یَظْلِمَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور مُرِیْدًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ لٰکِنْ حرف استدراک مہمل کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم اَنْفُسَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ مقدم، یَظْلِمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُھُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ م یَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْھَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَیُطِیْعُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ ط اُولٰٓئِکَ سَیَرْحَمُھُمُ اللّٰہُ ط اِنَّ اللّٰہَ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ۝

آیت نمبر ۷۱: واؤ استینافیہ اَلْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ معطوف علیہ با معطوف مبتدا، بَعْضُھُمْ مرکب اضافی مبتدا ثانی اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ مبتدا اوّل کی خبر اوّل، یَاْمُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْمَعْرُوْفِ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَنْھَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْمُنْکَرِ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ یُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ یُطِیْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ مبتدا اوّل کی خبر ثانی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا سین علامت فعل یَرْحَمُ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ لفظ اَللّٰہُ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ اللّٰہَ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ "اِنَّ" با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مُعلِّلہ ہوا۔

وَعَدَ اللّٰہُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھَا الْاَنْھٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْھَا وَمَسٰکِنَ طَیِّبَۃً فِیْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ط وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰہِ اَکْبَرُ ط ذٰلِکَ ھُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ۝

آیت نمبر ۷۲: وَعَدَ فعل لفظ اَللّٰہُ فاعل اَلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ اول جَنّٰتٍ موصوف تَجْرِیْ فعل مِنْ تَحْتِھَا جار با مجرور متعلق ہوئے اَلْاَنْھٰرُ فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَسٰکِنَ موصوف طَیِّبَۃً صفت اولیٰ، فِیْ جارہ جَنّٰتِ عَدْنٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی، وَعَدَ فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ خٰلِدِیْنَ فِیْھَا وَعَدَ کے مفعول اوّل سے حال ہے۔ واؤ استینافیہ رِضْوَانٌ موصوف مِنَ اللّٰہِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مبتدا، اَکْبَرُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا، ھُوَ ضمیر فصل اَلْفَوْزُ الْعَظِیْمُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعلِّلہ ہوا۔

رکوع نمبر ۱۰

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۷۳﴾

آیت نمبر ۷۳: یَا حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل اَیُّ موصوف هَا برائے تنبیہ اَلنَّبِیُّ صفت، موصوف باصفت محلاً منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ نداء جَاهِدِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَلْكُفَّارَ وَ الْمُنٰفِقِيْنَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُغْلُظْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف نداء کا جواب، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَاْوٰىهُمْ مرکب اضافی مبتدا جَهَنَّمُ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ بِئْسَ فعل الذم اَلْمَصِيْرُ فاعل، دونوں مل کر خبر، مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے جَهَنَّمُ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا

يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ؕ وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا ۚ وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَاِنْ يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ فِي الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۷۴﴾

آیت نمبر ۷۴: يَحْلِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم، مَا نافیہ قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كَلِمَةَ الْكُفْرِ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ هَمُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ لَمْ يَنَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین قسم کا جواب، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَا نافیہ نَقَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء اَنْ حرف مصدری و نصب اَغْنٰی فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ معطوف علیہ با معطوف فاعل مِنْ فَضْلِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مستثنیٰ مفرغ ہو کر نَقَمُوْا کا مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔

وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ۭ حَتّٰٓى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ ۭ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۱۸﴾

آیت نمبر ۱۱۸: واؤ عاطفہ عَلٰی جارہ اَلثَّلٰثَةِ موصوف اَلَّذِيْنَ اسم موصول خُلِّفُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور اَلنَّبِيُّ پر معطوف ہے، حَتّٰی حرف غایت ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم ضَاقَتْ فعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے بَاء جارہ مَا مصدریہ رَحُبَتْ فعل ہِيَ مستتر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ضَاقَتْ فعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَنْفُسُهُمْ مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ ظَنُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ مخففہ من المثقلہ ہٗ ضمیر شان محذوف اس کا اسم لَا نفی جنس مَلْجَاَ مصدر اِلَّا حرف استثناء اِلَيْهِ جار با مجرور مصدر کے متعلق ہوئے، مصدر با متعلق لَا کا اسم، مِنَ اللّٰهِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا با اسم و خبر اَنْ مخففہ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر ظَنُّوْا کے دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین شرط، ثُمَّ زائدہ تَابَ فعل ہُوَ مستتر فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے، لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، يَتُوْبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، فعل با

فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰہَ اس کا اسم ھُوَ ضمیر فصل اَلتَّوَّابُ الرَّحِیْمُ دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مُعلِّلہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۵ ❁

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۱۱۹﴾

آیت نمبر ۱۱۹: یَا حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل اَیُّ موصوف ھَا برائے تنبیہ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا موصول با صلہ صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ نداء۔ اِتَّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کُوْنُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مَعَ الصّٰدِقِیْنَ مرکب اضافی کَائِنِیْنَ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف نداء کا جواب، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِیْنَةِ وَ مَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ یَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَ لَا یَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا یُصِیْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّ لَا نَصَبٌ وَّ لَا مَخْمَصَةٌ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَ لَا یَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا یَّغِیْظُ الْكُفَّارَ وَ لَا یَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّیْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۱۲۰﴾

آیت نمبر ۱۲۰: مَا نافیہ کَانَ فعل ناقص لَامْ جارہ اَھْلِ الْمَدِیْنَۃِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول حَوْلَھُمْ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ ذوالحال، مِنَ الْاَعْرَابِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَنْ حرف مصدری و نصب یَتَخَلَّفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ جارہ رَسُوْلِ اللّٰہِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَایَرْغَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَا جارہ اَنْفُسِھِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، عَنْ نَّفْسِہٖ ظرف مستقر مُعْرِضِیْنَ کے متعلق ہو کر لَایَرْغَبُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا، بَا جارہ اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اس کا اسم لَایُصِیْبُ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ ظَمَاٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ نَصَبٌ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا زائدہ مَخْمَصَۃٌ موصوف فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین لَایُصِیْبُ کا فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَایَطَـُٔوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَوْطِئًا موصوف یَغِیْظُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْکُفَّارَ مفعول بہ، تینوں مل کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَایَنَالُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ عَدُوٍّ ظرف لغو متعلق ہوئے نَیْلًا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِکَ کی خبر، مبتدا با خبر

جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔اِلَّا حرف استثناء کُتِبَ فعل مجہول لَھُمْ جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے بِہٖ جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، عَمَلٌ صَالِحٌ مرکب توصیفی نائب فاعل، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ لَا یَنَالُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔اِنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰہَ اسم لَا یُضِیْعُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَلَا یُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِیْرَةً وَّلَا كَبِیْرَةً وَّلَا یَقْطَعُوْنَ وَادِیًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِیَجْزِیَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾

آیت نمبر ۱۲۱: واؤ عاطفہ لَا یُنْفِقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل نَفَقَةً موصوف صَغِیْرَةً معطوف علیہ واؤ عاطفہ لَا زائدہ كَبِیْرَةً معطوف دونوں مل کر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یَقْطَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل وَادِیًا مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف لَا یَنَالُوْنَ پر معطوف ہے، اِلَّا حرف استثناء كُتِبَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل لَهُمْ جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے، لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَجْزِیَ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اول لفظ اَللّٰہُ فاعل اَحْسَنَ مضاف مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم یَعْمَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ مضاف الیہ پھر مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور كُتِبَ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ لَا یَقْطَعُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِیَنْفِرُوْا كَآفَّةً ؕ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّیَتَفَقَّهُوْا فِی الدِّیْنِ وَلِیُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْۤا اِلَیْهِمْ لَعَلَّهُمْ یَحْذَرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

آیت نمبر ۱۲۲: واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص الْمُؤْمِنُوْنَ اسم لَام جحدیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَنْفِرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال كَآفَّةً حال، ذوالحال با حال فاعل، دونوں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِیْنَةِ پر معطوف ہے۔فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، لَوْلَا حرف تحضیض نَفَرَ فعل مِنْ جارہ كُلِّ فِرْقَةٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم، طَآئِفَةٌ ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال فاعل، لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَتَفَقَّهُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِی الدِّیْنِ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُنْذِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل قَوْمَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اِذَا ظرف زمان مضاف رَجَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَیْهِمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف نَفَرَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

لَعَلَّ حرف ترجی ھُمْ ضمیر اسم یَحْذَرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، حرف ترجی با اسم و خبر رَاجِیْ حَذَرَهُمْ کی تاویل میں ہو کر یُنْذِرُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے یا جملہ معلّلہ ہے۔

رکوع نمبر ۱۶

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَ لْيَجِدُوْا فِيْكُمْ غِلْظَةً ؕ وَ اعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۲۳﴾

آیت نمبر ۱۲۳: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب آیت نمبر ۱۱۹ میں دیکھیں۔ قَاتِلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل الَّذِيْنَ اسم موصول يَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنَ الْكُفَّارِ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لْيَجِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْكُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے غِلْظَةً مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ انشائیہ معطوف اول، واؤ عاطفہ اِعْلَمُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم مَعَ الْمُتَّقِيْنَ مرکب اضافی كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر بتاویل مفرد اِعْلَمُوْا کے دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

وَ اِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّ هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ وَ اَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ وَ مَاتُوْا وَ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۲۵﴾

آیت نمبر ۱۲۴، ۱۲۵: واؤ استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم مَا زائدہ اُنْزِلَتْ فعل مجہول سُوْرَةٌ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول يَقُوْلُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول اَيُّكُمْ مرکب اضافی مبتدا، زَادَتْ فعل هٗ ضمیر مفعول بہ اول هٰذِهٖ فاعل اِيْمَانًا مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فاء تفصیلیہ اَمَّا حرف شرط و تفسیر اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ متضمن معنی شرط مبتدا، فاء جزائیہ زَادَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اول اِيْمَانًا مفعول بہ ثانی، واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا يَسْتَبْشِرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا باخبر زَادَتْ کے مفعول بہ اول سے حال ہے، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط و تفسیر اَلَّذِيْنَ اسم موصول فِيْ قُلُوْبِهِمْ ظرف مستقر كَانَ کے متعلق ہوئے مَرَضٌ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ متضمن معنی شرط مبتدا، فاء جزائیہ زَادَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اول، رِجْسًا موصوف اِلٰى رِجْسِهِمْ ظرف مستقر مَضْمُوْمًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَاتُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، كٰفِرُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال مَاتُوْا کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اَوَلَا يَرَوْنَ اَنَّهُمْ يُفْتَنُوْنَ فِيْ كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوْبُوْنَ وَ لَا هُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۲۶﴾

آیت نمبر۱۲۶: هَمزہ حرف استفہام واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَا يَعْلَمُوْنَ، لَا يَرَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اسم يُفْتَنُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِيْ جارہ كُلِّ عَامٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے مَرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ معطوف علیہ با معطوف مفعول فیہ، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَا يَتُوْبُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا نافیہ هُمْ ضمیر مبتدا، يَذَّكَّرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد يَرَوْنَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔

وَاِذَا مَاۤ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ ؕ هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ ثُمَّ انْصَرَفُوْا ؕ صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿۱۲۷﴾

آیت نمبر۱۲۷: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم مَا زائدہ اُنْزِلَتْ فعل مجہول سُوْرَةٌ نائب فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، نَظَرَ فعل بَعْضُهُمْ مرکب اضافی ذوالحال، هَلْ حرف استفہام يَرٰى فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ جارہ زائدہ اَحَدٍ محلاً مرفوع فاعل، تینوں مل کر جملہ انشائیہ قَائِلِيْنَ کا مقولہ ہو کر حال، ذوالحال با حال نَظَرَ کا فاعل اِلٰى بَعْضٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، نَظَرَ فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اِنْصَرَفُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ صَرَفَ فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل قُلُوْبَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، بَاء جارہ اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم قَوْمٌ موصوف لَا يَفْقَهُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف با صفت خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ دعائیہ ہے یا اِنْصَرَفُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے یا جملہ استینافیہ ہے۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾

آیت نمبر۱۲۸: لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل جَآءَ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ رَسُوْلٌ موصوف مِنْ جارہ اَنْفُسِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت اولی، عَزِيْزٌ صیغہ صفت مشبہ، عَلَيْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، مَا مصدریہ عَنِتُّمْ فعل با فاعل بتاویل مصدر فاعل، تینوں مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت ثانیہ، حَرِيْصٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل عَلَيْكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر صفت ثالثہ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ظرف لغو رَءُوْفٌ کے متعلق مقدم ہوئے رَءُوْفٌ صیغہ مبالغہ هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر صفت رابعہ، رَحِيْمٌ صفت خامسہ، موصوف با صفات خمسہ جَآءَ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ قسم کا جواب، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ ﳜ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَ هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ﴿۱۲۹﴾

آیت نمبر ۱۲۹: فاء عاطفہ اِنْ حرف شرط تَوَلَّوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل شرط، فاء جزائیہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول حَسْبِیَ مرکب اضافی مبتدا، اَللّٰهُ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ کی ترکیب سُورۃ المزمل میں دیکھیے اور یہ جملہ اسمیہ خبریہ لفظ اَللّٰهُ سے حال ہے عَلَیْهِ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے تَوَكَّلْتُ فعل تائے مضمومہ فاعل، فعل یا فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، رَبُّ مضاف اَلْعَرْشِ الْعَظِیْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

(بِحَمْدِهٖ تعالیٰ بروز بدھ بعد نماز مغرب سُورۃ التوبہ کی ترکیب کی تکمیل ہوئی)

(۳۱.۸.۲۰۱۶)

ترکیب سُوْرَةُ یُوْنُس

رکوع نمبرا

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ الٓرٰ تِلۡكَ اٰيٰتُ الۡكِتٰبِ الۡحَكِيۡمِ ۝۱

آیت نمبرا: الٓرٰ یہ خبر ہے مبتدا محذوف هٰذَا کی تِلْكَ اسم اشارہ مبتدا، اٰيٰتُ مضاف الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنۡ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلٰى رَجُلٍ مِّنۡهُمۡ اَنۡ اَنۡذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَنَّ لَهُمۡ قَدَمَ صِدۡقٍ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ ؕ قَالَ الۡكٰفِرُوۡنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيۡنٌ ۝۲

آیت نمبر۲: هَمزہ حرف استفہام كَانَ فعل ناقص لِلنَّاس ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم (کیونکہ یہ اصل میں عَجَبًا کی صفت ہے) عَجَبًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال كَانَ کی خبر مقدم، اَنْ حرف مصدری و نصب اَوْحَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلٰى جار رَجُلٍ موصوف مِنْهُ ظرف مستقر كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر مفسر، اَنْ حرف تفسیر اَنْذِرِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل النَّاسَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَشِّرِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ مفعول بہ، اَنَّ حرف تحقیق لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، قَدَمَ صِدْقٍ مرکب اضافی موصوف عِنْدَ رَبِّهِمْ مرکب اضافی كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد منصوب بنزع الخافض اصل میں بِاَنَّ ہے، پھر یہ متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مُفسِّر، مفسر با مفسر كَانَ کا اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ مستانفہ ہوا۔ قَالَ فعل الْكٰفِرُوْنَ فاعل، فعل با فاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق هٰذَا اسم اشارہ اس کا اسم لَام مذحلقہ سٰحِرٌ مُّبِيْنٌ مرکب توصیفی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِىۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ فِىۡ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسۡتَوٰى عَلَى الۡعَرۡشِ يُدَبِّرُ الۡاَمۡرَ ؕ مَا مِنۡ شَفِيۡعٍ اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ اِذۡنِهٖ ؕ ذٰ لِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمۡ فَاعۡبُدُوۡهُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوۡنَ ۝۳

آیت نمبر۳: اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكُمْ مرکب اضافی اسم اَللّٰهُ موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول خَلَقَ فعل السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ فِیْ جارہ سِتَّةِ اَيَّامٍ ممیز با تمیز مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اِسْتَوٰى فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَى الْعَرْشِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف باصفت اِنَّ کی خبر اوّل يُدَبِّرُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْاَمْرَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر ثانی، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَا مشابہ "بہ لَیْسَ مِنْ جارہ زائدہ شَفِیْعٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع مَا کا اسم اِلَّا حرف استثناء مِنْ جارہ بَعْدِ اِذْنِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مستثنیٰ مفرغ خبر، مَا اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا یا اِنَّ کی خبر ثالث، ذٰلِکُمُ اللّٰہُ مبدل منہ بابدل مبتدا، رَبُّکُمْ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اوراس کی شرط محذوف ہے اِذَاکَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، اُعْبُدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا، ھَمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اور وہ لَا تَتَفَکَّرُوْنَ ہے، لَا تَذَکَّرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔

اِلَیْہِ مَرْجِعُکُمْ جَمِیْعًا ؕ وَعْدَ اللّٰہِ حَقًّا ؕ اِنَّہٗ یَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ یُعِیْدُہٗ لِیَجْزِیَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بِالْقِسْطِ ؕ وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَھُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِیْمٍ وَّ عَذَابٌ اَلِیْمٌۢ بِمَا کَانُوْا یَکْفُرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴: اِلَیْہِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَرْجِعُ مضاف کُمْ ضمیر ذوالحال جَمِیْعًا حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ وَعْدَ اللّٰہِ مفعول مطلق فعل محذوف وَعَدَ کا ہے اور حَقًّا مفعول مطلق فعل محذوف حَقَّ کا ہے، اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم یَبْدَؤُا فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْخَلْقَ مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ یُعِیْدُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَجْزِیَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصّٰلِحٰتِ مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، بِالْقِسْطِ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ظرف لغو یُعِیْدُ کے متعلق ہوئے، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ مبتدا، لَھُمْ ظرف مستقر کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم شَرَابٌ موصوف مِنْ حَمِیْمٍ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَذَابٌ موصوف اَلِیْمٌ صفت اولیٰ، بِمَا کَانُوْا یَکْفُرُوْنَ کی ترکیب آیت نمبر ۸ میں دیکھئے اور یہ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا موخر، مبتدا باخبر اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ھُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَآءً وَّ الْقَمَرَ نُوْرًا وَّ قَدَّرَہٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِیْنَ وَ الْحِسَابَ ؕ مَا خَلَقَ اللّٰہُ ذٰلِکَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ یُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۵: ھُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلشَّمْسَ مفعول بہ اول، ضِیَآءً مفعول بہ ثانی، واؤ عاطفہ اَلْقَمَرَ نُوْرًا دونوں مفعول بہ پر معطوف ہے، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَدَّرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ

ضمیر مفعول بہ اوّل مَنَازِلَ مفعول فیہ لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، تَعْلَمُوْا فعل واوٗ ضمیر فاعل عَدَدَ السِّنِیْنَ مرکب اضافی معطوف علیہ، واوٗ عاطفہ اَلْحِسَابَ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، تینوں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور قَدَّرَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ ھُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

مَا نافیہ خَلَقَ فعل لفظ اَللّٰہُ فاعل ذٰلِكَ اسم اشارہ مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر مستثنیٰ مفرغ لفظ اَللّٰہُ کا حال اولیٰ یُفَصِّلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْاٰیٰتِ مفعول بہ، لَام جارہ قَوْمٍ موصوف یَعْلَمُوْنَ فعل با واوٗ ضمیر فاعل صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال ثانیہ، خَلَقَ اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ فِي اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَ النَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ ۝۶

آیت نمبر ۶: اِنَّ حرف تحقیق فِیْ جارہ اِخْتِلَافِ مضاف اَلَّیْلِ وَالنَّھَارِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مرکب اضافی معطوف علیہ، واوٗ عاطفہ مَا موصولہ خَلَقَ فعل لفظ اَللّٰہُ فاعل فِیْ جارہ اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف فِیْ کا مجرور، جار با مجرور کَائِنَاتٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، لَام مزحلقہ اٰیٰتٍ موصوف لِقَوْمٍ یَّتَّقُوْنَ یہ ترکیب لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ کی مثل ہے، ظرف مستقر کَائِنَاتٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَ رَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ۝۷ اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝۸

آیت نمبر ۷، ۸: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَا یَرْجُوْنَ فعل واوٗ ضمیر فاعل لِقَآءَنَا مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف علیہ، واوٗ عاطفہ رَضُوْا فعل واوٗ ضمیر فاعل بَاء جارہ اَلْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واوٗ عاطفہ اِطْمَاَنُّوْا فعل واوٗ ضمیر فاعل بِھَا ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ، واوٗ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول ھُمْ ضمیر مبتدا، عَنْ اٰیٰتِنَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، غٰفِلُوْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کا اسم، اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، مَاْوٰھُمْ مرکب اضافی مبتدا ثانی اَلنَّارُ ذوالحال بَاء جارہ مَا مصدریہ کَانُوْا فعل ناقص واوٗ ضمیر اسم یَکْسِبُوْنَ فعل واوٗ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال خبر، مبتدا با خبر اُولٰٓئِكَ کی خبر، مبتدا با خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ بِمَا کَانُوْا ظرف مستقر اسم اشارہ مبتدا محذوف ذٰلِک کی خبر ہو، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

إِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِيْمَانِهِمْ ۚ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝

آیت نمبر۹: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم یَهْدِیْ فعل ھِمْ ضمیر مفعول بہ، رَبُّهُمْ مرکب اضافی فاعل بِاء حرف جار اِیْمَانِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ تَجْرِیْ فعل مِنْ تَحْتِهِمُ ظرف لغو متعلق ہوئے اَلْاَنْهٰرُ فاعل فِیْ جارہ جَنّٰتِ النَّعِیْمِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی دوسری خبر ہے یا یَهْدِیْهِمْ کی ضمیر مفعول سے حال ہے۔

دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

آیت نمبر۱۰: دَعْوٰی مصدر مضاف الیہ هُمْ ضمیر مضاف الیہ معنیً فاعل فِیْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر مبتدا، سُبْحٰنَكَ مرکب اضافی فعل محذوف سَبَّحْنَا کا مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق جواب نداء مقدم اَللّٰهُمَّ اصل میں یَا اَللّٰهُ ہے اَللّٰهُمَّ کی میم حرف نداء محذوف کے عوض ہے۔ اور یہ نداء مؤخر ہے، نداء با جواب نداء مبتدا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَحِیَّتُهُمْ مرکب اضافی ذوالحال فِیْهَا کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مبتدا، سَلٰمٌ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اٰخِرُ دَعْوٰهُمْ مرکب اضافی مبتدا اَنْ مخففہ من الثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم اَلْحَمْدُ مبتدا، لام جارہ اَللّٰهِ موصوف یا مبدل منہ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ مرکب اضافی صفت یا بدل، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر ثَابِتٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اَنْ مخففہ من الثقلہ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد مبتدا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ ؕ فَنَذَرُ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝

آیت نمبر۱۱: واؤ استینافیہ لَوْ حرف شرط یُعَجِّلُ فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل لِلنَّاسِ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلشَّرَّ مفعول بہ، اِسْتِعْجَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول مطلق بِالْخَیْرِ ظرف لغو اِسْتِعْجَالَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط لام جوابیہ قُضِیَ فعل مجہول اِلَیْهِمْ ظرف لغو متعلق ہوئے اَجَلُهُمْ مرکب اضافی نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے جس پر جملہ شرطیہ دال ہے، اصل عبارت ہے لَا نُعَجِّلُ لَهُمْ

الشَّرَّ وَلَا تَقْضِیَ اِلَیْهِمْ اَجَلُهُمْ، نَذَرُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَا یَرْجُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لِقَآءَنَا مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال فِیْ طُغْیَانِهِمْ جار با مجرور متعلق مقدم یَعْمَهُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖۤ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآىِٕمًا ۚ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَاۤ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۱۲

آیت نمبر ۱۲: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم مَسَّ فعل اَلْاِنْسَانَ مفعول بہ اَلضُّرُّ فاعل، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط دَعٰی فعل هُوَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ لِجَنْۢبِهٖ ظرف مستقر مُلْقِیًا کے متعلق ہو کر معطوف علیہ (مقدمی) اَوْ عاطفہ قَاعِدًا معطوف اول، اَوْ عاطفہ قَآىِٕمًا معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین حال دَعٰی کی ضمیر فاعل سے، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ لَمَّا حینیہ متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم، كَشَفْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَنْهُ جار با مجرور متعلق ہوئے، ضُرَّهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، مَرَّ فعل هُوَ مستتر فاعل كَاَنْ مخففہ من الثقلہ ضمیر شان مقدر اسم لَمْ يَدْعُ فعل هُوَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اِلٰى جارہ ضُرٍّ موصوف مَسَّ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور لَمْ يَدْعُ کے متعلق ہوئے، چاروں مل کر خبر، حرف تشبیہ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مَرَّ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ كَذٰلِكَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَزْيِيْنًا کے مفعول مطلق مقدم زُيِّنَ فعل مجہول لِلْمُسْرِفِيْنَ ظرف لغو متعلق ہوئے مَا اسم موصول كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ فعل ناقص بااسم وخبر صلہ، موصول باصلہ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا ۙ وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِى الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ۝۱۳

آیت نمبر ۱۳: واؤ استینافیہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اَهْلَكْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلْقُرُوْنَ مفعول بہ مِنْ قَبْلِكُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے لَمَّا مضاف ظَلَمُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل مضاف الیہ، مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم محذوف باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ جَآءَتْ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ رُسُلُهُمْ مرکب اضافی فاعل بِالْبَيِّنٰتِ ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر ظَلَمُوْا پر پہلا معطوف ہے واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم، لام جحدیہ حرف جار اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر ظَلَمُوْا پر دوسرا معطوف ہے كَذٰلِكَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جَزَآءً کے مفعول مطلق مقدم نَجْزِىْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ یا اعتراضیہ ہوا۔

ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِی الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَیْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر۱۴: ثُمَّ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ خَلٰٓئِفَ موصوف فِی الْاَرْضِ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول ثانی مِنْۢ بَعْدِهِمْ ظرف لغو متعلق اول ہوئے لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نَنْظُرَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كَیْفَ كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر بواسطہ موصوف محذوف عَمَلًا کے مفعول مطلق مقدم، تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و مفعول مطلق مقدم سے مل کر محلًا منصوب نَنْظُرَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور جَعَلْنَا کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ اَهْلَكْنَا پر معطوف ہے۔

وَاِذَا تُتْلٰی عَلَیْهِمْ اٰیَاتُنَا بَیِّنٰتٍ ۙ قَالَ الَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَیْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ ؕ قُلْ مَا یَكُوْنُ لِیْٓ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِیْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا یُوْحٰٓی اِلَیَّ ۚ اِنِّیْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَیْتُ رَبِّیْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر۱۵: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم تُتْلٰی فعل مجہول عَلَیْهِمْ ظرف لغو متعلق ہوئے اٰیَاتُنَا مرکب اضافی ذوالحال بَیِّنٰتٍ حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ شرط قَالَ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَا یَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فعل بافاعل و مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِئْتِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بَاء جارہ قُرْاٰنٍ موصوف غَیْرِ هٰذَا مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور اِئْتِ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ بَدِّلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، مَا نافیہ یَكُوْنُ فعل ناقص لِیْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَنْ حرف مصدری و نصب اُبَدِّلَ فعل اَنَا مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، مِنْ جارہ تِلْقَآئِ نَفْسِیْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور اُبَدِّلَ کے متعلق ہوئے، فعل و فاعل و مفعول بہ و متعلق بتاویل مصدر اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اِنْ نافیہ اَتَّبِعُ فعل اَنَا مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء مَا اسم موصول یُوْحٰی فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلَیَّ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معللہ ہوا۔ (مظہری) اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اسم اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل عَذَابَ مضاف یَوْمٍ عَظِیْمٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ عَصَیْتُ فعل تَاء مضمومہ ضمیر فاعل، رَبِّیْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر شرط، اور جزاء محذوف ہے فَاِنِّیْ اَخَافُ عَذَابَ اللّٰهِ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَیْكُمْ وَلَآ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ ۖ فَقَدْ لَبِثْتُ فِیْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ ؕ

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر۱۶: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول لَوْ شرطیہ شَآءَ اللّٰہُ فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، مَا نافیہ تَلَوْتُ فعل تَاء مضمومہ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ عَلَیْکُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَدْرٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اور بہٖ ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ فَاء تعلیلیہ قَدْ علامت فعل لَبِثْتُ فعل تَاء مضمومہ ضمیر فاعل فِیْکُمْ ظرف مستقر ضمیر فاعل سے حال ہے عُمُرًا مفعول بہ مِنْ قَبْلِہٖ ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معللہ ہوا۔ ھَمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اور وہ لَا تَتَفَکَّرُوْنَ ہے (فقیر) لَا تَعْقِلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ انشائیہ ہوا۔

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا اَوْ کَذَّبَ بِاٰیٰتِہٖ ؕ اِنَّہٗ لَا یُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر۱۷: فَاء استینافیہ مَنْ اسم استفہام مبتدا اَظْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ مَنْ موصولہ اِفْتَرٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَی اللّٰہِ ظرف لغو متعلق ہوئے کَذِبًا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ کَذَّبَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِاٰیٰتِہٖ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مَنْ کا صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور اَظْلَمُ کے متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ انشائیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لَا یُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ یَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ مَا لَا یَضُرُّھُمْ وَلَا یَنْفَعُھُمْ وَ یَقُوْلُوْنَ ھٰۤؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰہِ ؕ قُلْ اَتُنَبِّئُوْنَ اللّٰہَ بِمَا لَا یَعْلَمُ فِی السَّمٰوٰتِ وَ لَا فِی الْاَرْضِ ؕ سُبْحٰنَہٗ وَ تَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر۱۸: واؤ استینافیہ یَعْبُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ جارہ زائدہ دُوْنِ اللّٰہِ مرکب اضافی حال، ذوالحال با حال فاعل مَا موصولہ لَا یَضُرُّ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یَنْفَعُھُمْ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، دونوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَقُوْلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، ھٰۤؤُلَآءِ اسم اشارہ مبتدا، شُفَعَآؤُنَا مرکب اضافی ذوالحال عِنْدَ اللّٰہِ ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ یَعْبُدُوْنَ پر معطوف ہے۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، ھَمزہ استفہامیہ تُنَبِّئُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لفظ اَللّٰہَ مفعول بہ بَاء جارہ مَا موصولہ لَا یَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر محذوف ذوالحال، فِی السَّمٰوٰتِ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ فِی الْاَرْضِ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال لَا یَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور تُنَبِّئُوْنَ کے متعلق ہوئے،

فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ سُبْحٰنَہٗ مرکب اضافی مفعول مطلق ہوا فعل محذوف سَبَّحْنَا کَ کا، فعل بافاعل ومفعول مطلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَعٰلٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل عَنْ جارہ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ معترضہ ہوا۔

وَ مَا كَانَ النَّاسُ اِلَّاۤ اُمَّةً وَّاحِدَةً فَاخْتَلَفُوْا ؕ وَلَوْ لَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِیَ بَیْنَهُمْ فِیْمَا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ ۝۱۹

آیت نمبر ۱۹: واؤ استینافیہ مَا نافیہ کَانَ فعل ناقص اَلنَّاسُ اسم اِلَّا حرف استثناء اُمَّةً وَّاحِدَةً مرکب توصیفی مستثنیٰ مفرغ خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اِخْتَلَفُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَوْلَا امتناعیہ كَلِمَةٌ موصوف سَبَقَتْ فعل هِیَ مستتر فاعل مِنْ رَّبِّكَ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مبتدا، خبر محذوف ہے مَوْجُوْدَةٌ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ شرط، لَام جوابیہ قُضِیَ فعل مجہول هُوَ مستتر راجع بسوئے اَلْاَمْرُ نائب فاعل بَیْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ فِیْ حرف جار مَا موصولہ فِیْهِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، یَخْتَلِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور قُضِیَ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول فیہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ یَقُوْلُوْنَ لَوْلَاۤ اُنْزِلَ عَلَیْهِ اٰیَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ فَقُلْ اِنَّمَا الْغَیْبُ لِلّٰهِ فَانْتَظِرُوْا ۚ اِنِّیْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ ۝۲۰

آیت نمبر ۲۰: واؤ عاطفہ یَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول لَوْلَا حرف تحضیض اُنْزِلَ فعل مجہول عَلَیْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے اٰیَةٌ موصوف مِنْ رَّبِّهٖ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ یَعْبُدُوْنَ پر معطوف ہے، فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا طَلَبُوْا مِنْكَ الْاٰیَةَ (فقیر) قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق کفوفہ مَا کافہ اَلْغَیْبُ مبتدا، لِلّٰهِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِكَ، اِنْتَظِرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم مَعَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم مِنْ حرف جار اَلْمُنْتَظِرِیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل و مفعول مقدم سے مل کر مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

رکوع نمبر ۳

وَ اِذَاۤ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ اِذَا لَهُمْ مَّكْرٌ فِیْۤ اٰیَاتِنَا ؕ قُلِ اللّٰهُ اَسْرَعُ مَكْرًا ؕ اِنَّ رُسُلَنَا یَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ۝۲۱

آیت نمبر ۲۱: واؤ استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَذَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل النَّاسَ مفعول بہ اول رَحْمَةً مفعول بہ ثانی مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف ضَرَّآءَ موصوف مَسَّتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور اَذَقْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اِذَا مفاجاتیہ لَھُمْ کے متعلق کا مفعول فیہ لَھُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَكْرٌ موصوف فِیْٓ اٰیَاتِنَا ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَللّٰهُ مبتدا، اَسْرَعُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل مَكْرًا تمیز، تینوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رُسُلَنَا مرکب اضافی اسم یَكْتُبُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل مَا موصول تَمْكُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، تینوں مل کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

هُوَ الَّذِيْ يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ حَتّٰٓي اِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ ۚ وَجَرَيْنَ بِهِمْ بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا بِهَا جَاۗءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ وَّجَاۗءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ڬ لَىِٕنْ اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: ھُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول یُسَیِّرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، فِیْ جارہ اَلْبَرِّ وَالْبَحْرِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ حَتّٰی حرف غایت وابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم فِی الْفُلْكِ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ جَرَیْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر فاعل بِھِمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، باء جارہ رِیْحٍ طَیِّبَةٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر مُتَوَسِّمَاتٍ کے متعلق ہو کر جَرَیْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ فَرِحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین شرط جَآءَتْ فعل ھَا ضمیر مفعول بہ رِیْحٌ عَاصِفٌ مرکب توصیفی فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ جَآءَ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اَلْمَوْجُ فاعل مِنْ كُلِّ مَكَانٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ ظَنُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اس کا اسم اُحِیْطَ فعل مجہول بِھِمْ جار با مجرور محل رفع میں نائب فاعل، دونوں مل کر خبر، اَنَّ با اسم و خبر ظَنُّوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین مبدل منہ دَعَوُا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مُخْلِصِیْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل لَهُ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلدِّیْنَ مفعول بہ، اسم فاعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ حال، ذوالحال با حال فاعل، لفظ اَللّٰهَ مفعول بہ، تینوں مل کر بدل الاشتمال، مبدل منہ با بدل جَآءَتْ کا معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

لَامْ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط اَنْجَیْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، مِنْ هٰذِهٖ جار با مجرور متعلق

ہوئے، چاروں مل کر شرط لام جوابیہ نَكُوْنَنَّ فعل ناقص نَحْنُ مستتر اسم مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر قسم محذوف کا جواب ہے اور شرط کی جزاء محذوف ہے، قسم باجواب قسم قَائِلِيْنَ محذوف کا مقولہ ہو کر دَعَوُا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

فَلَمَّآ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ يَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ ۙ مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؗ ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: فَاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم اَنْجٰى فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اِذَا مفاجاتیہ يَبْغُوْنَ کا مفعول فیہ مقدم هُمْ ضمیر مبتدا، يَبْغُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِي الْاَرْضِ ظرف لغو متعلق ہوئے بِغَيْرِ الْحَقِّ ظرف مستقر مُبْطِلِيْنَ کے متعلق ہو کر يَبْغُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ مقدم خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ يَا حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل اَيُّ موصوف هَا برائے تنبیہ اَلنَّاسُ صفت، موصوف باصفت محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء، اِنَّ حرف تحقیق کفوفہ مَا کافہ بَغْيُكُمْ مرکب اضافی مبتدا عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

مَتَاعَ مضاف الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی فعل محذوف تَتَمَتَّعُوْنَ کا مفعول مطلق ہے یا تَبْتَغُوْنَ محذوف کا مفعول بہ ہے، ثُمَّ عاطفہ اِلَيْنَا ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَرْجِعُكُمْ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ نُنَبِّئُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، بَاء جارہ مَا موصولہ كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ وَ الْاَنْعَامُ ؕ حَتّٰۤى اِذَآ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَ ازَّيَّنَتْ وَ ظَنَّ اَهْلُهَاۤ اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَاۤ ۙ اَتٰىهَاۤ اَمْرُنَا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: اِنَّمَا میں اِنَّ کفوفہ، اور مَا کافہ ہے مَثَلُ مضاف الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مبتدا ہوا کاف جارہ مَآءٍ موصوف اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہُ ضمیر مفعول بہ مِنَ السَّمَآءِ ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اِخْتَلَطَ فعل بِهٖ ظرف لغو متعلق ہوئے، نَبَاتُ الْاَرْضِ مرکب اضافی ذوالحال، مِنْ جارہ مَا موصولہ يَاْكُلُ فعل

النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مجرو، جار بامجرور کَآئِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اخْتَلَطَ کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف مَآءٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَآئِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

حَتّٰی ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَخَذَتْ فعل الْاَرْضُ فاعل زُخْرُفَهَا مرکب اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ازَّیَّنَتْ فعل هِیَ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف اول، واؤ عاطفہ ظَنَّ فعل اَهْلُهَا مرکب اضافی فاعل اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اسم قٰدِرُوْنَ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْهَا جار بامجرور متعلق، تینوں مل کر خبر، اَنَّ بااسم و خبر ظَنَّ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین شرط اَتٰى فعل هَا ضمیر مفعول بہ اَمْرُنَا مرکب اضافی فاعل لَيْلًا اَوْ نَهَارًا معطوف علیہ با معطوف مفعول فیہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ اول حَصِيْدًا موصوف كَاَنْ حرف تشبیہ مخففہ من الثقلہ هَا ضمیر مقدر اس کا اسم، لَمْ تَغْنَ فعل هِیَ مستتر فاعل بِالْاَمْسِ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر خبر، حرف تشبیہ بااسم و خبر صفت، موصوف باصفت جَعَلْنَا کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ با معطوفین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ كَذٰلِكَ ظرف مستقر کَآئِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَفْصِيْلًا کے مفعول مطلق مقدم نُفَصِّلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْاٰيٰتِ مفعول بہ لام جارہ قَوْمٍ موصوف يَّتَفَكَّرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ؕ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، يَدْعُوْٓا فعل هُوَ مستتر فاعل اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَهْدِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل مَنْ يَّشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ، اِلٰى جارہ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، پھر یہ ظرف لغو يَهْدِيْ کے متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ؕ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: لام جارہ اَلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور کَآئِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ معطوف علیہ با معطوف مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ یا عاطفہ لَا يَرْهَقُ فعل وُجُوْهَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ مقدم قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ معطوف علیہ با معطوف فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ یا حالیہ ہوا۔ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ هُمْ ضمیر مبتدا، فِيْهَا ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے خٰلِدُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ جَزَآءُ سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا ۙ وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ كَاَنَّمَآ اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَسَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل السَّیِّاٰتِ مفعول بہ جَزَآءُ مصدر مضاف سَیِّئَةٍ مضاف الیہ بِمِثْلِھَا مصدر کے متعلق ہوئے، تینوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ تَرْھَقُ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ ذِلَّةٌ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ مَا نافیہ لَھُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مِنَ اللّٰہِ ظرف لغو متعلق مقدم، مِنْ جارہ زائدہ عَاصِمٍ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا کَاَنَّ حرف تشبیہ مَا کافہ اُغْشِیَتْ فعل مجہول وُجُوْھُھُمْ مرکب اضافی نائب فاعل قِطَعًا موصوف مِنَ الَّیْلِ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ مُظْلِمًا "اَلَّیْلِ" سے حال ہے فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ھُمْ فِیْھَا خٰلِدُوْنَ کی ترکیب اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ھُمْ فِیْھَا خٰلِدُوْنَ کی مثل ہے آیت نمبر ۲۶ میں دیکھئے۔

وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ وَشُرَكَآؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: واؤ استینافیہ یَوْمَ مضاف نَحْشُرُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر ذوالحال جَمِیْعًا حال، دونوں مل کر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ نَقُوْلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل، لام جارہ اَلَّذِیْنَ اَشْرَکُوْا موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول مَکَانَکُمْ مرکب اضافی فعل محذوف اِلْزَمُوْا کا مفعول بہ ہے اِلْزَمُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مرکب اضافی فعل محذوف ذَکِّرْھُمْ یا خَوِّفْھُمْ کا مفعول فیہ ہے (روح المعانی) اَنْتُمْ اِلْزَمُوْا کی ضمیر فاعل جو مَکَانَکُمْ کی طرف منتقل ہے اس کی تاکید ہے شُرَکَآؤُکُمْ کا اس پر عطف ہے۔ فاء استینافیہ زَیَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَیْنَھُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَالَ فعل شُرَکَآؤُ ھُمْ مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا نافیہ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم اِیَّانَا ضمیر منصوب مفعول بہ مقدم تَعْبُدُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل و مفعول بہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔

فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: فاء استینافیہ کَفٰی فعل باء جارہ زائدہ لفظ اَللّٰہِ محلًا مرفوع فاعل شَھِیْدًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بَیْنَنَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَیْنَکُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول فیہ، تینوں مل کر اَللّٰہِ اسم الجلالہ کا حال یا تمیز ہے،

فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنْ مخففہ من المثقلہ ضمیر محذوف نَا اس کا اسم کُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم عَنْ جارہ عِبَادَتِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے، لَام فارقہ غٰفِلِيْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر اِنْ مخففہ من المثقلہ کی خبر بنا۔ اِنْ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعلّلہ ہوا۔

هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ مَّآ اَسْلَفَتْ وَ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ وَ ضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ۠ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: هُنَالِكَ ظرف مکان مفعول فیہ مقدم تَبْلُوْا فعل كُلُّ نَفْسٍ مرکب اضافی فاعل مَا اسم موصول اَسْلَفَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ رُدُّوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلٰى جارہ اَللّٰهِ مبدل منہ مَوْلٰىهُمْ مرکب اضافی موصوف اَلْحَقِّ صفت، موصوف باصفت بدل، مبدل منہ بابدل مجرور، جار با مجرور ظرف لغو رُدُّوْا کے متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ ضَلَّ فعل عَنْهُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَفْتَرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

رکوع نمبر ۴

قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَ مَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ يُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَ مَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول مَنْ استفہامیہ مبتدا، يَرْزُقُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، مِنْ جارہ اَلسَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار با مجرور ظرف لغو يَرْزُقُ کے متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ هَمزہ حرف استفہام مَنْ اسم استفہام مبتدا، يَمْلِكُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلسَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، تینوں مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَنْ استفہامیہ مبتدا، يُخْرِجُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْحَيَّ مفعول بہ، مِنَ الْمَيِّتِ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُخْرِجُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْمَيِّتَ مفعول بہ، مِنَ الْحَيِّ ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف اول، واؤ عاطفہ مَنْ اسم استفہام مبتدا، يُدَبِّرُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْاَمْرَ مفعول بہ، تینوں مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ قول کا مقولہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ سَئَلْتُمُوْا سین علامت فعل يَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اَللّٰهُ مبتدا محذوف هُوَ کی خبر ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے

مل کر قول، ھَمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَا تَخَافُوْنَ اللّٰہَ، لَا تَتَّقُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ۖ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: فَاء استینا فیہ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ مرکب توصیفی مبتدا، رَبُّكُمُ مرکب اضافی موصوف اَلْحَقِّ صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ مَا اسم استفہام مبتدا، ذَا اسم موصول بَعْدَ الْحَقِّ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ اِلَّا حرف استثناء الضَّلٰلُ ذَا سے بدل ہے، فَاء عاطفہ اَنّٰى بمعنی اَیْنَ "کَائِنِیْنَ" کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم ہے، تُصْرَفُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہوا۔

كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: كَذٰلِكَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف حَقًّا کے مفعول مطلق مقدم حَقَّتْ فعل کَلِمَتُ رَبِّكَ مرکب اضافی مبدل منہ اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اسم لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بدل، مبدل منہ با بدل حَقَّتْ کا فاعل، عَلٰی جارہ اَلَّذِيْنَ فَسَقُوْا موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول مطلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول هَلْ حرف استفہام مِنْ جارہ شُرَكَآئِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول يَبْدَؤُا فعل ھُوَ مستتر فاعل الْخَلْقَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ يُعِيْدُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَللّٰهُ مبتدا، يَبْدَؤُ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْخَلْقَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ يُعِيْدُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اَنّٰى استفہامیہ کَائِنِیْنَ کا مفعول فیہ ہو کر تُؤْفَكُوْنَ کی ضمیر نائب فاعل سے حال مقدم، تُؤْفَكُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ ہوا۔

قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ۭ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۣ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ قول، هَلْ حرف استفہام مِنْ شُرَكَآئِكُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول يَهْدِيْ فعل ھُوَ مستتر فاعل اِلَى الْحَقِّ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ

مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَللّٰہُ مبتدا یَھْدِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل لِلْحَقِّ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

ھمزہ حرف استفہام فَاء حرف تفصیل مَنْ اسم موصول یَھْدِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل اِلَی الْحَقِّ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، اَحَقُّ اسم تفضیل مضاف اَنْ حرف مصدری و نصب یُتَّبَعَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مضاف الیہ، مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ مَنْ اسم موصول لَا یَھِدِّیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء اَنْ حرف مصدری و نصب یُھْدٰی فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل، دونوں مل کر بتاویل مصدر وَقْتَ مضاف محذوف کا مضاف الیہ، دونوں مل کر مستثنیٰ مفرغ مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا، اور خبر محذوف ہے اَحَقُّ اَنْ یُّتَّبَعَ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ فَاء استینافیہ مَا اسم استفہام مبتدا لَکُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ کَیْفَ کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر بواسطہ موصوف محذوف حُکْمًا کے مفعول مطلق مقدم، تَحْکُمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

وَمَا یَتَّبِعُ اَکْثَرُھُمْ اِلَّا ظَنًّا ؕ اِنَّ الظَّنَّ لَا یُغْنِیْ مِنَ الْحَقِّ شَیْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰہَ عَلِیْمٌۢ بِمَا یَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۶: واؤ استینافیہ مَا نافیہ یَتَّبِعُ فعل اَکْثَرُھُمْ مرکب اضافی فاعل اِلَّا حرف استثناء ظَنًّا مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَلظَّنَّ اسم لَا یُغْنِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنَ الْحَقِّ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم شَیْـًٔا ذوالحال موخر، ذوالحال با حال مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰہَ اسم عَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ مَا مصدریہ یَفْعَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، صفت مشبہ با فاعل اور متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَمَا کَانَ ھٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ یُّفْتَرٰی مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ وَلٰکِنْ تَصْدِیْقَ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْہِ وَتَفْصِیْلَ الْکِتٰبِ لَا رَیْبَ فِیْہِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: واؤ استینافیہ مَا نافیہ کَانَ فعل ناقص ھٰذَا الْقُرْاٰنُ مرکب توصیفی اسم اَنْ حرف مصدری و نصب یُفْتَرٰی فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل مِنْ جارہ دُوْنِ اللّٰہِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق بتاویل مصدر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰکِنْ مخففہ مہملہ تَصْدِیْقَ مضاف اَلَّذِیْ اسم موصول بَیْنَ یَدَیْہِ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا فعل محذوف ثَبَتَ کا، فعل با فاعل و مفعول فیہ صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ معطوف اول، واؤ عاطفہ تَفْصِیْلَ مصدر مضاف اَلْکِتٰبِ مضاف الیہ مرکب اضافی ذوالحال مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین کَانَ کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَا نفی جنس رَیْبَ اس کا اسم فِیْہِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا نفی جنس

باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: اَمْ عاطفہ منقطعہ بمعنی بَلْ، یَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِفْتَرٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول فاء فصیحہ اوراس کی شرط محذوف ہے اِنْ کَانَ الْاَمْرُ کَمَا تَقُوْلُوْنَ، اِیْتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ سُوْرَۃٍ موصوف مِثْلِهٖ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، دونوں مل کر متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُدْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مَنْ اسم موصول اِسْتَطَعْتُمْ فعل وفاعل مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اُدْعُوْا کا مفعول بہ، فعل وفاعل ومفعول بہ مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط محذوف کی جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم صٰدِقِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط اور جزاء محذوف ہے فَاْتُوْا یا اُدْعُوْا، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا يَاْتِهِمْ تَاْوِيْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: بَلْ حرف عطف برائے اضراب کَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ مَا اسم موصول لَمْ یُحِیْطُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ عِلْمِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور کَذَّبُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ لَمَّا جازمہ یَاْتِ فعل هِمْ ضمیر مفعول بہ تَاْوِیْلُهٗ مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر لَمْ یُحِیْطُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ کَذٰلِكَ جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہوئے، کَائِنًا اسم فاعل اس میں ھُوَ ضمیر فاعل، اسم فاعل بافاعل شبہ جملہ ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَکْذِیْبًا کے مفعول مطلق مقدم، کَذَّبَ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِهِمْ جار بامجرور ظرف مستقر فعل محذوف مَضَوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فاء فصیحہ اوراس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَذَّبَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ، اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل کَیْفَ کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر کَانَ کی خبر مقدم، کَانَ فعل ناقص عَاقِبَةُ الظّٰلِمِیْنَ مرکب اضافی اسم، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿۴۰﴾

آیت نمبر ۴۰: واؤ استینافیہ مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول یُؤْمِنُ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِهٖ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْهُمْ

ظرف مستقر کائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَنْ اسم موصول لَا یُؤْمِنُ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِهٖ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ رَبُّكَ مرکب اضافی مبتدا اَعْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل بِالْمُفْسِدِیْنَ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۚ اَنْتُمْ بَرِيْٓــُٔوْنَ مِمَّآ اَعْمَلُ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴۱: واؤ عاطفہ یا استینافیہ کَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط فاء جزائیہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، لِیْ جار با مجرور کائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَمَلِیْ مضاف و مضاف الیہ مل کر مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَكُمْ جار با مجرور کائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَمَلُكُمْ مضاف و مضاف الیہ مل کر مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اَنْتُمْ مبتدا بَرِیْٓــُٔوْنَ صیغہ صفت اس میں اَنْتُمْ مستتر فاعل مِنْ حرف جار مَا موصول اَعْمَلُ فعل اَنَا مستتر فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور صیغہ صفت کے متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَا مبتدا، بَرِیْٓءٌ صیغہ صفت اس میں اَنَا ضمیر مستتر فاعل، مِنْ حرف جر مَا موصول تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور صیغہ صفت کے متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ ۭ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوْا لَا يَعْقِلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴۲: واؤ عاطفہ مِنْهُمْ ظرف مستقر کائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول یَسْتَمِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَیْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ھمزہ حرف استفہام فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے یَسْتَمِعُوْنَ اِلَیْكَ (روح المعانی) اَنْتَ ضمیر مبتدا، تُسْمِعُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَلصُّمَّ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔ واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم لَا یَعْقِلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر شرط اور جزاء محذوف ہے اَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر اَلصُّمَّ سے حال ہے۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْظُرُ اِلَيْكَ ۭ اَفَاَنْتَ تَهْدِي الْعُمْيَ وَلَوْ كَانُوْا لَا يُبْصِرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴۳: واؤ عاطفہ مِنْهُمْ ظرف مستقر کائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول یَنْظُرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اِلَیْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ ھمزہ حرف استفہام

فاء عاطفہ اَنْتَ ضمیر مبتدا، تَهْدِیْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل الْعُمْیَ مفعول بہ، تینوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ محذوف۔ هُمْ یَعْمَوْنَ اپنے معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم لَا یُبْصِرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص بااسم وخبر شرط اور جزاء محذوف ہے اَنْتَ تَهْدِی الْعُمْیَ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر الْعُمْیَ سے حال ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا یَظْلِمُ النَّاسَ شَیْــٴًـا وَّ لٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ یَظْلِمُوْنَ ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۴: اِنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰهَ اسم لَا یَظْلِمُ فعل هُوَ مستتر فاعل النَّاسَ مفعول بہ اول، شَیْــٴًـا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ یاعاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک النَّاسَ اس کا اسم اَنْفُسَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ مقدم یَظْلِمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر خبر، لٰكِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر النَّاسَ کا حال ہے یا جملہ مستانفہ پر معطوف ہے۔

وَ یَوْمَ یَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ یَلْبَثُوْۤا اِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ یَتَعَارَفُوْنَ بَیْنَهُمْ ؕ قَدْ خَسِرَ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ وَ مَا كَانُوْا مُهْتَدِیْنَ ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵: واؤ استینا فیہ یَوْمَ مضاف یَحْشُرُ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر ذوالحال كَاَنْ مخففہ من الثقلہ ضمیر اس کا اسم لَمْ یَلْبَثُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء سَاعَةً موصوف مِنَ النَّهَارِ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول فیہ كَاَنْ کی خبر، كَاَنْ بااسم وخبر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ یَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ یَتَعَارَفُوْنَ کا مفعول فیہ مقدم، یَتَعَارَفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَیْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قَدْ علامت فعل خَسِرَ فعل الَّذِیْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ لِقَآءِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم مُهْتَدِیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَ اِمَّا نُرِیَنَّكَ بَعْضَ الَّذِیْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّیَنَّكَ فَاِلَیْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللّٰهُ شَهِیْدٌ عَلٰى مَا یَفْعَلُوْنَ ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶: واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ مَا زائدہ نُرِیَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اول بَعْضَ مضاف الَّذِیْ اسم موصول نَعِدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ نَتَوَفَّیَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، فاء جزائیہ اِلَیْنَا جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَرْجِعُهُمْ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لفظ اَللّٰهُ مبتدا، شَهِیْدٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل عَلٰى جارہ مَا موصولہ

یَفْعَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور شَهِیْدٌ کے متعلق ہوئے، صیغہ صفت بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ رَسُوْلُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۴۷﴾

آیت نمبر ۴۷: واؤ عاطفہ لَام جارہ كُلِّ اُمَّةٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم رَسُوْلٌ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ فاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل رَسُوْلُهُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قُضِيَ فعل مجہول هُوَ مستتر ذوالحال بَيْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ بِالْقِسْطِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر قُضِيَ کی ضمیر سے حال ہے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَا يُظْلَمُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۸: واؤ استینافیہ يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول مَتٰى استفہامیہ كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم هٰذَا الْوَعْدُ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم صٰدِقِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے فَمَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۭ اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول، لَآ اَمْلِكُ فعل اَنَا مستتر فاعل لِنَفْسِيْ جار بامجرور متعلق ہوئے ضَرًّا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ نَفْعًا معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِلَّا حرف استثناء بمعنی لٰكِنَّ، مَا اسم موصول شَآءَ فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا، خبر محذوف ہے كَائِنٌ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَام جارہ كُلِّ اُمَّةٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَجَلٌ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلِّلَہ ہوا۔ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل اَجَلُهُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سَاعَةً مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يَسْتَقْدِمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ بَيَاتًا اَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۰﴾

آیت نمبر ۵۰: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَرَءَيْتُمْ بمعنی اَخْبِرُوْنِیْ، اَخْبِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ اوّل مَاذَا بمعنی اَیُّ شَیْءٍ مفعول بہ مقدم یَسْتَعْجِلُ فعل مِنْهُ ظرف لغو متعلق ہوئے اَلْمُجْرِمُوْنَ فاعل، چاروں مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط اَتٰی فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ عَذَابُهٗ مرکب اضافی فاعل بَيَاتًا اَوْ نَهَارًا معطوف علیہ با معطوف مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے نَدِمْتُمْ عَلَى اسْتِعْجَالِكُمُ الْعَذَابَ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ اٰمَنْتُمْ بِهٖ ؕ آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۵۱﴾

آیت نمبر ۵۱: ھَمزہ حرف استفہام ثُمَّ حرف عطف اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم مَا زائدہ وَقَعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر شرط اٰمَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِهٖ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر شرط اوّل کی جزاء محذوف پر معطوف ہے۔ ھَمزہ حرف استفہام آٰلْـٰٔنَ مفعول فیہ ہے فعل محذوف اٰمَنْتُمْ بِهٖ کا، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم بِهٖ جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے تَسْتَعْجِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے اٰمَنْتُمْ کی ضمیر فاعل سے۔

ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ ۚ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۵۲﴾

آیت نمبر ۵۲: ثُمَّ عاطفہ قِيْلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل لَام جارہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول ظَلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل عَذَابَ الْخُلْدِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ هَلْ حرف استفہام تُجْزَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلَّا حرف استثناء بَاء جارہ مَا موصولہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَكْسِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ مُعَلَّلہ ہوا۔

وَيَسْتَنْۢبِـُٔوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ ؕ قُلْ اِيْ وَرَبِّيْٓ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ؕ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۳: واؤ استینافیہ يَسْتَنْۢبِـُٔوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل ھَمزہ حرف استفہام حَقٌّ خبر مقدم ھُوَ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِيْ حرف ایجاب واؤ قسمیہ جارہ رَبِّيْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور فعل محذوف اُقْسِمُ کے متعلق ہوئے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم، اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اسم لَام مذحلقہ حَقٌّ خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا حجازیہ اَنْتُمْ ضمیر اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ مُعْجِزِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے

مل کر فلا منصوب خبر، مَا حجازیہ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب قسم پر معطوف ہے

❁ رکوع نمبر ٦ ❁

وَ لَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِی الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهٖ ؕ وَ اَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ وَ قُضِیَ بَیْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَ هُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ﴿۵۴﴾

آیت نمبر۵۴: واؤ استینافیہ لَوْ حرف شرط اَنَّ حرف تحقیق لام جارہ کُلِّ مضاف نَفْسٍ موصوف ظَلَمَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَا اسم موصول فِی الْاَرْضِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ اسم مؤخر، اِنَّ بااسم وخبر بتاویل مفرد فعل محذوف ثَبَتَ کا فاعل ہوا، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لام جوابیہ اِفْتَدَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اَسَرُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل النَّدَامَةَ مفعول بہ لَمَّا ظرف زمان مضاف رَاَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الْعَذَابَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ اَسَرُّوْا کا مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ قُضِیَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل بَیْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ بِالْقِسْطِ ظرف مستقر کائِنًا کے متعلق ہو کر قُضِیَ کی ضمیر نائب فاعل سے حال ہے، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ھُمْ ضمیر مبتدا، لَا یُظْلَمُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾

آیت نمبر۵۵: اَلَا حرف تنبیہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل لِلّٰهِ ظرف مستقر کائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَا اسم موصول فِی حرف جر السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مَا منصوب اسم مؤخر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اَلَا حرف تنبیہ اِنَّ حرف تحقیق وَعْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی اسم حَقٌّ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَكْثَرَهُمْ مرکب اضافی اسم لَا یَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، لٰكِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هُوَ یُحْیٖ وَ یُمِیْتُ وَ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۶﴾

آیت نمبر۵۶: ھُوَ ضمیر مبتدا، یُحْیٖ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُمِیْتُ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلَیْهِ ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے تُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا

یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْکُمْ مَّوْعِظَۃٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ لا وَ ھُدًی وَّ رَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۵۷﴾

آیت نمبر۵۷: یَا حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل اَیُّ موصوف ھَا برائے تنبیہ اَلنَّاسُ صفت، موصوف باصفت محلاً منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء قَدْ علامت فعل جَآءَتْ فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مَوْعِظَۃٌ موصوف مِنْ جارہ رَبِّکُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ شِفَآءٌ موصوف لَام جارہ مَا اسم موصول فِی الصُّدُوْرِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف اوّل، واؤ عاطفہ ھُدًی معطوف ثانی، واؤ عاطفہ رَحْمَۃٌ موصوف لِلْمُؤْمِنِیْنَ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰہِ وَبِرَحْمَتِہٖ فَبِذٰلِکَ فَلْیَفْرَحُوْا ط ھُوَ خَیْرٌ مِّمَّا یَجْمَعُوْنَ ﴿۵۸﴾

آیت نمبر۵۸: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول بَاء جارہ فَضْلِ اللّٰہِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَاء جارہ رَحْمَتِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف متعلق ہوئے فعل محذوف یَفْرَحُوْا کے، لِیَفْرَحُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اور متعلق سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ فَرِحُوْا بِشَیْءٍ، بِذٰلِکَ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے، فَاء زائدہ لِیَفْرَحُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جزاء، شرط محذوف جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔ ھُوَ ضمیر مبتدا خَیْرٌ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ مَا اسم موصول یَجْمَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ اَرَءَیْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰہُ لَکُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْہُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا ط قُلْ آٰللّٰہُ اَذِنَ لَکُمْ اَمْ عَلَی اللّٰہِ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۹﴾

آیت نمبر۵۹: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، ھَمزہ حرف استفہام رَءَیْتُ فعل تُمْ ضمیر فاعل، مَا موصولہ اَنْزَلَ فعل لفظ اَللّٰہُ فاعل لَکُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ رِزْقٍ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ جَعَلْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل مِنْہُ جار با مجرور متعلق ہوئے حَرَامًا وَّ حَلٰلًا معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَنْزَلَ پر معطوف ہے۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، ھَمزہ حرف استفہام اَللّٰہُ مبتدا، اَذِنَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَکُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ عَلَی اللّٰہِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم، تَفْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول

یا مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

وَ مَا ظَنُّ الَّذِیْنَ یَفْتَرُوْنَ عَلَی اللّٰهِ الْكَذِبَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَی النَّاسِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَشْكُرُوْنَ ﴿۶۰﴾

آیت نمبر ۶۰: واؤ استینافیہ مَا استفہامیہ مبتدا، ظَنُّ مصدر مضاف اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَفْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَی اللّٰهِ جار بامجرور متعلق ہوئے اَلْكَذِبَ مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ظَنُّ کا مضاف الیہ معنًی فاعل یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مرکب اضافی ظَنُّ کا مفعول فیہ، مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ معنًی فاعل و مفعول فیہ سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰهَ اسم لَام مزحلقہ ذُوْ مضاف فَضْلٍ مصدر عَلَی النَّاسِ ظرف لغو مصدر کے متعلق ہوئے، مصدر با متعلق مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَكْثَرَهُمْ مرکب اضافی اس کا اسم لَا یَشْكُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لٰكِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۷ ❁

وَ مَا تَكُوْنُ فِیْ شَاْنٍ وَّ مَا تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ وَّ لَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَیْكُمْ شُهُوْدًا اِذْ تُفِیْضُوْنَ فِیْهِ ؕ وَ مَا یَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِی الْاَرْضِ وَ لَا فِی السَّمَآءِ وَ لَاۤ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَ لَاۤ اَكْبَرَ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ﴿۶۱﴾

آیت نمبر ۶۱: واؤ استینافیہ مَا نافیہ تَكُوْنُ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم، فِیْ شَاْنٍ جار با مجرور ظرف مستقر كَآئِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ تَتْلُوْا فعل اَنْتَ مستتر فاعل مِنْهُ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مِنْ جارہ زائدہ قُرْاٰنٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ لَا تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ عَمَلٍ محلاً منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

اِلَّا حرف استثناء كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم عَلَیْكُمْ جار با مجرور متعلق مقدم شُهُوْدًا اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل اِذْ مضاف تُفِیْضُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْهِ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، اسم فاعل با فاعل و متعلق مقدم و مفعول فیہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال ہے لَا تَعْمَلُوْنَ کی ضمیر فاعل سے۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ یَعْزُبُ فعل عَنْ رَّبِّكَ جار با مجرور متعلق ہوئے مِنْ جارہ مِثْقَالِ ذَرَّةٍ مرکب اضافی موصوف فِی الْاَرْضِ ظرف لغو معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ فِی السَّمَآءِ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف كَآئِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت لفظاً مجرور محلاً مرفوع فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لَا نفی جنس اَصْغَرَ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنْ ذٰلِكَ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَكْبَرَ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف لَا نفی جنس کا اسم، اِلَّا حرف

استثناء فِیْ جارہ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر، لَا نفی جنس با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۲﴾

آیت نمبر ۶۲: اَلَا حرف تنبیہ اِنَّ حرف تحقیق اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ مرکب اضافی اس کا اسم لَا نافیہ خَوْفٌ مبتدا، عَلَیْھِمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نافیہ ھُمْ ضمیر مبتدا یَحْزَنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۶۳﴾ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۭ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۶۴﴾

آیت نمبر ۶۳، ۶۴: اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَتَّقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مبتدا، لَھُمْ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْبُشْرٰی ذوالحال فِیْ حرف جار اَلْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فِی الْاٰخِرَۃِ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَا نفی جنس تَبْدِیْلَ اس کا اسم لَام جارہ کَلِمٰتِ اللّٰہِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا نفی جنس با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، ھُوَ ضمیر فصل اَلْفَوْزُ الْعَظِیْمُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۭ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۶۵﴾

آیت نمبر ۶۵: واؤ استینافیہ لَا یَحْزُنْ فعل نہی کاف ضمیر مفعول بہ قَوْلُھُمْ مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَلْعِزَّۃَ مؤکد جَمِیْعًا تاکید، دونوں مل کر اسم لِلّٰہِ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ ھُوَ ضمیر مبتدا، اَلسَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معلِّلہ ہوا۔

اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ ۭ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَآءَ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۶۶﴾

آیت نمبر ۶۶: اَلَا حرف تنبیہ اِنَّ حرف تحقیق لِلّٰہِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول فِی السَّمٰوٰتِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول فِی الْاَرْضِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ یَتَّبِعُ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جار دُوْنِ اللّٰہِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنَۃً

کے متعلق ہو کر حال مقدم شُرَكَآءَ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ صلہ، موصول باصلہ یَتَّبِعُ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنْ نافیہ یَتَّبِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء الظَّنَّ مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ نافیہ هُمْ ضمیر مبتدا، اِلَّا حرف استثناء یَخْرُصُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الَّیْلَ لِتَسْكُنُوْا فِیْهِ وَ النَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّسْمَعُوْنَ ۞۶۷

آیت نمبر ۶۷: هُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلَّیْلَ مفعول بہ لَامِ جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَسْكُنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور جَعَلَ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَلنَّهَارَ ذوالحال مُبْصِرًا حال، ذوالحال باحال اَلَّیْلَ پر معطوف ہے اِنَّ حرف تحقیق فِیْ ذٰلِكَ ظرف مستقر كَائِنَاتٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لَامِ مزحلقہ اٰیٰتٍ موصوف لَامِ جارہ قَوْمٍ موصوف یَسْمَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَاتٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلِّلہ ہوا۔

قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ الْغَنِیُّ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ ؕ اِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍۭ بِهٰذَا ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۞۶۸

آیت نمبر ۶۸: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِتَّخَذَ فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل وَلَدًا مفعول بہ، تینوں مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ سُبْحٰنَهٗ مفعول مطلق ہے فعل محذوف سَبَّحْنَا کا، فعل بافاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ هُوَ مبتدا، الْغَنِیُّ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَهٗ ظرف مستقر كَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا موصول فِی السَّمٰوٰتِ جار با مجرور ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصول فِی الْاَرْضِ جار با مجرور ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنْ نافیہ عِنْدَكُمْ مضاف بامضاف الیہ كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ سُلْطٰنٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع موصوف بِهٰذَا جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ هَمزہ حرف استفہام تَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَى اللّٰهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، مَا موصولہ لَا تَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

قُلْ اِنَّ الَّذِیْنَ یَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا یُفْلِحُوْنَ ۞۶۹

آیت نمبر ۶۹: قُلْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَفْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰی

اللّٰہِ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلْکَذِبَ مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اسم، لَا یُفْلِحُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا

مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيْدَ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝۷۰

آیت نمبر ۷۰: مَتَاعٌ موصوف فِي الدُّنْيَا ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا با خبر معطوف علیہ، ثُمَّ حرف عطف اِلَيْنَا جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَرْجِعُهُمْ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف اوّل، ثُمَّ حرف عطف نُذِيْقُ فعل نَحْنُ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل اَلْعَذَابَ الشَّدِيْدَ مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، بَاء جارہ مَا مصدریہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَكْفُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل فعل ناقص کی خبر، فعل ناقص بااسم و خبر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور نُذِيْقُ کے متعلق ہوئے، نُذِيْقُ فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ اور متعلق سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

۞ رکوع نمبر ۸ ۞

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ ۘ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِيْ وَتَذْكِيْرِيْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَاَجْمِعُوْۤا اَمْرَكُمْ وَشُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوْۤا اِلَيَّ وَلَا تُنْظِرُوْنِ ۝۷۱

آیت نمبر ۷۱: واؤ استینافیہ اُتْلُ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے نَبَاَ نُوْحٍ مرکب اضافی مبدل منہ، اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَام جارہ قَوْمِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، يٰقَوْمِ اصل میں يَا قَوْمِيْ ہے اور یہ نداء ہے، اِنْ حرف شرط كَانَ فعل ناقص ضمیر شان اس کا اسم كَبُرَ فعل عَلَيْكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، مَقَامِيْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَذْكِيْرِ مصدر مضاف يَاء ضمیر مضاف الیہ معنًی فاعل بَاء جارہ اٰيٰتِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، مصدر اپنے مضاف الیہ معنًی فاعل اور متعلق سے مل کر معطوف، دونوں مل کر فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ عَلَى اللّٰهِ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے، تَوَكَّلْتُ فعل تاء مضمومہ فاعل، فعل بافاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء نداء کا جواب، نداء با جواب مقولہ، قول بامقولہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بدل الاشتمال، مبدل منہ بابدل اُتْلُ کا مفعول بہ، فعل امر اپنے فاعل و متعلق و مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، اَجْمِعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَمْرَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، واؤ بمعنی مَعَ "شُرَكَآءَكُمْ مرکب اضافی مفعول معہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَا يَكُنْ فعل ناقص نہی اَمْرُكُمْ مرکب اضافی اس کا اسم، عَلَيْكُمْ جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم، غُمَّةً ذوالحال موخر، ذوالحال باحال خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ انشائیہ

معطوف اول، ثُمَّ عاطفہ اِقْضُوْٓا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِلَیَّ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی ہوا، واؤ عاطفہ لَا تُنْظِرُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر محذوف مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۙ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷۲: فاء استینافیہ اِنْ حرف شرط تَوَلَّیْتُمْ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے ھَلَکْتُمْ (مظہری) شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فاء تعلیلیہ مَا نافیہ سَاَلْتُ فعل تاء مضمومہ فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ جارہ زائدہ اَجْرٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معللہ ہوا۔ اِنْ نافیہ اَجْرِیَ مرکب اضافی مبتدا، اِلَّا حرف استثناء عَلَی اللّٰہِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُمِرْتُ فعل مجہول تاء مضمومہ نائب فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب اَکُوْنَ فعل ناقص اَنَا مستتر اس کا اسم مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض ہے اور اصل میں بِاَنْ ہے، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، دونوں مل کر جملہ معطوفہ مُعلَّلہ ہوا۔

فَكَذَّبُوْهُ فَنَجَّيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَجَعَلْنٰهُمْ خَلٰٓئِفَ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷۳: فاء عاطفہ کَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ نَجَّیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، واؤ بمعنی مَعَ "مَنْ موصولہ مَعَہٗ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ مفعول معہ فِی الْفُلْکِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اول، خَلٰٓئِفَ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَغْرَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، بَاء جارہ اٰیٰتِنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ اَغْرَقْنَا کا مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جملہ معطوفہ ہوا۔

فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل کَیْفَ ظرف زمان کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم کَانَ فعل ناقص عَاقِبَۃُ الْمُنْذَرِیْنَ مرکب اضافی اسم، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ۝

آیت نمبر۷۴: ثُمَّ عاطفہ بَعَثْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْۢ بَعْدِهٖ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم رُسُلًا موصوف اِلٰى قَوْمِهِمْ مَبْعُوْثِيْنَ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بِالْبَيِّنٰتِ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فَاء عاطفہ مَا نافیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم لَام جحد یہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِ جارہ مَا موصولہ كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ قَبْلُ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ كَذٰلِكَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف طَبْعًا کے مفعول مطلق مقدم نَطْبَعُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَلٰى حرف جار قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَ هٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ۝

آیت نمبر۷۵: ثُمَّ عاطفہ بَعَثْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْۢ بَعْدِهِمْ ظرف مستقر كَائِنَيْنِ کے متعلق ہو کر حال مقدم مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ معطوف علیہ بامعطوف ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ اِلٰى حرف جار فِرْعَوْنَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَلَا۟ئِهٖ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے بِاٰيٰتِنَا ظرف مستقر مُتَلَبِّسَيْنِ کے متعلق ہو کر مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ کا حال ہے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اِسْتَكْبَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ مرکب توصیفی خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

آیت نمبر۷۶: فَاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَلْحَقُّ فاعل مِنْ جارہ عِنْدِنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالُوْٓا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق هٰذَا اس کا اسم، لَام مزحلقہ سِحْرٌ مُّبِيْنٌ مرکب توصیفی خبر، اِنَّ بااسم و خبر مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ مُوْسٰٓى اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ ؕ اَسِحْرٌ هٰذَا ؕ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ۝

آیت نمبر۷۷: قَالَ فعل مُوْسٰى فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، هَمْزَہ حرف استفہام تَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لِلْحَقِّ جار با مجرور متعلق ہوئے لَمَّا حینیہ مضاف جَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قول، هَمْزَہ استفہامیہ سِحْرٌ خبر مقدم هٰذَا مبتدا مؤخر، مبتدا با

خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ قول اوّل کا مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ لَایُفْلِحُ فعل السّٰحِرُوْنَ فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر تَقُوْلُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَیْهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِیَآءُ فِی الْاَرْضِ ؕ وَ مَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِیْنَ ﴿۷۸﴾

آیت نمبر ۷۸: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، ھَمزہ حرف استفہام جِئْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، لَام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَلْفِتَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ عَنْ جارہ مَا موصولہ وَجَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَیْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے اٰبَآء نَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَكُوْنَ فعل ناقص لَكُمَا ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَلْكِبْرِیَآءُ ذوالحال فِی الْاَرْضِ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اسم مؤخر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور جِئْتَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا مشابہ "بہ لَیْسَ نَحْنُ اس کا اسم لَكُمَا جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے، بَاء جارہ زائدہ مُؤْمِنِیْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مَا حجازیہ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِیْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِیْمٍ ﴿۷۹﴾

آیت نمبر ۷۹: واؤ استینافیہ قَالَ فعل فِرْعَوْنُ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِئْتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ، بَاء جارہ كُلِّ مضاف سٰحِرٍ عَلِیْمٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓی اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿۸۰﴾

آیت نمبر ۸۰: فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے فَاَتَوْا بِالسَّحَرَةِ، لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل السَّحَرَةُ فاعل، دونوں مل کر شرط، قَالَ فعل لَهُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے مُوْسٰی فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، اَلْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، مُلْقُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اَلْقُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۸۱﴾ وَیُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸۲﴾

آیت نمبر ۸۱، ۸۲: فَاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم اَلْقَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول،

قَالَ فعل مُوْسٰی فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول مَاموصولہ جِئْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِہٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، اَلسِّحْرُ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰہَ اس کا اسم سِین علامت فعل یُبْطِلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعلِّلہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰہَ اسم لَایُصْلِحُ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُحِقُّ فعل لفظ اَللّٰہُ فاعل بَاء جارہ کَلِمٰتِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اَلْحَقَّ ذوالحال، واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ کَرِہَ فعل اَلْمُجْرِمُوْنَ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے یُحِقُّ اللّٰہُ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر حال، ذوالحال با حال یُحِقُّ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۹ ❁

فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ ۭ وَاِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِي الْاَرْضِ ۚ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۸۳﴾

آیت نمبر ۸۳: فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے فَاَلْقٰی مُوْسٰی عَصَاہُ فَاِذَاھِیَ تَلْقَفُ مَایَاْفِکُوْنَ، مَانافیہ اٰمَنَ فعل لِمُوْسٰی جار با مجرور متعلق ہوئے، اِلَّا حرف استثناء ذُرِّیَّۃٌ موصوف مِنْ قَوْمِہٖ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت ذوالحال، عَلٰی حرف جار خَوْفٍ مصدر مِنْ جارہ فِرْعَوْنَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَلَا۟ئِہِمْ مرکب اضافی معطوف، دونوں مل کر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اَنْ مصدریہ یَفْتِنَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر بتاویل مصدر مفعول لہ، مصدر با متعلق و مفعول لہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال اٰمَنَ کا فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ اِنَّ حرف تحقیق فِرْعَوْنَ اس کا اسم لَام مذحلقہ عَالٍ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل فِی الْاَرْضِ ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم فاعل با فاعل و متعلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لَام مذحلقہ مِنَ الْمُسْرِفِیْنَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

وَقَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ﴿۸۴﴾

آیت نمبر ۸۴: واؤ عاطفہ قَالَ فعل مُوْسٰی فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، یٰقَوْمِ اصل میں یَاقَوْمِیْ ہے اور یہ نداء ہے، اِنْ حرف شرط کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم اٰمَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِاللّٰہِ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ عَلَیْہِ جار با مجرور متعلق مقدم تَوَکَّلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر نداء کا جواب، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم مُسْلِمِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر شرط، اور جزاء محذوف ہے فَتَوَکَّلُوْا عَلَیْہِ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَ نَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾

آیت نمبر ۸۶،۸۵: فاء عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول عَلَى اللّٰهِ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے، تَوَكَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، تینوں مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ رَبَّنَا اصل میں یَارَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے لَا تَجْعَلْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اول، فِتْنَةً موصوف لَام جارہ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَجِّ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ بَاء حرف جار رَحْمَتِكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق اول ہوئے، مِنْ جارہ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف نداء کا جواب، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

وَ اَوْحَيْنَاۤ اِلٰى مُوْسٰى وَ اَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّ اجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۷﴾

آیت نمبر ۸۷: واؤ استینا فیہ اَوْحَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلٰى حرف جار مُوْسٰى معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَخِيْهِ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اَنْ مصدریہ تَبَوَّاٰ فعل امر الف ضمیر فاعل، لَام جارہ قَوْمِكُمَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، بِمِصْرَ ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے بُيُوْتًا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلقین و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِجْعَلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بُيُوْتَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل، قِبْلَةً مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَقِيْمُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل الصَّلٰوةَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ بَشِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَلْمُؤْمِنِيْنَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ بتاویل مصدر اَوْحَيْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ قَالَ مُوْسٰى رَبَّنَاۤ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَ مَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّ اَمْوَالًا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰۤى اَمْوَالِهِمْ وَ اشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۸۸﴾

آیت نمبر ۸۸: واؤ استینا فیہ قَالَ مُوْسٰى فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول رَبَّنَا یہ اصل میں یَارَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے، اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم اٰتَيْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل فِرْعَوْنَ وَ مَلَاَهٗ معطوف علیہ با معطوف مفعول اوّل زِيْنَةً وَّ اَمْوَالًا معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی، فِي جارہ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور اٰتَيْتَ کے متعلق ہوئے، رَبَّنَا یہ اصل میں یَارَبَّنَا ہے اور یہ پہلے رَبَّنَا کی تاکید ہے لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يُضِلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ جارہ سَبِيْلِكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر بتاویل مصدر مجرور جار با مجرور اٰتَيْتَ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر

خبر، إِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔
رَبَّنَا یہ اصل میں یَارَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے اِطْمِسْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلٰی جارہ اَمْوَالِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُشْدُدْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلٰی حرف جار قُلُوْبِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ معترضہ ہوا۔ فَاء عاطفہ لَا یُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل حَتّٰی حرف غایت وجر اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، یَرَوُا فعل واؤ ضمیر فاعل الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ یُضِلُّوْا پر معطوف ہے (مظہری)

قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۹﴾

آیت نمبر ۸۹: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، قَدْ علامت فعل اُجِيْبَتْ فعل مجہول دَعْوَتُكُمَا مرکب اضافی نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، اِسْتَقِيْمَا فعل امر الف ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَتَّبِعٰٓنِّ فعل نہی الف ضمیر فاعل سَبِيْلَ مضاف اَلَّذِيْنَ اسم موصول لَا يَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ جٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَ جُنُوْدُهٗ بَغْيًا وَّ عَدْوًا ؕ حَتّٰٓى اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ وَ اَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۹۰﴾

آیت نمبر ۹۰: واؤ استینافیہ جٰوَزْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَاء جارہ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے اَلْبَحْرَ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَتْبَعَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ معطوف علیہ بامعطوف فاعل، بَغْيًا وَّعَدْوًا معطوف علیہ بامعطوف مفعول لہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔ حَتّٰی حرف غایت اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَدْرَكَ فعل هٗ ضمیر مفعول بہ اَلْغَرَقُ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اٰمَنْتُ فعل تَاء مضمومہ فاعل اَنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم لَا نفی جنس اِلٰهَ مبدل منہ، اَلَّذِيْٓ اسم موصول اٰمَنَتْ فعل بِهٖ جار بامجرور متعلق ہوئے بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ بدل، مبدل منہ بابدل لَا کا اسم اور خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ، لَا اپنے اسم و خبر سے مل کر اَنَّ کی خبر، اَنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ منصوب بنزع الخافض ہے یہ اصل میں بِاَنَّهٗ ہے، جار بامجرور اٰمَنْتُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَا ضمیر مبتدا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اٰمَنْتُ پر معطوف ہے

(روح المعانی) معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا

آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ عَصَیْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۹۱﴾

آیت نمبر ۹۱ : ھمزہ حرف استفہام آٰلْـٰٔنَ مفعول فیہ ہے فعل محذوف اٰمَنْتَ کا، اٰمَنْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر ذوالحال، واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل عَصَیْتَ فعل تَاء مفتوحہ فاعل قَبْلُ مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كُنْتَ فعل ناقص تَاء مفتوحہ اس کا اسم مِنَ الْمُفْسِدِیْنَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف ، معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال باحال اٰمَنْتَ کا فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ ہوا۔

فَالْیَوْمَ نُنَجِّیْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰیَةً ؕ وَاِنَّ كَثِیْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰیٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ﴿۹۲﴾

آیت نمبر ۹۲ : فَاء استینا فیہ اَلْیَوْمَ مفعول فیہ نُنَجِّیْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كَ ضمیر ذوالحال بَاء جارہ بَدَنِكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر مُصَاحِبًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَكُوْنَ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اسم لَام جارہ مَنْ اسم موصول خَلْفَكَ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم اٰیَةً ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو نُنَجِّیْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ اِنَّ حرف تحقیق كَثِیْرًا موصوف مِنَ النَّاسِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اسم، عَنْ حرف جار اٰیٰتِنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے لَام مزحلقہ غٰفِلُوْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۰ ❁

وَلَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ وَّرَزَقْنٰھُمْ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْا حَتّٰی جَآءَھُمُ الْعِلْمُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ یَقْضِیْ بَیْنَھُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فِیْمَا كَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ ﴿۹۳﴾

آیت نمبر ۹۳ : واؤ استینا فیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل بَوَّاْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ مرکب اضافی مفعول بہ، مُبَوَّاَ صِدْقٍ مرکب اضافی مفعول مطلق، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَزَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ الطَّیِّبٰتِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فَاء عاطفہ مَا نافیہ اِخْتَلَفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل حَتّٰی حرف غایت وجر جَآءَ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ ، اَلْعِلْمُ فاعل، تینوں مل کر محلاً مجرور، جار با مجرور اِخْتَلَفُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جواب قسم، قسم محذوف باجواب جملہ انشائیہ قسمیہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اس کا اسم یَقْضِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل بَیْنَھُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ اوّل، یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ ثانی، فِیْ حرف جار مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم، فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ کی ترکیب آیت نمبر ۱۹ میں دیکھئے اور یہ

خبر ہے، فعل ناقص بااسم وخبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور یَقْضِیْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعولین ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ کی، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ فَسْـَٔلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۹۴﴾

آیت نمبر ۹۴: فاء استینافیہ اِنْ حرف شرط كُنْتَ فعل ناقص تاء مفتوحہ اس کا اسم فِيْ حرف جار شَكٍّ موصوف مِنْ حرف جار مَا موصولہ اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَيْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٍ کے متعلق ہو کر شَكٍّ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اِسْئَلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَقْرَءُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْكِتٰبَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، مِنْ قَبْلِكَ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اِسْئَلْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل جَآءَ فعل کاف ضمیر مفعول بہ الْحَقُّ فاعل مِنْ رَّبِّكَ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، لَا تَكُوْنَنَّ فعل نہی اَنْتَ مستتر اس کا اسم مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۹۵﴾

آیت نمبر ۹۵: واؤ عاطفہ لَا تَكُوْنَنَّ فعل نہی ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم مِنْ جارہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ اٰيٰتِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔ فاء سببیہ عاطفہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَكُوْنَ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر كَوْنُكَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ کی تاویل میں ہو کر معطوف ہے اور معطوف علیہ جملہ سابقہ كَوْنُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۹۷﴾

آیت نمبر ۹۶، ۹۷: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اسم موصول حَقَّتْ فعل عَلَيْهِمْ ظرف لغو متعلق ہوئے كَلِمَتُ رَبِّكَ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ جَآءَتْ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ كُلُّ اٰيَةٍ مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے فَلَا يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ، شرط باجزاء

حال، ذوالحال باحال لَا یُؤْمِنُوْنَ کافاعل، حَتّٰی حرف غایت وجراوراس کے بعداَنْ مقدر ہے یَرَوُا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْعَذَابَ الْاَلِیْمَ مرکب 13
توصیفی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور لَا یُؤْمِنُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ
اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَلَوْ لَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ ؕ لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۹۸﴾

آیت نمبر۹۸: فاء استینافیہ لَوْلَا تحضیضیہ کَانَتْ فعل تام قَرْیَۃٌ موصوف اٰمَنَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف علیہ،
فاء عاطفہ نَفَعَ فعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ اِیْمَانُھَا مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با
معطوف قَرْیَۃٌ کی صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِلَّا حرف استثناء قَوْمَ یُوْنُسَ مرکب اضافی باعتبار معنی کے مستثنیٰ متصل ہے، تقدیر عبارت اس طرح ہوگی ھَلَّا اٰمَنَ اَھْلُ قَرْیَۃٍ
وَالْجَمِیْعُ مُشْتَرِکُوْنَ فِی الْعِقَابِ، تو "قَوْمَ یُوْنُسَ" اَلْجَمِیْعُ سے مستثنیٰ ہے، لَمَّا شرطیہ اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ
خبریہ شرط، کَشَفْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَنْھُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے عَذَابَ الْخِزْیِ مرکب اضافی ذوالحال فِیْ جارہ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا مرکب
توصیفی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ
معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَتَّعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اِلٰی حِیْنٍ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ
فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِي الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ؕ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۹۹﴾

آیت نمبر۹۹: واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ شَآءَ فعل رَبُّکَ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل شرط لَام جوابیہ اٰمَنَ فعل مَنْ اسم موصول
فِی الْاَرْضِ جار بامجرور فعل محذوف اِسْتَقَرَّ کے متعلق ہو کر صلہ موصول باصلہ مؤکد کُلُّھُمْ مرکب اضافی تاکید، مؤکد باتاکید ذوالحال جَمِیْعًا
حال، ذوالحال باحال اٰمَنَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ ھمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ
محذوف ہے رَبُّکَ لَا یَشَآءُ ذٰلِکَ (روح المعانی) اَنْتَ ضمیر مبتدا، تُکْرِہُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَلنَّاسَ مفعول بہ حَتّٰی حرف غایت وجر اوراس
کے بعد اَنْ مقدر ہے یَکُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم مُؤْمِنِیْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ
بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور تُکْرِہُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ
معطوف، معطوف علیہ محذوف بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

آیت نمبر۱۰۰: واؤ عاطفہ مَا نافیہ کَانَ فعل ناقص لِنَفْسٍ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَنْ حرف مصدری

ونصب تُؤْمِنَ فعل ھِیَ مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء بَاء جارہ اِذْنِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور مستثنیٰ مفرغ متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر اسم مؤخر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے یَأْذِنَ اللّٰهُ لِبَعْضِهِمْ فِي الْإِيْمَانِ ، يَجْعَلُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلرِّجْسَ مفعول بہ عَلٰی جارہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول لَا يَعْقِلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور يَجْعَلُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

قُلِ انْظُرُوْا مَا ذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۱﴾

آیت نمبر ۱۰۱: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول اُنْظُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مَاذَا استفہامیہ محلاً مرفوع مبتدا، فِيْ جارہ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ محلاً منصوب اُنْظُرُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ حالیہ یا اعتراضیہ مَا نافیہ تُغْنِيْ فعل اَلْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ معطوف علیہ با معطوف فاعل عَنْ حرف جار قَوْمٍ موصوف لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف لغو تُغْنِيْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ اُنْظُرُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے یا جملہ معترضہ ہے۔

فَهَلْ يَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ قُلْ فَانْتَظِرُوْۤا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾

آیت نمبر ۱۰۲: فاء استینافیہ هَلْ حرف استفہام يَنْتَظِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء مِثْلَ مضاف اَيَّامِ مضاف الیہ مضاف اَلَّذِيْنَ اسم موصول خَلَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ قَبْلِهِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ اَيَّامِ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مِثْلَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، اِنْتَظِرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر ذوالحال، مَعَكُمْ مرکب اضافی كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر اِنَّ کا اسم مِنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

ثُمَّ نُنَجِّيْ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾

آیت نمبر ۱۰۳: ثُمَّ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے نُهْلِكُ الْاُمَمَ (مظہری) نُنَجِّيْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل رُسُلَنَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با

معطوف مفعول بہ، نُنَجِّیْ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ کَذٰلِكَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا محذوف اَلْاَمْرُ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ حَقًّا مفعول مطلق ہے فعل محذوف یَحِقُّ کا عَلَیْنَا حَقًّا کے متعلق ہے یَحِقُّ فعل ھُوَ ضمیر فاعل اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ نُنْجِ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلْمُؤْمِنِیْنَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اور یہ بھی احتمال ہے کہ کَذٰلِكَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِنْجَآءً کے نُنْجِ کا مفعول مطلق ہو۔

۞ رکوع نمبر ۱۱ ۞

قُلْ یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِیْ شَكٍّ مِّنْ دِیْنِیْ فَلَآ اَعْبُدُ الَّذِیْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ لٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰىكُمْ ۖۚ وَ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَ اَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّیْنِ حَنِیْفًا ۚ وَ لَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۱۰۵﴾

آیت نمبر ۱۰۴، ۱۰۵ : قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، یَا حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل اَیُّ موصوف ھَا برائے تنبیہ اَلنَّاسُ صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ نداء، اِنْ حرف شرط کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم فِیْ جارہ شَكٍّ موصوف مِنْ جارہ دِیْنِیْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ لَآ اَعْبُدُ فعل اَنَا مستتر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول تَعْبُدُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہمل اَعْبُدُ فعل اَنَا مستتر فاعل اَللّٰهَ موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول یَتَوَفّٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ اَللّٰهَ کی صفت، موصوف باصفت اَعْبُدُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف نداء کا جواب، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اُمِرْتُ فعل مجہول تَاء مضمومہ اس کا نائب فاعل اَنْ مصدریہ اَكُوْنَ فعل ناقص اَنَا مستتر اس کا اسم مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف علیہ (مظہری) واؤ عاطفہ اَنْ مصدریہ ناصبہ اَقِمْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل وَجْهَكَ مرکب اضافی ذوالحال حَنِیْفًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، لِلدِّیْنِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل امر بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، واؤ عاطفہ لَا تَكُوْنَنَّ فعل نہی ناقص اَنْتَ مستتر اسم مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین بتاویل مصدر اَنْ اَكُوْنَ پر معطوف، معطوف علیہ با معطوف منصوب بنزع الخافض اُمِرْتُ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ اَعْبُدُ پر معطوف ہے

(فائدہ) وَاَنْ اَقِمْ ــــ الخ کی ترکیب میں دوسرے احتمال بھی ہیں جن کو اِعْرَابُ الْقُرْآن لِلدَّرْوِیْش میں دیکھئے۔

وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا یَنْفَعُكَ وَلَا یَضُرُّكَ ۚ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۱۰۶﴾

آیت نمبر ۱۰۶: واؤ عاطفہ لَا تَدْعُ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، مَا اسم موصول لَا یَنْفَعُ فعل هُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف علیہ، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل نہی بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا یا مستانفہ ہوا۔ فاء تعلیلیہ (فقیر) اِنْ حرف شرط فَعَلْتَ فعل تَاء مفتوحہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم اِذًا حرف جواب و جزاء مہمل، مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَاِنْ یَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ یُّرِدْكَ بِخَیْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ؕ یُصِیْبُ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ﴿۱۰۷﴾

آیت نمبر ۱۰۷: واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ یَمْسَسْ فعل کاف ضمیر مفعول بہ لفظ اَللّٰهُ فاعل بِضُرٍّ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ لَا نفی جنس كَاشِفَ اسم لَهٗ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہوئے، کَائِنٌ اسم فاعل هُوَ مستتر مبدل منہ اِلَّا حرف استثناء هُوَ ضمیر بدل، مبدل منہ با بدل فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق خبر، لَا نفی جنس بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط یُرِدْ فعل هُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، بِخَیْرٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ لَا نفی جنس رَآدَّ اس کا اسم لِفَضْلِهٖ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا نفی جنس بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ یُصِیْبُ فعل هُوَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے مَنْ اسم موصول یَشَآءُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، مِنْ عِبَادِهٖ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ یا عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، اَلْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ یا یُصِیْبُ پر معطوف ہے۔

قُلْ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰی فَاِنَّمَا یَهْتَدِیْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا یَضِلُّ عَلَیْهَا ۚ وَمَاۤ اَنَا عَلَیْكُمْ بِوَكِیْلٍ ؕ﴿۱۰۸﴾

آیت نمبر ۱۰۸: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اس کی ترکیب اسی رکوع کے شروع میں گزری ہے اور یہ نداء ہے، قَدْ علامت فعل جَآءَ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اَلْحَقُّ فاعل مِنْ رَّبِّكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، مَنْ اسم شرط مبتدا، اِهْتَدٰی فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اِنَّ مکفوفہ، مَا کافہ یَهْتَدِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل لِنَفْسِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ شرط محذوف کی جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ مَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا کا عطف مَنِ اهْتَدٰى۔۔الخ پر ہے اور اس کی ترکیب بھی اسی کی ترکیب سے واضح ہے۔واؤ عاطفہ مَا مشابہ "بہ لَيْسَ اَنَا ضمیر اس کا اسم عَلَيْكُمْ جار با مجرور وَكِيْلٍ کے متعلق مقدم ہوئے، بَاء جارہ زائدہ وَكِيْلٍ صیغہ صفت اَنَا مستتر فاعل، صیغہ صفت بافاعل و متعلق لفظاً مجرور محلاً مرفوع خبر، مَا حجازیہ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب نداء پر معطوف ہے۔

وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾

آیت نمبر۱۰۹: واؤ استینافیہ اِتَّبِعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مَا اسم موصول يُوْحٰى فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلَيْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِصْبِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل حَتّٰى حرف غایت و جر اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، يَحْكُمَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، دونوں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔اور یہ بھی احتمال ہے کہ واؤ عاطفہ ہو اور اِتَّبِعْ کا قُلْ پر عطف ہو۔واؤ استینافیہ هُوَ ضمیر مبتدا، خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ (سورۂ یُونس کی ترکیب بروز جمعہ بوقت صبح ۷:۲۰ پر ختم ہوئی ۱۱،۱۱،۲۰۱۶)

ترکیب سُوْرَۃُ هُوْد

رکوع نمبر۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٓرٰ کِتٰبٌ اُحْکِمَتْ اٰیٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَکِیْمٍ خَبِیْرٍ ①

آیت نمبر۱: الٓرٰ اس کی ترکیب سورۃ البقرۃ کے شروع میں دیکھئے۔ کِتٰبٌ موصوف اُحْکِمَتْ فعل مجہول اٰیٰتُهٗ مرکب اضافی نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ فُصِّلَتْ فعل مجہول هِیَ ضمیر نائب فاعل، مِنْ جارہ لَّدُنْ مضاف حَکِیْمٍ خَبِیْرٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف کِتٰبٌ کی صفت، موصوف باصفت خبر مبتدا محذوف هٰذَا کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنَّنِیْ لَکُمْ مِّنْهُ نَذِیْرٌ وَّبَشِیْرٌ ②

آیت نمبر۲: اَنْ حرف مصدری و نصب لَا تَعْبُدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء لفظ اللّٰہَ مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ بتاویل مصدر فُصِّلَتْ کا مفعول لہ ہے، اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم لَکُمْ ظرف لغو نَذِیْرٌ وَّبَشِیْرٌ کا متعلق مقدم ہے، مِنْهُ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، نَذِیْرٌ وَّبَشِیْرٌ معطوف علیہ بامعطوف ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلِّلَہ ہوا۔

وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّکُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَیْهِ یُمَتِّعْکُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی وَّیُؤْتِ کُلَّ ذِیْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ؕ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْکُمْ عَذَابَ یَوْمٍ کَبِیْرٍ ③

آیت نمبر۳: واؤ عاطفہ اَنْ مصدریہ اِسْتَغْفِرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل رَبَّکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا۔ ثُمَّ عاطفہ تُوْبُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِلَیْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر اَلَّا تَعْبُدُوْا پر معطوف ہے۔

(فائدہ) یہ بھی جائز ہے کہ اَلَّا تَعْبُدُوْا منصوب علی الاغراء ہو اور فعل محذوف اِلْزَمُوْا کا مفعول بہ ہو۔

یُمَتِّعْ فعل هُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ مَتَاعًا حَسَنًا مرکب توصیفی مفعول مطلق اِلٰی جارہ اَجَلٍ مُّسَمًّی مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور یُمَتِّعْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُؤْتِ فعل هُوَ مستتر فاعل کُلَّ مضاف ذِیْ فَضْلٍ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ اول فَضْلَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء ہے شرط محذوف اِنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّکُمْ کی جس پر اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّکُمْ دال ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ استینا فیہ اِنْ حرف شرط تَوَلَّوْا فعل مضارع واؤ ضمیر فاعل دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل عَلَیْکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے عَذَابَ مضاف یَوْمٍ کَبِیْرٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

اِلَی اللّٰهِ مَرْجِعُکُمْ ۚ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝۴

آیت نمبر۴: اِلَی اللّٰهِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَرْجِعُکُمْ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا، عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے قَدِیْرٌ کے، قَدِیْرٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل، صیغہ صفت با فاعل و متعلق مقدم شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلَآ اِنَّھُمْ یَثْنُوْنَ صُدُوْرَھُمْ لِیَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ؕ اَلَا حِیْنَ یَسْتَغْشُوْنَ ثِیَابَھُمْ ۙ یَعْلَمُ مَا یُسِرُّوْنَ وَمَا یُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۵

آیت نمبر۵: اَلَآ حرف تنبیہ اِنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اسم یَثْنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل صُدُوْرَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَسْتَخْفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهُ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور یَثْنُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اَلَا حرف تنبیہ حِیْنَ مضاف یَسْتَغْشُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ثِیَابَھُم مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ مقدم ہوا یَعْلَمُ کا، یَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول یُسِرُّوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ یُعْلِنُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف یَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم عَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر اس کا فاعل بَاء جارہ ذَاتِ الصُّدُوْرِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰهِ رِزْقُھَا وَیَعْلَمُ مُسْتَقَرَّھَا وَمُسْتَوْدَعَھَا ؕ کُلٌّ فِیْ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ۝۶

آیت نمبر۶: واؤ استینا فیہ مَا نافیہ مِنْ جارہ زائدہ دَآبَّةٍ موصوف فِی الْاَرْضِ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبتدا، اِلَّا حرف استثناء عَلَی اللّٰهِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر مبتدا، رِزْقُھَا مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مُسْتَقَرَّھَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مُسْتَوْدَعَھَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف (روح المعانی) معطوف علیہ با معطوف دَآبَّةٍ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ کُلٌّ مبتدا، اور اس کا مبتدا ہونا اس لئے صحیح ہے کہ اس میں عموم کا معنی ہے، فِیْ جارہ کِتٰبٍ

مُّبِیْنٌ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَآئِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ مُعلّلہ ہوا۔

وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَلَئِنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ لَيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

آیت نمبر۷: واؤ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول خَلَقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فِیْ جارہ سِتَّةِ اَيَّامٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ (روح المعانی) کَانَ فعل ناقص عَرْشُهٗ مرکب اضافی اسم عَلَى الْمَآءِ ظرف مستقر کَآئِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَلَّذِیْ کا صلہ، موصول با صلہ ھُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

لَامِ جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَبْلُوَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اول اَیُّکُمْ مرکب اضافی مبتدا، اَحْسَنُ اسم تفضیل ھُوَ ضمیر اس کا فاعل عَمَلًا تمیز، اسم تفضیل با فاعل و تمیز خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ محلًا منصوب مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو خَلَقَ کے متعلق ہوئے، واؤ استینافیہ لَامِ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ شرطیہ قُلْتَ فعل تَآء مفتوحہ فاعل، فعل با فاعل قول اِنَّ حرف تحقیق کُمْ ضمیر اس کا اسم مَبْعُوْثُوْنَ اسم مفعول اَنْتُمْ ضمیر نائب فاعل، مِنْ حرف جر بَعْدِ الْمَوْتِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے مَبْعُوْثُوْنَ کے، اسم مفعول با نائب فاعل و متعلق خبر اِنَّ با اسم و خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لَامِ جوابیہ یَقُوْلَنَّ فعل اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل قول اِنْ نافیہ ھٰذَا اسم اشارہ مبتدا اِلَّا حرف استثناء سِحْرٌ مُّبِیْنٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر جواب قسم، قسم محذوف با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

وَلَئِنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِلٰۤى اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ لَّيَقُوْلُنَّ مَا يَحْبِسُهٗ ؕ اَلَا يَوْمَ يَاْتِيْهِمْ لَيْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝

آیت نمبر۸: واؤ عاطفہ لَامِ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط اَخَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَنْهُمْ جار با مجرور متعلق اول اَخَّرْنَا کے اَلْعَذَابَ مفعول بہ، اِلٰی حرف جار اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَامِ جوابیہ یَقُوْلُنَّ فعل واؤ محذوف لِالْتِقَآءِ السَّاکِنَیْنِ فاعل، فعل با فاعل قول، مَا استفہامیہ مبتدا یَحْبِسُ فعل ھُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر جواب قسم، قسم محذوف با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ معطوفہ ہوا۔

اَلَا حرف تنبیہ یَوْمَ مضاف یَاْتِیْ فعل ھُوَ ضمیر فاعل ھِمْ ضمیر مفعول بہ، فعل فاعل اور مفعول بہ سے مل کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ مقدم ہوا لَیْسَ کی خبر کا، لَیْسَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر اس کا اسم مَصْرُوْفًا اسم مفعول ھُوَ ضمیر نائب فاعل عَنْهُمْ جار

بامجرور متعلق ہوئے، اسم مفعول بانائب فاعل و متعلق خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ حَاقَ فعل بِھِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے مَا اسم موصول کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم بِہٖ جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے، یَسْتَھْزِءُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر صلہ، موصول باصلہ حَاقَ کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ ۚ اِنَّهٗ لَيَئُوْسٌ كَفُوْرٌ ۝۹

آیت نمبر۹: واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط اَذَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلْاِنْسَانَ مفعول بہ اوّل مِنَّا ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال مقدم رَحْمَۃً ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ نَزَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ مِنْہُ جار بامجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے جس پر جواب قسم دال ہے، اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لَام مذحلقہ یَئُوْسٌ کَفُوْرٌ دو خبر، اِنَّ بااسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ قسمیہ ہوا۔

وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ؕ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ۝۱۰

آیت نمبر۱۰: واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط اَذَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل نَعْمَآءَ موصوف بَعْدَ مضاف ضَرَّآءَ موصوف مَسَّتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت اَذَقْنَا کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط ہوا۔ لَام جوابیہ یَقُوْلَنَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول ذَھَبَ فعل السَّیِّاٰتُ فاعل عَنِّیْ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ معطوفہ ہوا اور جواب شرط محذوف ہے جس پر جواب قسم دال ہے، اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لَام مذحلقہ فَرِحٌ فَخُوْرٌ دو خبر، اِنَّ بااسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝۱۱

آیت نمبر۱۱: اِلَّا حرف استثناء اَلَّذِیْنَ اسم موصول صَبَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ اَلْاِنْسَانَ سے مستثنٰی متصل ہے۔ اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، لَھُمْ ظرف مستقر کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَغْفِرَۃٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَجْرٌ کَبِیْرٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَ ضَآئِقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ؕ اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ۱۲

آیت نمبر۱۲: فَاء استینا فیہ لَعَلَّ حرف ترجی کاف ضمیر اس کا اسم تَارِكٌ اسم فاعل اَنْتَ مستتر فاعل بَعْضَ مضاف مَا اسم موصول يُوْحٰى فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل اِلَيْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، اسم فاعل با فاعل و مفعول بہ شبہ جملہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ضَآئِقٌ اسم فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے صَدْرُكَ مرکب اضافی فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب يَّقُوْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، لَوْلَآ تحضیضیہ اُنْزِلَ فعل مجہول عَلَيْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے كَنْزٌ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ جَآءَ فعل مَعَهٗ مرکب اضافی مفعول فیہ مَلَكٌ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ بتاویل مصدر محلًا منصوب ضَآئِقٌ کا مفعول لہ، اسم فاعل با فاعل و متعلق و مفعول لہ شبہ جملہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف لَعَلَّ کی خبر، لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق مکفوفہ مَا کافہ اَنْتَ ضمیر مبتدا نَذِيْرٌ صیغہ صفت اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ یا عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، عَلٰى حرف جار كُلِّ شَيْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے وَّكِيْلٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ یا جملہ اولیٰ پر معطوف ہے۔

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّ ادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۱۳

آیت نمبر۱۳: اَمْ منقطعہ بمعنی بَلْ "يَقُوْلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِفْتَرٰى فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ قول، فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ كَانَ الْاَمْرُ كَمَا تَقُوْلُوْنَ (روح المعانی) اِيْتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ عَشْرِ سُوَرٍ مرکب اضافی موصوف مِثْلِهٖ مرکب اضافی صفت اولیٰ، مُفْتَرَيٰتٍ اسم مفعول ھُنَّ مستتر نائب فاعل سے مل کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل امر با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُدْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مَنْ اسم موصول اِسْتَطَعْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اُدْعُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم صٰدِقِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط اور اس کی جزاء محذوف ہے جس پر سابق کلام دال ہے اور وہ فَاْتُوْا، وَادْعُوْا ہے۔

فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ

مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: فَاِلَّمْ یَسْتَجِیْبُوْا فاء استینافیہ اِنْ حرف شرط لَمْ یَسْتَجِیْبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اِعْلَمُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق کفوفہ، مَا کافہ اُنْزِلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر ذو الحال مِباء جارہ عِلْمِ اللّٰہِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور مُلْتَبِسًا کے متعلق ہو کر حال، ذو الحال با حال نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ اِعْلَمُوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَنْ مخففہ من المثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَا نفی جنس لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ کی ترکیب سورۃ المزمل میں دیکھیے اور یہ خبر ہے اَنْ مخففہ کی، اَنْ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ اَنَّمَا پر معطوف ہے۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ اُنْزِلَ الْقُرْاٰنُ بِعِلْمِ اللّٰہِ ھَلْ حرف استفہام اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، مُسْلِمُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: مَنْ اسم شرط مبتدا، کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم یُرِیْدُ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْحَیٰوۃَ الدُّنْیَا مرکب توصیفی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ زِیْنَتَھَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط نُوَفِّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اِلَیْھِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَعْمَالَھُمْ مرکب اضافی ذو الحال فِیْھَا ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال، ذو الحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ فعلیہ خبریہ مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا فِیْھَا جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے لَا یُبْخَسُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اِلَیْھِمْ کی ھِمْ ضمیر سے حال ہے۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَیْسَ فعل ناقص لَھُمْ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِی الْاٰخِرَۃِ ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال مقدم اِلَّا حرف استثناء النَّارُ ذو الحال مؤخر، ذو الحال با حال اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ حَبِطَ فعل مَا اسم موصول صَنَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْھَا جار با مجرور متعلق، تینوں مل کر صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ بٰطِلٌ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر مقدم مَا اسم موصول کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَعْمَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ اُولٰٓئِکَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّ

رَحْمَةً ؕ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ ۗ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: ھمزہ حرف استفہام فاء استینافیہ مَنْ اسم موصول کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم عَلٰی حرف جار بَیِّنَۃٍ موصوف مِنْ رَّبِّہٖ ظرف مستقر کَائِنَۃٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَتْلُوْ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ شَاھِدٌ موصوف مِنْہُ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت ذوالحال، واؤ حالیہ مِنْ قَبْلِہٖ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم کِتٰبُ مُوْسٰٓی مرکب اضافی ذوالحال اِمَامًا وَّرَحْمَۃً معطوف علیہ بامعطوف حال، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال یَتْلُوْ کا فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مَنْ کا صلہ، موصول باصلہ مبتدا، خبر محذوف ہے کَغَیْرِہٖ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ مبتدا، یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِہٖ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا، یَکْفُرْ فعل ھُوَ ضمیر ذوالحال مِنَ الْاَحْزَابِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، بِہٖ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اَلنَّارُ مبتدا، مَوْعِدُہٗ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، لَا تَکُ فعل نہی اَنْتَ مستتر اس کا اسم فِیْ جارہ مِرْیَۃٍ موصوف مِنْہُ ظرف مستقر کَائِنَۃٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم اَلْحَقُّ ذوالحال مِنْ رَّبِّکَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ واؤ حالیہ یا عاطفہ لٰکِنَّ حرف استدراک اَکْثَرَ النَّاسِ مرکب اضافی اسم لَا یُؤْمِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، لٰکِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ اَلْحَقُّ سے حال ثانیہ ہے یا جملہ اولیٰ پر معطوف ہے۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ اُولٰٓئِكَ يُعْرَضُوْنَ عَلٰى رَبِّهِمْ وَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۚ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۸﴾ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۸، ۱۹: واؤ استینافیہ مَنْ اسم استفہام مبتدا، اَظْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل مِنْ حرف جار مَنْ اسم موصول اِفْتَرٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَی اللّٰہِ جار بامجرور متعلق ہوئے کَذِبًا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور اَظْلَمُ کے متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل ومتعلق شبہ جملہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، یُعْرَضُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل عَلٰی رَبِّھِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَقُوْلُ فعل اَلْاَشْھَادُ فاعل،

دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، هٰٓؤُلَآءِ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَذَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰى رَبِّهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اُولٰٓئِكَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلَا حرف تنبیہ لَعْنَةُ اللّٰهِ مرکب اضافی مبتدا، عَلٰى حرف جار الظّٰلِمِيْنَ مبدل منہ، اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَصُدُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ جارہ سَبِيْلِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَبْغُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب بنزع الخافض اصل میں فِيْهَا ہے، جار با مجرور متعلق ہوئے عِوَجًا مفعول بہ، چاروں مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، بِالْاٰخِرَةِ جار با مجرور متعلق مقدم هُمْ ضمیر پہلے هُمْ کی تاکید ہے كٰفِرُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اَلَّذِيْنَ کا صلہ، موصول باصلہ بدل، مبدل منہ با بدل مجرور، جار با مجرور كَآئِنَةٌ کے متعلق ہو کر لَعْنَةُ اللّٰهِ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ لَمْ يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ۘ يُضٰعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ ؕ مَا كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ وَمَا كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ ۝۲۰

آیت نمبر ۲۰: اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، لَمْ يَكُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم مُعْجِزِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر ذوالحال فِي الْاَرْضِ كَآئِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، اسم فاعل با فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص لَهُمْ ظرف مستقر كَآئِنَةً کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ظرف مستقر كَآئِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ زائدہ اَوْلِيَآءَ محلاً مرفوع ذوالحال موخر، ذوالحال با حال اسم موخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر اوّل، يُضٰعَفُ فعل مجہول لَهُمْ متعلق ہوئے اَلْعَذَابُ نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق اُولٰٓئِكَ کی دوسری خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ مَا نافیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَسْتَطِيْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلسَّمْعَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يُبْصِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ معللہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝۲۱

آیت نمبر ۲۱: اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِيْنَ اسم موصول خَسِرُوْٓا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ضَلَّ فعل عَنْهُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے مَا موصولہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم يَفْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ ضَلَّ کا فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ اُولٰٓئِكَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ۝۲۲

آیت نمبر۲۲: لَا نافیہ جَرَمَ فعل اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر ذوالحال فِی الْاٰخِرَةِ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اَنَّ کا اسم هُمْ ضمیر فصل الْاَخْسَرُوْنَ خبر، اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰی رَبِّهِمْ ۙ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر۲۳: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ بواسطہ موصوف محذوف اَلْاَعْمَالَ مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَخْبَتُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰی رَبِّهِمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ هُمْ ضمیر مبتدا، فِیْهَا جار بامجرور متعلق مقدم خٰلِدُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اُولٰٓئِكَ کی خبر ثانی ہے یا اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ سے حال ہے۔

مَثَلُ الْفَرِیْقَیْنِ كَالْاَعْمٰی وَالْاَصَمِّ وَالْبَصِیْرِ وَالسَّمِیْعِ ؕ هَلْ یَسْتَوِیٰنِ مَثَلًا ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر۲۴: مَثَلُ الْفَرِیْقَیْنِ مرکب اضافی مبتدا، کاف حرف جار اَلْاَعْمٰی وَالْاَصَمِّ وَالْبَصِیْرِ وَالسَّمِیْعِ معطوف علیہ اپنے تینوں معطوفات سے مل کر مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ هَلْ حرف استفہام یَسْتَوِیٰنِ فعل الف ضمیر فاعل مَثَلًا تمیز، فعل بافاعل و تمیز جملہ فعلیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ همزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تَغْفُلُوْنَ عَنْهُ (روح المعانی) لَا تَذَكَّرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ جملہ انشائیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔

رکوع نمبر ۳

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖٓ ۡ اِنِّیْ لَكُمْ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر۲۵: واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل نُوْحًا مفعول بہ اِلٰی قَوْمِهٖ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم لَكُمْ جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے نَذِیْرٌ کے نَذِیْرٌ صیغہ صفت اَنَا مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر موصوف مُبِیْنٌ صفت، موصوف باصفت خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ ہے قَالَ لَهُمْ نُوْحٌ محذوف کا، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر نُوْحًا سے حال ہے۔

اَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ اَلِیْمٍ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: اَنْ مصدریہ لَا تَعْبُدُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء اَللّٰہَ مستثنٰی مفرغ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض یہ اصل میں بِاَنْ لَا ۔۔۔ الخ ہے جار با مجرور اَرْسَلْنَا کے متعلق ہوئے (روح المعانی) اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل عَلَیْکُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے عَذَابَ مضاف یَوْمٍ اَلِیْمٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلِّلَہ ہوا۔

فَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا وَ مَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِیْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا بَادِیَ الرَّاْیِ ۚ وَ مَا نَرٰى لَكُمْ عَلَیْنَا مِنْ فَضْلٍۭ بَلْ نَظُنُّكُمْ كٰذِبِیْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: فاء عاطفہ قَالَ فعل اَلْمَلَاُ موصوف اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول با صلہ ذوالحال مِنْ قَوْمِهٖ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا نافیہ نَرٰی فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اِلَّا حرف استثناء بَشَرًا موصوف مِثْلَنَا مرکب اضافی صفت، موصوف با صفت نَرٰی کا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ نَرٰی فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اِتَّبَعَ فعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء اَلَّذِیْنَ اسم موصول هُمْ ضمیر مبتدا، اَرَاذِلُنَا مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ اِتَّبَعَ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ محلًا منصوب نَرٰی کا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ مَا نافیہ نَرٰی فعل نَحْنُ مستتر فاعل لَکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے عَلَیْنَا ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، مِنْ جارہ زائدہ فَضْلٍ لفظًا مجرور محلًا منصوب ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال نَرٰی کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، بَلْ حرف عطف نَظُنُّ فعل قلب نَحْنُ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل کٰذِبِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر ضمیر فاعل سے مل کر مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے اَرْسَلْنَا پر۔

قَالَ یٰقَوْمِ اَرَءَیْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَیِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّیْ وَ اٰتٰىنِیْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ فَعُمِّیَتْ عَلَیْكُمْ ؕ اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَ اَنْتُمْ لَهَا كٰرِهُوْنَ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، یٰقَوْمِ یہ اصل میں یَا قَوْمِیْ ہے اور یہ نداء ہے اَرَءَیْتُمْ بمعنی اَخْبِرُوْنِیْ ہے اور یہ فعل امر ہے واؤ ضمیر فاعل ہے اور مفعول بہ اول محذوف ہے بَیِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّیْ اور بعد میں جملہ انشائیہ استفہامیہ مفعول بہ ثانی ہے، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط کُنْتُ فعل ناقص تَاء مضمومہ اس کا اسم عَلٰی جارہ بَیِّنَةٍ موصوف مِنْ رَّبِّیْ ظرف مستقر کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰتٰی فعل هُوَ مستتر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ اول رَحْمَةً موصوف مِنْ عِنْدِهٖ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ ثانی،

فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فاء عاطفہ عُمِّیَتْ فعل مجہول ھِیَ مستتر نائب فاعل عَلَیْکُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین شرط، اور جزاء محذوف ہے اَنُلْزِمُکُمُوْھَا" ھَمزہ حرف استفہام نُلْزِمُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل ھَا ضمیر مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ اَرَءَیْتُمْ کا مفعول بہ ثانی ہے جیسا کہ اوپر گزرا ہے واؤ حالیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، لَھَا جار بامجرور متعلق مقدم کٰرِھُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ نُلْزِمُ کے مفعول بہ اوّل سے حال ہے۔

وَیٰقَوْمِ لَآ اَسْئَلُکُمْ عَلَیْهِ مَالًا ؕ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَی اللّٰهِ وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَلٰکِنِّیْٓ اَرٰىکُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: واؤ عاطفہ یٰقَوْمِ یہ اصل میں یَا قَوْمِیْ ہے اور یہ نداء ہے لَآ اَسْئَلُ فعل اَنَا مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل عَلَیْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے مَالًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ نداء کا جواب ہے، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ معطوفہ ہوا۔ اِنْ نافیہ اَجْرِیَ مرکب اضافی مبتدا، اِلَّا حرف استثناء عَلَی اللّٰهِ جار بامجرور مستثنیٰ مفرغ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا حجازیہ اَنَا ضمیر اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ طَارِدِ اسم فاعل اَنَا مستتر فاعل الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ مفعول بہ لفظاً مضاف الیہ، اسم فاعل مضاف بامضاف الیہ محلاً منصوب خبر، مَا حجازیہ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ مُعَلِّلہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم مُلٰقُوْا صیغہ اسم فاعل مضاف رَبِّهِمْ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰکِنَّ حرف استدراک یَا ضمیر اس کا اسم اَرٰی فعل اَنَا مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، قَوْمًا موصوف تَجْهَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ لٰکِنَّ کی خبر، لٰکِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جملہ اُولیٰ پر معطوف ہے۔

وَیٰقَوْمِ مَنْ یَّنْصُرُنِیْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ طَرَدْتُّهُمْ ؕ اَفَلَا تَذَکَّرُوْنَ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: واؤ عاطفہ یٰقَوْمِ یہ اصل میں یَا قَوْمِیْ ہے اور یہ نداء ہے مَنْ اسم استفہام مبتدا، یَنْصُرُ فعل هُوَ مستتر فاعل نون وقایہ کا، یَا ضمیر مفعول بہ مِنَ اللّٰهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط طَرَدْتُّ فعل تَاء مضمومہ اس کا فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے فَمَنْ یَّنْصُرُنِیْ شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ ھَمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تَاْمُرُوْنِّیْ بِطَرْدِهِمْ یا تَجْهَلُوْنَ، لَا تَذَکَّرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ انشائیہ ہوا۔

وَلَآ اَقُوْلُ لَکُمْ عِنْدِیْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَیْبَ وَلَآ اَقُوْلُ اِنِّیْ مَلَکٌ وَّلَآ اَقُوْلُ لِلَّذِیْنَ تَزْدَرِیْٓ اَعْیُنُکُمْ لَنْ یُّؤْتِیَهُمُ اللّٰهُ خَیْرًا ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ ۚۖ اِنِّیْٓ اِذًا

14

لَّمِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: واؤ عاطفہ لَآ اَقُوْلُ فعل اَنَا مستتر فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، عِنْدِیْ مرکب اضافی کَائِنَۃٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم خَزَآئِنُ اللّٰهِ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا اس کے بعد فعل مقدر ہے اَقُوْلُ (مظہری وغیرہ) اور یہ قول ہے، اَعْلَمُ الْغَیْبَ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَآ اَقُوْلُ فعل اَنَا مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنِّیْ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم مَلَكٌ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ لَآ اَقُوْلُ فعل اَنَا مستتر فاعل لَام جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول تَزْدَرِیْ فعل اَعْیُنُكُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور لَآ اَقُوْلُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، لَنْ یُّؤْتِیَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل لفظ اَللّٰهُ فاعل خَیْرًا مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جملہ معطوفہ ہوا۔

اَللّٰهُ مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ مَا اسم موصول فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کا متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا، اِنِّیْ حرف تحقیق یَا ضمیر اس کا اسم اِذًا حرف جواب و جزاء مہمل لَام مذحلقہ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

قَالُوْا یٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، یَاء حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل نُوْحُ منادیٰ مفرد معرفہ محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نداء، قَدْ علامت فعل جٰدَلْتَ فعل تَاء مفتوحہ فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَكْثَرْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل جِدَالَنَا مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف نداء کا جواب، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ كُنْتَ صَادِقًا، اِئْتِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ مَا اسم موصول تَعِدُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور اِئْتِ کے متعلق ہوئے، فعل امر با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط كُنْتَ فعل ناقص تَاء مفتوحہ اس کا اسم مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ اِنَّمَا یَاْتِیْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِیْنَ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق مکفوفہ، مَا کافہ یَاْتِیْ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے لفظ اَللّٰهُ فاعل، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط شَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے یَاْتِیْكُمْ بِهِ اللّٰهُ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا:۔ واؤ حالیہ مَا مشابہ " بہ لَیْسَ

اَنْتُمْ ضمیر اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ مُعْجِزِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر محلاً منصوب خبر، مَا اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ يَاْتِيْكُمْ کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہے۔

وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ۭ هُوَ رَبُّكُمْ ۣ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: واؤ عاطفہ لَا يَنْفَعُ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، نُصْحِيْ مرکب اضافی مرفوع تقدیراً فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ پر معطوف ہے۔ اِنْ حرف شرط اَرَدْتُّ فعل تَاء مضمومہ فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب اَنْصَحَ فعل اَنَا مستتر فاعل لَكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط اوّل، اِنْ حرف شرط كَانَ فعل ناقص لفظ اَللّٰهُ اسم يُرِيْدُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب يُغْوِيَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ كَانَ کی خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط ثانی اور اس کی جزاء محذوف ہے لَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ شرط اوّل کی جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ هُوَ ضمیر مبتدا، رَبُّكُمْ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلَيْهِ جار بامجرور متعلق مقدم تُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ وَاَنَا بَرِيْۗءٌ مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: اَمْ منقطعہ يَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِفْتَرٰى فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول اِنْ حرف شرط اِفْتَرَيْتُ فعل تَاء مضمومہ فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ عَلَيَّ جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اِجْرَامِيْ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَا ضمیر مبتدا، بَرِيْۗءٌ صیغہ صفت اَنَا مستتر فاعل مِنْ جارہ مَا موصولہ تُجْرِمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت بافاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

وَاُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ فَلَا تَبْتَىِٕسْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾ۚ وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۶، ۳۷: واؤ استینافیہ اُوْحِيَ فعل مجہول اِلٰى نُوْحٍ جار بامجرور متعلق ہوئے اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر شان اس کا اسم لَنْ يُّؤْمِنَ فعل مِنْ قَوْمِكَ جار بامجرور متعلق ہوئے اِلَّا حرف استثناء مَنْ اسم موصول قَدْ علامت فعل اٰمَنَ فعل هُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل

جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ مفرغ لَنْ یُّؤْمِنَ کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد اُوْحِیَ کا نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَاکَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ. لَا تَبْتَئِسْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ کَانُوْا فعل ناقص هُمْ ضمیر اسم یَفْعَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل نہی بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ نہیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِصْنَعْ فعل امر اَنْتَ مستتر ذوالحال بَاء جارہ اَعْیُنِنَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ وَحْیِنَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل اَلْفُلْکَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا تُخَاطِبْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ فِیْ حرف جار اَلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور لَا تُخَاطِبْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ نہیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین شرط محذوف کی جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم مُغْرَقُوْنَ اسم مفعول هُمْ مستتر نائب فاعل، دونوں مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعلّلہ ہوا۔

وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ ۗ وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَأٌ مِّنْ قَوْمِهٖ سَخِرُوْا مِنْهُ ۗ قَالَ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا تَسْخَرُوْنَ ۝۳۸

آیت نمبر ۳۸: واؤ استینافیہ یَصْنَعُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْفُلْکَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ کُلَّمَا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم مَرَّ فعل عَلَیْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے مَلَاٌ موصوف مِنْ قَوْمِهٖ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، سَخِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهُ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر یَصْنَعُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنْ حرف شرط تَسْخَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنَّا جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم نَسْخَرُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مِنْكُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے کاف حرف جار مَا مصدریہ تَسْخَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف سُخْرِیَّةً کے نَسْخَرُ کا مفعول مطلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ۝۳۹

آیت نمبر ۳۹: فَاء عاطفہ سَوْفَ علامت فعل تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَنْ موصولہ یَاْتِیْ فعل هٖ ضمیر مفعول بہ عَذَابٌ موصوف یُخْزِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل هٖ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَحِلُّ فعل عَلَیْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے عَذَابٌ مُّقِیْمٌ مرکب توصیفی فاعل، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف عَذَابٌ کی صفت، موصوف باصفت یَاْتِیْ کا فاعل، فعل با

فاعل ومفعول بہ صلہ، موصول باصلہ تَعْلَمُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

حَتّٰۤی اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَ فَارَ التَّنُّوْرُ ۙ قُلْنَا احْمِلْ فِیْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَیْنِ اثْنَیْنِ وَ اَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَیْهِ الْقَوْلُ وَ مَنْ اٰمَنَ ؕ وَ مَاۤ اٰمَنَ مَعَهٗۤ اِلَّا قَلِیْلٌ ۝۴۰

آیت نمبر ۴۰: حَتّٰۤی حرف غایت برائے ابتدا، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل اَمْرُنَا مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فَارَ فعل اَلتَّنُّوْرُ فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، قُلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِحْمِلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل فِیْهَا جار بامجرور متعلق ہوئے مِنْ كُلٍّ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم زَوْجَیْنِ موصوف اِثْنَیْنِ برائے تاکید، دونوں مل کر ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَهْلَكَ مرکب اضافی مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء مَنْ اسم موصول سَبَقَ فعل عَلَیْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے اَلْقَوْلُ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ متصل، مستثنیٰ منہ بامستثنیٰ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول اٰمَنَ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِحْمِلْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ (نقیر) مَا نافیہ اٰمَنَ فعل مَعَهٗ مرکب اضافی مفعول فیہ اِلَّا حرف استثناء قَلِیْلٌ مستثنیٰ مفرغ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ قَالَ ارْكَبُوْا فِیْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖؔىهَا وَ مُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝۴۱

آیت نمبر ۴۱: واؤ استینافیہ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِرْكَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِسْمِ اللّٰهِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَجْرٖؔىهَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مُرْسٰىهَا مرکب اضافی معطوف، دونوں مل کر مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے فِیْهَا کی هَا ضمیر سے، فِیْهَا جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ امریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبِّیْ مرکب اضافی اس کا اسم، لَامِ مزحلقہ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ دو خبر، اِنَّ بااسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ هِیَ تَجْرِیْ بِهِمْ فِیْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ ۫ وَ نَادٰی نُوْحُ ِۨابْنَهٗ وَ كَانَ فِیْ مَعْزِلٍ یّٰبُنَیَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَ لَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِیْنَ ۝۴۲

آیت نمبر ۴۲: واؤ استینافیہ (روح المعانی) هِیَ ضمیر مبتدا، تَجْرِیْ فعل هِیَ مستتر فاعل بِهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے (روح) فِیْ حرف جار مَوْجٍ موصوف كَالْجِبَالِ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ نَادٰی فعل نُوْحٌ فاعل اِبْنَهٗ مرکب اضافی ذوالحال، واؤ حالیہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم فِیْ مَعْزِلٍ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

یٰاء حرف ندا اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْا فعل اَنَا ضمیر فاعل بُنَیَّ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر نداء، اِرْكَبْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل مَعَنَا مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَاتَكُنْ فعل ناقص نہی اَنْتَ مستتر اسم، مَعَ الْكٰفِرِيْنَ مرکب اضافی كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ انشائیہ نہیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف نداء کا جواب، نداء باجواب قَائِلًا محذوف کا مقولہ ہو کر نُوْحٌ کا حال ہے (فقیر)

قَالَ سَاٰوِيْٓ اِلٰى جَبَلٍ يَّعْصِمُنِيْ مِنَ الْمَآءِ ؕ قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ ۝

آیت نمبر ۴۳: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، سین علامت فعل اٰوِيْ فعل اَنَا مستتر فاعل اِلٰى حرف جار جَبَلٍ موصوف يَعْصِمُ فعل هُوَ مستتر فاعل نون وقایہ کا یٰاء ضمیر مفعول بہ مِنَ الْمَآءِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جَبَلٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور اٰوِيْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول لَا نفی جنس عَاصِمَ موصوف اَلْيَوْمَ مفعول فیہ فعل محذوف يَعْصِمُ کا، مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے اسی فعل محذوف يَعْصِمُ کے اور هُوَ ضمیر اس میں فاعل ہے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء مَنْ اسم موصول رَحِمَ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ بامستثنیٰ لَا کا اسم اور خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ، لَا بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (ملخص از اعراب القرآن للدرویش) واؤ عاطفہ حَالَ فعل بَيْنَهُمَا مرکب اضافی مفعول فیہ اَلْمَوْجُ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف قَالَ لَا عَاصِمَ پر معطوف ہے۔

وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۴۴: واؤ استینافیہ قِيْلَ فعل مجہول هُوَ مستتر راجع بسوئے مصدر القول (فقیر) نائب فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول یٰٓاَرْضُ یہ نداء ہے، اِبْلَعِيْ فعل امر یٰاء ضمیر ظاہر فاعل مَآءَكِ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ امریہ جواب نداء، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یٰسَمَآءُ یہ نداء ہے، اَقْلِعِيْ فعل امر یٰاء ضمیر ظاہر فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ جواب نداء، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ غِيْضَ الْمَآءُ فعل مجہول اور نائب فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ قُضِيَ فعل مجہول اَلْاَمْرُ نائب فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اِسْتَوَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل عَلَى الْجُوْدِيِّ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ قِيْلَ فعل

مجہول ھُوَ مستتر راجع بسوئے قول مصدر نائب فاعل، لام جارہ اَلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور قِیْلَ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، بُعْدًا مصدر مفعول مطلق ہے فعل محذوف بَعِدُوْا کا، فعل امر با فاعل و مفعول مطلق جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ جملہ معطوفہ ہوا۔

وَ نَادٰی نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِیْ مِنْ اَهْلِیْ وَ اِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَ اَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِیْنَ ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵: واؤ استینافیہ نَادٰی فعل نُوْحٌ فاعل رَبَّهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، رَبِّ یہ اصل میں یَارَبِّیْ ہے اور یہ نداء ہے اِنَّ حرف تحقیق اِبْنِیْ مرکب اضافی اسم مِنْ اَهْلِیْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق وَعْدَكَ مرکب اضافی اسم اَلْحَقُّ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ اَنْتَ ضمیر مبتداء اَحْكَمُ الْحٰكِمِیْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جواب نداء، پھر نداء با جواب جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ نَادٰی کا معطوف، دونوں مل کر جملہ معطوفہ ہوا۔

قَالَ یٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَیْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَیْرُ صَالِحٍ ۖ فَلَا تَسْـَٔلْنِ مَا لَیْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنِّیْۤ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِیْنَ ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، یَانُوْحُ یہ نداء ہے اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اسم لَیْسَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اسم مِنْ اَهْلِكَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، لَیْسَ با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جواب نداء، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم عَمَلٌ موصوف غَیْرُ صَالِحٍ مرکب اضافی صفت، موصوف با صفت خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا وَقَفْتَ عَلٰی جَلِیَّةِ الْحَالِ (روح) لَا تَسْـَٔلْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل نون وقایہ کا یَاءِ متکلم محذوفہ مفعول بہ اول مَا موصولہ لَیْسَ فعل ناقص لَكَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم، بِهٖ جار با مجرور عِلْمٌ کے متعلق مقدم ہوئے عِلْمٌ مصدر اپنے متعلق مقدم سے مل کر اسم مؤخر، لَیْسَ با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ نہیہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم اَعِظُ فعل مضارع اَنَا مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، اَنْ مصدریہ ناصبہ تَكُوْنَ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم، مِنَ الْجٰهِلِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

قَالَ رَبِّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَیْسَ لِیْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَ اِلَّا تَغْفِرْ لِیْ وَ تَرْحَمْنِیْۤ اَكُنْ

مِّنَ الْخٰسِرِیْنَ ﴿۴۷﴾

آیت نمبر ۴۷: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، رَبِّ یہ اصل میں یَارَبِّیْ ہے اور یہ ندا ہے اِنِّیْ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم اَعُوْذُ فعل اَنَا مستتر فاعل بِکَ جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے، اَنْ حرف مصدری ہو نصب اَسْئَلَ فعل اَنَا مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل مَا موصولہ لَیْسَ لِیْ بِہٖ عِلْمٌ کی ترکیب لَیْسَ لَکَ بِہٖ عِلْمٌ کی طرح ہے جو ابھی گزری ہے، پھر یہ صلہ ہے، موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اَعُوْذُ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اِنِّیْ اَعُوْذُ پر معطوف ہے اِنْ حرف شرط لَا تَغْفِرْ فعل نفی اَنْتَ مستتر فاعل لِیْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَرْحَمْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، اَکُنْ فعل ناقص اَنَا مستتر فاعل مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ جواب نداء پر معطوف ہے۔

قِیْلَ یٰنُوْحُ اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَ بَرَکٰتٍ عَلَیْکَ وَ عَلٰٓی اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَکَ ؕ وَ اُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ یَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۸: قِیْلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر راجع بسوئے مصدر قول نائب فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، یٰنُوْحُ یہ نداء ہے اِهْبِطْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل باء جار سَلٰمٍ موصوف مِنَّا ظرف مستقر کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَرَکٰتٍ موصوف عَلَیْکَ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَلٰی حرف جار اُمَمٍ موصوف مِنْ حرف جار مَنْ اسم موصول مَعَکَ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٍ کے متعلق ہو کر اُمَمٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف ظرف مستقر کَائِنَاتٍ کے متعلق ہو کر بَرَکٰتٍ کی صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف باء کے لئے مجرور، جار با مجرور اِهْبِطْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا، واؤ استنافیہ اُمَمٌ مبتدا، سین علامت فعل نُمَتِّعُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ یَمَسُّ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَّا ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عَذَابٌ اَلِیْمٌ مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

سوال: اُمَمٌ نکرہ ہے تو اس کا مبتدا بننا کیسے درست ہے۔؟

جواب: صفت مقدرہ کی وجہ سے اس میں تخصیص کی گئی ہے اور یہ اصل میں وَاُمَمٌ مِّمَّنْ مَّعَکَ ۔۔۔ الخ ہے (فلا اشکال)

تِلْکَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهَآ اِلَیْکَ ۚ مَا کُنْتَ تَعْلَمُهَآ اَنْتَ وَلَا قَوْمُکَ مِنْ قَبْلِ

هٰذَا ؕ فَاصْبِرْ ؕ اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝۴۹

آیت نمبر ۴۹: تِلْكَ اسم اشارہ مبتدا، مِنْ حرف جار اَنْبَآءِ الْغَيْبِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر اوّل، نُوْحِيْ فعل مضارع نَحْنُ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ اِلَيْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر ثانی، مَا نافیہ كُنْتَ فعل ناقص تَاء مفتوحہ اس کا اسم تَعْلَمُ فعل اَنْتَ مستتر مؤکد اَنْتَ مرفوع منفصل تاکید، مؤکد تاکید معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ قَوْمُكَ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف تَعْلَمُ کا فاعل، هَا ضمیر مفعول بہ، مِنْ جارہ قَبْلِ هٰذَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے (روح ومظہری) فعل با فاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ تِلْكَ کی تیسری خبر، مبتدا با اخبار ثلاثہ جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ عَرَفْتَ هٰذِهِ الْقِصَّةَ وَمُنْطوِيَاتِهَا، اِصْبِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَلْعَاقِبَةَ اسم لِلْمُتَّقِيْنَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

رکوع نمبر ۵

وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ۝۵۰

آیت نمبر ۵۰: واؤ عاطفہ اِلٰى عَادٍ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اَرْسَلْنَا کے، اَخَاهُمْ مرکب اضافی مبدل منہ هُوْدًا بدل یا عطف بیان، مبدل منہ با بدل مفعول بہ، فعل با فاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ قصۂ نوح پر معطوف ہے قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، يٰقَوْمِ یہ اصل میں يَا قَوْمِيْ ہے اور یہ نداء ہے، اُعْبُدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء با جواب جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ مَا نافیہ لَكُمْ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مِنْ جارہ زائدہ اِلٰهٍ محلاً مرفوع موصوف غَيْرُهٗ مرکب اضافی صفت، موصوف با صفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ (روح) اِنْ نافیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، اِلَّا حرف استثناء مُفْتَرُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يٰقَوْمِ لَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى الَّذِيْ فَطَرَنِيْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝۵۱

آیت نمبر ۵۱: يٰقَوْمِ یہ اصل میں يَا قَوْمِيْ ہے اور یہ نداء ہے، لَآ اَسْئَلُ فعل اَنَا مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل عَلَيْهِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم اَجْرًا ذوالحال مؤخر، دونوں مل کر مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جواب نداء، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ مستانفہ ہوا۔ اِنْ نافیہ اَجْرِيَ مرکب اضافی مبتدا، اِلَّا حرف استثناء عَلٰى حرف جار اَلَّذِيْ اسم موصول فَطَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل نون وقایہ کا يَاء ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور مستثنیٰ مفرغ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلِّلہ ہوا۔ همزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تَغْفُلُوْنَ عَنْ ذٰلِكَ یا تَجْهَلُوْنَ كُلَّ شَيْءٍ (روح) لَا تَعْقِلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَيٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۵۲﴾

آیت نمبر ۵۲: واؤ عاطفہ یَاقَوْمِ یہ اصل میں یَاقَوْمِیْ ہے اور یہ ندا ہے، اِسْتَغْفِرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل رَبَّكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ تُوْبُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِلَيْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف نداء کا جواب، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ يُرْسِلْ فعل مضارع مجزوم هُوَ مستتر فاعل اَلسَّمَآءَ ذوالحال عَلَيْكُمْ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے مِدْرَارًا صیغہ مبالغہ هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر حال، ذوالحال با حال يُرْسِلْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَزِدْ فعل مضارع مجزوم هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول قُوَّةً موصوف اِلٰى قُوَّتِكُمْ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ لَا تَتَوَلَّوْا فعل نہی واؤ ضمیر ذوالحال مُجْرِمِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جزاء ہے، شرط محذوف اِنْ تَسْتَغْفِرُوْا ثُمَّ تُوْبُوْا اِلَيْهِ کی، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

سوال: اَلسَّمَآءَ ذوالحال مؤنث ہے مِدْرَارًا حال مذکر ہے اس کی کیا وجہ ہے؟

جواب: اَلسَّمَآءَ سے مراد مطر ہے اور وہ مذکر ہے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ مِفْعَالٌ مبالغہ کا صیغہ ہے اور مبالغہ میں مذکر اور مؤنث دونوں برابر ہوتے ہیں۔

قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۳: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل قول، يٰهُوْدُ یہ نداء ہے مَا نافیہ جِئْتَ فعل تَاء مفتوحہ فاعل نَا ضمیر مفعول بہ بِبَيِّنَةٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا مشابہ "بہ لَيْسَ" نَحْنُ ضمیر مرفوع اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ تَارِكِيْ صیغہ اسم فاعل مضاف اٰلِهَتِنَا مرکب اضافی مضاف الیہ معنیً مفعول بہ، عَنْ جار قَوْلِكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور اسم فاعل کے متعلق ہوئے، اسم فاعل مضاف با مضاف الیہ و متعلق لفظاً مجرور محلاً منصوب خبر مَا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف اول، واؤ عاطفہ مَا حجازیہ نَحْنُ ضمیر مرفوع اس کا اسم لَكَ جار با مجرور متعلق مقدم، بَاء جارہ زائدہ مُؤْمِنِيْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مَا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین نداء کا جواب، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقول، قول با مقول جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ؕ قَالَ اِنِّيْٓ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا اَنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾ مِنْ دُوْنِهٖ فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۴، ۵۵: اِنْ نافیہ نَقُوْلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل قَوْلًا مستثنیٰ منہ محذوف ہے اِلَّا حرف استثناء اِعْتَرٰى فعل كَاف ضمیر

مفعول بہ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا مرکب اضافی فاعل بِسُوْٓءٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قَوْلُنَا محذوف کا مقولہ، قول با مقولہ مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم اُشْهِدُ فعل مضارع اَنَا مستتر فاعل اللّٰهَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اشْهَدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم بَرِیْءٌ صیغہ صفت اَنَا مستتر فاعل، مِنْ جارہ مَا موصولہ تُشْرِكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، مِنْ دُوْنِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے (روح المعانی) فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے صیغہ صفت بافاعل و متعلق شبہ جملہ خبر، اِنّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ اَقُوْلُ محذوف کا مقولہ ہو کر اُشْهِدُ پر معطوف ہے (روح) معطوف علیہ با معطوف اِنّ کی خبر، اِنّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ صَحَّ مَا ادَّعَوْتُمْ (فقیر) كِيْدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ، یَاء ضمیر مفعول بہ جَمِيْعًا كِيْدُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَا تُنْظِرُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یَاء محذوفہ للتخفیف مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنِّیْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّیْ وَ رَبِّكُمْ ؕ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ؕ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶: اِنّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم تَوَكَّلْتُ فعل تَاء مضمومہ فاعل عَلٰى حرف جار اللّٰهِ مبدل منہ رَبِّیْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَبِّكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف بدل، مبدل منہ با بدل مجرور، جار با مجرور تَوَكَّلْتُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ اور معلل محذوف ہے لَا تَقْدِرُوْنَ اَنْتُمْ وَ لَا اَصْنَامُكُمْ عَلٰى مَضَرَّتِیْ (فقیر) مَا نافیہ مِنْ حرف جار زائدہ دَآبَّةٍ لفظاً مجرور و محلاً مرفوع مبتدا، اِلَّا حرف استثناء هُوَ ضمیر مبتدا، اٰخِذٌ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ نَاصِيَتِهَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدا اول کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ اِنّ حرف تحقیق رَبِّیْ مرکب اضافی اسم عَلٰى جارہ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّاۤ اُرْسِلْتُ بِهٖۤ اِلَيْكُمْ ؕ وَ يَسْتَخْلِفُ رَبِّیْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۚ وَ لَا تَضُرُّوْنَهٗ شَيْــٴًـا ؕ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ حَفِيْظٌ ﴿۵۷﴾

آیت نمبر ۵۷: فَاء عاطفہ اِنْ حرف شرط تَوَلَّوْا یہ اصل میں تَتَوَلَّوْا ہے فعل مضارع واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ قَدْ علامت فعل اَبْلَغْتُ فعل تَاء مضمومہ فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول مَا موصولہ اُرْسِلْتُ فعل مجہول تَاء مضمومہ نائب فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے اِلَيْكُمْ جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ

مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ یَسْتَخْلِفُ فعل رَبِّیْ مرکب اضافی فاعل قَوْمًا موصوف غَیْرَکُمْ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَاتَضُرُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ شَیْئًا بواسطہ موصوف محذوف ضَرَرًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوف مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبِّیْ مرکب اضافی اس کا اسم عَلٰی جارہ کُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم حَفِیْظٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّیْنَا هُوْدًا وَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَ نَجَّیْنٰهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِیْظٍ ﴿۵۸﴾

آیت نمبر ۵۸: واؤ استینافیہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل اَمْرُنَا مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، نَجَّیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُوْدًا معطوف علیہ واؤ عاطفہ الَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَعَهٗ مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف نَجَّیْنَا کا مفعول بہ، بَاء جارہ رَحْمَةٍ موصوف مِنَّا ظرف مستقر کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور نَجَّیْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ نَجَّیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ جارہ عَذَابٍ غَلِیْظٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر نَجَّیْنَا پر معطوف ہے۔

وَتِلْكَ عَادٌ ۟ جَحَدُوْا بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ وَاتَّبَعُوْۤا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ ﴿۵۹﴾ وَ اُتْبِعُوْا فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا لَعْنَةً وَّ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ﴿۶۰﴾

آیت نمبر ۶۰،۵۹: واؤ استینافیہ تِلْكَ اسم اشارہ مبدل منہ عَادٌ بدل، دونوں مل کر مبتدا، جَحَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ اٰیٰتِ رَبِّهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا، واؤ عاطفہ عَصَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل رُسُلَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ اتَّبَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَمْرَ مضاف كُلِّ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ مرکب توصیفی كُلِّ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ اَمْرَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اُتْبِعُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِیْ حرف جار هٰذِهِ الدُّنْیَا مرکب توصیفی یا مبدل منہ با بدل مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، لَعْنَةً مفعول بہ، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث ہوا، واؤ عاطفہ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ فعل محذوف اُتْبِعُوْا لَعْنَةً کا، یہ پھر یہ جملہ بن کر معطوف رابع ہے، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ تِلْكَ عَادٌ کی خبر ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلَا حرف تنبیہ اِنَّ حرف تحقیق عَادًا اس کا اسم كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل رَبَّهُمْ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر،

اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعلّلہ ہوا۔ اَلَا حرف تنبیہ بُعْدًا مفعول مطلق فعل محذوف بَعِدُوْا کا، بَعِدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل لَام جارہ عَادٍ مبدل منہ یا مبیّن قَوْمِ هُوْدٍ مرکب اضافی بدل یا عطف بیان، مبدل منہ بابدل مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول مطلق و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۶ ❁

وَاِلٰی ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِیْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْۤا اِلَیْهِ ؕ اِنَّ رَبِّیْ قَرِیْبٌ مُّجِیْبٌ ﴿۶۱﴾

آیت نمبر ۶۱: واؤ عاطفہ اِلٰی حرف جار ثَمُوْدَ مجرور، دونوں مل کر متعلق ہوئے فعل مقدر اَرْسَلْنَا کے، اَخَاهُمْ مرکب اضافی مبدل منہ صٰلِحًا بدل، مبدل منہ بابدل مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ کی ترکیب آیت نمبر ۵۰ میں دیکھیں، هُوَ ضمیر مبتدا، اَنْشَاَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْتَعْمَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ فِیْهَا ظرف لغو ہو کر متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ یا اِنْ اَذْنَبْتُمْ، اِسْتَغْفِرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ تُوْبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَیْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبِّیْ مرکب اضافی منصوب تقدیراً اس کا اسم قَرِیْبٌ مُّجِیْبٌ دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

قَالُوْا یٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِیْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَاۤ اَتَنْهٰىنَاۤ اَنْ نَّعْبُدَ مَا یَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا وَ اِنَّنَا لَفِیْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَاۤ اِلَیْهِ مُرِیْبٍ ﴿۶۲﴾

آیت نمبر ۶۲: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، یَاء حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل صَالِحُ منادیٰ محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نداء، قَدْ علامت فعل كُنْتَ فعل ناقص تَاء مفتوحہ ضمیر ذوالحال فِیْنَا ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اسم، اور یہ بھی احتمال ہے کہ ذوالحال نہ بنایا جائے بلکہ فِیْنَا مَرْجُوًّا کا متعلق مقدم ہو، مَرْجُوًّا اسم مفعول اَنْتَ مستتر نائب فاعل قَبْلَ هٰذَا مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر نداء کا جواب، نداء با جواب جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

هَمزہ حرف استفہام تَنْهٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اَنْ حرف مصدری و نصب نَعْبُدَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مَا اسم موصول یَعْبُدُ فعل اٰبَآؤُنَا مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر منصوب بنزع

الیٰ نفس تَنۡقُصُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ یا حالیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اسم لام مذحلقہ فِی جار شَكٍّ موصوف مِنۡ حرف جار مَا موصول تَدۡعُوۡا فعل اَنۡتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اِلَیۡهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کائِنٍ کے متعلق ہو کر شَكٍّ کی صفت اولیٰ مُرِیۡبٍ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مجرور، جار با مجرور کَائِنُوۡنَ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ یا تَنۡهٰنَا کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہوا۔

قَالَ یٰقَوۡمِ اَرَءَیۡتُمۡ اِنۡ کُنۡتُ عَلٰی بَیِّنَةٍ مِّنۡ رَّبِّیۡ وَاٰتٰىنِیۡ مِنۡهُ رَحۡمَةً فَمَنۡ یَّنۡصُرُنِیۡ مِنَ اللّٰهِ اِنۡ عَصَیۡتُهٗ ۫ فَمَا تَزِیۡدُوۡنَنِیۡ غَیۡرَ تَخۡسِیۡرٍ ۝

آیت نمبر ۶۳: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، یٰقَوۡمِ یہ اصل میں یَاقَوۡمِیۡ ہے اور یہ نداء ہے، ھمزہ حرف استفہام رَءَیۡتُمۡ فعل تُمۡ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ استفہامیہ ہو کر نداء کا جواب، دونوں مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنۡ حرف شرط کُنۡتُ فعل ناقص تَاء مضمومہ ضمیر اسم عَلٰی حرف جار بَیِّنَةٍ موصوف مِنۡ رَّبِّیۡ ظرف مستقر کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰتٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل نون وقایہ یَاء ضمیر مفعول بہ مِنۡهُ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم رَحۡمَةً ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوفین شرط، فَاء جزائیہ مَنۡ استفہامیہ مبتداء یَنۡصُرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل نون وقایہ کا یَاء ضمیر مفعول بہ مِنَ اللّٰهِ ظرف لغو ہو کر متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنۡ حرف شرط عَصَیۡتُ فعل تَاء مضمومہ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے فَمَنۡ یَّنۡصُرُنِیۡ، فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اَتَأۡمُرُوۡنَنِیۡ اَنۡ اَعۡمَلَ بِرَاۡیِكُمۡ (تقدیر) تَزِیۡدُوۡنَ فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یَاء ضمیر منصوب مفعول بہ اول غَیۡرَ تَخۡسِیۡرٍ مرکب اضافی بواسطہ موصوف محذوف شَیۡئًا کے مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف، دونوں مل کر جملہ معطوفہ ہوا۔

وَیٰقَوۡمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمۡ اٰیَةً فَذَرُوۡهَا تَاۡكُلۡ فِیۡۤ اَرۡضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوۡهَا بِسُوۡٓءٍ فَیَاۡخُذَكُمۡ عَذَابٌ قَرِیۡبٌ ۝

آیت نمبر ۶۴: واؤ عاطفہ یَاقَوۡمِ یہ اصل میں یَاقَوۡمِیۡ ہے اور یہ نداء ہے، هٰذِهٖ اسم اشارہ مبتداء، نَاقَةُ اللّٰهِ مرکب اضافی ذوالحال لَكُمۡ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم اٰیَةً ذوالحال مؤخر، ذوالحال یا حال نَاقَةُ اللّٰهِ کا حال ہے، ذوالحال با حال خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب نداء، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الۡاَمۡرُ کَذٰلِكَ ذَرُوۡا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ تَاۡكُلۡ فعل مضارع ھِیَ مستتر فاعل فِیۡ جار اَرۡضِ اللّٰهِ

مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط محذوف اِنْ تَذَرُوْھَا کی جزاء ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا تَمَسُّوْھَا بِسُوْٓءٍ فَیَاْخُذَکُمْ عَذَابٌ قَرِیْبٌ یہ لَا یَکُنْ مَسُّکُمْ اِیَّاھَا بِسُوْٓءٍ فَاَخْذُکُمْ عَذَابٌ قَرِیْبٌ کی تاویل میں ہے اور پھر اس کی ترکیب ہوگی جو کہ واضح ہے اصل عبارت کے مطابق ترکیب نہیں ہو سکتی ورنہ جملہ خبریہ کا جملہ انشائیہ پر عطف لازم آئے گا۔

فَعَقَرُوْھَا فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِیْ دَارِکُمْ ثَلٰثَةَ اَیَّامٍ ؕ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَیْرُ مَكْذُوْبٍ ۝۶۵

آیت نمبر ۶۵: فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے فَخَالَفُوْا مَا اُمِرُوْا بِهٖ عَقَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، فاء عاطفہ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، تَمَتَّعُوْا فعل امر واؤ ضمیر ذوالحال فِیْ دَارِکُمْ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل ثَلٰثَةَ اَیَّامٍ ممیز باتمیز مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف ثانی، معطوف علیہ محذوف با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا وَعْدٌ موصوف غَیْرُ مَكْذُوْبٍ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّیْنَا صٰلِحًا وَّالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْیِ یَوْمِئِذٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ۝۶۶

آیت نمبر ۶۶: فاء عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل اَمْرُنَا مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، نَجَّیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل صٰلِحًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَعَهٗ مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، نَجَّیْنَا فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ باء جارہ رَحْمَةٍ موصوف مِنَّا ظرف مستقر کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر مُتَلَبِّسِیْنَ کے متعلق ہو کر نَجَّیْنَا کی ضمیر فاعل سے حال ہے واؤ عاطفہ مِنْ جارہ خِزْیِ مضاف یَوْمِئِذٍ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف نَجَّیْنَا کے، جس پر نَجَّیْنَا مذکور دلالت کر رہا ہے اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اس کا اسم ھُوَ ضمیر فصل اَلْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ دو خبر، اِنَّ بااسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَاَخَذَ الَّذِیْنَ ظَلَمُوا الصَّیْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِیْ دِیَارِهِمْ جٰثِمِیْنَ ۝۶۷

آیت نمبر ۶۷: واؤ استینافیہ اَخَذَ فعل اَلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا موصول باصلہ مفعول بہ مقدم اَلصَّیْحَةُ فاعل مؤخر، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَصْبَحُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم فِیْ دِیَارِهِمْ ظرف لغو متعلق مقدم جٰثِمِیْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔

كَاَنْ لَّمْ یَغْنَوْا فِیْهَا ؕ اَلَاۤ اِنَّ ثَمُوْدَا۟ كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ۝۶۸

آیت نمبر ۶۸: کَاَنْ مخففہ من المثقلہ ضمیر ھُمْ مقدر اس کا اسم لَمْ یَغْنَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْهَا جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں

مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر کَانَ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اَصْبَحُوْا کی خبر دوم۔ اَلَآ اِنَّ ثَمُوْدَاۡ كَفَرُوْا رَبَّهُمْ کی ترکیب اَلَآ اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ کی طرح ہے جو آیت نمبر ۶۰ میں گزری ہے اَلَا حرف تنبیہ بُعْدًا مفعول مطلق ہے فعل محذوف بَعِدُوْا کا، لِثَمُوْدَ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل امر بافاعل ومفعول مطلق ومفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۷ ❁

وَ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ سَلٰمٌ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ ﴿۶۹﴾

آیت نمبر ۶۹: واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل جَآءَتْ فعل رُسُلُنَا فاعل اِبْرٰهِيْمَ مفعول بہ بِالْبُشْرٰى ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قسم محذوف کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، سَلٰمًا یہ اصل میں سَلَّمْنَا سَلَامًا ہے سَلَّمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سَلٰمًا مفعول مطلق، تینوں مل کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول سَلٰمٌ خبر ہے مبتدا محذوف جَوَابِيْ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء عاطفہ مَا نافیہ لَبِثَ فعل اَنْ مصدریہ جَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ عِجْلٍ حَنِيْذٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق بتاویل مصدر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَلَمَّا رَاٰۤ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ﴿۷۰﴾

آیت نمبر ۷۰: فاء عاطفہ لَمَّا شرطیہ رَاٰى فعل هُوَ مستتر فاعل اَيْدِيَهُمْ مرکب اضافی ذوالحال لَا تَصِلُ فعل هِيَ مستتر فاعل اِلَيْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے۔ تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ شرط، نَكِرَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَوْجَسَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم خِيْفَةً ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، لَا تَخَفْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اُرْسِلْنَا فعل مجہول نَا ضمیر نائب فاعل اِلٰى حرف جار قَوْمِ لُوْطٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَامْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ ﴿۷۱﴾

آیت نمبر ۷۱: واؤ حالیہ اِمْرَاَتُهٗ مرکب اضافی مبتدا، قَآئِمَةٌ اسم فاعل هِيَ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر قَالُوْا کی واؤ ضمیر سے حال ہے یا جملہ مستانفہ ہے (روح) فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذْ قَالَتِ الْمَلَآئِكَةُ لَا تَخَفْ وَ

اِمْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ (تقیر) ضَحِكَتْ فعل هِيَ مستترفاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ بَشَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ بِاِسْحٰقَ ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ مِنْ جارہ وَرَآءِ اِسْحٰقَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف وَهَبْنَا کے، وَهَبْنَا فعل نَا ضمیر فاعل يَعْقُوْبَ مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ شرط محذوف کی جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَتْ يٰوَيْلَتٰٓى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِيْ شَيْخًا ؕ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عَجِيْبٌ ۝۷۲

آیت نمبر ۷۲: قَالَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول يَا ء حرف نداء وَيْلَتٰى اصل میں وَيْلِيْ ہے مرکب اضافی منادیٰ مندوب مفعول بہ فعل مقدر اُدْعُوْا کا، تینوں مل کر جملہ انشائیہ نداء، هَمزہ حرف استفہام اَلِدُ فعل اَنَا مستتر ذوالحال، واؤ حالیہ اَنَا ضمیر مبتدا، عَجُوْزٌ ذوالحال، واؤ حالیہ هٰذَا مبتدا، بَعْلِيْ مرکب اضافی ذوالحال شَيْخًا حال، ذوالحال باحال خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ عَجُوْزٌ کا حال، ذوالحال باحال اَنَا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اَلِدُ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ استفہامیہ نداء کا جواب، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، لام مزحلقہ شَيْءٌ عَجِيْبٌ مرکب توصیفی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ؕ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝۷۳

آیت نمبر ۷۳: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، هَمزہ حرف استفہام تَعْجَبِيْنَ فعل يَاء ضمیر ظاہر فاعل مِنْ جارہ اَمْرِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ رَحْمَتُ اللّٰهِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَرَكٰتُهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا، عَلَيْكُمْ ظرف مستقر كَائِنَتَانِ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب نداء مقدم اَهْلَ الْبَيْتِ یہ اصل میں يَا اَهْلَ الْبَيْتِ ہے اور یہ نداء مؤخر ہے، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَجَآءَتْهُ الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا فِيْ قَوْمِ لُوْطٍ ۝۷۴

آیت نمبر ۷۴: فاء استینافیہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم ذَهَبَ فعل عَنْ اِبْرٰهِيْمَ ظرف لغو متعلق ہوئے الرَّوْعُ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَآءَتْ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اَلْبُشْرٰى فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، جزاء محذوف ہے اَقْبَلَ، پھر اَقْبَلَ فعل هُوَ ضمیر ذوالحال يُجَادِلُ فعل هُوَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ فِيْ حرف جار قَوْمِ لُوْطٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال اَقْبَلَ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ ۝۷۵

15

آیت نمبر ۷۵: إِنَّ حرف تحقیق إِبْرٰهِيْمَ اس کا اسم لَام مزحلقہ حَلِيْمٌ اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ اس کی تین خبر، إِنَّ بااسم واخبار ثلاثہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يٰٓاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۚ اِنَّهٗ قَدْ جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ۚ وَاِنَّهُمْ اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ ﴿۷۶﴾

آیت نمبر ۷۶: يٰٓاِبْرٰهِيْمُ نداء ہے أَعْرِضْ فعل امر أَنْتَ مستتر فاعل عَنْ هٰذَا جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ جواب نداء، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ إِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم قَدْ علامت فعل جَآءَ فعل أَمْرُ رَبِّكَ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر ہوا إِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ إِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم اٰتِيْ اسم فاعل مضاف هِمْ ضمیر مضاف الیہ معنیٰ مفعول بہ عَذَابٌ موصوف غَيْرُ مَرْدُوْدٍ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت فاعل، اسم فاعل مضاف اپنے مضاف الیہ معنیٰ مفعول بہ اور فاعل سے مل کر خبر ہوا إِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالَ هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ ﴿۷۷﴾

آیت نمبر ۷۷: واؤ استینافیہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَتْ فعل رُسُلُنَا مرکب اضافی فاعل لُوْطًا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، سِيْٓءَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل بِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ضَاقَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے ذَرْعًا تمیز محول عن الفاعل، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، هٰذَا مبتدا، يَوْمٌ عَصِيْبٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ضَاقَ پر معطوف ہے۔

وَجَآءَهٗ قَوْمُهٗ يُهْرَعُوْنَ اِلَيْهِ ۭ وَمِنْ قَبْلُ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۭ قَالَ يٰقَوْمِ هٰٓؤُلَاۗءِ بَنَاتِيْ هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ فِيْ ضَيْفِيْ ۭ اَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَّشِيْدٌ ﴿۷۸﴾

آیت نمبر ۷۸: واؤ عاطفہ جَآءَ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ قَوْمُهٗ مرکب اضافی ذوالحال يُهْرَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلَيْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ضَاقَ پر معطوف ہے۔ واؤ حالیہ مِنْ قَبْلُ جار با مجرور يَعْمَلُوْنَ کے متعلق مقدم ہوئے كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم يَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلسَّيِّاٰتِ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ كَانُوْا کی خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ يُهْرَعُوْنَ کی واؤ ضمیر سے حال ہے۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، يٰقَوْمِ یہ اصل میں يَاقَوْمِيْ ہے اور یہ نداء ہے، هٰٓؤُلَاۗءِ اسم اشارہ مبدل منہ بَنَاتِيْ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بابدل مبتدا، هُنَّ ضمیر پھر مبتدا، اَطْهَرُ اسم تفضیل هُنَّ ضمیر پوشیدہ فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل ومتعلق شبہ جملہ ہوکر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوکر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فاء فصیحہ اوراس کی شرط محذوف ہے اِذَاکَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، یا اِنْ کُنْتُمْ رَاشِدِیْنَ، اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تُخْزُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ فِیْ جارہ ضَیْفِیْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ ھمزہ حرف استفہام لَیْسَ فعل ناقص مِنْکُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم رَجُلٌ رَّشِیْدٌ مرکب توصیفی اسم موخر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِیْ بَنٰتِكَ مِنْ حَقٍّ ۚ وَاِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِیْدُ ﴿۷۹﴾

آیت نمبر ۷۹: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل عَلِمْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل مَا نافیہ لَنَا ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِیْ بَنٰتِكَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ زائدہ حَقٍّ محلا مرفوع ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اسم لَام مزحلقہ تَعْلَمُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل مَا اسم موصول نُرِیْدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ و مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف عَلِمْتَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جواب قسم، قسم با جواب قسم مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ لَوْ اَنَّ لِیْ بِكُمْ قُوَّةً اَوْ اٰوِیْۤ اِلٰی رُكْنٍ شَدِیْدٍ ﴿۸۰﴾

آیت نمبر ۸۰: قَالَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر قول، لَوْ شرطیہ اَنَّ حرف تحقیق لِیْ جار با مجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، بِكُمْ جار با مجرور کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم، قُوَّةً ذوالحال موخر، ذوالحال باحال اَنَّ کا اسم، اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اٰوِیْ فعل اَنَا ضمیر فاعل اِلٰی جارہ رُكْنٍ شَدِیْدٍ موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف باعتبار معنی کے، معطوف علیہ با معطوف فاعل ہوا فعل محذوف ثَبَتَ کا، فعل بافاعل شرط، اور جزاء محذوف ہے لَفَعَلْتُ بِكُمْ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالُوْا یٰلُوْطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ یَّصِلُوْۤا اِلَیْكَ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّیْلِ وَلَا یَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ اِلَّا امْرَاَتَكَ ؕ اِنَّهٗ مُصِیْبُهَا مَاۤ اَصَابَهُمْ ؕ اِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ ؕ اَلَیْسَ الصُّبْحُ بِقَرِیْبٍ ﴿۸۱﴾

آیت نمبر ۸۱: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، یٰلُوْطُ نداء ہے اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم رُسُلُ رَبِّكَ مرکب اضافی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ نداء کا جواب، نداء با جواب مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَنْ ناصبہ یَصِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَیْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جملہ سابقہ سے بدل الاشتمال ہے (فقیر) فاء فصیحہ اوراس کی شرط محذوف ہے اِذَاکَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، اَسْرِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بَاء حرف جار اَهْلِكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور مُصَاحِبًا کے متعلق ہو کر اَسْرِ

کا فاعل، بَاء حرف جار قِطْعٍ موصوف مِنَ الَّيْلِ ظرف مستقر کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يَلْتَفِتْ فعل مِنكُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم اَحَدٌ ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِلَّا حرف استثناء اِمْرَاَتَكَ مرکب اضافی اَهْلَكَ سے مستثنیٰ ہے اور عند البعض اَحَدٌ کا مستثنیٰ ہے اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ہٗ ضمیر اس کا اسم مُصِيْبُهَا مرکب اضافی خبر مقدم، مَا اسم موصول اَصَابَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق مَوْعِدَهُمُ مرکب اضافی اس کا اسم الصُّبْحُ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ هَمزہ حرف استفہام لَيْسَ فعل ناقص الصُّبْحُ اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ قَرِيْبٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب خبر، لَيْسَ با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ انشائیہ ہوا۔

فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ۙ مَّنْضُوْدٍ ﴿۸۲﴾ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ ؕ وَمَا هِيَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ﴿۸۳﴾

آیت نمبر ۸۲، ۸۳: فَاء عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل اَمْرُنَا مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَالِيَهَا مرکب اضافی مفعول بہ اول سَافِلَهَا مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمْطَرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، حِجَارَةً موصوف مِنْ جارہ سِجِّيْلٍ مَّنْضُوْدٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ مُسَوَّمَةً اسم مفعول هِيَ مستتر نائب فاعل عِنْدَ رَبِّكَ مرکب اضافی مفعول فیہ، اسم مفعول با نائب فاعل و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَا حجازیہ هِيَ ضمیر اس کا اسم مِنَ الظّٰلِمِيْنَ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے بَاء جارہ زائدہ بَعِيْدٍ صیغہ صفت هِيَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مَا حجازیہ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۸ ﴾

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۚ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِنِّيْۤ اَرٰىكُمْ بِخَيْرٍ وَّاِنِّيْۤ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ﴿۸۴﴾

آیت نمبر ۸۴: واؤ عاطفہ اِلٰى مَدْيَنَ جار با مجرور ظرف مستقر متعلق ہوئے فعل محذوف اَرْسَلْنَا کے، اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَخَاهُمْ مرکب اضافی مبدل منہ شُعَيْبًا بدل، مبدل منہ با بدل مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ اس کی ترکیب آیت نمبر ۶۱ میں دیکھیں۔ واؤ عاطفہ لَا تَنْقُصُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم اَرٰى فعل اَنَا مستتر فاعل

کُمْ ضمیر مفعول بہ بِخَیْرٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل عَلَیْکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے عَذَابَ مضاف یَوْمٍ مُّحِیْطٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ معللہ ہوا۔

وَیٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِکْیَالَ وَالْمِیْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْیَآءَھُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ ﴿۸۵﴾

آیت نمبر ۸۵: واؤ عاطفہ یٰقَوْمِ یہ اصل میں یَا قَوْمِیْ ہے اور یہ نداء ہے، اَوْفُوْا فعل امر واؤ ضمیر زائدہ بِالْقِسْطِ ظرف مستقر عَادِلِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، اَلْمِکْیَالَ وَالْمِیْزَانَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَبْخَسُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل النَّاسَ مفعول بہ اوّل اَشْیَآءَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر جملہ انشائیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا تَعْثَوْا فعل نہی واؤ ضمیر ذوالحال مُفْسِدِیْنَ حال، ذوالحال با حال فاعل فِی الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جواب نداء، نداء با جوابِ نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

بَقِیَّتُ اللّٰہِ خَیْرٌ لَّکُمْ اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ج وَمَآ اَنَا عَلَیْکُمْ بِحَفِیْظٍ ﴿۸۶﴾

آیت نمبر ۸۶: بَقِیَّتُ اللّٰہِ مرکب اضافی مبتدا، خَیْرٌ اسم تفضیل ھِیَ مستتر فاعل لَکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم مُؤْمِنِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے فَبَقِیَّتُ اللّٰہِ خَیْرٌ لَّکُمْ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ حجازیہ اَنَا ضمیر اس کا اسم عَلَیْکُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، بَاء جارہ زائدہ حَفِیْظٍ صیغہ صفت اَنَا مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مَا حجازیہ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَالُوْا یٰشُعَیْبُ اَصَلٰوتُکَ تَاْمُرُکَ اَنْ نَّتْرُکَ مَا یَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِیْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ط اِنَّکَ لَاَنْتَ الْحَلِیْمُ الرَّشِیْدُ ﴿۸۷﴾

آیت نمبر ۸۷: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، یٰشُعَیْبُ یہ نداء ہے ھَمزہ حرف استفہام صَلٰوتُکَ مرکب اضافی مبتدا، تَاْمُرُ فعل ھِیَ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اَنْ حرف مصدری و نصب نَتْرُکَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مَا موصولہ یَعْبُدُ فعل اٰبَآؤُنَا مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول با صلہ نَتْرُکَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَنْ مصدریہ نَفْعَلَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل فِیْ اَمْوَالِنَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، مَا موصولہ نَشٰٓؤُا فعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف، معطوف علیہ با معطوف منصوب بنزع الخافض تَاْمُرُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ جواب نداء، نداء

باجواب جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم لَام مدحلقہ اَنْتَ ضمیر مبتداء اَلْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَرَزَقَنِيْ مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰى مَآ اَنْهٰىكُمْ عَنْهُ ؕ اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ؕ وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ﴿۸۸﴾

آیت نمبر ۸۸: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، يٰقَوْمِ یہ اصل میں يَاقَوْمِيْ ہے اور یہ نداء ہے، اَرَءَيْتُمْ بمعنی اَخْبِرُوْنِيْ، اَخْبِرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر مفعول بہ اول اور مفعول بہ ثانی مقدر ہے اَفَاَشُوْبُ رِزْقِيْ بِالْحَرَامِ مِنَ الْبَخْسِ وَالتَّطْفِيْفِ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء باجواب مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔اِنْ حرف شرط كُنْتُ فعل ناقص تاء مضمومہ اسم عَلٰى حرف جار بَيِّنَةٍ موصوف مِنْ رَّبِّيْ ظرف مستقر كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ رَزَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر مفعول بہ مِنْهُ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم رِزْقًا حَسَنًا مرکب توصیفی ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، اور جزاء محذوف ہے فَهَلْ يَجُوْزُ لِيْ اَنْ اَخُوْنَ فِيْ وَحْيِهٖ (مظہری) شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ مَا نافیہ اُرِيْدُ فعل اَنَا مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب اُخَالِفَ فعل اَنَا مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اِلٰى حرف جار مَا موصولہ اَنْهٰى فعل اَنَا مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ عَنْهُ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور اُخَالِفَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق بتاویل مصدر اُرِيْدُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔اِنْ نافیہ اُرِيْدُ فعل اَنَا مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء الْاِصْلَاحَ مفعول بہ مَا وقتیہ مصدریہ اِسْتَطَعْتُ فعل بافاعل بتاویل مصدر وَقْتَ محذوف کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ منفیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ مَا نافیہ تَوْفِيْقِيْ مرکب اضافی مبتدا، اِلَّا حرف استثناء بِاللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔عَلَيْهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، تَوَكَّلْتُ فعل تاء مضمومہ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلَيْهِ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے، اُنِيْبُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَيٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْٓ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مِّثْلُ مَآ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ؕ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ﴿۸۹﴾

آیت نمبر ۸۹: واؤ عاطفہ يٰقَوْمِ یہ اصل میں يَاقَوْمِيْ ہے اور یہ نداء ہے، لَا يَجْرِمَنَّ فعل نہی كُمْ ضمیر مفعول بہ اول شِقَاقِيْ

مرکب اضافی فاعل، اَنْ حرف مصدری ونصب یُّصِیْبَ فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، مِثْلُ مضاف مَا موصولہ اَصَابَ فعل ھُوَ مستتر فاعل قَوْمَ نُوْحٍ مرکب اضافی معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ قَوْمَ ھُوْدٍ مرکب اضافی معطوف اوّل اَوْ عاطفہ قَوْمَ صٰلِحٍ مرکب اضافی معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر لَا یَجْرِمَنَّ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا حجازیہ قَوْمُ لُوْطٍ مرکب اضافی اس کا اسم مِنْكُمْ جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے بِ باء جارہ زائدہ بَعِیْدٍ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر فاعل، صیغہ صفت بافاعل ومتعلق مقدم سے مل کر مَا کی خبر، مَا اپنے اسم اور خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ یا معترضہ ہوا۔

وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ؕ اِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ﴿۹۰﴾

آیت نمبر ۹۰: واؤ عاطفہ اِسْتَغْفِرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل رَبَّكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ تُوْبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَيْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبِّيْ مرکب اضافی اس کا اسم رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ دو خبر، اِنَّ بااسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

قَالُوْا يٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَقُوْلُ وَ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْنَا ضَعِيْفًا ۚ وَ لَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ ۫ وَ مَآ اَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ﴿۹۱﴾

آیت نمبر ۹۱: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، یٰشُعَیْبُ یہ نداء ہے مَا نافیہ نَفْقَهُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كَثِيْرًا موصوف مِنْ جارہ مَا موصولہ تَقُوْلُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ نَرٰی فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، فِيْنَا ظرف لغو نَرٰی کے متعلق ضَعِيْفًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَوْلَا امتناعیہ رَهْطُكَ مرکب اضافی مبتدا، اور خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ شرط، لَام جوابیہ رَجَمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا حجازیہ اَنْتَ ضمیر مرفوع منفصل اسم، عَلَيْنَا جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے بِ باء جارہ زائدہ عَزِيْزٍ صیغہ صفت اَنْتَ مستتر فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مَا اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْٓ اَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَ اتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا ؕ اِنَّ رَبِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۹۲﴾

آیت نمبر ۹۲: قَالَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر قول، یٰقَوْمِ یہ اصل میں یَا قَوْمِیْ ہے اور یہ نداء ہے، هَمزہ حرف استفہام

رَهْطِي مرکب اضافی مبتدا، اَعَزُّ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے مِنْ حرف جار لفظ اللّٰہ ذوالحال ہوا و حالیہ اِتَّخَذْتُمُوْ فعل تُمْ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اول وَرَآءَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ ظِهْرِيًّا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور اَعَزُّ کے متعلق ثانی ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلقین خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبِّي مرکب اضافی اس کا اسم بِ حرف جار مَا موصولہ تَعْمَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے مُحِيْطٌ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَيٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ؕ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ؕ وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ رَقِيْبٌ ﴿۹۳﴾

آیت نمبر ۹۳: واؤ عاطفہ يٰقَوْمِ یہ اصل میں يَاقَوْمِيْ ہے اور یہ نداء ہے، اِعْمَلُوْا فعل امر واؤ ضمیر ذوالحال عَلٰى مَكَانَتِكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر مَوْصُوْفِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل جواب نداء، نداء با جواب جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق يَاء ضمیر اس کا اسم عَامِلٌ اسم فاعل اَنَا مستتر فاعل سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ سَوْفَ علامت فعل تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَنْ موصولہ يَاْتِيْ فعل ہٖ ضمیر مفعول بہ عَذَابٌ موصوف يُخْزِيْ فعل هُوَ ضمیر فاعل ہٖ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صفت، موصوف با صفت يَاْتِيْ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ موصولہ هُوَ ضمیر مبتدا، كَاذِبٌ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف تَعْلَمُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِرْتَقِبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق يَاء ضمیر اس کا اسم مَعَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم رَقِيْبٌ صیغہ صفت اس میں ضمیر اَنَا مستتر فاعل، صیغہ صفت با فاعل و مفعول فیہ مقدم سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مؤکدہ ہوا۔

وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَاَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۹۴﴾

آیت نمبر ۹۴: وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا اس کی ترکیب آیت نمبر ۶۶ میں دیکھیں واؤ عاطفہ اَخَذَتْ فعل اَلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا موصول با صلہ مفعول بہ اَلصَّيْحَةُ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فاء عاطفہ اَصْبَحُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم فِيْ دِيَارِهِمْ ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے جٰثِمِيْنَ اسم هُمْ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف نَجَّيْنَا پر معطوف ہے۔

كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ﴿۹۵﴾

آیت نمبر ۹۵: كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا اس کی ترکیب آیت نمبر ۶۸ میں دیکھیں اَلَا حرف تنبیہ بُعْدًا مفعول مطلق ہے فعل محذوف

بَعِدُوْا کا، لِمَدْيَنَ جار با مجرور فعل محذوف کے متعلق ہے کاف جارہ مَا مصدریہ بَعِدَتْ فعل ثَمُوْدُ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بُعْدًا کی صفت ہے، فعل بافاعل و مفعول مطلق و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

رکوع نمبر ۹

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۹۶﴾

آیت نمبر ۹۶: واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مُوْسٰى ذوالحال بَاء جارہ اٰيٰتِنَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ مرکب توصیفی معطوف، دونوں مل کر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوْۤا اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ وَمَاۤ اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ ﴿۹۷﴾

آیت نمبر ۹۷: اِلٰى حرف جار فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور اَرْسَلْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اِتَّبَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَمْرَ فِرْعَوْنَ مرکب اضافی ذوالحال واؤ حالیہ مَا مشابہ "بہ لَيْسَ" اَمْرُ فِرْعَوْنَ مرکب اضافی اسم بَاء جارہ زائدہ رَشِيْدٍ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل سے مل کر محلاً منصوب خبر، مَا حجازیہ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال اِتَّبَعُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف قسم کا جواب، قسم با جواب جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ ۗ وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ﴿۹۸﴾

آیت نمبر ۹۸: يَقْدُمُ فعل هُوَ مستتر فاعل قَوْمَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَوْرَدَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول اَلنَّارَ مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ بِئْسَ فعل ذم اَلْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ مرکب توصیفی فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ خبر، اور مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے اَلنَّارُ، مبتدا با خبر اَلنَّارَ سے حال ہے۔

وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ﴿۹۹﴾

آیت نمبر ۹۹: وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ اس کی ترکیب آیت نمبر ۶۰ میں دیکھیں بِئْسَ فعل ذم اَلرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ مرکب توصیفی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ انشائیہ خبر، اور مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے جَهَنَّمُ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ مِنْهَا قَآئِمٌ وَّحَصِيْدٌ ﴿۱۰۰﴾

آیت نمبر ۱۰۰: ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، مِنْ حرف جار اَنْۢبَآءِ الْقُرٰى مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اول، نَقُصُّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ عَلَيْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر ثانی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ مِنْهَا ظرف مستقر کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم قَآئِمٌ وَّحَصِيْدٌ معطوف علیہ با معطوف مبتدا مؤخر، مبتدا با

خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا، اور عند البعض نَقُصُهُ کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہے۔

وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَمَآ اَغْنَتْ عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ الَّتِیْ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ وَمَا زَادُوْهُمْ غَیْرَ تَتْبِیْبٍ ۝

آیت نمبر ۱۰۱: واؤ استینافیہ یا عاطفہ مَا نافیہ ظَلَمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب ذوالحال واؤ حالیہ لٰکِنّ حرف استدراک مہمل ظَلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ مَا نافیہ اَغْنَتْ فعل عَنْهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اٰلِهَتُهُمْ مرکب اضافی موصوف الَّتِیْ اسم موصول یَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ظرف مستقر متجاوزِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول با صلہ اٰلِهَتُهُمْ کی صفت، موصوف با صفت اَغْنَتْ کا فاعل مِنْ جارہ زائدہ شَیْءٍ محلاً منصوب مفعول بہ، اَغْنَتْ فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال با حال ظَلَمْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَمَّا حینیہ مضاف جَآءَ فعل اَمْرُ رَبِّكَ مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ اَغْنَتْ کا مفعول فیہ ہے، واؤ عاطفہ مَا نافیہ زَادُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اول، غَیْرَ تَتْبِیْبٍ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مَا اَغْنَتْ پر معطوف ہے۔

وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰی وَهِیَ ظَالِمَةٌ ؕ اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِیْمٌ شَدِیْدٌ ۝

آیت نمبر ۱۰۲: واؤ عاطفہ کَذٰلِكَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَخْذُ مصدر مضاف رَبِّكَ مرکب اضافی مضاف الیہ، اِذَا ظرف زمان مضاف اَخَذَ فعل هُوَ مستتر فاعل الْقُرٰی ذوالحال واؤ حالیہ هِیَ ضمیر مبتدا، ظَالِمَةٌ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال اَخَذَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِذَا کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ اَخْذُ کا مفعول فیہ، مصدر مضاف با مضاف الیہ و مفعول فیہ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَخْذَهٗ مرکب اضافی اس کا اسم اَلِیْمٌ شَدِیْدٌ دو خبر اِنَّ با اسم و خبریں جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ یَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ یَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ۝

آیت نمبر ۱۰۳: اِنَّ حرف تحقیق فِیْ ذٰلِكَ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لَام مزحلقہ اٰیَةً موصوف لَام حرف جار مَنْ اسم موصول خَافَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَذَابَ الْاٰخِرَةِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر اٰیَةً کی صفت، موصوف با صفت اسم موخر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، یَوْمٌ موصوف مَجْمُوْعٌ اسم مفعول لَهٗ جار با مجرور متعلق ہوئے النَّاسُ نائب فاعل، اسم مفعول با نائب فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر یَوْمٌ کی صفت، موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، یَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ﴿۱۰۴﴾

آیت نمبر ۱۰۴: واؤ عاطفہ مَا نافیہ نُؤَخِّرُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء لام جارہ اَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور مستثنیٰ مفرغ متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

یَوْمَ یَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِیٌّ وَّ سَعِیْدٌ ﴿۱۰۵﴾

آیت نمبر ۱۰۵: یَوْمَ مضاف یَاْتِ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ مقدم لَا تَكَلَّمُ فعل نَفْسٌ فاعل اِلَّا حرف استثناء بِاِذْنِهٖ جار با مجرور مستثنیٰ مفرغ ہو کر متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول فیہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء تفریعیہ مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم شَقِیٌّ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر معطوف علیہ واؤ عاطفہ سَعِیْدٌ مبتدا اور اس کی خبر مِنْهُمْ محذوف ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، دونوں مل کر جملہ معطوفہ مُعَلّٰلہ ہوا۔

فَاَمَّا الَّذِیْنَ شَقُوْا فَفِی النَّارِ لَهُمْ فِیْهَا زَفِیْرٌ وَّ شَهِیْقٌ ﴿۱۰۶﴾

آیت نمبر ۱۰۶: فاء عاطفہ برائے تفصیل اَمَّا حرف شرط الَّذِیْنَ اسم موصول شَقُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ متضمن معنی شرط مبتدا، فاء جزائیہ فِی النَّارِ ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لام جارہ هُمْ ضمیر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم، فِیْهَا ظرف مستقر كَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم، زَفِیْرٌ وَّ شَهِیْقٌ معطوف علیہ با معطوف ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

خٰلِدِیْنَ فِیْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَ الْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ ﴿۱۰۷﴾

آیت نمبر ۱۰۷: خٰلِدِیْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر پوشیدہ مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء مَا بمعنی مَنْ اسم موصول شَآءَ فعل رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ خٰلِدِیْنَ کا فاعل فِیْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے مَا مصدریہ دَامَتْ فعل السَّمٰوٰتُ وَ الْاَرْضُ معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل بافاعل بتاویل مصدر وَقْتَ مضاف محذوف کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خٰلِدِیْنَ کا مفعول فیہ، اسم فاعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ حال ہے فِی النَّارِ کے متعلق كَائِنُوْنَ کی ضمیر فاعل سے۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اِنَّ کا اسم فَعَّالٌ صیغہ مبالغہ هُوَ مستتر فاعل لام جارہ مَا اسم موصول یُرِیْدُ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، صیغہ مبالغہ بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلّٰلہ ہوا۔

وَ اَمَّا الَّذِیْنَ سُعِدُوْا فَفِی الْجَنَّةِ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَ الْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ عَطَآءً غَیْرَ مَجْذُوْذٍ ﴿۱۰۸﴾

آیت نمبر ۱۰۸: وَ اَمَّا الَّذِیْنَ سُعِدُوْا فَفِی الْجَنَّةِ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَ الْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ

رَبُّكَ اس کی ترکیب آیت نمبر ۱۰۶، ۱۰۷ کی ترکیب کے مطابق ہے عَطَآءً موصوف غَیْرَ مَجْذُوْذٍ مرکب توصیفی صفت، موصوف باصفت مفعول مطلق فعل محذوف یُعْطِیْ کا۔۔۔۔۔(روح المعانی)

فَلَا تَكُ فِیْ مِرْیَةٍ مِّمَّا یَعْبُدُ هٰٓؤُلَآءِ ؕ مَا یَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا یَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ وَ اِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِیْبَهُمْ غَیْرَ مَنْقُوْصٍ ﴿۱۰۹﴾

آیت نمبر ۱۰۹: فاء استینا فیہ لَا تَكُ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل فِیْ جارہ مِرْیَةٍ موصوف مِنْ جارہ مَا موصولہ یَعْبُدُ فعل هٰٓؤُلَآءِ اسم اشارہ فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر مِرْیَةٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ مَا نافیہ یَعْبُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء کاف حرف جار مَا مصدریہ یَعْبُدُ فعل اٰبَآؤُهُمْ مرکب اضافی ذوالحال مِنْ قَبْلُ ظرف مستقر كَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر مستثنٰی مفرغ ہو کر عِبَادَةً موصوف کے واسطہ سے مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ (روح المعانی) واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ مُوَفُّوْا اسم فاعل مضاف هُمْ ضمیر مضاف الیہ نَصِیْبَهُمْ مرکب اضافی ذوالحال غَیْرَ مَنْقُوْصٍ مرکب اضافی حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، اسم فاعل مضاف بامضاف الیہ ومفعول بہ شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۰ ❁

وَلَقَدْ اٰتَیْنَا مُوْسَی الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِیْهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِیَ بَیْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَفِیْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِیْبٍ ﴿۱۱۰﴾

آیت نمبر ۱۱۰: واؤ استینا فیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مُوْسٰی مفعول بہ اوّل اَلْكِتٰبَ مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اُخْتُلِفَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل فِیْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف قسم محذوف کا جواب، قسم باجواب جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَوْلَا امتناعیہ كَلِمَةٌ موصوف سَبَقَتْ فعل هِیَ مستتر فاعل مِنْ رَّبِّكَ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مبتدا، اور خبر محذوف ہے مَوْجُوْدَةٌ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ شرط، لَام جوابیہ قُضِیَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل بَیْنَ مضاف هُمْ ضمیر مضاف الیہ مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اسم لَام مزحلقہ فِیْ حرف جار شَكٍّ موصوف مِنْهُ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت اُولٰی، مُرِیْبٍ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَیُوَفِّیَنَّهُمْ رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ ؕ اِنَّهٗ بِمَا یَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ ﴿۱۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱۱: واؤ استینا فیہ اِنَّ حرف تحقیق كُلًّا اس کا اسم لَمَّا اصل میں لَمَنْ مَا ہے، لَام مزحلقہ مَنْ اسم موصول مَا زائدہ فعل

مقدر یُبۡعثوۡا (مظہری) فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (ملخص از مظہری) لَامۡ موطۂ للقسم اور قسم محذوف ہے یُوَفِّیَنَّ فعل هُمۡ ضمیر مفعول بہ اوّل رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل اَعۡمَالَهُمۡ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم بَاءِ جارہ مَا یَعۡمَلُوۡنَ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم، خَبِیۡرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

فَاسۡتَقِمۡ كَمَاۤ اُمِرۡتَ وَمَنۡ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطۡغَوۡا ؕ اِنَّهٗ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ ﴿۱۱۲﴾

آیت نمبر ۱۱۲: فَاءِ فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الۡاَمۡرُ كَذٰلِكَ، اِسۡتَقِمۡ فعل امر اَنۡتَ مستتر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنۡ اسم موصول تَابَ فعل هُوَ مستتر فاعل مَعَكَ مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل، کاف حرف جار مَا مصدریہ اُمِرۡتَ فعل مجہول تَاء ضمیر مفتوحہ نائب فاعل، دونوں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِسۡتِقَامَةً کے مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعول مطلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَطۡغَوۡا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

سوال: ضمیر مرفوع متصل پر کسی اسم کے عطف کرنے کی شرط یہ ہے کہ پہلے ضمیر مرفوع متصل کی ضمیر مرفوع منفصل کے ساتھ تاکید لائی جائے۔ اور یہاں تاکید نہیں لائی گئی، تو پھر مَنۡ تَابَ کا عطف اِسۡتَقِمۡ کی ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ پر کیسے کیا گیا ہے۔؟

جواب: یہاں تاکید لائے بغیر عطف اس لئے کیا گیا ہے کہ درمیان میں فاصلہ آگیا ہے۔ (فلا اشکال)

اِنَّهٗ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ کی ترکیب اِنَّهٗ بِمَا يَعۡمَلُوۡنَ خَبِيۡرٌ کی طرح ہے جو آیت نمبر ۱۱۱ میں گزری ہے

وَلَا تَرۡكَنُوۡۤا اِلَى الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا لَـكُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مِنۡ اَوۡلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنۡصَرُوۡنَ ﴿۱۱۳﴾

آیت نمبر ۱۱۳: واؤ عاطفہ لَا تَرۡكَنُوۡۤا اِلَى الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا یہ لَا يَكُنۡ رُكُوۡنُكُمۡ اِلَى الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا کی تاویل میں ہے لَا يَكُنۡ فعل نہی رُكُوۡنُ مصدر مضاف كُمۡ ضمیر مضاف الیہ اِلٰى حرف جار اَلَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ و متعلق سے مل کر معطوف علیہ، فَاءِ سببیہ اور اس کے بعد اَنۡ مقدر ہے تَمَسَّ فعل كُمۡ ضمیر مفعول بہ اَلنَّارُ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف، معطوف علیہ با معطوف لَا يَكُنۡ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ لَكُمۡ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنۡ جارہ زائدہ اَوۡلِيَآءَ لفظاً مجرور محلاً مرفوع ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَا تُنۡصَرُوۡنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَىِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيۡلِ ؕ اِنَّ الۡحَسَنٰتِ يُذۡهِبۡنَ السَّيِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ

ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿١١٤﴾

آیت نمبر ۱۱۴: واؤ استینافیہ أَقِمْ فعل امر أَنْتَ مستتر فاعل الصَّلٰوةَ مفعول بہ طَرَفَيِ النَّهَارِ مرکب اضافی معطوف علیہ واؤ عاطفہ زُلَفًا موصوف مِنَ الَّيْلِ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف أَقِمْ کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ إِنَّ حرف تحقیق الْحَسَنٰتِ اس کا اسم يُذْهِبْنَ فعل نون مستتر درفاعل السَّيِّاٰتِ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر إِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا ذِكْرٰى موصوف لِلذّٰكِرِيْنَ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١١٥﴾

آیت نمبر ۱۱۵: واؤ عاطفہ اِصْبِرْ فعل امر أَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ أَقِمْ پر معطوف ہے۔ فاء تعلیلیہ إِنَّ حرف تحقیق لفظ اللّٰهَ اسم، لَا يُضِيْعُ فعل هُوَ مستتر فاعل أَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر إِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

فَلَوْ لَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْاَرْضِ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۚ وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَاۤ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿١١٦﴾

آیت نمبر ۱۱۶: فاء استینافیہ لَوْ لَا حرف تحضیض كَانَ فعل تام مِنْ حرف جار الْقُرُوْنِ ذوالحال مِنْ قَبْلِكُمْ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور كَانَ کے متعلق ہوئے أُولُوا بَقِيَّةٍ مرکب اضافی موصوف يَنْهَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ حرف جار الْفَسَادِ مصدر فِي الْأَرْضِ جار با مجرور مصدر کے متعلق ہوئے، مصدر با متعلق عَنْ کا مجرور، جار با مجرور يَنْهَوْنَ کے متعلق ہوئے، تینوں مل کر صفت، موصوف باصفت كَانَ کا فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

إِلَّا حرف استثناء بمعنی لٰكِنَّ "قَلِيْلًا" موصوف مِنْ حرف جار مَنْ اسم موصول أَنْجَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مِنْ کے لئے مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت لٰكِنَّ کا اسم، اور خبر محذوف ہے نَهَوْا عَنِ الْفَسَادِ، واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے فَلَمْ يَنْهَوْا عَنِ الْفَسَادِ، اِتَّبَعَ فعل الَّذِيْنَ اسم موصول ظَلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ فاعل مَا موصولہ اسم موصول أُتْرِفُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِيْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم مُجْرِمِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ اِتَّبَعَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَ مَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّ اَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱۷﴾

آیت نمبر ۱۱۷: واؤ استینافیہ مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل لَام جحد یہ جارہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يُهْلِكَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِظُلْمٍ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر يُهْلِكَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے اَلْقُرٰى ذوالحال واؤ حالیہ اَهْلُهَا مرکب اضافی مبتدا، مُصْلِحُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال يُهْلِكَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر مُرِيْدًا کے متعلق ہو کر كَانَ کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ لَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّ لَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ؕ وَ لِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ؕ وَ تَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۱۹﴾

آیت نمبر ۱۱۸، ۱۱۹: واؤ استینافیہ لَوْ حرف شرط شَآءَ فعل رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر شرط لَام جوابیہ جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل النَّاسَ مفعول بہ اول اُمَّةً وَّاحِدَةً مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يَزَالُوْنَ فعل ناقص واؤ ضمیر مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء مَنْ اسم موصول رَحِمَ فعل رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مستثنیٰ ہوا، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ لَا يَزَالُوْنَ کا اسم مُخْتَلِفِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لِذٰلِكَ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ تَمَّتْ فعل كَلِمَةُ رَبِّكَ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اَمْلَئَنَّ فعل اَنَا مستتر فاعل جَهَنَّمَ مفعول بہ مِنْ حرف جار الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ معطوف علیہ با معطوف مؤکد، اَجْمَعِيْنَ تاکید، مؤکد با تاکید مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

وَ كُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ وَ جَآءَكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَ مَوْعِظَةٌ وَّ ذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾

آیت نمبر ۱۲۰: واؤ عاطفہ كُلًّا موصوف مِنْ حرف جار اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مبدل منہ مَا اسم موصول نُثَبِّتُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے فُؤَادَكَ مرکب اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ بدل، مبدل منہ با بدل مفعول بہ مقدم نَقُصُّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَلَيْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ جَآءَ فعل كاف ضمیر مفعول بہ فِيْ هٰذِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے الْحَقُّ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَوْعِظَةٌ معطوف اول واؤ عاطفہ ذِكْرٰى موصوف لِلْمُؤْمِنِيْنَ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف

باصفت معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَنْبَآءِ الرُّسُلِ سے حال ہے۔

وَقُلْ لِّلَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا عَلٰی مَكَانَتِكُمْ ؕ اِنَّا عٰمِلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾

آیت نمبر ۱۲۱: واؤ استینافیہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَامِ حرف جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَا یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ ہو کر قول اِعْمَلُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال عَلٰی مَكَانَتِكُمْ كَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اسم عٰمِلُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ انْتَظِرُوْا ۚ اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

آیت نمبر ۱۲۲: واؤ عاطفہ اِنْتَظِرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ اعْمَلُوْا پر معطوف ہے، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم مُنْتَظِرُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَلِلّٰهِ غَیْبُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ اِلَیْهِ یُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ وَ تَوَكَّلْ عَلَیْهِ ؕ وَ مَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

آیت نمبر ۱۲۳: واؤ استینافیہ لِلّٰهِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم غَیْبُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلَیْهِ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے یُرْجَعُ فعل مجہول اَلْاَمْرُ مؤکد كُلُّهٗ مرکب اضافی تاکید، مؤکد باتاکید نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، اُعْبُدْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَوَكَّلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلَیْهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط محذوف کی جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا حجازیہ رَبُّكَ مرکب اضافی اس کا اسم بَاء حرف جار زائدہ غَافِلٍ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل عَنْ جارہ مَا موصولہ تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور اسم فاعل کے متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق لفظاً مجرور محلاً منصوب خبر، مَا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

بِحَمْدِهٖ تعالیٰ

(دو ربیع الاوّل بروز جمعہ ۱۴۳۸ھ بوقت صبح ۱۰:۴۵ پر سورۃ هُود کی ترکیب کی تکمیل ہوئی)

ترکیب سُوْرَۃُ یُوْسُفْ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝۱

آیت نمبر ۱: الٓرٰ اس کی ترکیب سورۃ البقرہ کی پہلی آیت میں دیکھیں تِلْكَ اسم اشارہ مبتدا، اٰيٰتُ مضاف الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝۲

آیت نمبر ۲: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هٗ ضمیر ذوالحال یا مبدل منہ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا مرکب توصیفی حال یا بدل، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی كُمْ ضمیر اسم تَعْقِلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ انشائیہ ترجیہ راجئ عَقِلِكُمْ کی تاویل میں ہو کر اَنْزَلْنَا کی ضمیر فاعل سے حال ہے یا جملہ مُعلِّلہ ہے۔

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ ۖ وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ۝۳

آیت نمبر ۳: نَحْنُ ضمیر مبتدا، نَقُصُّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَلَيْكَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَحْسَنَ الْقَصَصِ مرکب اضافی مفعول بہ یا مفعول مطلق بَاءِ حرف جار مَا مصدریہ اَوْحَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَيْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے هٰذَا الْقُرْاٰنَ مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور نَقُصُّ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ اِنْ مخففہ من المثقلہ ضمیر شان مقدر اسم كُنْتَ فعل ناقص تَاء مفتوحہ ضمیر اسم مِنْ قَبْلِهٖ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر فعل ناقص کی ضمیر اسم سے حال ہے لَامِ فارقہ مِنَ الْغٰفِلِيْنَ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنْ کی خبر اِنْ با اسم و خبر هٰذَا الْقُرْاٰنَ سے حال ہے۔

اِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ ۝۴

آیت نمبر ۴: اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَ فعل يُوْسُفُ فاعل لَامِ جارہ اَبِيْهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول يَاءِ حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا ضمیر فاعل اَبَتِ اصل میں اَبِيْ تھا منادیٰ مضاف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر نداء، اِنَّ حرف تحقیق يَاء ضمیر اس کا اسم رَاَيْتُ فعل تَاء مضمومہ فاعل اَحَدَ عَشَرَ ممیز كَوْكَبًا تمیز، ممیز با تمیز معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الشَّمْسَ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ الْقَمَرَ دوسرا معطوف، معطوف علیہ با معطوفین

مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جواب نداء، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ اِذْ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا اُذْکُرْ فعل امر کا، اُذْکُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ ہوا۔ رَاَیْتُ فعل تَاء مضمومہ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، لِیْ جار بامجرور متعلق مقدم ہوا سٰجِدِیْنَ کا، سٰجِدِیْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق مقدم مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ یٰبُنَیَّ لَا تَقْصُصْ رُءْیَاكَ عَلٰٓی اِخْوَتِكَ فَیَکِیْدُوْا لَكَ کَیْدًا ؕ اِنَّ الشَّیْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ ۝۵

آیت نمبر ۵: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، یٰبُنَیَّ نداء ہے لَا تَقْصُصْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل رُءْیَاكَ مرکب اضافی مفعول بہ، عَلٰی جارہ اِخْوَتِكَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ انشائیہ جواب نداء، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فائدہ: لَا تَقْصُصْ رُءْیَاكَ عَلٰٓی اِخْوَتِكَ" یہ لَا یَکُنْ مِنْكَ قَصُّ رُؤْیَاكَ عَلٰٓی اِخْوَتِكَ کی تاویل میں ہے۔

فاء سببیہ عاطفہ یَکِیْدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَكَ جار بامجرور متعلق ہوئے کَیْدًا مفعول مطلق، چاروں مل کر بتاویل مصدر قَصُّ رُؤْیَاكَ پر معطوف ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق الشَّیْطٰنَ اس کا اسم لِلْاِنْسَانِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَکَذٰلِكَ یَجْتَبِیْكَ رَبُّكَ وَیُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ وَیُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَیْكَ وَعَلٰٓی اٰلِ یَعْقُوْبَ کَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓی اَبَوَیْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِیْمَ وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ ۝۶

آیت نمبر ۶: واؤ عاطفہ کَذٰلِكَ جار بامجرور ظرف لغو ہو کر متعلق مقدم یَجْتَبِیْ فعل کاف ضمیر مفعول بہ رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ جواب نداء پر معطوف ہے۔ واؤ استینافیہ یُعَلِّمُ فعل ھُوَ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ مِنْ حرف جار تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُتِمُّ فعل ھُوَ مستتر فاعل نِعْمَتَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ عَلَیْكَ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَلٰی حرف جار اٰلِ یَعْقُوْبَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف یُتِمُّ کے متعلق ہوئے، کاف حرف جار مَا مصدریہ اَتَمَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ عَلٰی حرف جار اَبَوَیْكَ مرکب اضافی مبدل منہ اِبْرٰهِیْمَ وَاِسْحٰقَ معطوف علیہ بامعطوف بدل، مبدل منہ بابدل ذوالحال مِنْ قَبْلُ ظرف مستقر کَائِنَیْنِ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے اَتَمَّ فعل کے، اَتَمَّ فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِتْمَامًا کے یُتِمُّ کا مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب

اضافی اس کا اسم عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

لَقَدْ كَانَ فِیْ یُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖۤ اٰیٰتٌ لِّلسَّآىٕلِیْنَ ۝

آیت نمبر ۷: لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل کَانَ فعل ناقص فِیْ حرف جار یُوْسُفَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِخْوَتِهٖ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَاتٍ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اٰیٰتٌ موصوف لِلسَّآئِلِیْنَ ظرف مستقر کَائِنَاتٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب، قسم با جواب جملہ انشائیہ قسمیہ مستانفہ ہوا۔

اِذْ قَالُوْا لَیُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰۤى اَبِیْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ؕ اِنَّ اَبَانَا لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنِ ۝ ۸

آیت نمبر ۸: اِذْ ظرف زمان مضاف قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، لام ابتدائیہ یُوْسُفُ معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَخُوْهُ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا، اَحَبُّ اسم تفضیل ھُمَا ضمیر پوشیدہ ذوالحال واؤ حالیہ نَحْنُ ضمیر مبتدا، عُصْبَةٌ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال فاعل، اِلٰی حرف جار اَبِیْنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے مِنَّا جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ فعل محذوف اُذْکُرْ کا مفعول فیہ، فعل امر با فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَبَانَا مرکب اضافی اسم لام مزحلقہ فِیْ حرف جار ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اقْتُلُوْا یُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا یَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِیْكُمْ وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِیْنَ ۝ ۹

آیت نمبر ۹: اُقْتُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل یُوْسُفَ مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اِطْرَحُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اَرْضًا مفعول فیہ، اور عند البعض مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔ یَخْلُ فعل لَکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے وَجْهُ اَبِیْکُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط محذوف اِنْ تَقْتُلُوْا یُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ کی جزاء ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ تَکُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم مِنْۢ بَعْدِهٖ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، قَوْمًا صٰلِحِیْنَ مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ یَخْلُ پر معطوف ہے۔

قَالَ قَآىٕلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا یُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ فِیْ غَیٰبَتِ الْجُبِّ یَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّیَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِیْنَ ۝ ۱۰

آیت نمبر ۱۰: قَالَ فعل قَآئِلٌ موصوف مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول لَا تَقْتُلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل یُوْسُفَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ فِیْ حرف جار غَیٰبَتِ الْجُبِّ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ یَلْتَقِطْ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ بَعْضُ السَّیَّارَۃِ مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط محذوف اِنْ تُلْقُوْہُ فِیْ غَیٰبَتِ الْجُبِّ کی جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم فٰعِلِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے ھٰذَا ھُوَ الرَّأْیُ الصَّوَابُ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالُوْا یٰۤاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰی یُوْسُفَ وَ اِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، یَاء حرف ندا اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْا فعل اَنَا ضمیر فاعل اَبَانَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ نداء، مَا استفہامیہ مبتدا، لَام جارہ کاف ضمیر ذوالحال لَا تَاْمَنَّ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل نَا ذوالحال واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَهٗ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے نٰصِحُوْنَ کے، لَام مزحلقہ نٰصِحُوْنَ اسم فاعل اس میں ھُمْ ضمیر فاعل، اسم فاعل بافاعل ومتعلق مقدم شبہ جملہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال لَا تَاْمَنَّ کا مفعول بہ عَلٰی یُوْسُفَ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ انشائیہ حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا یَّرْتَعْ وَ یَلْعَبْ وَ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: اَرْسِلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مَعَنَا مرکب اضافی مفعول فیہ اوّل غَدًا مفعول فیہ ثانی، فعل بافاعل ومفاعیل ثلاثہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ یَرْتَعْ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَلْعَبْ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَهٗ جار با مجرور متعلق مقدم لَام مزحلقہ حٰفِظُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط محذوف اِنْ تُرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا کی جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ اِنِّیْ لَیَحْزُنُنِیْۤ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ وَ اَخَافُ اَنْ یَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَ اَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ یَحْزُنُ فعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ اَنْ مصدریہ تَذْهَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر بتاویل مصدر یَحْزُنُ کا فاعل، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل اَنْ مصدریہ یَاْكُلَ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، اَلذِّئْبُ

ذوالحال واؤحالیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا،عَنْهُ جار با مجرور متعلق مقدم غٰفِلُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال یَاْکُلَ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر اَخَافُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالُوْا لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَ نَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّآ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط اَکَلَ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اَلذِّئْبُ ذوالحال واؤحالیہ نَحْنُ مبتدا، عُصْبَةٌ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اسم اِذًا حرف جزاء وجواب مہمل، لَام مذحلقہ خٰسِرُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب قسم، اور شرط کی جزاء محذوف ہے جس پر جواب قسم دال ہے، قسم با جواب قسم مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ وَ اَجْمَعُوْٓا اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ ۚ وَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ هٰذَا وَ هُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے فَاَرْسَلَهٗ مَعَهُمْ "لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم ذَهَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَجْمَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ مصدر یہ یَجْعَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ فِیْ جارہ غَیٰبَتِ الْجُبِّ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مفعول بہ ہوا اَجْمَعُوْا کا، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، اور جزاء محذوف ہے فَعَلُوْا بِهٖ مَافَعَلُوْهُ مِنَ الْاَذٰی، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَوْحَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَیْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ اَجْمَعُوْا پر معطوف ہے۔ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے لَتُنَبِّئَنَّ فعل اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بَاء جارہ اَمْرِهِمْ مرکب اضافی موصوف هٰذَا صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ اَوْحَیْنَا کی تفسیر ہوا۔ واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَا یَشْعُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ تُنَبِّئَنَّ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

وَجَآءُوْٓ اَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُوْنَ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: واؤ استینافیہ جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال یَبْکُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال با حال فاعل اَبَاهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ عِشَآءً مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَ تَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، یٰاَبَانَا کی ترکیب آیت نمبر ۱۱ میں دیکھیں اور یہ نداء ہے اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم ذَهَبْنَا فعل نَا ضمیر ذوالحال نَسْتَبِقُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال باحال فاعل، ذَهَبْنَا فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَرَكْنَا فعل نَا ضمیر فاعل یُوْسُفَ مفعول بہ عِنْدَ مَتَاعِنَا مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فاء عاطفہ اَكَلَ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ الذِّئْبُ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب نداء، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واؤ استینافیہ مَا حجازیہ اَنْتَ ضمیر اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ مُؤْمِنٍ اسم فاعل اَنْتَ مستتر فاعل لَنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ لفظاً مجرور محلاً منصوب خبر، مَا حجازیہ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم صٰدِقِیْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، جزاء محذوف ہے مَا اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مُؤْمِنٍ کی اَنْتَ ضمیر سے حال ہے۔

وَجَآءُوْا عَلٰی قَمِیْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ؕ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِیْلٌ ؕ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: واؤ عاطفہ جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰی قَمِیْصِهٖ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم بَاء جارہ دَمٍ كَذِبٍ مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ معطوفہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، بَلْ حرف عطف اور معطوف علیہ محذوف ہے لَمْ تَصْدُقُوْا فِیْ كَلَامِكُمْ، سَوَّلَتْ فعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَنْفُسُكُمْ مرکب اضافی فاعل اَمْرًا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، صَبْرٌ جَمِیْلٌ مرکب توصیفی خبر ہے مبتدا محذوف اَمْرِیْ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، اَلْمُسْتَعَانُ اسم مفعول هُوَ مستتر نائب فاعل عَلٰی حرف جار مَا موصولہ تَصِفُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم مفعول بانائب فاعل و متعلق شبہ جملہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَجَآءَتْ سَیَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰی دَلْوَهٗ ؕ قَالَ یٰبُشْرٰی هٰذَا غُلٰمٌ ؕ وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِمَا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: واؤ استینافیہ جَآءَتْ فعل سَیَّارَةٌ فاعل، دونوں مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَرْسَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل وَارِدَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف اوّل، فاء عاطفہ اَدْلٰی فعل هُوَ مستتر فاعل دَلْوَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، یَاء حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم

مقام، اُدۡعُوۡا فعل اَنَا ضمیر فاعل بُشۡرٰی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر نداء، ھٰذَا غُلٰمٌ مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب نداء، نداء باجواب مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واؤ استینافیہ اَسَرُّوۡا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ بِضَاعَةً "جَاعِلِیۡهِ" کا مفعول بہ ہو کر اَسَرُّوۡا کی ضمیر فاعل سے حال ہے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ اَرۡسَلُوۡا پر معطوف ہے یا جملہ مستانفہ ہے۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، عَلِیۡمٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بَاءِ جارہ مَا موصولہ یَعۡمَلُوۡنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ شَرَوۡهُ بِثَمَنٍۭ بَخۡسٍ دَرَاهِمَ مَعۡدُوۡدَةٍ ۚ وَ كَانُوۡا فِيۡهِ مِنَ الزّٰهِدِيۡنَ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: واؤ عاطفہ شَرَوۡا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ بَاءِ جارہ ثَمَنٍ بَخۡسٍ مرکب توصیفی مبدل منہ دَرَاهِمَ مَعۡدُوۡدَةٍ مرکب توصیفی بدل، مبدل منہ بابدل مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَانُوۡا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم فِیۡهِ جار با مجرور متعلق مقدم مِنۡ حرف جار اَلزّٰهِدِیۡنَ اسم فاعل ھُمۡ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنِیۡنَ کے متعلق ہو کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَسَرُّوۡا پر معطوف ہے۔

رکوع نمبر ۳

وَ قَالَ الَّذِی اشۡتَرٰىهُ مِنۡ مِّصۡرَ لِامۡرَاَتِهٖۤ اَكۡرِمِیۡ مَثۡوٰىهُ عَسٰۤی اَنۡ یَّنۡفَعَنَاۤ اَوۡ نَتَّخِذَهٗ
وَلَدًا ؕ وَ كَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِیُوۡسُفَ فِی الۡاَرۡضِ ۫ وَ لِنُعَلِّمَهٗ مِنۡ تَاۡوِیۡلِ الۡاَحَادِیۡثِ ؕ وَ اللّٰهُ
غَالِبٌ عَلٰۤی اَمۡرِهٖ وَ لٰكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے دَخَلُوۡا مِصۡرَ وَعَرَضُوۡهُ لِلۡبَیۡعِ، قَالَ فعل اَلَّذِیۡ اسم موصول اِشۡتَرٰی فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مِنۡ مِّصۡرَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر اِشۡتَرٰی کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ لَامِ جارہ اِمۡرَاَتِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ قَالَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اَکۡرِمِیۡ فعل امر یَاءِ ضمیر ظاہر فاعل مَثۡوٰىهُ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے، معطوف علیہ محذوف بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

عَسٰی فعل مقارب ھُوَ مستتر اس کا اسم اَنۡ مصدریہ ناصبہ یَّنۡفَعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوۡ عاطفہ نَتَّخِذَ فعل نَحۡنُ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اول وَلَدًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر خبر، فعل مقارب بااسم و خبر جملہ فعلیہ انشائیہ مُعَلِّلَہ ہوا۔ واؤ استینافیہ کَذٰلِكَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَمۡکِیۡنًا کے مفعول مطلق مقدم مَکَّنَّا فعل نَا ضمیر فاعل لِیُوۡسُفَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق اول ہوئے فِی الۡاَرۡضِ جار

بامجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و مفعول مطلق و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے لِيَحْكُمَ بِالْعَدْلِ (مظہری) لام جارہ يَحْكُمَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِالْعَدْلِ متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لام جارہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نُعَلِّمَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مِنْ جارہ تَأْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مَكَّنَّا کے متعلق ہوئے۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، غَالِبٌ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰٓى اَمْرِهٖ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَكْثَرَ النَّاسِ مرکب اضافی اسم لَا يَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، لٰكِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جملہ اولیٰ پر معطوف ہے۔

وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗٓ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: واؤ استینافیہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم بَلَغَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَشُدَّهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ حُكْمًا وَّعِلْمًا معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ كَذٰلِكَ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جَزَآءً کے مفعول مطلق مقدم نَجْزِي فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْمُحْسِنِيْنَ مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَرَاوَدَتْهُ الَّتِيْ هُوَ فِيْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ؕ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّيْٓ اَحْسَنَ مَثْوَايَ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: واؤ استینافیہ رَاوَدَتْ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مقدم الَّتِيْ اسم موصول هُوَ ضمیر مبتدا، فِيْ بَيْتِهَا ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ فاعل عَنْ جارہ نَفْسِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ غَلَّقَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل الْاَبْوَابَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ قَالَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، هَيْتَ اسم فعل بمعنی اَقْبِلْ "اَنْتَ" مستتر فاعل لَكَ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ امریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَعَاذَ اللّٰهِ مرکب اضافی فعل محذوف اَعُوْذُ کا مفعول مطلق، اَعُوْذُ فعل اَنَا ضمیر فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم رَبِّيْ مرکب اضافی خبر اوّل، اَحْسَنَ فعل هُوَ مستتر فاعل مَثْوَايَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر ثانی، اِنَّ بااسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اسم لَا يُفْلِحُ فعل الظّٰلِمُوْنَ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جملہ اولیٰ سے بدل ہے۔

وَ لَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ وَ هَمَّ بِهَا لَوْ لَاۤ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَ الْفَحْشَآءَ ؕ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴ : واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل هَمَّتْ فعل هِیَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هَمَّ فعل هُوَ مستتر فاعل بِهَا جار با مجرور متعلق ہوئے تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ لَوْلَا حرف امتناع اَنْ مصدریہ رَاٰی فعل هُوَ مستتر فاعل بُرْهَانَ رَبِّهٖ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مبتدا، خبر محذوف ہے مَوْجُوْدَۃٌ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ شرط، جزاء محذوف ہے لَجَامَعَهَا (مظہری) یا لَهَمَّ بِهَا ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

كَذٰلِكَ ظرف مستقر متعلق ہوئے فعل محذوف فَعَلْنَا کے، فَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَام جارہ نَصْرِفَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَنْهُ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَلسُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور فَعَلْنَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اسم مِنْ جارہ عِبَادِنَا مرکب اضافی موصوف اَلْمُخْلَصِيْنَ اسم مفعول هُمْ ضمیر مستتر نائب فاعل سے مل کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَ قَدَّتْ قَمِيْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّ اَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ؕ قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا اِلَّاۤ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵ : واؤ عاطفہ اِسْتَبَقَا فعل الف ضمیر فاعل اَلْبَابَ منصوب بنزع الخافض متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَدَّتْ فعل هِیَ مستتر فاعل قَمِيْصَهٗ مرکب اضافی ذوالحال مِنْ دُبُرٍ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَلْفَيَا فعل الف ضمیر فاعل سَيِّدَهَا مرکب اضافی مفعول بہ لَدَا الْبَابِ مرکب اضافی مفعول فیہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ قَالَتْ فعل هِیَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا نافیہ جَزَآءُ مضاف مَنْ اسم موصول اَرَادَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِاَهْلِكَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے سُوْٓءًا مفعول بہ، چاروں مل کر صلہ، موصول با صلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبتدا، اِلَّا حرف استثناء اَنْ مصدریہ يُّسْجَنَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر بتاویل مصدر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ عَذَابٌ اَلِيْمٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ هِیَ رَاوَدَتْنِیْ عَنْ نَّفْسِیْ وَ شَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَ هُوَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۲۶﴾ وَ اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَ هُوَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۶، ۲۷: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، ھِیَ ضمیر مبتدا، رَاوَدَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ عَنْ نَّفْسِیْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ شَھِدَ فعل شَاھِدٌ موصوف مِنْ اَھْلِھَا ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قَالَ پر معطوف ہے۔ اِنْ شرطیہ کَانَ فعل ناقص قَمِیْصُهٗ مرکب اضافی اسم قُدَّ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل مِنْ قُبُلٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ صَدَقَتْ فعل ھِیَ مستتر ذوالحال واؤ حالیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، مِنْ جارہ الْکٰذِبِیْنَ مجرور، دونوں مل کر ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال صَدَقَتْ کا فاعل، فعل بافاعل جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ کَانَ قَمِیْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَھُوَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ کی ترکیب اِنْ کَانَ قَمِیْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَھُوَ مِنَ الْکٰذِبِیْنَ کی مثل ہے اور یہ شرط باجزاء معطوف ہے، معطوف علیہ بامعطوف قول محذوف فَقَالَ شَاھِدٌ مِّنْ اَھْلِھَا کا مقولہ ہے، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَلَمَّا رَاٰ قَمِیْصَهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ كَیْدِكُنَّ ؕ اِنَّ كَیْدَكُنَّ عَظِیْمٌ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: فَاء عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل قَمِیْصَهٗ مرکب اضافی ذوالحال قُدَّ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل مِنْ دُبُرٍ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم مِنْ حرف جار كَیْدِكُنَّ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق كَیْدَكُنَّ مرکب اضافی اسم عَظِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

یُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ ھٰذَا ٚ وَاسْتَغْفِرِیْ لِذَنْۢبِكِ ۖۚ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕیْنَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: یُوْسُفُ یہ اصل میں یَا یُوْسُفُ ہے اور یہ نداء ہے اَعْرِضْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَنْ ھٰذَا جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَا زُلَیْخَا نداء مقدر ہے، اِسْتَغْفِرِیْ فعل امر یَاء ضمیر فاعل لَام جارہ ذَنْۢبِكِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ نداء کا جواب ہے، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم كُنْتِ فعل ناقص تَاء مضمومہ اس کا فاعل مکسورہ ضمیر اس کا اسم مِنَ الْخٰطِـِٕیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

وَقَالَ نِسْوَةٌ فِی الْمَدِیْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِیْزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ؕ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰ :واؤ استینافیہ قَالَ فعل نِسْوَةٌ موصوف فِی الْمَدِیْنَةِ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِمْرَاَتُ الْعَزِیْزِ مرکب اضافی مبتدا تُرَاوِدُ فعل ھِیَ مستتر فاعل فَتٰهَا مرکب اضافی مفعول بہ عَنْ نَّفْسِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَدْ علامت فعل شَغَفَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھَا مفعول بہ حُبًّا تمیز چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ تُرَاوِدُ کی ضمیر فاعل یا ضمیر مفعول سے حال ہے یا اِمْرَاَتُ الْعَزِیْزِ کی خبر ثانی ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لام مذحلقہ نَرٰی فعل نَحْنُ مستتر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ فِیْ حرف جار ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ وَ اَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّ اٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا وَّ قَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ ۚ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗۤ اَكْبَرْنَهٗ وَ قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ وَ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ؕ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱ :فاء عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم سَمِعَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل باء جارہ مَكْرِهِنَّ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اَرْسَلَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل اِلَيْهِنَّ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَعْتَدَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل لَهُنَّ متعلق ہوئے مُتَّكَاً مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اٰتَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل كُلَّ مضاف وَاحِدَةٍ موصوف مِنْهُنَّ ظرف مستقر كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ اوّل سِكِّيْنًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ قَالَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اُخْرُجْ فعل امر اَنْتَ مستتر ذوالحال عَلَيْهِنَّ ظرف مستقر مُطِلًّا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فاء عاطفہ لَمَّا شرطیہ رَاَيْنَ فعل نون مفتوحہ فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اَكْبَرْنَ فعل نون مفتوحہ فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَطَّعْنَ فعل نون مفتوحہ فاعل اَيْدِيَهُنَّ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ قُلْنَ فعل نون مفتوحہ فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا حجازیہ هٰذَا اس کا اسم بَشَرًا خبر، مَا حجازیہ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ حَاشَ اسم فعل بمعنی جَانَبَ (روح المعانی) ھُوَ مستتر راجع اِلٰی یُوْسُفَ فاعل، لِلّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ اور عند ابن الحاجب اسم فعل بمعنی بَرِئَ ہے۔ اِنْ نافیہ هٰذَا اسم اشارہ مبتدا اِلَّا حرف استثناء مَلَكٌ كَرِيْمٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ ؕ وَ لَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ ؕ وَ لَئِنْ لَّمْ

یَفْعَلْ مَآ اٰمُرُهٗ لَیُسْجَنَنَّ وَلَیَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِیْنَ ۝

آیت نمبر ۳۲: قَالَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، فَذٰلِكُنَّ فصیحہ ہوا اس کی شرط محذوف ہے اِنْ شِئْتُنَّ مَعْرِفَتَهٗ، ذٰلِكُنَّ مبتدا الَّذِيْ اسم موصول لُمْتُنَّ فعل نون مفتوحہ فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ فِیْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء مقول، قول با مقول جملہ فعلیہ خبریہ ہوا، واؤ عاطفہ لَام موطۂ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل رَاوَدْتُّ فعل تُاء مضموم فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ عَنْ نَّفْسِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اِسْتَعْصَمَ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام موطۂ للقسم اِنْ شرطیہ لَمْ یَفْعَلْ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول اٰمُرُ فعل اَنَا مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ موصول با صلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَیُسْجَنَنَّ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل، دونوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَیَكُوْنًا فعل ناقص هُوَ مستتر اسم مِنَ الصّٰغِرِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب قسم اور شرط کی جزاء محذوف ہے جس پر جواب قسم دال ہے، قسم محذوف با جواب جملہ قسمیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَیَّ مِمَّا یَدْعُوْنَنِیْٓ اِلَیْهِ ۚ وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّیْ كَیْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَیْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِیْنَ ۝

آیت نمبر ۳۳: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، رَبِّ اصل میں یَارَبِّیْ ہے اور یہ نداء ہے اَلسِّجْنُ مبتدا، اَحَبُّ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل اِلَیَّ جار با مجرور متعلق اول ہوئے مِنْ جار مَا اسم موصول یَدْعُوْنَ فعل نون مفتوحہ فاعل نون وقایہ کا، یَا ضمیر مفعول بہ اِلَیْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جواب نداء، پھر ندا با جواب جملہ انشائیہ ہو کر مقول، قول با مقول جملہ فعلیہ خبریہ ہوا، واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط لَا تَصْرِفْ فعل نفی اَنْتَ مستتر فاعل عَنِّیْ جار با مجرور متعلق ہوئے كَیْدَهُنَّ مرکب اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اَصْبُ فعل اَنَا مستتر فاعل اِلَیْهِنَّ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَكُنْ فعل ناقص اَنَا مستتر اسم مِنَ الْجٰهِلِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ كَیْدَهُنَّ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝

آیت نمبر ۳۴: فَاء عاطفہ اِسْتَجَابَ فعل لَهٗ جار با مجرور متعلق ہوئے رَبُّهٗ مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ صَرَفَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْهُ جار با مجرور متعلق ہوئے كَیْدَهُنَّ مرکب اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا، اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم هُوَ ضمیر برائے فصل اَلسَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ دو خبریں، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مؤکدہ ہوا۔

ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰيٰتِ لَيَسْجُنُنَّهٗ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿٣٥﴾

آیت نمبر ۳۵: ثُمَّ حرف عطف بَدَا فعل هُوَ ضمیر مستتر مفسّر لَيَسْجُنُنَّ فعل واؤ محذوفہ فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ حَتّٰى حِيْنٍ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مفسّر، مفسّر بامفسّر بَدَا کا فاعل لَهُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف مَا مصدریہ رَاَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الْاٰيٰتِ مفعول بہ، تینوں مل کر بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

رکوع نمبر ۵

وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيٰنِ ۭ قَالَ اَحَدُهُمَآ اِنِّىْٓ اَرٰىنِيْٓ اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنِّىْٓ
اَرٰىنِيْٓ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِيْ خُبْزًا تَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ۭ نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٣٦﴾

آیت نمبر ۳۶: واؤ استینافیہ دَخَلَ فعل مَعَهٗ مرکب اضافی مفعول فیہ السِّجْنَ دوسرا مفعول فیہ فَتَيٰنِ فاعل، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قَالَ فعل اَحَدُهُمَا مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اسم اَرٰى فعل اَنَا مستتر فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ اوّل اَعْصِرُ فعل خَمْرًا مفعول بہ، تینوں مل کر مفعول ثانی، یا اَرٰى کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَالَ فعل الْاٰخَرُ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم اَرٰى فعل اَنَا مستتر فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ اوّل اَحْمِلُ فعل اَنَا مستتر فاعل فَوْقَ رَاْسِيْ مرکب اضافی مفعول فیہ خُبْزًا موصوف تَاْكُلُ فعل الطَّيْرُ فاعل مِنْهُ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خُبْزًا کی صفت، موصوف باصفت اَحْمِلُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

نَبِّئْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ باء جارہ تَاْوِيْلِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اسم نَرٰى فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

قَالَ لَا يَاْتِيْكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖٓ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِيْلِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَكُمَا ۭ ذٰلِكُمَا مِمَّا
عَلَّمَنِيْ رَبِّيْ ۭ اِنِّىْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿٣٧﴾ وَ
اتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَاۗءِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ مَا كَانَ لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ
شَيْءٍ ۭ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا وَعَلَي النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٣٨﴾

آیت نمبر ۳۷، ۳۸: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، لَا یَاْتِیْکُمَا فعل کُمَا ضمیر مفعول بہ طَعَامٌ موصوف تُرْزَقٰنِهٖٓ فعل مجہول الف ضمیر نائب فاعل ہٖ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ طَعَامٌ کی صفت، موصوف باصفت ذوالحال اِلَّا حرف استثناء نَبَّاْتُکُمَا فعل تُ ضمیر مرفوع فاعل کُمَا ضمیر مفعول بہ بِتَاْوِیْلِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال لَا یَاْتِیْ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَبْلَ مضاف اَنْ مصدری و ناصب یَّاْتِیَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمَا ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ نَبَّاْتُ کا مفعول فیہ ہے۔ ذٰلِکُمَا اسم اشارہ مبتدا مِمَّا بمعنی حرف جار مَا موصول عَلَّمَ فعل نون وقایہ کا یاء ضمیر مفعول بہ رَبِّیْ مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنِّیْ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم تَرَکْتُ فعل تاء مضمومہ اس کا فاعل مِلَّةَ مضاف قَوْمٍ موصوف لَا یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ھُمْ ضمیر مبتدا، دوسری ھُمْ ضمیر اس کی تاکید ہے بِالْاٰخِرَةِ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے کٰفِرُوْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف قَوْمٍ کی صفت، موصوف باصفت مِلَّةَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ تَرَکْتُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اتَّبَعْتُ فعل تاء مضمومہ فاعل مِلَّةَ مضاف اٰبَآءِیْ مرکب اضافی مبدل منہ اِبْرٰهِیْمَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ معطوف علیہ با معطوفین بدل، مبدل منہ با بدل مِلَّةَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَا نافیہ کَانَ فعل ناقص لَنَا ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَنْ حرف مصدری و ناصب نُّشْرِكَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بِاللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے مِنْ جار زائدہ شَیْءٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر اسم مؤخر کَانَ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا مِنْ حرف جار فَضْلِ مصدر مضاف لفظ اَللّٰهِ مضاف الیہ معنی فاعل ہے عَلَیْنَا جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَلَی النَّاسِ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف ظرف لغو فَضْلِ کے متعلق ہوئے، مصدر اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰکِنَّ حرف استدراک اَکْثَرَ النَّاسِ مرکب اضافی اس کا اسم لَا یَشْکُرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، لٰکِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

یٰصَاحِبَیِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَیْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝

آیت نمبر ۳۹: یَا حرف ندا اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل صَاحِبَیِ السِّجْنِ مرکب اضافی منادیٰ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر ندا، ھمزہ حرف استفہام اَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ مرکب توصیفی مبتدا خَیْرٌ اسم تفضیل ھُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ اَمْ حرف عطف اَللّٰهُ موصوف الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ اس کی دو صفت، موصوف با صفتین مبتدا، اور خبر محذوف ہے خَیْرٌ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف ندا کا جواب، ندا با جواب جملہ انشائیہ

ندائیہ ہوا۔

مَا تَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اِلَّاۤ اَسۡمَآءً سَمَّيۡتُمُوۡهَاۤ اَنۡتُمۡ وَاٰبَآؤُكُمۡ مَّاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنۡ سُلۡطٰنٍ ؕ اِنِ الۡحُكۡمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ اَمَرَ اَلَّا تَعۡبُدُوۡۤا اِلَّاۤ اِيَّاهُ ؕ ذٰلِكَ الدِّيۡنُ الۡقَيِّمُ وَلٰـكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ۝

آیت نمبر ۴۰: مَا نافیہ تَعۡبُدُوۡنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنۡ دُوۡنِهٖ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم اِلَّا حرف استثناء اَسۡمَآءً موصوف سَمَّيۡتُمُ فعل تُمۡ ضمیر مؤکد، اَنۡتُمۡ ضمیر تاکید، مؤکد با تاکید معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰبَآؤُكُمۡ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صفت اولی، مَا نافیہ اَنۡزَلَ فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل بِهَا جار با مجرور متعلق ہوئے مِنۡ جارہ زائدہ سُلۡطٰنٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَسۡمَآءً کی صفت ثانیہ، موصوف با صفتین ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال تَعۡبُدُوۡنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنۡ نافیہ اَلۡحُكۡمُ مبتدا، اِلَّا حرف استثناء لِلّٰهِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر مستثنیٰ مفرغ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَمَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنۡ حرف مصدری و نصب لَا تَعۡبُدُوۡا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء اِيَّاهُ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اَمَرَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلدِّيۡنُ الۡقَيِّمُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَكۡثَرَ النَّاسِ مرکب اضافی اس کا اسم لَا يَعۡلَمُوۡنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، لٰكِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، دونوں مل کر جملہ معطوفہ ہوا۔

يٰصَاحِبَىِ السِّجۡنِ اَمَّاۤ اَحَدُكُمَا فَيَسۡقِىۡ رَبَّهٗ خَمۡرًا ۚ وَاَمَّا الۡاٰخَرُ فَيُصۡلَبُ فَتَاۡكُلُ الطَّيۡرُ مِنۡ رَّاۡسِهٖ ؕ قُضِىَ الۡاَمۡرُ الَّذِىۡ فِيۡهِ تَسۡتَفۡتِيٰنِ ؕ ۝

آیت نمبر ۴۱: يٰصَاحِبَىِ السِّجۡنِ اس کی ترکیب آیت نمبر ۳۹ میں دیکھئے اور یہ نداء ہے اَمَّا حرف شرط و تفسیر اَحَدُكُمَا مرکب اضافی مبتدا، فاء جزائیہ يَسۡقِىۡ فعل هُوَ مستتر فاعل رَبَّهٗ مرکب اضافی مفعول بہ اول خَمۡرًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط و تفسیر اَلۡاٰخَرُ مبتدا، فاء جزائیہ يُصۡلَبُ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ تَاۡكُلُ فعل اَلطَّيۡرُ فاعل مِنۡ جارہ رَاۡسِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب نداء، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ مستانفہ ہوا۔

قُضِىَ فعل مجہول اَلۡاَمۡرُ موصوف اَلَّذِىۡ اسم موصول فِيۡهِ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے تَسۡتَفۡتِيٰنِ فعل الف ضمیر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ اَلۡاَمۡرُ کی صفت، موصوف با صفت نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ قَالَ لِلَّذِیْ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِیْ عِنْدَ رَبِّكَ٘ فَاَنْسٰىهُ الشَّیْطٰنُ ذِكْرَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِی السِّجْنِ بِضْعَ سِنِیْنَ ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۲ واؤ استینافیہ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَام حرف جار اَلَّذِیْ اسم موصول ظَنَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم نَاجٍ اسم فاعل ھُوَ مستتر ذوالحال مِنْهُمَا ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، اسم فاعل بافاعل شبہ جملہ ہو کر خبر، اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ظَنَّ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور قَالَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر ذوالحال عِنْدَ رَبِّكَ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل یا عِنْدَ رَبِّكَ مرکب اضافی اُذْكُرْ کا مفعول فیہ ہے، نون وقایہ کا یَاء ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اَنْسٰی فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اول اَلشَّیْطٰنُ فاعل ذِكْرَ رَبِّهٖ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سچاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ لَبِثَ فعل ھُوَ مستتر فاعل فِی السِّجْنِ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر لَبِثَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، بِضْعَ سِنِیْنَ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۶ ❁

وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّیْۤ اَرٰی سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ یٰبِسٰتٍ ؕ یٰۤاَیُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِیْ فِیْ رُءْیَایَ اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْیَا تَعْبُرُوْنَ ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳: واؤ استینافیہ قَالَ الْمَلِكُ فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم اَرٰی فعل اَنَا مستتر فاعل سَبْعَ مضاف بَقَرٰتٍ موصوف سِمَانٍ صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ اول یَاْكُلُ فعل هُنَّ ضمیر مفعول بہ سَبْعٌ عِجَافٌ مرکب توصیفی فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ سَبْعَ مضاف سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ اُخَرَ یٰبِسٰتٍ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف سَبْعَ بَقَرٰتٍ پر معطوف ہے۔ یَا حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل اَیُّ موصوف هَا ضمیر برائے تنبیہ اَلْمَلَاُ صفت، موصوف باصفت محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء، اَفْتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون برائے وقایہ یَاء ضمیر مفعول بہ فِیْ جار رُءْیَایَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ مستانفہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم لِلرُّءْیَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے تَعْبُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے فَاَفْتُوْنِیْ فِیْ رُءْیَایَ جس پر جواب نداء دال ہے۔

قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ج وَمَا نَحْنُ بِتَاْوِيْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۴: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ مرکب اضافی مبتدا محذوف هٰذِهٖ کی خبر ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا مشابہ "بہ لَیْسَ نَحْنُ ضمیر منفصل اسم، بَاء جارہ تَاْوِيْلِ الْاَحْلَامِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے، بَاء جارہ زائدہ عَالِمِیْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر خبر، مَا حجازیہ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَقَالَ الَّذِيْ نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ اَنَا اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِيْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵: واؤ عاطفہ قَالَ فعل اَلَّذِیْ اسم موصول نَجَا فعل هُوَ مستتر ذوالحال واؤ عاطفہ اِدَّكَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل بَعْدَ اُمَّةٍ مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال فاعل مِنْهُمَا جار بامجرور نَجَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اَنَا ضمیر مبتدا، اُنَبِّیءُ فعل اَنَا مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ بَاء جارہ تَاْوِيْلِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ شِئْتُمْ تَعْبِيْرَ رُؤْيَاكُمْ، اَرْسِلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یَاء ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

يُوْسُفُ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ اَفْتِنَا فِيْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ يٰبِسٰتٍ ۙ لَّعَلِّيْٓ اَرْجِعُ اِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶: يُوْسُفُ یہ اصل میں يَا يُوْسُفُ ہے اور یہ نداء ہے اَفْتِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ فِیْ جارہ سَبْعِ مضاف بَقَرٰتٍ موصوف سِمَانٍ صفت اولیٰ، یَاْكُلُ فعل هُنَّ ضمیر مفعول بہ سَبْعٌ عِجَافٌ مرکب توصیفی فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بَقَرٰتٍ کی صفت ثانیہ، موصوف باصفتین سَبْعِ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَبْعِ مضاف سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ مرکب توصیفی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُخَرَ يٰبِسٰتٍ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف سَبْعِ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ سَبْعِ بَقَرٰتٍ کا معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور اَفْتِ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

اَیُّ موصوف هَا برائے تنبیہ اَلصِّدِّيْقُ صفت، موصوف باصفت محلًا منصوب مفعول بہ ہوا فعل محذوف اَخُصُّ کا، اَخُصُّ فعل اَنَا مستتر فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی یَاء ضمیر اس کا اسم اَرْجِعُ فعل اَنَا مستتر فاعل اِلَى النَّاسِ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، لَعَلَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معللہ ہوا۔ یا اَفْتِنَا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ لَعَلَّ حرف ترجی یَاء ضمیر اس کا اسم یَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، لَعَلَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ انشائیہ راجی عِلْمِهِمْ کی تاویل میں ہو کر اَرْجِعُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

17 قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِيْنَ دَاَبًا ۚ فَمَا حَصَدْتُّمْ فَذَرُوْهُ فِيْ سُنْۢبُلِهٖٓ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ ۝۴۷

آیت نمبر ۴۷: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول تَزْرَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال دَاَبًا "دَائِبِیْنَ" کے معنی میں ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، سَبْعَ سِنِيْنَ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فاء استینافیہ (روح المعانی) مَا اسم شرط مفعول بہ مقدم حَصَدْتُّمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ ذَرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء قَلِيْلًا موصوف مِنْ حرف جار مَا اسم موصول تَاْكُلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر قَلِيْلًا کی صفت، موصوف باصفت مستثنیٰ، پھر مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ ذَرُوْا کا مفعول بہ، فِيْ جار سُنْۢبُلِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ يَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ۝۴۸

ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ ۝۴۹

آیت نمبر ۴۸، ۴۹: ثُمَّ حرف عطف يَاْتِيْ فعل مِنْ جارہ بَعْدِ ذٰلِكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم سَبْعٌ موصوف شِدَادٌ صفت اولیٰ يَاْكُلْنَ فعل نون مفتوحہ فاعل مَا اسم موصول قَدَّمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل لَهُنَّ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء قَلِيْلًا مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ کی ترکیب قَلِيْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ کی مثل ہے جو ابھی گزری ہے، اور یہ مستثنیٰ ہے، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ يَاْكُلْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ سَبْعٌ کی صفت ثانیہ، موصوف با صفتین ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال يَاْتِيْ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ يَاْتِيْ فعل مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عَامٌ موصوف فِيْهِ جار با مجرور متعلق مقدم يُغَاثُ فعل مجہول النَّاسُ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فِيْهِ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے يَعْصِرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ معطوف پھر معطوف علیہ با معطوف عَامٌ کی صفت، موصوف باصفت ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال يَاْتِيْ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۷ ❁

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَسْئَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ۭ اِنَّ رَبِّيْ بِكَيْدِهِنَّ عَلِيْمٌ ۝۵۰

آیت نمبر ۵۰: واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَمَّا جَآءَ الْمَلِكَ الرَّسُوْلُ وَاَخْبَرَهٗ بِتَاْوِيْلِ رُؤْيَاهُ، قَالَ فعل الْمَلِكُ فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، ائْتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون برائے وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ، بِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق۔

ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ محذوف بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ فَاءِ عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ الرَّسُوْلُ فاعل، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِرْجِعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اِلٰی رَبِّكَ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْئَلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اوّل مَا استفہامیہ مبتدا، بَالُ مضاف اَلنِّسْوَةِ موصوف الّٰتِیْ اسم موصول قَطَّعْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر فاعل اَیْدِیَهُنَّ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اَلنِّسْوَةِ کی صفت، موصوف باصفت بَالُ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ محلًا منصوب اِسْئَلْ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبِّیْ مرکب اضافی اس کا اسم بِاءِ جارہ کَیْدِهِنَّ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم عَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ اِذْ رَاوَدْتُّنَّ یُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَیْهِ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِیْزِ الْـٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۵۱﴾

آیت نمبر ۵۱: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا اسم استفہام مبتدا، خَطْبُكُنَّ مرکب اضافی ذوالحال (از فقیر) اِذْ ظرف زمان مضاف رَاوَدْتُّنَّ فعل نون مفتوحہ ضمیر فاعل یُوْسُفَ مفعول بہ عَنْ نَّفْسِهٖ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا نافیہ عَلِمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَیْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے مِنْ جارہ زائدہ سُوْٓءٍ لفظًا مجرور محلًا منصوب مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

حَاشَ بمعنی تَنْزِیْهًا مفعول مطلق ہے فعل محذوف نُنَزِّهُ کا، نُنَزِّهُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل لِلّٰهِ جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حَاشَ بمعنی تَنْزِیْهًا کا حال ہے، فعل بافاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ قَالَتْ فعل اِمْرَاَتُ الْعَزِیْزِ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اَلْـٰٔنَ ظرف زمان مفعول فیہ مقدم حَصْحَصَ فعل اَلْحَقُّ فاعل، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اَنَا ضمیر منفصل مبتدا، رَاوَدْتُّ فعل تاء مضمومہ فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ عَنْ نَّفْسِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اسم لَامِ مذحلقہ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ مُعلَّلہ ہوا۔

ذٰلِكَ لِیَعْلَمَ اَنِّیْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَیْبِ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِیْ كَیْدَ الْخَآئِنِیْنَ ﴿۵۲﴾

آیت نمبر ۵۲: ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، اوراس کی خبر محذوف ہے کَانَ (مظہری) مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا یا محلاً منصوب قُلْتُ کا مفعول بہ ہے، لِامِ جارہ تعلیلیہ اوراس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَعْلَمَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَنِّیْ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم لَمْ اَخُنْ فعل اَنَا مستتر فاعل ہُ ضمیر ذوالحال بِالْغَیْبِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق اللّٰہَ اس کا اسم لَا یَہْدِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل کَیْدَ الْخَآئِنِیْنَ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف یَعْلَمَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور کَانَ محذوف کے متعلق ہوئے۔

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِیْ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ ط اِنَّ رَبِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۳: واؤ عاطفہ مَا نافیہ اُبَرِّئُ فعل اَنَا مستتر فاعل نَفْسِیْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ قُلْتُ ذٰلِكَ پر معطوف ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق النَّفْسَ اس کا اسم لَامِ مذحلقہ اَمَّارَةٌ صیغہ مبالغہ ھِیَ مستتر فاعل بِالسُّوْٓءِ جار با مجرور متعلق ہوئے اِلَّا حرف استثناء مَا بمعنی مَنْ اسم موصول رَحِمَ فعل رَبِّیْ مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، صیغہ مبالغہ بافاعل و متعلق ومفعول بہ شبہ جملہ خبر اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبِّیْ مرکب اضافی اسم غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ دو خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِیْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِیْ ج فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْیَوْمَ لَدَیْنَا مَكِیْنٌ اَمِیْنٌ ﴿۵۴﴾

آیت نمبر ۵۴: واؤ استینافیہ قَالَ الْمَلِكُ فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، ائْتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ، بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اَسْتَخْلِصْ فعل اَنَا مستتر فاعل ہُ ضمیر مفعول بہ، لَامِ حرف جار نَفْسِیْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء ہے شرط محذوف اِنْ تَاْتُوْنِیْ بِهٖ کی، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فاء عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم كَلَّمَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہُ ضمیر مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر ذوالحال الْیَوْمَ کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال اِنَّ کا اسم یا الْیَوْمَ "مَكِیْنٌ" کا مفعول فیہ لَدَیْنَا مرکب اضافی مَكِیْنٌ کا مفعول فیہ مقدم، مَكِیْنٌ صیغہ صفت اَنْتَ مستتر فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر خبر اول، اَمِیْنٌ خبر ثانی، اِنَّ بااسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ اجْعَلْنِیْ عَلٰی خَزَآئِنِ الْاَرْضِ ج اِنِّیْ حَفِیْظٌ عَلِیْمٌ ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول اِجْعَلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نون وقایہ یاء ضمیر منصوب مفعول بہ اول عَلٰی حرف جار خَزَآئِنِ الْاَرْضِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر مُسْتَوْلِیًا (روح المعانی) کے متعلق ہو کر

مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ دو خبر، اِنَّ بااسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۚ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَآءُ ۭ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝۵۶

آیت نمبر ۵۶: واؤ استینافیہ کَذٰلِكَ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَمْكِيْنًا کے مفعول مطلق مقدم مَكَّنَّا فعل نَا ضمیر فاعل لَام جارہ یُوْسُفَ ذوالحال فِي الْاَرْضِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال اولیٰ، یا فِي الْاَرْضِ مَكَّنَّا کے متعلق ہے، يَتَبَوَّاُ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْهَا جار بامجرور متعلق ہوئے حَيْثُ مضاف يَشَآءُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ يَتَبَوَّاُ کا مفعول فیہ، فعل بافاعل و متعلق ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ حال ثانیہ، ذوالحال باحالین مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق ومفعول مطلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ نُصِيْبُ فعل بَاء جارہ رَحْمَتِنَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے مَنْ اسم موصول نَشَآءُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نُضِيْعُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝۵۷

آیت نمبر ۵۷: واؤ استینافیہ یا حالیہ لَام ابتدائیہ اَجْرُ الْاٰخِرَةِ مرکب اضافی مبتدا، خَيْرٌ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل لَام جارہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَتَّقُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور خَيْرٌ کے متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا یا اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ سے حال ہے۔

❁ رکوع نمبر ۸ ❁

وَجَآءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ۝۵۸

آیت نمبر ۵۸: واؤ استینافیہ جَآءَ فعل اِخْوَةُ يُوْسُفَ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ دَخَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَيْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فَاء عاطفہ عَرَفَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا لَهٗ جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے مُنْكِرُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِيْ بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ ۚ اَلَا تَرَوْنَ اَنِّيْٓ اُوْفِي

الْكَيْلَ وَاَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۵۹﴾

آیت نمبر ۵۹: واؤ عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَهَّزَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بَاء جارہ جَهَازِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِئْتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ یَاء ضمیر مفعول بہ بَاء جارہ اَخٍ موصوف لَكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، مِنْ حرف جار اَبِيْكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مجرور، جار با مجرور ظرف لغو اِئْتُوْا کے متعلق ہوئے، فعل امر با فاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ هَمزہ حرف استفہام لَا تَرَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم اُوْفِ فعل اَنَا مستتر فاعل الْكَيْلَ ذوالحال واؤ حالیہ اَنَا ضمیر مبتدا، خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال اُوْفِ کا مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ تَرَوْنَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل ومفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِيْ بِهٖ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِنْدِيْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ﴿۶۰﴾

آیت نمبر ۶۰: فَاء عاطفہ اِنْ حرف شرط لَمْ تَاْتُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ لَا نفی جنس كَيْلَ اس کا اسم لَكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہوئے عِنْدِيْ مرکب اضافی كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہوا، كَائِنٌ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل و متعلق ومفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر لَا کی خبر، لَا اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَقْرَبُوْنِ اصل میں لَا تَقْرَبُوْنَنِيْ ہے لَا تَقْرَبُوْا فعل نفی واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ ﴿۶۱﴾

آیت نمبر ۶۱: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، سِین علامت فعل نُرَاوِدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَنْهُ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَبَاهُ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ فَاعِلُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَقَالَ لِفِتْيٰنِهِ اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِيْ رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُوْنَهَا اِذَا انْقَلَبُوْا اِلٰى اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۲﴾

آیت نمبر ۶۲: واؤ استینافیہ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَام جارہ فِتْيٰنِهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِجْعَلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بِضَاعَتَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ فِيْ جارہ رِحَالِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار

بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی ھُمْ ضمیر اس کا اسم یَعْرِفُوْنَ فعل ھَا ضمیر مفعول بہ اِذَا ظرف زمان مضاف اِنْقَلَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰٓی اَھْلِھِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ یَعْرِفُوْنَ کا مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ لَعَلَّ کی خبر، لَعَلَّ بااسم و خبر جملہ انشائیہ رَاجِیْ مَعْرِفَتِھِمْ کی تاویل میں ہو کر اِجْعَلُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ لَعَلَّ حرف ترجی ھُمْ ضمیر اس کا اسم یَرْجِعُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، لَعَلَّ بااسم و خبر جملہ انشائیہ رَاجِیْ رُجُوْعِھِمْ کی تاویل میں ہو کر یَعْرِفُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

فَلَمَّا رَجَعُوْٓا اِلٰٓی اَبِیْھِمْ قَالُوْا یٰٓاَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْکَیْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَآ اَخَانَا نَکْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿۶۳﴾

آیت نمبر ۶۳: فَاء عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَجَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰٓی جارہ اَبِیْھِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، یَاء حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا ضمیر فاعل اَبَانَا مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ نداء، مُنِعَ فعل مجہول مِنَّا جار بامجرور متعلق ہوئے اَلْکَیْلُ نائب فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، یا اِنْ رَغِبْتَ فِی الْکَیْلِ، اَرْسِلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مَعَنَا مرکب اضافی مفعول فیہ اَخَانَا مرکب اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ نَکْتَلْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ جزاء ہے شرط محذوف اِنْ تُرْسِلْ مَعَنَا اَخَانَا کی، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَهٗ جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے لَام مزحلقہ حٰفِظُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ نَکْتَلْ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

قَالَ ھَلْ اٰمَنُکُمْ عَلَیْهِ اِلَّا کَمَآ اَمِنْتُکُمْ عَلٰٓی اَخِیْهِ مِنْ قَبْلُ ؕ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿۶۴﴾

آیت نمبر ۶۴: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، ھَلْ حرف استفہام اٰمَنُ فعل اَنَا مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ عَلَیْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے اِلَّا حرف استثناء کاف جارہ مَا مصدریہ اَمِنْتُ فعل تاء مضمومہ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ عَلٰٓی اَخِیْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے مِنْ قَبْلُ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر اَخِیْهِ کا حال ہے، یا اَمِنْتُ کے متعلق ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اَمْنًا کے اٰمَنُ کا مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، یا اِنْ اَرْسَلْتُهٗ مَعَکُمْ، اَللّٰهُ مبتدا، خَیْرٌ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل حٰفِظًا تمیز (روح المعانی) تینوں مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ

خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا، اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ اِلَيْهِمْ ؕ قَالُوْا يٰۤاَبَانَا مَا نَبْغِیْ ؕ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَيْنَا ۚ وَ نَمِيْرُ اَهْلَنَا وَنَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ ؕ ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ ﴿۶۵﴾

آیت نمبر ۶۵: واؤ عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم فَتَحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَتَاعَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، وَجَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِضَاعَتَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل رُدَّتْ فعل مجہول ھِیَ مستتر نائب فاعل اِلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ محلاً منصوب مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، یَا حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل اَبَانَا مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر نداء مَا استفہامیہ مفعول بہ مقدم نَبْغِیْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر نداء کا جواب، نداء با جواب مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

هٰذِهٖ اسم اشارہ مبدل منہ بِضَاعَتُنَا مرکب اضافی بدل، دونوں مل کر مبتدا، رُدَّتْ فعل مجہول ھِیَ مستتر نائب فاعل اِلَيْنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے نَسْتَظْهِرُ بِهَا، نَمِيْرُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَهْلَنَا مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ نَحْفَظُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَخَانَا مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ نَزْدَادُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كَيْلَ بَعِيْرٍ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جملہ معطوفہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، كَيْلٌ يَّسِيْرٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِیْ بِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ يُّحَاطَ بِكُمْ ۚ فَلَمَّاۤ اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿۶۶﴾

آیت نمبر ۶۶: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، لَنْ اُرْسِلَ فعل اَنَا مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مَعَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ حَتّٰى جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُؤْتُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ اوّل مَوْثِقًا موصوف مِنَ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور لَنْ اُرْسِلَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے تَاْتُنَّ فعل واؤ محذوفہ فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ، بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے اِلَّا حرف استثناء اَنْ مصدریہ يُحَاطَ فعل مجہول ھُوَ ضمیر راجع بسوئے اَلْاِحَاطَۃُ مصدر نائب فاعل بِكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق

جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مضاف الیہ ہوا وَقْتَ مضاف محذوف کا، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا تَاْتُنَّنِیْ کا، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

فاء عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اٰتَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مَوْثِقَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَللّٰهُ مبتدا، عَلٰی جارہ مَا موصولہ نَقُوْلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم وَكِيْلٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ قَالَ يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ؕ وَمَاۤ اُغْنِيْ عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ وَ عَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۶۷﴾

آیت نمبر ۶۷: واؤ عاطفہ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، یَاء حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل بَنِيَّ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ لَا تَدْخُلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ بَابٍ وَّاحِدٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُدْخُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ اَبْوَابٍ موصوف مُتَفَرِّقَةٍ اسم فاعل هِيَ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور اُدْخُلُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب نداء، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واؤ عاطفہ مَا نافیہ اُغْنِيْ فعل اَنَا مستتر فاعل عَنْكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے مِنَ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ زائدہ شَيْءٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنْ نافیہ اَلْحُكْمُ مبتدا، اِلَّا حرف استثناء لِلّٰهِ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔ عَلَيْهِ جار بامجرور متعلق مقدم تَوَكَّلْتُ فعل تَاء مضمومہ ضمیر فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ (فقیر) عَلَيْهِ جار بامجرور متعلق مقدم فاء زائدہ لِيَتَوَكَّلْ فعل باواؤ ضمیر فاعل امر اَلْمُتَوَكِّلُوْنَ فاعل، فعل بافاعل و متعلق مقدم جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ؕ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ؕ وَ اِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۸﴾

آیت نمبر ۶۸: واؤ عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم دَخَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جار حَيْثُ مضاف اَمَرَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، اَبُوْهُمْ مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ پھر مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور دَخَلُوْا کے متعلق ہوئے،

فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ شرط، مَا نافیہ کَانَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر اس کا اسم یُغْنِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَنْھُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے مِنَ اللّٰہِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، مِنْ جارہ زائدہ شَیْءٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِلَّا حرف استثناء بمعنی لٰکِنَّ، حَاجَۃً موصوف فِیْ جار نَفْسِ یَعْقُوْبَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، قَضٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مستثنیٰ منقطع، واؤ استینافیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لَامِ مدحلقہ ذُوْ مضاف عِلْمٍ مصدر لَام جارہ مَا موصولہ عَلَّمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور مصدر کے متعلق ہوئے، مصدر بامتعلق مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰکِنَّ حرف تحقیق اَکْثَرَ النَّاسِ مرکب اضافی لٰکِنَّ کا اسم، لَا یَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، لٰکِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جملہ سابقہ پر معطوف ہے۔

❁ رکوع نمبر ۹ ❁

وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰی یُوْسُفَ اٰوٰٓی اِلَیْہِ اَخَاہُ قَالَ اِنِّیْٓ اَنَا اَخُوْکَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۶۹﴾

آیت نمبر ۶۹: واؤ عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم دَخَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰی یُوْسُفَ جار بامجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اٰوٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل اِلَیْہِ جار بامجرور متعلق ہوئے اَخَاہُ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم اَنَا ضمیر مبتدا، اَخُوْکَ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، لَا تَبْتَئِسْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل باء جارہ مَا موصولہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور لَا تَبْتَئِسْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ ہو کر جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَایَۃَ فِیْ رَحْلِ اَخِیْہِ ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَیَّتُهَا الْعِیْرُ اِنَّکُمْ لَسٰرِقُوْنَ ﴿۷۰﴾

آیت نمبر ۷۰: فاء عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَهَّزَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ باء جارہ جَهَازِھِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل السِّقَایَۃَ مفعول بہ فِیْ جارہ رَحْلِ اَخِیْہِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اَذَّنَ فعل مُؤَذِّنٌ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اَیَّتُهَا الْعِیْرُ یہ اصل میں

یَااَیَّتُهَاالْعِیْرُ ہے یَاء حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل اَیَّتُ موصوف یامبدل منہ هَا برائے تنبیہ اَلْعِیْرُ صفت یابدل، موصوف باصفت محلًا منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ نداء، اِنَّ حرف تحقیق کُمْ ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ سَارِقُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

قَالُوْا وَاَقْبَلُوْا عَلَیْهِمْ مَّا ذَا تَفْقِدُوْنَ ﴿۷۱﴾

آیت نمبر ۷۱: قَالُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ اَقْبَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَیْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال قَالُوْا کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، مَا استفہامیہ مبتدا ذَا اسم موصول تَفْقِدُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِیْرٍ وَّ اَنَا بِهٖ زَعِیْمٌ ﴿۷۲﴾

آیت نمبر ۷۲: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، نَفْقِدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل صُوَاعَ الْمَلِكِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَام جارہ مَنْ موصولہ جَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم حِمْلُ بَعِیْرٍ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جملہ سابقہ پر معطوف ہے۔ واؤ استینافیہ اَنَا ضمیر مبتدا، بِهٖ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے زَعِیْمٌ صیغہ صفت اَنَا مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ قَالَ الْمُؤَذِّنُ کا مقولہ ہے

قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِی الْاَرْضِ وَمَا كُنَّا سٰرِقِیْنَ ﴿۷۳﴾

آیت نمبر ۷۳: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، تَاللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا ضمیر فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر موکد، لَام موطئہ للقسم اور یہ قسم اوّل کی تاکید ہے۔ قَدْ حرف تحقیق عَلِمْتُمْ فعل بافاعل، مَا نافیہ جِئْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نُفْسِدَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل فِی الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم سَارِقِیْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف عَلِمْتُمْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جواب قسم، قسم باجواب مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالُوْا فَمَا جَزَآؤُهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِیْنَ ﴿۷۴﴾

آیت نمبر ۷۴: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا سَارِقِیْنَ (از فقیر) مَا استفہامیہ مبتدا، جَزَآؤُهٗ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنْ حرف تحقیق كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم كٰذِبِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے فَمَا جَزَآءُ السَّارِقِ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالُوْا جَزَآؤُهٗ مَنْ وُّجِدَ فِیْ رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِی الظّٰلِمِیْنَ ﴿۷۵﴾

آیت نمبر ۷۵: قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول جَزَآؤُهٗ مرکب اضافی مبتدا مَنْ اسم شرط مبتدا، وُجِدَ فعل مجہول هُوَ مستتر فاعل نائب فاعل فِیْ رَحْلِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ هُوَ ضمیر مبتدا، جَزَآؤُهٗ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ كَذٰلِكَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جَزَآءً کے مفعول مطلق، نَجْزِی فعل نَحْنُ مستتر فاعل الظّٰلِمِیْنَ مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَبَدَاَ بِاَوْعِیَتِهِمْ قَبْلَ وِعَآءِ اَخِیْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِیْهِ ؕ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِیُوْسُفَ ؕ مَا كَانَ لِیَاْخُذَ اَخَاهُ فِیْ دِیْنِ الْمَلِكِ اِلَّاۤ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَفَوْقَ كُلِّ ذِیْ عِلْمٍ عَلِیْمٌ ﴿۷۶﴾

آیت نمبر ۷۶: فاء عاطفہ بَدَاَ فعل هُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ اَوْعِیَتِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے قَبْلَ وِعَآءِ اَخِیْهِ مرکب اضافی كَائِنَةً کا مفعول فیہ ہو کر اَوْعِیَتِهِمْ کا حال ہے (فقیر) یا بَدَاَ کا مفعول فیہ ہے، بَدَاَ فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اسْتَخْرَجَ فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ مِنْ جارہ وِعَآءِ اَخِیْهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ كَذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف كَیْدًا کے مفعول مطلق مقدم كِدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لِیُوْسُفَ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم لَام جحدیہ جارہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَاْخُذَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَخَاهُ مرکب اضافی مفعول بہ فِیْ جارہ دِیْنِ الْمَلِكِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر یَاْخُذَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے یا یَاْخُذَ کے متعلق ہے اِلَّا حرف استثناء اَنْ مصدریہ ناصبہ یَشَآءَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، دونوں مل کر بتاویل مصدر حال ہو یا یَاْخُذَ کی ضمیر فاعل سے، یا مستثنیٰ منقطع ہے، یَاْخُذَ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معللہ ہوا۔

نَرْفَعُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل دَرَجَاتٍ مفعول فیہ مَنْ اسم موصول نَشَآءُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ فَوْقَ مضاف كُلِّ مضاف الیہ ذِیْ عِلْمٍ مرکب اضافی كُلِّ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ فَوْقَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم عَلِیْمٌ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَالُوْۤا اِنْ یَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ فَاَسَرَّهَا یُوْسُفُ فِیْ نَفْسِهٖ وَلَمْ یُبْدِهَا

لَهُمْ ۚ قَالَ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ﴿۷۷﴾

آیت نمبر ۷۷: قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنْ حرف شرط یَسْرِقْ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ قَدْ علامت فعل سَرَقَ فعل اَخٌ موصوف لَهٗ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت ذوالحال مِنْ قَبْلُ ظرف مستقر کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل اور یہ بھی جائز ہے کہ مِنْ قَبْلُ "سَرَقَ کے متعلق ہو، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء استینافیہ (روح المعانی) اَسَرَّ فعل هَا ضمیر مفعول بہ یُوْسُفُ فاعل فِیْ نَفْسِهٖ جار بامجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَمْ یُبْدِ فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ لَهُمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، شَرٌّ اسم تفضیل اَنْتُمْ فاعل مَكَانًا تمیز، اسم تفضیل بافاعل و تمیز خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل باء جارہ مَا موصولہ تَصِفُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول بامقولہ بدل ہے اَسَرَّهَا یُوْسُفُ فِیْ نَفْسِهٖ سے (مظہری)

قَالُوْا یٰۤاَیُّهَا الْعَزِیْزُ اِنَّ لَهٗۤ اَبًا شَیْخًا كَبِیْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۷۸﴾

آیت نمبر ۷۸: قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، یَا حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل اَیُّ موصوف هَا برائے تنبیہ اَلْعَزِیْزُ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت محلًا منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر نداء، اِنَّ حرف تحقیق لَهٗ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَبًا موصوف شَیْخًا صفت اولیٰ، کَبِیْرًا صفت ثانیہ، موصوف با صفتین اسم موخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر نداء کا جواب، نداء با جواب نداء جملہ ندائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، یا اِنْ کَانَ لَا بُدَّ مِنْ اَخْذِ اَحَدٍ، خُذْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَحَدَنَا مرکب اضافی مفعول بہ مَكَانَهٗ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم نَرٰى فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ ظرف لغو متعلق ہوئے، یا نَرٰى کے مفعول بہ سے حال ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗۤ ۙ اِنَّاۤ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ﴿۷۹﴾

آیت نمبر ۷۹: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَعَاذَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول مطلق فعل محذوف نَعُوْذُ کا، نَعُوْذُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب نَاْخُذَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء مَنْ اسم موصول وَجَدْنَا فعل نَا ضمیر

فاعل مَتَاعَنَا مرکب اضافی مفعول بہ عِنْدَہٗ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ مفرغ نَّاْخُذَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر نَعُوْذُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اِذًا حرف جواب وجزاء مہملہ لام مزحلقہ ظٰلِمُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۰ ❁

فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا ؕ قَالَ كَبِيْرُهُمْ اَلَمْ تَعْلَمُوْۤا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَ مِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِيْ يُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْۤ اَبِيْۤ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ ۚ وَ هُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ۝۸۰

آیت نمبر ۸۰: فَاء استینافیہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اِسْتَیْئَسُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْہُ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط خَلَصُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال نَجِیًّا حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قَالَ فعل کَبِیْرُھُمْ مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، ھمزہ استفہامیہ لَمْ تَعْلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَبَاکُمْ مرکب اضافی اس کا اسم قَدْ علامت فعل اَخَذَ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَیْکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے مَوْثِقًا موصوف مِنَ اللّٰہِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَنَّ کی خبر، اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ تَعْلَمُوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مِنْ قَبْلُ متعلق مقدم مَا زائدہ فَرَّطْتُّمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل فِیْ یُوْسُفَ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَخَذَ پر معطوف ہے۔

فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے سَاَبْقٰی فِیْ مِصْرَ، لَنْ اَبْرَحَ فعل تام لَنَا مستتر اسم اَلْاَرْضَ مفعول بہ حَتّٰی حرف غایت وجر اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَاْذَنَ فعل لِیْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَبِیْ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ یَحْکُمَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل لِیْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور لَنْ اَبْرَحَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، پھر معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، خَیْرُ الْحٰکِمِیْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِرْجِعُوْۤا اِلٰۤى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا يٰۤاَبَانَاۤ اِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ۚ وَ مَا شَهِدْنَاۤ اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَ مَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ ۝۸۱

آیت نمبر ۸۱: اِرْجِعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِلٰی جار اَبِیْکُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ قُوْلُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ ہو کر قول، یَاء حرف نداء اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْا فعل اَنَا ضمیر فاعل

اَبَانَا مرکب اضافی منادیٰ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نداء، اِنَّ حرف تحقیق اِبْنَكَ مرکب اضافی اسم سَرَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ نداء کا جواب، نداء باجواب مقولہ، قول بامقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ شَهِدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء بَاء جارہ مَا موصولہ عَلِمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور مستثنیٰ مفرغ متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اسم لِلْغَيْبِ جار با مجرور متعلق مقدم حٰفِظِيْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ پر معطوف ہے۔

وَ سْـَٔلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا وَ الْعِيْرَ الَّتِيْٓ اَقْبَلْنَا فِيْهَا ؕ وَ اِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۸۲﴾

آیت نمبر ۸۲: واؤ عاطفہ اور اس کا عطف يٰٓاَبَانَا پر ہے (فقیر) اِسْـَٔلِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل الْقَرْيَةَ موصوف الَّتِيْ اسم موصول كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اسم فِيْهَا ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ الْقَرْيَةَ کی صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْعِيْرَ موصوف الَّتِيْ اسم موصول اَقْبَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِيْهَا ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر اَقْبَلْنَا کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ الْعِيْرَ کی صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ صٰدِقُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۸۳﴾

آیت نمبر ۸۳: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، بَلْ حرف عطف و اضراب اور معطوف علیہ محذوف ہے لَيْسَتِ الْحَقِيْقَةُ كَمَآ اَخْبَرْتُمْ (روح المعانی) سَوَّلَتْ فعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَنْفُسُكُمْ مرکب اضافی فاعل اَمْرًا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے (فقیر) صَبْرٌ جَمِيْلٌ مرکب توصیفی مبتدا محذوف صَبْرِیْ کی خبر ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ عَسَى فعل مقارب اَللّٰهُ اسم الجلالہ اس کا اسم اَنْ حرف مصدری و نصب يَاْتِيَ فعل هُوَ مستتر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ بَاء جارہ هُمْ ضمیر ذوالحال جَمِيْعًا حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر خبر، فعل مقارب بااسم و خبر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم هُوَ ضمیر مبتدا، الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ تَوَلّٰى عَنْهُمْ وَ قَالَ يٰٓاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ وَ ابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۸۴﴾

آیت نمبر ۸۴: واؤ عاطفہ تَوَلّٰى فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ

عاطفہ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، یَآء حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر فاعل اَسَفٰی اصل میں اَسَفِیْ ہے مرکب اضافی منادیٰ مفعول بہ عَلٰی یُوْسُفَ متعلق ہے اَسَفٰی کے، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء، اور جواب نداء محذوف ہے تَعَالَ فَھٰذَا اَوَانُکَ (مظہری) نداء باجواب مقولہ، قول بامقولہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِبْیَضَّتْ فعل عَیْنٰہُ مرکب اضافی فاعل مِنَ الْحُزْنِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، فاء عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا، کَظِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جملہ معطوفہ ہوا۔

قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ﴿۸۵﴾

آیت نمبر ۸۵: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، تَاللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء، تَفْتَؤُا یہ اصل میں لَاتَفْتَؤُا ہے اور یہ فعل ناقص ہے اَنْتَ مستتر اس کا اسم تَذْكُرُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل یُوْسُفَ مفعول بہ، حَتّٰی حرف غایت و جر اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَكُوْنَ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اسم حَرَضًا خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ حرف عطف تَكُوْنَ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور تَذْكُرُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب قسم، قسم باجواب قسم مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ اِنَّمَاۤ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْۤ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾

آیت نمبر ۸۶: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ اَشْكُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل بَثِّيْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ حُزْنِيْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ اِلَى اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَعْلَمُ فعل اَنَا مستتر فاعل مِنَ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے مَا اسم موصول لَاتَعْلَمُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ اَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۷﴾

آیت نمبر ۸۷: یَآء حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل بَنِیَّ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر نداء، اِذْهَبُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ، معطوف علیہ فاء عاطفہ تَحَسَّسُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ یُوْسُفَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَخِیْهِ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَاتَايْـَٔسُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل مِنْ جار رَوْحِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ

آیت نمبر ۷۵: ضَرَبَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل مَثَلًا مبدل منہ عَبْدًا موصوف مَمْلُوْكًا صفت اولیٰ، لَا يَقْدِرُ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰى شَيْءٍ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول رَزَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ مِنَّا جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے رِزْقًا حَسَنًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، فاء عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، يُنْفِقُ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْهُ جار بامجرور متعلق ہوئے سِرًّا وَّ جَهْرًا معطوف علیہ با معطوف اسم فاعل کے معنی میں ہو کر يُنْفِقُ کی ضمیر سے حال ہے (فقیر) یا بواسطہ مضاف محذوف اِنْفَاقًا کے مفعول مطلق ہے (روح المعانی) فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مَنْ کا صلہ، موصول باصلہ عَبْدًا پر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مَثَلًا سے بدل، مبدل منہ بابدل ضَرَبَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ هَلْ حرف استفہام يَسْتَوٗنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ اَلْحَمْدُ مبتدا لِلّٰهِ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ مستانفہ ہوا۔ بَلْ حرف عطف واضراب اَكْثَرُهُمْ مرکب اضافی مبتدا، لَا يَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ ؕ هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَ مَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَ هُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۷۶﴾

آیت نمبر ۷۶: واؤ عاطفہ ضَرَبَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل مَثَلًا مبدل منہ رَجُلَيْنِ موصوف اَحَدُهُمَا مرکب اضافی مبتدا، اَبْكَمُ موصوف لَا يَقْدِرُ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰى شَيْءٍ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، كَلٌّ مصدر عَلٰى مَوْلٰىهُ جار بامجرور متعلق ہوئے، دونوں مل کر خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَبْكَمُ کی صفت اولیٰ، اَيْنَمَا شرطیہ مفعول فیہ

مقدم یُوَجِّهْهُ فعل ھُوَ ضمیر فاعل ہُ ضمیر مفعول بہ، چاروں مل کر شرط، لَایَاْتِ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِخَیْرٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ اَبْکَمُ کی صفت ثانیہ، موصوف با صفتین اَحَدُھُمَا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ رَجُلَیْنِ کی صفت، موصوف با صفت بدل، مبدل منہ با بدل ضَرَبَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ پہلے ضَرَبَ اللّٰہُ پر معطوف ہے۔

ھَلْ حرف استفہام یَسْتَوِیْ فعل ھُوَ ضمیر مستتر مؤکد ھُوَ ضمیر منفصل تاکید، مؤکد با تاکید معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول یَاْمُرُ فعل ھُوَ مستتر ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، عَلٰی حرف جار صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال یَاْمُرُ کا فاعل بِالْعَدْلِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف یَسْتَوِیْ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

رکوع نمبر ۱۱

وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَاۤ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۷۷﴾

آیت نمبر ۷۷: واؤ استینا فیہ لِلّٰہِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم غَیْبُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ پھر مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ اَمْرُ السَّاعَةِ مرکب اضافی مبتدا، اِلَّا حرف استثناء کاف حرف جر لَمْحِ الْبَصَرِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مستثنیٰ مفرغ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اَوْ عاطفہ بمعنی بَلْ "ھُوَ ضمیر مبتدا، اَقْرَبُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جملہ اولیٰ پر معطوف ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم عَلٰی حرف جر کُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم قَدِیْرٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَیْـًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾

آیت نمبر ۷۸: واؤ استینا فیہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا، اَخْرَجَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، مِنْ حرف جر بُطُوْنِ مضاف اُمَّھٰتِکُمْ مرکب اضافی مضاف الیہ پھر مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور اَخْرَجَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف علیہ لَاتَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل شَیْئًا مفعول بہ، تینوں مل کر اَخْرَجَ کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہے۔ واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اسلئے کہ جَعَلَ بمعنی خَلَقَ ہے السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ معطوف علیہ با معطوفین مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَللّٰہُ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ وَاللّٰہُ جَعَلَ لَکُمْ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ پر معطوف ہے یا جملہ مستانفہ ہے۔ لَعَلَّ حرف ترجی کُمْ ضمیر اس کا اسم تَشْکُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ انشائیہ معللہ ہوا۔

اَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ ؕ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۷۹﴾

آیت نمبر ۷۹: هَمزہ حرف استفہام لَمْ يَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰی حرف جر الطَّيْرِ ذوالحال مُسَخَّرٰتٍ اسم مفعول هُنَّ ضمیر مستتر نائب فاعل فِيْ حرف جر جَوِّ السَّمَآءِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم مفعول با نائب فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر حال اولیٰ مَا نافیہ يُمْسِكُ فعل هُنَّ ضمیر منصوب مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء اَللّٰهُ اسم الجلالہ مستثنیٰ مفرغ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال ثانیہ، ذوالحال با حالین مجرور، جار با مجرور ظرف لغو لَمْ يَرَوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ کی ترکیب آیت نمبر ۶۵ میں دیکھیں صرف اتنا فرق ہے کہ یہاں فِيْ ذٰلِكَ "كَائِنَاتٌ" کے متعلق ہو کر خبر مقدم ہے۔

وَ اللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَ يَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ وَ مِنْ اَصْوَافِهَا وَ اَوْبَارِهَا وَ اَشْعَارِهَاۤ اَثَاثًا وَّ مَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿۸۰﴾

آیت نمبر ۸۰: واؤ عاطفہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا، جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم مِنْ حرف جر بُيُوْتِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم سَكَنًا ذوالحال مؤخر، دونوں مل کر مفعول بہ اول مؤخر، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم مِنْ حرف جر جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم، بُيُوْتًا موصوف تَسْتَخِفُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ يَوْمَ ظَعْنِكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَوْمَ اِقَامَتِكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف تَسْتَخِفُّوْنَ کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بُيُوْتًا کی صفت، موصوف با صفت ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال جَعَلَ کا مفعول بہ اول، واؤ عاطفہ مِنْ حرف جر اَصْوَافِهَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَوْبَارِهَا مرکب اضافی معطوف اول، واؤ عاطفہ اَشْعَارِهَا مرکب اضافی معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مجرور، جار با مجرور مِنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ پر معطوف ہے اَثَاثًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَتَاعًا مصدر اِلٰی حِيْنٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، مصدر با متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف جَعَلَ کا مفعول لہ، جَعَلَ فعل با فاعل و مفاعیل ثلاثہ پہلے جَعَلَ پر معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف اَللّٰهُ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ پہلے اَللّٰهُ جَعَلَ پر معطوف ہے۔

وَ اللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا وَّ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّ جَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾

آیت نمبر ۸۱: واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، جَعَلَ فعل هُوَ ضمیر فاعل لَكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی

مقدم مِنْ حرف جر مَّا اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال مقدم ظِلٰلًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال جَعَلَ کا مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ ضمیر فاعل لَكُمْ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم، مِنْ حرف جر الْجِبَالِ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال مقدم، اَكْنَانًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ ضمیر فاعل لَكُمْ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم، سَرَابِيْلَ موصوف تَقِيْ فعل هِيَ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، الْحَرَّ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر سَرَابِيْلَ کی صفت، دونوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَرَابِيْلَ موصوف تَقِيْ فعل هِيَ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل بَأْسَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ سَرَابِيْلَ کی صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جَعَلَ کا مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہو کر اللّٰهُ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر پہلے وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ پر معطوف ہے۔

كَذٰلِكَ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِتْمَامًا کے مفعول مطلق مقدم يُتِمُّ فعل هُوَ ضمیر فاعل نِعْمَتَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ عَلَيْكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی كُمْ ضمیر اس کا اسم تُسْلِمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۸۲﴾

آیت نمبر ۸۲: فَاء استینافیہ یا عاطفہ اِنْ حرف شرط تَوَلَّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے فَلَا لَوْمَ عَلَيْكَ، فَاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق مکفوفہ، مَا کافہ عَلَيْكَ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا

يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۳﴾

آیت نمبر ۸۳: يَعْرِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل نِعْمَتَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ يُنْكِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَكْثَرُهُمْ مرکب اضافی مبتدا الْكٰفِرُوْنَ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ (روح المعانی)

رکوع نمبر ۱۲

وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۸۴﴾

آیت نمبر ۸۴: واؤ استینافیہ يَوْمَ مضاف نَبْعَثُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مِنْ حرف جر كُلِّ اُمَّةٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم شَهِيْدًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَا يُؤْذَنُ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل لَام حرف جر اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور لَا يُؤْذَنُ کے متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف

اوّل، واؤ عاطفہ لَا نافیہ هُمْ ضمیر مبتدا، يُسْتَعْتَبُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، دونوں مل کر خبر، مبتدا باخبر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین يَوْمَ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی فعل محذوف اُذْكُرْ کا مفعول فیہ ہے۔

وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۸۵﴾

آیت نمبر ۸۵: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاٰی فعل الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا موصول باصلہ فاعل الْعَذَابَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ لَا يُخَفَّفُ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل عَنْهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نافیہ هُمْ ضمیر مبتدا، يُنْظَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ اولی کے ظرف پر معطوف ہے۔

وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۸۶﴾

آیت نمبر ۸۶: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاٰی فعل الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا موصول اور صلہ مل کر فاعل شُرَكَآءَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، رَبَّنَا یہ اصل میں يَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے هٰٓؤُلَآءِ اسم اشارہ مبتدا، شُرَكَآؤُنَا مرکب اضافی موصوف الَّذِيْنَ اسم موصول كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم نَدْعُوْا فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب محذوف ذوالحال مِنْ دُوْنِكَ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، دونوں مل کر نَدْعُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص بااسم و خبر صلہ، موصول باصلہ شُرَكَآؤُنَا کی صفت، موصوف باصفت هٰٓؤُلَآءِ کی خبر، مبتدا باخبر نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا قَالَ الْمُشْرِكُوْنَ الْقَوْلَ الْمَذْكُوْرَ اَلْقَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَيْهِمُ جار با مجرور متعلق ہوئے الْقَوْلَ مبدل منہ، اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم لَامِ مزحلقہ كَاذِبُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بدل، مبدل منہ بابدل (روح المعانی) اَلْقَوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ ِالسَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۸۷﴾

آیت نمبر ۸۷: واؤ عاطفہ اَلْقَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَى اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ السَّلَمَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ضَلَّ فعل عَنْهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَفْتَرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص بااسم و خبر صلہ، موصول باصلہ ضَلَّ کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، دونوں مل کر جملہ معطوفہ ہوا۔

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿۸۸﴾

آیت نمبر ۸۸: اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ صَدُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل

عَنْ حرف جر سَبِيْلِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مبتدا، زِدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ عَذَابًا موصوف فَوْقَ الْعَذَابِ مرکب اضافی كَانُوْا کا مفعول فیہ ہو کر صفت، پھر مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی بِمَا باء حرف جر مَا مصدریہ كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ کی ترکیب واضح ہے بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور زِدْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق اَلَّذِيْنَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰۤؤُلَآءِ ؕ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۸۹﴾

آیت نمبر ۸۹: واؤ عاطفہ يَوْمَ مضاف نَبْعَثُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل فِيْ حرف جر كُلِّ اُمَّةٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے شَهِيْدًا صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل عَلَيْهِمْ متعلق ہوئے، تینوں مل کر بواسطہ موصوف محذوف رَسُوْلًا کے مفعول بہ مِنْ اَنْفُسِهِمْ جار با مجرور نَبْعَثُ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین و مفعول بہ يَوْمَ کا مضاف الیہ پھر مرکب اضافی پہلے يَوْمَ نَبْعَثُ پر معطوف ہے، واؤ عاطفہ جِئْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِكَ باء حرف جر کاف ضمیر ذو الحال شَهِيْدًا صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل عَلٰى هٰۤؤُلَآءِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر حال، ذو الحال با حال مجرور، جار با مجرور جِئْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق نَبْعَثُ پر معطوف ہے واؤ استینافیہ نَزَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے الْكِتٰبَ ذو الحال تِبْيَانًا مصدر لِكُلِّ شَيْءٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، دونوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُدًى معطوف اوّل، واؤ عاطفہ رَحْمَةً معطوف ثانی، واؤ عاطفہ بُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ مرکب توصیفی معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ حال، ذو الحال با حال نَزَّلْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

رکوع نمبر ۱۳

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۹۰﴾

آیت نمبر ۹۰: اِنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰهَ اس کا اسم يَاْمُرُ فعل هُوَ مستتر فاعل بِ باء حرف جار الْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، واؤ عاطفہ اِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى مرکب اضافی الْعَدْلِ پر معطوف ہے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَنْهٰى فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْ حرف جار الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ معطوف علیہ با معطوفین مجرور، دونوں مل کر يَنْهٰى کے متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف، دونوں مل کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ يَعِظُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ مستانفہ ہے یا يَاْمُرُ وَيَنْهٰى کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ لَعَلَّ حرف ترجی كُمْ ضمیر اس کا اسم تَذَكَّرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ انشائیہ معللہ یا مستانفہ ہوا۔

وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۹۱﴾

آیت نمبر ۹۱: واؤ استینافیہ اَوۡفُوۡا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاء حرف جار عَهۡدِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، دونوں مل کر متعلق ہوئے۔ اِذَا مضاف عٰهَدۡتُّمۡ فعل تُمۡ ضمیر فاعل، دونوں مل کر مضاف الیہ، دونوں مل کر مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَنۡقُضُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الۡاَيۡمَانَ مفعول بہ، واؤ حالیہ قَدۡ علامت فعل جَعَلۡتُمۡ فعل تُمۡ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ عَلَيۡكُمۡ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے كَفِيۡلًا صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم جَعَلۡتُمۡ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین لَا تَنۡقُضُوا کی ضمیر فاعل سے حال ہے، بَعۡدَ تَوۡكِيۡدِهَا مرکب اضافی لَا تَنۡقُضُوا کا مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم يَعۡلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول تَفۡعَلُوۡنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ يَعۡلَمُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ لَا تَكُوۡنُوۡا كَالَّتِىۡ نَقَضَتۡ غَزۡلَهَا مِنۡۢ بَعۡدِ قُوَّةٍ اَنۡكَاثًا ؕ تَتَّخِذُوۡنَ اَيۡمَانَكُمۡ دَخَلًاۢ بَيۡنَكُمۡ اَنۡ تَكُوۡنَ اُمَّةٌ هِىَ اَرۡبٰى مِنۡ اُمَّةٍ ؕ اِنَّمَا يَبۡلُوۡكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ؕ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَـكُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ مَا كُنۡتُمۡ فِيۡهِ تَخۡتَلِفُوۡنَ ﴿۹۲﴾

آیت نمبر ۹۲: واؤ عاطفہ لَا تَكُوۡنُوۡا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، کاف حرف جار الَّتِىۡ اسم موصول نَقَضَتۡ فعل هِیَ مستتر فاعل غَزۡلَهَا مرکب اضافی مفعول بہ اول مِنۡ جارہ بَعۡدِ قُوَّةٍ مرکب اضافی مجرور، دونوں مل کر متعلق ہوئے، اَنۡكَاثًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنِيۡنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ انشائیہ اَوۡفُوۡا پر معطوف ہے۔ تَتَّخِذُوۡنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَيۡمَانَكُمۡ مرکب اضافی مفعول بہ اول، دَخَلًا موصوف بَيۡنَكُمۡ مرکب اضافی كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، اَنۡ حرف مصدری تَكُوۡنَ فعل تام اُمَّةٌ موصوف، هِیَ مبتدا، اَرۡبٰى اسم تفضیل هِیَ مستتر فاعل مِنۡ اُمَّةٍ جار با مجرور متعلق، اسم تفضیل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر اُمَّةٌ کی صفت، موصوف باصفت تَكُوۡنَ کا فاعل، فعل تام بافاعل بتاویل مصدر مفعول لہ تَتَّخِذُوۡنَ فعل بافاعل و مفاعیل ثلاثہ لَا تَكُوۡنُوۡا کی ضمیر اسم کا حال ہے۔

اِنَّ حرف تحقیق مکفوفہ مَا کافہ يَبۡلُوۡا فعل كُمۡ ضمیر مفعول بہ اور اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے يُبَيِّنَنَّ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمۡ جار با مجرور متعلق ہوئے يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ مَا اسم موصول كُنۡتُمۡ فعل ناقص تُمۡ ضمیر اس کا اسم فِيۡهِ جار با مجرور متعلق مقدم تَخۡتَلِفُوۡنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم خبر، فعل ناقص بااسم و خبر صلہ، موصول باصلہ يُبَيِّنَنَّ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ قسم محذوف کا جواب ہے۔

وَلَوۡ شَآءَ اللّٰهُ لَجَـعَلَـكُمۡ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰـكِنۡ يُّضِلُّ مَنۡ يَّشَآءُ وَيَهۡدِىۡ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ وَلَـتُسۡـئَلُنَّ عَمَّا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۹۳﴾

آیت نمبر ۹۳: واؤ استینافیہ لَوۡ حرف شرط شَآءَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، دونوں مل کر شرط، لام جوابیہ جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل

کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل اُمَّۃً وَّاحِدَۃً مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لٰکِنْ حرف استدراک مہمل یُضِلُّ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَنْ یَّشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَھْدِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَنْ یَّشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف ہے۔ واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم تُسْئَلُنَّ فعل مجہول واؤ محذوفہ نائب فاعل عَنْ حرف جار مَا اسم موصول کُنْتُمْ فعل ناقص تَعْمَلُوْنَ فعل بافاعل خبر، فعل ناقص بااسم وخبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق قسم کا جواب، قسم باجواب جملہ قسمیہ ہوا۔

وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اَیْمَانَکُمْ دَخَلًا بَیْنَکُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْٓءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ۚ وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ۝۹۴

آیت نمبر ۹۴: واؤ استینافیہ لَا تَتَّخِذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَیْمَانَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل دَخَلًا موصوف بَیْنَکُمْ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ مستانفہ ہوا۔ فاء سببیہ عاطفہ تَزِلَّ فعل قَدَمٌ فاعل بَعْدَ ثُبُوْتِهَا مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَذُوْقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل السُّوْٓءَ مفعول بہ بَاء حرف جار مَا حرف مصدری صَدَدْتُّمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور تَذُوْقُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ اولیٰ سے مستنبط مصدر پر معطوف ہے کیونکہ یہ آیت لَا یَکُنِ اتِّخَاذُکُمْ اَیْمَانَکُمْ دَخَلًا بَیْنَکُمْ فَزَلَّۃُ الْقَدَمِ وَذَوْقُکُمُ السُّوْٓءَ کی تاویل میں ہے۔ الخ واؤ عاطفہ لَکُمْ جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ عَظِیْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر تَذُوْقُوْا پر معطوف ہے۔

وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِیْلًا ۭ اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝۹۵

آیت نمبر ۹۵: واؤ عاطفہ لَا تَشْتَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ عَھْدِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے ثَمَنًا قَلِیْلًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ لَا تَتَّخِذُوْا پر معطوف ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق مَا اسم موصول عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ اسم ھُوَ ضمیر مبتدا، خَیْرٌ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل لَکُمْ جار بامجرور متعلق، تینوں مل کر خبر، مبتدا باخبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط کُنْتُمْ فعل ناقص تَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے مَا اخْتَرْتُمُ الْاَدْنٰی عَلَی الْاَعْلٰی (مظہری)

مَا عِنْدَكُمْ یَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ۭ وَلَنَجْزِیَنَّ الَّذِیْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝۹۶

آیت نمبر ۹۶: مَا اسم موصول عِنْدَکُمْ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، یَنْفَدُ فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، بَاقٍ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، مبتدا باخبر معطوف، دونوں مل کر جملہ معللہ ہوا۔ واؤ

استینافیہ لَام موطیٔ للقسم اور قسم محذوف ہے نَجْزِيَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الَّذِيْنَ صَبَرُوْا موصول باصلہ مفعول بہ اول اَجْرَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی بَاء حرف جر اَحْسَنِ مضاف مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص بااسم وخبر صلہ، موصول باصلہ اَحْسَنِ کا مضاف الیہ پھر مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور صَبَرُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ اَلَّذِيْنَ کا صلہ، موصول باصلہ نَجْزِيَنَّ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب ہے، قسم باجواب جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٩٧﴾

آیت نمبر ۹۷: مَنْ اسم شرط مبتدا، عَمِلَ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مِنْ حرف جر ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال اولی، واؤ حالیہ هُوَ ضمیر مبتدا، مُؤْمِنٌ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر حال ثانیہ، ذوالحال باحالین فاعل صَالِحًا بواسطہ موصوف محذوف عَمَلًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعول مطلق شرط، فَاء جزائیہ لَام موطئہ للقسم نُحْيِيَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ حَيٰوةً طَيِّبَةً مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب قسم، قسم باجواب معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم نَجْزِيَنَّ فعل نَحْنُ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اَجْرَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ کی ترکیب ابھی گزری ہے اور یہ متعلق ہے، فعل بافاعل ومفعولین ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب قسم، قسم باجواب جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿٩٨﴾

آیت نمبر ۹۸: فَاء استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قَرَاْتَ فعل تَاء مفتوحہ فاعل الْقُرْاٰنَ مفعول بہ، چاروں مل کر شرط، فَاء جزائیہ اِسْتَعِذْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل بِاللّٰهِ جار بامجرور متعلق ہوئے مِنْ حرف جر الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی، فعل بافاعل ومتعلقین جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿٩٩﴾

آیت نمبر ۹۹: اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم لَيْسَ فعل ناقص لَهٗ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہوئے، سُلْطٰنٌ اسم مؤخر عَلٰى حرف جر اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَلٰى رَبِّهِمْ جار بامجرور متعلق مقدم يَتَوَكَّلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ثانی ہوئے كَائِنًا اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل ومتعلقین سے مل کر لَيْسَ کی خبر مقدم، فعل ناقص بااسم وخبر اِنَّ کی خبر اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ﴿١٠٠﴾

آیت نمبر ۱۰۰: اِنَّ حرف تحقیق مکفوفہ مَا کافہ سُلْطٰنُهٗ مرکب اضافی مبتدا عَلٰى حرف جر اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَتَوَلَّوْنَ فعل واؤ ضمیر

فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول ھُمْ ضمیر مبتدا، بِہٖ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے مُشْرِکُوْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق مقدم شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۴ ❁

وَ اِذَا بَدَّلْنَاۤ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْۤا اِنَّمَاۤ اَنْتَ مُفْتَرٍ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾

آیت نمبر ۱۰۱: واؤ استینا فیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم بَدَّلْنَا فعل نَا ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ اَللّٰہُ مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل بِآء حرف جر مَا موصولہ یُنَزِّلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال فاعل اٰیَۃً مفعول بہ، مَکَانَ اٰیَۃٍ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، اِنَّمَا کفوفہ وکافہ اَنْتَ ضمیر مبتدا، مُفْتَرٍ اسم فاعل اَنْتَ مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، مبتدا با خبر مقولہ، دونوں مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ بَلْ حرف اضراب اَکْثَرُھُمْ مرکب اضافی مبتدا، لَایَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا

قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّ بُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۰۲﴾

آیت نمبر ۱۰۲: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل، دونوں مل کر قول، نَزَّلَ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ رُوْحُ الْقُدُسِ مرکب اضافی ذوالحال بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل مِنْ رَّبِّکَ جار با مجرور متعلق اول ہوئے، لام حرف جر برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُثَبِّتَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ مفعول بہ، تینوں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور نَزَّلَ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ ھُدًی معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ بُشْرٰی مصدر لِلْمُسْلِمِیْنَ متعلق، دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف لِیُثَبِّتَ کے محل پر معطوف ہے۔

وَ لَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ اَعْجَمِيٌّ وَّ هٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۳﴾

آیت نمبر ۱۰۳: واؤ استینا فیہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل نَعْلَمُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اس کا اسم یَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّمَا کفوفہ وکافہ یُعَلِّمُ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، بَشَرٌ فاعل، تینوں مل کر مقولہ، قول با مقولہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ نَعْلَمُ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین قسم کا جواب، لِسَانُ مضاف اَلَّذِیْ اسم موصول یُلْحِدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَیْہِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ

مضاف الیہ پھر مرکب اضافی مبتدا، اَعْجَمِیٌّ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ھٰذَا اسم اشارہ مبتدا، لِسَانٌ موصوف عَرَبِیٌّ مُّبِیْنٌ دو صفت، موصوف با صفتین خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ یا نَعْلَمُ کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہوا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰہِ ۙ لَا یَھْدِیْھِمُ اللّٰہُ وَ لَھُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۱۰۴﴾

آیت نمبر ۱۰۴: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَا یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جر اٰیٰتِ اللّٰہِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ اِنَّ کا اسم لَا یَھْدِیْ فعل ھُمْ مفعول بہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَھُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، عَذَابٌ اَلِیْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

اِنَّمَا یَفْتَرِی الْکَذِبَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰہِ ۚ وَ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْکٰذِبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾

آیت نمبر ۱۰۵: اِنَّمَا کفوفہ وکافہ یَفْتَرِیْ فعل اَلْکَذِبَ مفعول بہ مقدم اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَا یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰیٰتِ اللّٰہِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ فاعل، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُولٰٓئِکَ مبتدا، ھُمْ ضمیر فصل اَلْکٰذِبُوْنَ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا

مَنْ کَفَرَ بِاللّٰہِ مِنْۢ بَعْدِ اِیْمَانِہٖۤ اِلَّا مَنْ اُکْرِہَ وَ قَلْبُہٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِیْمَانِ وَ لٰکِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْکُفْرِ صَدْرًا فَعَلَیْھِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰہِ ۚ وَ لَھُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ﴿۱۰۶﴾

آیت نمبر ۱۰۶: مَنْ اسم موصول کَفَرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِاللّٰہِ جار با مجرور متعلق ہوئے مِنْ حرف جر بَعْدِ اِیْمَانِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین صلہ، موصول با صلہ مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء مَنْ اسم موصول اُکْرِہَ فعل مجہول ھُوَ مستتر ذوالحال، واؤ حالیہ قَلْبُہٗ مرکب اضافی مبتدا، مُطْمَئِنٌّ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل بِالْاِیْمَانِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال با حال اُکْرِہَ کا نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل صلہ، موصول با صلہ مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ یَفْتَرِیْ کے فاعل سے بدل ہے۔ واؤ عاطفہ لٰکِنَّ حرف استدراک مہمل مَنْ شرطیہ مبتدا، شَرَحَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِالْکُفْرِ جار با مجرور متعلق ہوئے صَدْرًا مفعول بہ، چاروں مل کر شرط، فَاء جزائیہ عَلَیْھِمْ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم غَضَبٌ موصوف مِنَ اللّٰہِ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَھُمْ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ عَظِیْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِکَ بِاَنَّھُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَیٰوۃَ الدُّنْیَا عَلَی الْاٰخِرَۃِ ۙ وَ اَنَّ اللّٰہَ لَا یَھْدِی الْقَوْمَ الْکٰفِرِیْنَ ﴿۱۰۷﴾

آیت نمبر ۱۰۷: ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا، بَاء حرف جر اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اس کا اسم اِسْتَحَبُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْحَیٰوۃَ الدُّنْیَا مرکب توصیفی مفعول بہ عَلَی الْاٰخِرَۃِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق خبر، اَنَّ با اسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ

اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم لَا یَهْدِی فعل هُوَ مستتر فاعل الْقَوْمَ الْكٰفِرِیْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ خبر، اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِكَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اُولٰٓىِٕكَ الَّذِیْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَ سَمْعِهِمْ وَ اَبْصَارِهِمْ ۚ وَ اُولٰٓىِٕكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ۝۱۰۸

آیت نمبر ۱۰۸: اُولٰٓىِٕكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِیْنَ اسم موصول طَبَعَ فعل اَللّٰهُ فاعل عَلٰى حرف جر قُلُوْبِهِمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَمْعِهِمْ مرکب اضافی معطوف اول، واؤ عاطفہ اَبْصَارِهِمْ مرکب اضافی معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مجرور، جار بامجرور طَبَعَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُولٰٓىِٕكَ مبتدا، هُمْ ضمیر فصل اَلْغٰفِلُوْنَ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، دونوں مل کر جملہ مستانفہ ہوا۔

لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝۱۰۹

آیت نمبر ۱۰۹: لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ کی ترکیب لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ کی طرح ہے دیکھئے پارہ نمبر ۱۲ کے رکوع نمبر ۲ میں۔

ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِیْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَ صَبَرُوْۤا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝۱۱۰

آیت نمبر ۱۱۰: ثُمَّ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اس کا اسم اور اس کی خبر محذوف ہے مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ، مِنْ حرف جر بَعْدِهَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور غَفُوْرٌ یا رَحِیْمٌ کے متعلق مقدم لام مزحلقہ غَفُوْرٌ صیغہ مبالغہ هُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر اول رَحِیْمٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل، لام حرف جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول هَاجَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جر بَعْدِ مضاف مَا مصدریہ فُتِنُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مضاف الیہ پھر مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ جٰهَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر معطوف اول، واؤ عاطفہ صَبَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ اس کی ترکیب ابھی گزری ہے اور یہ پہلے جملہ کی تاکید ہے۔

رکوع نمبر ۱۵

یَوْمَ تَاْتِیْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَ هُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ۝۱۱۱

آیت نمبر ۱۱۱: یَوْمَ مضاف تَاْتِیْ فعل كُلُّ نَفْسٍ مرکب اضافی ذوالحال تُجَادِلُ فعل هِیَ مستتر فاعل عَنْ نَّفْسِهَا جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تُوَفّٰى فعل مجہول كُلُّ نَفْسٍ مرکب اضافی نائب فاعل مَا عَمِلَتْ موصول باصلہ مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُمْ مبتدا، لَا یُظْلَمُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل خبر، مبتدا با

خبر معطوف، یا كُلُّ نَفْسٍ کا حال، اور تُوَفّٰى کا تَاْتِیْ پر عطف ہے، معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ پھر مرکب اضافی اُذْكُرْ کا مفعول فیہ ہے۔

وَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَىٕنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَ الْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

آیت نمبر ۱۱۲: واؤ استینافیہ ضَرَبَ فعل اَللّٰهُ فاعل مَثَلًا مفعول بہ اوّل کیونکہ ضَرَبَ بمعنی جَعَلَ کے ہے، قَرْيَةً موصوف كَانَتْ فعل ناقص هِيَ اس کا اسم اٰمِنَةً خبر اوّل مُّطْمَىٕنَّةً خبر ثانی، فعل ناقص با اسم و خبرین جملہ فعلیہ خبریہ قَرْيَةً کی صفت اولی، يَاْتِيْ فعل هَا ضمیر مفعول بہ رِزْقُهَا مرکب اضافی فاعل رَغَدًا ضمیر مفعول کا حال ہے مِنْ كُلِّ مَكَانٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق قَرْيَةً کی صفت ثانیہ، موصوف با صفتین ضَرَبَ کا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ مستانفہ ہوا۔ فاء عاطفہ كَفَرَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل بِاَنْعُمِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَذَاقَ فعل هَا ضمیر مفعول بہ اوّل اللّٰهُ فاعل لِبَاسَ مضاف الْجُوْعِ وَ الْخَوْفِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، دونوں مل کر اَذَاقَ کا مفعول بہ ثانی، باء حرف جر مَا مصدریہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَصْنَعُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور اَذَاقَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف كَانَتْ اٰمِنَةً پر معطوف ہے۔

وَ لَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَ هُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

آیت نمبر ۱۱۳: واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل جَآءَ فعل هُمْ مفعول بہ رَسُوْلٌ موصوف مِّنْهُمْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف اوّل، فاء عاطفہ اَخَذَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اَلْعَذَابُ فاعل، تینوں مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین قسم کا جواب ہے، قسم با جواب جملہ قسمیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ هُمْ ظٰلِمُوْنَ مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اَخَذَ کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہے۔

فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۪ وَّ اشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۱۴﴾

آیت نمبر ۱۱۴: فاء تفریعیہ یا فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ اٰتَاكُمْ رِزْقُ اللّٰهِ، كُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جر مَا موصولہ رَزَقَ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اللّٰهُ فاعل، تینوں مل کر صلہ، موصول با صلہ ذوالحال، حَلٰلًا طَيِّبًا مرکب توصیفی حال، دونوں مل کر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل امر با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اشْكُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نِعْمَتَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف شرط محذوف کی جزاء ہے، اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم اِيَّاهُ ضمیر منصوب مفعول بہ تَعْبُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و مفعول بہ مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے فَاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَ الدَّمَ وَ لَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَ مَاۤ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ

اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾

آیت نمبر ۱۱۵: اِنَّمَا کفوفہ وکافہ حَرَّمَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْكُمُ جار با مجرور متعلق الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ معطوف علیہ با معطوفین مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَآ اسم موصول اُهِلَّ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل لِغَيْرِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے، بِهٖ جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلقین صلہ، موصول باصلہ الْمَيْتَةَ پر معطوف ہے۔ فاء عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا، اضْطُرَّ فعل مجہول هُوَ مستتر ذوالحال، غَيْرَ مضاف بَاغٍ وَّلَا عَادٍ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مرکب اضافی حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل شرط، فاء جزائیہ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ. اِنَّ با اسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ؕ

آیت نمبر ۱۱۶: واؤ استینافیہ لَا تَقُوْلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل لام جارہ مَا موصولہ تَصِفُ فعل اَلْسِنَتُكُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے الْكَذِبَ مبدل منہ هٰذَا حَلٰلٌ مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هٰذَا حَرَامٌ مبتدا باخبر معطوف، دونوں مل کر بدل، مبدل منہ بابدل تَصِفُ کا مفعول بہ۔ لام جارہ برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَفْتَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَى اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے الْكَذِبَ مفعول بہ، چاروں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل نہی بافاعل و متعلقین جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق الَّذِيْنَ اسم موصول يَفْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَى اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے الْكَذِبَ مفعول بہ، چاروں مل کر صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم لَا يُفْلِحُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۪ وَّلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۱۷﴾

آیت نمبر ۱۱۷: مَتَاعٌ قَلِيْلٌ مرکب توصیفی مبتدا، اور خبر محذوف ہے لَهُمْ، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَهُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ اَلِيْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۸﴾

آیت نمبر ۱۱۸: واؤ استینافیہ عَلٰى حرف جر الَّذِيْنَ هَادُوْا موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم حَرَّمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مَا موصولہ قَصَصْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْكَ ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے مِنْ قَبْلُ متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین صلہ، موصول باصلہ حَرَّمْنَا کا مفعول بہ، حَرَّمْنَا فعل بافاعل و متعلق مقدم و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ ظَلَمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر حَرَّمْنَا پر معطوف ہے۔ واؤ حالیہ لٰكِنْ حرف استدراک مہمل كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، اَنْفُسَهُمْ مرکب

اضافی مفعول بہ مقدم یَظْلِمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و مفعول بہ مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر ظَلَمْنَا کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہے

ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَ اَصْلَحُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۹﴾

آیت نمبر ۱۱۹: ثُمَّ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اسم اس کی خبر محذوف ہے مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ، اور اس کی ترکیب ابھی گزر چکی ہے اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لام حرف جر اَلَّذِيْنَ اسم موصول عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِجَهَالَةٍ ظرف مستقر مُتَلَبِّسِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، دونوں مل کر فاعل اَلسُّوْٓءَ مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ تَابُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ متعلق، تینوں مل کر معطوف اول، واؤ عاطفہ اَصْلَحُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور غَفُوْرًا رَّحِيْمًا کے متعلق ہوئے۔ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ اس کی ترکیب ابھی گزری ہے اور یہ پہلے اِنَّ رَبَّكَ ۔۔۔ الخ کی تاکید ہے۔

❁ رکوع نمبر ۱۶ ❁

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ؕ وَ لَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۰﴾

آیت نمبر ۱۲۰: اِنَّ حرف تحقیق اِبْرٰهِيْمَ اس کا اسم كَانَ ناقصہ هُوَ اس کا اسم اُمَّةً موصوف قَانِتًا اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل لِلّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر صفت اولیٰ، حَنِيْفًا صفت ثانیہ، واؤ حالیہ لَمْ يَكُ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر حَنِيْفًا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ ؕ اِجْتَبٰىهُ وَ هَدٰىهُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۲۱﴾ وَ اٰتَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَ اِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۲۲﴾

آیت نمبر ۱۲۱، ۱۲۲: شَاكِرًا اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل لام جارہ اَنْعُمِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اسم فاعل و فاعل و متعلق اُمَّةً کی صفت ثالثہ، موصوف باصفات ثلاثہ كَانَ کی خبر اول اِجْتَبٰى فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هَدٰى فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اِلٰى جارہ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور هَدٰى کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر ذوالحال فِى الدُّنْيَا جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ اول، حَسَنَةً مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین كَانَ کی خبر ثانی، فعل ناقص بااسم و خبرین اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر ذوالحال فِى الْاٰخِرَةِ "كَائِنًا" کے متعلق ہو کر حال، دونوں مل کر اسم لام مذحلقہ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبر یہ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ ۔۔۔ الخ پر معطوف ہے۔

ثُمَّ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَ مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۳﴾

آیت نمبر ۱۲۳: ثُمَّ عاطفہ اَوْحَیْنَآ فعل نَا ضمیر فاعل اِلَیْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے اَنْ مصدریہ اِتَّبِعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مِلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ مرکب اضافی مفعول بہ حَنِیْفًا" اِبْرٰهِیْمَ سے حال ہے، فعل امر با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر باءِ محذوف کا مجرور، جار با مجرور اَوْحَیْنَآ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ یا حالیہ مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر كَانَ اُمَّةً پر معطوف ہے یا حَنِیْفًا سے حال ہے۔

اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِیْنَ اخْتَلَفُوْا فِیْهِ ؕ وَ اِنَّ رَبَّكَ لَیَحْكُمُ بَیْنَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فِیْمَا كَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۲۴﴾

آیت نمبر ۱۲۴: اِنَّمَا کفو فہ و کافہ جُعِلَ فعل مجہول السَّبْتُ نائب فاعل عَلٰی جارہ الَّذِیْنَ اسم موصول اخْتَلَفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر جُعِلَ کا مفعول بہ ہے، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اسم لَامِ مزحلقہ یَحْكُمُ فعل هُوَ مستتر فاعل بَیْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ اوّل یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مفعول فیہ ثانی فِیْ جارہ مَا موصولہ كَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ اس کی ترکیب آسان ہے اور یہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور یَحْكُمُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہے۔

اُدْعُ اِلٰى سَبِیْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَ الْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَ جَادِلْهُمْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِیْلِهٖ وَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِیْنَ ﴿۱۲۵﴾

آیت نمبر ۱۲۵: اُدْعُ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اِلٰی حرف جر سَبِیْلِ رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے بَاءِ جارہ الْحِكْمَةِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ مرکب توصیفی معطوف، دونوں مل کر مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی، فعل با فاعل و متعلقین جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَادِلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بَاءِ جارہ الَّتِیْ موصولہ هِیَ اَحْسَنُ مبتدا با خبر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور جَادِلْ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ اُدْعُ پر معطوف ہے۔ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِیْلِهٖ وَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِیْنَ اس کی ترکیب سُوْرَۃُ الْقَلَمِ میں دیکھیں۔

وَ اِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ؕ وَ لَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَیْرٌ لِّلصّٰبِرِیْنَ ﴿۱۲۶﴾

آیت نمبر ۱۲۶: واؤ استینافیہ اِنْ شرطیہ عَاقَبْتُمْ فعل با فاعل شرط، فاء جزائیہ عَاقِبُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بَاءِ جارہ مِثْلِ مضاف مَا موصولہ عُوْقِبْتُمْ بِهٖ فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَامِ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ شرطیہ صَبَرْتُمْ فعل با فاعل شرط، لَامِ جوابیہ هُوَ مبتدا خَیْرٌ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل لِلصّٰبِرِیْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر خبر، مبتدا با خبر قسم کا جواب، اور شرط کی جزاء محذوف ہے۔

وَ اصْبِرْ وَ مَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَ لَا تَحْزَنْ عَلَیْهِمْ وَ لَا تَكُ فِیْ ضَیْقٍ مِّمَّا یَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾

آیت نمبر ۱۲۷: واؤ عاطفہ اِصْبِرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ حالیہ مَا حجازیہ صَبْرُكَ مرکب اضافی اس کا اسم اِلَّا حرف استثناء بِاللّٰهِ جار با مجرور مستثنیٰ مفرغ مُلَابِسًا کے متعلق ہو کر خبر، مَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جملہ حالیہ ہے۔ واؤ عاطفہ لَاتَحْزَنْ عَلَيْهِمْ فعل نہی با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ نہیہ معطوف ہے، واؤ عاطفہ لَاتَكُ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اسم فِیْ جارہ ضَيْقٍ موصوف مِنْ جارہ مَا يَمْكُرُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور كَائِنٍ کے متعلق ہو کر ضَيْقٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِصْبِرْ پر معطوف ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿۱۲۸﴾

آیت نمبر ۱۲۸: اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم مَعَ مضاف اَلَّذِيْنَ اتَّقَوْا موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول هُمْ مُّحْسِنُوْنَ مبتدا با خبر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مَعَ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

تَمَّتْ بِالْخَيْرِ بِعَوْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى

ترکیب سُوْرَةُ الْاِسْرَآءِ

رکوع نمبرا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سُبْحٰنَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ
اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِيْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِيَهٗ مِنْ اٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ①

آیت نمبر ۱: سُبْحٰنَ مضاف اَلَّذِیْ اسم موصول اَسْرٰی فعل ہُوَ مستتر فاعل بِاَءِ حرف جار عَبْدِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغواَسْرٰی کے متعلق ہوئے، لَیْلًا مفعول فیہ مِنْ حرف جار اَلْمَسْجِدِ الْحَرَامِ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف لغواَسْرٰی کے متعلق ثانی ہوئے اِلٰی حرف جار اَلْمَسْجِدِ موصوف اَلْاَقْصَا صفت اولی، اَلَّذِیْ اسم موصول بٰرَکْنَا فعل نَا ضمیر فاعل حَوْلَهٗ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل اپنے اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اَلْمَسْجِدِ کی صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مجرور، جار با مجرور اَسْرٰی کے متعلق ثالث ہوئے لَام جارہ برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نُرِیَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مِنْ حرف جار اٰیٰتِنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور نُرِیَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور اَسْرٰی کے متعلق رابع ہوئے، اَسْرٰی فعل اپنے فاعل و مفعول فیہ و متعلقات اربعہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ سُبْحٰنَ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول مطلق ہے فعل محذوف سَبَّحْنَا کا، فعل با فاعل و مفعول مطلق جملہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم ہُوَ ضمیر مبتدا، اَلسَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ اس کی دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِيْ وَكِيْلًا ؕ② ذُرِّيَّةَ مَنْ
حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا ③

آیت نمبر ۲،۳: واؤ استینا فیہ یا عاطفہ اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مُوْسٰی منصوب تقدیراً مفعول بہ اول، اَلْکِتٰبَ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اول، ہُدًی مفعول بہ ثانی، لَام حرف جار بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو جَعَلْنَا کے متعلق اول ہوئے، اَنْ حرف مصدری و نصب لَا تَتَّخِذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جار دُوْنِیْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور لَا تَتَّخِذُوْا کے متعلق ہوئے وَکِیْلًا مفعول بہ اول مقدم، ذُرِّیَّةَ مضاف مَنْ اسم موصول حَمَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مَعَ نُوْحٍ مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ ذُرِّیَّةَ کا مضاف الیہ پھر مرکب اضافی تَتَّخِذُوْا کا مفعول اول مؤخر، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، کیونکہ یہ اصل میں بِاَنْ لَا الخ ہے پھر جار با مجرور جَعَلْنَا کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم کَانَ فعل ناقص ہُوَ مستتر اس کا اسم عَبْدًا موصوف شَکُوْرًا صیغہ مبالغہ ہُوَ مستتر فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت کَانَ کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ قَضَيْنَآ اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ فِى الْكِتٰبِ لَتُفْسِدُنَّ فِى الْاَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَ لَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِيْرًا ○

آیت نمبر ۴: واؤعاطفہ قَضَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلٰى حرف جار بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے فِى الْكِتٰبِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ جَعَلْنَا پر معطوف ہے۔ لَام موطۂ للقسم اور قسم محذوف ہے تُفْسِدُنَّ فعل واؤ محذوفہ لالتقآء الساکنین فاعل فِى الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق ہوئے مَرَّتَيْنِ بواسطہ موصوف محذوف اِفْسَادًا مفعول مطلق، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ معطوف علیہ، واؤعاطفہ لَام موطۂ للقسم اور قسم محذوف ہے تَعْلُنَّ فعل واؤ محذوفہ لالتقآء الساکنین فاعل عُلُوًّا كَبِيْرًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، پھر قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ اُوْلٰىهُمَا بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا لَّنَآ اُولِىْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ فَجَاسُوْا خِلٰلَ الدِّيَارِ ؕ وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُوْلًا ۞ ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّ بَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا ۞

آیت نمبر ۵، ۶: فاءعاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل وَعْدُ مضاف اُوْلٰىهُمَا مرکب اضافی مضاف الیہ پھر مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ مقدم مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، بَعَثْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْكُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے عِبَادًا موصوف لَنَا جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر صفت اولی، اُولِىْ مضاف بَاْسٍ شَدِيْدٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ عِبَادًا کی صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فاءعاطفہ جَاسُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل خِلٰلَ الدِّيَارِ مرکب اضافی ذوالحال، واؤ حالیہ كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر اس کا اسم وَعْدًا مَّفْعُوْلًا مرکب توصیفی ہو کر اس کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال با حال جَاسُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اوّل، ثُمَّ حرف عطف رَدَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے الْكَرَّةَ مفعول بہ عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی، واؤعاطفہ اَمْدَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ مفعول بہ باء حرف جار اَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور اَمْدَدْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، واؤعاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل اَكْثَرَ اسم تفضیل اَنْتُمْ مستتر فاعل نَفِيْرًا تمیز، اسم تفضیل بافاعل و تمیز شبہ جملہ ہو کر مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ شرط کی جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ ۣ وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا ؕ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ لِيَسُوْٓءٗا وُجُوْهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوْهُ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا ۞

آیت نمبر ۷: اِنْ حرف شرط اَحْسَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اَحْسَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل لَام حرف جار اَنْفُسِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط اَسَاْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ لَهَا جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف اِسَاءَتُكُمْ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔

فاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم، جَآءَ فعل وَعْدُ الْاٰخِرَةِ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لَام جارہ برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَسُوْٓءٗا فعل واؤ ضمیر فاعل وُجُوْهَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام حرف جار برائے تعلیل اس کے بعد اَنْ ناصبہ مقدر ہے يَدْخُلُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الْمَسْجِدَ مفعول بہ، کاف حرف جار مَا مصدریہ دَخَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اَوَّلَ مَرَّةٍ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف دُخُوْلًا کے يَدْخُلُوا کا مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَام حرف جر برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يُتَبِّرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول عَلَوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، تَتْبِيْرًا مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین متعلق ہوئے فعل محذوف بَعَثْنَا کے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جَآءَ کی جزاء ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يَّرْحَمَكُمْ ۚ وَاِنْ عُدْتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ۝۸

آیت نمبر ۸ : عَسٰى فعل مقارب رَبُّكُمْ مرکب اضافی اس کا اسم اَنْ حرف مصدری و نصب يَرْحَمَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر عَسٰى کی خبر، فعل مقارب با اسم و خبر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اِنْ حرف شرط عُدْتُّمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط عُدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل جَهَنَّمَ مفعول بہ اوّل حَصِيْرًا صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل لِلْكٰفِرِيْنَ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے، صیغہ صفت بافاعل و متعلق مقدم مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ

اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ۝۹ وَّاَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝۱۰

آیت نمبر ۹، ۱۰: اِنَّ حرف تحقیق هٰذَا الْقُرْاٰنَ موصوف با صفت، یا مبدل منہ با بدل، یا مبین با عطف بیان اِنَّ کا اسم يَهْدِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل لَام حرف جار اَلَّتِيْ اسم موصول هِيَ ضمیر مبتدا، اَقْوَمُ اسم تفضیل هِيَ مستتر اس کا فاعل، اسم تفضیل بافاعل هِيَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور يَهْدِيْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُبَشِّرُ فعل هُوَ مستتر فاعل الْمُؤْمِنِيْنَ موصوف اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ بواسطہ موصوف محذوف

اَلْاَعْمَالَ کے مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اَلْمُؤْمِنِیْنَ کی صفت، موصوف باصفت یُبَشِّرُ کا مفعول بہ، اِنَّ حرف تحقیق لَھُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر اَنَّ کی خبر مقدم اَجْرًا کَبِیْرًا مرکب توصیفی اسم مؤخر، اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَا یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْاٰخِرَۃِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اَنَّ کا اسم، اَعْتَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَھُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے عَذَابًا اَلِیْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَنَّ کی خبر، اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفرد کے معنی میں ہو کر مجرور، کیونکہ یہ اصل میں بِاَنَّ ہے، جار با مجرور دریُبَشِّرُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ یَھْدِیْ پر معطوف ہے، معطوف علیہ بامعطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ⑪

آیت نمبر ۱۱: واؤ استینافیہ یَدْعُ (یہ اصل میں یَدْعُوْا ہے) فعل اَلْاِنْسَانُ فاعل بِالشَّرِّ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے دُعَآءَ مصدر مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ بِالْخَیْرِ جار با مجرور متعلق ہوئے، مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ ومتعلق سے مل کر منصوب بنزع الخافض اصل میں کَدُعَآءِہٖ ہے، اور کَدُعَآءِہٖ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہوئے، پھر یہ بواسطہ موصوف محذوف دُعَآءً کے مفعول مطلق ہے، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ کَانَ فعل ناقص اَلْاِنْسَانُ اس کا اسم عَجُوْلًا خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا ⑫ وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰۗىِٕرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ ۭ وَنُخْرِجُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ⑬

آیت نمبر ۱۲، ۱۳: واؤ استینافیہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلَّیْلَ وَالنَّھَارَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ اوّل اٰیَتَیْنِ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ مَحَوْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اٰیَۃَ الَّیْلِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اٰیَۃَ النَّھَارِ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل مُبْصِرَۃً مفعول بہ ثانی، لَام حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَبْتَغُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فَضْلًا موصوف مِنْ حرف جار رَّبِّکُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَعْلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَدَدَ السِّنِیْنَ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْحِسَابَ معطوف، دونوں مل کر تَعْلَمُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ظرف لغو جَعَلْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعولین ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ کُلَّ شَیْءٍ

مفعول بہ ہے فعل محذوف فَصَّلْنَا کا جس کی تفسیر کر رہا ہے فعل مذکور، فَصَّلْنَا فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مفسّر، فَصَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ تَفْصِيْلًا مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مفسِّر، پھر مفسَّر با مفسِّر معطوف ثالث، واؤ عاطفہ كُلَّ اِنْسَانٍ مرکب اضافی مفعول بہ ہے فعل محذوف اَلْزَمْنَا کا، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مفسَّر اَلْزَمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اول، طٰٓئِرَہٗ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فِیْ حرف جار عُنُقِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور اَلْزَمْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مفسِّر، پھر مفسَّر با مفسِّر معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ نُخْرِجُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل لَهٗ جار با مجرور متعلق ہوئے يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ كِتٰبًا موصوف يَلْقٰىهُ فعل هُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر ذوالحال مَنْشُوْرًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت نُخْرِجُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ؕ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا ؕ۝۱۴

آیت نمبر ۱۴: اِقْرَاْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل كِتٰبَكَ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہو کر قَائِلِیْنَ مقدر کا مقولہ ہو کر نُخْرِجُ کی ضمیر فاعل سے حال ہوا۔ كَفٰى فعل بَاء جارہ زائدہ نَفْسِكَ مرکب اضافی لفظاً مجرور محلاً مرفوع فاعل اَلْيَوْمَ مفعول فیہ عَلَيْكَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے حَسِيْبًا صیغہ صفت هُوَ ضمیر فاعل، صیغہ صفت بافاعل و متعلق تمیز ہے كَفٰى کی نسبت سے، فعل بافاعل ومفعول فیہ و تمیز جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ۝۱۵

آیت نمبر ۱۵: مَنْ اسم شرط مبتدا، اِهْتَدٰى فعل هُوَ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق کفوفہ مَا کافہ يَهْتَدِيْ فعل هُوَ ضمیر فاعل لَام حرف جار نَفْسِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا، ضَلَّ فعل هُوَ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق کفوفہ مَا کافہ يَضِلُّ فعل هُوَ ضمیر فاعل عَلَيْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا تَزِرُ فعل وَازِرَةٌ فاعل وِزْرَ اُخْرٰى مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم مُعَذِّبِيْنَ اسم فاعل اس میں نَحْنُ ضمیر فاعل، حَتّٰى حرف غایت و جر نَبْعَثَ فعل نَحْنُ ضمیر فاعل رَسُوْلًا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق خبر ہے كُنَّا فعل ناقص کی، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ

فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَرَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب نُّهْلِكَ فعل نَحْنُ ضمیر فاعل قَرْيَةً مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر اَرَدْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط اَمَرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مُتْرَفِيْهَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ فَسَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهَا جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فاء عاطفہ حَقَّ فعل عَلَيْهَا جار بامجرور متعلق ہوئے اَلْقَوْلُ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، فاء عاطفہ دَمَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ تَدْمِيْرًا مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًاۢ بَصِيْرًا ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: واؤ استینافیہ كَمْ خبریہ ممیز مِنَ الْقُرُوْنِ جار بامجرور تمیز، ممیز با تمیز مفعول بہ مقدم اَهْلَكْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْ حرف جار بَعْدِ نُوْحٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور اَهْلَكْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ مقدم و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كَفٰى فعل بَاء جارہ زائدہ رَبِّكَ مرکب اضافی لفظاً مجرور محلاً مرفوع فاعل بَاء جارہ ذُنُوْبِ مضاف عِبَادِهٖ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے خَبِيْرًا کے، خَبِيْرًا صیغہ صفت هُوَ ضمیر فاعل، صیغہ صفت بافاعل و متعلق مقدم مل کر كَفٰى کی نسبت سے پہلی تمیز، بَصِيْرًا صیغہ صفت هُوَ ضمیر فاعل، صیغہ صفت بافاعل كَفٰى کی نسبت سے دوسری تمیز، كَفٰى فعل اپنے فاعل و متعلق اور دونوں تمیز سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ
يَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿۱۸﴾ وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ
فَاُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۸،۱۹: مَنْ اسم شرط مبتدا، كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم يُرِيْدُ فعل هُوَ مستتر فاعل الْعَاجِلَةَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر كَانَ کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، عَجَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَهٗ جار بامجرور مبدل منہ لام حرف جار مَنْ اسم موصول نُرِيْدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار بامجرور بدل، مبدل منہ بابدل ظرف لغو عَجَّلْنَا کے متعلق اوّل ہوئے فِيْهَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے مَا اسم موصول نَشَآءُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول با صلہ عَجَّلْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ جَعَلْنَا فعل لَهٗ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم جَهَنَّمَ ذوالحال يَصْلٰى فعل هُوَ ضمیر مستتر ذوالحال مَذْمُوْمًا اسم مفعول هُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر حال اولی، مَدْحُوْرًا اسم مفعول هُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر حال ثانیہ، ذوالحال با حالین يَصْلٰى کا فاعل ہے هَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جَهَنَّمَ کا حال ہے، ذوالحال با حال جَعَلْنَا کا مفعول بہ اوّل ہے، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف

جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا، اَرَادَ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْاٰخِرَةَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَعٰی فعل ھُوَ مستتر ذوالحال واؤ حالیہ ھُوَ مُؤْمِنٌ مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے، ذوالحال باحال سَعٰی کا فاعل ہے، لَهَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، سَعْيَهَا مرکب اضافی مفعول مطلق ہے، فعل بافاعل ومفعول ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اُولٰٓئِكَ مبتدا ہے كَانَ فعل ناقص سَعْيُهُمْ مرکب اضافی اس کا اسم مَشْكُوْرًا اسم مفعول ھُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر خبر ہے، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء ہے، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مَنْ كَانَ پر معطوف ہے، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ۭ وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا ۝۲۰

آیت نمبر ۲۰: كُلًّا مبدل منہ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ یہ معطوف علیہ بامعطوف بدل ہے، مبدل منہ بابدل مفعول بہ مقدم ہے نُمِدُّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مِنْ حرف جار عَطَآءِ مضاف رَبِّكَ مرکب اضافی مضاف الیہ پھر مرکب اضافی ذوالحال، واؤ حالیہ مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص عَطَآءُ رَبِّكَ مرکب اضافی اس کا اسم مَحْظُوْرًا اسم مفعول ھُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور نُمِدُّ کے متعلق ہے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اُنْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۭ وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا ۝۲۱

آیت نمبر ۲۱: اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل كَيْفَ كَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَفْضِيْلًا کے مفعول مطلق مقدم فَضَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَعْضَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ عَلٰى بَعْضٍ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعولین ومتعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر محلًا منصوب اُنْظُرْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لَام ابتدائیہ الْاٰخِرَةُ مبتدا اَكْبَرُ اسم تفضیل هِيَ مستتر فاعل دَرَجٰتٍ تمیز، اسم تفضیل بافاعل وتمیز شبہ جملہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَكْبَرُ اسم تفضیل هِيَ مستتر فاعل تَفْضِيْلًا تمیز، تینوں مل کر شبہ جملہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ۝۲۲

آیت نمبر ۲۲: لَا تَجْعَلْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل مَعَ اللّٰهِ مرکب اضافی كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر مفعول ثانی مقدم، اِلٰهًا اٰخَرَ مرکب توصیفی مفعول بہ اوّل موخر، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر لَا يَكُنْ مِنْكَ جَعْلُ اِلٰهٍ مَعَ اللّٰهِ کی تاویل میں ہے پھر اس میں جَعْلُ اِلٰهٍ معطوف علیہ ہے، فاء سببیہ عاطفہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، اور یہ نہی کے جواب میں ہے، تَقْعُدَ فعل اَنْتَ مستتر ذوالحال مَذْمُوْمًا اسم مفعول اَنْتَ مستتر نائب فاعل سے مل کر حال اولیٰ ہے، مَخْذُوْلًا اسم مفعول اَنْتَ مستتر نائب فاعل سے مل کر حال ثانیہ ہے، ذوالحال باحالین فاعل ہے، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قُعُوْدٌ فِيْ حَالِ الذَّمِّ وَالْخُذْلَانِ کی تاویل میں ہو کر معطوف ہے، باقی واضح ہے۔

❀ رکوع نمبر ۳ ❀

وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۭ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰـهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ۝۲۳ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ۝۲۴

آیت نمبر ۲۳، ۲۴: واؤ استینافیہ قَضٰى فعل رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل اَنْ مخففہ من الثقلہ ضمیر شان محذوف اس کا اسم لَا حرف نہی تَعْبُدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء اِيَّاهُ ضمیر منصوب مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بِالْوَالِدَيْنِ جار با مجرور ظرف مستقر متعلق ہوئے فعل محذوف اَحْسِنُوْا کے، اَحْسِنُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِحْسَانًا مفعول مطلق، فعل با فاعل ومتعلق ومفعول مطلق جملہ انشائیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنْ کی خبر، اَنْ با اسم وخبر بتاویل مفرد حرف جر مقدر کا مجرور ہے، یہ اصل میں بِاَنْ ہے، جار با مجرور قَضٰى کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنْ حرف شرط مَا حرف زائد يَبْلُغَنَّ فعل بانون تاکید ثقیلہ عِنْدَكَ مرکب اضافی مفعول فیہ ہے الْكِبَرَ مفعول بہ اَحَدُهُمَا مرکب اضافی معطوف علیہ اَوْ حرف عطف كِلٰهُمَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف يَبْلُغَنَّ کا فاعل، فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ لَا تَقُلْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل لَهُمَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل نہی با فاعل ومتعلق جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر قول، اُفٍّ اسم فعل بمعنی فعل مضارع اَتَضَجَّرُ اور اس میں اَنَا ضمیر مستتر فاعل ہے، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ نہیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَنْهَرْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل هُمَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ نہیہ معطوف اول، واؤ عاطفہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَهُمَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے قَوْلًا كَرِيْمًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، چاروں مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اِخْفِضْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَهُمَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، جَنَاحَ الذُّلِّ مرکب اضافی مفعول بہ مِنَ الرَّحْمَةِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر ضمیر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول، رَبِّ یہ اصل میں یَا رَبِّیْ ہے، یَا حرف ندا، اَدْعُوْ کے قائم مقام، رَبِّیْ مرکب اضافی مفعول بہ ہے، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر ندا، اِرْحَمْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُمَا ضمیر مفعول بہ، کاف حرف جر مَا مصدریہ رَبَّيَا فعل الف ضمیر فاعل نون برائے وقایہ یاء ضمیر ذوالحال صَغِيْرًا صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل، صیغہ صفت با فاعل حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف رَحْمَةً کے اِرْحَمْ کا مفعول مطلق ہے، اِرْحَمْ فعل امر اپنے فاعل ومفعولین سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہو کر جواب ندا ہے، پھر ندا با جواب جملہ انشائیہ مقولہ ہے، قول با مقولہ معطوف رابع ہے، پھر لَا تَقُلْ معطوف علیہ با معطوفات اربعہ جزا ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ ۭ اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ۝۲۵

آیت نمبر ۲۵: رَبُّكُمْ مرکب اضافی مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر ضمیر فاعل بِمَا بَاء حرف جار مَا اسم موصول فِیْ نُفُوْسِكُمْ جار بامجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔اِنْ حرف شرط تَكُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، صٰلِحِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم لَام حرف جار الْاَوَّابِیْنَ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے، غَفُوْرًا صیغہ مبالغہ هُوَ مستتر فاعل، صیغہ مبالغہ اپنے فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء محذوف فَهُوَ یَغْفِرُ لَكُمْ کی تعلیل ہے، معلل محذوف باتعلیل جزاء ہے، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِیْنَ وَابْنَ السَّبِیْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِیْرًا ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: واؤ استینا فیہ اٰتِ فعل امر (اور یہ اصل میں اٰتِیْ ہے) اَنْتَ مستتر فاعل ذَا الْقُرْبٰى مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْمِسْكِیْنَ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ ابْنَ السَّبِیْلِ مرکب اضافی معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مفعول بہ اوّل، حَقَّهٗ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل امر بافاعل و مفعولین مل کر جملہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تُبَذِّرْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل تَبْذِیْرًا مفعول مطلق، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ الْمُبَذِّرِیْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّیٰطِیْنِ ؕ وَكَانَ الشَّیْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: اِنَّ حرف تحقیق الْمُبَذِّرِیْنَ اس کا اسم كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم اِخْوَانَ الشَّیٰطِیْنِ مرکب اضافی خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَانَ فعل ناقص الشَّیْطٰنُ اس کا اسم لَام حرف جار رَبِّهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم، كَفُوْرًا صیغہ مبالغہ هُوَ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف جملہ معلّلہ ہوا۔

وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّیْسُوْرًا ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: واؤ استینا فیہ اِنْ حرف شرط مَا زائدہ تُعْرِضَنَّ فعل نون برائے تقلیہ ہے اَنْتَ مستتر فاعل عَنْهُمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اِبْتِغَآءَ مصدر مضاف رَحْمَةٍ موصوف مِنْ جار رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، تَرْجُوْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین اِبْتِغَآءَ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی تُعْرِضَنَّ کا مفعول لہ ہے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط ہے، فَاء جزائیہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَهُمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، قَوْلًا مَّیْسُوْرًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ انشائیہ امریہ ہو کر جزاء ہے، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

وَلَا تَجْعَلْ یَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: واؤ استینافیہ لَا تَجْعَلْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل یَدَكَ مرکب اضافی مفعول بہ اول مَغْلُوْلَةً اسم مفعول ھِیَ مستتر نائب فاعل اِلٰی حرف جار عُنُقِكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم مفعول با نائب فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر مفعول بہ ثانی ہے فعل نہی اپنے فاعل اور مفعولین سے مل کر جملہ انشائیہ نہیہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ لَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ یہ لَا يَكُنْ مِنْكَ بَسْطٌ کی تاویل میں ہے لَا يَكُنْ فعل تام مِنْكَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے بَسْطٌ معطوف علیہ فَـ فاء عاطفہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے کیونکہ یہ فاء نہی کے جواب میں ہے تَقْعُدَ فعل اَنْتَ مستتر ضمیر ذوالحال مَلُوْمًا اسم مفعول اَنْتَ مستتر نائب فاعل سے مل کر حال اولیٰ ہے مَحْسُوْرًا اسم مفعول اَنْتَ مستتر نائب فاعل سے مل کر حال ثانیہ ہے ذوالحال با حالین فاعل ہے، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قُعُوْدٌ فِي الْمَلَامَةِ وَالْحَسْرَةِ کی تاویل میں ہو کر معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف لَا يَكُنْ کا فاعل ہے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ نہیہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًا ۢ بَصِيْرًا ۝۳۰

آیت نمبر ۳۰: اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اس کا اسم يَبْسُطُ فعل ھُوَ مستتر فاعل الرِّزْقَ مفعول بہ لام حرف جار مَنْ اسم موصول يَشَآءُ فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ يَقْدِرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف لغو يَبْسُطُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم كَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر ضمیر اس کا اسم بِاء حرف جار عِبَادِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو خَبِيْرًا کے متعلق مقدم خَبِيْرًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر خبر اول بَصِيْرًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر ثانی، فعل ناقص با اسم و خبرین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

وَلَا تَقْتُلُوْۤا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ؕ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ۝۳۱

آیت نمبر ۳۱: واؤ عاطفہ لَا تَقْتُلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل اَوْلَادَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ مرکب اضافی مفعول لہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ نہیہ لَا تَجْعَلْ پر معطوف ہے، نَحْنُ ضمیر مبتدا، نَرْزُقُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اِيَّاكُمْ ضمیر منصوب معطوف، دونوں مل کر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق قَتْلَهُمْ مرکب اضافی اس کا اسم كَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر ضمیر اس کا اسم خِطْاً كَبِيْرًا مرکب توصیفی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا یا مستانفہ ہوا۔

وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰۤى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ۝۳۲

آیت نمبر ۳۲ : واؤ عاطفہ لَا تَقْرَبُوْا فعل نہی واوٗ ضمیر اس کا فاعل الزِّنٰٓی منصوب تقدیراً مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ ہُہ پہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم کَانَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر اس کا اسم فَاحِشَۃً خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ واؤ عاطفہ سَآءَ فعل ذم ھُوَ مستتر ممیز سَبِیْلًا تمیز، ممیز باتمیز فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر خبر، اور مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے ھُوَ ضمیر جس کا مرجع زنا ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ اِنَّہٗ پر معطوف ہے۔

وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰہُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِیِّہٖ سُلْطٰنًا فَلَا یُسْرِفْ فِّی الْقَتْلِ ؕ اِنَّہٗ کَانَ مَنْصُوْرًا ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳ : واؤ عاطفہ لَا تَقْتُلُوْا فعل نہی واوٗ ضمیر ذوالحال اِلَّا حرف استثناء بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسِیْنَ کے متعلق ہو کر حال ہے، ذوالحال باحال فاعل ہے النَّفْسَ موصوف الَّتِیْ اسم موصول حَرَّمَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ النَّفْسَ کی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، قُتِلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر ذوالحال مَظْلُوْمًا اسم مفعول ھُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ فعلیہ : یہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ قَدْ علامت فعل جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَام حرف جار وَلِیِّہٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم، سُلْطٰنًا مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ فاء جزائیہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ اَرَادَ الْقِصَاصَ، لَا یُسْرِفْ فعل نہی ھُوَ مستتر فاعل فِی الْقَتْلِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر جزاء ہے، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّہٗ کَانَ مَنْصُوْرًا کی ترکیب اِنَّہٗ کَانَ غَفُوْرًا کی طرح ہے دیکھئے آیت نمبر ۲۵ میں۔

وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْیَتِیْمِ اِلَّا بِالَّتِیْ ھِیَ اَحْسَنُ حَتّٰی یَبْلُغَ اَشُدَّہٗ ۠ وَاَوْفُوْا بِالْعَھْدِ ۚ اِنَّ الْعَھْدَ کَانَ مَسْئُوْلًا ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴ : واؤ عاطفہ لَا تَقْرَبُوْا فعل واوٗ ضمیر فاعل مَالَ الْیَتِیْمِ مرکب اضافی مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء بَاء حرف جار الَّتِیْ اسم موصول ھِیَ ضمیر مبتدا اَحْسَنُ اسم تفضیل ھِیَ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور لَا تَقْرَبُوْا کے متعلق اوّل، حَتّٰی حرف غایت وجر اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَبْلُغَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَشُدَّہٗ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل نہی اپنے فاعل ومفعول بہ ومتعلقین سے مل کر جملہ انشائیہ لَا تَقْتُلُوْا پر معطوف ہے، واؤ عاطفہ اَوْفُوْا فعل امر واوٗ ضمیر فاعل بِالْعَھْدِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ لَا تَقْرَبُوْا پر معطوف ہے، اِنَّ حرف تحقیق الْعَھْدَ اس کا اسم کَانَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم مَسْئُوْلًا اسم مفعول ھُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر کَانَ کی خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَاَوْفُوا الْکَیْلَ اِذَا کِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِیْمِ ؕ ذٰلِکَ خَیْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِیْلًا ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: واؤ عاطفہ اَوْفُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل الْکَیْلَ مفعول بہ اِذَا ظرف زمان مضاف کِلْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ پھر مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل امر اپنے فاعل و مفعولین سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہو کر لَاتَقْرَبُوْا پر معطوف ہے، واؤ عاطفہ زِنُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بِاء حرف جار الْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِیْمِ یہ مرکب توصیفی مجرور ہے، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل امر با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ اَوْفُوْا پر معطوف ہے۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، خَیْرٌ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَحْسَنُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل تَاْوِیْلًا تمیز، اسم تفضیل با فاعل و تمیز معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ لَا تَقْفُ مَا لَیْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنَّ السَّمْعَ وَ الْبَصَرَ وَ الْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْـُٔوْلًا ۝۳۶

آیت نمبر ۳۶: واؤ عاطفہ لَاتَقْفُ فعل نہی (یہ اصل میں لَاتَقْفُوْا ہے) اَنْتَ مستتر فاعل مَا اسم موصول لَیْسَ فعل ناقص لَكَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم بِهٖ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عِلْمٌ ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ زِنُوْا پر معطوف ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ معطوف علیہ با معطوفین اِنَّ کا اسم كُلُّ اُولٰٓئِكَ مرکب اضافی مبتدا کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم عَنْهُ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، مَسْـُٔوْلًا اسم مفعول ھُوَ مستتر نائب فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مبتدا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ لَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَ لَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا ۝۳۷

آیت نمبر ۳۷: واؤ عاطفہ لَاتَمْشِ فعل نہی (یہ اصل میں لَاتَمْشِیْ ہے) اَنْتَ مستتر فاعل فِی الْاَرْضِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَرَحًا لَاتَمْشِ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل نہی اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ نہیہ لَاتَقْفُ پر معطوف ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم لَنْ تَخْرِقَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل الْاَرْضَ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَنْ تَبْلُغَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل الْجِبَالَ مفعول بہ طُوْلًا تمیز ہے یا مصدر اسم فاعل کے معنی میں ہو کر فاعل یا مفعول سے حال ہے، یا فعل محذوف تَطُوْلُ کا مفعول مطلق، لَنْ تَبْلُغَ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ و تمیز سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر ہے، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَیِّئُهٗ عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوْهًا ۝۳۸

آیت نمبر ۳۸: كُلُّ ذٰلِكَ مرکب اضافی مبتدا، كَانَ فعل ناقص سَیِّئُهٗ مرکب اضافی اس کا اسم عِنْدَ مضاف رَبِّكَ مرکب اضافی مضاف الیہ پھر مرکب اضافی مَكْرُوْهًا کا مفعول فیہ مقدم ہے مَكْرُوْهًا اسم مفعول ھُوَ مستتر نائب فاعل و مفعول فیہ مقدم سے مل کر كَانَ کی خبر ہے، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مبتدا کی خبر ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

25

ذٰلِكَ مِمَّآ اَوْحٰۤى اِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ؕ وَ لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتُلْقٰى فِىْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، مِنْ حرف جار مَا اسم موصول اَوْحٰى فعل اِلَيْكَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل مِنَ الْحِكْمَةِ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر اَوْحٰى کی ضمیر مقدر مفعول بہ سے حال ہے پھر اَوْحٰى فعل اپنے فاعل و مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا تَجْعَلْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل مَعَ اللّٰهِ مرکب اضافی كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر مفعول ثانی مقدم اِلٰهًا اٰخَرَ مرکب توصیفی مفعول بہ اول مؤخر، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔ اور یہ لَا يَكُنْ مِنْكَ جَعْلُ اِلٰهٍ اٰخَرَ مَعَ اللّٰهِ کی تاویل میں ہے۔ فاء سببیہ عاطفہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے کیونکہ یہ فاء جواب نہی میں ہے تُلْقٰى فعل مجہول اَنْتَ ضمیر مستتر نائب فاعل فِىْ جَهَنَّمَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا تُلْقٰى کی ضمیر نائب فاعل سے دو حال ہیں، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر اِلْقَاءٌ کی تاویل میں ہو کر لَا تَجْعَلْ سے نکالے ہوئے مصدر پر معطوف ہے۔

اَفَاَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِيْنَ وَ اتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِنَاثًا ؕ اِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾

آیت نمبر ۴۰: هَمزہ حرف استفہام فاء استینافیہ اَصْفٰى فعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ رَبُّكُمْ مرکب اضافی فاعل بِالْبَنِيْنَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اتَّخَذَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم، اِنَاثًا مفعول بہ اول مؤخر، فعل با فاعل و مفعولین مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ برائے تاکید تَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل قَوْلًا عَظِيْمًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِىْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوْا ؕ وَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ﴿۴۱﴾

آیت نمبر ۴۱: واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل صَرَّفْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِىْ حرف جار هٰذَا الْقُرْاٰنِ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق اول ہوئے، لَام حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ ناصبہ مقدر ہے يَذَّكَّرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو دوسرا متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم محذوف با جواب جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ یا حالیہ ہے مَا نافیہ يَزِيْدُ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول، اِلَّا حرف استثناء نُفُوْرًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا یا هٰذَا الْقُرْاٰنِ سے حال ہے۔

قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗۤ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِى الْعَرْشِ سَبِيْلًا ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۲: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول لَوْ حرف شرط کَانَ فعل ناقص مَعَهٗ مرکب اضافی کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر خبر مقدم اٰلِهَةٌ اسم مؤخر کاف حرف جر مَا مصدر یہ یَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار باجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف کَوْنًا کے کَانَ کا مفعول مطلق۔ فعل ناقص اپنے اسم و خبر و مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اِذًا ظرف زمان مہملہ لَام جوابیہ اِبْتَغَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰی حرف جار ذِی الْعَرْشِ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے سَبِیْلًا مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و متعلق و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰى عَمَّا یَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِیْرًا ۝

آیت نمبر ۴۳: سُبْحٰنَهٗ مرکب اضافی مفعول مطلق ہے فعل محذوف سَبَّحْنَا کا، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ تَعٰلٰى فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل عَنْ حرف جار مَا اسم موصول یَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور ظرف لغو تَعٰلٰى کے متعلق ہوئے عُلُوًّا كَبِیْرًا مرکب توصیفی مفعول مطلق ہے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَ الْاَرْضُ وَ مَنْ فِیْهِنَّ ؕ وَ اِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَ لٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِیْحَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا ۝

آیت نمبر ۴۴: تُسَبِّحُ فعل لَهٗ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ مرکب توصیفی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاَرْضُ معطوف اول، واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول فِیْهِنَّ جار باجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معللہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ نافیہ مِنْ حرف جار زائدہ شَیْءٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبتدا اِلَّا حرف استثناء یُسَبِّحُ فعل هُوَ مستتر ذوالحال بِاء جارہ حَمْدِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہملہ لَا تَفْقَهُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل تَسْبِیْحَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ تُسَبِّحُ پر معطوف ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم کَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم حَلِیْمًا غَفُوْرًا دو خبریں، فعل ناقص با اسم و خبرین جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ اِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَیْنَكَ وَ بَیْنَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ۝ وَّ جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ یَّفْقَهُوْهُ وَ فِیْۤ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَ اِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِی الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰۤى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ۝

آیت نمبر ۴۵ : واوٗ استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قَرَاْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل الْقُرْاٰنَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعولین مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَیْنَكَ مرکب اضافی معطوف، واوٗ عاطفہ بَیْنَ مضاف الَّذِیْنَ اسم موصول لَا یُؤْمِنُوْنَ فعل واوٗ ضمیر فاعل بِالْاٰخِرَةِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مضاف، پھر مضاف بامضاف الیہ معطوف ہے، معطوف علیہ بامعطوف كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم حِجَابًا مَّسْتُوْرًا مرکب توصیفی مفعول بہ اوّل، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واوٗ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلٰی حرف جار قُلُوْبِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو جَعَلْنَا کے متعلق ہوئے اَكِنَّةً مفعول بہ اَنْ حرف مصدری ونصب یَفْقَهُوْا فعل واوٗ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر بتاویل مصدر بواسطہ مضاف محذوف كَرَاهَةً کے مفعول لہ ہے جَعَلْنَا کا، فعل بافاعل ومتعلق ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء ہے، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

واوٗ عاطفہ فِیْ حرف جار اٰذَانِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور عطف کے واسطہ سے جَعَلْنَا کے متعلق ہے وَقْرًا اَكِنَّةً پر عطف کے واسطہ سے جَعَلْنَا کا مفعول بہ ہے الخ۔ واوٗ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم ذَكَرْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل رَبَّكَ مرکب اضافی ذوالحال وَحْدَهٗ مرکب اضافی مُنْفَرِدًا کے معنی میں ہو کر حال ہے، ذوالحال باحال ذَكَرْتَ کا مفعول بہ ہے فِی الْقُرْاٰنِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل فاعل ومتعلق ومفعولین سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط ہے وَلَّوْا فعل واوٗ ضمیر ذوالحال عَلٰی حرف جار اَدْبَارِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال وَلَّوْا کا فاعل ہے، نُفُوْرًا "وَلَّوْا کے فاعل کا حال ثانیہ ہے، یا وَلَّوْا کا مفعول مطلق مِنْ غَیْرِ لَفْظِہٖ ہے، فعل بافاعل جزاء ہے، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا یَسْتَمِعُوْنَ بِهٖۤ اِذْ یَسْتَمِعُوْنَ اِلَیْكَ وَ اِذْ هُمْ نَجْوٰۤى اِذْ یَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ﴿۴۷﴾

آیت نمبر ۴۷ : نَحْنُ ضمیر مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل بَاء حرف جار مَا اسم موصول یَسْتَمِعُوْنَ فعل واوٗ ضمیر فاعل بِهٖ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف لغو اَعْلَمُ کے متعلق ہوئے اِذْ ظرف زمان مضاف یَسْتَمِعُوْنَ فعل واوٗ ضمیر فاعل اِلَیْكَ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی معطوف علیہ ہے، واوٗ عاطفہ اِذْ ظرف زمان مضاف هُمْ ضمیر مبتدا، نَجْوٰى خبر (یہ اس وقت ہے کہ جب یہ نَجِیٌّ کی جمع ہو اور اگر یہ مصدر ہو تو پھر یہاں مضاف محذوف ہو گا اصل میں ذَوُوْا نَجْوٰى ہو گا) مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اِذْ کا مضاف الیہ ہے پھر مرکب اضافی مبدل منہ ہے، اِذْ ظرف زمان مضاف یَقُوْلُ فعل الظّٰلِمُوْنَ فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، اِنْ نافیہ تَتَّبِعُوْنَ فعل واوٗ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء رَجُلًا موصوف مَسْحُوْرًا اسم مفعول هُوَ ضمیر مستتر نائب فاعل سے مل کر صفت، پھر مرکب توصیفی مستثنٰی مفرغ ہو کر تَتَّبِعُوْنَ کا مفعول بہ ہے، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ اِذْ کا مضاف الیہ پھر مرکب

اضافی اِذْ هُمْ سے بدل ہے، مبدل منہ بابدل معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف اَعْلَمُ کا مفعول فیہ ہے، اسم تفضیل اپنے فاعل و متعلق و مفعول فیہ سے مل کر خبر ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۸: اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل كَيْفَ ظرف زمان مكانیین کا مفعول فیہ ہو کر ضَرَبُوْا کی ضمیر فاعل سے حال مقدم ہے ضَرَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَكَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَلْاَمْثَالَ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل و متعلق و مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ معطوف علیہ فاء عاطفہ ضَلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف محلاً منصوب اُنْظُرْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فاء عاطفہ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سَبِيْلًا مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ضَلُّوْا پر معطوف ہے۔

وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹: واؤ استینافیہ قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول ہمزہ حرف استفہام اِذَا ظرف زمان مضاف كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم عِظَامًا وَّرُفَاتًا معطوف علیہ با معطوف خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول فیہ ہے فعل محذوف نُبْعَثُ کا، نُبْعَثُ فعل مجہول نَحْنُ مستتر نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ استفہامیہ مؤکد ہمزہ حرف استفہام اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ مَبْعُوْثُوْنَ اسم مفعول نَحْنُ مستتر نائب فاعل خَلْقًا جَدِيْدًا موصوف با صفت مفعول مطلق مِنْ غَيْرِ لَفْظِهٖ، اسم مفعول با نائب فاعل و مفعول مطلق شبہ جملہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر تاکید، مؤکد با تاکید مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا ﴿۵۰﴾ اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا ۭ قُلِ الَّذِيْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ ۭ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ﴿۵۱﴾

آیت نمبر ۵۰، ۵۱: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، كُوْنُوْا فعل امر ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم حِجَارَةً معطوف علیہ اَوْ عاطفہ حَدِيْدًا معطوف اول، اَوْ عاطفہ خَلْقًا موصوف مِنْ حرف جار مَا موصول يَكْبُرُ فعل هُوَ مستتر فاعل فِيْ حرف جار صُدُوْرِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خَلْقًا کی صفت، موصوف با صفت معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین كُوْنُوْا کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے یہاں قُلْتَ اِنَّ الرُّوْحَ سَتَعُوْدُ اِلَيْكُمْ بَعْدَ الْمَوْتِ (محمود صافی) سین علامت فعل يَقُوْلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول مَنْ اسم استفہام مبتدا يُعِيْدُ فعل هُوَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر،

مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء ہے، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہو کر قول، اَلَّذِیْ اسم موصول فَطَرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَوَّلَ مَرَّۃٍ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا اور خبر محذوف ہے یُعِیْدُکُمْ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

فَاء جزائیہ اور شرط محذوف ہے اِنْ قُلْتَ لَھُمْ ذٰلِکَ، سِین علامت فعل یُنْغِضُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل رُءُوْسَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اِلَیْکَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَتٰی ظرف زمان کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم ھُوَ ضمیر منفصل مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط محذوف کی جزاء ہے، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، عَسٰی فعل تام اَنْ مصدریہ یَکُوْنَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم قَرِیْبًا خبر، فعل ناقص بااسم و خبر بتاویل مصدر عَسٰی کا فاعل، فعل بافاعل مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

یَوْمَ یَدْعُوْکُمْ فَتَسْتَجِیْبُوْنَ بِحَمْدِہٖ وَتَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۵۲﴾

آیت نمبر ۵۲: یَوْمَ مضاف یَدْعُوْ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ تَسْتَجِیْبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جار حَمْدِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور مُتَلَبِّسِیْنَ کے متعلق ہو کر تَسْتَجِیْبُوْنَ کے فاعل کا حال ہے کیونکہ تَسْتَجِیْبُوْنَ "تُسَبِّحُوْنَ کے معنی کو متضمن ہے، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ تَظُنُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِنْ نافیہ لَبِثْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء قَلِیْلًا بواسطہ موصوف محذوف زَمَانًا کے مستثنٰی مفرغ ہو کر مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ تَظُنُّوْنَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین یَوْمَ کا مضاف الیہ پھر مرکب اضافی مفعول بہ ہے فعل محذوف اُذْکُرْ کا، اُذْکُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۶ ﴾

وَقُلْ لِّعِبَادِیْ یَقُوْلُوا الَّتِیْ ھِیَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ الشَّیْطٰنَ یَنْزَغُ بَیْنَھُمْ ؕ اِنَّ الشَّیْطٰنَ کَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِیْنًا ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۳: واؤ استینافیہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَام حرف جار عِبَادِیْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قول، یَقُوْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلَّتِیْ اسم موصول ھِیَ ضمیر مبتدا اَحْسَنُ اسم تفضیل ھِیَ ضمیر فاعل، اسم تفضیل بافاعل شبہ جملہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ یَقُوْلُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق اَلشَّیْطٰنَ اس کا اسم یَنْزَغُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل بَیْنَھُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَلشَّیْطٰنَ اس کا اسم کَانَ فعل ناقص لَام حرف

جار الْاِنْسَانِ مجرور، جار با مجرور عَدُوًّا کے متعلق مقدم، عَدُوًّا اپنے متعلق سے مل کر موصوف مُبِيْنًا صفت، موصوف باصفت خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِكُمْ ؕ اِنْ يَّشَاْ يَرْحَمْكُمْ اَوْ اِنْ يَّشَاْ يُعَذِّبْكُمْ ؕ وَ مَاۤ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿۵۴﴾

آیت نمبر ۵۴: رَبُّكُمْ مرکب اضافی مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، بِكُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط يَشَاْ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، يَرْحَمْ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اِنْ حرف شرط يَشَاْ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، يُعَذِّبْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ مَا نافیہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كَاف ضمیر مفعول بہ عَلَيْهِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے وَكِيْلًا "اَرْسَلْنَا" کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

وَ رَبُّكَ اَعْلَمُ بِمَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَ لَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰى بَعْضٍ وَّاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵: واؤ عاطفہ رَبُّكَ مرکب اضافی مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ ضمیر مستتر فاعل بِ باء حرف جر مَنْ اسم موصول فِيْ حرف جار السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ پہلے رَبُّكُمْ اَعْلَمُ پہ معطوف ہے۔ واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل فَضَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَعْضَ النَّبِيّٖنَ مرکب اضافی مفعول بہ، عَلٰى بَعْضٍ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل دَاوٗدَ مفعول بہ اول زَبُوْرًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف قسم محذوف کا جواب ہے، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَ لَا تَحْوِيْلًا ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اُدْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول زَعَمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اور اس فعل کے دونوں مفعول محذوف ہیں اصل میں زَعَمْتُمُوْهُمْ اٰلِهَةً ہے، فعل با فاعل و مفعولین صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مِنْ حرف جار دُوْنِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال اُدْعُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فاء جزائیہ اور شرط محذوف ہے اِنْ دَعَوْتُمُوْهُمْ، لَا يَمْلِكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل

کَشْفَ مصدر مضاف الضُّرَّ مضاف الیہ عَنْكُمْ جار با مجرور ظرف لغو مصدر کے متعلق ہوئے، مصدر مضاف با مضاف الیہ و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ تَحْوِيْلًا معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ هُمْ مبتدا محذوف کی خبر ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء ہے، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

أُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَيَخَافُوْنَ عَذَابَهٗ ؕ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ۝۵۷

آیت نمبر ۵۷ : أُولٰٓئِكَ اسم اشارہ موصوف الَّذِيْنَ اسم موصول يَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف با صفت مبتدا، يَبْتَغُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰى حرف جار رَبِّهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے الْوَسِيْلَةَ مفعول بہ اَيُّهُمْ اسم موصول اَقْرَبُ خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا با خبر صلہ، موصول با صلہ يَبْتَغُوْنَ کی ضمیر فاعل سے بدل ہے، يَبْتَغُوْنَ فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَرْجُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل رَحْمَتَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ يَخَافُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَذَابَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق عَذَابَ رَبِّكَ مرکب اضافی اس کا اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر مستتر اسم مَحْذُوْرًا اسم مفعول هُوَ ضمیر مستتر نائب فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَاِنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوْهَا قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَوْ مُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِى الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝۵۸

آیت نمبر ۵۸ : واؤ استینافیہ اِنْ نافیہ مِنْ جارہ زائدہ قَرْيَةٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبتدا اِلَّا حرف استثناء نَحْنُ ضمیر مبتدا مُهْلِكُوْا اسم فاعل مضاف هَا ضمیر مضاف الیہ معنیً مفعول بہ قَبْلَ مضاف يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مرکب اضافی مضاف الیہ پھر مرکب اضافی مُهْلِكُوْا کا مفعول فیہ ہے، اسم فاعل مضاف اپنے مضاف الیہ و مفعول فیہ سے مل کر معطوف علیہ اَوْ عاطفہ مُعَذِّبُوْا اسم فاعل مضاف هَا ضمیر مضاف الیہ معنیً مفعول بہ عَذَابًا شَدِيْدًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، اسم فاعل اپنے مضاف الیہ و مفعول مطلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف نَحْنُ کی خبر ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ قَرْيَةٍ کی خبر ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ كَانَ فعل ناقص ذٰلِكَ اسم اشارہ اس کا اسم فِى الْكِتٰبِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم مَسْطُوْرًا اسم مفعول هُوَ مستتر نائب فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَمَا مَنَعَنَآ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ اِلَّآ اَنْ كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ ؕ وَاٰتَيْنَا ثَمُوْدَ النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوْا بِهَا ؕ وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا ۝۵۹

آیت نمبر ۵۹ : واؤ عاطفہ مَا نافیہ مَنَعَ فعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ اَنْ حرف مصدری و نصب نُرْسِلَ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر

فاعل بِالْاٰیٰتِ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال ہے نَبِیًّا مقدر سے، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور ہے، حرف جر مقدر ہے کیونکہ یہ اصل میں بِاَنْ ہے، جار با مجرور مَنَعَ کے متعلق ہوئے اِلَّا حرف استثناء اَنْ حرف مصدر، کَذَّبَ فعل بِھَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے الْاَوَّلُوْنَ فاعل، فعل بافاعل و متعلق بتاویل مصدر محلاً مرفوع مَنَعَ کا فاعل ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ اِنْ مِّنْ قَرْیَۃٍ پر معطوف ہے۔ واؤ اعتراضیہ یا حالیہ اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ثَمُوْدَ مفعول بہ اوّل، النَّاقَۃَ ذوالحال مُبْصِرَۃً اسم فاعل ھِیَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر حال ہے، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی ہے، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مَنَعَنَا پر معطوف ہے یا نُرْسِلَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ فاء عاطفہ ظَلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِھَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہو۔ تینوں مل کر اٰتَیْنَا پر معطوف ہے واؤ عاطفہ مَا نافیہ نُرْسِلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بِالْاٰیٰتِ جار با مجرور ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر نَبِیًّا مقدر کا حال ہے، ذوالحال باحال مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء تَخْوِیْفًا مستثنیٰ مفرغ مفعول لہٗ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مَنَعَنَا پر معطوف ہے

وَاِذْ قُلْنَا لَكَ اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ؕ وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِي الْقُرْاٰنِ ؕ وَنُخَوِّفُهُمْ ۙ فَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا ﴿٦٠﴾

آیت نمبر ۶۰ : واؤ استینافیہ اِذْ ظرف زمان مضاف قُلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَكَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّ حرف مشبہ بالفعل رَبَّكَ مرکب اضافی اس کا اسم اَحَاطَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِالنَّاسِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول فیہ ہے فعل محذوف اُذْكُرْ کا، اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

واؤ استینافیہ مَا نافیہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل الرُّءْيَا موصوف الَّتِيْ اسم موصول اَرَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ الرُّءْيَا کی صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الشَّجَرَةَ موصوف الْمَلْعُوْنَةَ اسم مفعول ھِيَ مستتر نائب فاعل فِي الْقُرْاٰنِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم مفعول نائب فاعل و متعلق سے مل کر الشَّجَرَةَ کی صفت ہے، موصوف باصفت الرُّءْيَا پر معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف جَعَلْنَا کا مفعول بہ اوّل ہے، اِلَّا حرف استثناء فِتْنَةً موصوف لِلنَّاسِ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت جَعَلْنَا کا مفعول بہ ثانی ہے، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ نُخَوِّفُ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ مَا نافیہ يَزِيْدُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء طُغْيَانًا كَبِيْرًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، دونوں مل کر جملہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۷ ❁

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِيْنًا ﴿٦١﴾

آیت نمبر ۶۱: واؤ استینا فیہ اِذْ ظرف زمان مضاف قُلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لِلْمَلٰٓئِکَۃِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، اسْجُدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل لِاٰدَمَ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل امر اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ مضاف الیہ پھر مرکب اضافی فعل محذوف اُذْکُرْ کا مفعول بہ ہے، فعل امر اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ فَاء عاطفہ سَجَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء اِبْلِیْسَ مستثنٰی منقطع ہے، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قُلْنَا پر معطوف ہے۔ قَالَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، ھَمزہ حرف استفہام اَسْجُدُ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل لَام حرف جر مَنْ اسم موصول خَلَقْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل طِیْنًا یہ منصوب بنزع الخافض ہے اصل میں مِنْ طِیْنٍ ہے، جار با مجرور خَلَقْتَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف لغو اَسْجُدُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ اَرَءَیْتَكَ هٰذَا الَّذِیْ كَرَّمْتَ عَلَیَّ ٘ لَىِٕنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى یَوْمِ الْقِیٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّیَّتَهٗۤ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۶۲﴾

آیت نمبر ۶۲: قَالَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول ہے ھَمزہ حرف استفہام رَءَیْتَكَ بمعنی اَخْبِرْنِیْ، اَخْبِرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نون برائے وقایہ یَاء ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، ھٰذَا اسم اشارہ موصوف الَّذِیْ اسم موصول کَرَّمْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل عَلَیَّ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اور کَرَّمْتَ کا مفعول ہٗ ضمیر محذوف ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ھٰذَا کی صفت، موصوف باصفت اَخْبِرْ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط اَخَّرْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل نون برائے وقایہ اور تخفیف کی وجہ سے یَاء محذوفہ ضمیر مفعول بہ، اِلٰی حرف جار یَوْمِ الْقِیٰمَةِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل اپنے فاعل و مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط لَام جوابیہ اَحْتَنِکَنَّ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل ذُرِّیَّتَهٗ مرکب اضافی مستثنٰی منہ اِلَّا حرف استثناء قَلِیْلًا مستثنٰی، مستثنٰی منہ با مستثنٰی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ قسم محذوف کا جواب ہے، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ ہوا۔ اور شرط کی جزاء محذوف ہے جس پر جواب قسم دال ہے۔

قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا ﴿۶۳﴾

آیت نمبر ۶۳: قَالَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِذْهَبْ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا، تَبِعَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ مِنْھُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر تَبِعَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، تَبِعَ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق جَھَنَّمَ اس کا اسم جَزَآءُ مصدر مضاف کُمْ ضمیر مضاف الیہ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا مرکب توصیفی یا تو جَزَآؤُکُمْ کی تمیز ہے یا اس کا مفعول مطلق ہے یا فعل محذوف تُجْزَوْنَ کا مفعول مطلق ہے جَزَآؤُکُمْ مرکب اضافی خبر، اِنَّ با اسم و خبر

جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنۡ کی خبر ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر قَالَ پر معطوف ہے، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَ اَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَ رَجِلِكَ وَ شَارِكْهُمْ فِي الْاَمْوَالِ وَ الْاَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ؕ وَ مَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۶۴﴾

آیت نمبر ۶۴: واؤ عاطفہ یا استینافیہ اسْتَفْزِزْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل مَنۡ اسم موصول اسْتَطَعْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مقدر ہے مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر اسی ضمیر مفعول بہ سے حال ہے، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اسْتَفْزِزْ کا مفعول بہ ہے، بَاء حرف جار صَوْتِكَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور اسْتَفْزِزْ کے متعلق ہوئے، فعل امر اپنے فاعل ومفعول بہ ومتعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَجْلِبْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل عَلَيْهِمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، بَاء حرف جار خَيْلِكَ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَجِلِكَ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر اَجْلِبْ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل امر اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ شَارِكْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، فِي حرف جر الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور ہے، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل فاعل ومفعول بہ ومتعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف ثانی ہے، واؤ عاطفہ عِدْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب ذوالحال، واؤ حالیہ مَا نافیہ يَعِدُ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ الشَّيْطٰنُ فاعل اِلَّا حرف استثناء غُرُوْرًا بواسطہ موصوف محذوف وَعْدًا کے مفعول مطلق ہے، فعل بافاعل ومفعول مطلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے، ذوالحال باحال عِدْ فعل امر کا مفعول بہ ہے، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف ثالث ہے، اسْتَفْزِزْ معطوف علیہ اپنے معطوفات ثلاثہ سے مل کر جملہ مستانفہ ہے یا اِذْهَبْ فعل پر معطوف ہے۔

اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيْلًا ﴿۶۵﴾

آیت نمبر ۶۵: اِنَّ حرف تحقیق عِبَادِيْ مرکب اضافی اس کا اسم لَيْسَ فعل ناقص لَكَ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہوا، کَائِنًا اسم فاعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل عَلَيْهِمْ جار بامجرور ظرف لغو کَائِنًا کے متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلقین شبہ جملہ خبر مقدم سُلْطٰنٌ اسم موخر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کَفٰى فعل بَاء حرف جر زائد، رَبِّكَ مرکب اضافی لفظاً مجرور ومحلاً مرفوع فاعل ہے وَكِيْلًا یا تو فاعل سے حال ہے، یا کَفٰى کی نسبت سے تمیز ہے، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

رَبُّكُمُ الَّذِيْ يُزْجِيْ لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿۶۶﴾

آیت نمبر ۶۶: رَبُّكُمْ مرکب اضافی مبتدا، الَّذِيْ اسم موصول يُزْجِيْ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل لَكُمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے الْفُلْكَ مفعول بہ فِي الْبَحْرِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، لَام حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَبْتَغُوْا

فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جار فَضْلِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور یُزْجِیْ کے متعلق ثالث ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقات ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ رَبُّکُمْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم کَانَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم بِکُمْ جار با مجرور متعلق مقدم رَحِیْمًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّاۤ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمْ اِلَى الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ ؕ وَ كَانَ الْاِنْسَانُ كَفُوْرًا ۞

آیت نمبر ۶۷: واؤ استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم مَسَّ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ مقدم الضُّرُّ فاعل فِی الْبَحْرِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر فاعل سے حال ہے، یا کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر ضمیر مفعول بہ سے حال ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط ہے ضَلَّ فعل مَنْ اسم موصول تَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء اِیَّاہُ مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ ضَلَّ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم، نَجّٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اِلَی الْبَرِّ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق شرط، اَعْرَضْتُمْ فعل با فاعل جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ کَانَ فعل ناقص الْاِنْسَانُ اس کا اسم کَفُوْرًا خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَفَاَمِنْتُمْ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ اَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ وَكِيْلًا ۞ ...

آیت نمبر ۶۸: ھمزہ حرف استفہام فاء استینافیہ اور عند البعض فاء عاطفہ ہے اور معطوف علیہ محذوف ہے تقدیر عبارت ہے نَجَوْتُمْ مِنَ الْغَرَقِ، فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَمِنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب یَخْسِفَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِکُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے جَانِبَ الْبَرِّ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ یُرْسِلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَیْکُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے حَاصِبًا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، ثُمَّ حرف عطف لَا تَجِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَکُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم وَکِیْلًا مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین بتاویل مصدر اَمِنْتُمْ کا مفعول بہ ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ یا مستانفہ ہوا۔

اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ فِيْهِ تَارَةً اُخْرٰى فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا كَفَرْتُمْ ۙ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ۞

آیت نمبر ۶۹: اَمْ منقطعہ بمعنی بَلْ ہے اَمِنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و ناصب یُّعِیْدَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ فِیْهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے تَارَۃً اُخْرٰی مرکب توصیفی مفعول فیہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعولین مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَ عاطفہ یُرْسِلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَیْکُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے قَاصِفًا موصوف مِّنَ الرِّیْحِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول فَ عاطفہ یُغْرِقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ بِ جارہ حرف جار مَا مصدریہ کَفَرْتُمْ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی ثُمَّ عاطفہ لَا تَجِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَکُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق اول ہوئے عَلَیْنَا جار با مجرور تَبِیْعًا کے متعلق مقدم ہوئے تَبِیْعًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر مفعول بہ بِهٖ جار با مجرور ظرف لغو لَا تَجِدُوْا کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، یُّعِیْدَ معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ بتاویل مصدر اَمِنْتُمْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا اور اگر حرف اَمْ متصلہ ہو تو یہ اَمِنْتُمْ پر معطوف ہوگا۔

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ۝

آیت نمبر ۷۰: واؤ استینافیہ لَامْ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل کَرَّمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَنِیْٓ اٰدَمَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ حَمَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر ذوالحال فِیْ حرف جار الْبَرِّ وَالْبَحْرِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ رَزَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر ذوالحال مِنْ حرف جار الطَّیِّبٰتِ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر آکِلِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی ہوا واؤ عاطفہ فَضَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ عَلٰی حرف جار کَثِیْرٍ موصوف مِنْ حرف جار مَنْ اسم موصول خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر کَثِیْرٍ کی صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تَفْضِیْلًا مفعول مطلق ہے فَضَّلْنَا کا، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۸ ❁

يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۢ بِاِمَامِهِمْ ۚ فَمَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَاُولٰٓئِكَ يَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۝ وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا ۝

آیت نمبر ۷۱، ۷۲: یَوْمَ مضاف نَدْعُوْا فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل کُلَّ اُنَاسٍ مرکب اضافی مفعول بہ، بَاء حرف جار اِمَامِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو نَدْعُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْكُرْ کا، اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل، فعل امر با فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فَاء تفصیلیہ یا عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا اُوْتِیَ فعل مجہول هُوَ ضمیر مستتر نائب فاعل كِتٰبَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، بَاء حرف جار يَمِيْنِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو اُوْتِیَ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، يَقْرَءُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل كِتٰبَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يُظْلَمُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فَتِيْلًا بواسطہ موصوف محذوف ظُلْمًا کے مفعول مطلق، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف اُولٰٓئِكَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم فِیْ هٰذِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم اَعْمٰى اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ هُوَ ضمیر مبتدا، فِی الْاٰخِرَةِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے اَعْمٰى اسم تفضیل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَضَلُّ اسم تفضیل هُوَ ضمیر مستتر فاعل سَبِيْلًا تمیز، اسم تفضیل با فاعل و تمیز شبہ جملہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف هُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اور اگر فَمَنْ میں فَاء عاطفہ ہو تو پھر یہ نَدْعُوْا پر معطوف ہو گا۔۔۔۔۔۔ الخ

وَ اِنْ كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ عَنِ الَّذِیْۤ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْكَ لِتَفْتَرِیَ عَلَيْنَا غَيْرَهٗ ۖۗ وَ اِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ خَلِيْلًا ﴿۷۳﴾

آیت نمبر ۷۳: واؤ استینافیہ اِنْ مخففہ من الثقلہ هُمْ ضمیر شان مقدر اس کا اسم كَادُوْا فعل مقارب واؤ ضمیر اس کا اسم، لَام مفارقہ يَفْتِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ، عَنْ حرف جار الَّذِیْ اسم موصول اَوْحَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَيْكَ جار با مجرور ظرف لغو اَوْحَيْنَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف لغو يَفْتِنُوْنَ کے متعلق اوّل ہوئے، لَام حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَفْتَرِیَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل عَلَيْنَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے غَيْرَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو يَفْتِنُوْنَ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل مقارب با اسم و خبر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر اِنْ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِذًا حرف جواب و جزاء مہملہ، لَام جوابیہ اور شرط مقدر ہے لَوْ فَعَلْتَ ذٰلِكَ، اتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل، خَلِيْلًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر اِنْ كَادُوْا پر معطوف ہے۔

وَ لَوْ لَاۤ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ شَيْئًا قَلِيْلًا ۗۙ ﴿۷۴﴾

آیت نمبر ۷۴: واؤ عاطفہ لَوْ لَا امتناعیہ حرف شرط، اَنْ مصدریہ ثَبَّتْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر بتاویل

مصدر ہو کر مبتدا، اور خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر شرط، لَام جوابیہ قَدْ علامت فعل کِدْتَّ فعل مقارب تَاء مفتوحہ اس کا اسم تَرْکَنُ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل اِلَیْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، شَیْئًا قَلِیْلًا مرکب توصیفی بواسطہ موصوف محذوف رُکُوْنًا کے تَرْکَنُ کا مفعول مطلق، فعل با فاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل مقارب با اسم و خبر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر کَادُوْا پر معطوف ہے۔

اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَ ضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيْرًا ﴿۷۵﴾

آیت نمبر ۷۵: اِذًا حرف جواب و جزاء مہملہ، لَام جوابیہ اور اس کی شرط محذوف ہے لَوْ رَکَنْتَ، اَذَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل ضِعْفَ الْحَيٰوةِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ضِعْفَ الْمَمَاتِ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ ثُمَّ حرف عطف لَا تَجِدُ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل لَكَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم عَلَيْنَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم نَصِیْرًا کے نَصِیْرًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ اَذَقْنَا پر معطوف ہے۔

وَاِنْ كَادُوْا لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْاَرْضِ لِيُخْرِجُوْكَ مِنْهَا وَ اِذًا لَّا يَلْبَثُوْنَ خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۷۶﴾

آیت نمبر ۷۶: واؤ عاطفہ اِنْ مخففہ من المثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم کَادُوْا فعل مقارب واؤ ضمیر اس کا اسم، لَام فارقہ یَسْتَفِزُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ مِنَ الْاَرْضِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے لَام حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، یُخْرِجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ مِنْهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین خبر، فعل مقارب با اسم و خبر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ پہلے اِنْ کَادُوْا پر معطوف ہے۔ واؤ عاطفہ اِذًا حرف جواب و جزاء مہملہ لَام جوابیہ اور اس کی شرط محذوف ہے لَوْ اَخْرَجُوْكَ، لَا یَلْبَثُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل خِلٰفَكَ مرکب اضافی مفعول فیہ، اِلَّا حرف استثناء قَلِیْلًا بواسطہ موصوف محذوف زَمَانًا کے مفعول فیہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر اِنْ کَادُوْا پر معطوف ہے۔

سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا وَ لَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيْلًا ﴿۷۷﴾

آیت نمبر ۷۷: سُنَّةَ مضاف مَنْ اسم موصول قَدْ علامت فعل اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل قَبْلَكَ مرکب اضافی مفعول فیہ، مِنْ حرف جار رُسُلِنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر اَرْسَلْنَا کے مفعول محذوف ہٗ ضمیر سے حال ہے، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مضاف الیہ پھر مرکب اضافی مفعول مطلق ہے فعل محذوف سَنَنَّا کا، فعل با فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَجِدُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل لَام حرف جار سُنَّتِنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم تَحْوِیْلًا مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف

جملہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۹ ❁

أَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ إِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ وَ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ ؕ إِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ۝

آیت نمبر ۷۸: أَقِمْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل الصَّلٰوةَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ مرکب اضافی معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، لام حرف جار دُلُوْكِ الشَّمْسِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے اِلٰی حرف جار غَسَقِ الَّيْلِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، فعل امر اپنے فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق قُرْاٰنَ الْفَجْرِ مرکب اضافی اس کا اسم کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم مَشْهُوْدًا اسم مفعول ھُوَ ضمیر مستتر نائب فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ مِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰٓى أَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ۝

آیت نمبر ۷۹: واؤ عاطفہ مِنَ الَّيْلِ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اِسْهَرْ یا فعل محذوف قُمْ کے، قُمْ فعل امر اپنے فاعل و متعلق سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ تَهَجَّدْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَقِمْ پر معطوف ہے، نَافِلَةً مصدر لَّكَ جار با مجرور اس کے متعلق ہوئے، مصدر با متعلق مفعول مطلق ہے فعل محذوف تَنَفَّلْ کا، عَسٰٓى فعل تام اَنْ حرف مصدری و نصب يَّبْعَثَ فعل كَ ضمیر منصوب مفعول بہ رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل مَقَامًا مَّحْمُوْدًا مرکب توصیفی مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر عَسٰى کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ معلّلہ ہوا۔

وَ قُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّ اجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ۝

آیت نمبر ۸۰: واؤ عاطفہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، رَبِّ یہ اصل میں يَارَبِّيْ ہے، يَا حرف ندا اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر فاعل، رَبِّيْ مرکب اضافی، مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء، اَدْخِلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ مُدْخَلَ صِدْقٍ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَخْرِجْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ مُخْرَجَ صِدْقٍ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اجْعَلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لِيْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق اوّل ہوئے، مِنْ حرف جار لَّدُنْكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور پہلے والے كَائِنًا کے متعلق ثانی ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا مرکب توصیفی مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہو کر جواب نداء، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر اَقِمْ پر معطوف ہے۔

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۭ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾

آیت نمبر ۸۱: واؤ عاطفہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول جَآءَ الْحَقُّ فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ زَهَقَ الْبَاطِلُ فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَلْبَاطِلَ اس کا اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر اس کا اسم زَهُوْقًا خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾

آیت نمبر ۸۲: واؤ استینافیہ نُنَزِّلُ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل مِنَ الْقُرْاٰنِ جار بامجرور متعلق ہوئے مَا موصولہ هُوَ ضمیر مبتدا، شِفَآءٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَحْمَةٌ موصوف لام حرف جار اَلْمُؤْمِنِيْنَ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يَزِيْدُ فعل هُوَ ضمیر فاعل اَلظّٰلِمِيْنَ مفعول بہ اول اِلَّا حرف استثناء خَسَارًا مستثنیٰ مفرغ ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَـُٔوْسًا ﴿۸۳﴾

آیت نمبر ۸۳: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَنْعَمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَى الْاِنْسَانِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اَعْرَضَ فعل هُوَ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَاٰ فعل هُوَ ضمیر فاعل بَاء حرف جار جَانِبِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم مَسَّ فعل هُ ضمیر مفعول بہ اَلشَّرُّ فاعل، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر اس کا اسم يَـُٔوْسًا خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف نُنَزِّلُ پر معطوف ہے۔

قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ۭ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ﴿۸۴﴾

آیت نمبر ۸۴: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہو کر قول، كُلٌّ مبتدا، يَعْمَلُ فعل هُوَ ضمیر فاعل عَلٰى حرف جار شَاكِلَتِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ رَبُّكُمْ مرکب اضافی مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ ضمیر فاعل، بَاء حرف جار مَنْ موصولہ هُوَ ضمیر مبتدا، اَهْدٰى اسم تفضیل هُوَ ضمیر فاعل سَبِيْلًا تمیز، اسم تفضیل بافاعل و تمیز شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اَعْلَمُ اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر رَبُّكُمْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ مستانفہ ہوا۔

26
26

❀ رکوع نمبر ۱۰ ❀

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ؕ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۸۵﴾

آیت نمبر ۸۵: واؤ استینا فیہ یَسْـَٔلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ عَنِ الرُّوْحِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول، الرُّوْحُ مبتدا، مِنْ حرف جار اَمْرِ مضاف رَبِّیْ مرکب اضافی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ یا عاطفہ مَا نا فیہ اُوْتِیْتُمْ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل مِنَ الْعِلْمِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اِلَّا حرف استثناء قَلِیْلًا مفعول بہ، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہے یا الرُّوْحُ پر معطوف ہے۔

وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيْلًا ﴿۸۶﴾

آیت نمبر ۸۶: واؤ استینا فیہ لَام موطۂ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط شِئْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لَام جوابیہ نَذْهَبَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بَاء حرف جار اَلَّذِیْ اسم موصول اَوْحَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَیْكَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور نَذْهَبَنَّ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب قسم، قسم با جواب جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ اور شرط کی جزاء محذوف ہے، جس پر جواب قسم دال ہے، ثُمَّ حرف عطف لَا تَجِدُ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل لَكَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہوئے بِہٖ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہوئے پھر وہ لَا تَجِدُ کا مفعول بہ ثانی مقدم ہے عَلَیْنَا جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم وَكِیْلًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ اول مؤخر، فعل بافاعل و مفعولین جملہ قسمیہ پر معطوف ہے

اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ﴿۸۷﴾

آیت نمبر ۸۷: اِلَّا حرف استثناء رَحْمَةً موصوف مِنْ حرف جار رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت وَكِیْلًا کا مستثنٰی منقطع ہے، اور عند البعض فعل محذوف رَحِمْنَا کا مفعول مطلق ہے، یا فعل محذوف حَفِظْنَا کا مفعول لہ ہے، اِنَّ حرف تحقیق فَضْلَهٗ مرکب اضافی اس کا اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر اس کا اسم عَلَیْكَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے كَبِیْرًا صیغہ صفت هُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ہے، پھر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ﴿۸۸﴾

آیت نمبر ۸۸: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول، لَام موطۂ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف

شرط اِجْتَمَعَتْ فعل اَلْاِنْسُ وَالْجِنُّ معطوف علیہ با معطوف فاعل عَلٰی حرف جار اَنْ حرف مصدری ونصب یَّاْتُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاء حرف جار مِثْلِ مضاف هٰذَا الْقُرْاٰنِ مرکب توصیفی مضاف الیہ پھر مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو یَّاْتُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق بتاویل مصدر عَلٰی کا مجرور، جار با مجرور ظرف لغو اِجْتَمَعَتْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لَا یَاْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاء حرف جار مِثْلِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم ہے، اور شرط کی جزاء محذوف ہے، جس پر جواب قسم دال ہے، پھر قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ حالیہ لَوْ حرف شرط کَانَ فعل ناقص بَعْضُهُمْ مرکب اضافی اس کا اسم لِبَعْضٍ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ظَهِیْرًا صیغہ صفت هُوَ ضمیر مستتر فاعل، صیغہ صفت بافاعل و متعلق مقدم شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے لَا یَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر لَا یَاْتُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۸۹﴾

آیت نمبر ۸۹: واؤ استینا فیہ لَامْ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل صَرَّفْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لِلنَّاسِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے فِیْ حرف جر هٰذَا الْقُرْاٰنِ مرکب توصیفی یا مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مَثَلًا موصوف محذوف کی صفت ہے، پھر مرکب توصیفی صَرَّفْنَا کا مفعول بہ ہے، فعل بافاعل و متعلقین و مفعول بہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَبٰی فعل اَكْثَرُ النَّاسِ مرکب اضافی فاعل اِلَّا حرف استثناء كُفُوْرًا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ﴿۹۰﴾

آیت نمبر ۹۰: واؤ استینا فیہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، لَنْ نُّؤْمِنَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل لَكَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے، حَتّٰی حرف غایت وجر اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَفْجُرَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل لَنَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے، مِنَ الْاَرْضِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے يَنْۢبُوْعًا مفعول بہ ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور نُّؤْمِنَ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَوْ تَكُوْنَ لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ﴿۹۱﴾

آیت نمبر ۹۱: اَوْ حرف عطف تَكُوْنَ فعل ناقص لَكَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر مقدم جَنَّةٌ موصوف مِنْ حرف جار نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ تُفَجِّرَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل الْاَنْهٰرَ مفعول بہ خِلٰلَهَا مرکب اضافی مفعول فیہ، تَفْجِيْرًا مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفاعیل ثلاثہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف تَفْجُرَ پر معطوف ہے۔

اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ وَ الْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا ﴿۹۲﴾

آیت نمبر ۹۲: اَوْ حرف عطف تُسْقِطَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل السَّمَآءَ مفعول بہ کاف حرف جار مَا مصدریہ زَعَمْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل، دونوں مل کر بتا ویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِسْقَاطًا کے مفعول مطلق ہے عَلَيْنَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے کِسَفًا یہ اصل میں ذَاتَ کِسَفٍ ہے، اور یہ السَّمَآءَ کا حال ہے، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ اَوْتَكُوْنَ لَكَ پر معطوف ہے۔ اَوْ حرف عطف تَاْتِيَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل بَاء حرف جار اللّٰهِ وَ الْمَلٰٓئِكَةِ معطوف علیہ با معطوف ذوالحال قَبِيْلًا حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور ظرف لغو تَاْتِيَ کے متعلق ہوئے، پھر فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر تُسْقِطَ پر معطوف ہے۔

اَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ ؕ وَ لَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ؕ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۳﴾

آیت نمبر ۹۳: اَوْ حرف عطف يَكُوْنَ فعل ناقص لَكَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم بَيْتٌ موصوف مِنْ زُخْرُفٍ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اسم موخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر تَاْتِيَ پر معطوف ہے۔ اَوْ حرف عطف تَرْقٰى فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل فِي السَّمَآءِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر يَكُوْنَ لَكَ پر معطوف ہے، واؤ حرف عطف لَنْ نُّؤْمِنَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل لَام حرف جار رُقِيِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے حَتّٰى حرف غایت وجر اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُنَزِّلَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل عَلَيْنَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے كِتٰبًا موصوف نَقْرَؤُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل اپنے فاعل و مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتا ویل مصدر مجرور، جار با مجرور نُؤْمِنَ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ تَرْقٰى پر معطوف ہے۔

قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول، سُبْحَانَ مضاف رَبِّيْ مرکب اضافی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول بہ ہے فعل محذوف اُسَبِّحُ کا، اُسَبِّحُ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ معترضہ دعائیہ ہوا۔ هَلْ حرف استفہام كُنْتُ فعل ناقص تاء مضمومہ ضمیر مرفوع اس کا اسم اِلَّا حرف استثناء بَشَرًا رَّسُوْلًا مرکب توصیفی مستثنیٰ مفرغ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۱ ❁

وَ مَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْۤا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰۤى اِلَّاۤ اَنْ قَالُوْۤا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۴﴾

آیت نمبر ۹۴: واؤ استینافیہ مَا نافیہ مَنَعَ فعل النَّاسَ مفعول بہ اوّل، اَنْ حرف مصدری و نصب يُّؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِذْ

ظرف زمان مضاف جَآءَ فعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ الْھُدٰی مرفوع تقدیراً فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی یُؤْمِنُوْا کا مفعول فیہ ہے، فعل بافاعل ومفعول فیہ بتاویل مصدر مَنَعَ کا مفعول بہ ثانی ہے اِلَّا حرف استثناء اَنْ حرف مصدر قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، ھمزہ حرف استفہام بَعَثَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل بَشَرًا حال مقدم رَسُوْلًا ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر مستثنٰی مفرغ ہو کر محلًا مرفوع مَنَعَ کا فاعل موخر ہے، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ لَّوْ کَانَ فِی الْاَرْضِ مَلٰٓئِکَۃٌ یَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّیْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَیْھِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَکًا رَّسُوْلًا ﴿۹۵﴾

آیت نمبر ۹۵: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ امریہ ہو کر قول، لَوْ حرف شرط کَانَ فعل ناقص فِی الْاَرْضِ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَلٰٓئِکَۃٌ موصوف یَمْشُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مُطْمَئِنِّیْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال یَمْشُوْنَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت، موصوف باصفت کَانَ کا اسم موخر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لام جوابیہ نَزَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَیْھِمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے، مِنَ السَّمَآءِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، مَلَکًا حال مقدم رَسُوْلًا ذوالحال موخر، ذوالحال باحال نَزَّلْنَا کا مفعول بہ، فعل اپنے فاعل ومتعلقین ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر قول کا مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

قُلْ کَفٰی بِاللّٰہِ شَھِیْدًا بَیْنِیْ وَبَیْنَکُمْ ؕ اِنَّہٗ کَانَ بِعِبَادِہٖ خَبِیْرًۢا بَصِیْرًا ﴿۹۶﴾

آیت نمبر ۹۶: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول، کَفٰی فعل بَاء حرف جار زائد اَللّٰہِ اسم الجلالہ لفظًا مجرور محلًا مرفوع ذوالحال شَھِیْدًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بَیْنِیْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَیْنَکُمْ مرکب اضافی معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف مفعول فیہ، صیغہ صفت بافاعل ومفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال کَفٰی کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم بَاء حرف جر عِبَادِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو خَبِیْرًا کے متعلق مقدم ہوئے خَبِیْرًا صیغہ صفت ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر خبر اوّل، بَصِیْرًا خبر ثانی، فعل ناقص بااسم وخبرین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَمَنْ یَّھْدِ اللّٰہُ فَھُوَ الْمُھْتَدِ ۚ وَمَنْ یُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَھُمْ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِہٖ ؕ وَنَحْشُرُھُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ عَلٰی وُجُوْھِھِمْ عُمْیًا وَّبُکْمًا وَّصُمًّا ؕ مَاْوٰھُمْ جَھَنَّمُ ؕ کُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰھُمْ سَعِیْرًا ﴿۹۷﴾

آیت نمبر ۹۷: واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مفعول بہ مقدم یَھْدِیْ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، اَلْمُھْتَدِ یہ اصل میں اَلْمُھْتَدِیْ ہے تخفیف کیلئے کتابت سے یَاء حذف کی گئی ہے، اور یہ اسم فاعل

ہے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مفعول بہ مقدم یُضْلِلْ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ لَنْ تَجِدَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل لَھُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم اَوْلِیَآءَ موصوف مِنْ حرف جار دُوْنِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل اپنے فاعل و مفعولین سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ نَحْشُرُ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب ذوالحال عَلٰی حرف جار وُجُوْھِھِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر مَاشِیْنَ کے متعلق ہو کر حال اولی، عُمْیًا وَّ بُکْمًا وَّ صُمًّا معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں سے مل کر حال ثانیہ ہے، ذوالحال باحالین نَحْشُرُ کا مفعول بہ ہے، یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ مرکب اضافی مفعول فیہ ہے، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ مَاْوٰھُمْ مرکب اضافی مبتدا، جَھَنَّمُ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہے یا نَحْشُرُھُمْ کی ضمیر مفعول سے حال ثالثہ ہے۔ کُلَّمَا ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم خَبَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، زِدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، سَعِیْرًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر جَھَنَّمُ کا حال ہے۔

ذٰلِكَ جَزَآؤُھُمْ بِاَنَّھُمْ كَفَرُوْا بِاٰیٰتِنَا وَ قَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّ رُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِیْدًا ﴿۹۸﴾

آیت نمبر ۹۸ : ذٰلِكَ اسم اشارہ مبدل منہ جَزَآؤُھُمْ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ با بدل مبتدا، بَاء حرف جار اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، بَاء حرف جار اٰیٰتِنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، ھَمزہ حرف استفہام اِذَا ظرف زمان مضاف كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم عِظَامًا وَّ رُفَاتًا معطوف علیہ با معطوف خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ پھر مرکب اضافی مفعول فیہ ہے فعل محذوف نُبْعَثُ کا، نُبْعَثُ فعل مجہول نَحْنُ ضمیر مستتر نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ ہو کر مُفَسَّر، ھَمزہ حرف استفہام اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ مَبْعُوْثُوْنَ اسم مفعول نَحْنُ مستتر نائب فاعل خَلْقًا جَدِیْدًا مرکب توصیفی مفعول مطلق مِنْ غَیْرِ لَفْظِہٖ، اسم مفعول با نائب فاعل و مفعول مطلق شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مُفَسِّر، مُفَسَّر با مُفَسِّر مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِكَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَوَ لَمْ یَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓی اَنْ یَّخْلُقَ مِثْلَھُمْ وَ جَعَلَ لَھُمْ اَجَلًا لَّا رَیْبَ فِیْهِ ؕ فَاَبَی الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۹۹﴾

آیت نمبر ۹۹ : ھَمزہ حرف استفہام واؤ استینافیہ اور اگر واؤ عاطفہ ہو پھر معطوف علیہ محذوف ہو گا لَمْ یَتَفَكَّرُوْا، لَمْ یَرَوْا فعل

واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول خَلَقَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اَللّٰہَ کی صفت، موصوف باصفت اَنَّ کا اسم قَادِرٌ اسم فاعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل عَلٰی حرف جار اَنْ حرف مصدری ونصب یَخْلُقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِثْلَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ظرف لغو قَادِرٌ کے متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر اَنَّ کی خبر، اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر بتاویل مفرد لَمْ یَرَوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ مستانفہ ہے، یا معطوف علیہ محذوف پر معطوف ہے۔

واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل لَھُمْ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم اَجَلًا موصوف لَا نفی جنس رَیْبَ اس کا اسم فِیْہِ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا نفی جنس بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اَجَلًا کی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ اول مؤخر، جَعَلَ فعل اپنے فاعل ومفعولین سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَبٰی فعل الظّٰلِمُوْنَ فاعل اِلَّا حرف استثناء کُفُوْرًا مستثنٰی مفرغ ہو کر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف خَلَقَ پر معطوف ہے۔

قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِکُوْنَ خَزَآئِنَ رَحْمَۃِ رَبِّیْٓ اِذًا لَّاَمْسَکْتُمْ خَشْیَۃَ الْاِنْفَاقِ ط وَکَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ﴿۱۰۰﴾

آیت نمبر ۱۰۰: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول، لَوْ حرف شرط اَنْتُمْ اسم ہے فعل محذوف کَانَ کا، تَمْلِکُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل خَزَآئِنَ مضاف رَحْمَۃِ پھر مضاف رَبِّیْ مرکب اضافی رَحْمَۃِ کا مضاف الیہ پھر مرکب اضافی خَزَآئِنَ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی تَمْلِکُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر کَانَ محذوف کی خبر ہے، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اِذًا حرف جواب وجزاء مہملہ، لَام جوابیہ اَمْسَکْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل خَشْیَۃَ الْاِنْفَاقِ مرکب اضافی مفعول لہ، فعل بافاعل ومفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء ہے، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ استیئنافیہ کَانَ فعل ناقص الْاِنْسَانُ اس کا اسم قَتُوْرًا صفت مشبہ ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۲ ❁

وَلَقَدْ اٰتَیْنَا مُوْسٰی تِسْعَ اٰیٰتٍ بَیِّنٰتٍ فَسْئَلْ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اِذْ جَآءَھُمْ فَقَالَ لَہٗ فِرْعَوْنُ اِنِّیْ لَاَظُنُّکَ یٰمُوْسٰی مَسْحُوْرًا ﴿۱۰۱﴾

آیت نمبر ۱۰۱: واؤ استیئنافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم مقدر ہے قَدْ علامت فعل اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مُوْسٰی منصوب تقدیرًا مفعول بہ اول، تِسْعَ مضاف اٰیٰتٍ بَیِّنٰتٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ

خبریہ ہو کر جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔فاء جزائیہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا جَآءَکَ بَنُوْ اِسْرَآءِیْلَ، اِسْئَلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل امر با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر جزاء، شرط محذوف اپنی جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

اِذْ ظرف زمان مضاف جَآءَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ،فاء عاطفہ قَالَ فعل لَهٗ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے فِرْعَوْنُ فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم لَام مدحلقہ برائے تاکید اَظُنُّ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل، مَسْحُوْرًا مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل و مفعولین سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جواب نداء مقدم، یَاء حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل مُوْسٰی محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء موخر، نداء باجواب خبر ہے، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جَآءَ پر معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف اِذْ کا مضاف الیہ ہے، پھر مرکب اضافی اٰتَیْنَا کا مفعول فیہ ہے۔

قَالَ لَقَدْ عَلِمْتَ مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ بَصَآئِرَ ۚ وَ اِنِّیْ لَاَظُنُّكَ

یٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا ﴿۱۰۲﴾

آیت نمبر ۱۰۲: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل عَلِمْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل مَا نافیہ اَنْزَلَ فعل هٰٓؤُلَآءِ محلاً منصوب مفعول بہ مقدم اِلَّا حرف استثناء رَبُّ مضاف السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مستثنٰی مفرغ ہو کر اَنْزَلَ کا فاعل ہے، بَصَآئِرَ "هٰٓؤُلَآءِ" سے حال ہے، اَنْزَلَ فعل با فاعل و مفعول بہ عَلِمْتَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب قسم، قسم باجواب جملہ انشائیہ قسمیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم لَام مدحلقہ اَظُنُّ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل، مَثْبُوْرًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جواب نداء مقدم، یٰفِرْعَوْنُ کی ترکیب یٰمُوْسٰی کی طرح ہے، اور یہ نداء ہے، پھر دونوں مل کر خبر ہے، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف ہے، پھر معطوف علیہ با معطوف مقولہ ہے، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ یا مستانفہ ہے۔

فَاَرَادَ اَنْ یَّسْتَفِزَّهُمْ مِّنَ الْاَرْضِ فَاَغْرَقْنٰهُ وَ مَنْ مَّعَهٗ جَمِیْعًا ﴿۱۰۳﴾

آیت نمبر ۱۰۳: فَاء عاطفہ اَرَادَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب یَسْتَفِزَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ الْاَرْضِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر اَرَادَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَغْرَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول مَعَهٗ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ ذوالحال جَمِیْعًا حال، ذوالحال با حال معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَغْرَقْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَرَادَ پر معطوف ہے، پھر معطوف علیہ با معطوف قَالَ پر معطوف ہے۔

وَّ قُلْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ لِبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اسْكُنُوا الْاَرْضَ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ جِئْنَا

بِكُمْ لَفِيفًا ﴿۱۰۴﴾

آیت نمبر ۱۰۴: واؤ عاطفہ قُلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْ حرف جار بَعْدِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق اول ہوئے، لام حرف جار بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، اسْكُنُوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل الْاَرْضَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ اَغْرَقْنَا پر معطوف ہے۔ فاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل وَعْدُ الْاٰخِرَةِ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جِئْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَاء حرف جار كُمْ ضمیر ذوالحال لَفِيفًا حال (لَفِيْف بروزن فَعِيْلٌ ہے اور اس کا استعمال واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث سب کیلئے ہے) ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور ظرف لغو جِئْنَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر قُلْنَا پر معطوف ہے۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۱۰۵﴾

آیت نمبر ۱۰۵: واؤ استئنافیہ بِالْحَقِّ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا، واؤ عاطفہ بِالْحَقِّ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم نَزَلَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، فعل با فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول ہوا، واؤ عاطفہ مَا نافیہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کاف ضمیر ذوالحال، اِلَّا حرف استثناء مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا معطوف علیہ با معطوف حال ہے، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ﴿۱۰۶﴾

آیت نمبر ۱۰۶: واؤ عاطفہ قُرْاٰنًا فعل محذوف فَرَقْنَا کا مفعول بہ ہے فَرَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مفسَّر فَرَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، لام حرف جر برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَقْرَاَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ عَلَى النَّاسِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، عَلٰى مُكْثٍ جار با مجرور ظرف مستقر مُتَمَهِّلًا کے متعلق ہو کر تَقْرَاَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے تَقْرَاَ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور فَرَقْنَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مفسِّر، مفسَّر با مفسِّر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ نَزَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ تَنْزِيْلًا مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنْزَلْنَا پر معطوف ہے۔

قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖٓ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ﴿۱۰۷﴾

آیت نمبر ۱۰۷: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول، اٰمِنُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، اَوْ حرف عطف لَا تُؤْمِنُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل دونوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا، اِنَّ حرف تحقیق الَّذِيْنَ اسم موصول اُوْتُوا فعل مجہول

واؤ ضمیر نائب فاعل اَلْعِلْمَ مفعول بہ، مِنْ حرف جار قَبْلِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ اِنَّ کا اسم، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم یُتْلٰی فعل مجہول ھُوَ ضمیر نائب فاعل عَلَیْھِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول فیہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط یَخِرُّوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال سُجَّدًا حال، ذوالحال با حال فاعل، لَامْ حرف جار اَلْاَذْقَانِ مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

وَيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ﴿۱۰۸﴾

آیت نمبر ۱۰۸: واؤ عاطفہ یا حالیہ یَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، اِنْ مخففہ من الثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم کَانَ فعل ناقص وَعْدُ مضاف رَبِّنَا مرکب اضافی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی کَانَ کا اسم، لَامْ فارقہ مَفْعُوْلًا اسم مفعول ھُوَ ضمیر مستتر نائب فاعل، دونوں مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ یَخِرُّوْنَ پر معطوف ہے یا یَخِرُّوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ سُبْحٰنَ رَبِّنَا مرکب اضافی فعل محذوف سَبَّحْنَا کا مفعول مطلق ہے، سَبَّحْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، فعل با فاعل و مفعول مطلق جملہ معترضہ ہوا۔

وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا ﴿۱۰۹﴾

آیت نمبر ۱۰۹: واؤ عاطفہ یَخِرُّوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال یَبْکُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَزِیْدُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، خُشُوْعًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال ہے، ذوالحال با حال یَخِرُّوْنَ کا فاعل ہے، لِلْاَذْقَانِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ پہلے یَخِرُّوْنَ پر معطوف ہے۔

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۱۰﴾

آیت نمبر ۱۱۰: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول، اُدْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، اَوْ حرف عطف اُدْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلرَّحْمٰنَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اَیًّا اسم شرط مفعول بہ مقدم مَا حرف زائد تَدْعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ شرط، فَاء جزائیہ لَہٗ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَلْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا تَجْھَرْ فعل نہی اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل بَاء حرف جار صَلَاتِکَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل نہی با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تُخَافِتْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل بَاء حرف جار ھَا ضمیر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل نہی با فاعل و متعلق

جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر معطوف قول ہوا، واؤ عاطفہ اِبْتَغِ فعل امر (یہ اصل میں اِبْتَغِیْ ہے) اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل بَیْنَ ذٰلِكَ مرکب اضافی مفعول فیہ سَبِیْلًا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین قُلْ پر معطوف ہے۔

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا ﴿١١١﴾

آیت نمبر ۱۱۱: واؤ عاطفہ قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول الْحَمْدُ مبتدا، لام حرف جار لفظ اللّٰهِ موصوف الَّذِیْ اسم موصول لَمْ یَتَّخِذْ فعل هُوَ ضمیر فاعل وَلَدًا مفعول بہ ثانی اور مفعول اول محذوف ہے اَحَدًا، فعل با فاعل و مفعولین معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ لَمْ یَكُنْ فعل ناقص لَهٗ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم شَرِیْكٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل فِی الْمُلْكِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل و متعلق اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ لَمْ یَكُنْ فعل ناقص لَهٗ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم وَلِیٌّ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل مِنَ الذُّلِّ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین الَّذِیْ کا صلہ، موصول با صلہ اللّٰهِ کی صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر الْحَمْدُ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقول، قول با مقول معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ كَبِّرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ تَكْبِیْرًا مفعول مطلق، فعل امر با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ ہو کر معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف پہلے قُلْ پر معطوف ہے۔

بِحَمْدِ اللّٰهِ تَعَالٰی

آج بروز جمعہ دن ۱۰ بجے ۱۰۔۹۔۲۰۱۷ء بمطابق ۹۔۱۲۔۱۴۳۸ھ سُوْرَةُ الاِسْرَآء کی ترکیب مکمل ہوئی ہے

ترکیب سُوْرَۃُ الْکَہْفِ

رکوع نمبرا

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِىۡۤ اَنۡزَلَ عَلٰى عَبۡدِهِ الۡكِتٰبَ وَلَمۡ يَجۡعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ؕ‏ ①

آیت نمبر ۱: اَلْحَمْدُ مبتدا، لام حرف جار اَللّٰہِ موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول اَنْزَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلٰی حرف جر عَبْدِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَلْکِتٰبَ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل ومفعول بہ ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَمْ یَجْعَلْ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَہٗ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم عِوَجًا مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ اَللّٰہِ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَيِّمًا لِّيُنۡذِرَ بَاۡسًا شَدِيۡدًا مِّنۡ لَّدُنۡهُ وَيُبَشِّرَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ الَّذِيۡنَ يَعۡمَلُوۡنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمۡ اَجۡرًا حَسَنًا ۙ‏ ② مَّاكِثِيۡنَ فِيۡهِ اَبَدًا ۙ‏ ③

آیت نمبر ۲، ۳: قَیِّمًا فعل محذوف جَعَلَہٗ کا مفعول بہ ہے یا اَلْکِتٰبَ سے حال ہے، لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُنْذِرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اور اس کا مفعول بہ اوّل محذوف ہے اَلْکَافِرِیْنَ، بَأْسًا موصوف شَدِیْدًا صفت اولیٰ، مِنْ حرف جار لَدُنْہُ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ یُبَشِّرَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل اَلْمُؤْمِنِیْنَ موصوف اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصّٰلِحٰتِ بواسطہ موصوف محذوف اَلْاَعْمَالَ کے مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اَلْمُؤْمِنِیْنَ کی صفت، موصوف با صفت یُبَشِّرَ کا مفعول بہ، اِنَّ حرف تحقیق لام حرف جر ھُمْ ضمیر ذوالحال مَاکِثِیْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر مستتر فاعل فِیْہِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَبَدًا مفعول فیہ، اسم فاعل بافاعل ومتعلق ومفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر ھُمْ ضمیر کا حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر اَنَّ کی خبر مقدم اَجْرًا حَسَنًا مرکب توصیفی اسم مؤخر، اَنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد منصوب بنزع الخافض ہے کیونکہ یہ اصل میں بِاَنَّ ہے، جار با مجرور یُبَشِّرَ کے متعلق ہوئے، یُبَشِّرَ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر یُنْذِرَ پر معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر لام کا مجرور ہے، جار با مجرور ظرف لغو اَنْزَلَ فعل کے متعلق ہے۔

وَّيُنۡذِرَ الَّذِيۡنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۙ‏ ④

آیت نمبر ۴: واؤ عاطفہ یُنْذِرَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِتَّخَذَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل وَلَدًا مفعول بہ ثانی، اور مفعول بہ اوّل محذوف ہے عِیْسٰی یا عُزَیْر، فعل اپنے فاعل ومفعولین سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ صلہ، موصول باصلہ یُنْذِرَ کا مفعول بہ ہے، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر پہلے یُنْذِرَ پر معطوف ہے

مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ؕ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ؕ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ۝

آیت نمبر ۵: مَانافیہ لَھُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، بِہٖ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، مِنْ حرف جار زائد عِلْمٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا زائدہ، لَام حرف جر اٰبَآئِھِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور لَھُمْ پر معطوف ہے، کَبُرَتْ فعل ھِیَ ضمیر مستتر ممیز، کَلِمَةً موصوف تَخْرُجُ فعل ھِیَ ضمیر مستتر فاعل مِنْ حرف جار اَفْوَاھِھِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو تَخْرُجُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر کَلِمَةً کی صفت، موصوف باصفت تمیز، ممیز باتمیز فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنْ حرف نفی یَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء کَذِبًا مستثنیٰ مفرغ ہو کر مفعول بہ، یابواسطہ موصوف محذوف قَوْلًا کے مفعول مطلق ہے، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معللہ ہوا۔

فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝

آیت نمبر ۶: فاء استینافیہ لَعَلَّ حرف ترجی کاف ضمیر منصوب اس کا اسم بَاخِعٌ اسم فاعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نَفْسَكَ مرکب اضافی مفعول بہ، عَلٰی حرف جار اٰثَارِھِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم فاعل اپنے فاعل ومفعول بہ ومتعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، لَعَلَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط لَمْ يُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جار ھٰذَا الْحَدِیْثِ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے لَعَلَّكَ بَاخِعٌ جس پر جملہ اولیٰ دال ہے اَسَفًا "بَاخِعٌ" کا مفعول لہ ہے یا اسم فاعل کے معنی میں ہو کر بَاخِعٌ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۝

آیت نمبر ۷: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مَا اسم موصول عَلَى الْاَرْضِ جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ اوّل زِیْنَةً موصوف لَھَا جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، لَام حرف جر برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نَبْلُوَ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل، ھُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو جَعَلْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعولین ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اَیُّھُمْ اسم موصول اَحْسَنُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل عَمَلًا تمیز، اسم تفضیل اپنے فاعل وتمیز سے مل کر صلہ، موصول باصلہ محلاً منصوب ھُمْ ضمیر کا بدل ہے۔

وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ۝

آیت نمبر ۸: واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ برائے تاکید جٰعِلُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل مَا اسم موصول عَلَيْهَا جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ اوّل صَعِیْدًا جُرُزًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، اسم فاعل اپنے فاعل ومفعولین سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اِنَّا جَعَلْنَا پر معطوف ہے،

اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْکَھْفِ وَ الرَّقِیْمِ ۙ کَانُوْا مِنْ اٰیٰتِنَا عَجَبًا ۝۹

آیت نمبر ۹: اَمْ منقطعہ بمعنی بَلْ" حَسِبْتَ فعل تَاءِ مفتوحہ فاعل اَنَّ حرف مشبہ بالفعل اَصْحٰبَ مضاف الْکَھْفِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الرَّقِیْمِ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ اَنَّ کا اسم کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم مِنْ حرف جار اٰیٰتِنَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عَجَبًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال خبر کَانُوْا کی، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَنَّ کی خبر، اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حَسِبْتَ کے دو مفعول کے قائم مقام، حَسِبْتَ فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اِذْ اَوَی الْفِتْیَۃُ اِلَی الْکَھْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً وَّ ھَیِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝۱۰

آیت نمبر ۱۰: اِذْ ظرف زمان مضاف اَوَی فعل الْفِتْیَۃُ فاعل اِلَی الْکَھْفِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول رَبَّنَا یہ اصل میں یَارَبَّنَا تھا، یَا حرف ندا اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْا فعل اَنَا ضمیر فاعل، رَبَّنَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر نداء، اٰتِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر جواب نداء، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مفعول بہ اول، مِنْ حرف جار لَدُنْکَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم رَحْمَۃً ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اول، واؤ عاطفہ ھَیِّئْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَنَا جار بامجرور متعلق اول ہوئے، مِنْ حرف جار اَمْرِ نَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے رَشَدًا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلقین و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، اُذْکُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

فَضَرَبْنَا عَلٰٓی اٰذَانِھِمْ فِی الْکَھْفِ سِنِیْنَ عَدَدًا ۝۱۱

آیت نمبر ۱۱: فَاء عاطفہ ضَرَبْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلٰی حرف جار اٰذَانِ مضاف ھِمْ ضمیر ذوالحال فِی الْکَھْفِ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے سِنِیْنَ عَدَدًا مرکب توصیفی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ہے قَالُوْا پر۔

ثُمَّ بَعَثْنٰھُمْ لِنَعْلَمَ اَیُّ الْحِزْبَیْنِ اَحْصٰی لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ۝۱۲

آیت نمبر ۱۲: ثُمَّ عاطفہ بَعَثْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نَعْلَمَ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل اَیُّ الْحِزْبَیْنِ مرکب اضافی مبتدا، اَحْصٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل لَام جارہ مَا مصدریہ لَبِثُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اَمَدًا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر نَعْلَمَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مجرور، جار بامجرور بَعَثْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر ضَرَبْنَا پر معطوف ہے۔

❀ رکوع نمبر ۲ ❀

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَ زِدْنٰهُمْ هُدًى ۟ۖ

آیت نمبر ۱۳: نَحْنُ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا، نَقُصُّ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل عَلَيْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے نَبَاَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ بِالْحَقِّ جار با مجرور ظرف مستقر مُتَلَبِّسِين کے متعلق ہو کر نَقُصُّ کی ضمیر فاعل سے حال ہے یا مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر عَلَيْكَ کی ضمیر سے حال ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا، اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم فِتْيَةٌ موصوف اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جار رَبِّهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ زِدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اول هُدًى مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف فِتْيَةٌ کی صفت، موصوف با صفت اِنَّ کی خبر ہوا، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ رَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَاۡ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلٰهًا لَّقَدْ قُلْنَاۤ اِذًا شَطَطًا ۝

آیت نمبر ۱۴: واؤ عاطفہ رَبَطْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلٰى حرف جار قُلُوْبِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اِذْ ظرف زمان مضاف قَامُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ فاء عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول رَبُّنَا مرکب اضافی مبتدا رَبُّ مضاف السَّمٰوٰتِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاَرْضِ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ رَبُّنَا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ رَبَطْنَا کے، فعل با فاعل و مفعول فیہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ہے زِدْنَا پر۔ لَنْ نَّدْعُوَا فعل نَحْنُ ضمیر فاعل مِنْ حرف جار دُوْنِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم اِلٰهًا مفعول بہ اول موخر، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا لَامْ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل قُلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل شَطَطًا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب قسم، قسم با جواب قسم جزاء ہے شرط محذوف اِنْ دَعَوْنَاهُ کی، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا اِذًا حرف جواب و جزاء مہمل ہے۔

هٰۤؤُلَآءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً ؕ لَوْ لَا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۭ بَيِّنٍ ؕ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۝

آیت نمبر ۱۵: هٰۤؤُلَآءِ مبدل منہ قَوْمُنَا مرکب اضافی بدل، مبدل منہ با بدل مبتدا، اتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جار دُوْنِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم اٰلِهَةً مفعول بہ اول موخر، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا لَوْ لَا تحضیضیہ يَاْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم بَاء حرف جار سُلْطٰنٍ موصوف بَيِّنٍ صفت، موصوف با صفت ذوالحال موخر، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے يَاْتُوْنَ

کے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء استینافیہ مَنْ استفہامیہ مبتدا اَظْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ ضمیر فاعل، مِنْ حرف جار مَنْ موصولہ اِفْتَرٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل عَلَی اللّٰہِ جار با مجرور متعلق ہوئے، کَذِبًا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور اَظْلَمُ کے متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ مستانفہ ہوا۔

وَ اِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَ مَا یَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗۤا اِلَى الْكَهْفِ یَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَ یُهَیِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: واؤ استینافیہ اِذْ مضاف اِعْتَزَلْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ یَعْبُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء اللّٰہَ مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرُوْا کا، اُذْکُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر مقولہ ہے قول محذوف قَالَ بَعْضُھُمْ لِبَعْضٍ کا، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء جزائیہ اور شرط محذوف ہے اِنِ اعْتَزَلْتُمُ الْکَافِرِیْنَ وَمَا یَعْبُدُوْنَ. اِؤْوٗا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَی الْکَھْفِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ یَنْشُرْ فعل لَکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے رَبُّکُمْ مرکب اضافی فاعل مِنْ حرف جار رَحْمَتِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُھَیِّئْ فعل ھُوَ ضمیر فاعل لَکُمْ جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے، مِنْ حرف جار اَمْرِکُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے مِرْفَقًا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلقین و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء شرط محذوف اِنْ تَأْوُوْا اِلَی الْکَھْفِ کی، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ تَرَى الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْیَمِیْنِ وَ اِذَا غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَ هُمْ فِیْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰیٰتِ اللّٰهِ ؕ مَنْ یَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَ مَنْ یُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِیًّا مُّرْشِدًا ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: واؤ استینافیہ تَرٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل الشَّمْسَ مفعول بہ اِذَا ظرف زمان مضاف طَلَعَتْ فعل ھِیَ ضمیر فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ تَرٰی کا مفعول فیہ ہوا، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ تَزٰوَرُ فعل ھِیَ مستتر فاعل عَنْ حرف جار کَھْفِھِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، ذَاتَ الْیَمِیْنِ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر الشَّمْسَ کا حال ہے، واؤ عاطفہ اِذَا ظرف زمان مضاف غَرَبَتْ فعل ھِیَ ضمیر فاعل، فعل بافاعل مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ بواسطہ عطف کے مفعول فیہ ہے تَرٰی کا، تَقْرِضُ فعل ھِیَ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ ذَاتَ الشِّمَالِ مرکب اضافی مفعول فیہ ہے تَقْرِضُ کا، فعل بافاعل و مفعولین بواسطہ عطف حال ہے الشَّمْسَ کا، واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا، فِیْ حرف جار فَجْوَۃٍ موصوف

مِنْهُ جار با مجرور کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر تَقْرِضُهُمْ کی ضمیر مفعول سے حال ہے ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، مِنْ حرف جار اٰيٰتِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَنْ شرطیہ مفعول بہ مقدم یَهْدِ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ، هُوَ ضمیر مبتدا، اَلْمُهْتَدِ اسم فاعل اس میں هُوَ ضمیر فاعل، اسم فاعل بافاعل خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف علیہ ہوا، واؤ عاطفہ مَنْ شرطیہ مفعول بہ مقدم یُضْلِلْ فعل هُوَ ضمیر فاعل، فعل فاعل ومفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ لَنْ تَجِدَ فعل اَنْتَ ضمیر فاعل لَهٗ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم وَلِيًّا مُّرْشِدًا مرکب توصیفی مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل بافاعل ومفعولین ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معللہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

وَ تَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّ هُمْ رُقُوْدٌ ۖ وَّ نُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَ ذَاتَ الشِّمَالِ ۖ وَ كَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ ؕ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّ لَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: واؤ عاطفہ تَحْسَبُ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل اَيْقَاظًا ذوالحال، واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، رُقُوْدٌ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال باحال تَحْسَبُ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نُقَلِّبُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ ذَاتَ الْيَمِيْنِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ذَاتَ الشِّمَالِ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول لہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ كَلْبُهُمْ مرکب اضافی مبتدا، بَاسِطٌ اسم فاعل اس میں هُوَ ضمیر فاعل ذِرَاعَيْهِ مرکب اضافی مفعول بہ بِالْوَصِيْدِ جار با مجرور متعلق ہوئے اسم فاعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ لَوْ شرطیہ اِطَّلَعْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لام جوابیہ وَلَّيْتَ فعل تاء مفتوحہ فاعل مِنْهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے فِرَارًا مفعول لہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ، لام جوابیہ مُلِئْتَ فعل مجہول تاء ضمیر نائب فاعل مِنْهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے رُعْبًا تمیز، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق وتمیز جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

وَ كَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ ؕ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ؕ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ؕ فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖٓ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: واؤ استینافیہ كَذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف بَعْثًا کے مفعول مطلق

مقدم بَعَثْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَتَسَآءَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَیْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومفعولین ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالَ فعل قَآئِلٌ موصوف مِنْهُمْ جار بامجرور ظرف مستقر کَآئِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول کَمْ استفہامیہ ممیز، اور تمیز مقدر ہے یَوْمًا، ممیز باتمیز مفعول فیہ مقدم لَبِثْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول لَبِثْنَا فعل نَا ضمیر فاعل یَوْمًا معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ بَعْضَ یَوْمٍ مرکب اضافی معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف لَبِثْنَا کا مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول رَبُّکُمْ مرکب اضافی مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بَاء حرف جار مَا مصدریہ لَبِثْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا، فَاء عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے اِهْتَمُّوْا بِاَمْرِ طَعَامِکُمْ، اِبْعَثُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَحَدَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ بَاء جارہ وَرِقِکُمْ مرکب اضافی موصوف هٰذِهٖ اسم اشارہ صفت، موصوف با صفت مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے اِلَی الْمَدِیْنَةِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، فعل امر اپنے فاعل ومفعول بہ ومتعلقین جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ فَاء عاطفہ لِیَنْظُرْ فعل امر هُوَ مستتر فاعل اَیُّهَا اسم موصول اَزْکٰی اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل طَعَامًا تمیز، اسم تفضیل بافاعل وتمیز خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ محلًا منصوب لِیَنْظُرْ کا مفعول بہ، فعل امر بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ لِیَاْتِ فعل امر هُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، بَاء حرف جر رِزْقٍ موصوف مِنْهُ جار بامجرور ظرف مستقر کَآئِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف لغو لِیَاْتِ کے متعلق ہوئے، فعل امر اپنے فاعل ومفعول بہ ومتعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لِیَتَلَطَّفْ فعل امر هُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ لَا یُشْعِرَنَّ فعل هُوَ مستتر فاعل بِکُمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَحَدًا مفعول بہ ہے، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّهُمْ اِنْ یَّظْهَرُوْا عَلَیْکُمْ یَرْجُمُوْکُمْ اَوْ یُعِیْدُوْکُمْ فِیْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم اِنْ حرف شرط یَظْهَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَیْکُمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط یَرْجُمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ حرف عطف یُعِیْدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر منصوب ذوالحال فِیْ حرف جر مِلَّتِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَآئِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَنْ تُفْلِحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِذًا حرف جواب وجزاء مہمل، اَبَدًا مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جملہ جزائیہ پر معطوف ہے۔

وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيْهَا ۚ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ۭ رَبُّهُمْ اَعْلَمُ بِهِمْ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰٓي اَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَّسْجِدًا ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: واؤ استینافیہ کَذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِعْثَارًا کے مفعول مطلق مقدم اَعْثَرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے، لَام حرف جر برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَعْلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، اَنَّ حرف تحقیق وَعْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی اسم حَقٌّ خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق السَّاعَةَ اس کا اسم، لَا نفی جنس رَيْبَ اس کا اسم فِيْهَا جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر لَا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر یَعْلَمُوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو اَعْثَرْنَا کے متعلق ثانی ہوئے، اِذْ ظرف زمان مضاف يَتَنَازَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَيْنَهُمْ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم اَمْرَهُمْ مرکب اضافی ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی اَعْثَرْنَا کا مفعول فیہ ہے، فعل با فاعل و متعلقین و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فاء عاطفہ قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِبْنُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، بُنْيَانًا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ يَتَنَازَعُوْنَ پر معطوف ہے، رَبُّهُمْ مرکب اضافی مبتدا اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ ضمیر مستتر فاعل بِهِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ یا جملہ معللہ ہوا اور اگر یہ جملہ اللہ تعالیٰ کے کلام میں سے ہو تو یہ جملہ معترضہ ہو گا۔ قَالَ فعل الَّذِيْنَ اسم موصول غَلَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰي حرف جار اَمْرِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ قَالَ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، لَام موطیہ للقسم اور قسم محذوف ہے لَنَتَّخِذَنَّ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم مَسْجِدًا مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم ہے، قسم با جواب قسم مقولہ ہے، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًۢا بِالْغَيْبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ۭ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ مَّا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيْلٌ ڧ فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا مِرَاۗءً ظَاهِرًا ۠ وَّلَا تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: سِين علامت فعل يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول ثَلٰثَةٌ موصوف رَابِعُهُمْ مرکب اضافی مبتدا كَلْبُهُمْ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صفت، موصوف با صفت خبر ہے مبتدا محذوف هُمْ کی، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَقُوْلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول خَمْسَةٌ موصوف

سَادِسُھُمْ مرکب اضافی مبتدا کَلْبُھُمْ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت مبتدا محذوف ھُمْ کی خبر ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف ہے، پھر معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ رَجْمًا مصدر ہے بِالْغَیْبِ جار بامجرور مصدر کے متعلق ہوئے، مصدر با متعلق اسم فاعل کے معنی میں ہو کر یَقُوْلُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، یا بواسطہ موصوف محذوف قَوْلًا کے یَقُوْلُوْنَ کا مفعول مطلق ہے، واؤ عاطفہ یَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول سَبْعَةٌ خبر ہے مبتدا محذوف ھُمْ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ثَامِنُھُمْ مرکب اضافی مبتدا کَلْبُھُمْ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ پہلے یَقُوْلُوْنَ پر معطوف ہے۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول، رَبِّیْ مرکب اضافی مبتدا اَعْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل بَاء حرف جار عِدَّتِھِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم تفضیل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ مَا نافیہ یَعْلَمُ فعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، اِلَّا حرف استثناء قَلِیْلٌ مستثنیٰ مفرغ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فاء جزائیہ اور شرط محذوف ہے اِنْ حُدِّثْتَ عَنْھُمْ لَا تُمَارِ فعل نہی اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل فِیْھِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اِلَّا حرف استثناء مِرَآءً ظَاھِرًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل با فاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ انشائیہ نہیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَسْتَفْتِ فعل نہی اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل فِیْھِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، مِنْھُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم اَحَدًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

رکوع نمبر ۴

وَ لَا تَقُوْلَنَّ لِشَایْءٍ اِنِّیْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ﴿۲۳﴾ اِلَّاۤ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ ۫ وَ اذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِیْتَ وَ قُلْ عَسٰۤى اَنْ یَّهْدِیَنِ رَبِّیْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۳، ۲۴: واؤ عاطفہ لَا تَقُوْلَنَّ فعل نہی اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، لَام حرف جر شَیْءٍ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل نہی با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر قول، اِنَّ حرف مشبہ بالفعل یَاء ضمیر اس کا اسم، فَاعِلٌ اسم فاعل، اَنَا ضمیر فاعل ذٰلِكَ اسم اشارہ مفعول بہ غَدًا مفعول فیہ، اِلَّا حرف استثناء اَنْ حرف مصدری و نصب یَشَآءَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر مضاف الیہ ہوا وَقْتَ مضاف محذوف کا، مضاف با مضاف الیہ فَاعِلٌ کا مفعول فیہ ثانی، اسم فاعل با فاعل و مفاعیل ثلاثہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اذْكُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل رَبَّكَ مرکب اضافی مفعول بہ، اِذَا ظرف زمان مضاف نَسِیْتَ فعل تَاء مفتوحہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ اُذْكُرْ کا مفعول فیہ، فعل امر با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول، عَسٰی فعل تام، اَنْ ناصبہ مصدریہ یَھْدِیَنِ فعل نون وقایہ، یاء محذوفہ مفعول بہ رَبِّیْ مرکب اضافی فاعل، لَام جارہ اَقْرَبَ اسم تفضیل ھُوَ ضمیر فاعل مِنْ ھٰذَا جار با مجرور متعلق ہوئے رَشَدًا تمیز، اسم تفضیل با فاعل و متعلق و تمیز مجرور، جار با مجرور یَھْدِیَنِ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق بتاویل مصدر فاعل عَسٰی فعل مقارب کا، عَسٰی فعل با فاعل جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر

معطوف، معطوف علیہ با معطوف لَاتَقُوْلَنَّ پر معطوف ہوا۔

وَلَبِثُوْا فِیْ کَھْفِھِمْ ثَلٰثَ مِائَۃٍ سِنِیْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵ : واؤ استینا فیہ لَبِثُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْ حرف جار کَھْفِھِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے ثَلٰثَ مِائَۃٍ مرکب اضافی مبدل منہ سِنِیْنَ بدل، مبدل منہ با بدل مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ اِزْدَادُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل تِسْعًا تمیز، فعل با فاعل و تمیز جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قُلِ اللّٰہُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا ج لَہٗ غَیْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط اَبْصِرْ بِہٖ وَ اَسْمِعْ ط مَا لَھُمْ مِّنْ دُوْنِہٖ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا یُشْرِكُ فِیْ حُكْمِہٖۤ اَحَدًا ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶ : قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول اللّٰہُ مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل بِاءِ حرف جار مَا مصدریہ لَبِثُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ لَہٗ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم غَیْبُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلقہ ہوا۔ اَبْصِرْ صیغہ فعل تعجب بمعنی اَبْصَرَ، بَاء زائدہ ہٖ ضمیر فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ تعجبیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَسْمِعْ فعل تعجب بمعنی اَسْمَعَ فعل ماضی، اس کے بعد بِہٖ مقدر ہے، بَاء حرف جار زائد ہٖ ضمیر فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ تعجبیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

مَا نافیہ لَھُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مِنْ حرف جار دُوْنِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، مِنْ جارہ زائدہ وَلِیٍّ محلاً مرفوع ذوالحال موخر، ذوالحال با حال مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یُشْرِكُ فعل ھُوَ ضمیر فاعل فِیْ حرف جار حُكْمِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اَحَدًا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مطلقہ ہوا۔

وَاتْلُ مَاۤ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ط لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِہٖ قف ج وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِہٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷ : واؤ استینا فیہ اُتْلُ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مَا اسم موصول اُوْحِیَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل اِلَیْكَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ اُتْلُ کا مفعول بہ، فعل امر با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ مِنْ حرف جار كِتَابِ رَبِّكَ مرکب اضافی ذوالحال لَا نفی جنس مُبَدِّلَ اس کا اسم لَام جارہ كَلِمٰتِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَنْ تَجِدَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل مِنْ جارہ دُوْنِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم مُلْتَحَدًا مفعول بہ اول

موخر، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کائنًا کے متعلق ہو کر اُوْحِیَ کی ضمیر نائب فاعل سے حال ہے

وَ اصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَ الْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَ لَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَ لَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَ اتَّبَعَ هَوٰىهُ وَ كَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: واؤ استینا فیہ اِصْبِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَفْسَكَ مرکب اضافی مفعول بہ مَعَ مضاف اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال يُرِيْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل وَجْهَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے، ذوالحال با حال يَدْعُوْنَ کا فاعل ہے، رَبَّهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، باء جارہ الْغَدٰوةِ وَ الْعَشِيِّ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی اِصْبِرْ کا مفعول فیہ ہے، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَعْدُ فعل نہی عَيْنٰكَ مرکب اضافی فاعل عَنْهُمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ اِصْبِرْ پر معطوف ہے، تُرِيْدُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل زِيْنَةَ مضاف الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول بہ، تُرِيْدُ فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ عَيْنٰكَ کی ضمیر مضاف الیہ سے حال ہے۔

واؤ عاطفہ لَا تُطِعْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل، مَنْ اسم موصول اَغْفَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل قَلْبَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ عَنْ حرف جار ذِكْرِنَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اتَّبَعَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل هَوٰىهُ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ كَانَ فعل ناقص اَمْرُهٗ مرکب اضافی اس کا اسم فُرُطًا خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین صلہ، موصول باصلہ لَا تُطِعْ کا مفعول بہ ہے، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ اِصْبِرْ پر معطوف ہے

وَ قُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۫ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّ مَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ ۙ اِنَّاۤ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ؕ وَ اِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوْهَ ؕ بِئْسَ الشَّرَابُ ؕ وَ سَآءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: واؤ عاطفہ قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ قول ہے الْحَقُّ مبتدا، مِنْ حرف جار رَّبِّكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کائنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ اِصْبِرْ پر معطوف ہے فاء استینا فیہ مَنْ اسم شرط مبتدا شَآءَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر شرط ہے، فاء جزائیہ لِيُؤْمِنْ فعل امر هُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ کی ترکیب مَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ کی مثل ہے یہ معطوف ہے، معطوف علیہ بامعطوف جملہ متانفہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَعْتَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لِلظّٰلِمِیْنَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے نَارًا موصوف اَحَاطَ فعل بِھِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے سُرَادِقُھَا مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ نَارًا کی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ یا مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط یَسْتَغِیْثُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط ہے یُغَاثُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل باء جارہ مَآءٍ موصوف کَالْمُھْلِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ یَشْوِی فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل الْوُجُوْہَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ اَحَاطَ پر معطوف ہے۔

بِئْسَ فعل ذم الشَّرَابُ فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ خبر مقدم اور مخصوص بالذم مبتدا مؤخر ھُوَ محذوف ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَآءَتْ فعل الذم ھِیَ ضمیر مستتر فاعل مُرْتَفَقًا تمیز، فعل بافاعل و تمیز جملہ فعلیہ انشائیہ خبر مقدم اور مخصوص بالذم مبتدا مؤخر محذوف ہے یعنی ھِیَ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِیْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: اِنَّ حرف تحقیق الَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ بواسطہ موصوف موصوف محذوف الْاَعْمَالَ کے مفعول بہ ہے، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ اِنَّ کا اسم، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَا نُضِیْعُ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل اَجْرَ مضاف مَنْ اسم موصول اَحْسَنَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل عَمَلًا مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مضاف الیہ، مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر ہے، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر پہلے اِنَّ کی خبر ہے، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا اور یہ بھی جائز ہے کہ پہلے اِنَّ کی خبر محذوف ہو یعنی سَنُجَازِیْھِمْ اور دوسرا اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ لَھُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھِمُ الْاَنْھٰرُ یُحَلَّوْنَ فِیْھَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَھَبٍ وَّیَلْبَسُوْنَ ثِیَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕیْنَ فِیْھَا عَلَی الْاَرَآئِكِ ؕ نِعْمَ الثَّوَابُ ؕ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، لَھُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَاتٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جَنّٰتُ عَدْنٍ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر اول تَجْرِیْ فعل مِنْ حرف جر تَحْتِھِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے الْاَنْھٰرُ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر دوم ہے یُحَلَّوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِیْھَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق اول ہوئے مِنْ حرف جار اَسَاوِرَ موصوف مِنْ ذَھَبٍ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَلْبَسُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل

ثِيَابًا موصوف خُضْرًا صفت اولیٰ، مِنْ حرف جار سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف خبر ثالث ہے، مبتدا باخبار ثلاثہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ مُتَّكِـِٕيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل فِيْهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے عَلَى الْاَرَآئِكِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر يَلْبَسُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ نِعْمَ الثَّوَابُ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا کی ترکیب بِئْسَ الشَّرَابُ وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا کی ترکیب سے واضح ہے دیکھئے آیت نمبر ۲۹ میں۔

رکوع نمبر ۵

وَ اضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ اَعْنَابٍ وَّ حَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّ جَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ؀۳۲

آیت نمبر ۳۲: واؤ استینافیہ اضْرِبْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل لَهُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَثَلًا مبدل منہ رَجُلَيْنِ موصوف جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَام حرف جار اَحَدِهِمَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَتَيْنِ کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم جَنَّتَيْنِ موصوف مِنْ اَعْنَابٍ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَتَيْنِ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ رَجُلَيْنِ کی صفت، موصوف باصفت بدل، مبدل منہ بابدل اضْرِبْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ حَفَفْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمَا ضمیر مفعول بہ بِنَخْلٍ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَيْنَهُمَا مرکب اضافی كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم زَرْعًا مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف پہلے جَعَلْنَا کی ضمیر فاعل سے حال ہے یا بتقدیر قَدْ جَنَّتَيْنِ سے حال ہے۔

كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا ۙ وَّ فَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ؀۳۳

آیت نمبر ۳۳: كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ مرکب اضافی مبتدا، اٰتَتْ فعل هِيَ ضمیر مستتر فاعل اُكُلَهَا مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَمْ تَظْلِمْ فعل هِيَ ضمیر مستتر فاعل مِنْهُ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے شَيْـًٔا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ فَجَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل خِلٰلَهُمَا مرکب اضافی مفعول فیہ نَهَرًا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّ اَعَزُّ نَفَرًا ؀۳۴

آیت نمبر ۳۴: واؤ استینافیہ كَانَ فعل ناقص لَهٗ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم ثَمَرٌ اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ قَالَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل لَام حرف جار صَاحِبِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، واؤ حالیہ هُوَ ضمیر مبتدا، يُحَاوِرُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ قَالَ کی

ضمیر فاعل سے حال ہے، قَالَ فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول اَنَا ضمیر مبتدا، اَکْثَرُ اسم تفضیل اَنَا ضمیر مستتر فاعل مِنْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے مَالًا تمیز، اسم تفضیل بافاعل و متعلق و تمیز شبہ جملہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَعَزُّ اسم تفضیل اَنَا ضمیر مستتر فاعل نَفَرًا تمیز، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنَا کی خبر ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ کَانَ لَهٗ پر معطوف ہے۔

وَ دَخَلَ جَنَّتَهٗ وَ هُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَاۤ اَظُنُّ اَنْ تَبِیْدَ هٰذِهٖۤ اَبَدًا ﴿۳۵﴾ وَّ مَاۤ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآىِٕمَةً ۙ وَّ لَىِٕنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّیْ لَاَجِدَنَّ خَیْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۵، ۳۶: واؤ عاطفہ دَخَلَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل جَنَّتَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ کَانَ لَهٗ پر معطوف ہے، واؤ حالیہ هُوَ ضمیر مبتدا ظَالِمٌ اسم فاعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل لَام حرف جار نَفْسِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ دَخَلَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ قَالَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر قول ہے، مَا نافیہ اَظُنُّ فعل اَنَا مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب تَبِیْدَ فعل هٰذِهٖ محلاً مرفوع فاعل اَبَدًا مفعول فیہ، تینوں مل کر بتاویل مصدر دو مفعول بہ کے قائم مقام ہے، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ اَظُنُّ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل السَّاعَةَ مفعول بہ اول قَآىِٕمَةً مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط رُدِدْتُّ فعل مجہول تَاء مضمومہ ضمیر نائب فاعل اِلٰى حرف جار رَبِّیْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَام جوابیہ اَجِدَنَّ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل خَیْرًا اسم تفضیل هُوَ ضمیر مستتر فاعل مِنْهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مُنْقَلَبًا تمیز، اسم تفضیل بافاعل و متعلق و تمیز بواسطہ موصوف محذوف جَنَّةً کے مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم ہے، اور شرط کی جزاء محذوف ہے جس پر جواب قسم دال ہے، قسم با جواب قسم اَظُنُّ پر معطوف ہے۔

قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَ هُوَ یُحَاوِرُهٗۤ اَكَفَرْتَ بِالَّذِیْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: قَالَ فعل لَهٗ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے صَاحِبُهٗ مرکب اضافی ذوالحال واؤ حالیہ هُوَ ضمیر مبتدا یُحَاوِرُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال قَالَ کا فاعل ہے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول ہے، همزہ حرف استفہام كَفَرْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل بَاء حرف جار اَلَّذِیْ اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل كَ ضمیر مفعول بہ مِنْ تُرَابٍ جار با مجرور معطوف علیہ، ثُمَّ حرف عطف مِنْ نُّطْفَةٍ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف ظرف لغو خَلَقَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ سَوّٰى فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل كَ ضمیر منصوب مفعول بہ اول رَجُلًا مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور

ظرف لغو کَفَرْتَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ استفہامیہ مقولہ ہے، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ۝۳۸

آیت نمبر ۳۸: لٰكِنَّا اصل میں لٰکِنْ اَنَا ہے، لٰکِنَّ حرف استدراک ہے اَنَا ضمیر مبتدا، اور خبر محذوف ہے لَا اَکْفُرُ بِالَّذِیْ خَلَقَنِیْ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ھُوَ ضمیر مبتدا، اَللّٰہُ مبتدا ثانی، رَبِّیْ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا اُشْرِكُ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل باء جارہ رَبِّیْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَحَدًا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ۝۳۹ فَعَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ۝۴۰ اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا ۝۴۱

آیت نمبر ۳۹، ۴۰، ۴۱: واؤ عاطفہ لَوْلَا حرف تحضیض اِذْ مضاف دَخَلْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل جَنَّتَكَ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم قُلْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا اسم شرط مفعول بہ مقدم شَآءَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط اور جزاء محذوف ہے وَقَعَ، شرط با جزاء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَا نفی جنس قُوَّةَ اس کا اسم اِلَّا حرف استثناء بِاللّٰہِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا نفی جنس بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنْ حرف شرط تَرَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نون برائے وقایہ یاء محذوفہ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل اَنَا ضمیر فصل اَقَلَّ اسم تفضیل اَنَا ضمیر مستتر فاعل مِنْكَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَالًا وَّوَلَدًا معطوف علیہ با معطوف تمیز، اسم تفضیل بافاعل و متعلق و تمیز شبہ جملہ ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ عَسٰی فعل مقارب رَبِّیْ مرکب اضافی اس کا اسم اَنْ حرف مصدری ونصب یُؤْتِیَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل نون برائے وقایہ ہے، یاء محذوفہ ضمیر مفعول بہ اوّل، خَیْرًا اسم تفضیل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل مِنْ حرف جار جَنَّتِكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر خبر، فعل مقارب بااسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ یُرْسِلَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل عَلَیْھَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے حُسْبَانًا موصوف مِنَ السَّمَآءِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت یُرْسِلَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ یُؤْتِیَ پر معطوف ہے۔ فاء عاطفہ تُصْبِحَ فعل ناقص ھِیَ ضمیر مستتر اس کا اسم صَعِیْدًا زَلَقًا مرکب توصیفی خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ یُصْبِحَ فعل ناقص مَآؤُھَا مرکب اضافی اس کا اسم غَوْرًا خبر، فعل ناقص بااسم و خبر معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف یُرْسِلَ پر معطوف ہے فاء حرف عطف لَنْ تَسْتَطِیْعَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل لَهٗ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم طَلَبًا مصدر با متعلق مقدم مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ تُصْبِحَ پر معطوف ہے۔

وَ اُحِيۡطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصۡبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيۡهِ عَلٰى مَاۤ اَنۡفَقَ فِيۡهَا وَ هِىَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوۡشِهَا وَ يَقُوۡلُ يٰلَيۡتَنِىۡ لَمۡ اُشۡرِكۡ بِرَبِّىۡۤ اَحَدًا ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۲: واؤ استینا فیہ اُحِيۡطَ فعل مجہول هُوَ ضمیر مستتر نائب فاعل بَاء حرف جر ثَمَرِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَصۡبَحَ فعل ناقص هُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم يُقَلِّبُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل كَفَّيۡهِ مرکب اضافی مفعول بہ عَلٰى حرف جار مَا اسم موصول اَنۡفَقَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل فِىۡ حرف جار هَا ضمیر ذوالحال، واؤ حالیہ هِىَ ضمیر مبتدا، خَاوِيَةٌ اسم فاعل هِىَ ضمیر مستتر فاعل عَلٰى جار عُرُوۡشِهَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم فاعل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور اَنۡفَقَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور يُقَلِّبُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَقُوۡلُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر قول ہے، يَاء حرف نداء اَدۡعُوۡا کے قائم مقام اور مفعول بہ قَوۡمِىۡ محذوف ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ نداء ہے، لَيۡتَ حرف تمنی، نون برائے وقایہ يَاء ضمیر اس کا اسم لَمۡ اُشۡرِكۡ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل بَاء جارہ رَبِّىۡ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَحَدًا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر ہے، حرف تمنی اپنے اسم و خبر سے مل کر نداء کا جواب، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ مقولہ، قول با مقولہ يُقَلِّبُ پر معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف اَصۡبَحَ کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ اُحِيۡطَ پر معطوف ہے۔

وَلَمۡ تَكُنۡ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنۡصُرُوۡنَهٗ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنۡتَصِرًا ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳: واؤ استینا فیہ لَمۡ تَكُنۡ فعل ناقص لَهٗ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِئَةٌ موصوف يَنۡصُرُوۡنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صفت اولی، مِنۡ جارہ دُوۡنِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین اسم موخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا حرف نفی كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم مُنۡتَصِرًا اسم فاعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

هُنَالِكَ الۡوَلَايَةُ لِلّٰهِ الۡحَقِّ ؕ هُوَ خَيۡرٌ ثَوَابًا وَّخَيۡرٌ عُقۡبًا ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۴: هُنَالِكَ ظرف مکان كَائِنَةٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم الۡوَلَايَةُ ذوالحال لَام حرف جار اَللّٰهِ اسم الجلالہ موصوف الۡحَقِّ صفت، دونوں مل کر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ هُوَ ضمیر مبتدا، خَيۡرٌ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل ثَوَابًا تمیز، تینوں مل کر شبہ جملہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ خَيۡرٌ عُقۡبًا کی ترکیب خَيۡرٌ ثَوَابًا کی مثل ہے اور یہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۶ ❁

وَ اضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵ : واؤ استینافیہ اِضْرِبْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل لَهُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَثَلَ مضاف الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مضاف الیہ، مرکب اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ کاف حرف جار مَآءٍ موصوف اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مِنَ السَّمَآءِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اخْتَلَطَ فعل بِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، نَبَاتُ الْاَرْضِ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فاء عاطفہ اَصْبَحَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم هَشِيْمًا موصوف تَذْرُوْ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ الرِّيٰحُ فاعل، تینوں مل کر صفت، موصوف باصفت خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مَآءٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر مبتدا محذوف هُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كَانَ فعل ناقص اَللّٰهُ اسم الجلالہ اس کا اسم عَلٰى حرف جار كُلِّ شَيْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم مُّقْتَدِرًا اسم فاعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَلْمَالُ وَ الْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَ الْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّ خَيْرٌ اَمَلًا ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶ : اَلْمَالُ وَ الْبَنُوْنَ معطوف علیہ با معطوف مبتدا زِيْنَةُ مضاف الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مضاف الیہ، مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ مرکب توصیفی مبتدا، خَيْرٌ اسم تفضیل هِيَ ضمیر مستتر فاعل عِنْدَ رَبِّكَ مرکب اضافی مفعول فیہ ثَوَابًا تمیز، چاروں مل کر شبہ جملہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ خَيْرٌ اسم تفضیل هِيَ ضمیر مستتر فاعل اَمَلًا تمیز، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَ يَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَ تَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ وَّ حَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿۴۷﴾

آیت نمبر ۴۷ : واؤ استینافیہ يَوْمَ مضاف نُسَيِّرُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْجِبَالَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَرَى فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل الْاَرْضَ ذوالحال بَارِزَةً اسم فاعل هِيَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف يَوْمَ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی فعل محذوف اُذْكُرْ کا مفعول بہ ہے، اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ حَشَرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ لَمْ نُغَادِرْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مِنْهُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم اَحَدًا ذوالحال موخر، دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف نُسَيِّرُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍۭ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۸ :واؤ عاطفہ عُرِضُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل عَلٰی حرف جار رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے صَفًّا بمعنی اسم فاعل عُرِضُوْا کے نائب فاعل سے حال ہے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ نُسَيِّرُ پر معطوف ہے۔لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل جِئْتُمُوْا فعل تُمْ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ کاف حرف جار مَا حرف مصدری خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اَوَّلَ مَرَّةٍ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعولین بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف مَجِيْئًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

بَلْ حرف عطف واضراب زَعَمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَنْ مخففہ من الشقلہ اور ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَنْ نَّجْعَلَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل لَكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم مَوْعِدًا مفعول بہ اول موخر، فعل بافاعل و مفعولین خبر اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ زَعَمْتُمْ کے دو مفعول بہ کے قائم مقام ہے، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّاۤ اَحْصٰىهَا ۚ وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹ :واؤ عاطفہ وُضِعَ فعل مجہول الْكِتٰبُ نائب فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فاء عاطفہ تَرٰی فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل الْمُجْرِمِيْنَ ذوالحال مُشْفِقِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل مِنْ حرف جار مَا اسم موصول فِيْهِ جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول ہے، يَا حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل وَيْلَتَنَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نداء ہے مَا اسم استفہام لَام حرف جار هٰذَا الْكِتٰبِ مرکب توصیفی ذوالحال لَا يُغَادِرُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل صَغِيْرَةً معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ كَبِيْرَةً معطوف، دونوں مل کر مفعول بہ اول اِلَّا حرف استثنا اَحْصٰى فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ هٰذَا الْكِتٰبِ سے حال ہے، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ نداء کا جواب نداء باجواب مقولہ، قول بامقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف الْمُجْرِمِيْنَ کا حال ہے، ذوالحال باحال تَرٰی کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف نُسَيِّرُ پر معطوف ہے۔واؤ حالیہ وَجَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا عَمِلُوْا موصول باصلہ مفعول بہ اول حَاضِرًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ يَقُوْلُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔واؤ استینافیہ لَا يَظْلِمُ فعل رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل اَحَدًا مفعول بہ،

تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

رکوع نمبر ۷

وَ اِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ؕ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَ ذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِيْ وَ هُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ؕ بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ۝۵۰

آیت نمبر ۵۰: واؤ استینا فیہ اِذْ ظرف زمان مضاف قُلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لِلْمَلٰٓئِكَةِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، اسْجُدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل لِاٰدَمَ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ سَجَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّآ حرف استثنا اِبْلِيْسَ مستثنیٰ ہے، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِذْ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول بہ ہے فعل محذوف اُذْكُرْ کا، اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، تینوں مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم مِنَ الْجِنِّ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ فَسَقَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل عَنْ حرف جار اَمْرِ مضاف رَبِّهٖ مرکب اضافی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

هَمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تَكْفُرُوْنَ، تَتَّخِذُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هٗ ضمیر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ذُرِّيَّتَهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ اول اَوْلِيَآءَ موصوف مِنْ حرف جار دُوْنِيْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عَدُوٌّ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر تَتَّخِذُوْنَ کے دوسرے مفعول سے حال ہے، بِئْسَ فعل ذم لِلظّٰلِمِيْنَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم بَدَلًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال تمیز ہے بِئْسَ کی ضمیر مستتر سے، ممیز باتمیز بِئْسَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر خبر مقدم اور مبتدا مخصوص بالذم محذوف ہے هُوَ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ لَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۪ وَ مَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ۝۵۱

آیت نمبر ۵۱: مَا نافیہ اَشْهَدْتُّ فعل تَاء مضمومہ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول خَلْقَ مضاف السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ، مَا نافیہ كُنْتُ فعل ناقص تَاء مضمومہ ضمیر اس کا اسم مُتَّخِذَ اسم فاعل مضاف الْمُضِلِّيْنَ مضاف الیہ معنیٰ مفعول بہ اول عَضُدًا مفعول بہ ثانی اور اسم فاعل کا فاعل اَنَا ضمیر مستتر ہے، اسم فاعل

مضاف اپنے فاعل ومفعولین سے مل کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَ يَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَ جَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا۝

آیت نمبر ۵۲: واؤ استینافیہ یَوْمَ مضاف یَقُوْلُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، نَادُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل شُرَكَآءِيَ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِیْنَ اسم موصول زَعَمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اور اس کے دونوں مفعول محذوف ہیں، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ شُرَكَآءِيَ کی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل امر بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول یا مقولہ معطوف علیہ فاء عاطفہ دَعَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول فاء عاطفہ لَمْ یَسْتَجِیْبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَھُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی ہے، معطوف علیہ با معطوفین یَوْمَ کا مضاف الیہ ہے، پھر مرکب اضافی فعل محذوف اُذْكُرْ کا مفعول بہ ہے اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا واؤ حالیہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَیْنَھُمْ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم مَّوْبِقًا مفعول بہ اول مؤخر، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر لَمْ یَسْتَجِیْبُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا۝

آیت نمبر ۵۳: واؤ استینافیہ رَاٰی فعل اَلْمُجْرِمُوْنَ فاعل النَّارَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فاء عاطفہ ظَنُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اس کا اسم مُوَاقِعُوْھَا مرکب اضافی خبر، اَنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول واؤ عاطفہ لَمْ یَجِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْھَا جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم مَصْرِفًا مفعول بہ اول مؤخر، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۸ ❁

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا۝

آیت نمبر ۵۴: واؤ استینافیہ لَامْ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل صَرَّفْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِیْ حرف جار ھٰذَا الْقُرْاٰنِ مرکب توصیفی یا مبدل منہ با بدل یا مبین با عطف بیان مجرور، جار با مجرور متعلق اول ہوئے لِلنَّاسِ جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے مِنْ حرف جار كُلِّ مَثَلٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ثالث ہوئے، فعل بافاعل ومتعلقات ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ مستانفہ ہوا، واؤ استینافیہ کَانَ فعل ناقص اَلْاِنْسَانُ اس کا اسم اَکْثَرَ اسم تفضیل مضاف شَیْءٍ مضاف الیہ جَدَلًا تمیز، تینوں مل کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰى وَيَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵: واؤ استینافیہ مَا حرف نفی مَنَعَ فعل النَّاسَ مفعول بہ اوّل اَنْ حرف مصدری و نصب يُّؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر بتاویل مصدر مفعول بہ ثانی، اِذْ ظرف زمان مضاف جَآءَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ الْهُدٰى فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مَنَعَ کا مفعول فیہ ہے، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَسْتَغْفِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل رَبَّهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر محلًا منصوب مَنَعَ کا مفعول بہ ثانی ہے، اِلَّا حرف استثنا اَنْ حرف مصدری و نصب تَاْتِيَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ يَاْتِيَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، الْعَذَابُ ذوالحال قُبُلًا حال، ذوالحال با حال يَاْتِيَ کا فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مَنَعَ کا فاعل مؤخر ہے، فعل بافاعل و مفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ وَيُجَادِلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَمَآ اُنْذِرُوْا هُزُوًا ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶: واؤ عاطفہ مَا حرف نفی نُرْسِلُ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل الْمُرْسَلِيْنَ ذوالحال اِلَّا حرف استثناء مُبَشِّرِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مُنْذِرِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر معطوف، دونوں مل کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ يُجَادِلُ فعل الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ فاعل بِالْبَاطِلِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، لام جارہ برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يُدْحِضُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے الْحَقَّ مفعول بہ، چاروں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ یا حالیہ اتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اٰيٰتِيْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اُنْذِرُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ اوّل، هُزُوًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہے یا يُجَادِلُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ ۭ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰي قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِنْ تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ يَّهْتَدُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿۵۷﴾

آیت نمبر ۵۷: واؤ استینافیہ مَنْ استفہامیہ مبتدا، اَظْلَمُ اسم تفضیل هُوَ ضمیر مستتر فاعل مِنْ حرف جار مَنْ موصولہ ذُكِّرَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل، بَاء جارہ اٰيٰتِ رَبِّهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَعْرَضَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل عَنْهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ

معطوف اوّل ہوا، واؤ عاطفہ نَسِیَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل مَا موصول قَدَّمَتْ فعل يَدٰهُ مرکب اضافی فاعل، اور قَدَّمَتْ کا مفعول بہ ہٗ ضمیر محذوف ہے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ نَسِیَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مَنْ کا صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلٰی حرف جار قُلُوْبِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم اَكِنَّةً مفعول بہ اوّل مؤخر، اَنْ حرف مصدری ناصب يَفْقَهُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر تاویل مصدر مضاف الیہ ہے مضاف محذوف كَرَاهَةً کا، پھر مرکب اضافی جَعَلْنَا کا مفعول لہ، فعل بافاعل و مفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

واؤ عاطفہ فِیْ حرف جر اٰذَانِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور بواسطہ عطف کے جَعَلْنَا کا مفعول ثانی مقدم ہو کر وَقْرًا بواسطہ عطف کے جَعَلْنَا کا مفعول بہ اوّل مؤخر ہے، واؤ عاطفہ یا استینافیہ اِنْ حرف شرط تَدْعُ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اِلَی الْهُدٰی جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ لَنْ يَّهْتَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِذًا حرف جزاء و جواب مہملہ اَبَدًا مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ مستانفہ ہے یا اِنَّا جَعَلْنَا پر معطوف ہے۔

وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ۭ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ۭ بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْىِٕلًا ۝۵۸

آیت نمبر ۵۸: واؤ استینافیہ رَبُّكَ مرکب اضافی مبتدا، الْغَفُوْرُ خبر اوّل ذُو الرَّحْمَةِ مرکب اضافی خبر ثانی مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَوْ حرف شرط يُؤَاخِذُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ بِمَا ہ حرف جار مَا مصدریہ كَسَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر تاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لام جوابیہ عَجَّلَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل لَهُمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے الْعَذَابَ مفعول بہ، چاروں مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ بَلْ حرف عطف و اضراب لَهُمْ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَّوْعِدٌ موصوف لَنْ يَّجِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ دُوْنِهٖ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم مَوْىِٕلًا مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مَّوْعِدٌ کی صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَتِلْكَ الْقُرٰٓى اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ۝۵۹

آیت نمبر ۵۹: واؤ عاطفہ تِلْكَ الْقُرٰٓى موصوف باصفت یا مبدل منہ بابدل یا مبیّن با عطف بیان مبتدا اَهْلَكْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ لَمَّا بمعنی حِيْنَ ظرف زمان مضاف ظَلَمُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَام حرف جار مَهْلِكِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم مَّوْعِدًا مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با

معطوف خبر ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ رَبُّكَ الْغَفُوْرُ پر معطوف ہے۔

❁ رکوع نمبر ۹ ❁

وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِفَتَاهُ لَا أَبْرَحُ حَتَّىٰ أَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ أَوْ أَمْضِيَ حُقُبًا ۝٦٠

آیت نمبر ۶۰: واؤ استینا فیہ اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَ فعل مُوسٰی مرفوع تقدیراً فاعل لام حرف جار فَتٰہُ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، لَآ اَبْرَحُ فعل ناقص اَنَا ضمیر مستتر اس کا اسم حَتّٰی حرف غایت وجر اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، اَبْلُغَ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل مَجْمَعَ الْبَحْرَیْنِ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَمْضِیَ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل حُقُبًا مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر سَآئِرًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر مقولہ، قول با مقولہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ ہے فعل محذوف اُذْکُرْ کا، اُذْکُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ مستانفہ ہوا۔

فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا ۝٦١

آیت نمبر ۶۱: فَاء عاطفہ لَمَّا ظرفیہ متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم بَلَغَ فعل الف ضمیر فاعل مَجْمَعَ بَیْنِہِمَا مرکب اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط نَسِیَا فعل الف ضمیر فاعل حُوْتَہُمَا مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اتَّخَذَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سَبِیْلَہٗ مرکب اضافی ذوالحال فِی الْبَحْرِ ظرف مستقر کَآئِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ اول سَرَبًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر قَالَ پر معطوف ہے۔

فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتَاهُ آتِنَا غَدَاءَنَا لَقَدْ لَقِينَا مِنْ سَفَرِنَا هَٰذَا نَصَبًا ۝٦٢

آیت نمبر ۶۲: فَاء عاطفہ لَمَّا ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم جَاوَزَا فعل الف ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، لام جارہ فَتٰہُ مرکب اضافی تقدیراً مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اٰتِ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اول غَدَآءَنَا مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل لَقِیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْ حرف جار سَفَرِ نَا مرکب اضافی موصوف ھٰذَا صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے نَصَبًا مفعول بہ (از فقیر) اور بعض نے تمیز بنایا ہے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب، قسم با جواب جملہ مستانفہ مُعَلَّلہ ہوا۔

قَالَ أَرَأَيْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَإِنِّي نَسِيتُ الْحُوتَ وَمَا أَنْسَانِيهُ إِلَّا الشَّيْطَانُ أَنْ أَذْكُرَهُ ۚ وَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ ۖ عَجَبًا ۝٦٣

آیت نمبر ۶۳: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، ھمزہ حرف استفہام رَءَیْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر

فاعل اس کا مفعول محذوف ہے حَالَنَا، پھر حَالَنَا ذوالحال ہے، اِذْ مضاف اَوَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَی الصَّخْرَةِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال محذوف باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء استینافیہ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم نَسِیْتُ فعل تَاء مضمومہ ضمیر فاعل الْحُوْتَ مبدل منہ اَنْ حرف مصدری و نصب اَذْكُرَ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر تاویل مصدر بدل، مبدل منہ بابدل نَسِیْتُ کا مفعول بہ فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ بن کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ اعتراضیہ مَا نَافیہ اَنْسٰی فعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ ثانی، اِلَّا حرف استثناء الشَّیْطٰنُ مستثنیٰ مفرغ فاعل، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اتَّخَذَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سَبِیْلَهٗ مرکب اضافی ذوالحال فِی الْبَحْرِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ اوّل عَجَبًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ اِنِّیْ نَسِیْتُ پر معطوف ہے۔

قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۖ فَارْتَدَّا عَلٰۤى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ﴿۶۴﴾

آیت نمبر ۶۴: قَالَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا مَا اسم موصول كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم نَبْغِ یہ اصل میں نَبْغِیْ ہے تخفیف کی وجہ سے رسم الخط میں یاء محذوف ہے نَبْغِ فعل نَحْنُ مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ ارْتَدَّا فعل الف ضمیر ذوالحال قَصَصًا مصدر اسم فاعل کے معنی میں ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل عَلٰی حرف جار اٰثَارِهِمَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قَالَ پر معطوف ہے۔

فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَاۤ اٰتَیْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَ عَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿۶۵﴾

آیت نمبر ۶۵: فَاء عاطفہ وَجَدَا فعل الف ضمیر فاعل عَبْدًا موصوف، مِنْ حرف جار عِبَادِنَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال، اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل رَحْمَةً موصوف مِنْ حرف جار عِنْدِنَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَلَّمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اوّل، مِنْ حرف جار لَدُنَّا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے عِلْمًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف عَبْدًا کا حال ہے یا اس کی صفت ثانیہ ہے، ذوالحال باحال وَجَدَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ارْتَدَّا پر معطوف ہے۔

قَالَ لَهٗ مُوْسٰی هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰۤى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿۶۶﴾

آیت نمبر ۶۶: قَالَ فعل لَهٗ جار بامجرور متعلق ہوئے مُوْسٰی مرفوع تقدیرًا فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، هَلْ حرف استفہام اَتَّبِعُ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ عَلٰی حرف جار اَنْ حرف مصدری و نصب تُعَلِّمَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نون

وقایہ کا، یاء محذوفہ ضمیر مفعول بہ اوّل مِنْ حرف جار مَا مصدریہ عُلِّمْتَ فعل مجہول تَاء مفتوحہ ضمیر نائب فاعل، دونوں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے رُشْدًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و متعلق و مفعولین بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور مُتَّابِرًا کے متعلق ہو کر اَتَّبِعُ کے مفعول بہ سے حال ہے، اَتَّبِعُ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿۶۷﴾

آیت نمبر۶۷: قَالَ فعل هُوَ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کاف ضمیر اس کا اسم لَنْ تَسْتَطِيْعَ فعل اَنْتَ مستتر ذوالحال، مَعِيَ مرکب اضافی مَاشِيًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل صَبْرًا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ﴿۶۸﴾

آیت نمبر۶۸: واؤ عاطفہ كَيْفَ اسم استفہام كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم تَصْبِرُ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل عَلٰى حرف جار مَا اسم موصول لَمْ تُحِطْ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے خُبْرًا مفعول مطلق مِن غیر لفظہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور تَصْبِرُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ ہو کر اِنَّ پر معطوف ہے۔

قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا ﴿۶۹﴾

آیت نمبر۶۹: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، سِین علامت فعل تَجِدُ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل صَابِرًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط شَآءَ اللّٰهُ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے تَجِدُنِيْ صَابِرًا جس پر جملہ سابقہ دال ہے شرط با جزاء جملہ معترضہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَآ اَعْصِيْ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل لَكَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَمْرًا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر سَتَجِدُنِيْ پر معطوف ہے یا غَيْرَ عَاصٍ کی تاویل میں ہو کر صَابِرًا پر معطوف ہے۔

قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا تَسْئَلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ﴿۷۰﴾

آیت نمبر۷۰: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، فَاء جزائیہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ عَزَمْتَ عَلَى الصَّبْرِ، اِنْ حرف شرط اتَّبَعْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ لَا تَسْئَلْ فعل نہی اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، نون وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ، عَنْ شَيْءٍ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، حَتّٰى حرف غایت وجر اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے اُحْدِثَ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل لَكَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مِنْهُ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم ذِكْرًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال اُحْدِثَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور لَا تَسْئَلْ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر شرط محذوف کی

جزاء، شرط محذوف باجزاء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۰ ❁

فَانْطَلَقَا حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا ؕ قَالَ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا اِمْرًا ۝۷۱

آیت نمبر ۷۱: فاء استینافیہ اِنْطَلَقَا فعل الف ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ حَتّٰٓى ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَكِبَا فعل الف ضمیر فاعل فِي السَّفِيْنَةِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط خَرَقَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول ھمزہ حرف استفہام خَرَقْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُغْرِقَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل اَهْلَهَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل جِئْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل شَيْـًٔا اِمْرًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب قسم، قسم باجواب جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ۝۷۲

آیت نمبر ۷۲: قَالَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، ھمزہ حرف استفہام لَمْ اَقُلْ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کاف ضمیر منصوب اس کا اسم لَنْ تَسْتَطِيْعَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر ذوالحال مَعِيَ مرکب اضافی مَاشِيًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل صَبْرًا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ پہلے قول کا مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِيْ مِنْ اَمْرِيْ عُسْرًا ۝۷۳

آیت نمبر ۷۳: قَالَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، لَا تُؤَاخِذْ فعل نہی اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ، باء حرف جار مَا موصولہ نَسِيْتُ فعل تاء مضمومہ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور لَا تُؤَاخِذْ کے متعلق ہوئے، فعل نہی بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تُرْهِقْ فعل نہی اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ اول، مِنْ اَمْرِيْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عُسْرًا ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی، فعل نہی بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَانْطَلَقَا حَتّٰٓى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ ۙ قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةًۢ بِغَيْرِ نَفْسٍ ؕ لَقَدْ جِئْتَ

شَیْئًا نُّکْرًا ؀

آیت نمبر ۷۴: فَانْطَلَقَا کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے حَتّٰی ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم لَقِیَا فعل الف ضمیر فاعل غُلٰمًا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ قَتَلَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، ھَمزہ حرف استفہام قَتَلْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر ذوالحال، بَاء حرف جار غَیْرِ نَفْسٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل نَفْسًا زَکِیَّۃً مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ لَقَدْ جِئْتَ شَیْئًا نُّکْرًا کی ترکیب لَقَدْ جِئْتَ شَیْئًا اِمْرًا کی طرح ہے جو ابھی آیت نمبر ۷۱ میں گزری ہے۔

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِیْعَ مَعِیَ صَبْرًا ؀

آیت نمبر ۷۵: قَالَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، ھَمزہ حرف استفہام لَمْ اَقُلْ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل لَكَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِیْعَ مَعِیَ صَبْرًا کی ترکیب آیت نمبر ۷۲ میں گزر چکی ہے اور یہ مقولہ ہے، قول با مقولہ قول اوّل کا مقولہ ہے، پھر وہ جملہ فعلیہ خبریہ ہے۔

قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَیْءٍۭ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِیْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّیْ عُذْرًا ؀

آیت نمبر ۷۶: قَالَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل دونوں مل کر قول اِنْ حرف شرط سَاَلْتُ فعل تَاء مضمومہ ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ عَنْ شَیْءٍ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے بَعْدَھَا مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ لَا تُصٰحِبْ فعل نہی اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نون برائے وقایہ یاء ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَدْ علامت فعل بَلَغْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل مِنْ حرف جار لَدُنِّیْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، عُذْرًا ذوالحال مؤخر، دونوں مل کر مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

فَانْطَلَقَا حَتّٰۤی اِذَاۤ اَتَیَاۤ اَهْلَ قَرْیَةِ ِۨاسْتَطْعَمَاۤ اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ یُّضَیِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِیْهَا جِدَارًا یُّرِیْدُ اَنْ یَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ ؕ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَیْهِ اَجْرًا ؀

آیت نمبر ۷۷: فَاء استینافیہ اِنْطَلَقَا فعل الف ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ حَتّٰی ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَتَیَا فعل الف ضمیر فاعل اَھْلَ قَرْیَةٍ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط اِسْتَطْعَمَا فعل الف ضمیر فاعل اَھْلَھَا مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَبَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب یُضَیِّفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ھُمَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاء عاطفہ وَجَدَا فعل الف ضمیر فاعل فِیْھَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے جِدَارًا موصوف یُرِیْدُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب یَنْقَضَّ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر بتاویل مصدر یُرِیْدُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جِدَارًا کی صفت، موصوف باصفت وَجَدَا کا مفعول بہ ہے، فعل با فاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ اَبَوْا پر معطوف ہے۔ فَاء عاطفہ اَقَامَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ وَجَدَا پر معطوف ہے۔ قَالَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر قول لَوْ حرف شرط شِئْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَام جوابیہ اِتَّخَذْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل عَلَیْہِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم اَجْرًا مفعول بہ اوّل موخر، فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿۷۸﴾

آیت نمبر ۷۸: قَالَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، ھٰذَا اسم اشارہ مبتدا، فِرَاقُ مضاف بَیْنِیْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَیْنِکَ مرکب اضافی معطوف، دونوں مل کر فِرَاقُ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی خبر ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ سِین علامت فعل اُنَبِّئُ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ، بَاء حرف جر تَاْوِیْلِ مضاف مَا اسم موصول لَمْ تَسْتَطِعْ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل عَلَیْہِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے صَبْرًا مصدر با متعلق مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ صلہ، موصول با صلہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مجرور ہے، جار با مجرور ظرف لغو اُنَبِّئُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِي الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا ﴿۷۹﴾

آیت نمبر ۷۹: اَمَّا حرف شرط وتفسیر السَّفِیْنَةُ مبتدا قائم مقام شرط، فَاء جزائیہ کَانَتْ فعل ناقص ھِیَ ضمیر مستتر اس کا اسم لَام حرف جر مَسٰکِیْنَ موصوف یَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِی الْبَحْرِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَرَدْتُّ فعل تَاء مضمومہ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب اَعِیْبَ فعل اَنَا ضمیر فاعل ھَا ضمیر منصوب ذوالحال، واؤ حالیہ اور اس کے بعد قَدْ مقدر ہے، کَانَ فعل ناقص وَرَآءَھُمْ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم مَلِكٌ موصوف یَاْخُذُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل کُلَّ سَفِیْنَةٍ مرکب اضافی مفعول بہ غَصْبًا بواسطہ موصوف محذوف اَخْذًا کے مفعول مطلق ہے یا یہ مفعول لہ ہے، فعل با فاعل ومفعول بہ ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مَلِكٌ کی صفت، موصوف باصفت اسم موخر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے، ذوالحال با حال اَعِیْبَ کا مفعول بہ ہے، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر اَرَدْتُّ کا مفعول بہ ہے، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ کَانَتْ پر معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف خبر قائم مقام جزاء ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ اَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَاۤ اَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّ كُفْرًا ﴿۸۰﴾

آیت نمبر۸۰: واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط و تفسیر اَلْغُلٰمُ مبتدا قائم مقام شرط، فاء جزائیہ کَانَ فعل ناقص اَبَوٰهُ مرکب اضافی اس کا اسم مُؤْمِنَيْنِ اسم فاعل هُمَا ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ خَشِيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب يُّرْهِقَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل هُمَا ضمیر منصوب مفعول بہ طُغْيَانًا وَّ كُفْرًا معطوف علیہ با معطوف مفعول لہ ہے، یا اسم فاعل کے معنی میں ہو کر يُرْهِقَ کے فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر خَشِيْنَا کا مفعول بہ ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف اَلْغُلٰمُ کی خبر ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اَمَّا السَّفِيْنَةُ پر معطوف ہے۔

فَاَرَدْنَاۤ اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّ اَقْرَبَ رُحْمًا ﴿۸۱﴾

آیت نمبر۸۱: فاء عاطفہ اَرَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب يُبْدِلَ فعل هُمَا ضمیر منصوب مفعول بہ رَبُّهُمَا مرکب اضافی فاعل خَيْرًا اسم تفضیل هُوَ ضمیر مستتر فاعل مِنْهُ جار با مجرور متعلق ہوئے زَكٰوةً تمیز اسم تفضیل بافاعل و متعلق و تمیز معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَقْرَبَ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل رُحْمًا تمیز، اسم تفضیل بافاعل و تمیز معطوف، معطوف علیہ با معطوف يُبْدِلَ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر اَرَدْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خَشِيْنَا پر معطوف ہے۔

وَ اَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِي الْمَدِيْنَةِ وَ كَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا وَ كَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا ج فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَاۤ اَشُدَّهُمَا وَ يَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا صلے رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ج وَ مَا فَعَلْتُهٗ عَنْ اَمْرِيْ ط ذٰلِكَ تَاْوِيْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿۸۲﴾

آیت نمبر ۱۴: اِنَّ حرف تحقیق نون برائے وقایہ، یَاء ضمیر اس کا اسم اَنَا ضمیر مبتدا، اَللّٰہُ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر اول، لَا نفی جنس اِلٰہَ مبدل منہ اِلَّا حرف استثناء اَنَا ضمیر لَا کے اسم کے محل سے بدل ہے، اور خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ، لَا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّ کی خبر ثانی، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ صَدَّقْتَ كَوْنِيْ اِلٰهًا، اُعْبُدْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَقِمِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل الصَّلٰوۃَ مفعول بہ، لَام حرف جار ذِکْرِیْ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل امر با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط محذوف کی جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا تَسْعٰى ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: اِنَّ حرف تحقیق السَّاعَۃَ اس کا اسم اٰتِیَۃٌ اسم فاعل ھِیَ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر اول اَکَادُ فعل مقارب

اَنَا مستتر اس کا اسم اُخْفِیْ فعل اَنَا مستتر فاعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل مقارب باسم وخبر اِنَّ کی خبر ثانی، اِنَّ باسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلِّلَہ ہوا۔ لَامِ حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُجْزٰی فعل مجہول کُلُّ نَفْسٍ مرکب اضافی نائب فاعل، بِاَء حرف جار مَا مصدریہ تَسْعٰی فعل ھِیَ مستتر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور اٰتِیَۃٌ کے متعلق ہوئے

فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ﴿١٦﴾

آیت نمبر ۱۶: فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ اَقَمْتَ الصَّلٰوۃَ، لَا یَصُدَّنَّ فعل نہی کاف ضمیر منصوب مفعول بہ عَنْھَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، مَنْ اسم موصول لَا یُؤْمِنُ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِھَا جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِتَّبَعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھَوٰہُ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ لَا یَصُدَّنَّ کا فاعل، فعل نہی بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا فاء عاطفہ سببیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے اس لئے کہ یہ فاء نہی کے جواب میں ہے، تَرْدٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر رَدْیٌ مِّنْکَ مصدر کی تاویل میں ہو کر معطوف ہے صَدٌّ مصدر پر جو کہ لَا یَصُدَّنَّ سے نکلتا ہے۔

وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى ﴿١٧﴾

آیت نمبر ۱۷: واؤ استینا فیہ مَا استفہامیہ مبتدا، تِلْکَ اسم اشارہ ذوالحال بَاء حرف جار یَمِیْنِکَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ جواب نداء مقدم، یَاء حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل مُوْسٰی محلاً منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر نداء موخر، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا

قَالَ هِيَ عَصَايَ ۚ اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَاَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِيْ وَلِيَ فِيْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰى ﴿١٨﴾

آیت نمبر ۱۸: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، ھِیَ ضمیر مبتدا، عَصَایَ مرکب اضافی خبر اوّل، اَتَوَکَّؤُا فعل اَنَا مستتر فاعل عَلَیْھَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَھُشُّ فعل اَنَا مستتر فاعل بِھَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، عَلٰی حرف جار غَنَمِیْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لِیْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہوئے، کَائِنَۃٌ اسم فاعل ھِیَ مستتر فاعل، فِیْھَا جار با مجرور ظرف لغو کَائِنَۃٌ کے متعلق ہوئے، کَائِنَۃٌ اسم فاعل اپنے فاعل و متعلقین سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم مَاٰرِبُ اُخْرٰی مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین ھِیَ کی خبر ثانی ہے، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ ہے، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى ﴿١٩﴾ فَاَلْقٰىهَا فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ﴿٢٠﴾

آیت نمبر ۱۹، ۲۰: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اَلْقِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر جواب نداء مقدم، یٰمُوْسٰی کی ترکیب آیت نمبر ۱۷ میں گزری ہے اور یہ نداء موخر ہے، نداء باجواب جملہ انشائیہ

ہو کر مقولہ، قول با مقولہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَلْقٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فاء عاطفہ اِذَا مفاجاتیہ تَسْعٰی کا مفعول فیہ مقدم ھِیَ ضمیر مبتدا، حَیَّۃٌ موصوف تَسْعٰی فعل ھِیَ مستتر فاعل، دونوں مل کر حَیَّۃٌ کی صفت، موصوف باصفت ھِیَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین قَالَ پہ معطوف ہوا۔

قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ سَنُعِيدُهَا سِيرَتَهَا الْأُولَىٰ ﴿٢١﴾

آیت نمبر ۲۱: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، خُذْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَخَفْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ سِین علامت فعل، نُعِیْدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ سِیْرَتَھَا مرکب اضافی موصوف اَلْاُوْلٰی اسم تفضیل ھِیَ مستتر نائب فاعل، دونوں مل کر صفت، موصوف باصفت منصوب بنزع الخافض اصل میں اِلٰی سِیْرَتِھَا ہے، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مُعَلِّلَہ ہوا۔

وَاضْمُمْ يَدَكَ إِلَىٰ جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوءٍ آيَةً أُخْرَىٰ ﴿٢٢﴾

آیت نمبر ۲۲: واؤ عاطفہ اُضْمُمْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل یَدَکَ مرکب اضافی مفعول بہ اِلٰی حرف جار جَنَاحِکَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ خُذْھَا پر معطوف ہے۔ تَخْرُجْ فعل مضارع ھِیَ ضمیر مستتر ذوالحال، بَیْضَآءَ صیغہ صفت ھِیَ ضمیر ذوالحال مِنْ حرف جار غَیْرِ سُوْٓءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال اولی، اٰیَۃً اُخْرٰی مرکب توصیفی حال ثانیہ، ذوالحال باحالین بَیْضَآءَ کا فاعل، صیغہ صفت بافاعل شبہ جملہ ہو کر ھِیَ ضمیر کا حال، ذوالحال باحال تَخْرُجْ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ جزاء ہے، اور شرط محذوف ہے اِنْ تَضْمُمْ یَدَکَ اِلٰی جَنَاحِکَ، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

لِنُرِيَكَ مِنْ آيَاتِنَا الْكُبْرَىٰ ﴿٢٣﴾

آیت نمبر ۲۳: لَام حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نُرِیَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ مِنْ حرف جار اٰیٰتِنَا مرکب اضافی موصوف اَلْکُبْرٰی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اٰیَۃً کے مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف آتَیْنَاکَ ذٰلِکَ کے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اذْهَبْ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغَىٰ ﴿٢٤﴾

آیت نمبر ۲۴: اِذْھَبْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اِلٰی فِرْعَوْنَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم طَغٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلِّلَہ ہوا۔

رکوع نمبر ۲

قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿۲۵﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۵، ۲۶، ۲۷: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، رَبِّ یہ اصل میں یَارَبِّیْ ہے اور یہ نداء ہے، اِشْرَحْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لِيْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے صَدْرِيْ مرکب اضافی منصوب تقدیرًا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَسِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لِيْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَمْرِيْ مرکب اضافی منصوب تقدیرًا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ انشائیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ احْلُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عُقْدَةً مفعول بہ مِنْ لِّسَانِيْ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جواب نداء، نداء با جواب جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: يَفْقَهُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل قَوْلِيْ مرکب اضافی منصوب تقدیرًا مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء ہے اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ تَحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ اس لئے کہ یہ جواب امر ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ ﴿۲۹﴾ هٰرُوْنَ اَخِي ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۲۹، ۳۰ : واؤ عاطفہ اجْعَلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لِيْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم وَزِيْرًا موصوف مِنْ حرف جار اَهْلِيْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مبدل منہ، هٰرُوْنَ مبین، اَخِي مرکب اضافی عطف بیان، مبین با عطف بیان بدل، مبدل منہ با بدل مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ اشْرَحْ پر معطوف ہے۔

اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِيْ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: اُشْدُدْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَزْرِيْ مرکب اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

وَاَشْرِكْهُ فِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲ : واؤ عاطفہ اَشْرِكْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فِيْ حرف جار اَمْرِيْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ اُشْدُدْ پر معطوف ہے۔

كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا ﴿۳۳﴾ وَّنَذْكُرَكَ كَثِيْرًا ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۳، ۳۴: كَيْ حرف مصدری و تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نُسَبِّحَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ كَثِيْرًا بالواسطہ موصوف محذوف تَسْبِيْحًا کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَذْكُرَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ كَثِيْرًا بالواسطہ موصوف محذوف ذِكْرًا کے مفعول مطلق ہے، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ

خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور اَشْرِكْ کے متعلق ہوئے۔

اِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِيْرًا ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم كُنْتَ فعل ناقص تَاء مفتوحہ اس کا اسم بِنَا جار با مجرور متعلق مقدم بَصِيْرًا صیغہ صفت اَنْتَ مستتر فاعل، صیغہ صفت با فاعل و متعلق مقدم خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

قَالَ قَدْ اُوْتِيْتَ سُؤْلَكَ يٰمُوْسٰى ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۶: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، قَدْ علامت فعل، اُوْتِيْتَ فعل مجہول تَاء مفتوحہ ضمیر نائب فاعل سُؤْلَكَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جواب ندا مقدم يٰمُوْسٰى کی ترکیب ما قبل میں گزر چکی ہے اور یہ ندا مؤخر ہے، ندا با جواب جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً اُخْرٰٓى ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، مَنَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْكَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَرَّةً اُخْرٰى مرکب توصیفی مفعول فیہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب ہے، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

اِذْ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّكَ مَا يُوْحٰٓى ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: اِذْ ظرف زمان مضاف اَوْحَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلٰى حرف جار اُمِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَا اسم موصول يُوْحٰى فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مَنَنَّا کا مفعول فیہ ہے۔

اَنِ اقْذِفِيْهِ فِى التَّابُوْتِ فَاقْذِفِيْهِ فِى الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَاْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّىْ وَعَدُوٌّ لَّهٗ ؕ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّىْ ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِىْ ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: اَنْ حرف مصدریہ اِقْذِفِيْ فعل امر يَاء ضمیر مرفوع فاعل ہٖ ضمیر منصوب مفعول بہ، فِى التَّابُوْتِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اِقْذِفِيْ فعل امر يَاء ضمیر مرفوع فاعل ہٖ ضمیر منصوب مفعول بہ فِى الْيَمِّ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف اول، فَاء عاطفہ لِيُلْقِ فعل امر ہٖ ضمیر منصوب مفعول بہ بِالسَّاحِلِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اَلْيَمُّ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف ثانی ، معطوف علیہ با معطوفین بتاویل مصدر مَا يُوْحٰى سے بدل ہے، اور اگر اَنْ حرف تفسیر ہو تو پھر جملہ مفسرہ ہے۔ يَاْخُذْ فعل مضارع ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ عَدُوٌّ موصوف لِىْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف

باصفت معطوف علیہ واؤ عاطفہ عَدُوٌّ موصوف لَہٗ جار باجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف یَأْخُذْ کا فاعل ہے، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط محذوف کی جزاء ہے، اور شرط یہ ہے اِنْ تَقْذِفِیْهِ فِی التَّابُوْتِ فَتَقْذِفِیْهِ ...الخ، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ استینا فیہ اَلْقَیْتُ فعل تاء مضمومہ فاعل عَلَیْكَ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَحَبَّةً موصوف مِنْ حرف جار نون برائے وقایہ یاء ضمیر محلاً مجرور، جار باجرور ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُصْنَعَ فعل مجہول اَنْتَ مستتر نائب فاعل عَلٰی حرف جار عَیْنِیْ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار باجرور معطوف ہے، اور معطوف علیہ محذوف ہے اور وہ لِیَتَلَطَّفَ بِكَ ہے، پھر معطوف علیہ بامعطوف اَلْقَیْتُ کے متعلق ہے۔

اِذْ تَمْشِیْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰی مَنْ یَّكْفُلُهٗ ؕ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓی اُمِّكَ كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَ لَا تَحْزَنَ ؕ۬ وَ قَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّیْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَ فَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۫ فَلَبِثْتَ سِنِیْنَ فِیْٓ اَهْلِ مَدْیَنَ ۙ۬ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰی قَدَرٍ یّٰمُوْسٰی ۝

آیت نمبر ۴۰: اِذْ ظرف زمان مضاف تَمْشِیْ فعل اُخْتُكَ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ تَقُوْلُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، هَلْ حرف استفہام اَدُلُّ فعل اَنَا مستتر فاعل عَلٰی حرف جار مَنْ اسم موصول یَكْفُلُ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور اَدُلُّ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِذْ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی اَلْقَیْتُ یا تُصْنَعَ کا مفعول فیہ ہے، یا فعل محذوف اُذْكُرْ کا مفعول فیہ ہے۔

فاء عاطفہ رَجَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اِلٰی حرف جار اُمِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، كَیْ حرف تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَقَرَّ فعل عَیْنُهَا مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَاتَحْزَنَ فعل هِیَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر لام مقدر کا مجرور، جار باجرور رَجَعْنَا کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلقین معطوف ہے، اور معطوف علیہ مقدر ہے اُجِیْبَتْ فَجَآءَتْ اُمُّكَ۔ واؤ استینافیہ قَتَلْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل نَفْسًا مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ نَجَّیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، مِنَ الْغَمِّ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ فَتَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ فُتُوْنًا مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

فاء استینافیہ لَبِثْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل سِنِیْنَ مفعول فیہ، فِیْ حرف جار اَهْلِ مَدْیَنَ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول فیہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ جِئْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل عَلٰی قَدَرٍ ظرف مستقر

مُوَافِقًا کے متعلق ہو کر جِئْتَ کے فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب نداء مقدم، یٰمُوْسٰی کی ترکیب ماقبل میں گزر چکی ہے اور یہ نداء مؤخر ہے، پھر نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ ﴿۴۱﴾

آیت نمبر ۴۱: واؤ عاطفہ اِصْطَنَعْتُ فعل تَاء مضمومہ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ۔ لَام حرف جار نَفْسِيْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ جِئْتُ پہ معطوف ہے۔

اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ بِاٰيٰتِيْ وَلَا تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۲: اِذْهَبْ فعل امر اَنْتَ مستتر مؤکد اَنْتَ ضمیر منفصل تاکید، مؤکد باتاکید معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَخُوْكَ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف فاعل بَاء حرف جار اٰيٰتِيْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَنِيَا فعل نہی الف ضمیر فاعل فِيْ حرف جار ذِكْرِيْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ انشائیہ نہیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِذْهَبَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳: اِذْهَبَا فعل الف ضمیر فاعل اِلٰى حرف جار فِرْعَوْنَ مجرور بالفتح مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ جملہ اولی کی تاکید ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم طَغٰى فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۴: فَاء عاطفہ قُوْلَا فعل الف ضمیر فاعل لَهٗ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے قَوْلًا لَّيِّنًا مرکب توصیفی مفعول بہ یا مفعول مطلق ہے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول جملہ انشائیہ اِذْهَبَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ پہ معطوف ہے۔ لَعَلَّ حرف ترجی ہٗ ضمیر اس کا اسم يَتَذَكَّرُ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف علیہ، اَوْ حرف عطف يَخْشٰى فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، لَعَلَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معللہ ہے۔ یا رَاجِيَيْنِ تَذَكُّرَهٗ اَوْ خَشْيَهٗ کی تاویل میں ہو کر قُوْلَا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵: قَالَا فعل الف ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، رَبَّنَا یہ اصل میں یَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم نَخَافُ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل، اَنْ حرف مصدری و نصب يَفْرُطَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْنَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَنْ حرف مصدری و نصب يَطْغٰى فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر بتاویل مصدر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف محلًا منصوب نَخَافُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی

خبر اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب ندا، پھر نداء باجواب مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰى ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول ہے، لَا تَخَافَا فعل الف ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نون برائے وقایہ یاء ضمیر اس کا اسم مَعَكُمَا مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر اِنَّ کی خبر اوّل ہے، اَسْمَعُ فعل اَنَا مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَرٰی فعل اَنَا مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف محلاً منصوب اِنَّ کی خبر ثانی، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا یا معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کے اسم سے حال ہے، یا جملہ مستانفہ ہے۔

فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۥۙ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ؕ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ؕ وَالسَّلٰمُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ﴿۴۷﴾

آیت نمبر ۴۷: فاء عاطفہ اِئْتِیَا فعل امر الف ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ قُوْلَا فعل امر الف ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ قول، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم رَسُوْلَا رَبِّكَ مرکب اضافی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف لَا تَخَافَا پر معطوف ہے۔ فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تَنَبَّهٗ یَافِرْعَوْنُ، اَرْسِلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مَعَنَا مرکب اضافی مفعول فیہ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لَا تُعَذِّبْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ اَرْسِلْ پر معطوف ہے۔ قَدْ علامت فعل، جِئْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، باء حرف جار اٰیَةٍ موصوف مِنْ رَّبِّكَ ظرف مستقر کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل اپنے فاعل و مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ السَّلٰمُ مبتدا، عَلٰی حرف جار مَنْ اسم موصول اِتَّبَعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْهُدٰی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّا قَدْ اُوْحِيَ اِلَيْنَآ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰى مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۸: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم قَدْ علامت فعل، اُوْحِیَ فعل مجہول اِلَیْنَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اَنَّ حرف تحقیق الْعَذَابَ اس کا اسم عَلٰی حرف جار مَنْ اسم موصول كَذَّبَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَوَلّٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مصدر نائب فاعل، اُوْحِیَ فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ اُوْحِیَ اِلَیْکُمَا،

مَنْ استفہامیہ مبتدا، رَبُّکُمَا مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر جواب ندا مقدم، یٰمُوْسٰی ندا مؤخر، پھر ندا با جواب ندا شرط محذوف کی جزاء ہے، شرط با جزاء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ رَبُّنَا الَّذِیْٓ اَعْطٰی کُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰی ۝۵۰

آیت نمبر ۵۰: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر قول، رَبُّنَا مرکب اضافی مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول اَعْطٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل کُلَّ شَیْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ اول، خَلْقَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ هَدٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰی ۝۵۱

آیت نمبر ۵۱: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ کَانَ رَبُّکَ قَدْ اَعْطٰی وَھَدٰی، مَا استفہامیہ مبتدا، بَالُ مضاف الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰی مرکب توصیفی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ جزاء ہے، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّیْ فِیْ کِتٰبٍ ۚ لَا یَضِلُّ رَبِّیْ وَلَا یَنْسَی ۝۵۲

آیت نمبر ۵۲: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، عِلْمُهَا مرکب اضافی مبتدا، عِنْدَ رَبِّیْ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہے، فِیْ کِتٰبٍ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہے، کَائِنٌ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل و مفعول فیہ و متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَا یَضِلُّ فعل رَبِّیْ مرکب اضافی مرفوع تقدیراً فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یَنْسٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّ سَلَکَ لَکُمْ فِیْهَا سُبُلًا وَّ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ؕ فَاَخْرَجْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْ نَّبَاتٍ شَتّٰی ۝۵۳

آیت نمبر ۵۳: اَلَّذِیْ اسم موصول جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَکُمُ جار با مجرور متعلق ہوئے الْاَرْضَ مفعول بہ اول مَهْدًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَلَکَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَکُمْ جار با مجرور متعلق اول ہوئے فِیْهَا جار با مجرور سَلَکَ کے متعلق ثانی ہوئے یا کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم ہے، سُبُلًا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلقین و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ اَنْزَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنَ السَّمَآءِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَآءً مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول با صلہ رَبِّیْ کی صفت ہے یا مبتدا محذوف ھُوَ کی خبر ہے، یا محلاً منصوب فعل محذوف اَمْدَحُ کا مفعول بہ ہے، فاء عاطفہ اَخْرَجْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَزْوَاجًا موصوف مِنْ نَّبَاتٍ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، شَتّٰی صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مفعول بہ،

فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ اَنْزَلَ پر معطوف ہے۔

كُلُوْا وَارْعَوْا اَنْعَامَكُمْ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی النُّهٰى۠ ﴿۵۴﴾

آیت نمبر ۵۴: كُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ہو دونوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ارْعَوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنْعَامَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق فِیْ ذٰلِكَ جار باعجرور ظرف مستقر کَائِنَاتٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، لَامْ مذحلقہ اٰیٰتٍ موصوف لَامْ حرف جار اُولِی النُّهٰى مرکب اضافی مجرور، جار باعجرور ظرف مستقر کَائِنَاتٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَ فِیْهَا نُعِیْدُكُمْ وَ مِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵: مِنْهَا جار باعجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فِیْهَا جار باعجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، نُعِیْدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مِنْهَا جار باعجرور ظرف لغو متعلق ہوئے نُخْرِجُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ تَارَةً اُخْرٰى مرکب توصیفی مفعول فیہ، فعل بافاعل و متعلق مقدم و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ لَقَدْ اَرَیْنٰهُ اٰیٰتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَ اَبٰى ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶: واؤ استینا فیہ لَامْ موطیہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اَرَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل اٰیٰتِنَا مرکب اضافی مؤکد كُلَّهَا مرکب اضافی تاکید، مؤکد با تاکید مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ كَذَّبَ فعل هُوَ مستتر فاعل، ہو دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَبٰى فعل هُوَ ضمیر فاعل، ہو دونوں مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین قسم کا جواب ہے، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

قَالَ اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ یٰمُوْسٰى ﴿۵۷﴾

آیت نمبر ۵۷: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، همزہ حرف استفہام جِئْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، لَامْ حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُخْرِجَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، مِنْ حرف جار اَرْضِنَا مرکب اضافی مجرور، جار باعجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، بَاء حرف جار سِحْرِكَ مرکب اضافی مجرور، جار باعجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین بتاویل مصدر مجرور، جار باعجرور جِئْتَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ استفہامیہ ہو کر جواب نداء مقدم، یٰمُوْسٰى اس کی ترکیب متعدد مرتبہ اسی سورت میں گزر چکی ہے، اور یہ نداء ہے، نداء با جواب مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَلَنَاْتِیَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ بَیْنَنَا وَ بَیْنَكَ مَوْعِدًا لَّا نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَ لَاۤ اَنْتَ

مَكَانًا سُوًى ﴿٥٨﴾

آیت نمبر ۵۸: فَاء عاطفہ لَامِ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے فَلَنَاْتِيَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ بَاء حرف جار سِحْرٍ موصوف مِثْلِهٖ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ قَبِلْتَ الْقَاءَ ، اِجْعَلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بَيْنَنَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَيْنَكَ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی مقدم مَوْعِدًا موصوف لَا نُخْلِفُهٗ فعل نَحْنُ مستتر مؤکد نَحْنُ ضمیر منفصل تاکید، مؤکد باتاکید معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَنْتَ معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مَكَانًا سُوًى مرکب اضافی اِجْعَلْ کا مفعول فیہ۔ لَا نُخْلِفُ فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مَوْعِدًا کی صفت ہے، موصوف باصفت اِجْعَلْ کا مفعول بہ اوّل مؤخر، اِجْعَلْ فعل اپنے فاعل ومفعولین سے مل کر شرط محذوف کی جزاء ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا

قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ وَاَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ﴿٥٩﴾

آیت نمبر ۵۹: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَوْعِدُكُمْ مرکب اضافی مبتدا، يَوْمُ الزِّيْنَةِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْ حرف مصدری ونصب يُحْشَرَ فعل مجہول النَّاسُ نائب فاعل ضُحًى مفعول فیہ، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَتَوَلّٰى فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ﴿٦٠﴾

آیت نمبر ۶۰: فَاء استینافیہ تَوَلّٰى فعل فِرْعَوْنُ فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ جَمَعَ فعل هُوَ مستتر فاعل كَيْدَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ اَتٰى فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ ۚ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰى ﴿٦١﴾

آیت نمبر ۶۱: قَالَ فعل لَهُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مُوْسٰى مرفوع تقدیراً فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول ہے، وَيْلَكُمْ مرکب اضافی فعل محذوف اَهْلَكَكُمُ اللّٰهُ کا مفعول مطلق مِنْ غَيْرِ لَفْظِهٖ ہے، پھر یہ جملہ معترضہ ہے۔ (فقیر) لَا تَفْتَرُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل عَلَى اللّٰهِ جار با مجرور ظرف لغو، متعلق ہوئے كَذِبًا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ انشائیہ مقولہ ہے، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہے، فَاء عاطفہ سببیہ يُسْحِتَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ بِعَذَابٍ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر (اس لئے کہ فَاء کے بعد اَنْ مقدّر ہے) اِفْتِرَآءٌ معطوف ہے جو لَا تَفْتَرُوْا سے بنایا گیا ہے کیونکہ وہ لَا يَكُنْ مِنْكُمْ اِفْتِرَآءٌ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا کی تاویل میں ہے۔ واؤ استینافیہ قَدْ علامت فعل، خَابَ فعل مَنْ اسم موصول اِفْتَرٰى فعل هُوَ

مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَتَنَازَعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى ۝۶۲

آیت نمبر ۶۲: فَا استینافیہ تَنَازَعُوْٓا فعل واؤ ضمیر فاعل اَمْرَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ بَيْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَسَرُّوا فعل واؤ ضمیر فاعل النَّجْوٰى منصوب تقدیراً مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰىنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى ۝۶۳

آیت نمبر ۶۳: قَالُوْٓا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنْ مخفف من المثقلہ ضمیر شان محذوف اس کا اسم هٰذٰنِ اسم اشارہ مبتدا، لام فارقہ سٰحِرٰنِ موصوف يُرِيْدٰنِ فعل الف ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب يُّخْرِجٰا فعل الف ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ حرف جار اَرْضِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق اول ہوئے، بَاء حرف جار سِحْرِهِمَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی، فعل بافاعل ومتعلقین ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَذْهَبَا فعل الف ضمیر فاعل بَاء حرف جار طَرِيْقَتِكُمْ مرکب اضافی موصوف الْمُثْلٰى صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف لغو يَذْهَبَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر يُرِيْدٰنِ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ سٰحِرٰنِ کی صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاَجْمِعُوْا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ۚ وَقَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰى ۝۶۴

آیت نمبر ۶۴: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ اَرَدْتُّمُ الْغَلَبَةَ. اَجْمِعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كَيْدَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ ائْتُوْا فعل امر واؤ ضمیر ذوالحال صَفًّا بمعنی اسم فاعل حال، ذوالحال باحال فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط محذوف کی جزاء ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ قَدْ علامت فعل، اَفْلَحَ فعل الْيَوْمَ مفعول فیہ مَنْ اسم موصول اسْتَعْلٰى فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰى ۝۶۵

آیت نمبر ۶۵: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، يٰمُوْسٰٓى کی ترکیب اسی سورت میں متعدد بار گزر چکی ہے، اور یہ ندا ہے، اِمَّا حرف تردید وتقسیم اَنْ حرف مصدری ونصب تُلْقِيَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل، دونوں مل کر بتاویل مصدر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِمَّا تردیدیہ اَنْ حرف مصدری ونصب نَّكُوْنَ فعل ناقص نَحْنُ مستتر فاعل اَوَّلَ مضاف مَنْ اسم موصول اَلْقٰى فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی خبر، فعل ناقص با اسم وخبر بتاویل مصدر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا محذوف

الْاَمْرُ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب ندا ہے، ندا با جواب ندا مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ بَلْ اَلْقُوْا ج فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَ عِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰى ﴿٦٦﴾

آیت نمبر ۶۶: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول بَلْ حرف اضراب و عطف اور معطوف علیہ محذوف ہے لَا اُلْقِیْ اَوَّلًا۔ اَلْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ معطوف، دونوں مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے فَاَلْقَوْا، اِذَا مفاجاتیہ یُخَیَّلُ کا مفعول فیہ مقدم ہے (روح المعانی) حِبَالُهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عِصِيُّهُمْ مرکب اضافی معطوف، دونوں مل کر مبتدا، یُخَیَّلُ فعل اِلَيْهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، مِنْ حرف جار سِحْرِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ثانی، اَنَّ حرف تحقیق هَا ضمیر اس کا اسم تَسْعٰی فعل هِیَ مستتر فاعل، دونوں مل کر اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مصدر نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔

فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً مُّوْسٰى ﴿٦٧﴾

آیت نمبر ۶۷: فَاء عاطفہ اَوْجَسَ فعل مُوْسٰی فاعل فِيْ حرف جار نَفْسِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے خِیْفَةً مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حِبَالُهُمْ وَ عِصِيُّهُمْ پر معطوف ہے۔

قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ﴿٦٨﴾

آیت نمبر ۶۸: قُلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، لَا تَخَفْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل، فعل نہی با فاعل جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم اَنْتَ ضمیر مبتدا، اَلْاَعْلٰی اسم تفضیل اَنْتَ ضمیر فاعل، اسم تفضیل با فاعل شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ اَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ط اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ط وَ لَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿٦٩﴾

آیت نمبر ۶۹: واؤ عاطفہ اَلْقِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مَا موصولہ فِيْ حرف جار يَمِيْنِكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر لَا تَخَفْ پر معطوف ہے۔ تَلْقَفْ فعل هِیَ مستتر فاعل مَا اسم موصول صَنَعُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط محذوف اِنْ تُلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ کی جزاء ہے، کیونکہ تَلْقَفْ جواب امر ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق مَا اسم موصول صَنَعُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ اِنَّ کا اسم كَيْدُ سٰحِرٍ مرکب اضافی اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا یُفْلِحُ فعل السَّاحِرُ فاعل حَيْثُ مضاف اَتٰی فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول فیہ ہے، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّمَا پر معطوف ہے۔

فَاُلْقِیَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَ مُوْسٰی ۝

آیت نمبر ۷۰: فاء عاطفہ اُلْقِیَ فعل مجہول السَّحَرَةُ ذوالحال سُجَّدًا اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ قَالُوْٓا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل بَاء حرف جار رَبِّ مضاف هٰرُوْنَ وَ مُوْسٰی معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور اٰمَنَّا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ یا اَلسَّحَرَةُ کا حال ثانیہ ہوا۔

قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ؕ اِنَّهٗ لَكَبِیْرُكُمُ الَّذِیْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَاُقَطِّعَنَّ اَیْدِیَكُمْ وَ اَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِیْ جُذُوْعِ النَّخْلِ ۫ وَ لَتَعْلَمُنَّ اَیُّنَاۤ اَشَدُّ عَذَابًا وَّ اَبْقٰی ۝

آیت نمبر ۷۱: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اٰمَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل لَهٗ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے قَبْلَ مضاف اَنْ حرف مصدری و نصب اٰذَنَ فعل اَنَا مستتر فاعل لَكُمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ كَبِیْرُكُمْ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول عَلَّمَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل السِّحْرَ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

فاء استینا فیہ لَام موطۂ للقسم اور قسم محذوف ہے اُقَطِّعَنَّ فعل اَنَا مستتر فاعل اَیْدِیَكُمْ وَ اَرْجُلَكُمْ معطوف علیہ با معطوف ذوالحال مِنْ خِلَافٍ ظرف مستقر كَائِنَاتٍ کے متعلق ہوکر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، پھر قسم باجواب جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام موطۂ للقسم اور قسم محذوف ہے اُصَلِّبَنَّ فعل اَنَا مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ فِیْ حرف جار جُذُوْعِ النَّخْلِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جواب قسم، قسم باجواب جملہ انشائیہ قسمیہ ہوکر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَام موطۂ للقسم اور قسم محذوف ہے تَعْلَمُنَّ فعل واؤ محذوفہ لالتقاء الساکنین فاعل اَیُّنَاۤ اسم موصول اَشَدُّ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل عَذَابًا تمیز، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَبْقٰی فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا محذوف هُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول باصلہ محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوکر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰی مَا جَآءَنَا مِنَ الْبَیِّنٰتِ وَ الَّذِیْ فَطَرَنَا فَاقْضِ مَاۤ اَنْتَ قَاضٍ ؕ اِنَّمَا تَقْضِیْ هٰذِهِ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا ۝

آیت نمبر ۷۲: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر قول، لَنْ نُّؤْثِرَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ عَلٰی

حرف جار مَا موصولہ جَآءَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال مِنَ الْبَیِّنٰتِ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْ اسم موصول فَطَرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف عَلٰی کا مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاءِ فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ اَرَدْتَ عِقَابَنَا، اِقْضِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مَا اسم موصول اَنْتَ ضمیر مبتدا، قَاضٍ اسم فاعل اَنْتَ مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اِقْضِ کا مفعول بہ، فعل امر بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر شرط محذوف کی جزاء ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق مکفوفہ، مَا کافہ تَقْضِیْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل ھٰذِہِ اسم اشارہ موصوف الْحَیٰوۃَ صفت، موصوف باصفت پھر موصوف الدُّنْیَا صفت، موصوف باصفت منصوب بنزع الخافض مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اِنَّآ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِیَغْفِرَ لَنَا خَطٰیٰنَا وَمَآ اَکْرَھْتَنَا عَلَیْہِ مِنَ السِّحْرِ ؕ وَاللّٰہُ خَیْرٌ وَّ اَبْقٰی ﴿۷۳﴾

آیت نمبر ۷۳: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل بَاء حرف جار رَبِّنَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے، لَام حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَغْفِرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَنَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے خَطٰیٰنَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اَکْرَھْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، عَلٰی حرف جار ہٖ ضمیر ذوالحال مِنَ السِّحْرِ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف یَغْفِرَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ظرف لغو اٰمَنَّا کے دوسرے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَللّٰہُ مبتدا، خَیْرٌ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَبْقٰی اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ لَنْ نُّؤْثِرَکَ پر معطوف ہے۔

اِنَّہٗ مَنْ یَّاْتِ رَبَّہٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَہٗ جَھَنَّمَ ؕ لَا یَمُوْتُ فِیْھَا وَلَا یَحْیٰی ﴿۷۴﴾

آیت نمبر ۷۴: اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم مَنْ اسم شرط مبتدا، یَاْتِ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال مُجْرِمًا اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال باحال یَاْتِ کا فاعل رَبَّہٗ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق لَہٗ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جَھَنَّمَ موصوف لَا یَمُوْتُ فعل ھُوَ مستتر فاعل فِیْھَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یَحْیٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جَھَنَّمَ کی صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَمَنْ يَّأْتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ﴿۷۵﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا مَنْ تَزَكّٰى ﴿۷۶﴾

آیت نمبر ۷۵، ۷۶: واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا، یَاْتِ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال مُؤْمِنًا اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال باحال فاعل ہٖ ضمیر مفعول بہ قَدْ علامت فعل عَمِلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل الصّٰلِحٰتِ بواسطہ موصوف محذوف اَلْاَعْمَالَ کے مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر یَاْتِ کی ضمیر فاعل سے دوسرا حال ہے، یَاْتِ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا لَھُمْ جار بامجرور کَائِنَاتٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى مرکب توصیفی مبدل منہ، جَنّٰتُ عَدْنٍ مرکب اضافی موصوف تَجْرِيْ فعل مِنْ حرف جار تَحْتِهَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے الْاَنْهٰرُ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت بدل، مبدل منہ بابدل مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اُولٰٓئِكَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر عطف کے واسطہ سے اِنَّهٗ کی خبر ہے۔ خٰلِدِيْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل فِيْهَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر لَھُمْ کی ھُمْ ضمیر سے حال ہے۔ واؤ استینافیہ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، جَزٰۗؤُا مضاف مَنْ موصولہ تَزَكّٰى فعل ھُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی خبر ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى ڏ اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى ﴿۷۷﴾

آیت نمبر ۷۷: واؤ استینافیہ لَامْ موطئہ للقسم قَدْ علامت فعل، اَوْحَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلٰى مُوْسٰى جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جواب قسم، قسم باجواب جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ اَنْ حرف تفسیر اَسْرِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بَاء حرف جار عِبَادِيْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اِضْرِبْ فعل امر اَنْتَ مستتر ذوالحال لَاتَخَافُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل دَرَكًا مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَاتَخْشٰى فعل اَنْتَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف حال، ذوالحال باحال اِضْرِبْ کا فاعل لَهُمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے طَرِيْقًا موصوف فِي الْبَحْرِ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، يَبَسًا صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَوْحَيْنَا کیلئے جملہ مفسرہ ہے۔

فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ﴿۷۸﴾

آیت نمبر ۷۸: فَاء عاطفہ اَتْبَعَ فعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ فِرْعَوْنُ فاعل بَاء حرف جر جُنُوْدِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ غَشِيَ فعل ھُمْ ضمیر منصوب

مفعول بہ ہے۔ مِنَ الْیَمِّ جار مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے غَشِیَ کے۔ مَا موصولہ، غَشِیَ فعل، ھُوَ مستتر فاعل، ھُمْ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ۔ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ۔ موصول باصلہ غَشِیَ پہلے کا فاعل ہے۔ فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے۔ معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَمَا هَدٰى ⑲

آیت نحو: واؤ عاطفہ، اَضَلَّ فعل، فِرْعَوْنُ فاعل، قَوْمَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ۔ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ۔ واؤ عاطفہ، مَا نافیہ، هَدٰی فعل، ھُوَ مستتر فاعل، مفعول محذوف۔ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ قَدْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ عَدُوِّكُمْ وَوٰعَدْنٰكُمْ جَانِبَ الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ⑳

آیت نحو: یَا حرف ندا، قائم مقام اَدْعُوْ کے۔ اَدْعُوْ فعل، اَنَا مستتر فاعل، بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مرکب اضافی مفعول بہ۔ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ ہو کر ندا ہوا۔ قَدْ علامت فعل، اَنْجَیْنَا فعل، نَا ضمیر فاعل، کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، مِنْ حرف جار، عَدُوِّکُمْ مرکب اضافی مجرور۔ جار مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے فعل کے۔ فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ، وٰعَدْنَا فعل، نَا ضمیر فاعل، کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول، جَانِبَ الطُّوْرِ مرکب اضافی موصوف، الْاَیْمَنَ صفت۔ موصوف با صفت مفعول بہ ثانی۔ فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول ہوا۔ واؤ عاطفہ، نَزَّلْنَا فعل، نَا ضمیر فاعل، عَلَیْکُمْ جار مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے۔ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰی معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ۔ فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی۔ معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہو کر جواب ندا ہوا۔ ندا با جواب ندا جملہ ندائیہ ہوا۔

كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ ۚ وَمَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِيْ فَقَدْ هَوٰى ㉑

آیت نحو: كُلُوْا فعل امر، واؤ ضمیر فاعل، مِنْ حرف جار، طَیِّبٰتِ مضاف، مَا موصولہ، رَزَقْنَا فعل، نَا ضمیر فاعل، کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ۔ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ۔ موصول باصلہ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مجرور ہوا۔ جار مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے فعل کے۔ فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ، لَا تَطْغَوْا فعل نہی، واؤ ضمیر فاعل، فِیْهِ جار مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے لَا تَطْغَوْا کے۔ فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف ہوا۔ معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ شرط ہے۔ فا جزائیہ، یَحِلَّ فعل، عَلَیْکُمْ جار مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے فعل کے۔ غَضَبِیْ مرکب اضافی فاعل۔ فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ جزا۔ شرط با جزا جملہ شرطیہ ہو کر معطوف علیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ، مَنْ اسم شرط مبتدا، یَحْلِلْ فعل، عَلَیْهِ جار مجرور متعلق، غَضَبِیْ مرکب اضافی فاعل۔ فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ شرط۔ فا جزائیہ، قَدْ علامت فعل، هَوٰی فعل، ھُوَ مستتر فاعل۔ فعل با فاعل جملہ فعلیہ جزا۔ شرط با جزا جملہ شرطیہ ہو کر خبر ہوا۔ مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا۔

خبریہ ہوا۔

وَاِنِّیْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰی ﴿۸۲﴾

آیت نمبر ۸۲: واؤ استینا فیہ اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم لام مذحلقہ غَفَّارٌ صیغہ مبالغہ اَنَا ضمیر اس کا فاعل لام جارہ مَنْ موصولہ تَابَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰمَنَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ عَمِلَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل صَالِحًا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی ثُمَّ حرف عطف اهْتَدٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، صیغہ مبالغہ بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَمَآ اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ يٰمُوْسٰی ﴿۸۳﴾

آیت نمبر ۸۳: واؤ استینا فیہ مَا استفہامیہ مبتدا، اَعْجَلَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ عَنْ حرف جار قَوْمِكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ تعجبیہ ہو کر جواب نداء مقدم، يٰمُوْسٰی نداء مؤخر، نداء باجواب جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ هُمْ اُولَآءِ عَلٰٓی اَثَرِیْ وَعَجِلْتُ اِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰی ﴿۸۴﴾

آیت نمبر ۸۴: قَالَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، هُمْ ضمیر مبتدا، اُولَآءِ پہلی خبر عَلٰی حرف جار اَثَرِیْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر دوسری خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَجِلْتُ فعل تَاء مضمومہ ضمیر فاعل اِلَيْكَ جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے، لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَرْضٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور عَجِلْتُ کے متعلق ثانی، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ رَبِّ یہ اصل میں يَارَبِّیْ ہے يَاء حرف نداء قائم مقام اَدْعُوْ کے، اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ ہو کر نداء، رَبِّیْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ معترضہ ہوا۔

قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْۢ بَعْدِكَ وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِیُّ ﴿۸۵﴾

آیت نمبر ۸۵: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، فاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم قَدْ علامت فعل، فَتَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل قَوْمَكَ مرکب اضافی مفعول بہ مِنْ حرف جار بَعْدِكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَضَلَّ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ السَّامِرِیُّ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جملہ محذوفہ کی تعلیل ہے، اور جملہ محذوفہ لَاتَنْتَظِرْ قَوْمَكَ يَامُوْسٰی ہے، پھر معلل اپنی تعلیل سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَرَجَعَ مُوْسٰٓی اِلٰی قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۚ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا

حَسَنًا ط اَفَطَالَ عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ اَمْ اَرَدْتُّمْ اَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِيْ ﴿۸۶﴾

لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۳: لَا تَرْكُضُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِرْجِعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِلٰى حرف جار مَا اسم موصول اُتْرِفْتُمْ فعل مجہول تَاء مضمومہ ضمیر نائب فاعل فِيْهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَسٰكِنِكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، دونوں مل کر قِيْلَ لَهُمْ محذوف کا مقولہ ہے۔ لَعَلَّ حرف ترجی كُمْ ضمیر اس کا اسم تُسْـَٔلُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، دونوں مل کر خبر، لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ مُعلِّلہ یا مستانفہ ہوا۔

قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۴: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، يَاء حرف ندا اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر فاعل وَيْلَنَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ معترضہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم ظٰلِمِيْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۵: فَاء استینافیہ مَا زَالَتْ فعل ناقص تِلْكَ محلًا مرفوع اس کا اسم دَعْوٰى مصدر مضاف هُمْ ضمیر مضاف الیہ معنًی فاعل حَتّٰى حرف غایت و جر جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور دَعْوٰى کے متعلق ہوئے، مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ و متعلق سے مل کر منصوب تقدیرًا خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ مستانفہ ہوا۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۶: واؤ استینافیہ مَا نافیہ خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل السَّمَآءَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاَرْضَ معطوف اول، واؤ عاطفہ مَا موصولہ بَيْنَهُمَا مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مفعول بہ، لٰعِبِيْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر خَلَقْنَا کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ ۖ اِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۷: لَوْ حرف شرط اَرَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب نَتَّخِذَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل لَهْوًا مفعول بہ اول، اور مفعول بہ ثانی محذوف ہے مَا يُلْهٰى بِهٖ (محمود صافی) فعل با فاعل و مفعولین بتاویل مصدر اَرَدْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لَام جوابیہ اِتَّخَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ مِنْ حرف جار لَدُنَّا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس

کا اسم فٰعِلِیْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے لَا تَخَذْنٰهُ، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ۚ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: بَلْ حرف اضراب نَقْذِفُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بِالْحَقِّ جار بامجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے عَلَى الْبَاطِلِ جار بامجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ يَدْمَغُ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فاء عاطفہ اِذَا مفاجاتیہ زَاهِقٌ کا مفعول فیہ مقدم هُوَ ضمیر مبتدا، زَاهِقٌ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل و مفعول فیہ مقدم خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لَكُمْ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہوئے، كَائِنٌ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل مِنْ حرف جار مَا اسم موصول تَصِفُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف لغو كَائِنٌ کے متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم، الْوَيْلُ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: واؤ استینافیہ لَهٗ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَنْ اسم موصول فِي حرف جار السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول عِنْدَهٗ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ حرف جار عِبَادَتِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يَسْتَحْسِرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ لَهٗ مَنْ.....الخ پر معطوف ہے۔

يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: يُسَبِّحُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال لَا يَفْتُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال فاعل الَّيْلَ وَالنَّهَارَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہے، یا لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ الْاَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: اَمْ بمعنی بَلْ "اِتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اٰلِهَةً مفعول بہ اوّل مِنَ الْاَرْضِ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ هُمْ ضمیر مبتدا، يُنْشِرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ

اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا یا اٰلِهَةٌ کی صفت ہے۔

لَوْ كَانَ فِيهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: لَوْ حرف شرط کَانَ فعل ناقص فِيهِمَا جار باَمجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اٰلِهَةٌ موصوف اِلَّا بمعنی غَيْرُ مضاف لفظ اَللّٰهُ مضاف الیہ، مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لَام جوابیہ فَسَدَتَا فعل الف ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء استینا فیہ سُبْحٰنَ مصدر مضاف لفظ اَللّٰهِ موصوف رَبِّ الْعَرْشِ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، عَنْ حرف جار مَا موصولہ يَصِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باَمجرور سُبْحٰنَ مصدر کے متعلق ہوئے، مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ و متعلق سے مل کر فعل محذوف نُسَبِّحُ کا مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ استینافیہ ہوا۔

لَا يُسْـَٔلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُوْنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: لَا يُسْـَٔلُ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل عَنْ حرف جار مَا مصدریہ يَفْعَلُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار باَمجرور لَا يُسْـَٔلُ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، يُسْـَٔلُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، دونوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ ۚ هٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَّعِيَ وَذِكْرُ مَنْ قَبْلِيْ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ الْحَقَّ فَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: اَمْ بمعنی بَلْ، اتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جار دُوْنِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار باَمجرور ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم اٰلِهَةً مفعول بہ اول مؤخر، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، هَاتُوْا اسم فعل بمعنی فعل امر اور عند الجمہور یہ فعل امر جامد ہے، واؤ ضمیر فاعل بُرْهَانَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، ذِكْرُ مضاف مَنْ اسم موصول مَعِيَ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ذِكْرُ مَنْ قَبْلِيْ کی ترکیب ذِكْرُ مَنْ مَّعِيَ کی مثل ہے، اور یہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف جملہ اسمیہ خبریہ مطلقاً یا مستانفہ ہوا۔ بَلْ حرف اضراب اَكْثَرُهُمْ مرکب اضافی مبتدا، لَا يَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْحَقَّ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، مُعْرِضُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: واؤ استینافیہ مَآ نافیہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْ حرف جر قَبْلِكَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، مِنْ حرف جار زائدہ رَسُوْلٍ ذوالحال اِلَّا حرف استثناء نُوْحِیْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اِلَیْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لَا نفی جنس اِلٰهَ مبدل منہ، اِلَّا حرف استثناء اَنَا" اِلٰهَ کے محل سے بدل ہے، مبدل منہ بابدل لَا کا اسم، خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ، لَا اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر، اَنَّ بااسم وخبر منصوب بنزع الخافض اصل میں بِاَنَّهٗ ہے، پھر جار بامجرور نُوْحِیْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین محلاً منصوب رَسُوْلٍ کا حال ہے، ذوالحال باحال محلاً منصوب اَرْسَلْنَا کا مفعول بہ ہے، فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ صَدَّقْتُمُوْنِیْ، اُعْبُدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون برائے وقایہ یاء ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جزاء ہے، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ قَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: واؤ استینافیہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، اتَّخَذَ فعل الرَّحْمٰنُ فاعل وَلَدًا مفعول بہ اوّل، اور مفعول بہ ثانی مقدر ہے اَحَدًا، فعل بافاعل و مفعولین مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ سُبْحٰنَهٗ مرکب اضافی فعل محذوف نُسَبِّحُ کا مفعول مطلق ہے، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ معترضہ ہے۔ بَلْ حرف اضراب عِبَادٌ موصوف مُكْرَمُوْنَ اسم مفعول هُمْ ضمیر مستتر نائب فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت مبتدا محذوف هُمْ کی خبر ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ وَ هُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: لَا يَسْبِقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ بِالْقَوْلِ جار بامجرور ظرف مستقر مُتَلَبِّسِيْنَ کے متعلق ہو کر يَسْبِقُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، بِاَمْرِهٖ جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے يَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا یا هُمْ محذوف کی خبر ثانی ہے۔

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ وَ لَا يَشْفَعُوْنَ ۙ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى وَ هُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: يَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا موصولہ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ خَلْفَهُمْ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ مُعَلِّلَہ ہے یا جملہ معترضہ ہے۔ واؤ عاطفہ لَا يَشْفَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء مَنْ اسم موصول ارْتَضٰى فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف لغو لَا يَشْفَعُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، مِنْ حرف جار خَشْيَتِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے، مُشْفِقُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ

معطوف، معطوف علیہ با معطوف ھُمْ بِاَمْرِہٖ پر معطوف ہے۔

وَ مَنْ یَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّیْۤ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِیْهِ جَهَنَّمَ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِی الظّٰلِمِیْنَ ۲۹

آیت نمبر ۲۹: واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا، یَقُلْ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال مِنْھُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم اِلٰہٌ موصوف مِنْ دُوْنِہٖ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا، نَجْزِیْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ہٖ ضمیر مفعول بہ اول جَھَنَّمَ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ھُمْ مِّنْ خَشْیَتِہٖ پر معطوف ہے۔ کَذٰلِکَ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جَزَآءً کے مفعول مطلق مقدم نَجْزِیْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الظّٰلِمِیْنَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ؕ وَ جَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ ؕ اَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ ۳۰

آیت نمبر ۳۰: ھَمزہ حرف استفہام واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَمْ یَتَفَکَّرُوْا، (روح المعانی) لَمْ یَرَ فعل اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ بامعطوف اسم کَانَتَا فعل ناقص الف ضمیر اس کا اسم رَتْقًا مصدر خبر ہے، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ فَتَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مصدر لَمْ یَرَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ محذوف بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنَ الْمَآءِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم کُلَّ مضاف شَیْءٍ حَیٍّ مرکب توصیفی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہے، اور علامہ آلوسی کے نزدیک اَنَّ السَّمٰوٰتِ پر معطوف ہے۔ ھَمزہ حرف استفہام فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے یَعْلَمُوْنَ ذٰلِکَ، (روح المعانی) لَا یُؤْمِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَ جَعَلْنَا فِی الْاَرْضِ رَوَاسِیَ اَنْ تَمِیْدَ بِهِمْ ۪ وَ جَعَلْنَا فِیْهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ یَهْتَدُوْنَ ۳۱

آیت نمبر ۳۱: واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِی الْاَرْضِ ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم رَوَاسِیَ مفعول بہ اول مؤخر، اَنْ حرف مصدری ونصب تَمِیْدَ فعل ھِیَ ضمیر مستتر فاعل بِھِمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر بتاویل

مصدر بواسطہ مضاف محذوف کَرَاهَةً کے مفعول لہ، فعل بافاعل ومفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ پہلے جَعَلْنَا پر معطوف ہے۔ واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِيْهَا ظرف مستقر كَآئِنَةً کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم فِجَاجًا مبدل منہ سُبُلًا بدل، مبدل منہ بابدل مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ دوسرے جَعَلْنَا پر معطوف ہے۔ لَعَلَّ حرف ترجی هُمْ ضمیر اس کا اسم يَهْتَدُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر خبر، لَعَلَّ بااسم وخبر جملہ انشائیہ معللہ ہے یا راجیًا اِهْتِدَائَهُمْ کی تاویل میں ہو کر جَعَلْنَا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

وَ جَعَلْنَا السَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا ۚۖ وَّ هُمْ عَنْ اٰيٰتِهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل السَّمَآءَ مفعول بہ اوّل سَقْفًا مَّحْفُوْظًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ تیسرے جَعَلْنَا پر معطوف ہے۔ واؤ استینافیہ هُمْ ضمیر مبتدا، عَنْ حرف جار اٰيٰتِهَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے مُعْرِضُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ الَّيْلَ وَ النَّهَارَ وَ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ ؕ كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: واؤ استینافیہ هُوَ ضمیر مبتدا، الَّذِيْ اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل الَّيْلَ وَ النَّهَارَ وَ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ یہ معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ كُلٌّ مبتدا، فِيْ فَلَكٍ ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے يَّسْبَحُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اَلشَّمْسَ وغیرہ سے حال ہے یا جملہ مستانفہ ہے (روح المعانی)

وَ مَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ؕ اَفَاۡئِنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: واؤ استینافیہ مَا نافیہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَام حرف جار بَشَرٍ موصوف مِنْ قَبْلِكَ ظرف مستقر كَآئِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَآئِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم اَلْخُلْدَ مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل بافاعل ومتعلقین جملہ مستانفہ ہوا۔ همزہ حرف استفہام فاء استینافیہ (محمود صافی) اِنْ حرف شرط مِتَّ فعل تَاء مفتوحہ فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ هُمْ ضمیر مبتدا، اَلْخٰلِدُوْنَ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَ نَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَ الْخَيْرِ فِتْنَةً ؕ وَ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: كُلُّ نَفْسٍ مرکب اضافی مبتدا، ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ واؤ عاطفہ یا استینافیہ نَبْلُوْا فعل نَحْنُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، باء جار اَلشَّرِّ وَ الْخَيْرِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے فِتْنَةً مفعول لہ ہے، یا اسم فاعل کے معنی میں ہو کر نَبْلُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے یا مِنْ غَيْرِ لَفْظِهٖ مفعول مطلق ہے (روح المعانی) فعل بافاعل متعلق ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہے یا كُلُّ نَفْسٍ پر معطوف ہے۔ واؤ عاطفہ اِلَيْنَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے،

تُرْجَعُوْنَ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ نَبْلُوْكُمْ پر معطوف ہے۔

وَ اِذَا رَاٰكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ اَهٰذَا الَّذِيْ يَذْكُرُ اٰلِهَتَكُمْ ۚ وَ هُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۶: واؤ استینا فیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاٰی فعل کاف ضمیر مفعول بہ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط ہے۔ اِنْ نا فیہ يَتَّخِذُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، کاف ضمیر مفعول بہ اول، اِلَّا حرف استثناء هُزُوًا مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ همزہ حرف استفہام هٰذَا اسم اشارہ مبتداء، الَّذِيْ اسم موصول يَذْكُرُ فعل هُوَ مستتر فاعل اٰلِهَتَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر يَقُوْلُوْنَ محذوف کا مقولہ ہو کر يَتَّخِذُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ واؤ حالیہ هُمْ مبتداء، باء جارہ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور كٰفِرُوْنَ کے متعلق مقدم هُمْ ضمیر پہلی هُمْ ضمیر کی تاکید ہے، كٰفِرُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر يَقُوْلُوْنَ محذوف کی ضمیر فاعل سے حال ہے یا يَتَّخِذُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ؕ سَاُورِيْكُمْ اٰيٰتِيْ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: خُلِقَ فعل مجہول الْاِنْسَانُ ذوالحال مِنْ عَجَلٍ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ سین علامت فعل، اُورِيْ فعل اَنَا مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول اٰيٰتِيْ مرکب اضافی منصوب تقدیراً مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ مستانفہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ سَاَلْتُمْ شَيْئًا، لَا تَسْتَعْجِلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل نون برائے وقایہ تخفیف کی وجہ سے یا فاصلہ کی رعایت کی مناسبت سے محذوف یاء مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ يَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: واؤ استینا فیہ يَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول مَتٰى استفہامیہ كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم هٰذَا الْوَعْدُ مرکب توصیفی مبدل منہ بابدل یا مبین باعطف بیان مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہے۔ اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم صٰدِقِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے فَمَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ جس پر جملہ اولیٰ دال ہے، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا حِيْنَ لَا يَكُفُّوْنَ عَنْ وُّجُوْهِهِمُ النَّارَ وَ لَا عَنْ ظُهُوْرِهِمْ وَ لَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: لَوْ حرف شرط يَعْلَمُ فعل الَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ فاعل حِيْنَ مضاف لَا يَكُفُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ حرف جار وُجُوْهِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے النَّارَ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف

علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ عَنْ ظُهُوْرِهِمْ عَنْ وُّجُوْهِهِمْ پر معطوف ہے، واؤ عاطفہ لَا زائدہ هُمْ ضمیر مبتدا، يُنْصَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، دونوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر لَا يَكُفُّوْنَ پر معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف حِيْنَ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی يَعْلَمُ کا مفعول بہ ہے، (روح المعانی) فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے، لَمَا اسْتَعْجَلُوا الْعَذَابَ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

بَلْ تَأْتِيْهِمْ بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴۰: بَلْ حرف اضراب و عطف تَأْتِيْ فعل هِيَ مستتر فاعل هِمْ ضمیر مفعول بہ بَغْتَةً اسم فاعل کے معنی میں ہو کر حال، یا تَأْتِيْ کا مفعول مطلق مِنْ غَيْرِ لَفْظِهٖ ہے، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ تَبْهَتُ فعل هِيَ ضمیر مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فاء عاطفہ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل رَدَّهَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ هُمْ ضمیر مبتدا، يُنْظَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف تَأْتِيْ کا معطوف ثانی ہے، پھر معطوف علیہ با معطوف لَا يَكُفُّوْنَ پر معطوف ہے (روح المعانی) یا جملہ مستانفہ ہے (محمود صافی)

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴۱: واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، اُسْتُهْزِئَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل بَاء حرف جار رُسُلٍ موصوف مِنْ قَبْلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف لغو اُسْتُهْزِئَ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ حَاقَ فعل بَاء جار الَّذِيْنَ اسم موصول سَخِرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف لغو حَاقَ کے متعلق ہوئے، مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم بِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے يَسْتَهْزِءُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل با فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ حَاقَ کا فاعل ہے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف قسم کا جواب، قسم با جواب قسم جملہ قسمیہ مستانفہ ہوا۔

رکوع نمبر 4

قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ ۭ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴۲: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ قول، مَنْ اسم استفہام مبتدا، يَكْلَؤُ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بَاء حرف جار الَّيْلِ وَالنَّهَارِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے، مِنَ الرَّحْمٰنِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ

مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ بَلْ حرف اضراب هُمْ ضمیر مبتدا، عَنْ حرف جر ذِكْرِ مضاف رَبِّهِمْ مرکب اضافی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے مُعْرِضُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِّنْ دُوْنِنَا ؕ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ اَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِّنَّا يُصْحَبُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴۳: اَمْ منقطعہ لَهُمْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اٰلِهَةٌ موصوف تَمْنَعُ فعل هِيَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت اولیٰ، مِنْ حرف جر دُوْنِنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل نَصْرَ اَنْفُسِهِمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا برائے تاکید نفی، هُمْ ضمیر مبتدا، مِنَّا جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے يُصْحَبُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ (روح المعانی) یا تَمْنَعُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے (محمود صافی)

بَلْ مَتَّعْنَا هٰۤؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ؕ اَفَلَا يَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِى الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ اَفَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴۴: بَلْ حرف اضراب مَتَّعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هٰۤؤُلَآءِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰبَآءَهُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، حَتّٰى حرف غایت و جر طَالَ فعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے الْعُمُرُ فاعل، تینوں مل کر محلاً مجرور "مجرور، جار با مجرور مَتَّعْنَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ همزہ حرف استفہام فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے غَفَلُوْا (محمود صافی) لَا يَرَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم نَاْتِى فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْاَرْضَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف، پھر معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ نَنْقُصُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ مِنْ حرف جار اَطْرَافِهَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ نَاْتِى کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ همزہ حرف استفہام فاء عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، الْغٰلِبُوْنَ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ لَا يَرَوْنَ پر معطوف ہے۔

قُلْ اِنَّمَاۤ اُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْيِ ۖ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَآءَ اِذَا مَا يُنْذَرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴۵: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق کفونہ مَا کافہ اُنْذِرُ فعل مضارع اَنَا مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ بِالْوَحْيِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لَا يَسْمَعُ فعل الصُّمُّ فاعل الدُّعَآءَ مفعول بہ اِذَا ظرف زمان مضاف مَا زائدہ يُنْذَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، دونوں مل کر مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَلَئِن مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُولُنَّ يَاوَيْلَنَا إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ ﴿٤٦﴾

آیت نمبر ۴۶: واؤ استینا فیہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط مَسَّتْ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ نَفْحَةٌ موصوف مِنْ حرف جر عَذَابِ رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لام جوابیہ يَقُولُنَّ فعل واؤ محذوفہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، يَاوَيْلَنَا جملہ فعلیہ انشائیہ معترضہ ہے۔ إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ کی ترکیب آیت نمبر ۱۴ میں گزر چکی ہے اور یہ مقولہ ہے، قول بامقولہ جواب قسم، اور شرط کی جزاء محذوف ہے جس پر جواب قسم دال ہے، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

وَنَضَعُ الْمَوَازِينَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا ۖ وَإِن كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ أَتَيْنَا بِهَا ۗ وَكَفَىٰ بِنَا حَاسِبِينَ ﴿٤٧﴾

آیت نمبر ۴۷: واؤ استینا فیہ نَضَعُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْمَوَازِينَ موصوف الْقِسْطَ بواسطہ مضاف محذوف ذَوَاتَ کے صفت ہے، موصوف باصفت مفعول بہ، لام حرف جر يَوْمِ الْقِيَامَةِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ لَا تُظْلَمُ فعل مجہول نَفْسٌ نائب فاعل شَيْئًا مفعول بہ ہے، یا بواسطہ موصوف محذوف ظُلْمًا کے مفعول مطلق ہے (روح المعانی) فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

واؤ استینا فیہ اِنْ حرف شرط كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم مِثْقَالَ حَبَّةٍ مرکب اضافی موصوف مِنْ خَرْدَلٍ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، أَتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِهَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر نَضَعُ پر معطوف ہے۔ واؤ استینا فیہ كَفَىٰ فعل بَاء حرف جر زائدہ نَا ضمیر لفظاً مجرور محلاً مرفوع ذوالحال حَاسِبِينَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل، دونوں مل کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَىٰ وَهَارُونَ الْفُرْقَانَ وَضِيَاءً وَذِكْرًا لِّلْمُتَّقِينَ ﴿٤٨﴾ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُم بِالْغَيْبِ وَهُم مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُونَ ﴿٤٩﴾

آیت نمبر ۴۸، ۴۹: واؤ استینا فیہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، آتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مُوسَىٰ وَهَارُونَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ اول الْفُرْقَانَ وَضِيَاءً وَذِكْرًا معطوف علیہ بامعطوفین مفعول بہ ثانی، لام حرف جر الْمُتَّقِينَ موصوف الَّذِينَ اسم موصول يَخْشَوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِالْغَيْبِ جار بامجرور ظرف مستقر مُتَلَبِّسِينَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل رَبَّهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، مِنَ السَّاعَةِ جار بامجرور متعلق مقدم مُشْفِقُونَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ الْمُتَّقِينَ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ذِكْرًا کے متعلق ہے آتَيْنَا فعل بافاعل

ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر قسم کا جواب، قسم با جواب جملہ انشائیہ قسمیہ مستانفہ ہوا۔

وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ؕ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ۵۰

آیت نمبر ۵۰: واؤ استینا فیہ ھٰذَا اسم اشارہ مبتدا، ذِکْرٌ موصوف مُبٰرَكٌ اسم مفعول ھُوَ مستتر نائب فاعل، دونوں مل کر صفت اولی، اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین ھٰذَا کی خبر ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ اَنْزَلْنٰهُ" ھٰذَا کی خبر ثانی ہو (روح المعانی) ھمزہ حرف استفہام فاء استینا فیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، لَهٗ جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم مُنْكِرُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل با فاعل و متعلق مقدم خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

وَلَقَدْ اٰتَيْنَاۤ اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ۵۱

آیت نمبر ۵۱: واؤ استینا فیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِبْرٰهِيْمَ مفعول بہ اوّل رُشْدَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، مِنْ قَبْلُ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم بِهٖ جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے عٰلِمِيْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل، اسم فاعل با فاعل و متعلق مقدم خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف قسم کا جواب، قسم با جواب جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا اور كُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ کو اِبْرٰهِيْمَ سے حال بنانا بھی درست ہے۔

اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْۤ اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ۵۲

آیت نمبر ۵۲: اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَام حرف جر اَبِيْهِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَوْمِهٖ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا استفہامیہ مبتدا، هٰذِهِ اسم اشارہ موصوف التَّمَاثِيْلُ پھر موصوف الَّتِيْ اسم موصول اَنْتُمْ مبتدا، لَهَا جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے عٰكِفُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر صلہ، موصول با صلہ اَنْتُمْ کی خبر، مبتدا با خبر التَّمَاثِيْلُ کی صفت، موصوف باصفت هٰذِهِ کی صفت، پھر مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی اٰتَيْنَا کا یا عٰلِمِيْنَ کا مفعول فیہ ہے۔

قَالُوْا وَجَدْنَاۤ اٰبَآءَنَا لَهَا عٰبِدِيْنَ ۵۳

آیت نمبر ۵۳: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، وَجَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اٰبَآءَنَا مرکب اضافی مفعول بہ اوّل لَهَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے عٰبِدِيْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین محلاً منصوب مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۴﴾

آیت نمبر ۵۴: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، لَامِ موطئہ للقسم اور قسم مقدر ہے، قَدْ علامت فعل، كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر بارز مؤکد اَنْتُمْ ضمیر تاکید، مؤکد با تاکید معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰبَآؤُكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف كُنْتُمْ کا اسم، فِيْ حرف جر ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور کَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ اللّٰعِبِيْنَ ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵: قَالُوْٓا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، ھمزہ حرف استفہام جِئْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ بِالْحَقِّ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ اَنْتَ ضمیر مبتدا، مِنَ اللّٰعِبِيْنَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِيْ فَطَرَهُنَّ ۖ وَاَنَا عَلٰى ذٰلِكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر قول، بَلْ حرف اضراب رَبُّكُمْ مرکب اضافی مبتدا، رَبُّ مضاف السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی موصوف الَّذِيْ اسم موصول فَطَرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُنَّ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَا ضمیر مبتدا، عَلٰى ذٰلِكُمْ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے مِنْ حرف جر الشّٰهِدِيْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا

وَتَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۵۷﴾

آیت نمبر ۵۷: واؤ عاطفہ تَاللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم، لَامِ جوابیہ اَكِيْدَنَّ فعل اَنَا مستتر فاعل اَصْنَامَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ بَعْدَ مضاف اَنْ حرف مصدری و نصب تُوَلُّوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مُدْبِرِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل، دونوں مل کر حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل بتاویل مصدر مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی اَكِيْدَنَّ کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ رَبُّكُمْ پر معطوف ہے

فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا كَبِيْرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَيْهِ يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۸﴾

آیت نمبر ۵۸: فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا تَوَلَّوْا وَاَتٰی اِبْرٰهِیْمُ الْاَصْنَامَ (تقدیر) جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، جُذٰذًا مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء کَبِیْرًا موصوف لَّهُمْ کَآئِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت بواسطہ موصوف محذوف صَنَمًا کے مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی هُمْ ضمیر اس کا اسم اِلَیْهِ جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے یَرْجِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل و متعلق مقدم خبر۔ لَعَلَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مُعَلِّلہ ہوا۔ یا رَاجِیْ رُجُوْعِهِمْ کی تاویل میں ہو کر جَعَلَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

قَالُوْا مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۵۹﴾

آیت نمبر ۵۹: قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر قول، مَنْ استفہامیہ مبتدا، فَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل هٰذَا محلًا منصوب مفعول بہ، بَاء حرف جر اٰلِهَتِنَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ جار بامجرور کَآئِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًی یَّذْكُرُهُمْ یُقَالُ لَهٗٓ اِبْرٰهِیْمُ ﴿۶۰﴾

آیت نمبر ۶۰: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر قول، سَمِعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فَتًی موصوف یَذْكُرُ فعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر فَتًی کی صفت اولیٰ، یُقَالُ فعل مجہول لَهٗ جار بامجرور متعلق ہوئے اِبْرٰهِیْمُ نائب فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین سَمِعْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓی اَعْیُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَشْهَدُوْنَ ﴿۶۱﴾

آیت نمبر ۶۱: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ كَانَ هُوَ یا اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، اِئْتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جر ہٖ ضمیر ذوالحال، عَلٰی حرف جار اَعْیُنِ النَّاسِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظَاهِرًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف باجزاء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی هُمْ ضمیر اس کا اسم یَشْهَدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، لَعَلَّ بااسم و خبر جملہ مُعَلِّلہ ہے۔ یا رَاجِیْ شُهُوْدِهِمْ کی تاویل میں ہو کر فَاْتُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

قَالُوْٓا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا یٰٓاِبْرٰهِیْمُ ﴿۶۲﴾

آیت نمبر ۶۲: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، هَمزہ حرف استفہام اَنْتَ ضمیر مبتدا، فَعَلْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل هٰذَا مفعول بہ، بِاٰلِهَتِنَا جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ اَنْتَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر جواب ندا، مقدم یٰٓاِبْرٰهِیْمُ ندا مؤخر، ندا باجواب ندا مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ ۖ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا فَسْـَٔلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ ﴿۶۳﴾

آیت نمبر ۶۳: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، بَلْ حرف اضراب فَعَلَ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ كَبِيْرُهُمْ مرکب اضافی موصوف یامبدل منہ، هٰذَا صفت یابدل، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔فَاء فصیحہ اوراس کی شرط محذوف ہے اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ، اِسْئَلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اوراس کی جزاء محذوف ہے فَسْـَٔلُوْهُمْ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَرَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْٓا اِنَّكُمْ اَنْتُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۶۴﴾

آیت نمبر ۶۴: فَاء استینافیہ یا فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا تَدَبَّرُوْا (فقیر) رَجَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰى حرف جر اَنْفُسِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، الظّٰلِمُوْنَ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ رَجَعُوْا پر معطوف ہے، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا یا شرط محذوف کی جزاء ہے۔

ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى رُءُوْسِهِمْ ۚ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰٓؤُلَآءِ يَنْطِقُوْنَ ﴿۶۵﴾

آیت نمبر ۶۵: ثُمَّ عاطفہ نُكِسُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال عَلٰى حرف جر رُءُوْسِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قَالُوْا پر معطوف ہے۔لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، عَلِمْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل مَا نافیہ هٰٓؤُلَآءِ مبتدا، يَنْطِقُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ عَلِمْتَ کے دومفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جواب قسم، قسم باجواب قسم قول محذوف کا مقولہ ہو کر نُكِسُوْا کی ضمیر نائب فاعل سے حال ہے۔

قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْـًٔا وَّلَا يَضُرُّكُمْ ﴿۶۶﴾

آیت نمبر ۶۶: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، همزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تَعْلَمُوْنَ ذٰلِكَ (روح المعانی) تَعْبُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، مَا اسم موصول لَا يَنْفَعُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ شَيْـًٔا بواسطہ موصوف محذوف نَفْعًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يَضُرُّ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال تَعْبُدُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ محذوف بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾

آیت نمبر ۶۷: اُفٍّ اسم فعل بمعنی اَتَضَجَّرُ "اَنَا" مستتر فاعل لَكُمْ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام جارہ مَا موصولہ

تَعْبُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب محذوف ذوالحال مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف اسم فعل کے متعلق ہوئے، اسم فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ هَمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے (روح المعانی) لَاتَعْقِلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔

قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿۶۸﴾

آیت نمبر ۶۸: قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، حَرِّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُنْصُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اٰلِهَتَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم فٰعِلِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے اُنْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۶۹﴾

آیت نمبر ۶۹: قُلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، یَاء حرف ندا اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر فاعل، نَارُ محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء، كُوْنِيْ فعل امر ناقص یَاء ضمیر مرفوع متصل اس کا اسم بَرْدًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَلٰمًا مصدر عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ اس کے متعلق، یا كَائِنًا کے متعلق ہو کر سَلٰمًا کی صفت، پھر مصدر اپنے متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف فعل ناقص کی خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ انشائیہ ہو کر جواب ندا، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ﴿۷۰﴾ وَنَجَّيْنٰهُ وَلُوْطًا اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۱﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ ؕ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً ؕ وَكُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ﴿۷۲﴾

آیت نمبر ۷۰، ۷۱، ۷۲: واؤ استینا فیہ اَرَادُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے كَيْدًا مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، الْاَخْسَرِيْنَ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ نَجَّيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لُوْطًا معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، اِلٰى حرف جر الْاَرْضِ موصوف الَّتِيْ اسم موصول بٰرَكْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِيْهَا جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے لِلْعٰلَمِيْنَ جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف لغو نَجَّيْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ وَهَبْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَهٗ جار با مجرور متعلق ہوئے اِسْحٰقَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَعْقُوْبَ ذوالحال نَافِلَةً حال، ذوالحال باحال معطوف، معطوف علیہ با معطوف وَهَبْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ اَرَادُوْا کا معطوف ثالث ہے، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ كُلًّا مفعول بہ مقدم جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل صٰلِحِيْنَ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ وَهَبْنَا پر معطوف ہے۔

وَ جَعَلْنٰهُمْ اَىٕمَّةً یَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَ اَوْحَیْنَاۤ اِلَیْهِمْ فِعْلَ الْخَیْرٰتِ وَ اِقَامَ الصَّلٰوةِ وَ اِیْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَ كَانُوْا لَنَا عٰبِدِیْنَ ﴿۷۳﴾

آیت نمبر ۷۳: واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول، اَىٕمَّةً موصوف یَهْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جر اَمْرِنَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو یَهْدُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ اَىٕمَّةً کی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ پہلے جَعَلْنٰهُمْ پر معطوف ہے۔واؤ عاطفہ اَوْحَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَیْهِمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے فِعْلَ الْخَیْرٰتِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِقَامَ الصَّلٰوةِ مرکب اضافی معطوف اول، واؤ عاطفہ اِیْتَآءَ الزَّكٰوةِ مرکب اضافی معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اَوْحَیْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جَعَلْنٰهُمْ پر معطوف ہے۔واؤ عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، لَنَا جار بامجرور متعلق مقدم عٰبِدِیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ جَعَلْنٰهُمْ پر معطوف ہے۔

وَ لُوْطًا اٰتَیْنٰهُ حُكْمًا وَّ عِلْمًا وَّ نَجَّیْنٰهُ مِنَ الْقَرْیَةِ الَّتِیْ كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓىٕثَ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فٰسِقِیْنَ ﴿۷۴﴾

آیت نمبر ۷۴: واؤ استینا فیہ لُوْطًا مفعول بہ فعل محذوف اٰتَیْنَا کا، اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مفسّر، اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ اول، حُكْمًا وَّ عِلْمًا معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مفسِّر، پھر مفسَّر بامفسِّر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَجَّیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ مِنْ حرف جر الْقَرْیَةِ موصوف الَّتِیْ اسم موصول كَانَتْ فعل ناقص هِیَ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُ فعل هِیَ مستتر فاعل الْخَبٰٓىٕثَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ الْقَرْیَةِ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور نَجَّیْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم قَوْمَ سَوْءٍ مرکب اضافی خبر اول فٰسِقِیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر ثانی، فعل ناقص بااسم و خبرین جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ تَعْمَلُ الْخَبٰٓىٕثَ کی تعلیل ہے اور عند البعض نَجَّیْنٰهُ کی تعلیل ہے، پہلی صورت راجح ہے۔(روح المعانی)

وَ اَدْخَلْنٰهُ فِیْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهٗ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۷۵﴾

آیت نمبر ۷۵: واؤ عاطفہ اَدْخَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ فِیْ حرف جر رَحْمَتِنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر وَلُوْطًا اٰتَیْنٰهُ پر معطوف ہے اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم مِنَ الصّٰلِحِیْنَ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۶ ❁

وَنُوْحًا اِذْ نَادٰى مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۝۷۶

آیت نمبر ۷۶: واؤ استینا فیہ نُوْحًا مفعول بہ ہے فعل محذوف اُذْكُرْ کا، اِذْ ظرف زمان مضاف نَادٰى فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْ قَبْلُ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اسْتَجَبْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَهٗ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فاء عاطفہ نَجَّيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَهْلَهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف نَجَّيْنَا کا مفعول بہ، مِنَ حرف جر الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اِذْ کا مضاف الیہ، مرکب اضافی نُوْحًا سے بدل ہے (روح المعانی) مبدل منہ بابدل نُوْحًا پر معطوف ہے۔ یا فعل محذوف اُذْكُرْ کا مفعول بہ ہے۔

وَنَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝۷۷

آیت نمبر ۷۷: واؤ عاطفہ نَصَرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مِنْ حرف جر الْقَوْمِ موصوف الَّذِيْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ الْقَوْمِ کی صفت، موصوف بصفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ نَجَّيْنَاهُ پر معطوف ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم قَوْمَ سَوْءٍ مرکب اضافی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَغْرَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مؤکد اَجْمَعِيْنَ تاکید، مؤکد با تاکید مفعول بہ، فعل بافاعل مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلِّلَہ ہوا۔ (روح المعانی)

وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِى الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ۝۷۸

آیت نمبر ۷۸: واؤ استینا فیہ دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ہے فعل محذوف اُذْكُرْ کا، اِذْ ظرف زمان مضاف يَحْكُمٰنِ فعل الف ضمیر فاعل فِى الْحَرْثِ جار با مجرور متعلق ہوئے اِذْ ظرف زمان مضاف نَفَشَتْ فعل فِيْهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے غَنَمُ الْقَوْمِ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ اِذْ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی يَحْكُمٰنِ کا مفعول فیہ ہے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ اِذْ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مصدر محذوف کا مفعول فیہ ہے، کیونکہ یہ اصل میں خَبَرَ دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ ہے (روح المعانی) واؤ اعتراضیہ كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم لِحُكْمِهِمْ جار با مجرور شٰهِدِيْنَ کے متعلق مقدم ہوئے شٰهِدِيْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ (روح المعانی)

فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ۡ وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ۭ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ۝۷۹

آیت نمبر ۷۹: فاء عاطفہ فَهَّمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ اوّل سُلَيْمٰنَ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ

خبریہ یَحۡکُمٰنِ پر معطوف ہے۔واؤ عاطفہ کُلًّا مفعول بہ مقدم اٰتَیۡنَا فعل نَا ضمیر فاعل حُکۡمًا وَّ عِلۡمًا معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ فَفَهَّمۡنٰهَا پر معطوف ہے۔واؤ عاطفہ سَخَّرۡنَا فعل نَا ضمیر فاعل مَعَ دَاوٗدَ مرکب اضافی سَخَّرۡنَا کا مفعول فیہ (روح المعانی) الۡجِبَالَ ذوالحال یُسَبِّحۡنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر فاعل واؤ بمعنی مَعَ "الطَّیۡرَ" مفعول معہ، فعل بافاعل و مفعول معہ جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے، ذوالحال باحال سَخَّرۡنَا کا مفعول بہ ہے، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ فَفَهَّمۡنٰهَا پر معطوف ہے۔واؤ عاطفہ کُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم فٰعِلِیۡنَ اسم فاعل نَحۡنُ مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ سَخَّرۡنَا پر معطوف ہے۔اور اگر یہ واؤ حالیہ ہو تو سَخَّرۡنَا کی ضمیر فاعل سے حال ہے

وَ عَلَّمۡنٰهُ صَنۡعَةَ لَبُوۡسٍ لَّکُمۡ لِتُحۡصِنَکُمۡ مِّنۡۢ بَاۡسِکُمۡ ۚ فَهَلۡ اَنۡتُمۡ شٰکِرُوۡنَ ﴿۸۰﴾

آیت نمبر ۵۷،۵۸،۵۹،۶۰،۶۱: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول هُمْ ضمیر مبتدا، مِنْ حرف جر خَشْیَةِ مضاف رَبِّهِمْ مرکب اضافی مضاف الیہ، پھر مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے مُشْفِقُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول هُمْ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا، بَاء حرف جر اٰیٰتِ مضاف رَبِّهِمْ مرکب اضافی مضاف الیہ، پھر مضاف بامضاف الیہ بَاء کا مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف اوّل، واؤ حرف عطف اَلَّذِیْنَ اسم موصول هُمْ ضمیر مرفوع مبتدا، بَاء حرف جر رَبِّهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، لَا یُشْرِكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُؤْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال، قُلُوْبُهُمْ مرکب اضافی مبتدا، وَجِلَةٌ صیغہ صفت هِیَ مستتر ضمیر فاعل، اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم اِلٰى حرف جر رَبِّهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے رٰجِعُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق مقدم شبہ جملہ ہو کر خبر، اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد وَجِلَةٌ کا مفعول بہ، صیغہ صفت بافاعل ومفعول بہ شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال یُؤْتُوْنَ کا فاعل مَا اسم موصول اٰتَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ یُؤْتُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین اِنَّ کا اسم ہے، اُولٰٓىٕكَ اسم اشارہ مبتدا، یُسٰرِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَهَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے سٰبِقُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق مقدم شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال یُسٰرِعُوْنَ کا فاعل فِی الْخَیْرٰتِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَیْنَا كِتٰبٌ یَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ﴿۶۲﴾

آیت نمبر ۶۲: واؤ عاطفہ لَا نُكَلِّفُ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل نَفْسًا مفعول بہ اوّل، اِلَّا حرف استثناء وُسْعَهَا مرکب اضافی مستثنیٰ مفرغ ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَدَیْنَا مرکب اضافی كَآئِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم كِتٰبٌ موصوف یَنْطِقُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر یَنْطِقُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَا یُظْلَمُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اِنَّ الَّذِیْنَ پہ معطوف ہے یا پھر جملہ مستانفہ ہے۔

بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِىْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ﴿۶۳﴾

آیت نمبر ۶۳: بَلْ حرف عطف واضراب قُلُوْبُهُمْ مرکب اضافی مبتدا، فِیْ حرف جر غَمْرَةٍ موصوف مِنْ هٰذَا جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف لَهُمْ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَعْمَالٌ موصوف مِنْ حرف جر دُوْنِ ذٰلِكَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت اولی، هُمْ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا، لَهَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے عٰمِلُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق مقدم شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اَعْمَالٌ کی صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

حَتّٰۤى اِذَاۤ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ ﴿۶۴﴾

آیت نمبر ۶۴: حَتّٰی حرف ابتداء اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَخَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مُتْرَفِيْهِمْ مرکب اضافی مفعول بہ بِالْعَذَابِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اِذَا مفاجاتیہ مفعول فیہ مقدم هُمْ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا، يَجْـَٔرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۶۵﴾

آیت نمبر ۶۵: لَا تَجْـَٔرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الْيَوْمَ مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم مِنَّا جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے لَا تُنْصَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِىْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿۶۶﴾ مُسْتَكْبِرِيْنَ ۖۗ بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿۶۷﴾

آیت نمبر ۶۶، ۶۷: قَدْ علامت فعل كَانَتْ فعل ناقص اٰيٰتِیْ مرکب اضافی مرفوع تقدیراً اس کا اسم تُتْلٰى فعل مجہول هِیَ ضمیر مستتر نائب فاعل عَلَيْكُمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق محلاً منصوب خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم عَلٰى حرف جار اَعْقَابِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے تَنْكِصُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مُسْتَكْبِرِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ ضمیر مستتر فاعل بِهٖ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر حال اولی، سٰمِرًا حال ثانیہ، تَهْجُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر حال ثالثہ، ذوالحال بااحوال ثلاثہ تَنْكِصُوْنَ کا فاعل ہے، فعل بافاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر كُنْتُمْ کی خبر ہے، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معللہ ہوا۔

سوال: سٰمِرًا تو مفرد کا صیغہ ہے تو یہ تَنْكِصُوْنَ کی واؤ ضمیر جمع سے حال کیسے بن سکتا ہے۔

جواب: علامہ راغب فرماتے ہیں کہ سٰمِرًا "حَاج اور رَاكِب کی طرح اسم جمع ہے، لہٰذا اس کا جمع کی ضمیر سے حال واقع ہونا درست ہے۔

اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٦٨﴾

آیت نمبر ۶۸: ہمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے جَهِلُوْا یا فَعَلُوْا مَافَعَلُوْا۔ لَمْ يَدَّبَّرُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الْقَوْلَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ محذوف بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اَمْ منقطعہ بمعنی بَلْ جَآءَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، مَا اسم موصول لَمْ يَاْتِ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل اٰبَآءَهُمْ مرکب اضافی موصوف الْاَوَّلِيْنَ صیغہ صفت هُمْ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر صفت، موصوف باصفت لَمْ يَاْتِ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ جَآءَ کا فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ مستانفہ ہوا۔ (اعراب القرآن محمود صافی)

اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿٦٩﴾

آیت نمبر ۶۹: اَمْ منقطعہ بمعنی بَلْ" لَمْ يَعْرِفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل رَسُوْلَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَهٗ جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، مُنْكِرُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق مقدم شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿٧٠﴾

آیت نمبر ۷۰: اَمْ منقطعہ بمعنی بَلْ" يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، بِهٖ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جِنَّةٌ مبتدا موخر، مبتدا موخر باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ بَلْ حرف اضراب جَآءَ فعل هُوَ ضمیر مستتر ذوالحال بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ اَكْثَرُهُمْ مرکب اضافی مبتدا، لِلْحَقِّ جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، كٰرِهُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق مقدم شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ هُمْ ضمیر منصوب کا حال ہے۔

وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ۭ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٧١﴾

آیت نمبر ۷۱: واؤ اعتراضیہ لَوْ حرف شرط اِتَّبَعَ فعل الْحَقُّ فاعل اَهْوَآءَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَام جوابیہ فَسَدَتْ فعل السَّمٰوٰتُ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاَرْضُ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول فِيْهِنَّ جار باجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَتْ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین فَسَدَتْ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معترضہ ہوا۔ بَلْ حرف اضراب اَتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، بَاء حرف جر ذِكْرِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء

عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، عَنْ حرف جر ذِكْرِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے مُعْرِضُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷۲: اَمْ حرف عطف تَسْـَٔلُ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اول، خَرْجًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فاء تعلیلیہ خَرَاجُ رَبِّكَ مرکب اضافی مبتدا، خَيْرٌ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل دونوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مُعَلِّلہ ہوا۔

وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝

آیت نمبر ۷۳: واؤ استینافیہ اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ تَدْعُوْ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اِلٰی حرف جر صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو تَدْعُوْ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۴: واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اسم موصول لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْاٰخِرَةِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ اِنَّ کا اسم، عَنِ الصِّرَاطِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم، لام مزحلقہ نٰكِبُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ جملہ اولیٰ پر معطوف ہے۔

وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۵: واؤ استینافیہ لَوْ حرف شرط رَحِمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَشَفْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مَا اسم موصول بِهِمْ جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مِنْ ضُرٍّ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال كَشَفْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، لام جوابیہ لَجُّوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال فِيْ حرف جر طُغْيَانِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے يَعْمَهُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال لَجُّوْا کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۶: واؤ استینافیہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اَخَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب

مفعول بہ بِالْعَذَابِ جار باجمرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ مَا حرف نفی اِسْتَکَانُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، لَامِ حرف جر رَبِّهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار باجمرور ظرف لغو اِسْتَکَانُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا حرف نفی یَتَضَرَّعُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین قسم محذوف کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

حَتّٰۤى اِذَا فَتَحْنَا عَلَیْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِیْدٍ اِذَا هُمْ فِیْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۷﴾

آیت نمبر ۷۷: حَتّٰی حرف ابتداء اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم فَتَحْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَیْهِمْ جار باجمرور ظرف لغو متعلق ہوئے بَابًا موصوف ذَا اسم از اسماء ستہ مضاف عَذَابٍ شَدِیْدٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی بَابًا کی صفت، موصوف باصفت فَتَحْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اِذَا مفاجاتیہ مفعول فیہ مقدم، هُمْ ضمیر مرفوع مبتدا، فِیْهِ جار باجمرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے مُبْلِسُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل و مفعول فیہ مقدم و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

رکوع نمبر ۵

وَ هُوَ الَّذِیْۤ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَ الْاَفْـٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾

آیت نمبر ۷۸: واؤ استینافیہ هُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول اَنْشَاَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل لَامِ جارہ کُمْ ضمیر مجرور، جار باجمرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَلسَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَ الْاَفْـٕدَةَ معطوف علیہ با معطوفین مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قَلِیْلًا مؤکد مَا زائدہ تاکید، مؤکد باتاکید بواسطہ موصوف محذوف شُكْرًا کے مفعول مطلق مقدم تَشْكُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَ هُوَ الَّذِیْ ذَرَاَكُمْ فِی الْاَرْضِ وَ اِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۹﴾

آیت نمبر ۷۹: واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول ذَرَاَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ فِی الْاَرْضِ جار باجمرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلَیْهِ جار باجمرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے تُحْشَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جملہ مستانفہ معطوف ہے۔

وَ هُوَ الَّذِیْ یُحْیٖ وَ یُمِیْتُ وَ لَهُ اخْتِلَافُ الَّیْلِ وَ النَّهَارِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۸۰﴾

آیت نمبر ۸۰: واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول یُحْیٖ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُمِیْتُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَهٗ جار باجمرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اِخْتِلَافُ مضاف الَّیْلِ وَ النَّهَارِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اَلَّذِیْ کا صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ھَمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور

معطوف علیہ محذوف ہے تَغْفُلُوْنَ، لَاتَعْقِلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

بَلْ قَالُوْا مِثْلَ مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿۸۱﴾

آیت نمبر ۸۱: بَلْ حرف اضراب قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِثْلَ مضاف مَا اسم موصول قَالَ فعل الْاَوَّلُوْنَ فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مِثْلَ کا مضاف الیہ، مرکب اضافی بواسطہ موصوف محذوف قَوْلًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالُوْا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۸۲﴾

آیت نمبر ۸۲: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، هَمزہ حرف استفہام اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم مِتْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم تُرَابًا وَّعِظَامًا معطوف علیہ با معطوف خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، اور جزاء محذوف ہے نُبْعَثُ، نُبْعَثُ فعل مجہول نَحْنُ ضمیر مستتر نائب فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ هَمزہ حرف استفہام اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ مَبْعُوْثُوْنَ اسم مفعول نَحْنُ ضمیر مستتر نائب فاعل، دونوں مل کر خبر اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ انشائیہ جزاء محذوف نُبْعَثُ کی تفسیر ہے۔

لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸۳﴾

آیت نمبر ۸۳: لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، وُعِدْنَا فعل مجہول نَا ضمیر مؤکد نَحْنُ ضمیر تاکید، مؤکد با تاکید معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰبَآؤُنَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف نائب فاعل، هٰذَا اسم اشارہ مفعول بہ، مِنْ قَبْلُ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب ہے، قسم محذوف با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ اِنْ حرف نفی هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، اِلَّا حرف استثنا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ مرکب اضافی مستثنیٰ مفرغ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۴﴾

آیت نمبر ۸۴: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر قول، لَام حرف جر مَنْ استفہامیہ محلاً مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، الْاَرْضُ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول فِيْهَا جار بامجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے فَاَخْبِرُوْنِيْ لِمَنْ هُمَا، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۵﴾

آیت نمبر ۸۵: سِ سین علامت فعل، یَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، لِلّٰهِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر اور مبتدا محذوف ہے اَلْاَرْضُ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ قول، هَمزہ حرف استفہام فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تَغْفُلُوْنَ، لَا تَذَكَّرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ استفہامیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۸۶﴾

آیت نمبر ۸۶: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ قول، مَنْ اسم استفہام مبتدا، رَبُّ مضاف السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَبُّ مضاف الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۸۷﴾

آیت نمبر ۸۷: سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ کی ترکیب سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ کی مثل ہے۔

قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۸﴾

آیت نمبر ۸۸: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ قول، مَنْ اسم استفہام مبتدا، بَاء حرف جار يَدِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَلَكُوْتُ مضاف كُلِّ شَيْءٍ مرکب اضافی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، يُجِيْرُ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يُجَارُ فعل مجہول هُوَ ضمیر مستتر نائب فاعل عَلَيْهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف هُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مَنْ کی خبر ہے، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ اور اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ کی ترکیب آیت نمبر ۸۴ میں دیکھیے۔

سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ﴿۸۹﴾

آیت نمبر ۸۹: اور سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ کی ترکیب آیت نمبر ۸۵ میں دیکھیے۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہو کر قول، فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، یا اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ هٰذَا، اَنّٰى اسم استفہام كَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم، تُسْحَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل جملہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف با جزاء مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۹۰﴾

آیت نمبر ۹۰: بَلْ حرف اضراب اَتَيْنَا فعل نَا ضمیر ذوالحال بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل هُمْ ضمیر منصوب ذوالحال، واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ كٰذِبُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل، دونوں مل کر

خبر، اِنَّ با اسم و خبر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّ مَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۭ بِمَا خَلَقَ وَ لَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۙ﴿۹۱﴾

آیت نمبر ۹۱: مَا حرف نفی اِتَّخَذَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل مِنْ حرف جر زائد وَلَدٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص مَعَهٗ مرکب اضافی ظرف مستقر كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم، مِنْ حرف جر زائد اِلٰهٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع اسم موخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اِذًا حرف جواب مہمل لَامْ جوابیہ ذَهَبَ فعل كُلُّ اِلٰهٍ مرکب اضافی فاعل بَاء حرف جر مَا اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف لغو ذَهَبَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَامْ جوابیہ عَلَا فعل بَعْضُهُمْ مرکب اضافی فاعل عَلٰى بَعْضٍ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف جزاء ہے شرط مقدر لَوْ كَانَ مَعَهٗ اٰلِهَةٌ کی، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ سُبْحٰنَ مصدر مضاف اَللّٰهِ اسم الجلالہ مضاف الیہ عَنْ حرف جر مَا اسم موصول يَصِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار بامجرور مصدر کے متعلق ہوئے، مصدر اپنے مضاف الیہ و متعلق سے مل کر فعل محذوف نُسَبِّحُ کا مفعول مطلق ہے، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ مستانفہ ہوا۔

عٰلِمِ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۹۲﴾

آیت نمبر ۹۲: عٰلِمِ صیغہ صفت مضاف الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ لفظ اَللّٰهِ کا بدل ہے فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے عَلِمَ اللّٰهُ الْغَيْبَ، تَعٰلٰى فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل عَنْ حرف جر مَا اسم موصول يُشْرِكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف لغو تَعَالٰی کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ محذوف اپنے معطوف سے مل کر جملہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۶ ❁

قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِيَنِّيْ مَا يُوْعَدُوْنَ ﴿۹۳﴾ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۹۴﴾

آیت نمبر ۹۳، ۹۴: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول، رَبِّ یہ اصل میں يَا رَبِّيْ ہے اور یہ مؤکد ہے، اور دوسرا رَبِّ تاکید ہے، مؤکد با تاکید نداء ہے، اِنْ حرف شرط مَا زائدہ تُرِيَنِّ فعل نون ثقیلہ برائے تاکید اور یہ نون وقایہ محذوفہ کے قائم مقام ہے، یَاء ضمیر منصوب مفعول بہ اول، مَا اسم موصول يُوْعَدُوْنَ فعل مضارع مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، رَبِّ یہ پہلے رَبِّ کی تاکید ہے، فاء جزائیہ لَا تَجْعَلْ فعل نہی اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نون برائے وقایہ یَاء ضمیر منصوب مفعول بہ اول فِيْ حرف جر الْقَوْمِ موصوف الظّٰلِمِيْنَ صفت، موصوف باصفت كَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر نداء کا جواب، نداء باجواب نداء

مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

وَاِنَّا عَلٰٓی اَنْ نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۹۵﴾

آیت نمبر ۹۵: واؤ استینا فیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم عَلٰی حرف جار اَنْ حرف مصدری و نصب نُرِيَ فعل مضارع معلوم نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل، کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل مَا اسم موصول نَعِدُ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے لام مزحلقہ قٰدِرُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ؕ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَصِفُوْنَ ﴿۹۶﴾

آیت نمبر ۹۶: اِدْفَعْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل بَاء حرف جر اَلَّتِيْ اسم موصول هِيَ ضمیر منفصل مبتدا، اَحْسَنُ اسم تفضیل هِيَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، مبتدا با خبر صلہ، موصول باصلہ بواسطہ موصوف محذوف اَلْخَصْلَةُ کے مجرور، جار بامجرور ظرف لغو اِدْفَعْ کے متعلق ہوئے اَلسَّيِّئَةَ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ نَحْنُ ضمیر مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل نَحْنُ مستتر فاعل بَاء حرف جر مَا اسم موصول يَصِفُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

سوال: اس آیت میں اَحْسَنُ اور اَعْلَمُ مبتدا کی خبریں اَحْسَنُ هِيَ ضمیر کی خبر، اور اَعْلَمُ نَحْنُ ضمیر کی خبر ہے مگر مبتدا اور خبر کے درمیان مطابقت نہیں ہے اس لئے کہ مبتدا مؤنث اور خبر اَحْسَنُ مذکر ہے اسی طرح نَحْنُ ضمیر مبتدا جمع کی ضمیر ہے اور اَعْلَمُ صیغہ واحد مذکر خبر ہے لہذا مبتدا اور خبر کے درمیان مطابقت نہیں ہے۔؟

جواب: اَحْسَنُ اور اَعْلَمُ اسم تفضیل مِنْ کے ساتھ مستعمل ہیں کیونکہ اَحْسَنُ کے بعد مِنْهَا اور اَعْلَمُ کے بعد مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مقدر ہے اور ضابطہ یہ ہے کہ جب اسم تفضیل مِنْ کے ساتھ ہو تو وہ ہمیشہ واحد مذکر آیا کرتا ہے خواہ اس کا موصوف یا مبتدا مذکر ہو یا مؤنث، واحد ہو یا تثنیہ یا جمع (فلا اشکال)

وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿۹۷﴾ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾

آیت نمبر ۹۷، ۹۸: واؤ عاطفہ قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ قول، رَبِّ یہ اصل میں يَا رَبِّيْ ہے اور یہ نداء ہے، اَعُوْذُ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل بِكَ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مِنْ حرف جر هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، یا خَائِفًا کے متعلق ہو کر اَعُوْذُ کی ضمیر فاعل سے حال ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَعُوْذُ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل بِكَ جار بامجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے، اَنْ حرف مصدری و نصب يَحْضُرُوْا فعل اور حالت نصب میں نون اعرابی نون جمع حذف ہو گیا ہے نون برائے وقایہ اور يَاء محذوفہ برائے فواصل مفعول بہ ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض متعلق ثانی، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ

خبریہ جواب نداء مقدم، رَبِّ یہ اصل میں یَارَبِّیْ ہے اور یہ نداء مؤخر ہے، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ پہلے قُلْ رَّبِّ پر معطوف ہے۔

حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ﴿۹۹﴾

آیت نمبر ۹۹: حَتّٰى حرف ابتدا اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل اَحَدَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ مقدم، الْمَوْتُ فاعل، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، رَبِّ یہ اصل میں یَارَبِّیْ ہے اور یہ نداء ہے ارْجِعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون برائے وقایہ یاء محذوفہ لرعایۃ الفواصل مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء باجواب مقولہ، قول با مقولہ جزاء ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

لَعَلِّیْۤ اَعْمَلُ صَالِحًا فِیْمَا تَرَكْتُ كَلَّا ؕ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ؕ وَ مِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

آیت نمبر ۱۰۰: لَعَلَّ حرف ترجی یاء ضمیر منصوب اس کا اسم، اَعْمَلُ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل صَالِحًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر عَمَلًا موصوف محذوف کی صفت اولی، فِیْ حرف جر مَا اسم موصول تَرَكْتُ فعل تاء مضمومہ ضمیر فاعل اور ہٗ محذوف مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مُقَابِلَ مضاف محذوف کا مضاف الیہ، مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر عَمَلًا محذوف کی صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، لَعَلَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

كَلَّا حرف ردع غیر عامل اِنَّ حرف تحقیق ھَا ضمیر اس کا اسم كَلِمَةٌ موصوف ھُوَ ضمیر مبتدا، قَآئِلُهَا مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ حرف جار وَرَآئِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، بَرْزَخٌ موصوف اِلٰى حرف جار یَوْمِ مضاف یُبْعَثُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، دونوں مل کر محلًا مجرور مضاف الیہ، مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر بَرْزَخٌ کی صفت، موصوف با صفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَاِذَا نُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَلَاۤ اَنْسَابَ بَیْنَهُمْ یَوْمَئِذٍ وَّ لَا یَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۱۰۱﴾

آیت نمبر ۱۰۱: فَاء استینا فیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم نُفِخَ فعل مجہول ھُوَ ضمیر مستتر راجع بسوئے مصدر نائب فاعل فِی الصُّوْرِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ لَا نفی جنس اَنْسَابَ اس کا اسم بَیْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ اوّل كَائِنَةٌ کا، یَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ ثانی، كَائِنَةٌ اسم فاعل ھِیَ مستتر نائب فاعل و مفعولین سے مل کر خبر، لَا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یَتَسَآءَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَ مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فِيْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾

آیت نمبر ۱۰۲، ۱۰۳: فَاء تفریعیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، ثَقُلَتْ فعل مَوَازِيْنُهٗ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، هُمْ ضمیر برائے فصل الْمُفْلِحُوْنَ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا، خَفَّتْ فعل مَوَازِيْنُهٗ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، الَّذِيْنَ اسم موصول خَسِرُوْٓا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر اوّل فِيْ جَهَنَّمَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، خٰلِدُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق مقدم شبہ جملہ ہو کر خبر ثانی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَ هُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾

آیت نمبر ۱۰۴: تَلْفَحُ فعل وُجُوْهَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ مقدم النَّارُ فاعل موخر، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر منفصل مبتدا، فِيْهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم كٰلِحُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق مقدم شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خٰلِدُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾

آیت نمبر ۱۰۵: هَمزہ حرف استفہام لَمْ تَكُنْ فعل ناقص اٰيٰتِيْ مرکب اضافی مرفوع تقدیراً اس کا اسم تُتْلٰى فعل مجہول هِيَ ضمیر مستتر نائب فاعل عَلَيْكُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم بِهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے تُكَذِّبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف قول، مقدر يُقَالُ لَهُمْ کا مقولہ، قول با مقولہ كٰلِحُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَ كُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ﴿۱۰۶﴾

آیت نمبر ۱۰۶: قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر قول ہوئے، رَبَّنَا یہ اصل میں يَا رَبَّنَا ہے، يَا حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل، رَبَّنَا منادیٰ مضاف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء، غَلَبَتْ فعل عَلَيْنَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے شِقْوَتُنَا مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم قَوْمًا موصوف ضَآلِّيْنَ صیغہ صفت هُمْ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر شبہ جملہ ہو کر قَوْمًا کی صفت، موصوف با صفت خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف نداء کا جواب، نداء با جواب مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ 10

آیت نمبر ۱۰۷: رَبَّنَا یہ اصل میں یَارَبَّنَا ہے اور یہ ندا ہے اَخْرِجْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ، مِنْهَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ندا کا جواب، ندا باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا فَاء عاطفہ اِنْ حرف شرط عُدْنَا فعل نَا ضمیر مرفوع متصل فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم ظٰلِمُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل ہو دونوں مل کر خبر اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿۱۰۸﴾

آیت نمبر ۱۰۸: قَالَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِخْسَـُٔوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل فِيْهَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تُكَلِّمُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل نون برائے وقایہ، یَاء ضمیر محذوفہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾

آیت نمبر ۱۰۹: اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم كَانَ فعل ناقص فَرِيْقٌ موصوف مِنْ حرف جر عِبَادِيْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر فَرِيْقٌ کی صفت، موصوف باصفت كَانَ کا اسم يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہو دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، رَبَّنَا یہ اصل میں یَارَبَّنَا ہے اور یہ ندا ہے اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل ہو دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ندا کا جواب، ندا باجواب ندا جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ تُحَاسِبْنَا، اِغْفِرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل لَنَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِرْحَمْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر ذوالحال، واؤ حالیہ اَنْتَ ضمیر مبتدا، خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال اِرْحَمْ کا فاعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰٓى اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ﴿۱۱۰﴾

آیت نمبر ۱۱۰: فَاء عاطفہ اِتَّخَذْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل، هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول سِخْرِيًّا مفعول بہ ثانی، حَتّٰى حرف غایت و جر اَنْسَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول ذِكْرِيْ مرکب اضافی منصوب تقدیراً مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم مِنْهُمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے تَضْحَكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف محلاً مجرور؛ مجرور، جار بامجرور ظرف لغو اِتَّخَذْتُمْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ يَقُوْلُوْنَ پر معطوف ہے۔

اِنِّيْ جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا ۙ اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱۱: اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر منصوب اس کا اسم جَزَيْتُ فعل تَاء مضمومہ فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول، الْيَوْمَ

مفعول فیہ،بَاء حرف جر مَا حرف مصدر صَبَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار باجرور ظرف لغو جَزَیْتُ کے متعلق ہوئے اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم هُمْ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا،اَلْ اسم موصول بمعنی اَلَّذِیْنَ،فَآئِزُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل،دونوں مل کر بتاویل فعل ماضی فَازُوْا صلہ،موصول باصلہ خبر،اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مصدر جَزَیْتُ کا مفعول بہ ثانی،فعل بافاعل ومفاعیل ثلاثہ خبر اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِی الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِیْنَ ﴿۱۱۲﴾

آیت نمبر ۱۱۲ : قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول،كَمْ اسم استفہام ممیز،عَدَدَ سِنِیْنَ مرکب اضافی تمیز، ممیز باتمیز مفعول فیہ مقدم،لَبِثْتُمْ فعل تُمْ ضمیر ذوالحال فِی الْاَرْضِ ظرف مستقر كَآئِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال،ذوالحال باحال فاعل،فعل بافاعل ومفعول فیہ مقدم جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ،قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالُوْا لَبِثْنَا یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ فَسْـَٔلِ الْعَآدِّیْنَ ﴿۱۱۳﴾

آیت نمبر ۱۱۳:قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل،دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول،لَبِثْنَا فعل نَا ضمیر فاعل یَوْمًا معطوف علیہ،اَوْ عاطفہ بَعْضَ یَوْمٍ مرکب اضافی معطوف،معطوف علیہ بامعطوف مفعول فیہ،فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ،قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ شِئْتَ،اِسْئَلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل الْعَآدِّیْنَ مفعول بہ،تینوں مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِیْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱۴﴾

آیت نمبر ۱۱۴ : قَالَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل،دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول،اِنْ حرف شرط لَبِثْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء قَلِیْلًا بواسطہ موصوف محذوف عَدَدًا کے مفعول فیہ ہے اور یا بواسطہ موصوف محذوف لُبْثًا کے مفعول مطلق ہے، فعل بافاعل ومفعول جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ،قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔لَوْ حرف شرط اَنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر،فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ خبر،اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مصدر فعل محذوف ثَبَتَ کا فاعل ہے،فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط،اور جزاء محذوف ہے لَمَا اَجَبْتُمْ بِهٰذِهِ الْمُدَّةِ (تو تم اس مدت کے ساتھ جواب نہ دیتے)

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّكُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾

آیت نمبر ۱۱۵ :همزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے غَفَلْتُمْ یا تَجَاهَلْتُمْ،حَسِبْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق کفوفہ،مَا کافہ خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ عَبَثًا بمعنی اسم فاعل عَابِثِیْنَ کے خَلَقْنَا کی ضمیر فاعل سے حال ہے،فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف علیہ،واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم اِلَیْنَا جار باجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے لَا تُرْجَعُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ خبر،اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف،معطوف علیہ بامعطوف حَسِبْتُمْ کے دو مفعول کے قائم مقام،فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ معطوف، معطوف علیہ مقدر بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾

آیت نمبر ۱۱۶: فاء عاطفہ تَعٰلَى فعل اَللّٰهُ موصوف اَلْمَلِكُ صفت اولیٰ اَلْحَقُّ صفت ثانیہ، موصوف با صفتین فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَا حرف نفی جنس اِلٰهَ اس کا اسم اور خبر محذوف مَوْجُوْدٌ ہے، مَوْجُوْدٌ اسم مفعول هُوَ ضمیر مستتر مبدل منہ اِلَّا حرف استثناء هُوَ ضمیر مرفوع منفصل مبدل منہ یا مبیّن رَبُّ مضاف اَلْعَرْشِ الْكَرِيْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بدل، یا عطف بیان، مبدل منہ بابدل مَوْجُوْدٌ میں هُوَ ضمیر سے بدل ہے، مبدل منہ بابدل نائب فاعل، اسم مفعول بانائب فاعل لَا کی خبر، لَا اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ لفظ اَللّٰهُ سے حال ہے۔

وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾

آیت نمبر ۱۱۷: واؤ استینا فیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، يَدْعُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَعَ اللّٰهِ مرکب اضافی كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم، اِلٰهًا اٰخَرَ مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال يَدْعُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَا حرف نفی جنس بُرْهَانَ اس کا اسم لَهٗ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق اوّل ہوئے بِهٖ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، كَائِنٌ اسم فاعل هُوَ ضمیر فاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر خبر، لَا اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اِلٰهًا اٰخَرَ کی صفت ہے، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق مکفوفہ، مَا کافہ حِسَابُهٗ مرکب اضافی مبتدا، عِنْدَ مضاف رَبِّهٖ مرکب اضافی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لَا يُفْلِحُ فعل الْكٰفِرُوْنَ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾

آیت نمبر ۱۱۸: واؤ استینا فیہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول، رَبِّ یہ اصل میں يَا رَبِّيْ ہے اور یہ نداء ہے اِغْفِرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِرْحَمْ فعل امر، اَنْتَ مستتر ذوالحال، واؤ حالیہ اَنْتَ ضمیر مبتدا، خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال اِرْحَمْ کا فاعل اِرْحَمْ فعل بافاعل جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

بِحَمْدِهٖ تعالیٰ

جامعہ سراج العلوم لودھراں کے دار الحدیث میں بروز اتوار بوقت ایک بجے دوپہر ۱.۴.۲۰۱۸ میں سورۃ المؤمنون کی ترکیب کے لکھنے سے فارغ ہوئے۔

ترکیب سُوْرَةُ النُّوْرِ

رکوع نمبرا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○ سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَ فَرَضْنٰهَا وَ اَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ○

آیت نمبر۱: سُوْرَةٌ موصوف اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فَرَضْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِيْهَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین سُوْرَةٌ کی صفت، موصوف باصفت مبتدا محذوف هٰذِهٖ کی خبر ہے یا فِيْمَا يُتْلٰى محذوف کا مبتدا ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی كُمْ ضمیر اس کا اسم تَذَكَّرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، حرف ترجّی اپنے اسم وخبر سے مل کر راجیًا تَذَكُّرَكُمْ کی تاویل میں ہو کر اَنْزَلْنَا کی ضمیر فاعل سے حال ہے یا جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

اَلزَّانِيَةُ وَ الزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ص وَّ لَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ج وَ لْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ○

آیت نمبر۲: اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ ہے مضاف محذوف حُكْمُ کا، پھر مرکب اضافی مبتدا ہے، فِيْمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِيْمَا بَعْدُ خبر محذوف ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء جزائیہ اِجْلِدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل كُلَّ وَاحِدٍ مرکب اضافی موصوف مِنْهُمَا جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ مِائَةَ جَلْدَةٍ ممیز باتمیز مفعول مطلق عددی ہے، فعل اپنے فاعل ومفعولین سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَاْخُذْ فعل نہی كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مقدم بِهِمَا جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر حال مقدم رَاْفَةٌ ذوالحال مؤخر، ذوالحال وحال مل کر لَا تَاْخُذْ کا فاعل، فِيْ حرف جر دِيْنِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو لَا تَاْخُذْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء مقدم، یادال بر جزاء ہے، اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، بَاء حرف جر اَللّٰهِ اسم الجلالہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اَلْيَوْمِ الْاٰخِرِ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور ظرف لغو تُؤْمِنُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط مؤخر، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لِيَشْهَدْ فعل امر عَذَابَهُمَا مرکب اضافی مفعول بہ، طَآئِفَةٌ موصوف مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل مؤخر، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ جملہ اولیٰ پر معطوف ہے۔

اَلزَّانِیْ لَا یَنْکِحُ اِلَّا زَانِیَۃً اَوْ مُشْرِکَۃً ز وَّ الزَّانِیَۃُ لَا یَنْکِحُھَآ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِکٌ ج وَ حُرِّمَ ذٰلِکَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ ۝۳

آیت نمبر۳: اَلزَّانِیْ مرفوع تقدیرًا مبتدا، لَا یَنْکِحُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء زَانِیَۃً معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ مُشْرِکَۃً معطوف، دونوں مل کر مستثنیٰ مفرغ ہو کر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلزَّانِیَۃُ مبتدا، لَا یَنْکِحُ فعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء زَانٍ مرفوع تقدیرًا معطوف علیہ اَوْ عاطفہ مُشْرِکٌ معطوف، دونوں مل کر مستثنیٰ مفرغ ہو کر فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ حُرِّمَ فعل مجہول ذٰلِکَ اسم اشارہ محلًا مرفوع نائب فاعل، عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ الَّذِیْنَ یَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ یَاْتُوْا بِاَرْبَعَۃِ شُھَدَآءَ فَاجْلِدُوْھُمْ ثَمٰنِیْنَ جَلْدَۃً وَّ لَا تَقْبَلُوْا لَھُمْ شَھَادَۃً اَبَدًا ج وَ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝۴ اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِکَ وَ اَصْلَحُوْا ج فَاِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝۵

آیت نمبر۴، ۵: واؤ استینا فیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَرْمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْمُحْصَنٰتِ منصوب بالکسرہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ حرف عطف لَمْ یَاْتُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جر اَرْبَعَۃِ ممیز مضاف شُھَدَآءَ تمیز مضاف الیہ، ممیز باتمیز مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ متضمن معنی شرط مبتدا، فَاء جزائیہ اِجْلِدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ ثَمٰنِیْنَ جَلْدَۃً ممیز باتمیز مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَقْبَلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل لَھُمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے شَھَادَۃً مفعول بہ اَبَدًا مفعول فیہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جملہ مستانفہ ہوا۔

واؤ استینا فیہ اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، ھُمْ ضمیر برائے فصل اَلْفٰسِقُوْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء اَلَّذِیْنَ اسم موصول تَابُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جر بَعْدِ ذٰلِکَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَصْلَحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء حرف تعلیل اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم غَفُوْرٌ خبر اوّل رَحِیْمٌ خبر ثانی، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ الَّذِیْنَ یَرْمُوْنَ اَزْوَاجَھُمْ وَ لَمْ یَکُنْ لَّھُمْ شُھَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُھُمْ فَشَھَادَۃُ اَحَدِھِمْ اَرْبَعُ شَھٰدٰتٍۭ بِاللّٰہِ لا اِنَّہٗ لَمِنَ الصّٰدِقِیْنَ ۝۶

آیت نمبر ۶: واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَرْمُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال، واؤ حالیہ لَمْ یَكُنْ فعل ناقص لَّهُمْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم شُهَدَآءُ مبدل منہ اِلَّآ حرف استثنا اَنْفُسُهُمْ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بابدل اسم مؤخر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال یَرْمُوْنَ کا فاعل اَزْوَاجَهُمْ مرکب اضافی اس کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ متضمن معنی شرط مبتدا، فاء جزائیہ شَهَادَةُ مضاف اَحَدِهِمْ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا، اَرْبَعُ ممیز مضاف شَهٰدٰتٍ مصدر بِاللّٰهِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم لَام مزحلقہ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ محلًا منصوب مفعول بہ، مصدر اپنے متعلق ومفعول بہ سے مل کر تمیز مضاف الیہ، ممیز باتمیز خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اَلَّذِیْنَ یَرْمُوْنَ کی خبر قائم مقام جزاء ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

سوال: حرف مشبہ بالفعل اِنَّ جب اپنے اسم وخبر سے مل کر مفعول بہ واقع ہوتو وہاں اَنَّ بفتح الھمزہ ہوتا ہے اور اس آیت میں اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِیْنَ بھی شَهٰدٰتٍ کا مفعول بہ واقع ہے تو پھر اِنَّ بکسر الھمزہ کیوں ہے۔؟

جواب: اِنَّ کی خبر پر لَام مزحلقہ داخل ہے اس لئے اَنَّ کی جگہ اِنَّ واقع ہوا ہے۔

وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۷﴾

آیت نمبر ۷: واؤ عاطفہ اَلْخَامِسَةُ بواسطہ موصوف محذوف اَلشَّهَادَةُ کے مبتدا، اَنَّ حرف تحقیق لَعْنَتَ اللّٰهِ مرکب اضافی اس کا اسم عَلَيْهِ جار بامجرور ظرف لغو كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر، اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مصدر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم مِنَ الْكٰذِبِيْنَ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۸﴾

آیت نمبر ۸: واؤ عاطفہ یَدْرَؤُا فعل عَنْهَا جار، مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَلْعَذَابَ مفعول بہ مقدم، اَنْ حرف مصدری ونصب تَشْهَدَ فعل هِیَ ضمیر مستتر فاعل اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ کی ترکیب اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ کی طرح ہے۔ اور یہ تَشْهَدَ کا مفعول مطلق ہے، فعل بافاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر یَدْرَؤُا کا فاعل ہے، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۹﴾

آیت نمبر ۹: واؤ عاطفہ اَلْخَامِسَةَ مبدل منہ، اَنَّ حرف تحقیق غَضَبَ اللّٰهِ مرکب اضافی اس کا اسم عَلَيْهَا جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ بدل، مبدل منہ بابدل اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍ پر معطوف ہے۔ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ کی ترکیب اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ کی مثل ہے اور یہ شرط ہے اور اس کی جزاء محذوف ہے فَعَلَيْهِ غَضَبُ اللّٰهِ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰﴾

آیت نمبر ۱۰: واؤ عاطفہ لَوْلَا حرف امتناع فَضْلُ مصدر مضاف اَللّٰهِ اسم الجلالہ مضاف الیہ عَلَيْكُمْ جار باَمجرور ظرف لغو مصدر کے متعلق ہوئے، مصدر اپنے مضاف الیہ و متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَحْمَتُهٗ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم تَوَّابٌ حَكِيْمٌ دو خبر، اَنَّ باسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مبتدا، اور خبر محذوف مَوْجُوْدُوْنَ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ شرط ہے، اور جزاء محذوف ہے لَفَضَحَكُمْ (اللہ تم کو رسوا کر دیتا) یا محذوف ہے لَعَاجَلَكُمْ بِالْعُقُوْبَةِ (تم کو جلدی سزا دیتا) شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ؕ لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ؕ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ۚ وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اسم موصول جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْاِفْكِ جار باَمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم عُصْبَةٌ موصوف مِّنْكُمْ جار باَمجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَا تَحْسَبُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اوّل، شَرًّا موصوف لَكُمْ جار باَمجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔ بَلْ حرف اضراب هُوَ ضمیر مبتدا، خَيْرٌ اسم تفضیل هُوَ ضمیر مستتر فاعل لَكُمْ جار باَمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

لَامِ حرف جر كُلِّ امْرِئٍ مرکب اضافی موصوف مِنْهُمْ جار باَمجرور ظرف مستقر كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار باَمجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَا اسم موصول اِكْتَسَبَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب محذوف مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، مِنَ الْاِثْمِ جار باَمجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال محلاً مرفوع مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَلَّذِيْ اسم موصول تَوَلّٰى فعل هُوَ ضمیر مستتر ذوالحال مِنْهُمْ جار باَمجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل كِبْرَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا، لَهٗ جار باَمجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، عَذَابٌ عَظِيْمٌ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: لَوْلَا حرف تحضیض اِذْ مضاف سَمِعْتُمُوْ فعل تُمْ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم، ظَنَّ فعل الْمُؤْمِنُوْنَ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف الْمُؤْمِنٰتُ معطوف، دونوں مل کر فاعل بِاَ حرف جر اَنْفُسِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم خَيْرًا مفعول بہ اوّل موخر، فعل بافاعل و مفعولین و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، اِفْكٌ موصوف مُبِيْنٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

لَوْ لَا جَآءُوْ عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: لَوْلَا حرف تحضیض غیر عامل جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَيْهِ جار باجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے بِاَ حرف جر اَرْبَعَةِ ممیز مضاف شُهَدَآءَ تمیز مضاف الیہ، ممیز باتمیز مجرور، جار باجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اِذْ ظرف زمان متضمن معنی شرط محلاً منصوب مفعول فیہ مقدم، لَمْ يَاْتُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاَ حرف جر الشُّهَدَآءِ مجرور، دونوں مل کر متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم الْكٰذِبُوْنَ کا، هُمْ ضمیر برائے فصل، الْكٰذِبُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل اور مفعول فیہ مقدم شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَلَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِىْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: واؤ استینا فیہ لَوْلَا حرف امتناع فَضْلُ مصدر مضاف اَللّٰهِ اسم الجلالہ مضاف الیہ عَلَيْكُمْ جار باجرور مصدر کے متعلق ہوئے، مصدر اپنے مضاف الیہ و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَحْمَتُ مصدر مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ، فِىْ حرف جر الدُّنْيَا مجرور تقدیراً معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاٰخِرَةِ معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار باجرور رَحْمَتُ کے متعلق ہوئے، مصدر اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف مبتدا، مَوْجُوْدَانِ خبر محذوف ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ شرط، لام جوابیہ مَسَّ فعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، فِىْ حرف جر مَآ اسم موصول اَفَضْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل فِيْهِ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر مجرور، جار باجرور ظرف لغو ہو کر مَسَّ کے متعلق ہوئے عَذَابٌ موصوف عَظِيْمٌ صیغہ صفت هُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل موخر، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَّتَحْسَبُوْنَهٗ

هَيِّنًا ۖ وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: اِذْ ظرف زمان مضاف تَلَقَّوْنَ فعل اصل میں تَتَلَقَّوْنَ ہے واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، بَاء حرف جر اَلْسِنَتِکُمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جر اَفْوَاهِکُمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، مَا اسم موصول لَیْسَ فعل ناقص لَکُمْ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق اوّل ہوئے، بِہٖ جار بامجرور ظرف لغو کَائِنًا کے متعلق ثانی ہوئے، کَائِنًا اسم فاعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم عِلْمٌ اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال تَقُوْلُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ تَحْسَبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، هَيِّنًا ذوالحال واؤ حالیہ ھُوَ ضمیر مرفوع مبتدا، عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم عَظِيْمٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل، صیغہ صفت اپنے فاعل و مفعول فیہ مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال تَحْسَبُوْنَ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اِذْ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مَسَّ کا مفعول فیہ ہے۔

وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: واؤ استینافیہ لَوْ لَا حرف تحضیض غیر عامل اِذْ مضاف سَمِعْتُمْ فعل تُمْ ضمیر مرفوع متصل فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم، قُلْتُمْ فعل تُمْ ضمیر متصل فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا نافیہ یَکُوْنُ فعل ناقص لَنَا جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَنْ حرف مصدری و نصب نَتَکَلَّمَ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل بِهٰذَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ سُبْحٰنَکَ مرکب اضافی فعل محذوف نُسَبِّحُ کا مفعول مطلق ہے، نُسَبِّحُ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ معترضہ انشائیہ دعائیہ ہوا۔ ھٰذَا اسم اشارہ مبتدا، بُهْتَانٌ موصوف عَظِيْمٌ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: یَعِظُ فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مقدم، اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل اَنْ حرف مصدری تَعُوْدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَام حرف جر مِثْلِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو تَعُوْدُوْا کے متعلق ہوئے اَبَدًا مفعول فیہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مضاف الیہ خَشْیَةَ مضاف محذوف کا، مرکب اضافی یَعِظُ کا مفعول لہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول لہ جملہ فعلیہ

خبریہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر مرفوع متصل اس کا اسم مُؤْمِنِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے فَلَا تَعُوْدُوْا لِمِثْلِہٖ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: واؤ عاطفہ یُبَیِّنُ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل لَکُمُ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَلْاٰیٰتِ منصوب بالجر مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جملہ اولیٰ پر معطوف ہے۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا، عَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر اوّل حَکِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر ثانی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُحِبُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب تَشِیْعَ فعل اَلْفَاحِشَۃُ فاعل فِیْ حرف جر اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف لغو تَشِیْعَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر یُحِبُّوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ اِنَّ کا اسم لَھُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ موصوف اَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر صفت اولیٰ، فِیْ حرف جر اَلدُّنْیَا تقدیراً مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْاٰخِرَۃِ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبر یہ اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا، یَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، لَا تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: واؤ استینافیہ لَوْلَا حرف امتناع فَضْلُ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَتُہٗ وَاَنَّ اللّٰہَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ کی ترکیب فَضْلُ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَتُہٗ وَاَنَّ اللّٰہَ تَوَّابٌ حَکِیْمٌ کی ترکیب کی مثل ہے جو کہ اسی سورت کی آیت نمبر ۱۰ میں گزر چکی ہے۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: یَآء حرف ندا، اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْا فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل اَیُّ موصوف یا مبدل منہ ھَا برائے تنبیہ، اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ صفت یا بدل، موصوف باصفت محلاً منصوب اُدْعُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر ندا، لَاتَتَّبِعُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل خُطُوٰتِ مضاف الشَّیْطٰنِ مضاف الیہ، مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ندائیہ ہوئے واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، یَتَّبِعْ فعل ھُوَ مستتر فاعل خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے فَقَدْ ضَلَّ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوئے

فاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم یَاْمُرُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل بَاء حرف جر اَلْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف لغو یَاْمُرُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ لَاتَتَّبِعُوْا کی تعلیل ہے یا مَنْ یَّتَّبِعْ کی تعلیل ہے واؤ استینافیہ لَوْ لَا حرف امتناع فَضْلُ مصدر مضاف اَللّٰہِ اسم الجلالہ مضاف الیہ، عَلَیْکُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، مصدر اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَحْمَتُہٗ مرکب اضافی معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف مبتدا، خبر محذوف ہے مَوْجُوْدَانِ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر شرط، مَانافیہ زَکٰی فعل مِنْکُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، مِنْ حرف جر زائد اَحَدٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال زَکٰی کا فاعل اَبَدًا مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰکِنَّ حرف استدراک اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم یُزَکِّیْ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل مَنْ اسم موصول یَشَآءُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ یُزَکِّیْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، لٰکِنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوئے واؤ استینافیہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا، سَمِیْعٌ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر اول عَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر ثانی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوئے

وَ لَا یَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْکُمْ وَ السَّعَةِ اَنْ یُّؤْتُوْۤا اُولِی الْقُرْبٰى وَ الْمَسٰكِیْنَ وَ الْمُهٰجِرِیْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ۪ۖ وَ لْیَعْفُوْا وَ لْیَصْفَحُوْا ؕ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ یَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: واؤ استینافیہ لَایَاْتَلِ فعل نہی (یہ اصل میں یَاْتَلِیْ ہے) اُولُوا الْفَضْلِ مرکب اضافی ذوالحال مِنْکُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، وَالسَّعَةِ کا اَلْفَضْلِ پر عطف ہے اَنْ حرف مصدری و نصب یُؤْتُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اُولِی الْقُرْبٰی مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْمَسٰکِیْنَ معطوف اول، واؤ عاطفہ اَلْمُھٰجِرِیْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر مستتر فاعل فِیْ حرف جر سَبِیْلِ اللّٰہِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین یُؤْتُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض (یہ اصل میں فِیْ اَنْ یُّؤْتُوْا ہے) جار با مجرور ظرف لغو لَایَاْتَلِ کے متعلق ہوئے، فعل نہی بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لِیَعْفُوْا فعل

امر واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لِيَصْفَحُوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔ ھَمزہ حرف استفہام لَا تُحِبُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب يَغْفِرَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل لَكُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا، غَفُوْرٌ خبر اوّل، رَّحِيْمٌ خبر ثانی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ ۪ وَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَرْمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْمُحْصَنٰتِ موصوف الْغٰفِلٰتِ صفت اولی الْمُؤْمِنٰتِ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم لُعِنُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِي حرف جر الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَهُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، عَذَابٌ عَظِيْمٌ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَّوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ وَ اَيْدِيْهِمْ وَ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: يَوْمَ مضاف تَشْهَدُ فعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَلْسِنَتُهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَيْدِيْهِمْ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَرْجُلُهُمْ مرکب اضافی معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین تَشْهَدُ کا فاعل بَاء حرف جر مَا حرف مصدری كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَعْمَلُوْنَ فعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو تَشْهَدُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ محلاً مجرور يَوْمَ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی لَهُمْ کے متعلق ہو کر کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہے۔

يَوْمَئِذٍ يُّوَفِّيْهِمُ اللّٰهُ دِيْنَهُمُ الْحَقَّ وَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی يُوَفِّيْ کا مفعول فیہ مقدم ہے يُوَفِّيْ فعل هِمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل دِيْنَهُمْ مرکب اضافی موصوف الْحَقَّ صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم هُوَ ضمیر فصل، الْحَقُّ الْمُبِيْنُ مرکب توصیفی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مصدر يَعْلَمُوْنَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اَلْخَبِيْثٰتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَ الْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثٰتِ ۚ وَ الطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ وَ الطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبٰتِ ۚ اُولٰٓئِكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ رِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: اَلْخَبِيْثٰتُ مبتدا، لام حرف جار اَلْخَبِيْثِيْنَ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَاتٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْخَبِيْثُوْنَ مبتدا لِلْخَبِيْثٰتِ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ وَالطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبٰتِ کی ترکیب اَلْخَبِيْثٰتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثٰتِ کی ترکیب طرح ہے۔ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، مُبَرَّءُوْنَ اسم مفعول هُمْ ضمیر مستتر نائب فاعل، مِنْ حرف جر مَا اسم موصول يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم مفعول بانائب فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَهُمْ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَغْفِرَةٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رِزْقٌ كَرِيْمٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رکوع نمبر ۴

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَ تُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: يَا حرف ندا، اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْا فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل اَيُّ موصوف یا مبدل منہ هَا برائے تنبیہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ صفت یا بدل، موصوف باصفت محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر ندا، لَا تَدْخُلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل بُيُوْتًا موصوف غَيْرَ مضاف بُيُوْتِكُمْ مرکب اضافی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت لَا تَدْخُلُوْا کا مفعول فیہ، حَتّٰى حرف غایت و جر تَسْتَاْنِسُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تُسَلِّمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰى حرف جار اَهْلِهَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو تُسَلِّمُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ظرف لغو لَا تَدْخُلُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول فیہ و متعلق جملہ انشائیہ ندا کا جواب، ندا باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ ذٰلِكُمْ اسم اشارہ مبتدا، خَيْرٌ اسم تفضیل هُوَ ضمیر مستتر فاعل لَكُمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی كُمْ ضمیر اس کا اسم تَذَكَّرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، لَعَلَّ بااسم و خبر جملہ انشائیہ معللہ ہوا، اور جملہ معللہ محذوف ہے اُنْزِلَ عَلَيْكُمْ هٰذَا الْاَمْرُ۔

فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَآ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ ۚ وَ اِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: فَاء عاطفہ اِنْ حرف شرط لَمْ تَجِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَحَدًا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ لَا تَدْخُلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ حَتّٰى حرف غایت و جر

اور اس کے بعد اَنْ ناصبہ مقدر ہے یُؤْذَنَ فعل مجہول ھُوَ ضمیر مستتر نائب فاعل لَکُمْ جار باِلجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ظرف لغو لَاتَدْخُلُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط قِیْلَ فعل مجہول ھُوَ ضمیر مستتر نائب فاعل لَکُمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِرْجِعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اِرْجِعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ جواب نداء پر معطوف ہے۔ ھُوَ ضمیر منفصل مبتداء، اَزْکٰی اسم تفضیل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل لَکُمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل ومتعلق شبہ جملہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعلِّلہ ہوا۔ واؤ استیناً فیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتداء، باء حرف جار مَا اسم موصول تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، عَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

لَیْسَ عَلَیْکُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُیُوْتًا غَیْرَ مَسْکُوْنَةٍ فِیْهَا مَتَاعٌ لَّکُمْ ؕ وَ اللّٰهُ یَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَ مَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: لَیْسَ فعل ناقص عَلَیْکُمْ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم جُنَاحٌ موصوف اَنْ حرف مصدری ونصب تَدْخُلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بُیُوْتًا موصوف غَیْرَ مَسْکُوْنَةٍ مرکب اضافی صفت اولی، فِیْهَا جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَتَاعٌ موصوف لَکُمْ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ بُیُوْتًا کی صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض مجرور اصل میں فِیْ اَنْ ہے، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر جُنَاحٌ کی صفت، موصوف باصفت اسم موخر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واؤ استیناً فیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتداء یَعْلَمُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل مَا اسم موصول تُبْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول تَكْتُمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف یَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ یَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَ یَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ؕ ذٰلِكَ اَزْکٰی لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِیْرٌۢ بِمَا یَصْنَعُوْنَ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لِلْمُؤْمِنِیْنَ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ قول، مقولہ محذوف ہے غُضُّوا اَبْصَارَکُمْ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ یَغُضُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جر اَبْصَارِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار

باِلمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَحْفَظُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فُرُوْجَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط محذوف اِنْ تَقُلْ لَّھُمْ غُضُّوْا اَبْصَارَکُمْ کی جزاء ہے کیونکہ یہ جواب امر ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا، اَزْکٰی اسم تفضیل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل لَھُمْ جار باِلمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے تینوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم خَبِیْرٌ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر مستتر فاعل بَاء حرف جر مَا اسم موصول یَصْنَعُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار باِلمجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ قُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ یَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِھِنَّ وَ یَحْفَظْنَ فُرُوْجَھُنَّ وَ لَا یُبْدِیْنَ زِیْنَتَھُنَّ اِلَّا مَا ظَھَرَ مِنْھَا وَ لْیَضْرِبْنَ بِخُمُرِھِنَّ عَلٰی جُیُوْبِھِنَّ ص وَ لَا یُبْدِیْنَ زِیْنَتَھُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِھِنَّ اَوْ اٰبَآئِھِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِھِنَّ اَوْ اَبْنَآئِھِنَّ اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِھِنَّ اَوْ اِخْوَانِھِنَّ اَوْ بَنِیْٓ اِخْوَانِھِنَّ اَوْ بَنِیْٓ اَخَوٰتِھِنَّ اَوْ نِسَآئِھِنَّ اَوْ مَا مَلَکَتْ اَیْمَانُھُنَّ اَوِ التّٰبِعِیْنَ غَیْرِ اُولِی الْاِرْبَۃِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِیْنَ لَمْ یَظْھَرُوْا عَلٰی عَوْرٰتِ النِّسَآءِ ص وَ لَا یَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِھِنَّ لِیُعْلَمَ مَا یُخْفِیْنَ مِنْ زِیْنَتِھِنَّ ط وَ تُوْبُوْٓا اِلَی اللّٰہِ جَمِیْعًا اَیُّہَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: واؤ عاطفہ قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، لِلْمُؤْمِنٰتِ جار باِلمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے یہ جملہ انشائیہ قول، اور مقولہ محذوف ہے اَغْضُضْنَ اَبْصَارَکُنَّ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ یَغْضُضْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر فاعل مِنْ حرف جر اَبْصَارِھِنَّ مرکب اضافی مجرور، جار باِلمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَحْفَظْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر متصل فاعل فُرُوْجَھُنَّ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط محذوف اِنْ تَقُلْ لَّھُنَّ اَغْضُضْنَ کی جزاء ہے، کیونکہ یہ جواب امر ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لَا یُبْدِیْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر متصل فاعل زِیْنَتَھُنَّ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل، اِلَّا حرف استثناء مَا اسم موصول ظَھَرَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل مِنْھَا جار باِلمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ اولی پر معطوف ہے۔ واؤ استینا فیہ لِیَضْرِبْنَ فعل امر نون مفتوحہ ضمیر فاعل بَاء حرف جر خُمُرِھِنَّ مرکب اضافی مجرور، جار باِلمجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے، عَلٰی حرف جر جُیُوْبِھِنَّ مرکب اضافی مجرور، جار باِلمجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل امر بافاعل و متعلقین جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یُبْدِیْنَ فعل نہی نون مفتوحہ ضمیر فاعل زِیْنَتَھُنَّ مرکب اضافی مفعول بہ، اِلَّا حرف استثناء لَام حرف جر بُعُوْلَتِھِنَّ مرکب اضافی معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اٰبَآئِھِنَّ مرکب اضافی معطوف اوّل، اَوْ حرف عطف اٰبَآءِ مضاف بُعُوْلَتِھِنَّ مرکب اضافی

مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی معطوف ثانی ،اَوْ حرف عطف اَبْنَآئِهِنَّ مرکب اضافی معطوف ثالث ،اَوْ حرف عطف اَبْنَآءِ مضاف بُعُوْلَتِهِنَّ مرکب اضافی مضاف الیہ، پھر مضاف بامضاف الیہ معطوف رابع،اَوْ حرف عطف اِخْوَانِهِنَّ مرکب اضافی معطوف خامس، اَوْ حرف عطف بَنِیْٓ مضاف اور یہ اصل میں بَنِیْنَ ہے جو کہ ابن کی جمع ہے بوجہ اضافت کے نون ساقط ہو گیا ہے،اِخْوَانِهِنَّ مرکب اضافی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی معطوف سادس،اَوْ عاطفہ بَنِیْٓ مضاف اَخَوٰتِهِنَّ مرکب اضافی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی معطوف سابع،اَوْ حرف عطف نِسَآئِهِنَّ مرکب اضافی معطوف علیہ،اَوْ حرف عطف مَا اسم موصول مَلَكَتْ فعل اَیْمَانُهُنَّ مرکب اضافی فاعل،ہر دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف معطوف ثامن،اَوِ حرف عطف التّٰبِعِیْنَ موصوف غَیْرِ مضاف اُولِی الْاِرْبَةِ مرکب اضافی مضاف الیہ،غَیْرِ اپنے مضاف الیہ سے مل کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال،مِنَ حرف جر الرِّجَالِ معطوف علیہ،اَوِ حرف عطف الطِّفْلِ موصوف الَّذِیْنَ اسم موصول لَمْ یَظْهَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰی حرف جر عَوْرٰتِ النِّسَآءِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو لَمْ یَظْهَرُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ الطِّفْلِ کی صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر التّٰبِعِیْنَ کا حال،ذوالحال باحال معطوف تاسع، معطوف علیہ با معطوفات تسعہ لَا کا مجرور، جار بامجرور مستثنیٰ مفرغ ہو کر ظرف لغو لَا یُبْدِیْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف اوّل،واؤ عاطفہ لَا یَضْرِبْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر فاعل بِاَ حرف جر اَرْجُلِهِنَّ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے،لِ حرف جر برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ ناصبہ مقدر ہے،یُعْلَمَ فعل مجہول مَا اسم موصول یُخْفِیْنَ فعل مضارع نون مفتوحہ ضمیر متصل فاعل ہٗ ضمیر منصوب محذوف ذوالحال،مِنْ حرف جر زِیْنَتِهِنَّ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال،ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور لَا یَضْرِبْنَ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ انشائیہ لِیَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ کا معطوف ثانی ہے، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

واؤ استینا فیہ تُوْبُوْا فعل امر واؤ ضمیر ذوالحال جَمِیْعًا حال،ذوالحال باحال فاعل اِلَی اللّٰهِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ جواب ندا مقدم، اَیُّهَا... الخ اصل میں یَآاَیُّهَا ہے،یَا حرف ندا اَدْعُوْا کے قائم مقام،اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل اَیُّ موصوف هَا برائے تنبیہ الْمُؤْمِنُوْنَ صفت، موصوف باصفت محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر ندا مؤخر، ندا باجواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا لَعَلَّ حرف ترجی کُمْ ضمیر اس کا اسم تُفْلِحُوْنَ فعل مضارع واؤ ضمیر فاعل، ہر دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، حرف ترجی بااسم و خبر جملہ انشائیہ ہو کر رَاجِیَ الْفَلَاحِ کی تاویل میں ہو کر تُوْبُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے، یا اس کے لئے جملہ مُعَلِّلَہ ہوا۔

وَاَنْكِحُوا الْاَیَامٰى مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِیْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ؕ اِنْ یَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ یُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ۝۳۲

آیت نمبر ۳۲: واؤ استینا فیہ اَنْكِحُوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل الْاَیَامٰى ذوالحال مِنْكُمْ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال،ذوالحال باحال معطوف علیہ،واؤ عاطفہ الصّٰلِحِیْنَ ذوالحال مِنْ حرف جار عِبَادِكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ،واؤ عاطفہ اِمَآئِكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال،ذوالحال باحال معطوف، معطوف

11

علیہ یا معطوف اَنْکِحُوا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ تُوْبُوْا پر معطوف ہے۔اِنْ حرف شرط یَکُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم فُقَرَآءَ صیغہ صفت ھُمْ ضمیر مستتر فاعل،دونوں مل کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط،یُغْنِ فعل اور یہ اصل میں یُغْنِیْ ہے ھِمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل مِنْ حرف جر فَضْلِہٖ مرکب اضافی مجرور،جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء،شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔واؤ استینافیہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا،وَاسِعٌ صیغہ اسم فاعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل،دونوں مل کر خبر اوّل عَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر مستتر فاعل،دونوں مل کر خبر ثانی،مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ لْیَسْتَعْفِفِ الَّذِیْنَ لَا یَجِدُوْنَ نِکَاحًا حَتّٰی یُغْنِیَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَ الَّذِیْنَ یَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ اَیْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِیْهِمْ خَیْرًا ۖ وَّ اٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِیْۤ اٰتٰىكُمْ ؕ وَ لَا تُكْرِهُوْا فَتَیٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ؕ وَ مَنْ یُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳:واؤ عاطفہ لِیَسْتَعْفِفُ فعل امر اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَایَجِدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل نِکَاحًا مفعول بہ حَتّٰی حرف غایت وجر اور اس کے بعد اَنْ ناصبہ مقدّر ہے یُغْنِیَ فعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ،اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل مِنْ حرف جر فَضْلِہٖ مرکب اضافی مجرور،جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور،جار بامجرور ظرف لغو لَایَجِدُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ،موصول باصلہ فاعل، فعل امر اپنے فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف بر جملہ اولیٰ ہے۔واؤ استینا فیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَبْتَغُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال،مِنْ حرف جر مَا اسم موصول مَلَکَتْ فعل اَیْمَانُکُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ،موصول باصلہ مجرور،جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال یَبْتَغُوْنَ کا فاعل اَلْکِتٰبَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ،موصول باصلہ متضمن معنی شرط مبتدا،فاء جزائیہ کَاتِبُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ،تینوں مل کر خبر قائم مقام جزاء ہے،مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔اِنْ حرف شرط عَلِمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل فِیْهِمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم خَیْرًا مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل بافاعل ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ شرط،اور جزاء محذوف ہے فَکَاتِبُوْھُمْ،شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اٰتُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ،مِنْ حرف جر مَالِ اللّٰہِ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول اٰتٰی فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ،تینوں مل کر صلہ،موصول باصلہ مَالِ اللّٰہِ کی صفت،موصوف باصفت مجرور،جار بامجرور ظرف لغو اٰتُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ انشائیہ کَاتِبُوْا پر معطوف ہے۔واؤ عاطفہ لَاتُکْرِھُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل فَتَیٰتِکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ عَلَى الْبِغَآءِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے لَام حرف جر اور اس کے بعد اَنْ ناصبہ مقدّر ہے،تَبْتَغُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَرَضَ مضاف اَلْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا مرکب توصیفی مضاف الیہ،پھر مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و

مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور لَا تُكْرِهُوا کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلقین جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔

اِنْ حرف شرط اَرَدْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر فاعل تَحَصُّنًا مفعول بہ، تینوں مل کر شرط ہے، اور جزاء محذوف ہے فَلَا تُكْرِهُوا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ جس پر شرط سے پہلے والا جملہ دال ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، یُکْرِہْ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ھُنَّ ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے فَاِنَّهٗ يُحَاسَبُ وَيَغْفِرُ اللّٰهُ لَهُنَّ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم مِنْ حرف جر بَعْدِ مضاف اِكْرَاهِ مضاف الیہ مضاف هِنَّ مضاف الیہ، اِكْرَاهِ اپنے مضاف الیہ سے مل کر بَعْدِ کا مضاف الیہ، پھر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے غَفُوْرٌ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، صیغہ صفت اپنے فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر اول رَحِيْمٌ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر ثانی، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: واؤ استینافیہ لام موطۂ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَيْكُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ مرکب توصیفی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَثَلًا موصوف مِنْ حرف جر اَلَّذِيْنَ اسم موصول خَلَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جر قَبْلِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر مَثَلًا کی صفت، موصوف باصفت معطوف اول، واؤ عاطفہ مَوْعِظَةً موصوف لِلْمُتَّقِيْنَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اَنْزَلْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم با جواب جملہ قسمیہ مستانفہ ہوا۔

رکوع نمبر ۵

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا، نُوْرُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ مَثَلُ مضاف نُوْرِهٖ مرکب اضافی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مبتدا، کاف حرف جر مِشْكٰوةٍ موصوف فِيْهَا جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِصْبَاحٌ موصوف اَلْمِصْبَاحُ مبتدا، فِيْ حرف جار زُجَاجَةٍ موصوف اَلزُّجَاجَةُ مبتدا، كَاَنَّ حرف تشبیہ هَا ضمیر اس کا اسم كَوْكَبٌ موصوف دُرِّيٌّ اسم منسوب ھُوَ ضمیر مستتر نائب فاعل، دونوں مل کر كَوْكَبٌ

کی صفت، موصوف باصفت کَاَنَّ کی خبر، کَاَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ زُجَاجَۃٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر اَلْمِصْبَاحُ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مِصْبَاحٌ کی صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر مِشْکٰوۃٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

یُوْقَدُ فعل مجہول ھُوَ ضمیر مستتر نائب فاعل مِنْ حرف جار شَجَرَۃٍ موصوف مُبٰرَکَۃٍ اسم مفعول ھِیَ مستتر نائب فاعل سے مل کر صفت اولیٰ، زَیْتُوْنَۃٍ صفت ثانیہ، لَا زائدہ شَرْقِیَّۃٍ صفت ثالثہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ غَرْبِیَّۃٍ صفت رابعہ یَکَادُ فعل مقارب زَیْتُھَا مرکب اضافی اس کا اسم یُضِیْٓءُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، فعل مقارب بااسم وخبر جملہ فعلیہ انشائیہ صفت خامسہ، موصوف باصفات خمسہ مجرور، جار بامجرور ظرف لغو یُوْقَدُ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مِصْبَاحٌ کی صفت ثانیہ ہے، واؤ حالیہ لَوْ حرف شرط لَمْ تَمْسَسْ فعل ہُ ضمیر منصوب مفعول بہ، نَارٌ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے یَکَادُ زَیْتُھَا یُضِیْٓءُ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر یُضِیْٓءُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ نُوْرٌ موصوف عَلٰی نُوْرٍ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا محذوف ھُوَ کی خبر ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

یَھْدِیْ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل لَامْ حرف جر نُوْرِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَنْ اسم موصول یَّشَآءُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر، موصول باصلہ یَھْدِیْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَضْرِبُ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل اَلْاَمْثَالَ مفعول بہ لِلنَّاسِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا، بَاء حرف جر کُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے عَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

فِیْ بُیُوْتٍ اَذِنَ اللّٰہُ اَنْ تُرْفَعَ وَیُذْکَرَ فِیْھَا اسْمُہٗ یُسَبِّحُ لَہٗ فِیْھَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿۳۶﴾
رِجَالٌ لَّا تُلْھِیْھِمْ تِجَارَۃٌ وَّلَا بَیْعٌ عَنْ ذِکْرِ اللّٰہِ وَاِقَامِ الصَّلٰوۃِ وَاِیْتَآءِ الزَّکٰوۃِ
یَخَافُوْنَ یَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِیْہِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۶، ۳۷: فِیْ حرف جر بُیُوْتٍ موصوف اَذِنَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب تُرْفَعَ فعل مجہول ھِیَ ضمیر مستتر نائب فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُذْکَرَ فعل مجہول فِیْھَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اِسْمُہٗ مرکب اضافی نائب فاعل، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض یہ اصل میں فِیْ اَنْ ہے، جار بامجرور اَذِنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف لغو یُسَبِّحُ کے متعلق مقدم ہوئے یُسَبِّحُ فعل لَہٗ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے فِیْھَا جار بامجرور فِیْ بُیُوْتٍ کی تاکید ہے، بَاء حرف جر اَلْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ثالث ہوئے، رِجَالٌ موصوف لَا تُلْھِیْ فعل ھِمْ ضمیر منصوب مفعول بہ تِجَارَۃٌ معطوف

علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ بَیْعٌ معطوف، دونوں مل کر فاعل عَنْ حرف جر ذِكْرِ اللّٰهِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِقَامِ الصَّلٰوةِ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ مرکب اضافی معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مجرور، جار با مجرور ظرف لغو لَا تُلْهِيْهِمْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ رِجَالٌ کی صفت اولیٰ، يَخَافُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل يَوْمًا موصوف تَتَقَلَّبُ فعل فِيْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل بافاعل ومتعلق يَوْمًا کی صفت، موصوف باصفت مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ رِجَالٌ کی صفت ثانیہ، موصوف باصفتین يُسَبِّحُ کا فاعل، فعل بافاعل ومتعلقات ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَ يَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَ اللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝۳۸

آیت نمبر ۳۸: لَام حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ ناصبہ مقدر ہے يَجْزِيَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل اَحْسَنَ مضاف مَا اسم موصول عَمِلُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَزِيْدَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، مِنْ حرف جر فَضْلِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو يَزِيْدَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا، يَرْزُقُ فعل هُوَ ضمیر مستتر ذوالحال، بَاء حرف جر غَيْرِ حِسَابٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل مَنْ اسم موصول يَشَآءُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ يَرْزُقُ کے مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍۭ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَآءً ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْـًٔا وَّ وَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ؕ وَ اللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝۳۹

آیت نمبر ۳۹: واؤ استینا فیہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، اَعْمَالُهُمْ مرکب اضافی مبتدا، کاف حرف جار سَرَابٍ موصوف بَاء حرف جر قِيْعَةٍ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، يَحْسَبُ فعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اَلظَّمْاٰنُ فاعل مَآءً مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر اَعْمَالُهُمْ کی خبر، مبتدا باخبر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ حَتّٰى حرف ابتداء اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَمْ يَجِدْ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، شَيْـًٔا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ وَجَدَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ مفعول بہ، عِنْدَہٗ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ وَفّٰی فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اول، حِسَابَہٗ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف علیہ محذوف پر معطوف ہے، تقدیر عبارت یوں بن جائے گی وَالْکَافِرُ اِذَا جَآءَہُ الْمَوْتُ لَمْ یَجِدْ عَمَلَہٗ بَعْدَ الْمَوْتِ وَوَجَدَ اللّٰہَ یعنی حِسَابَ اللّٰہِ... الخ واؤ استینافیہ یا اعتراضیہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا، سَرِیْعُ الْحِسَابِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ یا معترضہ ہوا۔

اَوْ کَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ یَّغْشٰہُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِہٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِہٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُہَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَاۤ اَخْرَجَ یَدَہٗ لَمْ یَکَدْ یَرٰىہَا ؕ وَ مَنْ لَّمْ یَجْعَلِ اللّٰہُ لَہٗ نُوْرًا فَمَا لَہٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿۴۰﴾

آیت نمبر ۴۰: اَوْ حرف عطف کاف حرف جر ظُلُمٰتٍ موصوف فِیْ حرف جر بَحْرٍ موصوف لُجِّیٍّ صفت اول یَغْشٰی فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مَوْجٌ موصوف مِنْ حرف جر فَوْقِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَوْجٌ موصوف مِنْ حرف جر فَوْقِہٖ مرکب اضافی، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم سَحَابٌ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مَوْجٌ کی صفت، موصوف با صفت مبتدا موخر، مبتدا با خبر مَوْجٌ کی صفت، موصوف با صفت یَغْشٰی کا فاعل فعل بافاعل و مفعول بہ بَحْرٍ کی صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مجرور، جار با مجرور کسرابٍ پر معطوف ہے۔ ظُلُمٰتٌ موصوف بَعْضُھَا مرکب اضافی مبتدا، فَوْقَ بَعْضٍ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت اولیٰ، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَخْرَجَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل یَدَہٗ مرکب اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَمْ یَکَدْ فعل مقارب ھُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم یَرٰی فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل مقارب با اسم و خبر جملہ فعلیہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ظُلُمٰتٌ کی صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مبتدا محذوف ھِیَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا، لَمْ یَجْعَلْ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل لَہٗ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم، نُوْرًا مفعول بہ اول موخر، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ مَا نافیہ لَہٗ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مِنْ حرف جر زائد نُوْرٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۶ ❁

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ یُسَبِّحُ لَہٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ الطَّیْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ کُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَہٗ وَ تَسْبِیْحَہٗ ؕ وَ اللّٰہُ عَلِیْمٌۢ بِمَا یَفْعَلُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَ لِلّٰہِ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَ اِلَی اللّٰہِ الْمَصِیْرُ ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۱،۴۲: ھَمزہ حرف استفہام لَمْ تَرَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم یُسَبِّحُ فعل لَهٗ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَنْ اسم موصول فِي حرف جر السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہوکر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلطَّيْرُ ذوالحال صٰٓفّٰتٍ صیغہ اسم فاعل هُنَّ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر حال، ذوالحال باحال معطوف، معطوف علیہ بامعطوف یُسَبِّحُ کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مصدر لَمْ تَرَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

كُلٌّ مبتدا، قَدْ حرف تحقیق عَلِمَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل صَلَاتَهٗ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَسْبِيْحَهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر یُسَبِّحُ کے فاعل سے حال ہے۔ واؤ استینا فیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا، عَلِيْمٌ صیغہ صفت هُوَ ضمیر مستتر فاعل بِ باء حرف جر مَا مصدریہ يَفْعَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہوکر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لِلّٰهِ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہوکر خبر مقدم مُلْكُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِلَى اللّٰهِ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہوکر خبر مقدم اَلْمَصِيْرُ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَ يُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا مِنْۢ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَ يَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ يَّشَآءُ ؕ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳: ھَمزہ حرف استفہام لَمْ تَرَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم يُزْجِيْ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل سَحَابًا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ يُؤَلِّفُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل بَيْنَهٗ مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ يَجْعَلُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل رُكَامًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین خبر، اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مصدر لَمْ تَرَ کے دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

فَاء عاطفہ تَرَى فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل اَلْوَدْقَ ذوالحال يَخْرُجُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل مِنْ حرف جار خِلٰلِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق حال، ذوالحال باحال تَرَى کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ لَمْ تَرَ پر معطوف ہے۔ واؤ عاطفہ يُنَزِّلُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل مِنَ السَّمَآءِ جار بامجرور مبدل منہ مِنْ حرف جار جِبَالٍ موصوف فِيْهَا جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنَةٍ کے متعلق ہوکر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور بدل، مبدل منہ بابدل يُنَزِّلُ کے متعلق ہوئے، مِنْ بَرَدٍ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ يُزْجِيْ پر معطوف ہے۔ فَاء عاطفہ يُصِيْبُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل بِهٖ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، مَنْ اسم موصول يَّشَآءُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ يُصِيْبُ کا مفعول بہ،

فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ یُنَزِّلُ پر معطوف ہے۔

واؤ عاطفہ یَصْرِفُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ عَنْ حرف جار مَنْ اسم موصول یَشَآءُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول وصلہ مل کر مجرور، جار باِمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ یُصِیْبُ پر معطوف ہے۔ یَکَادُ فعل مقارب سَنَا مضاف بَرْقِہٖ مرکب اضافی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی یَکَادُ کا اسم یَذْھَبُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل بِالْاَبْصَارِ جار باِمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل مقارب بااسم وخبر جملہ فعلیہ جملہ انشائیہ اَلْوَدْقَ یا بَرَدٍ سے حال ہے۔

یُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّیْلَ وَ النَّهَارَ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِی الْاَبْصَارِ ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۴: یُقَلِّبُ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل اَلَّیْلَ وَالنَّھَارَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق فِیْ ذٰلِکَ جار باِمجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، لَام مزحلقہ عِبْرَۃً موصوف لَام حرف جار اُولِی الْاَبْصَارِ مرکب اضافی مجرور، جار باِمجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اسم موخر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعلِّلہ ہوا۔

وَ اللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ یَّمْشِیْ عَلٰى بَطْنِهٖ ۚ وَ مِنْهُمْ مَّنْ یَّمْشِیْ عَلٰى رِجْلَیْنِ ۚ وَ مِنْهُمْ مَّنْ یَّمْشِیْ عَلٰۤى اَرْبَعٍ ؕ یَخْلُقُ اللّٰهُ مَا یَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵: واؤ عاطفہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا، خَلَقَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل کُلَّ دَآبَّۃٍ مرکب اضافی مفعول بہ مِنْ مَّآءٍ جار باِمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ یُقَلِّبُ پر معطوف ہے۔ فاء تفریعیہ مِنْھُمْ جار باِمجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَنْ اسم موصول یَمْشِیْ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل عَلٰی حرف جار بَطْنِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار باِمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْھُمْ مَّنْ یَّمْشِیْ عَلٰی رِجْلَیْنِ کی ترکیب واضح ہے معطوف اول، واؤ عاطفہ مِنْھُمْ مَّنْ یَّمْشِیْ عَلٰٓی اَرْبَعٍ کی ترکیب واضح ہے معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

یَخْلُقُ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل مَا اسم موصول یَشَآءُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل وفاعل ومفعول بہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم عَلٰی حرف جار کُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار باِمجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے قَدِیْرٌ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعلِّلہ ہوا۔

لَقَدْ اَنْزَلْنَاۤ اٰیٰتٍ مُّبَیِّنٰتٍ ؕ وَ اللّٰهُ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶: لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اٰیٰتٍ موصوف مُّبَیِّنٰتٍ اسم فاعل ھُنَّ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر صفت، موصوف باصفت اَنْزَلْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب، قسم محذوف باجواب جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا، یَھْدِیْ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل مَنْ اسم موصول یَّشَآءُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول وصلہ مل کر مفعول بہ، اِلٰی حرف جار صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ یَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَ بِالرَّسُوْلِ وَ اَطَعْنَا ثُمَّ یَتَوَلّٰى فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَ مَاۤ اُولٰٓىِٕكَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۴۷﴾

آیت نمبر ۴۷: واؤ استینا فیہ یَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل بَاء حرف جار اَللّٰہِ اسم الجلالہ مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بِالرَّسُوْلِ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف اٰمَنَّا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَطَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول بامقولہ معطوف علیہ، ثُمَّ حرف عطف یَتَوَلّٰی فعل فَرِیْقٌ موصوف مِنْھُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال، واؤ حالیہ مَا حجازیہ اُولٰٓئِکَ محلًا مرفوع اس کا اسم بَاء حرف جار زائدہ اَلْمُؤْمِنِیْنَ محلًا منصوب خبر، مَا حجازیہ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال یَتَوَلّٰی کا فاعل مِنْ حرف جار بَعْدِ ذٰلِکَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو یَتَوَلّٰی کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَ اِذَا دُعُوْۤا اِلَى اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ لِیَحْكُمَ بَیْنَهُمْ اِذَا فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَ اِنْ یَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ یَاْتُوْۤا اِلَیْهِ مُذْعِنِیْنَ ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۸، ۴۹: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم دُعُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلٰی حرف جار اَللّٰہِ اسم الجلالہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَسُوْلِہٖ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے، لَام حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ ناصبہ مقدّر ہے، یَحْکُمَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل بَیْنَھُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلقین و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اِذَا مفاجاتیہ مُعْرِضُوْنَ کا مفعول فیہ مقدم فَرِیْقٌ موصوف مِنْھُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا، مُعْرِضُوْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر مستتر فاعل و مفعول فیہ مقدم مل کر خبر، مبتدا باخبر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط یَکُنْ فعل ناقص لَھُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْحَقُّ اسم موخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط یَاْتُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال، مُذْعِنِیْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر حال، ذوالحال باحال فاعل اِلَیْہِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اَفِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ یَخَافُوْنَ اَنْ یَّحِیْفَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ وَ رَسُوْلُهٗ ؕ بَلْ اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝۵۰

آیت نمبر ۵۰: ھمزہ حرف استفہام فِیْ حرف جار قُلُوْبِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَرَضٌ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمْ حرف استفہام ارْتَابُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، اَمْ منقطعہ حرف عطف یَخَافُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب یَحِیْفَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَسُوْلُهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل عَلَیْهِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر یَخَافُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی ہے۔ بَلْ حرف عطف برائے اضراب اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، هُمْ ضمیر فصل الظّٰلِمُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل، دونوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۷ ❁

اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِیْنَ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ لِیَحْكُمَ بَیْنَهُمْ اَنْ یَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا ؕ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝۵۱

آیت نمبر ۵۱: اِنَّ حرف تحقیق کفوفہ اور مَا کافہ ہے، کَانَ فعل ناقص قَوْلَ مصدر مضاف الْمُؤْمِنِیْنَ مضاف الیہ، اِذَا ظرف زمان مضاف دُعُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلٰی حرف جار اَللّٰہِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَسُوْلِهٖ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، لَام حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ ناصبہ مقدر ہے یَحْكُمَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل بَیْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو دُعُوْا کے متعلق ثانی ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ قَوْلَ کا مفعول فیہ مصدر اپنے مضاف الیہ مفعول فیہ سے مل کر کَانَ کی خبر مقدم، اَنْ حرف مصدری و نصب یَقُوْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر قول، سَمِعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، دونوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَطَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ بتاویل مصدر اسم موخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا هُمْ ضمیر فصل الْمُفْلِحُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ مَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ یَخْشَ اللّٰهَ وَ یَتَّقْهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝۵۲

آیت نمبر ۵۲: واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا، یُطِعْ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل اَللّٰہَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَسُوْلَهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَخْشَ فعل یہ اصل میں یَخْشٰی ہے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ یَتَّقْ فعل یہ اصل میں یَتَّقِیْ ہے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ہٖ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین شرط، فاء جزائیہ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ

مبتدا، ھُمْ ضمیر فصل اَلْفَآئِزُوْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ کَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِیْنَ پر معطوف ہے۔

وَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ؕ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۳: واؤ عاطفہ اَقْسَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے جَهْدَ مضاف اَيْمَانِهِمْ مرکب اضافی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی جَاهِدِیْنَ کی تاویل میں ہو کر اَقْسَمُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ فعل با فاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ قسم، لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط اَمَرْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لام جوابیہ يَخْرُجُنَّ فعل واؤ محذوفہ لالتقاء الساکنین فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب، قسم با جواب قسم اول کا جواب، قسم با جواب قسم اِنَّمَا کَانَ پر معطوف ہے۔ اور اِنْ اَمَرْتَهُمْ شرط کی جزاء محذوف ہے لَيَخْرُجُوْا: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر قول، لَا تُقْسِمُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ نہیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ طَاعَةٌ موصوف مَعْرُوْفَةٌ اسم مفعول ھِیَ ضمیر مستتر نائب فاعل، دونوں مل کر صفت، موصوف باصفت مبتدا، اور محذوف ہے خَيْرٌ مِّنْ قَسَمِكُمْ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهُ اسم الجلالہ اس کا اسم خَبِيْرٌ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر مستتر فاعل باء حرف جار مَا مصدریہ تَعْمَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَ عَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ؕ وَ اِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ؕ وَ مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۵۴﴾

آیت نمبر ۵۴: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ قول، اَطِيْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل، اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَطِيْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل الرَّسُوْلَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فاء استینا فیہ اِنْ حرف شرط تَوَلَّوْا فعل یہ اصل میں تَتَوَلَّوْا ہے واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق مکفوفہ، مَا کافہ عَلَيْهِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَا اسم موصول حُمِّلَ فعل مجہول ھُوَ ضمیر مستتر نائب فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول با صلہ محلًا مرفوع مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَلَيْكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَا اسم موصول حُمِّلْتُمْ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول وصلہ مل کر مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط تُطِيْعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط تَهْتَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ با

معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ یا حالیہ مَا نافیہ عَلَى الرَّسُوْلِ جار باَمجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اِلَّا حرف استثنا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا، یا تُطِيْعُوْهُ کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہے۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۪ وَ لَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَ لَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـًٔا ؕ وَ مَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵: وَعَدَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْكُمْ جار باَمجرور ظرف مستقر کَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال وَعَدَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ بواسطہ موصوف محذوف اَلْاَعْمَالَ کے مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ اوّل، اور وَعَدَ کا مفعول بہ ثانی محذوف ہے اَلْاِسْتِخْلَافَ وَالتَّمْكِيْنَ فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے يَسْتَخْلِفَنَّ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، فِي الْاَرْضِ جار باَمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، کاف حرف جار مَا حرف مصدر اِسْتَخْلَفَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول مِنْ حرف جار قَبْلِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار باَمجرور ظرف مستقر فعل محذوف مَضَوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ اِسْتَخْلَفَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار باَمجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِسْتِخْلَافًا کے يَسْتَخْلِفَنَّ کا مفعول مطلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب، قسم باجواب معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لام موطئہ للقسم يُمَكِّنَنَّ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل لَهُمْ جار باَمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے دِيْنَهُمْ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِيْ اسم موصول ارْتَضٰى فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل لَهُمْ جار باَمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول وصلہ مل کر دِيْنَهُمْ کی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب، قسم باجواب معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے يُبَدِّلَنَّ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل مِنْ حرف جار بَعْدِ مضاف خَوْفِهِمْ مرکب اضافی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مجرور، جار باَمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اَمْنًا بمعنی اٰمِنِيْنَ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جواب قسم، قسم باجواب معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

يَعْبُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل نون برائے وقایہ یاء ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ يُبَدِّلَنَّهُمْ کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہے لَا يُشْرِكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِيْ جار باَمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے شَيْـًٔا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ يَعْبُدُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا كَفَرَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل بَعْدَ ذٰلِكَ مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اُولٰٓئِكَ محلاً مرفوع مبتدا، هُمْ ضمیر فصل الْفٰسِقُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، مبتدا باخبر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ وَعَدَ اللّٰهُ پر معطوف ہے۔

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝۵۶

آیت نمبر ۵۶: واؤ استینا فیہ اَقِیْمُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل الصَّلٰوۃَ مفعول بہ تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل الزَّکٰوۃَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف اول، واؤ عاطفہ اَطِیْعُوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل الرَّسُوْلَ مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی کُمْ ضمیر اس کا اسم تُرْحَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر نائب فاعل، دونوں مل کر خبر، لَعَلَّ با اسم وخبر جملہ انشائیہ مُعَلِّلَہ ہوا۔ یا رَاجِیَ الرَّحْمِ کی تاویل میں ہو کر اَطِیْعُوا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ وَلَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۵۷

آیت نمبر ۵۷: لَاتَحْسَبَنَّ فعل نہی اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل الَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ مفعول بہ اول مُعْجِزِیْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر مستتر فاعل فِی الْاَرْضِ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَاْوٰھُمْ مرکب اضافی مبتدا، النَّارُ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، اور معطوف علیہ محذوف ہے بَلْ ھُمْ مَقْھُوْرُوْنَ، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے بِئْسَ فعل ذم اَلْمَصِیْرُ فاعل، دونوں مل کر خبر، اور مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے ھِیَ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ قسم کا جواب، قسم باجواب جملہ مستانفہ ہوا۔

رکوع نمبر ۸

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ۭ مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِنْۢ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَاۗءِ ڟ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ۭ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ بَعْدَهُنَّ ۭ طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰي بَعْضٍ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۵۸

آیت نمبر ۵۸: یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے۔ لِیَسْتَاْذِنْ فعل امر کُمْ ضمیر مفعول بہ الَّذِیْنَ اسم موصول مَلَکَتْ فعل اَیْمَانُکُمْ مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الَّذِیْنَ اسم موصول لَمْ یَبْلُغُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْکُمْ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل الْحُلُمَ مفعول بہ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ مرکب اضافی بواسطہ موصوف محذوف اِسْتِئْذَانًا کے مفعول مطلق برائے لِیَسْتَاْذِنْ، لَمْ یَبْلُغُوْا فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف لِیَسْتَاْذِنْ کا فاعل مِنْ حرف جار قَبْلِ مضاف صَلٰوۃِ الْفَجْرِ مرکب اضافی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو لِیَسْتَاْذِنْ کے متعلق ہوئے واؤ عاطفہ حِیْنَ مضاف تَضَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ثِیَابَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ مِنَ الظَّھِیْرَۃِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی بواسطہ عطف لِیَسْتَاْذِنْ کا مفعول فیہ ہے، واؤ عاطفہ مِنْ حرف جار بَعْدِ مضاف صَلٰوۃِ الْعِشَآءِ مرکب اضافی

مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور بواسطہ عطف متعلق ثانی ہوئے، فعل امر اپنے فاعل و مفعولین و متعلقین جملہ انشائیہ ندا کا جواب، ندا باجواب جملہ انشائیہ ہوا۔

ثَلٰثُ ممیز عَوْرٰتٍ موصوف لَكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَاتٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت تمیز مضاف الیہ، ممیز باتمیز خبر ہے مبتدا محذوف هٰذِهٖ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَيْسَ فعل ناقص عَلَيْكُمْ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ عَلَيْهِمْ جار با مجرور معطوف، دونوں مل کر ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہوئے، کَائِنًا اسم فاعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل بَعْدَهُنَّ مرکب اضافی مفعول فیہ، اسم فاعل بافاعل و مفعول فیہ خبر مقدم، جُنَاحٌ اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

طَوّٰفُوْنَ صیغہ مبالغہ هُمْ ضمیر مستتر فاعل عَلَيْكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر مبتدا محذوف هُمْ کی خبر ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مبدل منہ بَعْضُكُمْ مرکب اضافی مبتدا، عَلٰى بَعْضٍ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جملہ اولی سے بدل ہے۔ كَذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَبْيِيْنًا کے مفعول مطلق مقدم، يُبَيِّنُ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل لَكُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے الْاٰيٰتِ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا عَلِيْمٌ صیغہ صفت هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر خبر اول حَكِيْمٌ صیغہ صفت هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر خبر ثانی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۹﴾

آیت نمبر ۵۹: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم بَلَغَ فعل الْاَطْفَالُ ذوالحال مِنْكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل الْحُلُمَ مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ لِيَسْتَاْذِنُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل، کاف حرف جار مَا حرف مصدری اِسْتَاْذَنَ فعل الَّذِيْنَ اسم موصول مِنْ حرف جار قَبْلِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتُوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ اِسْتَاْذَنَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِسْتِئْذَانًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

كَذٰلِكَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَبْيِيْنًا کے مفعول مطلق مقدم يُبَيِّنُ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل لَكُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اٰيٰتِهٖ مرکب منصوب بالکسرہ اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ یا حالیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہے یا يُبَيِّنُ کے فاعل سے حال ہے۔

وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۢ بِزِيْنَةٍ ؕ وَاَنْ يَّسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۶۰﴾

آیت نمبر ۶۰: واؤ عاطفہ اَلْقَوَاعِدُ ذوالحال مِنَ النِّسَآءِ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَاتٌ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال موصوف اَلّٰتِیْ اسم موصول لَا یَرْجُوْنَ فعل نون مفتوحہ فاعل نِکَاحًا مفعول بہ۔ تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مبتدا متضمن معنی شرط، اس لئے کہ اَلْقَوَاعِدُ پر الف لام اسم موصول ہے، فاء جزائیہ لَیْسَ فعل ناقص عَلَیْهِنَّ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم، جُنَاحٌ موصوف اَنْ حرف مصدری ونصب یَّضَعْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر فاعل ثِیَابَهُنَّ مرکب اضافی مفعول بہ۔ تینوں مل کر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض مجرور ہے اصل میں فِیْ اَنْ... الخ ہے جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر جُنَاحٌ کی صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ مبتدا کی خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

غَیْرَ مضاف مُتَبَرِّجٰتٍ اسم فاعل هُنَّ ضمیر مستتر فاعل بِزِیْنَةٍ جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی یَضَعْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، واؤ استینافیہ اَنْ حرف مصدری ونصب یَّسْتَعْفِفْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر فاعل ہو دونوں مل کر بتاویل مصدر مبتدا، خَیْرٌ اسم تفضیل هُوَ ضمیر مستتر فاعل لَّهُنَّ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا، سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَیْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّ لَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّ لَا عَلَى الْمَرِیْضِ حَرَجٌ وَّ لَا عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْۢ بُیُوْتِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ اٰبَآىٕكُمْ اَوْ بُیُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ اِخْوَانِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗۤ اَوْ صَدِیْقِكُمْ ؕ لَیْسَ عَلَیْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِیْعًا اَوْ اَشْتَاتًا ؕ فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُیُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ تَحِیَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَیِّبَةً ؕ كَذٰلِكَ یُبَیِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰیٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۱﴾

آیت نمبر ۶۱: لَیْسَ فعل ناقص عَلَى الْاَعْمٰى جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم حَرَجٌ اسم مؤخر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا زائدہ عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ بواسطہ عطف لَیْسَ کا اسم وخبر ہے، واؤ عاطفہ لَا زائدہ عَلَى الْمَرِیْضِ حَرَجٌ بواسطہ عطف لَیْسَ کا اسم وخبر ہے، واؤ عاطفہ لَا زائدہ عَلٰى حرف جار اَنْفُسِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر لَیْسَ کی خبر مقدم، اَنْ حرف مصدری ونصب تَاْكُلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جار بُیُوْتِكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ بُیُوْتِ اٰبَآىٕكُمْ مرکب اضافی معطوف اول، اَوْ عاطفہ بُیُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ مرکب اضافی معطوف ثانی، اَوْ عاطفہ بُیُوْتِ اِخْوَانِكُمْ مرکب اضافی معطوف ثالث، اَوْ عاطفہ بُیُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ مرکب اضافی معطوف رابع، اَوْ عاطفہ بُیُوْتِ اَعْمَامِكُمْ مرکب اضافی معطوف خامس، اَوْ عاطفہ بُیُوْتِ عَمّٰتِكُمْ مرکب اضافی معطوف سادس، اَوْ عاطفہ بُیُوْتِ اَخْوَالِكُمْ مرکب اضافی معطوف سابع، اَوْ عاطفہ بُیُوْتِ خٰلٰتِكُمْ مرکب اضافی معطوف ثامن، اَوْ عاطفہ مَا اسم موصول مَلَكْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل مَفَاتِحَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ تینوں مل

کر صلہ، موصول باصلہ بواسطہ مضاف بُیُوْتِ کے معطوف تاسع، اَوْ عاطفہ صَدِیْقِکُمْ مرکب اضافی بواسطہ مضاف محذوف بُیُوْتِ کے معطوف عاشر، معطوف علیہ با معطوفات عشرہ مِنْ کا مجرور، جار با مجرور ظرف لغو تَاْکُلُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، کیونکہ یہ اصل میں فِیْ اَنْ۔۔۔الخ ہے جار با مجرور حَرَجٌ کے متعلق ہوئے۔

لَیْسَ فعل ناقص عَلَیْکُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم جُنَاحٌ موصوف اَنْ حرف مصدری و نصب تَاْکُلُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال جَمِیْعًا اَوْ اَشْتَاتًا معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل بتاویل مصدر مجرور، کیونکہ یہ اصل میں فِیْ اَنْ۔۔۔الخ ہے جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر جُنَاحٌ کی صفت ہے، موصوف باصفت اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاء استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم دَخَلْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بُیُوْتًا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ سَلِّمُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل عَلٰی حرف جار اَنْفُسِکُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو سَلِّمُوْا کے متعلق ہوئے، تَحِیَّةً موصوف مِنْ حرف جار عِنْدِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت اولی، مُبٰرَکَةً اسم مفعول ھِیَ مستتر نائب فاعل سے مل کر صفت ثانیہ، طَیِّبَةً صیغہ صفت ھِیَ مستتر فاعل سے مل کر صفت ثالثہ، موصوف باصفات ثلاثہ بواسطہ موصوف محذوف تَسْلِیْمًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ کَذٰلِکَ یُبَیِّنُ اللّٰهُ لَکُمُ الْاٰیٰتِ کی ترکیب آیت نمبر ۵۸ میں گزر چکی ہے، لَعَلَّ حرف ترجی کُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْقِلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، حرف ترجی اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ مُعَلِّلہ ہوا۔

رکوع نمبر ۹

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ اِذَا کَانُوْا مَعَهٗ عَلٰۤی اَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ یَذْهَبُوْا حَتّٰی یَسْتَاْذِنُوْهُ ؕ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَاْذِنُوْنَکَ اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ۚ فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْکَ لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ وَ اسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۶۲﴾

آیت نمبر ۶۲: اِنَّ حرف تحقیق مکفوفہ اور مَا کافہ اَلْمُؤْمِنُوْنَ مبتدا، اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، بَاء حرف جار اَللّٰهِ اسم الجلالہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَسُوْلِهٖ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم مَعَهٗ مرکب اضافی کَائِنِیْنَ کا مفعول فیہ عَلٰی حرف جار اَمْرٍ جَامِعٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور کَائِنِیْنَ کے متعلق ہوئے کَائِنِیْنَ اسم فاعل اپنے هُمْ ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَمْ یَذْهَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل حَتّٰی حرف غایت و جر اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَسْتَاْذِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور لَمْ یَذْهَبُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا

باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَسْتَاْذِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ اسم اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اِسْتَاْذَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ لَام حرف جار بَعْضِ شَاْنِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ اِءْذَنْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل لَام حرف جار مَنْ اسم موصول شِئْتَ فعل تَاء مفتوحہ فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْهُمْ جار باجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار باجرور ظرف لغو اِءْذَنْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْتَغْفِرْ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل لَهُمْ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ۭ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖٓ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٦٣﴾

آیت نمبر ۶۳: لَا تَجْعَلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل دُعَآءَ الرَّسُوْلِ مرکب اضافی ذوالحال، بَيْنَكُمْ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ اوّل، کاف حرف جار دُعَآءِ مصدر مضاف بَعْضِكُمْ مرکب اضافی مضاف الیہ معنًی فاعل بَعْضًا مفعول بہ، مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ و مفعول بہ سے مل کر مجرور، جار باجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔ قَدْ حرف تحقیق يَعْلَمُ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَتَسَلَّلُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال، مِنْكُمْ جار باجرور ظرف مستقر کَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال اولیٰ لِوَاذًا بمعنی اسم فاعل حال ثانیہ، ذوالحال باحالین يَتَسَلَّلُوْنَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ يَعْلَمُ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مُعَلِّلَہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ۔ لِيَحْذَرْ فعل امر اَلَّذِيْنَ اسم موصول يُخَالِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ حرف جار اَمْرِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور يُخَالِفُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول وصلہ مل کر لِيَحْذَرْ کا فاعل، اَنْ حرف مصدری و نصب تُصِيْبَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ فِتْنَةٌ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ يُصِيْبَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، عَذَابٌ اَلِيْمٌ مرکب توصیفی فاعل، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر لِيَحْذَرْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ قَدْ یَعْلَمُ مَاۤ اَنْتُمْ عَلَیْهِ ؕ وَ یَوْمَ یُرْجَعُوْنَ اِلَیْهِ فَیُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ وَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۶۴﴾

آیت نمبر ۶۴: اَلَآ حرف تنبیہ غیر عامل اِنَّ حرف تحقیق لِلّٰهِ جار با مجرور ظرف مستقر کَآئِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول فِیْ حرف جار السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ قَدْ حرف تحقیق یَعْلَمُ فعل ہُوَ ضمیر مستتر فاعل مَا اسم موصول اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، عَلَیْهِ جار با مجرور ظرف مستقر کَآئِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول وصلہ مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَوْمَ مضاف یُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلَیْهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف یَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ یُنَبِّئُ فعل ہُوَ ضمیر مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، بَاء حرف جار مَا حرف مصدری عَمِلُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل بتا ویل مصدر مجرور، جار با مجرور یُنَبِّئُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مُعَلِّلَہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا، بَاء حرف جار كُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، عَلِیْمٌ صیغہ صفت ہُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ یا یَعْلَمُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

ترکیب سُوْرَةُ الفُرْقَان

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرَا ۝ۙ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ۝۲

آیت نمبر ۱، ۲: تَبٰرَكَ فعل اَلَّذِیْ اسم موصول نَزَّلَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل اَلْفُرْقَانَ مفعول بہ عَلٰی حرف جار عَبْدِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے، لَام حرف جار اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَکُوْنَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم لِلْعٰلَمِیْنَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، نَذِیْرًا صیغہ صفت ھُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور نَزَّلَ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین صلہ، موصول باصلہ مبدل منہ، اَلَّذِیْ اسم موصول لَہٗ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُلْکُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَمْ یَتَّخِذْ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل وَلَدًا مفعول بہ ثانی اور مفعول بہ اوّل اَحَدًا محذوف ہے، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَمْ یَکُنْ فعل ناقص لَہٗ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم، شَرِیْکٌ موصوف فِی الْمُلْکِ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اسم موخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ خَلَقَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل کُلَّ شَیْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، فاء عاطفہ قَدَّرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، تَقْدِیْرًا مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف رابع معطوف علیہ با معطوفات اربعہ صلہ، موصول باصلہ بدل، مبدل منہ با بدل تَبٰرَکَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً لَّا يَخْلُقُوْنَ شَيْئًا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ وَلَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا يَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ۝۳

آیت نمبر ۳: واؤ استینافیہ اِتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جار دُوْنِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم اٰلِھَةً موصوف لَایَخْلُقُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال، واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا، یُخْلَقُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، دونوں مل کر خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال با حال لَایَخْلُقُوْنَ کا فاعل شَیْئًا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَایَمْلِکُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لَام حرف جار اَنْفُسِھِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے ضَرًّا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ نَفْعًا معطوف، دونوں مل کر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ

عاطفہ لَا یَمْلِکُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَوْتًا وَّلَا حَیٰوۃً وَّلَا نُشُوْرًا معطوف علیہ با معطوفین مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اٰلِهَةً کی صفت، موصوف باصفت اِتَّخَذُوْا کا مفعول اوّل، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اِفْكُ ۨافْتَرٰىهُ وَاَعَانَهٗ عَلَيْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۚ فَقَدْ جَآءُوْ ظُلْمًا وَّزُوْرًا ۚ وَقَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝

آیت نمبر ۴،۵: واؤ استینا فیہ قَالَ فعل الَّذِیْنَ اسم موصول کَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول وصلہ مل کر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنْ حرف نفی ھٰذَا اسم اشارہ مبتدا، اِلَّا حرف استثنا اِفْكُ موصوف اِفْتَرٰی فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَعَانَ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، عَلَیْهِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، قَوْمٌ موصوف اٰخَرُوْنَ اسم تفضیل ھُمْ مستتر فاعل، دونوں مل کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِفْكٌ کی صفت، موصوف باصفت مستثنیٰ مفرغ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ قَدْ علامت فعل، جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ظُلْمًا وَّزُوْرًا معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر قول، اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ مرکب اضافی ذوالحال اِكْتَتَبَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر حال، ذوالحال باحال مبتدا محذوف ھِیَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔

فائدہ: اِكْتَتَبَ سے پہلے حرف قَدْ محذوف ہے کیونکہ جب ماضی حال واقع ہوتی ہے تو اس پر قَدْ کا ہونا ضروری ہے خواہ ملفوظ ہو یا مقدر ہو۔

فاء عاطفہ یا تعلیلیہ ھِیَ ضمیر مبتدا، تُمْلٰی فعل مجہول ھِیَ ضمیر مستتر نائب فاعل عَلَیْهِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، بُكْرَةً وَّاَصِیْلًا معطوف علیہ بامعطوف مفعول فیہ، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا یا اِكْتَتَبَ پر معطوف ہے۔

قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

آیت نمبر ۶: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ قول، اَنْزَلَ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مقدم، الَّذِیْ اسم موصول یَعْلَمُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل السِّرَّ مفعول بہ اوّل، فِیْ حرف جار السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اَنْزَلَ کا فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم کَانَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم غَفُوْرًا رَّحِیْمًا دو خبر، فعل ناقص بااسم و خبرین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

وَ قَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَ يَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ ؕ لَوْ لَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا ۝۷

آیت نمبر۷: واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا اسم استفہام مبتدا، لَام حرف جار هٰذَا اسم اشارہ موصوف الرَّسُوْلِ صفت، موصوف باصفت ذوالحال يَاْكُلُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل الطَّعَامَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خ یہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَمْشِيْ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل فِي الْاَسْوَاقِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ پہلے قَالُوْا پر معطوف ہے۔ لَوْ لَا حرف تخصیص اُنْزِلَ فعل مجہول اِلَيْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے مَلَكٌ نائب فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء برائے سبب يَكُوْنَ فعل ناقص هُوَ مستتر ذوالحال نَذِيْرًا صیغہ صفت هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال باحال اس کا اسم مَعَهٗ مرکب اضافی كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر مصدر کی تاویل میں ہو کر معطوف ہے، اور معطوف علیہ جملہ اولی سے حاصل ہونے والا مصدر ہے کیونکہ جملہ اولی هَلَّا كَانَ اِنْزَالُ مَلَكٍ کی تاویل میں ہے۔

اَوْ يُلْقٰۤى اِلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا ؕ وَ قَالَ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ۝۸

آیت نمبر۸: اَوْ عاطفہ يُلْقٰى فعل مجہول اِلَيْهِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، كَنْزٌ نائب فاعل، تینوں مل کر اُنْزِلَ پر معطوف ہے اَوْ عاطفہ تَكُوْنُ فعل ناقص لَهٗ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، جَنَّةٌ موصوف يَاْكُلُ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْهَا جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت اسم مؤخر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ اُنْزِلَ پر معطوف ہے۔ واؤ عاطفہ قَالَ فعل الظّٰلِمُوْنَ فاعل، دونوں مل کر قول، اِنْ حرف نفی تَتَّبِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء رَجُلًا مَّسْحُوْرًا مرکب توصیفی مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ قَالُوْا پر معطوف ہے۔

اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ۝۹

آیت نمبر۹: اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل كَيْفَ كَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر ضَرَبُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے، ضَرَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَكَ جار بامجرور متعلق ہوئے الْاَمْثَالَ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ ضَلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف اول، فاء عاطفہ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سَبِيْلًا مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین محلًا منصوب اُنْظُرْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

رکوع نمبر ۲

تَبٰرَكَ الَّذِيْۤ اِنْ شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ وَ يَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا ۝۱۰

آیت نمبر ۱۰: تَبٰرَكَ فعل اَلَّذِیْٓ اسم موصول اِنْ حرف شرط شَآءَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر شرط، جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَكَ جار باْمجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم، خَیْرًا اسم تفضیل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل مِنْ ذٰلِكَ جار باْمجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر مبدل منہ جَنّٰتٍ اسم موصول تَجْرِیْ فعل مِنْ حرف جار تَحْتِھَا مرکب اضافی مجرور، جار باْمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اَلْاَنْھٰرُ فاعل، تینوں مل کر جَنّٰتٍ کی صفت، موصوف باصفت بدل، مبدل منہ بابدل مفعول بہ اوّل موخر، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَجْعَلْ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل لَكَ جار باْمجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم قُصُوْرًا مفعول بہ اوّل، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء صلہ، موصول باصلہ تَبٰرَكَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ ۣ وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا ۝۱۱

آیت نمبر ۱۱: بَلْ حرف عطف برائے اضراب كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جار اَلسَّاعَةِ ذوالحال، واؤ حالیہ اَعْتَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَام حرف جار مَنْ اسم موصول كَذَّبَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل بِالسَّاعَةِ جار باْمجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باْمجرور متعلق ہوئے سَعِيْرًا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مجرور، جار باْمجرور كَذَّبُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا وَّ زَفِيْرًا ۝۱۲ وَ اِذَآ اُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ۝۱۳

آیت نمبر ۱۲، ۱۳: اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، مِنْ حرف جار مَكَانٍ بَعِيْدٍ مرکب توصیفی مجرور، جار باْمجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، سَمِعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَهَا جار باْمجرور متعلق ہوئے تَغَيُّظًا وَّ زَفِيْرًا معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اُلْقُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل مِنْهَا جار باْمجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مَكَانًا ضَيِّقًا مرکب توصیفی ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مفعول فیہ مُقَرَّنِيْنَ" اُلْقُوْا کی ضمیر نائب فاعل سے حال ہے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، دَعَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُنَالِكَ ظرف مکان مفعول فیہ ثُبُوْرًا مفعول بہ، چاروں مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّ ادْعُوْا ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ۝۱۴

آیت نمبر ۱۴: لَا تَدْعُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل اَلْيَوْمَ مفعول فیہ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُدْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ثُبُوْرًا كَثِيْرًا مرکب توصیفی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف قول محذوف تَقُوْلُ لَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ کا مقولہ ہے، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ اَذٰلِكَ خَيْرٌ اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّ مَصِيْرًا ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ قول، ھمزہ حرف استفہام ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، خَیْرٌ اسم تفضیل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ مقولہ۔ اَمْ عاطفہ جَنَّةُ الْخُلْدِ مرکب اضافی موصوف اَلَّتِیْ اسم موصول وُعِدَ فعل مجہول اَلْمُتَّقُوْنَ نائب فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف با صفت خَیْرٌ پر معطوف ہے۔ كَانَتْ فعل ناقص ھِیَ ضمیر مستتر اسم لَھُمْ جار با مجرور ظرف لغو جَزَآءً کے متعلق ہوئے، جَزَآءً وَّ مَصِیْرًا معطوف علیہ با معطوف خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ خٰلِدِيْنَ ؕ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: لَھُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق اول ہوئے فِیْھَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، کَائِنٌ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل و متعلقین سے مل کر خبر مقدم مَا اسم موصول یَشَآءُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال خٰلِدِیْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر فاعل، دونوں مل کر حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول با صلہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ كَانَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر اس کا اسم عَلٰی حرف جار رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَ يَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَ مَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِيْ هٰۤؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: واؤ عاطفہ یَوْمَ مضاف یَحْشُرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول یَعْبُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر محذوف ذوالحال مِنْ حرف جار دُوْنِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف یَحْشُرُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ یَقُوْلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر قول، ھمزہ حرف استفہام اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، اَضْلَلْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل عِبَادِیْ مرکب اضافی موصوف ھٰۤؤُلَآءِ اسم اشارہ صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ ھُمْ ضمیر مبتدا، ضَلُّوا فعل واؤ ضمیر فاعل السَّبِیْلَ مفعول بہ، تینوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف یَوْمَ کا مضاف الیہ، مرکب اضافی فعل محذوف اُذْکُرْ کا مفعول فیہ، اُذْکُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل و مفعول فیہ سے مل کر جملہ انشائیہ قُلْ پر معطوف ہے۔

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَاۤ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ اَوْلِيَآءَ وَ لٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَ اٰبَآءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَ كَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، سُبْحٰنَکَ مرکب اضافی فعل محذوف نُسَبِّحُ کا مفعول مطلق، نُسَبِّحُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ومفعول مطلق جملہ معترضہ دعائیہ ہوا۔ مَانا فیہ کَانَ زائدہ یَنْۢبَغِیْ فعل لَنَا جار بامجرور متعلق ہوئے اَنْ حرف مصدری ونصب نَّتَّخِذَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مِنْ حرف جار دُوْنِکَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مِنْ حرف جار زائدہ اَوْلِیَآءَ محلاً منصوب مفعول بہ اوّل، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر یَنْۢبَغِیْ کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰکِنْ حرف استدراک مہمل مَتَّعْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، واؤ بمعنی مَعَ "اٰبَآءَهُمْ مرکب اضافی مفعول معہ، حَتّٰی حرف غایت وجر نَسُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الذِّکْرَ مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، قَوْمًا بُوْرًا مرکب توصیفی خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف محلاً مجرور مجرور، جار بامجرور مَتَّعْتَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا ۚ وَمَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹ : فاء استینافیہ قَدْ علامت فعل كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، بَاء حرف جار مَا مصدریہ تَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور كَذَّبُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ مَا حرف نفی تَسْتَطِيْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل صَرْفًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ نَصْرًا معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، يَظْلِمْ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مِنْكُمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، نُذِقْ فعل اور یہ اصل میں نُذِيْقُ ہے نَحْنُ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اوّل، عَذَابًا موصوف كَبِيْرًا صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ ۭ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً ۭ اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: واؤ استینا فیہ مَا نا فیہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل قَبْلَكَ مرکب اضافی مفعول فیہ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر عَدَدًا موصوف کی صفت، موصوف باصفت ذوالحال، اِلَّا حرف استثنا اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ يَاْكُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الطَّعَامَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَمْشُوْنَ فعل فِيْ حرف جار الْاَسْوَاقِ مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال اَرْسَلْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَعْضَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل، لِبَعْضٍ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم فِتْنَةً ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مَآ اَرْسَلْنَا پر معطوف ہے۔ ھمزہ حرف استفہام تَصْبِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال، واؤ حالیہ كَانَ فعل ناقص رَبُّكَ مرکب اضافی اسم بَصِيْرًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

رکوع نمبر ۳

وَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا لَوْ لَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ نَرٰى رَبَّنَا ؕ لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ وَ عَتَوْ عُتُوًّا كَبِيْرًا ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: واؤ عاطفہ یا استینافیہ قَالَ فعل الَّذِيْنَ اسم موصول لَا يَرْجُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لِقَآءَنَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، لَوْلَا حرف تحضیض غیر عامل اُنْزِلَ فعل مجہول عَلَيْنَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے الْمَلٰٓئِكَةُ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ حرف عطف نَرٰى فعل مضارع نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل رَبَّنَا مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اِسْتَكْبَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْ حرف جار اَنْفُسِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَتَوْا فعل واؤ ضمیر ظاہر فاعل، عُتُوًّا موصوف كَبِيْرًا صیغہ صفت ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر صفت، موصوف باصفت مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف قسم محذوف کا جواب ہے، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا

يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ لَا بُشْرٰى يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِيْنَ وَ يَقُوْلُوْنَ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: يَوْمَ مضاف يَرَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْمَلٰٓئِكَةَ ذوالحال، لَا نفی جنس بُشْرٰى مصدر يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ، دونوں مل کر لَا کا اسم لِلْمُجْرِمِيْنَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ قَائِلِيْنَ محذوف کا مقولہ ہو کر الْمَلٰٓئِكَةَ کا حال ہے، ذوالحال باحال يَرَوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، حِجْرًا مَّحْجُوْرًا مؤکد باتاکید فعل محذوف حُجِرْنَا کا مفعول مطلق ہے، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف يَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ فعل محذوف اُذْكُرْ کا مفعول مطلق ہے، اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، فعل امر بافاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

وَ قَدِمْنَآ اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: واؤ استینافیہ قَدِمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلٰى حرف جار مَا اسم موصول عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، مِنْ عَمَلٍ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور ظرف لغو قَدِمْنَا کے

متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر نا فاعل ہُ ضمیر منصوب مفعول بہ اول، هَبَآءً موصوف مَنْثُوْرًا اسم مفعول هُوَ ضمیر مستتر نائب فاعل، دونوں مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّ اَحْسَنُ مَقِيْلًا ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ مرکب اضافی مبتدا، يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی خَيْرٌ کا مفعول فیہ مقدم، خَيْرٌ اسم تفضیل هُمْ ضمیر مستتر فاعل مُسْتَقَرًّا تمیز، اسم تفضیل اپنے فاعل اور تمیز و مفعول فیہ مقدم سے مل کر شبہ جملہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَحْسَنُ اسم تفضیل هُمْ ضمیر مستتر فاعل مَقِيْلًا تمیز، اسم تفضیل بافاعل و تمیز شبہ جملہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

سوال: اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ مبتدا جمع ہے اور خبر خَيْرٌ اور اَحْسَنُ مفرد ہے حالانکہ افراد، تثنیہ اور جمع کے اعتبار مبتدا اور خبر کے درمیان مطابقت ضروری ہے؟

جواب: جب اسم تفضیل مِنْ کے ساتھ مستعمل ہو تو یہ ہمیشہ واحد آتا ہے اس کا مبتدا اور موصوف جو بھی ہو اور یہاں بھی خَيْرٌ اور اَحْسَنُ مِنْ کے ساتھ مستعمل ہے اس لئے کہ یہ اصل میں خَيْرٌ مِّنَ الْكَافِرِيْنَ وَ اَحْسَنُ مِنَ الْكَافِرِيْنَ ہے اس لئے اسم تفضیل مفرد لایا گیا ہے۔

وَ يَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ وَ نُزِّلَ الْمَلٰٓئِكَةُ تَنْزِيْلًا ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: واؤ استینافیہ يَوْمَ مضاف تَشَقَّقُ فعل السَّمَآءُ ذوالحال بِالْغَمَامِ جار با مجرور ظرف مستقر مُتَلَبِّسَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نُزِّلَ فعل مجہول الْمَلٰٓئِكَةُ نائب فاعل تَنْزِيْلًا مفعول مطلق، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف يَوْمَ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی فعل محذوف اُذْكُرْ کا مفعول فیہ ہے، اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، فعل امر اپنے فاعل و مفعول فیہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ اُذْكُرْ يَوْمَ يَرَوْنَ پر معطوف ہے یا جملہ مستانفہ ہے۔

اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذِ ۨ الْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ ؕ وَ كَانَ يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: اَلْمُلْكُ مصدر يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ، دونوں مل کر موصوف الْحَقُّ صفت، موصوف باصفت مبتدا، لِلرَّحْمٰنِ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم يَوْمًا موصوف عَلَى الْكٰفِرِيْنَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے عَسِيْرًا صیغہ صفت هُوَ ضمیر مستتر فاعل، صیغہ صفت بافاعل و متعلق مقدم يَوْمًا کی صفت، موصوف باصفت خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَ يَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: واؤ عاطفہ یَوْمَ مضاف یَعَضُّ فعل الظَّالِمُ فاعل عَلٰی حرف جار یَدَیْهِ یہ اصل میں یَدَیْنِ ہے، مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی فعل محذوف اُذْكُرْ کا مفعول فیہ ہے، یَقُوْلُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، یَا حرف نداء برائے تنبیہ، لَیْتَ حرف تمنی نون برائے وقایہ یَاء ضمیر منصوب اس کا اسم اتَّخَذْتُ فعل تَاء مضمومہ ضمیر متصل فاعل مَعَ الرَّسُوْلِ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم، سَبِیْلًا مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، حرف تمنی اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ الظَّالِمُ کا حال ہے۔

يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِيْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ﴿٢٨﴾

آیت نمبر ۲۸: یَا حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل وَیْلَتٰی یہ اصل میں وَیْلَتِیْ ہے یَاء کے عوض الف لائی گئی ہے یہ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء، لَیْتَ حرف تمنی نون برائے وقایہ یَاء ضمیر منصوب اس کا اسم، لَمْ اَتَّخِذْ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل فُلَانًا مفعول بہ اوّل، خَلِیْلًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، حرف تمنی با اسم و خبر جملہ انشائیہ تمنیہ نداء کا جواب، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

لَقَدْ اَضَلَّنِيْ عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِيْ ؕ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ﴿٢٩﴾

آیت نمبر ۲۹: لَامِ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، اَضَلَّ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل نون برائے وقایہ یَاء ضمیر منصوب مفعول بہ، عَنِ الذِّكْرِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے بَعْدَ ظرف زمان مضاف اِذْ ظرف زمان مضاف جَآءَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل نون برائے وقایہ یَاء ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِذْ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی بَعْدَ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی اَضَلَّ کا مفعول فیہ ہے، فعل با فاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ کَانَ فعل ناقص الشَّیْطٰنُ اس کا اسم لِلْاِنْسَانِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم خَذُوْلًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا اور یہ بھی جائز ہے کہ لِلْاِنْسَانِ "خَذُوْلًا" کے متعلق مقدم ہو۔

وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ﴿٣٠﴾

آیت نمبر ۳۰: واؤ استینا فیہ قَالَ فعل الرَّسُوْلُ فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، یَا حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل رَبِّ یہ اصل میں یَارَبِّیْ ہے اور یہ منادیٰ مضاف منصوب تقدیراً مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء، اِنَّ حرف تحقیق قَوْمِیْ مرکب اضافی منصوب تقدیراً اس کا اسم اتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هٰذَا اسم اشارہ موصوف یا مبدل منہ یا مبیّن، الْقُرْاٰنَ صفت یا بدل یا عطف بیان، موصوف با صفت مفعول بہ اوّل مَهْجُوْرًا اسم مفعول هُوَ مستتر نائب فاعل، دونوں مل کر مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ نداء کا جواب، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ ۭ وَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا ۝۳۱

آیت نمبر ۳۱ : واؤ استینا فیہ کَذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جَعْلًا کے مفعول مطلق مقدم جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَام حرف جار کُلِّ نَبِيٍّ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم، عَدُوًّا موصوف مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل بافاعل ومفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ کَفٰى فعل بَاء حرف جار زائد رَبِّكَ مرکب اضافی لفظاً مجرور محلاً مرفوع فاعل هَادِيًا وَّنَصِيْرًا معطوف علیہ بامعطوف تمیز، فعل بافاعل وتمیز جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً ۛ كَذٰلِكَ ۛ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا ۝۳۲

آیت نمبر ۳۲ : واؤ استینا فیہ قَالَ فعل الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، لَوْلَا حرف تحضیض غیر عامل نُزِّلَ فعل مجہول عَلَيْهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے الْقُرْاٰنُ نائب فاعل جُمْلَةً وَّاحِدَةً مرکب توصیفی الْقُرْاٰنُ کا حال ہے یا فعل کی نسبت سے تمیز ہے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ پر معطوف ہے یا جملہ مستانفہ ہے

كَذٰلِكَ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل مقدر نَزَّلْنَا الْقُرْاٰنَ کے، لَام حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، نُثَبِّتَ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے فُؤَادَكَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور نَزَّلْنَا مقدر کے متعلق ثانی ہوئے، نَزَّلْنَا فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَتَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مرفوع متصل فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ تَرْتِيْلًا مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَلَا يَاْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ اِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاَحْسَنَ تَفْسِيْرًا ۝۳۳ۭ

آیت نمبر ۳۳ : واؤ استینا فیہ لَا يَاْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ، بِمَثَلٍ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اِلَّا حرف استثناء جِئْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ، بَاء حرف جار الْحَقِّ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَحْسَنَ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل تَفْسِيْرًا تمیز، تینوں مل کر معطوف، دونوں مل کر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستثنیٰ مفرغ محلاً مجرور، اور اس کا مستثنیٰ منہ محذوف ہے، فِيْ حَالٍ مِّنَ الْاَحْوَالِ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ ۙ اُولٰۗىِٕكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا ۝۳۴ۧ

آیت نمبر ۳۴ : اَلَّذِيْنَ اسم موصول يُحْشَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل عَلٰى وُجُوْهِهِمْ جار با مجرور ظرف مستقر مَاشِيْنَ

کے متعلق ہو کر نائب فاعل سے حال ہے، اِلٰی جَهَنَّمَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا، اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، شَرٌّ اسم تفضیل اس لئے کہ یہ اصل میں اَشَرُّ ہے هُمْ ضمیر مستتر فاعل مَّكَانًا تمیز، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَضَلُّ اسم تفضیل هُمْ ضمیر مستتر فاعل سَبِيْلًا تمیز، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَ جَعَلْنَا مَعَهٗٓ اَخَاهُ هٰرُوْنَ وَزِيْرًا ۝ فَقُلْنَا اذْهَبَآ اِلَى الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ فَدَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيْرًا ۝

آیت نمبر ۳۵، ۳۶: واؤ استینافیہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مُوْسٰى مفعول بہ اوّل، الْكِتٰبَ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مَعَهٗٓ مرکب اضافی مفعول فیہ، اَخَاهُ مرکب اضافی مبدل منہ، یا مبین، هٰرُوْنَ بدل یا عطف بیان، مبدل منہ بابدل مفعول بہ اوّل، وَزِيْرًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فاء عاطفہ قُلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِذْهَبَا فعل امر الف ضمیر فاعل اِلٰى حرف جار الْقَوْمِ موصوف الَّذِيْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جار اٰيٰتِنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف لغو اِذْهَبَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین قسم محذوف کا جواب، قسم باجواب جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اصل عبارت ہے ذَهَبَا اِلَيْهِمْ فَدَعَوْهُمْ اِلَى الْاِيْمَانِ فَكَذَّبُوْهُمَا، دَمَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، تَدْمِيْرًا مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَ قَوْمَ نُوْحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ اَغْرَقْنٰهُمْ وَ جَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً ؕ وَ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝

آیت نمبر ۳۷ : واؤ عاطفہ قَوْمَ نُوْحٍ مرکب اضافی مفعول بہ فعل محذوف اُذْكُرْ کا، اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل لَمَّا شرطیہ، ظرف زمان مفعول فیہ مقدم كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الرُّسُلَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط اَغْرَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، لِلنَّاسِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، یا كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم، اٰيَةً مفعول بہ ثانی، یا ذوالحال مؤخر، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَعْتَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، لِلظّٰلِمِيْنَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے عَذَابًا اَلِيْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَّعَادًا وَّثَمُوْدَاْ وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ وَقُرُوْنًا بَیْنَ ذٰلِکَ کَثِیْرًا ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: واؤ عاطفہ عَادًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ثَمُوْدَ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَصْحٰبَ الرَّسِّ مرکب اضافی معطوف ثانی، واؤ عاطفہ قُرُوْنًا موصوف بَیْنَ ذٰلِکَ مرکب اضافی کَائِنَۃٌ کا مفعول فیہ ہو کر صفت اولیٰ، کَثِیْرًا صیغہ صفت ھِیَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ مفعول بہ فعل محذوف اَھْلَکْنَا کا یا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، اُذْکُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

وَکُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الْاَمْثَالَ وَکُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِیْرًا ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: واؤ عاطفہ کُلًّا مفعول بہ ہے فعل محذوف اَنْذَرْنَا کا، اَنْذَرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ ضَرَبْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَهٗ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَلْاَمْثَالَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ مفسّرہ ہوا۔ واؤ عاطفہ کُلًّا مفعول بہ مقدم تَبَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل تَتْبِیْرًا مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْیَةِ الَّتِیْٓ اُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ ؕ اَفَلَمْ یَکُوْنُوْا یَرَوْنَهَا ۚ بَلْ کَانُوْا لَا یَرْجُوْنَ نُشُوْرًا ﴿۴۰﴾

آیت نمبر ۴۰: واؤ استینا فیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اَتَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰی حرف جار اَلْقَرْیَۃِ موصوف اَلَّتِیْٓ اسم موصول اُمْطِرَتْ فعل مجہول ھِیَ ضمیر مستتر نائب فاعل مَطَرَ السَّوْءِ مرکب اضافی مفعول مطلق من غیر باب، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اَلْقَرْیَۃِ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف لغو اَتَوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ قسم محذوف کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ ھَمزہ حرف استفہام فَاءِ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَمْ یَکُوْنُوْا یَنْظُرُوْنَ اِلَیْھَا (روح المعانی) لَمْ یَکُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، یَرَوْنَ فعل مضارع واؤ ضمیر اس کا فاعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ محذوف بامعطوف جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ بَلْ حرف عطف برائے اضراب کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، لَا یَرْجُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل نُشُوْرًا مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَاِذَا رَاَوْکَ اِنْ یَّتَّخِذُوْنَکَ اِلَّا هُزُوًا ؕ اَهٰذَا الَّذِیْ بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا ﴿۴۱﴾

آیت نمبر ۴۱: واؤ استینا فیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاَوْ فعل ماضی واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اِنْ حرف نفی یَتَّخِذُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اِلَّا حرف استثناء ھُزُوًا مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ ھَمزہ حرف استفہام ھٰذَا اسم اشارہ مبتداء، اَلَّذِیْ اسم موصول بَعَثَ فعل ہٗ ضمیر منصوب محذوف ذوالحال، رَسُوْلًا بمعنی مُرْسَلًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل،

فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوکر یَقُوْلُوْنَ محذوف کا مقولہ، قول بامقولہ جملہ مستانفہ ہوا، یا یَتَّخِذُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

اِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا لَوْ لَاۤ اَنْ صَبَرْنَا عَلَيْهَا ؕ وَ سَوْفَ يَعْلَمُوْنَ حِيْنَ يَرَوْنَ الْعَذَابَ مَنْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۲: اِنْ مخفف من المثقلہ ضمیر شان محذوف اس کا اسم اصل میں اِنَّهٗ ہے کَادَ فعل مقارب هُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم لام فارقہ یُضِلُّ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، عَنْ حرف جار اٰلِهَتِنَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل مقارب بااسم وخبر جملہ فعلیہ انشائیہ اِنْ مخففہ کی خبر، اِنْ مخففہ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَوْلَا حرف امتناع اَنْ مصدریہ صَبَرْ نَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مبتدا، اور خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے لَاَضَلَّنَا، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استیناقیہ سَوْفَ علامت فعل، یَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل حِيْنَ مضاف یَرَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْعَذَابَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ محلاً مجرور مضاف الیہ پھر مرکب اضافی یَعْلَمُوْنَ کا مفعول فیہ ہے، مَنْ اسم استفہام مبتدا، اَضَلُّ اسم تفضیل هُوَ ضمیر مستتر اس کا فاعل، سَبِیْلًا تمیز، اسم تفضیل بافاعل وتمیز شبہ جملہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ یَعْلَمُوْنَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ؕ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳: اَرَءَيْتَ بمعنی اَخْبِرْنِي، اَخْبِرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نون برائے وقایہ یاء ضمیر منصوب مفعول بہ اول، مَنْ اسم موصول اتَّخَذَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل اِلٰهَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ اول، هَوٰىهُ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اَخْبِرْ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین لفظاً جملہ انشائیہ استفہامیہ، اور معنًی انشائیہ امریہ ہوا۔ هَمزہ حرف استفہام فاء استینافیہ (روح المعانی) اَنْتَ ضمیر منفصل مبتدا، تَكُوْنُ فعل ناقص اَنْتَ ضمیر مستتر اس کا اسم عَلَيْهِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، وَكِيْلًا صیغہ صفت اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، صیغہ صفت بافاعل ومتعلق مقدم خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُوْنَ اَوْ يَعْقِلُوْنَ ؕ اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۴: اَمْ منقطعہ بمعنی بَلْ تَحْسَبُ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَكْثَرَهُمْ مرکب اضافی اَنَّ کا اسم یَسْمَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ یَعْقِلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مصدر تَحْسَبُ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین لفظاً

جملہ انشائیہ، معنًی جملہ خبریہ ہوا۔ اِنْ حرف نفی هُمْ ضمیر منفصل مبتدا، اِلَّا حرف استثناء کاف حرف جار الْاَنْعَامِ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر مستثنیٰ مفرغ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، بَلْ حرف عطف هُمْ ضمیر مبتدا، اَضَلُّ اسم تفضیل هُمْ ضمیر مستتر فاعل سَبِيْلًا تمیز، تینوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ۝۴۵

آیت نمبر ۴۵: هَمزہ حرف استفہام لَمْ تَرَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل اِلٰى حرف جار رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، كَيْفَ ظرف زمان كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر الظِّلَّ کا حال مقدم، مَدَّ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، الظِّلَّ ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ لَمْ تَرَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ یا حالیہ لَوْ حرف شرط شَآءَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر شرط، لام جوابیہ جَعَلَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اوّل، سَاكِنًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معترضہ ہوا، یا رَبِّكَ سے حال ہے۔ ثُمَّ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل الشَّمْسَ مفعول بہ اوّل عَلَيْهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے دَلِيْلًا صیغہ صفت هُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مَدَّ الظِّلَّ پر معطوف ہے۔

ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا ۝۴۶

آیت نمبر ۴۶: ثُمَّ عاطفہ قَبَضْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اوّل اِلَيْنَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے قَبْضًا موصوف يَسِيْرًا صیغہ صفت هُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر صفت، موصوف با صفت مفعول مطلق، فعل با فاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مَدَّ الظِّلَّ پر معطوف ہے۔

وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ النَّهَارَ نُشُوْرًا ۝۴۷ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۚ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا ۝۴۸

آیت نمبر ۴۷، ۴۸: واؤ استینا فیہ هُوَ ضمیر مبتدا، الَّذِيْ اسم موصول جَعَلَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل لَكُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے الَّيْلَ مفعول بہ اوّل، لِبَاسًا مفعول بہ ثانی، واؤ عاطفہ النَّوْمَ سُبَاتًا بواسطہ عطف جَعَلَ کے دو مفعول بہ، جَعَلَ فعل با فاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل النَّهَارَ مفعول بہ اوّل، نُشُوْرًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ هُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، الَّذِيْ اسم موصول اَرْسَلَ فعل الرِّيٰحَ ذوالحال بُشْرًا حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنَ السَّمَآءِ جار با مجرور ظرف لغو

متعلق ہوئے، مَآءً طَهُورًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ ھُوَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

لِنُحْيِۦَ بِهِۦ بَلْدَةً مَّيْتًا وَنُسْقِيَهُۥ مِمَّا خَلَقْنَآ أَنْعَٰمًا وَأَنَاسِىَّ كَثِيرًا ﴿٤٩﴾

آیت نمبر ۴۹: لَام حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ ناصبہ مقدر ہے نُحْيِيَ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل بِهٖ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، بَلْدَةً مَّيْتًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نُسْقِيَ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، مِنْ حرف جار مَا موصولہ خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم، اَنْعَامًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَاسِيَّ كَثِيْرًا مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف ذوالحال ل موخر ذوالحال ل باحال نُسْقِيَ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ظرف لغو اَنْزَلْنَا کے متعلق ہوئے۔

سوال: بَلْدَةً موصوف مؤنث ہے تو اس کی صفت مَيْتًا مذکر کیوں ہے؟

جواب: بَلْدَةً "مَكَانًا" کی تاویل میں ہونے کی وجہ سے مذکر ہے اس لئے اس کی صفت مذکر لائی گئی ہے۔

وَلَقَدْ صَرَّفْنَٰهُ بَيْنَهُمْ لِيَذَّكَّرُوا۟ فَأَبَىٰٓ أَكْثَرُ ٱلنَّاسِ إِلَّا كُفُورًا ﴿٥٠﴾

آیت نمبر ۵۰: واؤ استینا فیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، صَرَّفْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ بَيْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، لَام حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَذَّكَّرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر بتاویل مصدر ہو کر مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَبٰى فعل اَكْثَرُ النَّاسِ مرکب اضافی فاعل اِلَّا حرف استثناء كُفُوْرًا مستثنیٰ مفرغ ہو کر مفعول بہ، فعل بافاعل مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف قسم محذوف کا جواب، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِى كُلِّ قَرْيَةٍ نَّذِيرًا ﴿٥١﴾

آیت نمبر ۵۱: واؤ عاطفہ لَوْ حرف شرط شِئْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اور مفعول بہ محذوف ہے بَعْثَ الرَّسُوْلِ فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَام جوابیہ بَعَثْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِيْ حرف جار كُلِّ قَرْيَةٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، نَذِيْرًا بواسطہ موصوف محذوف نَبِيًّا کے مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

فَلَا تُطِعِ ٱلْكَٰفِرِينَ وَجَٰهِدْهُم بِهِۦ جِهَادًا كَبِيرًا ﴿٥٢﴾

آیت نمبر ۵۲: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ یا اِنْ اَرْسَلْنَاكَ اِلَى النَّاسِ كَافَّةً، لَاتُطِعْ فعل نہی اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل الْكٰفِرِيْنَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَاهِدْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ

ضمیر منصوب مفعول بہ، بِہٖ جار با مجرور متعلق ہوئے جِهَادًا كَبِيْرًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا

وَ هُوَ الَّذِيْ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّ هٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۚ وَ جَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَّ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۳: واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، الَّذِيْ اسم موصول مَرَجَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل الْبَحْرَيْنِ موصوف کیونکہ اس پہ داخل ہونے والا الف لام عہد ذہنی کا ہے اور یہ نکرہ کے حکم میں ہے هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، عَذْبٌ فُرَاتٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، مِلْحٌ اُجَاجٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال بذوالحال باحال مَرَجَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل بَيْنَهُمَا مرکب اضافی مفعول فیہ، بَرْزَخًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا مؤکد باتاکید یا موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جَعَلَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ هُوَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ هُوَ الَّذِيْ اَرْسَلَ پہ معطوف ہے۔

وَ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّ صِهْرًا ؕ وَ كَانَ رَبُّكَ قَدِيْرًا ﴿۵۴﴾

آیت نمبر ۵۴: واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، الَّذِيْ اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنَ الْمَآءِ جار با مجرور متعلق ہوئے، بَشَرًا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول اول، نَسَبًا وَّ صِهْرًا معطوف علیہ بامعطوف بواسطہ مضاف محذوف ذَا کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ هُوَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ هُوَ الَّذِيْ مَرَجَ پہ معطوف ہے۔ واؤ حالیہ یا عاطفہ كَانَ فعل ناقص رَبُّكَ مرکب اضافی اس کا اسم قَدِيْرًا صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ خَلَقَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ یا هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ پہ معطوف ہے۔

وَ يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُهُمْ وَ لَا يَضُرُّهُمْ ؕ وَ كَانَ الْكَافِرُ عَلٰى رَبِّهٖ ظَهِيْرًا ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵: واؤ استینافیہ يَعْبُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جار دُوْنِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، مَا اسم موصول لَا يَنْفَعُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يَضُرُّ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مؤخر بذوالحال باحال يَعْبُدُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كَانَ فعل ناقص الْكَافِرُ اس کا اسم عَلٰى حرف جار رَبِّهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم ظَهِيْرًا صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶: واؤ استینا فیہ مَانافیہ اَرْسَلْنَا فعل نَاضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، اِلَّا حرف استثناء مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا معطوف علیہ با معطوف مستثنیٰ مفرغ حال ہے عموم احوال سے اور یہ اصل میں فِيْ حَالٍ مِّنَ الْاَحْوَالِ اِلَّا مُبَشِّرًا ہے، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا

قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَآءَ اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۵۷﴾

آیت نمبر ۵۷: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل، دونوں مل کر قول، مَانافیہ اَسْـَٔلُ فعل اَنَا مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، عَلَيْهِ جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، مِنْ حرف جار زائدہ اَجْرٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِلَّا حرف استثناء بمعنی لٰكِنَّ "مَنْ" اسم موصول شَآءَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب يَّتَّخِذَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اِلٰى حرف جار رَبِّهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، سَبِيْلًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ بتا ویل مصدر شَآءَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ متضمن معنی شرط مبتدا، اور خبر اور جزاء محذوف ہے فَلْيَفْعَلْ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا

وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَسَبِّحْ بِحَمْدِهٖ ۭ وَكَفٰى بِهٖ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرَا ﴿۵۸﴾

آیت نمبر ۵۸: واؤ استینا فیہ تَوَكَّلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل عَلٰى حرف جار الْحَيِّ موصوف الَّذِيْ اسم موصول لَا يَمُوْتُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف لغو تَوَكَّلْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَبِّحْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر ذوالحال بَاء حرف جار حَمْدِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال سَبِّحْ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ كَفٰى فعل بَاء جارہ زائدہ ہٖ ضمیر محلاً مرفوع فاعل بَاء حرف جر ذُنُوْبِ عِبَادِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے، خَبِيْرًا صیغہ صفت ھُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر كَفٰى کے فاعل سے حال ہے، یا فعل کی نسبت سے تمیز ہے، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اور یا الْحَيِّ سے حال ہے (مظہری)

الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۚ اَلرَّحْمٰنُ فَسْـَٔلْ بِهٖ خَبِيْرًا ﴿۵۹﴾

آیت نمبر ۵۹: الَّذِيْ اسم موصول خَلَقَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل السَّمٰوٰتِ منصوب بالکسرہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاَرْضَ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول بَيْنَهُمَا مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین خَلَقَ کا مفعول بہ، فِيْ حرف جار سِتَّةِ اَيَّامٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو خَلَقَ کے متعلق ہوئے، فعل

بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اِسْتَوٰی فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل عَلَی الْعَرْشِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا، اَلرَّحْمٰنُ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اور اَلرَّحْمٰنُ کی ترکیب میں دیگر احتمالات اُنْظُرُوْا فِی التَّفْسِیْرِ الْمَظْھَرِی، فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے (روح المعانی) اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، یا شرط محذوف اِنْ شِئْتَ تَفْصِیْلَ مَاذُکِرَ ہے، اِسْئَلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل بِہٖ جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے خَبِیْرًا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَاِذَا قِیْلَ لَھُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ ۤ اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا وَزَادَھُمْ نُفُوْرًا ۩ ﴿۶۰﴾

آیت نمبر ۶۰: واؤ استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قِیْلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل اور اس ضمیر کا مرجع قِیْلَ کا مصدر قَوْل ہے، لَھُمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ قول، اُسْجُدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل لِلرَّحْمٰنِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل امر بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ مقولہ، قول بامقولہ شرط، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، واؤ زائدہ، مَا استفہامیہ مبتدا، اَلرَّحْمٰنُ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر اَلَّذِیْ خَلَقَ پر معطوف ہے یا جملہ مستانفہ ہے۔ ھمزہ حرف استفہام نَسْجُدُ فعل مضارع نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل لَام حرف جار مَا موصولہ تَاْمُرُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور نَسْجُدُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ زَادَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اول نُفُوْرًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ پر معطوف ہے، یا جملہ مستانفہ ہے

رکوع نمبر ۶

تَبٰرَکَ الَّذِیْ جَعَلَ فِی السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّجَعَلَ فِیْهَا سِرٰجًا وَّقَمَرًا مُّنِیْرًا ﴿۶۱﴾

آیت نمبر ۶۱: تَبٰرَکَ فعل اَلَّذِیْ اسم موصول جَعَلَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل فِی السَّمَآءِ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم، بُرُوْجًا مفعول بہ اول مؤخر، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل فِیْهَا جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول فیہ ثانی مقدم، سِرٰجًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَمَرًا مُّنِیْرًا مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ اول مؤخر، فعل بافاعل ومفعولین معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ تَبٰرَکَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَۃً لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ یَّذَّکَّرَ اَوْ اَرَادَ شُکُوْرًا ﴿۶۲﴾

آیت نمبر ۶۲: واؤ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول جَعَلَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل اَلَّیْلَ وَالنَّهَارَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ اول، خِلْفَۃً مفعول بہ ثانی، لَام حرف جار مَنْ اسم موصول اَرَادَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب یَذَّکَّرَ فعل ھُوَ

مستتر فاعل، دونوں مل کر بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَرَادَ فعل ھُوَ مستتر فاعل شُکُوْرًا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور جَعَلَ کے متعلق ہوئے یا خِلْفَۃً مصدر کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر تَبٰرَکَ الَّذِیْ پر معطوف ہے۔

وَ عِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِیْنَ یَمْشُوْنَ عَلَی الْاَرْضِ هَوْنًا وَّ اِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ﴿۶۳﴾ وَ الَّذِیْنَ یَبِیْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّ قِیَامًا ﴿۶۴﴾ وَ الَّذِیْنَ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ﴿۶۵﴾

آیت نمبر ۶۳، ۶۴، ۶۵: واؤ استینا فیہ عِبَادُ الرَّحْمٰنِ مرکب اضافی موصوف الَّذِیْنَ اسم موصول یَمْشُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال هَوْنًا بمعنی هَیِّنِیْنَ حال، ذوالحال باحال فاعل عَلَی الْاَرْضِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم، خَاطَبَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ الْجٰهِلُوْنَ فاعل، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، سَلٰمًا مفعول مطلق فعل محذوف نُسَلِّمُ کا پھر یہ قول کا مقولہ ہے، یا سَلٰمًا بواسطہ موصوف محذوف قَوْلًا مفعول مطلق ہے، قول بامقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف الَّذِیْنَ کا صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الَّذِیْنَ اسم موصول یَبِیْتُوْنَ فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، لَام حرف جار رَبِّهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور سُجَّدًا کے متعلق مقدم ہوئے، سُجَّدًا صیغہ صفت هُمْ ضمیر مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قِیَامًا صیغہ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ الَّذِیْنَ اسم موصول یَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، رَبَّنَا یہ اصل میں یَارَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے، اِصْرِفْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل عَنَّا جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے عَذَابَ جَهَنَّمَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، اِنَّ حرف تحقیق عَذَابَهَا مرکب اضافی اس کا اسم کَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم غَرَامًا خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ اِصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ کی تعلیل اوّل ہے۔

اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا ﴿۶۶﴾

آیت نمبر ۶۶: اِنَّ حرف تحقیق هَا ضمیر اس کا اسم سَآءَتْ فعل ذم هِیَ مستتر ذوالحال مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر خبر، اور مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے هِیَ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اِصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ کی تعلیل ثانی ہے۔

وَ الَّذِیْنَ اِذَاۤ اَنْفَقُوْا لَمْ یُسْرِفُوْا وَ لَمْ یَقْتُرُوْا وَ كَانَ بَیْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ﴿۶۷﴾ وَ الَّذِیْنَ لَا

يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَ لَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَ لَا يَزْنُوْنَ ۚ وَ مَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ﴿۶۸﴾ يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَ يَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ﴿۶۹﴾

آیت نمبر ۶۷، ۶۸، ۶۹: واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَنْفَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَمْ یُسْرِفُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَمْ یَقْتُرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ کَانَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم بَیْنَ ذٰلِكَ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر خبر اوّل، قَوَامًا خبر ثانی، فعل ناقص با اسم و خبرین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَا یَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَعَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول فیہ، اِلٰهًا اٰخَرَ مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یَقْتُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلنَّفْسَ موصوف اَلَّتِیْ اسم موصول حَرَّمَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل اِلَّا حرف استثناء بِالْحَقِّ جار با مجرور مستثنیٰ مفرغ ہو کر متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت لَا یَقْتُلُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا یَزْنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اَلَّذِیْنَ کا صلہ، موصول باصلہ معطوف رابع، واؤ اعتراضیہ (فقیر) مَنْ اسم شرط مبتدا، یَفْعَلْ فعل ھُوَ مستتر فاعل ذٰلِكَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، یَلْقَ فعل یہ اصل میں یَلْقٰی ہے، ھُوَ مستتر فاعل اَثَامًا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مبدل منہ، یُضٰعَفْ فعل مجہول لَهٗ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَلْعَذَابُ نائب فاعل یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَخْلُدْ فعل ھُوَ ضمیر مستتر ذوالحال، مُهَانًا صیغہ اسم مفعول ھُوَ ضمیر نائب فاعل، دونوں مل کر حال، ذوالحال باحال فاعل فِیْهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف یَلْقَ اَثَامًا کا بدل ہے، مبدل منہ با بدل جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

اِلَّا مَنْ تَابَ وَ اٰمَنَ وَ عَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۷۰﴾

آیت نمبر ۷۰: اِلَّا حرف استثناء بمعنی لٰكِنْ اور یہ استثناء منقطع ہے (روح المعانی) اور مستثنیٰ متصل نہ ہونے کی وجہ علامہ محمود آلوسی کی تفسیر میں مرقوم ہے، مَنْ اسم موصول تَابَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰمَنَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ عَمِلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَمَلًا صَالِحًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول باصلہ متضمن معنی شرط مبتدا، فاء جزائیہ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، یُبَدِّلُ فعل مضارع اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل سَیِّاٰتِهِمْ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل، حَسَنٰتٍ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ

خبریہ خبر قائم مقام جزاء، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ اعتراضیہ کَانَ فعل ناقص اَللّٰہُ اسم الجلالہ اس کا اسم غَفُوْرًا رَّحِیْمًا دو خبر، فعل ناقص با اسم و خبرین جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ (روح المعانی)

وَ مَنْ تَابَ وَ عَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا ۝

آیت نمبر ۷۱: واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول تَابَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل صَالِحًا بواسطہ موصوف محذوف عَمَلًا کے مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ متضمن معنی شرط مبتدا، فاء جزائیہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ہٗ ضمیر اس کا اسم يَتُوْبُ فعل ھُوَ ضمیر فاعل اِلٰی حرف جار اَللّٰہِ اسم الجلالہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے مَتَابًا مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر قائم مقام جزاء، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ پہلے مَنْ تَابَ پہ معطوف ہے۔

وَ الَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ ۙ وَ اِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا ۝ وَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا وَّ عُمْيَانًا ۝ وَ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝ اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَ يُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّ سَلٰمًا ۝

آیت نمبر ۷۲، ۷۳، ۷۴، ۷۵: واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول لَا يَشْهَدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلزُّوْرَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم مَرُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللَّغْوِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ شرط، مَرُّوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال كِرَامًا حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء لَا يَشْهَدُوْنَ پر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ معطوف خامس، واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم ذُكِّرُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل بَاء حرف جار اٰيٰتِ رَبِّهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لَمْ يَخِرُّوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال صُمًّا وَّ عُمْيَانًا معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال باحال فاعل عَلَيْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف سادس، واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر قول، رَبَّنَا یہ اصل میں یَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے هَبْ فعل امر اور یہ اصل میں اِوْهَبْ ہے اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل لَنَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مِنْ حرف جار اَزْوَاجِنَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ذُرِّيّٰتِنَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم، قُرَّةَ اَعْيُنٍ مرکب اضافی ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال هَبْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِجْعَلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر اس کا اسم لِلْمُتَّقِيْنَ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم اِمَامًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف نداء کا جواب، نداء با جواب

جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ صلہ، موصول با صلہ معطوف سابع، معطوف علیہ با معطوفات سبعہ عِبَادُ الرَّحْمٰنِ کی صفت ہے، موصوف باصفت مبتدا، اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، يُجْزَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل الْغُرْفَةَ مفعول بہ، بَاء حرف جار مَا مصدریہ صَبَرُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُلَقَّوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، فِيْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اُولٰٓئِكَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ عِبَادُ الرَّحْمٰنِ کی خبر ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا ﴿۷۶﴾

آیت نمبر ۷۶: خٰلِدِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل فِيْهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر شبہ جملہ ہو کر يُجْزَوْنَ کی واؤ ضمیر سے حال ہے حَسُنَتْ فعل هِيَ ضمیر مستتر ذوالحال مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معلّلہ ہوا یا بتقدیر قَدْ محلاً منصوب الْغُرْفَةَ سے حال ہے۔

قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ لَوْ لَا دُعَآؤُكُمْ ۚ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ﴿۷۷﴾

آیت نمبر ۷۷: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہو کر قول، مَا نافیہ يَعْبَؤُا فعل بِكُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے رَبِّيْ مرکب اضافی مرفوع تقدیراً فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ لَوْلَا حرف امتناع دُعَآؤُكُمْ مرکب اضافی مبتدا، اور خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر شرط، اور اس کی جزاء اور جواب محذوف ہے لَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اِنَّ اللّٰهَ دَعَاكُمْ اِلٰى عِبَادَتِهٖ، قَدْ علامت فعل، كَذَّبْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے، یا فَقَدْ پر داخل فَاء حرف تعلیل ہے اور یہ جملہ معلّلہ ہے، فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ يَا مَنْ يُّكَذِّبُ، سَوْفَ علامت فعل، يَكُوْنُ فعل ناقص هُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم لِزَامًا خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

بِحَمْدِهٖ تَعَالٰى وَتَوْفِيْقِهٖ سُوْرَةُ الْفُرْقَان

کی ترکیب کی کتابت ۲۲ اپریل ۲۰۱۸ء بروز اتوار بوقت صبح ۷:۴۵ پر المکہ ہوٹل کراچی کی بالائی منزل پر مکمل ہوئی ہے۔

ترکیب سُوْرَۃُ الشُّعَرَآءِ

رکوع نمبرا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ طٰسٓمّٓ ① تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ②

آیت نمبرا،۲: طٰسٓمّٓ یہ خبر ہے مبتدا محذوف هٰذِهٖ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ تِلْكَ اسم اشارہ مبتدا، اٰيٰتُ مضاف الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ③

آیت نمبر۳: لَعَلَّ حرف ترجّی کاف ضمیر منصوب اس کا اسم بَاخِعٌ اسم فاعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نَفْسَكَ مرکب اضافی مفعول بہ، اَنْ حرف مصدری ونصب لَا يَكُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، مُؤْمِنِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر بواسطہ مضاف محذوف خِيْفَةً کے مفعول لہ، اسم فاعل با فاعل و مفعولین شبہ جملہ ہو کر خبر، حرف ترجّی با اسم و خبر جملہ انشائیہ ترجیہ مستانفہ ہوا۔

اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِيْنَ ④

آیت نمبر۴: اِنْ حرف شرط نَشَاْ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، نُنَزِّلْ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مِنَ السَّمَآءِ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم، اٰيَةً ذوالحال موخر، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ ظَلَّتْ فعل ناقص اَعْنَاقُهُمْ مرکب اضافی اسم لَهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے خٰضِعِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل با فاعل و متعلق مقدم خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مُعلّلہ ہوا۔

وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمٰنِ مُحْدَثٍ اِلَّا كَانُوْا عَنْهُ مُعْرِضِيْنَ ⑤

آیت نمبر۵: واؤ عاطفہ مَا نافیہ يَاْتِيْ فعل هِمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، مِنْ حرف جار زائد ذِكْرٍ موصوف مِنَ الرَّحْمٰنِ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت اولی، مُحْدَثٍ صفت ثانیہ، موصوف با صفتین لفظاً مجرور محلاً مرفوع فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جملہ سابقہ کے مضمون پر معطوف ہے، اِلَّا حرف استثناء كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، عَنْهُ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، مُعْرِضِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل با فاعل و متعلق مقدم شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ يَاْتِيْهِمْ کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہے۔

فَقَدْ كَذَّبُوْا فَسَيَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ⑥

آیت نمبر۶: فاء تعلیلیہ قَدْ علامت فعل كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معللہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ يُّكَذِّبُوْا سین علامت فعل، يَاْتِيْ فعل هِمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَنْۢبٰٓؤُا مضاف مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ

ضمیر اس کا اسم، بِهٖ جار باجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے يَسْتَهْزِءُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی يَاْتِيْ کا فاعل ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الْاَرْضِ كَمْ اَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ۝

آیت نمبر ۷: هَمزہ حرف استفہام واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے يَطْلُبُوْنَ اٰيَةً عَلٰى مَا يَدَّعِيْهِ مُحَمَّدٌ، لَمْ يَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰى حرف جار الْاَرْضِ مبدل منہ كَمْ خبریہ محلاً منصوب مفعول بہ مقدم، اَنْۢبَتْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِيْهَا جار باجرور متعلق اول ہوئے مِنْ حرف جار كُلِّ مضاف زَوْجٍ كَرِيْمٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مجرور، جار باجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ مقدم و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ بدل اشتمال، مبدل منہ بابدل مجرور، جار باجرور لَمْ يَرَوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ محذوف بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

آیت نمبر ۸: اِنَّ حرف تحقیق فِيْ ذٰلِكَ جار باجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، لَام مزحلقہ اٰيَةً اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ اعتراضیہ مَا مشابہ "بہ لَيْسَ كَانَ زائدہ (مظہری) اَكْثَرُهُمْ مرکب اضافی مَا حجازیہ کا اسم مُؤْمِنِيْنَ صیغہ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، مَا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝

آیت نمبر ۹: واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اس کا اسم لَام مزحلقہ هُوَ ضمیر مبتدا، الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

وَاِذْ نَادٰى رَبُّكَ مُوْسٰۤى اَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ قَوْمَ فِرْعَوْنَ ؕ اَلَا يَتَّقُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۰، ۱۱: واؤ استینافیہ اِذْ ظرف زمان مضاف نَادٰى فعل رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل مُوْسٰى منصوب تقدیراً مفعول بہ، تینوں مل کر مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی فعل محذوف اُذْكُرْ کا مفعول فیہ ہے، اَنْ حرف مصدریہ اِئْتِ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ مرکب اضافی مبدل منہ، قَوْمَ فِرْعَوْنَ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بابدل مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر جملہ انشائیہ امریہ ہو کر مجرور، کیونکہ اصل میں بِاَنْ ہے، جار باجرور نَادٰى کے متعلق ہوئے، هَمزہ حرف استفہام لَا يَتَّقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

قَالَ رَبِّ اِنِّيْۤ اَخَافُ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ۝ وَيَضِيْقُ صَدْرِيْ وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِيْ فَاَرْسِلْ اِلٰى هٰرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۲، ۱۳: قَالَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر قول، رَبِّ یہ اصل میں یَارَبِّیْ ہے اور یہ نداء ہے، اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر منصوب اس کا اسم اَخَافُ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب یُکَذِّبُوْا فعل واوٗ ضمیر فاعل نون برائے وقایہ یَاء محذوفہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر اَخَافُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واوٗ عاطفہ یَضِیْقُ فعل صَدْرِیْ مرکب اضافی مرفوع تقدیراً فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل واوٗ عاطفہ لَا یَنْطَلِقُ فعل لِسَانِیْ مرکب اضافی مرفوع تقدیراً فاعل، دونوں مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ نداء کا جواب، نداء با جواب مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ (فقیر) یا اِنْ اُصْبِحْ رَسُوْلًا، اَرْسِلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل اِلٰی هٰرُوْنَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل امر بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

آیت نمبر ۲۰: واؤ عاطفہ تَفَقَّدَ فعل هُوَ مستتر فاعل الطَّيْرَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ قَالَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا استفہامیہ مبتدا، لام حرف جار یاء ضمیر ذوالحال لَا أَرَى فعل أَنَا ضمیر مستتر فاعل الْهُدْهُدَ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، أَمْ منقطعہ بمعنی بَلْ" كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم مِنَ الْغَائِبِينَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر لفظاً جملہ انشائیہ حقیقۃً جملہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مَا استفہامیہ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول با مقولہ تَفَقَّدَ پر معطوف ہے، تَفَقَّدَ معطوف علیہ با معطوف یہ معطوف علیہ محذوف پر معطوف ہے، اصل عبارت اس طرح ہے حُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ فَنَزَلَ مَنْزِلًا فَلَمْ يَجِدِ الْمَاءَ فَطَلَبَ الْهُدْهُدَ وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ۔

لَأُعَذِّبَنَّهُ عَذَابًا شَدِيدًا أَوْ لَأَاذْبَحَنَّهُ أَوْ لَيَأْتِيَنِّي بِسُلْطَانٍ مُبِينٍ ﴿٢١﴾

آیت نمبر ۲۱: لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے أُعَذِّبَنَّ فعل أَنَا ضمیر مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، عَذَابًا شَدِيدًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب، قسم با جواب جملہ انشائیہ معطوف علیہ، أَوْ حرف عطف لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے أَذْبَحَنَّ فعل أَنَا مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب، قسم با جواب قسم معطوف اول، أَوْ عاطفہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے يَأْتِيَنَّ فعل هُوَ مستتر فاعل نون محذوفہ برائے وقایہ، یاء ضمیر مفعول بہ باء حرف جر سُلْطَانٍ مُبِينٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب، قسم با جواب جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيدٍ فَقَالَ أَحَطْتُ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهِ وَجِئْتُكَ مِنْ سَبَإٍ بِنَبَإٍ يَقِينٍ ﴿٢٢﴾

آیت نمبر ۲۲: فاء عاطفہ مَكَثَ فعل هُوَ مستتر فاعل غَيْرَ بَعِيدٍ مرکب اضافی بواسطہ موصوف محذوف زَمَانًا کے مفعول فیہ، (روح المعانی) فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے أَتٰى، قَالَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، أَحَطْتُ فعل تاء مضمومہ ضمیر فاعل باء حرف جر مَا اسم موصول لَمْ تُحِطْ فعل أَنْتَ ضمیر مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور أَحَطْتُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف مَكَثَ پر معطوف ہے۔ واؤ عاطفہ جِئْتُ فعل تاء مضمومہ فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ مِنْ سَبَإٍ جار با مجرور ظرف لغو متعلق اول ہوئے، باء حرف جار نَبَإٍ يَقِينٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ أَحَطْتُ پر معطوف ہے۔

اِنِّیْ وَجَدْتُّ امْرَاَةً تَمْلِكُهُمْ وَ اُوْتِیَتْ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ وَّ لَهَا عَرْشٌ عَظِیْمٌ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم وَجَدْتُّ فعل تاء مضمومہ ضمیر فاعل اِمْرَاَةً موصوف تَمْلِكُ فعل هِیَ ضمیر فاعل، هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت وَجَدْتُّ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ (روح المعانی) واؤ حالیہ اُوْتِیَتْ فعل مجہول هِیَ مستتر نائب فاعل مِنْ حرف جار كُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ تَمْلِكُ کی هِیَ ضمیر کا حال اولی ہے، واؤ حالیہ لَهَا جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم، عَرْشٌ عَظِیْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ تَمْلِكُ کی هِیَ ضمیر کا حال ثانیہ ہے۔

وَجَدْتُّهَا وَ قَوْمَهَا یَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ زَیَّنَ لَهُمُ الشَّیْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِیْلِ فَهُمْ لَا یَهْتَدُوْنَ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: وَجَدْتُّ فعل تاء مضمومہ ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ اول، واؤ بمعنی مَعَ "قَوْمَهَا" مرکب اضافی مفعول معہ، یَسْجُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لِلشَّمْسِ جار با مجرور متعلق ہوئے، مِنْ حرف جار دُوْنِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے (روح المعانی) یا مُتَجَاوِزِیْنَ کے متعلق ہو کر یَسْجُدُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے (روح المعانی) یَسْجُدُوْنَ فعل بافاعل و متعلق وَجَدْتُّ کا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل ومفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ زَیَّنَ فعل لَهُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے الشَّیْطٰنُ فاعل اَعْمَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ صَدَّ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، عَنِ السَّبِیْلِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف یَسْجُدُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ فاء عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَا یَهْتَدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ یَسْجُدُوْنَ پہ معطوف ہے۔

اَلَّا یَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِیْ یُخْرِجُ الْخَبْءَ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ یَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَ مَا تُعْلِنُوْنَ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: اَنْ حرف مصدری و نصب لَا زائدہ یَسْجُدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَامْ حرف جر اَللّٰهِ اسم الجلالہ موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول یُخْرِجُ فعل هُوَ مستتر فاعل الْخَبْءَ مصدر فِیْ حرف جر السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، مصدر با متعلق یُخْرِجُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَعْلَمُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل مَا اسم موصول تُخْفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول تُعْلِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف یَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ یُخْرِجُ پہ معطوف ہے، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ اَللّٰهِ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف لغو یَسْجُدُوْا کے

متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر لَا یَھْتَدُوْنَ کا مفعول بہ ہے۔ (مظہری)

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: اَللّٰہُ مبتدا، لَا نفی جنس اِلٰہَ اس کا اسم اِلَّا حرف استثناء ھُوَ ضمیر مبتدا، رَبُّ مضاف الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی ھُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ لَا کی خبر محذوف مَوْجُوْدٌ کی ھُوَ ضمیر سے بدل ہے، لَا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ کی خبر ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ یُخْرِجُ کی تعلیل ہے۔

قَالَ سَنَنْظُرُ اَصَدَقْتَ اَمْ کُنْتَ مِنَ الْکٰذِبِیْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر قول، سین علامت فعل، نَنْظُرُ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل، ھمزہ حرف استفہام صَدَقْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ کُنْتَ فعل ناقص تَاء مفتوحہ ضمیر اس کا اسم مِنَ الْکٰذِبِیْنَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف نَنْظُرُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِذْھَبْ بِّکِتٰبِیْ ھٰذَا فَاَلْقِہْ اِلَیْھِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْھُمْ فَانْظُرْ مَاذَا یَرْجِعُوْنَ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: اِذْھَبْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل بَاء حرف جر کِتَابِیْ مرکب اضافی موصوف ھٰذَا اسم اشارہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَلْقِ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، اِلَیْھِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف اول، ثُمَّ عاطفہ تَوَلَّ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل عَنْھُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف ثانی، فَاء عاطفہ اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل مَاذَا کلمہ استفہام محلًا منصوب مفعول بہ مقدم (روح المعانی) یَرْجِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ محلًا منصوب اُنْظُرْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف ثالث، اِذْھَبْ معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جملہ مستانفہ ہوا۔ (روح المعانی)

قَالَتْ یٰٓاَیُّھَا الْمَلَؤُا اِنِّیْٓ اُلْقِیَ اِلَیَّ کِتٰبٌ کَرِیْمٌ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: قَالَتْ فعل ھِیَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، یٰٓاَیُّھَا الْمَلَؤُا اس کی ترکیب یٰٓاَیُّھَا النَّمْلُ کی مثل ہے، اور یہ نداء ہے، اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم اُلْقِیَ فعل مجہول اِلَیَّ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے کِتٰبٌ کَرِیْمٌ مرکب توصیفی نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ نداء کا جواب، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمٰنَ وَاِنَّہٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم مِنْ سُلَیْمٰنَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر

16
16

جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق، ہٗ ضمیر اس کا اسم بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مراد لفظ ہو کر مَكْتُوْبٌ فِيْهِ کا نائب فاعل ہو کر اِنَّ کی خبر (فقیر) اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۳۱: اَنْ حرف مصدریہ لَا تَعْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَيَّ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِئْتُوْا فعل امر واؤ ضمیر ذوالحال مُسْلِمِيْنَ حال ذوالحال باحال فاعل نون برائے وقایہ، یاء ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر كِتٰبٌ كَرِيْمٌ کا بدل ہے۔

رکوع نمبر ۳

قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ فِيْۤ اَمْرِيْ ۚ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً اَمْرًا حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ ۝

آیت نمبر ۳۲: قَالَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اس کی ترکیب يٰۤاَيُّهَا النَّمْلُ کی مثل ہے، اور یہ نداء ہے، اَفْتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون برائے وقایہ، یاء ضمیر منصوب مفعول بہ فِيْ حرف جار اَمْرِيْ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء با جواب جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ پہلے قَالَتْ سے بدل ہے (مظہری) مَا نافیہ كُنْتُ فعل ناقص تَاء مضمومہ اس کا اسم قَاطِعَةً اسم فاعل اَنَا مستتر فاعل اَمْرًا مفعول بہ، اسم فاعل بافاعل و مفعول بہ شبہ جملہ خبر، حَتّٰى حرف غایت وجار اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، تَشْهَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون برائے وقایہ یاء ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار باجرور قَاطِعَةً کے متعلق ہوئے، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معللہ ہوا (فقیر)۔

قَالُوْا نَحْنُ اُولُوْا قُوَّةٍ وَّ اُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ ۙ۬ وَّ الْاَمْرُ اِلَيْكِ فَانْظُرِيْ مَاذَا تَاْمُرِيْنَ ۝

آیت نمبر ۳۳: قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، نَحْنُ ضمیر مبتدا، اُولُوْا قُوَّةٍ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُولُوْا مضاف بَاْسٍ شَدِيْدٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْاَمْرُ مبتدا، اِلَيْكِ جار باجرور ظرف مستقر مُفَوَّضٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، یا اِنْ عَزَمْتِ عَلٰى اَمْرٍ، اُنْظُرِيْ فعل امر یاء ضمیر مرفوع متصل فاعل مَاذَا کلمہ استفہام مفعول بہ مقدم تَاْمُرِيْنَ فعل یاء ضمیر مرفوع متصل فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ محلاً منصوب اُنْظُرِيْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَتْ اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا وَ جَعَلُوْۤا اَعِزَّةَ اَهْلِهَاۤ اَذِلَّةً ۚ وَ كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۳۴: قَالَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّ حرف تحقیق اَلْمُلُوْكَ اس کا اسم اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم دَخَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل قَرْیَۃً مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اَفْسَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَعِزَّۃَ مضاف اَھْلِھَا مرکب اضافی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول بہ اوّل، اَذِلَّۃً مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ كَذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف فِعْلًا کے مفعول مطلق مقدم یَفْعَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل و مفعول مطلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ کلام اُولیٰ کی تاکید ہے۔

وَاِنِّیْ مُرْسِلَۃٌ اِلَیْھِمْ بِھَدِیَّۃٍ فَنٰظِرَۃٌۢ بِمَ یَرْجِعُ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم مُرْسِلَۃٌ اسم فاعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل اِلَیْھِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے، بِھَدِیَّۃٍ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ نٰظِرَۃٌ اسم فاعل اَنَا مستتر فاعل بَاء حرف جار مَا استفہامیہ مجرور، جار با مجرور یَرْجِعُ کے متعلق مقدم ہوئے، یَرْجِعُ فعل اَلْمُرْسَلُوْنَ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ محلًا منصوب نٰظِرَۃٌ کا مفعول بہ، اسم فاعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّ الْمُلُوْكَ پہ معطوف ہے۔

فَلَمَّا جَآءَ سُلَیْمٰنَ قَالَ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ فَمَآ اٰتٰنِ اللّٰهُ خَیْرٌ مِّمَّآ اٰتٰىكُمْ ۚ بَلْ اَنْتُمْ بِھَدِیَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۶: فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے فَاَرْسَلَتِ الْھَدِیَّۃَ، لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سُلَیْمٰنَ مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر قول، ھَمزہ حرف استفہام تُمِدُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل نون برائے وقایہ یَاء ضمیر محذوف مفعول بہ، بِمَالٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ فَاء تعلیلیہ مَا اسم موصول اٰتٰی فعل نون برائے وقایہ، یَاء ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مبتدا، خَیْرٌ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل مِنْ حرف جار مَا اسم موصول اٰتٰی فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلِّلہ ہوا۔ (روح المعانی) بَلْ حرف عطف برائے اضراب اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، بَاء حرف جار ھَدِیَّتِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے تَفْرَحُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِرْجِعْ اِلَیْھِمْ فَلَنَاْتِیَنَّھُمْ بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَھُمْ بِھَا وَلَنُخْرِجَنَّھُمْ مِّنْھَآ اَذِلَّۃً وَّھُمْ

صٰغِرُوْنَ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: اِرْجِعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اِلَيْهِمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ لَّمْ يَأْتُوْنِىْ مُسْلِمِيْنَ، لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے لَنَاْتِيَنَّ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، بَاء حرف جار جُنُوْدٍ موصوف لَا نفی جنس قِبَلَ اس کا اسم لَهُمْ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہوئے، كَائِنٌ اسم فاعل هُوَ ضمیر فاعل بِهَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، اسم فاعل با فاعل و متعلقین خبر، لَا نفی جنس با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف لغو لَنَاْتِيَنَّ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے نُخْرِجَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب ذوالحال اَذِلَّةً صیغہ صفت هُمْ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر حال اولیٰ، واؤ حالیہ هُمْ ضمیر منفصل مبتدا، صٰغِرُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ثانیہ، ذوالحال باحالین نُخْرِجَنَّ کا مفعول بہ، مِنْهَا جار بامجرور ظرف لغو ہو کر متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب، قسم محذوف باجواب جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف محلاً مجزوم جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَيُّكُمْ يَاْتِيْنِىْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِىْ مُسْلِمِيْنَ ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر قول، يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اس کی ترکیب يٰۤاَيُّهَا النَّمْلُ کی طرح ہے، اور یہ نداء ہے اَيُّكُمْ مرکب اضافی مبتدا، يَاْتِىْ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل نون برائے وقایہ، يَاء ضمیر منصوب مفعول بہ، بَاء حرف جار عَرْشِهَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، قَبْلَ مضاف اَنْ حرف مصدری و نصب يَاْتُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مُسْلِمِيْنَ حال، ذوالحال باحال فاعل نون برائے وقایہ، يَاء ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی يَاْتِىْ کا مفعول فیہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَيُّكُمْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ ۚ وَاِنِّىْ عَلَيْهِ لَقَوِىٌّ اَمِيْنٌ ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: قَالَ فعل عِفْرِيْتٌ ذوالحال مِنَ الْجِنِّ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اَنَا ضمیر مرفوع منفصل مبتدا، اٰتِىْ فعل اَنَا مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ بِهٖ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، قَبْلَ مضاف اَنْ حرف مصدری و نصب تَقُوْمَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل مِنْ حرف جار مَقَامِكَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مضاف الیہ پھر مرکب اضافی اٰتِىْ کا مفعول فیہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق يَاء ضمیر اس کا اسم

عَلَيْهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، لام مذحلقہ قَوِيٌّ اَمِينٌ مرکب توصیفی خبر، یا قَوِيٌّ خبر اول اَمِينٌ خبر دوم ہے، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ اٰتِيْ کی ضمیر فاعل سے حال ہے (مظہری)

قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّرْتَدَّ اِلَيْكَ طَرْفُكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ ۖ لِيَبْلُوَنِيْٓ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ ؕ وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّيْ غَنِيٌّ كَرِيْمٌ ﴿۴۰﴾

آیت نمبر ۴۰: قَالَ فعل الَّذِيْ اسم موصول عِنْدَهٗ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم عِلْمٌ موصوف مِنَ الْكِتٰبِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اَنَا ضمیر منفصل مبتدا، اٰتِيْ فعل اَنَا مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ، بِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے قَبْلَ ظرف زمان مضاف اَنْ حرف مصدری ونصب يَرْتَدَّ فعل اِلَيْكَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے طَرْفُكَ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی اٰتِيْ کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے فَاَمَرَهٗ سُلَيْمٰنُ اَنْ يَّاْتِيَ بِالسَّرِيْرِ، لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاٰی فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر ذوالحال مُسْتَقِرًّا اسم فاعل هُوَ ضمیر فاعل عِنْدَهٗ مرکب اضافی مفعول فیہ، اسم فاعل با فاعل و مفعول فیہ حال، ذوالحال با حال رَاٰی کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، مِنْ حرف جار فَضْلِ مضاف رَبِّيْ مرکب اضافی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

لَامْ حرف جر برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَبْلُوَ فعل هُوَ مستتر فاعل نون برائے وقایہ یاء ضمیر منصوب مبدل منہ، ھمزہ حرف استفہام اَشْكُرُ فعل اَنَا مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ اَكْفُرُ فعل اَنَا مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف محلاً منصوب بدل، مبدل منہ با بدل يَبْلُوَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو فَضْلِ مصدر کے متعلق ہوئے، واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، شَكَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق لغو، مَا کافہ يَشْكُرُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل لَامْ حرف جار لِنَفْسِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق ہوئے جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا، كَفَرَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق رَبِّيْ مرکب اضافی اس کا اسم غَنِيٌّ كَرِيْمٌ دو خبر، اِنَّ با اسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا عَرْشَهَا نَنْظُرْ اَتَهْتَدِیْۤ اَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِیْنَ لَا یَهْتَدُوْنَ ﴿۴۱﴾

آیت نمبر ۴۱: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، نَكِّرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَهَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے عَرْشَهَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل امر بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا نَنْظُرْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ھمزہ حرف استفہام تَهْتَدِیْ فعل ھِیَ مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ تَكُوْنُ فعل ناقص ھِیَ مستتر اس کا اسم مِنْ حرف جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَا یَهْتَدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف محلاً منصوب نَنْظُرْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ شرط محذوف اِنْ تُنَكِّرُوْا لَهَا عَرْشَهَا کی جزاء ہے اسلئے کہ نَنْظُرْ جواب امر ہے، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا

فَلَمَّا جَآءَتْ قِیْلَ اَهٰكَذَا عَرْشُكِ ؕ قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ ۚ وَ اُوْتِیْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَ كُنَّا مُسْلِمِیْنَ ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۲: فاء عاطفہ اور اس کا عطف فَلَمَّا جَآءَ سُلَیْمٰنَ قَالَ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ پر ہے، لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَتْ فعل ھِیَ ضمیر مستتر فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، قِیْلَ فعل مجہول ھُوَ ضمیر نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، ھمزہ حرف استفہام ھَا برائے تنبیہ كَذَا جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَرْشُكِ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف ہے، قَالَتْ فعل ھِیَ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، كَاَنَّ حرف مشبہ بالفعل ہٗ ضمیر اس کا اسم ھُوَ ضمیر خبر، كَاَنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُوْتِیْنَا فعل مجہول نَا ضمیر نائب فاعل الْعِلْمَ مفعول بہ مِنْ حرف جار قَبْلِهَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اول، واؤ عاطفہ كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم مُسْلِمِیْنَ اسم فاعل نَحْنُ ضمیر فاعل، اسم فاعل با فاعل شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَ صَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِیْنَ ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳: واؤ استینافیہ صَدَّ فعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ، مَا اسم موصول كَانَتْ فعل ناقص ھِیَ مستتر اس کا اسم تَعْبُدُ فعل ہٗ ضمیر منصوب محذوف ذوالحال، مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا، اِنَّ حرف تحقیق هَا ضمیر اس کا اسم كَانَتْ فعل ناقص ھِیَ ضمیر مستتر اس کا اسم مِنْ حرف جار قَوْمٍ موصوف كٰفِرِیْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا

قِيلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۖ فَلَمَّا رَأَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَكَشَفَتْ عَن سَاقَيْهَا ۚ قَالَ إِنَّهُ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّن قَوَارِيرَ ۗ قَالَتْ رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي وَأَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمَانَ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٤٤﴾

آیت نمبر ۴۴: قِيلَ فعل مجہول هُوَ ضمیر مستتر نائب فاعل لَهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، ادْخُلِي فعل امر یاء ضمیر فاعل الصَّرْحَ ظرف مکان مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ (روح المعانی) فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے فَدَخَلَتْهُ، لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَأَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، حَسِبَتْ فعل هِيَ ضمیر مستتر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، لُجَّةً مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَشَفَتْ فعل هِيَ ضمیر مستتر فاعل عَنْ حرف جار سَاقَيْهَا مرکب اضافی مجرور، اور یہ اصل میں سَاقَيْنِ تھا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، إِنَّ حرف تحقیق هُ ضمیر اس کا اسم صَرْحٌ موصوف مُمَرَّدٌ اسم مفعول هُوَ ضمیر مستتر نائب فاعل مِنْ قَوَارِيرَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم مفعول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت خبر، إِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، رَبِّ یہ اصل میں يَا رَبِّي ہے اور یہ نداء ہے، إِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم ظَلَمْتُ فعل تاء مضمومہ ضمیر فاعل نَفْسِي مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ أَسْلَمْتُ فعل تاء مضمومہ ذوالحال مَعَ سُلَيْمَانَ مرکب اضافی مُصَاحِبَةً کا مفعول فیہ ہو کر حال (حاشیہ جلالین) ذوالحال با حال فاعل لَام حرف جار اَللّٰهِ اسم الجلالہ موصوف رَبِّ الْعَالَمِينَ مرکب اضافی صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، إِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ نداء کا جواب، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ فَإِذَا هُمْ فَرِيقَانِ يَخْتَصِمُونَ ﴿٤٥﴾

آیت نمبر ۴۵: واؤ استینافیہ یا عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، أَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل إِلَىٰ ثَمُودَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے أَخَاهُمْ مرکب اضافی مبدل منہ، صَالِحًا بدل، مبدل منہ با بدل مفعول بہ، أَنْ حرف مصدری و نصب اُعْبُدُوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور أَرْسَلْنَا کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ إِذَا مفاجاتیہ مفعول فیہ مقدم، هُمْ ضمیر مبتدا، فَرِيقَانِ موصوف يَخْتَصِمُونَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر صفت، موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف،

معطوف علیہ با معطوف جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ لَقَدْ اٰتَیْنَا دَاوٗدَ ... الخ پر معطوف ہے (مظہری) یا جملہ مستانفہ ہے۔

قَالَ یٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ بِالسَّیِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۚ لَوْ لَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶: قَالَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، ہر دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، یٰقَوْمِ یہ اصل میں یَاقَوْمِیْ ہے اور یہ نداء ہے، لَامْ حرف جار مَا استفہامیہ مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے تَسْتَعْجِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِالسَّیِّئَةِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے قَبْلَ الْحَسَنَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ و متعلقین جملہ انشائیہ استفہامیہ نداء کا جواب، نداء با جواب جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَوْ لَا حرف تحضیض غیر عامل تَسْتَغْفِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی کُمْ ضمیر اس کا اسم تُرْحَمُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر لَعَلَّ کی خبر، لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ انشائیہ ترجیہ ہو کر رَاجِیَ الرَّحْمِ کی تاویل میں ہو کر تَسْتَغْفِرُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَ بِمَنْ مَّعَكَ ؕ قَالَ طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ﴿۴۷﴾

آیت نمبر ۴۷: قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، اِطَّیَّرْنَا یہ اصل میں تَطَیَّرْنَا تھا، اِطَّیَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَاء حرف جار کاف ضمیر مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَاء حرف جار مَنْ اسم موصول مَعَكَ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، طٰٓئِرُكُمْ مرکب اضافی مبتدا، عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ بَلْ برائے اضراب اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، قَوْمٌ موصوف تُفْتَنُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت، موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ كَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَ لَا يُصْلِحُوْنَ ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۸: واؤ استینافیہ کَانَ فعل ناقص فِي الْمَدِيْنَةِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم تِسْعَةُ رَهْطٍ مرکب اضافی یا ممیز با تمیز ذو الحال مؤخر، ذو الحال با حال اسم یُفْسِدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِي الْاَرْضِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یُصْلِحُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف کَانَ کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَ اَهْلَهٗ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَ اِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹: قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول تَقَاسَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قَالُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے (مظہری) لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے نُبَيِّتَنَّ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَهْلَهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم محذوف با جواب جملہ انشائیہ قسمیہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے نَقُوْلَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل، لَام حرف جار وَلِيِّهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا نافیہ شَهِدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مَهْلِكَ مضاف اَهْلِهٖ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ اس لئے کہ مَهْلِكَ ظرف مکان ہے یا ظرف زمان ہے، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ صَادِقُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف (روح المعانی) معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ (روح المعانی) یا بتقدیر قَدْ "يُفْسِدُوْنَ" کی ضمیر فاعل سے حال ہے (مظہری)

وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝۵۰

آیت نمبر ۵۰: واؤ استینافیہ یا عاطفہ مَكَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَكْرًا مفعول مطلق، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَكَرْنَا فعل نَا ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَا يَشْعُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال مَكَرْنَا کا فاعل مَكْرًا مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف قَالُوْا تَقَاسَمُوْا پر معطوف ہے یا جملہ مستانفہ ہے۔

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ ۙ اَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝۵۱

آیت نمبر ۵۱: فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا مَكَرُوْا مَكْرًا، اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل كَيْفَ ظرف زمان كَائِنَةً کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم، كَانَ فعل ناقص عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ مرکب اضافی اسم، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر محلاً منصوب اُنْظُرْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم دَمَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، واؤ بمعنی مَعَ "قَوْمَهُمْ" مرکب اضافی مؤکد اَجْمَعِيْنَ تاکید، مؤکد با تاکید مفعول معہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ سے بدل ہے یا هُوَ ضمیر محذوف کی خبر ہے۔ (روح المعانی)

فَتِلْكَ بُيُوْتُهُمْ خَاوِيَةًۢ بِمَا ظَلَمُوْا ۗ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝۵۲

آیت نمبر ۵۲: فَاء استینافیہ تِلْكَ اسم اشارہ مبتدا، بُيُوْتُهُمْ مرکب اضافی ذوالحال خَاوِيَةً اسم فاعل هِيَ مستتر فاعل بَاء حرف جار مَا مصدریہ ظَلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال با حال خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق فِيْ ذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، لَام مزحلقہ اٰيَةً موصوف لَام حرف جار قَوْمٍ موصوف يَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ

صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کائِنًا کے متعلق ہو کر اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ اَنْجَیْنَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ كَانُوْا یَتَّقُوْنَ ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۳: واؤ عاطفہ اَنْجَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل الَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہو دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَتَّقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہو دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ اَنْجَیْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مَكَرُوْا پر معطوف ہے۔

وَ لُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖۤ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ وَ اَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۴﴾

آیت نمبر ۵۴: واؤ عاطفہ لُوْطًا مفعول بہ ہے فعل محذوف اَرْسَلْنَا کا، اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل لام حرف جار قَوْمِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، ھمزہ حرف استفہام تَاْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْفَاحِشَةَ ذوالحال، واؤ حالیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، تُبْصِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ھَا ضمیر منصوب محذوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہو ذوالحال باحال تَاْتُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ اِذْ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی اَرْسَلْنَا کا مفعول فیہ، اَرْسَلْنَا فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ اَرْسَلْنَا اِلٰی ثَمُوْدَ پر معطوف ہے۔

اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵: ھمزہ حرف استفہام اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ تَاْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ دُوْنِ النِّسَآءِ جار با مجرور متعلق ہوئے شَهْوَةً مفعول لہ (روح المعانی) الرِّجَالَ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ بَلْ حرف عطف اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، قَوْمٌ موصوف تَجْهَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوْۤا اَخْرِجُوْۤا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ قَرْیَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ یَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶: فاء تعقیبیہ مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص جَوَابَ قَوْمِهٖ مرکب اضافی خبر مقدم اِلَّا حرف استثناء قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اَخْرِجُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اٰلَ لُوْطٍ مرکب اضافی مفعول بہ، مِنْ حرف جار قَرْیَتِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل امر با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ بتاویل مصدر مستثنیٰ مفرغ ہو کر كَانَ کا اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم اُنَاسٌ موصوف یَتَطَهَّرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ (مظہری)

فَأَنْجَيْنٰهُ وَأَهْلَهٗٓ إِلَّا امْرَأَتَهٗ ۡ قَدَّرْنٰهَا مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۵۷﴾

آیت نمبر ۵۷: فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَاقَالُوْا اَخْرِجُوْا۔ اَنْجَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ ہوا وٗ بمعنی مَعَ" اَھْلَہٗ" مرکب اضافی مستثنیٰ منہ۔ اِلَّا حرف استثناء اِمْرَاَتَہٗ مرکب اضافی مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ مفعول معہٗ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قَدَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ۔ مِنَ الْغٰبِرِیْنَ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔ (فقیر)

وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۵۸﴾

آیت نمبر ۵۸: وَاَمْطَرْنَا عَلَیْھِمْ مَّطَرًا فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِیْنَ اس کی ترکیب سُورَۃُ الشُّعَرَآء کے رکوع نمبر ۹ میں گزر چکی ہے۔

۞ رکوع نمبر ۵ ۞

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ۭ آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾

آیت نمبر ۵۹: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ امریہ قول۔ اَلْحَمْدُ مرفوع لفظاً مبتدا لِلّٰہِ جار باجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَلٰمٌ مبتدا، اس لئے کہ یہ سَلَامٌ عَظِیْمٌ کی تاویل میں ہو کر نکرہ مخصصہ ہے (فقیر) عَلٰی حرف جار عِبَادِہٖ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِیْنَ اسم موصول اِصْطَفٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب محذوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ عِبَادِہٖ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار باجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ ھَمْزَہ حرف استفہام اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا، خَیْرٌ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل، اسم تفضیل بافاعل شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ مَا اسم موصول یُشْرِکُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب محذوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا، خبر محذوف ہے خَیْرٌ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ۭ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۭ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ﴿۶۰﴾

آیت نمبر ۶۰: اَمْ منقطعہ مَنْ موصولہ خَلَقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْزَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنَ السَّمَآءِ جار باجرور متعلق ہوئے لَکُمْ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مَآءً ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول فاء عاطفہ اَنْبَتْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِہٖ جار باجرور متعلق ہوئے حَدَآئِقَ موصوف ذَاتَ بَھْجَۃٍ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین صلہ، موصول باصلہ مبتدا، اور خبر محذوف ہے خَیْرٌ، مبتدا باخبر جملہ

اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ مَا يُشْرِكُوْنَ موصول باصلہ مبتدا، اور خبر محذوف ہے خَیْرٌ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ مَا نافیہ كَانَ ناقصہ لَكُمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَنْ ناصبہ تُنْۢبِتُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل شَجَرَهَا مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر اسم مؤخر، كَانَ با اسم و خبر حَدَآئِقَ کی صفت ثانیہ یا حال ہے، ھمزہ استفہامیہ اِلٰهٌ مبتدا، مَّعَ اللّٰهِ مرکب اضافی كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ بَلْ حرف اضراب ھُمْ ضمیر مبتدا، قَوْمٌ موصوف يَعْدِلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ اَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ؕ﴿۶۱﴾

آیت نمبر ۶۱: اَمْ منقطعہ مَنْ اسم موصول جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْاَرْضَ مفعول بہ اول، قَرَارًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل خِلٰلَهَا مرکب اضافی مفعول فیہ، اَنْهٰرًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اول، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَهَا متعلق رَوَاسِيَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ مرکب اضافی مفعول فیہ حَاجِزًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ صلہ، موصول با صلہ مبتدا، اور خبر محذوف ہے خَیْرٌ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ مَا يُشْرِكُوْنَ موصول با صلہ مبتدا، اور خبر محذوف ہے خَیْرٌ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ بَلْ برائے اضراب اَكْثَرُهُمْ مرکب اضافی مبتدا، لَا يَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ؕ﴿۶۲﴾

آیت نمبر ۶۲: اَمْ منقطعہ مَنْ اسم موصول يُجِيْبُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْمُضْطَرَّ مفعول بہ، اِذَا مضاف دَعٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مرکب اضافی يُجِيْبُ کا مفعول فیہ، سب مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَكْشِفُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلسُّوْٓءَ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ يَجْعَلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول، خُلَفَآءَ الْاَرْضِ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول باصلہ مبتدا، خبر محذوف ہے كَمَنْ لَّا يُجِيْبُ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ ھمزہ استفہامیہ اِلٰهٌ مبتدا، مَّعَ اللّٰهِ كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ قَلِيْلًا بواسطہ موصوف محذوف تَذَكُّرًا کے مفعول مطلق مقدم، مَا زائدہ تَذَكَّرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًا ۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۳﴾

آیت نمبر ۶۳: اَمْ منقطعہ مَنْ اسم موصول يَهْدِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ فِيْ جار ظُلُمٰتِ مضاف الْبَرِّ وَالْبَحْرِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ موصول يُرْسِلُ فعل هُوَ مستتر فاعل الرِّيٰحَ ذوالحال بُشْرًا بمعنی مُبَشِّرَاتٍ اسم فاعل هِيَ مستتر فاعل بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا، اور اس کی خبر محذوف ہے كَمَنْ لَّا يَهْدِيْ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ اس کی ترکیب ابھی گزری ہے۔ تَعَالٰى فعل اَللّٰهُ فاعل عَنْ جارہ مَا يُشْرِكُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۶۴﴾

آیت نمبر ۶۴: اَمْ منقطعہ مَنْ اسم موصول يَبْدَؤُا فعل هُوَ مستتر فاعل الْخَلْقَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ يُعِيْدُ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول يَرْزُقُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ جارہ اَلسَّمَآءِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور يَرْزُقُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا، اور اس کی خبر محذوف ہے كَمَنْ لَّا يَبْدَؤُا...الخ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ اس کی ترکیب گزر چکی ہے۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، هَاتُوْا اسم فعل بمعنی امر واؤ ضمیر فاعل بُرْهَانَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم صَادِقِيْنَ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۶۵﴾

آیت نمبر ۶۵: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل قول، لَا يَعْلَمُ فعل مَنْ موصول فِيْ جار اَلسَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار با مجرور فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ فاعل الْغَيْبَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا، اِلَّا حرف استثناء بمعنی لٰكِنْ "اَللّٰهُ" مبتدا، اور اس کی خبر محذوف ہے يَعْلَمُ اور یہ مستثنیٰ منقطع ہے، واؤ عاطفہ مَا نافیہ يَشْعُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَيَّانَ استفہامیہ محلاً منصوب مفعول فیہ مقدم يُبْعَثُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل و مفعول فیہ سے مل کر جملہ انشائیہ محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ پر معطوف ہوا۔

بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ۫ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْهَا ۫ بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ﴿۶۶﴾

آیت نمبر ۶۶: بَلْ برائے اضراب اِدّٰرَکَ فعل عِلْمُهُمْ مرکب اضافی فاعل فِی الْاٰخِرَةِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ بَلْ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، فِیْ جارہ شَكٍّ موصوف مِنْهَا ظرف مستقر کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بَلْ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، مِنْهَا جار با مجرور متعلق مقدم عَمُوْنَ کے، عَمُوْنَ با متعلق مقدم خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رکوع نمبر ۶

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ اَئِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ﴿۶۷﴾

آیت نمبر ۶۷: واؤ استینافیہ قَالَ فعل اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ فاعل، فعل با فاعل قول، هَمزہ استفہامیہ اِذَا مضاف كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰبَآؤُنَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف كُنَّا کا اسم تُرٰبًا خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف نُخْرَجُ کا، نُخْرَجُ فعل مجہول نَحْنُ مستتر نائب فاعل و مفعول فیہ سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ (مظہری) هَمزہ استفہامیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ مُخْرَجُوْنَ اسم مفعول با نَحْنُ مستتر نائب فاعل شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶۸﴾

آیت نمبر ۶۸: لَام موطئہ للقسم قَدْ حرف تحقیق وُعِدْنَا فعل مجہول نَا ضمیر مؤکد نَحْنُ تاکید، مؤکد با تاکید معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰبَآؤُنَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف نائب فاعل هٰذَا محلاً منصوب مفعول بہ مِنْ قَبْلُ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ و متعلق جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ اِنْ نافیہ هٰذَا مبتدا، اِلَّا حرف استثناء اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۶۹﴾

آیت نمبر ۶۹: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، سِيْرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِى الْاَرْضِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اُنْظُرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كَيْفَ كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم ہے كَانَ ناقصہ کی، عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ مرکب اضافی اسم مؤخر، كَانَ با اسم و خبر جملہ استفہامیہ محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِىْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿۷۰﴾

آیت نمبر ۷۰: واؤ عاطفہ لَا تَحْزَنْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل عَلَيْهِمْ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَكُنْ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اسم فِیْ جارہ ضَيْقٍ موصوف مِنْ جارہ مَا يَمْكُرُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر لَا تَكُنْ کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف قُلْ پر معطوف ہوا۔

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۞

آیت نمبر ۷۱: واؤ استینافیہ یَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، مَتٰی استفہامیہ کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم هٰذَا الْوَعْدُ موصوف باصفت مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ کُنْتُمْ صَادِقِیْنَ فعل ناقص با اسم و خبر شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا

قُلْ عَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ تَسْتَعْجِلُوْنَ ۞

آیت نمبر ۷۲: قُلْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل قول، عَسٰی فعل تام اَنْ ناصبہ یَکُوْنَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر شان مستتر اس کا اسم رَدِفَ فعل لَکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، بَعْضُ مضاف اَلَّذِیْ اسم موصول تَسْتَعْجِلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ رَدِفَ کا فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ یَکُوْنُ کی خبر، یَکُوْنُ با اسم و خبر بتاویل مصدر عَسٰی کا فاعل، عَسٰی با فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا

وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ۞

آیت نمبر ۷۳: واؤ استینافیہ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّکَ مرکب اضافی اس کا اسم لام مزحلقہ ذُوْ مضاف فَضْلٍ موصوف عَلٰی جارہ النَّاسِ ذوالحال واؤ حالیہ لٰکِنَّ حرف استدراک اَکْثَرَھُمْ مرکب اضافی اس کا اسم لَا یَشْکُرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، لٰکِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، اور عَلَی النَّاسِ کو فَضْلٍ کے متعلق بنانا بھی جائز ہے، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا

وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۞

آیت نمبر ۷۴: واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّکَ مرکب اضافی اِنَّ کا اسم لام مزحلقہ یَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول تُکِنُّ فعل صُدُوْرُھُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول یُعْلِنُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف یَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

وَمَا مِنْ غَآئِبَةٍ فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۞

آیت نمبر ۷۵: واؤ عاطفہ مَا نافیہ مِنْ جارہ زائدہ غَآئِبَةٍ موصوف فِیْ جارہ اَلسَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مرفوع محلاً مبتدا، اِلَّا حرف استثناء فِیْ جارہ کِتَابٍ مُّبِیْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر مستثنیٰ مفرغ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۞

آیت نمبر ۷۶: اِنَّ حرف تحقیق هٰذَا الْقُرْاٰنَ موصوف باصفت اِنَّ کا اسم یَقُصُّ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلٰی جارہ بَنِیْ اِسْرَاءِیْلَ

آیت نمبر ۳: واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم قَدْ علامت فعل، فَتَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِهِمْ ظرف مستقر ثَبَتُوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ فاء عاطفہ لَام موطئہ للقسم يَعْلَمَنَّ فعل اَللّٰهُ فاعل اَلَّذِيْنَ صَدَقُوْا موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جواب قسم، قسم باجواب قسم معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے يَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ فعل بافاعل و مفعول بہ جواب قسم، قسم باجواب قسم معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴: اَمْ منقطعہ حَسِبَ فعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلسَّيِّاٰتِ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ فاعل اَنْ ناصبہ يَسْبِقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر حَسِبَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ ہوا۔ سَآءَ فعل ذم هُوَ مستتر ممیز مَا موصوفہ يَحْكُمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف باصفت محلاً منصوب تمیز، ممیز باتمیز سَآءَ کا فاعل، فعل بافاعل خبر، اور مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے حُكْمُهُمْ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ وَ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

آیت نمبر ۵: مَنْ اسم شرط مبتدا، كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم يَرْجُوْ فعل هُوَ مستتر فاعل لِقَآءَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، كَانَ با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق اَجَلَ اللّٰهِ

مرکب اضافی اس کا اسم، لَام مزحلقہ اٰتٍ خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ هُوَ ضمیر مبتدا، اَلسَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ اس کی دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۞

آیت نمبر ۶: واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا، جَاهَدَ فعل باهُوَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ يُجَاهِدُ فعل هُوَ مستتر فاعل لِنَفْسِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم، لَام مزحلقہ غَنِیٌّ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل عَنِ الْعَالَمِیْنَ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۞

آیت نمبر ۷: واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصَّالِحَاتِ منصوب بالکسرہ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا، لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے نُكَفِّرَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَنْهُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے سَيِّاٰتِهِمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جواب قسم، قسم باجواب قسم معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے نَجْزِیَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، اَحْسَنَ اسم تفضیل اَلَّذِیْ اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جواب قسم، قسم باجواب قسم معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ؕ وَاِنْ جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ؕ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۞

آیت نمبر ۸: واؤ استینافیہ وَصَّیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلْاِنْسَانَ مفعول بہ بِوَالِدَیْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے حُسْنًا بواسطہ موصوف محذوف تَوْصِیَةً کے مفعول مطلق ہوا، فعل بافاعل ومتعلق ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ جَاهَدَا فعل الف ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، لَام جارہ اسکے بعد اَنْ مقدر ہے تُشْرِكَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل بِیْ جار بامجرور متعلق ہوئے مَا اسم موصول لَیْسَ فعل ناقص لَكَ جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم، عِلْمٌ مصدر بِهٖ جار بامجرور متعلق مقدم، مصدر بامتعلق مقدم اسم موخر، لَیْسَ با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ تُشْرِكَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ لَا تُطِعْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل هُمَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِلَیَّ جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَرْجِعُكُمْ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف

علیہ،فاء عاطفہ اُنَبِّئُ فعل اَنَا مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ باء جارہ مَا موصولہ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم وخبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور اُنَبِّئُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصّٰلِحِيْنَ ⑨

آیت نمبر ۹: واؤ استینافیہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصّٰلِحٰتِ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا، لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے نُدْخِلَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ فِي الصّٰلِحِيْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جواب قسم، قسم باجواب قسم خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَاۤ اُوْذِيَ فِي اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ وَلَئِنْ جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ؕ اَوَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ⑩

آیت نمبر ۱۰: واؤ استینافیہ مِنْ حرف جر اَلنَّاسِ مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَنْ موصولہ يَقُوْلُ فعل باھُوَ مستتر فاعل قول، اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل بِاللّٰهِ متعلق سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم، اُوْذِيَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل فِي اللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل فِتْنَةَ النَّاسِ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل، کاف جارہ عَذَابِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور مفعول بہ ثانی کی جگہ میں ہے، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ شرطیہ جَآءَ فعل نَصْرٌ موصوف مِنْ رَّبِّكَ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لَيَقُوْلُنَّ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم مَعَكُمْ ظرف مستقر کَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر مقولہ، قول با مقولہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ قسمیہ ہوا اور شرط کی جزاء محذوف ہے جس پر جواب قسم دال ہے۔ ھمزہ استفہامیہ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے نَافَقُوْا وَلَا يَخْفٰى ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ (مظہری) لَيْسَ فعل ناقص اَللّٰهُ اس کا اسم باء زائدہ اَعْلَمَ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل باء جارہ مَا اسم موصول فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ظرف مستقر ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر محلاً منصوب خبر، لَيْسَ با اسم وخبر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا

وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ⑪

آیت نمبر ۱۱: واؤ عاطفہ لَام موطیٔہ للقسم اور قسم محذوف ہے یَعْلَمَنَّ فعل اَللّٰہُ فاعل اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جواب قسم، قسم باجواب قسم معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام موطیٔہ للقسم اور قسم محذوف ہے یَعْلَمَنَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْمُنٰفِقِیْنَ مفعول بہ سے مل کر جواب قسم، قسم باجواب قسم معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَ قَالَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِیْلَنَا وَ لْنَحْمِلْ خَطٰیٰکُمْ ؕ وَ مَا ھُمْ بِحٰمِلِیْنَ مِنْ خَطٰیٰھُمْ مِّنْ شَیْءٍ ؕ اِنَّھُمْ لَکٰذِبُوْنَ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: واؤ استینافیہ قَالَ فعل اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ فاعل لَام جارہ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِتَّبِعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سَبِیْلَنَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لِنَحْمِلْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل خَطٰیٰکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ مَا حجازیہ ھُمْ ضمیر محلاً مرفوع اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ حٰمِلِیْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر فاعل مِنْ جارہ خَطٰیٰھُمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ زائدہ شَیْءٍ محلاً منصوب ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، اسم فاعل بافاعل ومفعول بہ محلاً منصوب مَا کی خبر، مَا بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ کٰذِبُوْنَ اسم فاعل باھُمْ ضمیر فاعل خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَلَیَحْمِلُنَّ اَثْقَالَھُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِھِمْ ۫ وَ لَیُسْئَلُنَّ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ عَمَّا کَانُوْا یَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: واؤ عاطفہ لَام موطیٔہ للقسم اور قسم محذوف ہے یَحْمِلُنَّ فعل واؤ ضمیر محذوفہ فاعل اَثْقَالَھُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَثْقَالًا موصوف مَعَ اَثْقَالِھِمْ مرکب اضافی کَائِنَۃً کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف یَحْمِلُنَّ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جواب قسم، قسم باجواب قسم معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام موطیٔہ للقسم اور قسم محذوف ہے یُسْئَلُنَّ فعل مجہول واؤ ضمیر محذوفہ نائب فاعل یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ مرکب اضافی مفعول فیہ، عَنْ جارہ مَا موصولہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَفْتَرُوْنَ فعل باواؤ فاعل خبر، فعل ناقص با اسم وخبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول فیہ ومتعلق جملہ فعلیہ جواب قسم، قسم باجواب قسم معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِیْهِمْ اَلْفَ سَنَۃٍ اِلَّا خَمْسِیْنَ عَامًا ؕ فَاَخَذَھُمُ الطُّوْفَانُ وَ ھُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: واؤ استینافیہ لَام موطیٔہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل نُوْحًا مفعول بہ اِلٰی قَوْمِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ لَبِثَ فعل ھُوَ مستتر فاعل فِیْهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، اَلْفَ سَنَۃٍ

مرکب اضافی مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء خَمْسِیْنَ عَامًا ممیز باتمیز مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ مفعول فیہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فاء عاطفہ اَخَذَ فعل ھُمْ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا، ظَالِمُوْنَ خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ اَلطُّوْفَانُ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ وَجَعَلْنٰهَاۤ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: فاء عاطفہ اَنْجَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، واؤ بمعنی مَعَ "اَصْحٰبَ السَّفِیْنَۃِ" مرکب اضافی مفعول معہ، فعل بافاعل و مفعولین معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل اٰیَۃً موصوف لِلْعَالَمِیْنَ جار با مجرور کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: واؤ استینافیہ اِبْرَاھِیْمَ مبدل منہ اِذْ مضاف قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لِقَوْمِہٖ متعلق سے مل کر قول، اُعْبُدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِتَّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ بدل، مبدل منہ بابدل مفعول بہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا۔ ذَالِکُمْ اسم اشارہ مبتدا، خَیْرٌ اسم تفضیل باھُوَ مستتر فاعل لَکُمْ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنْ شرطیہ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط اور اس کی جزاء محذوف ہے فَاعْبُدُوا اللّٰہَ وَاتَّقُوْہُ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا وَّتَخْلُقُوْنَ اِفْكًا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ تَعْبُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال مقدم، اَوْثَانًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَخْلُقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِفْکًا بواسطہ موصوف محذوف خَلْقًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول تَعْبُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اِنَّ کا اسم، لَایَمْلِکُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لَکُمْ متعلق رِزْقًا بمعنی مَرْزُوْقًا کے ہو کر مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا لَمْ یَمْلِکُوْا لَکُمْ رِزْقًا، یا اِنِ احْتَجْتُمْ

اِلیٰ شَیءٍ۔ اِبْتَغُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل عِنْدَ اللّٰہِ مرکب اضافی مفعول فیہ، اَلرِّزْقَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُعْبُدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اُشْکُرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَهٗ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِلَیْهِ جار بامجرور متعلق مقدم تُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ كَذَّبَ اُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝۱۸

آیت نمبر ۱۸: واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ تُكَذِّبُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے فَلَا یَضُرُّنِیْ تَکْذِیْبُکُمْ، فاء تعلیلیہ قَدْ علامت فعل، كَذَّبَ فعل اُمَمٌ موصوف مِنْ قَبْلِكُمْ ظرف مستقر ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل جملہ معلّلہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَا نافیہ عَلَى الرَّسُوْلِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اِلَّا حرف استثناء اَلْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللّٰهُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝۱۹

آیت نمبر ۱۹: ھمزہ استفہامیہ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَمْ یَنْظُرُوْا، لَمْ يَرَوْا یعنی لَمْ یَعْلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كَيْفَ کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر بواسطہ اِبْدَاءً مصدر کے مفعول مطلق مقدم، يُبْدِئُ فعل اَللّٰهُ فاعل اَلْخَلْقَ مفعول بہ سے مل کر لَمْ يَرَوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ يُعِيْدُ فعل باھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ذٰلِكَ اسم اشارہ اس کا اسم يَسِيْرٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل عَلَى اللّٰهِ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۲۰

آیت نمبر ۲۰: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، سِيْرُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل فِى الْاَرْضِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اُنْظُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل كَيْفَ کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر بواسطہ موصوف محذوف بَدْأً کے مفعول مطلق مقدم، بَدَاَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْخَلْقَ مفعول بہ و مفعول مطلق مقدم سے مل کر اُنْظُرُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ ثُمَّ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، يُنْشِئُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلنَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم عَلٰى جارہ كُلِّ شَيْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم قَدِيْرٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۤءُ وَيَرْحَمُ مَنْ يَّشَاۤءُ ۚ وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ ۝۲۱

آیت نمبر ۲۱: یُعَذِّبُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَنْ یَّشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَرْحَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَنْ اسم موصول یَّشَآءُ فعل ھُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ یَرْحَمُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِلَیْهِ تُقْلَبُوْنَ فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔ یا اِنَّ کی خبر ثانی ہوا یا قَدِیْرٌ کی ضمیر فاعل سے حال ہوا۔

وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِیْنَ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ ۫ وَمَا لَکُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّ لَا نَصِیْرٍ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: واؤ استینافیہ مَا حجازیہ اَنْتُمْ اس کا اسم بِ باء جارہ زائدہ مُعْجِزِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ ضمیر ذوالحال فِی الْاَرْضِ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ فِی السَّمَآءِ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف کَآئِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، اسم فاعل بافاعل شبہ جملہ ہو کر محلاً منصوب خبر، مَا با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ لَکُمْ کَآئِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مِنْ حرف جار دُوْنِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور کَآئِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ زائدہ وَلِیٍّ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ نَصِیْرٍ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف محلاً مرفوع ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ وَلِقَآئِهٖٓ اُولٰٓئِکَ یَئِسُوْا مِنْ رَّحْمَتِیْ وَاُولٰٓئِکَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِ باء حرف جر اٰیٰتِ اللّٰهِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لِقَآئِهٖ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور کَفَرُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، یَئِسُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ رَّحْمَتِیْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، لَهُمْ کَآئِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ اَلِیْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَلَّذِیْنَ مبتدا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَمَا کَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ اَوْ حَرِّقُوْهُ فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: فاء عاطفہ یا استینافیہ مَا نافیہ کَانَ فعل ناقص جَوَابَ قَوْمِهٖ مرکب اضافی خبر مقدم، اِلَّا حرف استثناء اَنْ ناصبہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اُقْتُلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ حَرِّقُوْا فعل واؤ

ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ بتاویل مصدر کَانَ کا اسم مؤخر، کَانَ با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَا فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا قَذَفُوْہُ فِی النَّارِ بَعْدَ اِتِّفَاقِھِمْ عَلٰی تَحْرِیْقِہٖ، اَنْجٰی فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اَللّٰہُ فاعل مِنَ النَّارِ متعلق سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق فِیْ ذٰلِكَ کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، لام تاکیدیہ اٰیٰتٍ موصوف لام جارہ قَوْمٍ موصوف یُّؤْمِنُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اسم مؤخر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ قَالَ اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا ۙ مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّ يَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۫ وَّ مَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَ مَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: واؤ استینافیہ قَالَ فعل با ھُوَ ضمیر فاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ اِتَّخَذْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ جار با مجرور مفعول ثانی کی جگہ اَوْثَانًا مفعول بہ اوّل مَوَدَّۃَ بَیْنِکُمْ مرکب اضافی مفعول لہ، فِیْ حرف جار اَلْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور اِتَّخَذْتُمْ یا مَوَدَّۃَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ ثُمَّ عاطفہ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم یَکْفُرُ فعل بَعْضُکُمْ مرکب اضافی فاعل بِبَعْضٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَلْعَنُ فعل بَعْضُکُمْ مرکب اضافی فاعل بَعْضًا مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ پر معطوف ہے واؤ عاطفہ مَاْوٰکُمْ مرکب اضافی مبتدا، اَلنَّارُ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ لَکُمْ کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ نَاصِرِیْنَ لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وَ قَالَ اِنِّيْ مُهَاجِرٌ اِلٰى رَبِّيْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: فَا عاطفہ اٰمَنَ فعل لَہٗ جار با مجرور متعلق ہوئے لُوْطٌ فاعل، فعل با فاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَالَ فعل با ھُوَ مستتر فاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم مُھَاجِرٌ اسم فعل اَنَا ضمیر فاعل اِلٰی رَبِّیْ متعلق سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف قَالَ پر معطوف ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم ھُوَ ضمیر فصل اَلْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ دو خبر، اِنَّ با اسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَوَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَ يَعْقُوْبَ وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَ الْكِتٰبَ وَاٰتَيْنٰهُ اَجْرَهٗ فِي الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: واؤ عاطفہ وَھَبْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَہٗ جار با مجرور متعلق ہوئے اِسْحَاقَ وَیَعْقُوْبَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِیْ ذُرِّیَّتِہٖ جار با مجرور مفعول

محلاً کی جگہ میں ہے اَلنُّبُوَّۃَ وَالْکِتٰبَ معطوف معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ قول۔ فعل بافاعل ومفعولین معطوف قول ہوا واؤ عاطفہ اٰتَیْنٰ فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اول اَجْرَہٗ مرکب اضافی ذوالحال فِی الدُّنْیَا کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال ذوالحال بحال مفعول بہ ثانی فعل بافاعل ومفعولین معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوف ہوا واؤ اعتراضیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم فِی الْاٰخِرَۃِ جار بالمجرور متعلق مقدم اور عند هذا الفقیر کَائِنًا کے متعلق ہو کر اِنَّ کی ضمیر اسم کا حال ہے لَ امر مقدمہ مِنَ جار اَلصّٰلِحِیْنَ اسم فاعل بھُوَ مستتر فاعل: متعلق مقدم خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ اٰتَیْنٰہُ اَجْرَہٗ پر معطوف ہے۔

وَ لُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖۤ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ ؗ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِیْنَ۝

آیت نمبر ۲۸: واؤ عاطفہ لُوْطًا مبدل منہ اِذْ مضاف قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لِقَوْمِهٖ متعلق سے مل کر قول اِنَّ حرف تحقیق کُمْ ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ تَاْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْفَاحِشَۃَ ذوالحال مَا نافیہ سَبَقَ فعل کُمْ ضمیر مفعول بِهَا جار مجرور مُتَلَبِّسِیْنَ کے متعلق ہو کر کُمْ ضمیر کا حال ہوا مِنْ جارہ زائدہ اَحَدٍ موصوف مِنَ الْعٰلَمِیْنَ کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت محلاً مرفوع فاعل، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال ذوالحال بحال تَاْتُوْنَ کا مفعول بہ۔ فعل بافاعل ومفعول بہ اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم وخبر مقولہ، قول با مقولہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ بدل، مبدل منہ بدل مفعول بہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا۔

اَىِٕنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ وَ تَقْطَعُوْنَ السَّبِیْلَ ۙ۬ وَ تَاْتُوْنَ فِیْ نَادِیْكُمُ الْمُنْكَرَ ؕ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ۝

آیت نمبر ۲۹: ہمزہ استفہامیہ اِنَّ حرف تحقیق کُمْ ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ تَاْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلرِّجَالَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَقْطَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلسَّبِیْلَ مفعول بہ سے مل کر معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ تَاْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْ نَادِیْكُمُ متعلق اَلْمُنْكَرَ مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا فاء استینافیہ مَا نافیہ کَانَ فعل ناقص جَوَابَ قَوْمِهٖ مرکب اضافی خبر مقدم اِلَّا حرف استثناء اَنْ ناصبہ قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل قول، اِئْتِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ بِعَذَابِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ بتاویل مصدر اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا اِنْ شرطیہ کُنْتَ فعل ناقص تَاء مفتوحہ اس کا اسم مِنَ الصّٰدِقِیْنَ کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط اور اس کی جزاء محذوف ہے فَاْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ۔ شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِیْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِیْنَ۝

آیت نمبر ۳۰: قَالَ فعل باھُوَ مستتر فاعل قول رَبِّ یہ اصل میں یَا رَبِّیْ ہے اور یہ نداء ہے اُنْصُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نون

وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ عَلَی جارہ اَلْقَوْمِ الْمُفْسِدِیْنَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جواب ندا، ندا، با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مُهْلِكُوْٓا اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ ۚ اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ۝۳۱

آیت نمبر ۳۱: واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے فَاسْتَجَابَ اللّٰهُ دُعَاءَ لُوْطٍ وَاَرْسَلَ مَلٰٓئِكَةً وَاَمَرَهُمْ اَنْ يُبَشِّرُوْا اِبْرَاهِيْمَ، یا واؤ استینافیہ ہے لَمَّا ظرفیہ متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم جَآءَتْ فعل رُسُلُنَا مرکب اضافی فاعل اِبْرَاهِيْمَ مفعول بہ بِالْبُشْرٰى متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم، مُهْلِكُوْا اسم فاعل مضاف اَهْلِ مضاف الیہ مضاف هٰذِهِ الْقَرْيَةِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، اَهْلِ مضاف بامضاف الیہ مُهْلِكُوْا کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَهْلَهَا مرکب اضافی اس کا اسم كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم ظَالِمِيْنَ خبر سے مل کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

قَالَ اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا ۭ قَالُوْا نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَنْ فِيْهَا ۡ لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۤ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝۳۲

آیت نمبر ۳۲: قَالَ فعل باھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق فِيْهَا كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، لُوْطًا اسم مؤخر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، نَحْنُ ضمیر مبتداء، اَعْلَمُ اسم تفضیل نَحْنُ مستتر فاعل بَاء جارہ مَنْ اسم موصول فِيْهَا ظرف مستقر ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے نُنَجِّيَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ واؤ "بمعنی مَعَ" اَهْلَهٗ مرکب اضافی مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء اِمْرَاَتَهٗ مرکب اضافی مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ بامستثنیٰ مفعول معہ، فعل بافاعل ومفعولین جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ كَانَتْ فعل ناقص هِيَ ضمیر مستتر اس کا اسم مِنَ الْغَابِرِيْنَ جار بامجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَلَمَّآ اَنْ جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالُوْا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ ۣ اِنَّا مُنَجُّوْكَ وَاَهْلَكَ اِلَّا امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝۳۳

آیت نمبر ۳۳: واؤ استینافیہ لَمَّا مفعول فیہ مقدم اَنْ زائدہ جَآءَتْ فعل رُسُلُنَا مرکب اضافی فاعل لُوْطًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، سِيْٓءَ فعل مجہول ھُوَ مستتر فاعل بِهِمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ضَاقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِهِمْ

متعلق ذَرْعًا تمیز سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، لَاتَخَفْ فعل نہی باأَنْتَ مستتر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَاتَحْزَنْ فعل نہی أَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم مُنَجُّوْكَ مرکب اضافی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔ واؤ عاطفہ أَهْلَكَ مرکب اضافی مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء امْرَاَتَكَ مرکب اضافی مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ مفعول بہ ہوا فعل محذوف نُنَجِّيْ کا۔ (مظہری) كَانَتْ مِنَ الْغَابِرِيْنَ کی ترکیب آیت سابقہ میں ابھی گذری ہے۔

اِنَّا مُنْزِلُوْنَ عَلٰٓى اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم مُنْزِلُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل عَلٰى جارہ اَهْلِ مضاف هٰذِهِ الْقَرْيَةِ مرکب توصیفی یامبدل منہ بابدل مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے رِجْزًا موصوف مِنَ السَّمَآءِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، بَاء جارہ مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَفْسُقُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم وخبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی، اسم فاعل بافاعل ومفعول بہ و متعلقین شبہ جملہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَلَقَدْ تَّرَكْنَا مِنْهَآ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ حرف تحقیق تَرَكْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْهَا جار بامجرور متعلق ہوئے اٰيَةً موصوف بَيِّنَةً صفت اولیٰ، لَام جارہ قَوْمٍ موصوف يَعْقِلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۙ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۶: واؤ عاطفہ اِلٰى جارہ مَدْيَنَ مجرور، جار بامجرور بواسطہ عطف کے متعلق ہوئے فعل محذوف اَرْسَلْنَا کے، اَخَاهُمْ مرکب اضافی مبدل منہ شُعَيْبًا بدل، مبدل منہ بابدل مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ قَالَ فعل با هُوَ مستتر فاعل قول، يٰقَوْمِ یہ اصل میں يَاقَوْمِيْ ہے اور یہ نداء ہے اُعْبُدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُرْجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْيَوْمَ الْاٰخِرَ مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا تَعْثَوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مُفْسِدِيْنَ حال، ذوالحال باحال فاعل فِى الْاَرْضِ جار بامجرور متعلق ہوئے۔ فعل بافاعل و متعلق معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِىْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: فاء عاطفہ کَذَّبُوۡا فعل باواوٗ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَخَذَتۡ فعل ھُمۡ ضمیر مفعول بہ اَلرَّجۡفَۃُ فاعل سے مل کر معطوف اوّل، فاء عاطفہ اَصۡبَحُوۡا فعل ناقص واوٗ ضمیر اس کا اسم فِیۡ دَارِھِمۡ جار بامجرور متعلق مقدم جٰثِمِیۡنَ اسم فاعل ھُمۡ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

وَعَادًا وَّثَمُوۡدَا۠ وَقَدۡ تَّبَیَّنَ لَکُمۡ مِّنۡ مَّسٰکِنِھِمۡ قف وَ زَیَّنَ لَھُمُ الشَّیۡطٰنُ اَعۡمَالَھُمۡ فَصَدَّھُمۡ عَنِ السَّبِیۡلِ وَکَانُوۡا مُسۡتَبۡصِرِیۡنَ ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: واوٗ استینافیہ عَادًا وَّثَمُوۡدَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ فعل محذوف اَھۡلَکۡنَا کا، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واوٗ اعتراضیہ قَدۡ علامت فعل، تَبَیَّنَ فعل ھُوَ مستتر راجع بسوئے اِھۡلَاکٌ فاعل لَکُمۡ جار با مجرور متعلق اوّل مِنۡ مَّسَاکِنِھِمۡ جار با مجرور متعلق ثانی، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ واوٗ استینافیہ زَیَّنَ فعل لَھُمۡ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلشَّیۡطَانُ فاعل اَعۡمَالَھُمۡ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ صَدَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمۡ ضمیر مفعول بہ عَنِ السَّبِیۡلِ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واوٗ حالیہ کَانُوۡا فعل ناقص واوٗ ضمیر اس کا اسم مُسۡتَبۡصِرِیۡنَ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ حال ہوا صَدَّ کے مفعول بہ سے۔

وَ قَارُوۡنَ وَ فِرۡعَوۡنَ وَ ھَامٰنَ قف وَ لَقَدۡ جَآءَھُمۡ مُّوۡسٰی بِالۡبَیِّنٰتِ فَاسۡتَکۡبَرُوۡا فِی الۡاَرۡضِ وَمَا کَانُوۡا سٰبِقِیۡنَ ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: واوٗ عاطفہ قَارُوۡنَ وَفِرۡعَوۡنَ وَھَامٰنَ معطوف علیہ با معطوفین مفعول بہ فعل محذوف اَھۡلَکۡنَا کا، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واوٗ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدۡ علامت فعل جَآءَ فعل ھُمۡ ضمیر مفعول بہ مُوۡسٰی فاعل بِالۡبَیِّنَاتِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف علیہ، فاء عاطفہ اِسۡتَکۡبَرُوۡا فعل واوٗ ضمیر فاعل فِی الۡاَرۡضِ جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق معطوف اوّل، واوٗ عاطفہ مَا نافیہ کَانُوۡا فعل ناقص واوٗ ضمیر اس کا اسم سَابِقِیۡنَ خبر سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

فَکُلًّا اَخَذۡنَا بِذَنۡۢبِہٖ ج فَمِنۡھُمۡ مَّنۡ اَرۡسَلۡنَا عَلَیۡہِ حَاصِبًا ج وَ مِنۡھُمۡ مَّنۡ اَخَذَتۡہُ الصَّیۡحَۃُ ج وَ مِنۡھُمۡ مَّنۡ خَسَفۡنَا بِہِ الۡاَرۡضَ ج وَ مِنۡھُمۡ مَّنۡ اَغۡرَقۡنَا ج وَ مَا کَانَ اللّٰہُ لِیَظۡلِمَھُمۡ وَ لٰکِنۡ کَانُوۡۤا اَنۡفُسَھُمۡ یَظۡلِمُوۡنَ ﴿۴۰﴾

آیت نمبر ۴۰: فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنۡ شِئۡتَ اَنۡ تَعۡرِفَ مَآلَھُمۡ، کُلًّا مفعول بہ مقدم اَخَذۡنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِذَنۡۢبِہٖ متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فا عاطفہ مِنۡھُمۡ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنۡ اسم موصول اَرۡسَلۡنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَیۡہِ متعلق حَاصِبًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف اوّل، واوٗ عاطفہ مِنۡھُمۡ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنۡ اسم

موصول اَخَذَتْ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اَلصَّیْحَةُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ مِنْهُمْ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَنْ اسم موصول خَسَفْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِهٖ متعلق اَلْاَرْضَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف ثالث، واؤ عاطفہ مِنْهُمْ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول اَغْرَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ مَا نافیہ کَانَ فعل ناقص اَللّٰہُ اس کا اسم لام جحد یہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَظْلِمَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر مجرور، جار با مجرور مُرِیْدًا کے متعلق خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰکِنْ حرف استدراک مہملہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَظْلِمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ؕ وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾

آیت نمبر ۴۱: مَثَلُ مضاف اَلَّذِیْنَ اسم موصول اِتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر حال مقدم اَوْلِیَآءَ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا، کاف جارہ مَثَلِ مضاف اَلْعَنْکَبُوْتِ ذوالحال اِتَّخَذَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل بَیْتًا ذوالحال واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق اَوْهَنَ الْبُیُوْتِ مرکب اضافی اس کا اسم، لام مزحلقہ بَیْتُ الْعَنْکَبُوْتِ مرکب اضافی خبر اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال اِتَّخَذَتْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَوْ شرطیہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے لَمَا عَبَدُوْهَا، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۲: اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم یَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول یَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ دُوْنِهٖ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، مِنْ جارہ زائدہ شَیْءٍ محلاً منصوب ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ یَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ اِنَّ کی خبر اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا اَلْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ وَمَا يَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳: واؤ عاطفہ تِلْكَ الْاَمْثَالُ موصوف باصفت یا مبدل منہ بابدل مبتدا، نَضْرِبُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ لِلنَّاسِ جار با مجرور متعلق، چاروں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ یَعْقِلُ فعل ھَا ضمیر مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء اَلْعَالِمُوْنَ

مستثنیٰ مفرغ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۴: خَلَقَ فعل اَللّٰهُ ذوالحال بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل اَلسَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق فِيْ ذٰلِكَ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لَام مزحلقہ اٰيَةً موصوف لِلْمُؤْمِنِيْنَ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

اُتْلُ مَاۤ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَ الْمُنْكَرِ ؕ وَ لَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵: اُتْلُ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مَا اسم موصول اُوْحِيَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلَيْكَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنَ الْكِتٰبِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَقِمْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَلصَّلٰوةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوفہ، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَلصَّلٰوةَ اس کا اسم تَنْهٰى فعل هِيَ مستتر فاعل عَنْ جارہ اَلْفَحْشَآءِ وَ الْمُنْكَرِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَام ابتدائیہ ذِكْرُ اللّٰهِ مرکب اضافی مبتدا، اَكْبَرُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، يَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول تَصْنَعُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ تعلیلیہ معطوفہ ہوا۔

وَ لَا تُجَادِلُوْۤا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۖ ق اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَ قُوْلُوْۤا اٰمَنَّا بِالَّذِيْۤ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَ اِلٰهُنَا وَ اِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّ نَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶: واؤ استینافیہ لَا تُجَادِلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل اَهْلَ الْكِتٰبِ مرکب اضافی مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء بَاء جارہ اَلَّتِيْ اسم موصول هِيَ ضمیر مبتدا، اَحْسَنُ اسم تفضیل هِيَ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء اَلَّذِيْنَ اسم موصول ظَلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْهُمْ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ بامستثنیٰ مجرور، جار بامجرور مستثنیٰ مفرغ لَا تُجَادِلُوْا کے متعلق ہوئے، فعل نہی بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ قُوْلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل بَاء جارہ اَلَّذِيْ اسم

موصول اُنْزِلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل اِلَیْنَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُنْزِلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل اِلَیْکُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اٰمَنَّا کے، فعل بافاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلٰھُنَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلٰھُکُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا، وَاحِدٌ خبر، مبتدا با خبر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ نَحْنُ ضمیر مبتدا، مُسْلِمُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل لَہٗ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ خبر، مبتدا با خبر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ ۭ فَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ وَمِنْ هٰٓؤُلَاۗءِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ ۭ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۷﴾

آیت نمبر ۴۷: واؤ استینافیہ کَذٰلِکَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ اِنْزَالًا موصوف محذوف کے مفعول مطلق مقدم اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَیْکَ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلْکِتٰبَ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، اَلْکِتٰبَ مفعول بہ ثانی سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِہٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مِنْ ھٰٓؤُلَآءِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول یُؤْمِنُ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِہٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال واؤ حالیہ مَا نافیہ یَجْحَدُ فعل بِاٰیٰتِنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، اِلَّا حرف استثناء اَلْکَافِرُوْنَ مستثنیٰ مفرغ فاعل، فعل بافاعل و متعلق حال، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۸: واؤ عاطفہ مَا نافیہ کُنْتَ فعل ناقص تاء مفتوحہ ضمیر اس کا اسم تَتْلُوْا فعل اَنْتَ مستتر فاعل مِنْ قَبْلِہٖ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ زائدہ کِتَابٍ محلاً منصوب ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَخُطُّ فعل اَنْتَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ باء جارہ یَمِیْنِکَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف کُنْتَ کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ اِذًا شرطیہ مہمل لَام جوابیہ اِرْتَابَ فعل اَلْمُبْطِلُوْنَ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ۭ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹: بَلْ برائے اضراب ھُوَ ضمیر مبتدا، اٰیَاتٌ موصوف بَیِّنَاتٌ صفت اولیٰ، فِیْ حرف جر صُدُوْرِ مضاف اَلَّذِیْنَ اسم موصول اُوْتُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ مَا نافیہ یَجْحَدُ فعل بِاٰیٰتِنَا متعلق ہوئے اِلَّا حرف استثناء اَلظَّالِمُوْنَ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال نائب فاعل اَلْعِلْمَ مفعول بہ، فعل بانائب فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ صُدُوْرِ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار با مجرور کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

20 20 وَ قَالُوْا لَوْ لَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَ اِنَّمَاۤ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

آیت نمبر ۵۰: واؤ استینافیہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، لَوْلَا حرف تحضیض اُنْزِلَ فعل مجہول عَلَیْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے اٰیَاتٌ موصوف مِنْ رَّبِّهٖ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ اَلْاٰیَاتُ مبتدا، عِنْدَ اللّٰهِ کَائِنَۃٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ اَنَا ضمیر مبتدا، نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اَوَ لَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّاۤ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّ ذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

آیت نمبر ۵۱: ہمزہ استفہامیہ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تقدیر عبارت ہے اَقَصَّرَ مُحَمَّدٌ۔ لَمْ یَکْفِ فعل هِمْ ضمیر مفعول بہ اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَیْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلْکِتَابَ ذوالحال یُتْلٰی فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل عَلَیْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال اَنْزَلْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد لَمْ یَکْفِ کا فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ لفظاً جملہ انشائیہ اور معنًی جملہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق فِیْ ذٰلِكَ ظرف مستقر کَائِنَتَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، لَام مزحلقہ رَحْمَۃً معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ذِکْرٰی موصوف لَام جارہ قَوْمٍ موصوف یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۶ ❁

قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ بَيْنِيْ وَ بَيْنَكُمْ شَهِيْدًا ۚ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ وَ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۵۲: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، کَفٰی فعل بَاء جارہ زائدہ، اَللّٰهِ محلاً مرفوع فاعل بَیْنِیْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَیْنَکُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول فیہ مقدم شَهِیْدًا صیغہ صفت با هُوَ مستتر فاعل و مفعول فیہ موصوف (مظہری) یَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول فِیْ جارہ اَلسَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ یَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ صفت، موصوف باصفت کَفٰی کی تمیز ہے، فعل بافاعل و تمیز جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ یا

استینافیہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْبَاطِلِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا اوّل، اُولٰٓئِكَ مبتدا ثانی، هُمْ ضمیر فصل اَلْخٰسِرُوْنَ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ معطوف یا جملہ مستانفہ ہوا۔

وَ يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ؕ وَ لَوْ لَاۤ اَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَآءَهُمُ الْعَذَابُ ؕ وَ لَيَاْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّ هُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۳: واؤ استینافیہ يَسْتَعْجِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ بِالْعَذَابِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَوْلَا امتناعیہ عَجَلٌ مُّسَمًّى مرکب توصیفی مبتدا، اور اس کی خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ، مبتدا باخبر شرط، لام جوابیہ جَآءَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اَلْعَذَابُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے يَاْتِيَنَّ فعل هُوَ مستتر ذوالحال بَغْتَةً حال، ذوالحال باحال فاعل هُمْ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَا يَشْعُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ؕ وَ اِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۴﴾ يَوْمَ يَغْشٰهُمُ الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ وَ يَقُوْلُ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۴،۵۵: يَسْتَعْجِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ باء حرف جر اَلْعَذَابِ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اِنَّ حرف تحقیق جَهَنَّمَ اس کا اسم لام مزحلقہ مُحِيْطَةٌ اسم فاعل هِيَ مستتر فاعل بِالْكَافِرِيْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے۔ يَوْمَ مضاف يَغْشٰى فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اَلْعَذَابُ ذوالحال مِنْ فَوْقِهِمْ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَقُوْلُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ ذُوْقُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف يَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، اسم فاعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّ اَرْضِيْ وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶: يَاء حرف نداء قائم مقام اَدْعُوْ کے، اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل عِبَادِيَ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ہوا اَدْعُوْ کا، اَدْعُوْ فعل بافاعل و مفعول بہ

جملہ فعلیہ انشائیہ ندا، اِنَّ حرف تحقیق اَرْضِيْ مرکب اضافی منصوب تقدیراً اِنَّ کا اسم، وَاسِعَةٌ خبر اِنَّ، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جواب ندا، ندا با جواب ندا و جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ فَاِیَّایَ اس کی اصل عبارت ہے فَاعْبُدُوْا اِیَّایَ، فاء جزائیہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ ضَاقَتْ عَلَيْكُمْ اَرْضُكُمْ، اُعْبُدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِیَّایَ مفعول بہ، فعل امر بافاعل و مفعول بہ مفسر، فاء زائدہ اُعْبُدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر محذوف مفعول بہ، فعل امر بافاعل و مفعول بہ مفسر، مفسر با مفسر جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ قف ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۷﴾

آیت نمبر ۵۷: كُلُّ نَفْسٍ مرکب اضافی مبتدا، ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔ ثُمَّ عاطفہ تُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلَيْنَا متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۵۸﴾ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَ عَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۵۹﴾

آیت نمبر ۱۴: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ تَسِيْتُمْ هٰذَا كُلَّهٗ، ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ نَسِيْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل لِقَآءَ مضاف يَوْمِكُمْ مرکب اضافی موصوف هٰذَا صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم نَسِيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل عَذَابَ الْخُلْدِ مرکب اضافی مفعول بہ، بَاء جارہ مَا موصولہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّ سَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَ هُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۵: اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ يُؤْمِنُ فعل بِاٰيٰتِنَا جار بامجرور متعلق ہوئے اَلَّذِيْنَ اسم موصول اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم، ذُكِّرُوْا فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل بِهَا متعلق سے مل کر شرط، خَرُّوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال سُجَّدًا حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَبَّحُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِحَمْدِ رَبِّهِمْ جار بامجرور مُتَلَبِّسِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ثانی ہے سَبَّحُوْا کی واؤ ضمیر فاعل سے، فعل بافاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء صلہ، موصول باصلہ يُؤْمِنُ کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّ طَمَعًا وَّ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: تَتَجَافٰى فعل جُنُوْبُهُمْ مرکب اضافی فاعل عَنِ الْمَضَاجِعِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ يَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل رَبَّهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ خَوْفًا وَّ طَمَعًا معطوف علیہ با معطوف مفعول لہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ جارہ مَا اسم موصول رَزَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم يُنْفِقُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّاۤ اُخْفِیَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْیُنٍ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ اَرَادَ اَحَدٌ اَنْ یَّعْلَمَ مَا اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ۔ لَا تَعْلَمُ فعل نَفْسٌ فاعل مَا اسم موصول اُخْفِیَ فعل هُوَ مستتر نائب فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ جارہ قُرَّةِ اَعْیُنٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ جَزَآءً مصدر بَاء جارہ مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم وخبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، مصدر با متعلق مفعول لہ ہوا فعل محذوف جُوْزُوْا کا۔

اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ؕ لَا یَسْتَوٗنَ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: همزہ استفہامیہ فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تقدیر عبارت ہے اَیَسْتَوِیْ وَلِیُّ اللّٰهِ وَعَدُوُّ اللّٰهِ، مَنْ اسم موصول كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم مُؤْمِنًا خبر سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، کاف جارہ مَنْ اسم موصول كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم فَاسِقًا خبر سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔ لَا یَسْتَوٗنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰی ۫ نُزُلًۢا بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: اَمَّا حرف شرط و تفصیل اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصَّالِحَاتِ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا متضمن معنی شرط، فاء جزائیہ لَهُمْ جار با مجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جَنّٰتُ الْمَاْوٰی مرکب اضافی ذوالحال نُزُلًا موصوف بَاء جارہ مَا موصولہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم وخبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت حال، ذوالحال باحال مبتدا موخر، مبتدا باخبر مبتدا اول کی خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ اَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ كُلَّمَاۤ اَرَادُوْۤا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَاۤ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَ قِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط و تفصیل اَلَّذِيْنَ اسم موصول فَسَقُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط، فاء جزائیہ مَاْوٰىهُمْ مرکب اضافی مبتدا، اَلنَّارُ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدا اوّل کی خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ كُلَّمَا ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم، اَرَادُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ ناصبہ يَخْرُجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهَا متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اُعِيْدُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِيْهَا متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قِيْلَ فعل مجہول هُوَ ضمیر نائب فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر قول، ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل عَذَابَ النَّارِ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِيْ اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم بِهٖ جار بامجرور متعلق مقدم تُكَذِّبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت ذُوْقُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ لَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: واؤ عاطفہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے نُذِيْقَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ جارہ اَلْعَذَابِ الْاَدْنٰى مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم دُوْنَ مضاف اَلْعَذَابِ الْاَكْبَرِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی هُمْ ضمیر اس کا اسم يَرْجِعُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معلّلہ ہوا۔

وَ مَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ؕ اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: واؤ استینافیہ مَنْ اسم استفہام مبتدا، اَظْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ مَنْ اسم موصول ذُكِّرَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل بِاٰيَاتِ رَبِّهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اَعْرَضَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْهَا متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم مُنْتَقِمُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ متعلق مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ وَ جَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۲۳﴾ وَ جَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا ؕ۫ وَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۳، ۲۴: واؤ استینافیہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مُوْسٰى مفعول بہ اوّل، اَلْكِتٰبَ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ اِنْ تَسَاءَلْتَ، لَا تَكُنْ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم فِيْ جارہ مِرْيَةٍ موصوف مِنْ لِّقَآئِهٖ كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ جَعَلْنٰهُ فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اوّل، هُدًى موصوف لام جارہ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْهُمْ جار بامجرور مفعول بہ ثانی کی جگہ میں ہے اَئِمَّةً موصوف يَّهْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِاَمْرِنَا كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل صفت، موصوف باصفت مفعول اوّل، فعل بافاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ لَمَّا ظرفیہ متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم صَبَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يُوْقِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، جزاء محذوف ہے جَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اس کا اسم هُوَ ضمیر مبتدا، يَفْصِلُ فعل هُوَ مستتر فاعل بَيْنَ مضاف هُمْ ضمیر ذوالحال يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ يَفْصِلُ کا، فِيْ جارہ مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَخْتَلِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهِ متعلق مقدم سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور يَفْصِلُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول فیہ و متعلق خبر، مبتدا باخبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ ۭ اَفَلَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: ھمزہ استفہامیہ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تقدیر عبارت ہے اَغَفَلُوْا، لَمْ يَهْدِ فعل هُوَ مستتر راجع بسوئے رَبَّكَ فاعل لَهُمْ جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ كَمْ خبریہ مفعول بہ مقدم اَهْلَكْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْ قَبْلِهِمْ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ اَلْقُرُوْنِ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر كَمْ خبریہ کا حال ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ يَمْشُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْ مَسَاكِنِهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق فِيْ ذٰلِكَ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر اِنَّ کی خبر مقدم، لام مزحلقہ اٰيَاتٍ اسم مؤخر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ھمزہ استفہامیہ فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے، تقدیر عبارت ہے اَيُعْرِضُوْنَ عَنْ اٰيَاتِنَا، لَا يَسْمَعُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَى الْاَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ وَ

أَنْفُسُهُمْ ۖ أَفَلَا يُبْصِرُونَ ﴿٢٧﴾

آیت نمبر ۲۷: هَمزہ استفہامیہ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تقدیر عبارت ہے أَلَمْ يَتَفَكَّرُوا، لَمْ يَرَوْا بمعنی لَمْ يَعْلَمُوا فعل واؤ ضمیر فاعل أَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم نَسُوقُ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل الْمَاءَ مفعول بہ إِلَى جارہ الْأَرْضِ الْجُرُزِ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف علیہ، فاء عاطفہ نُخْرِجُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بِهِ جار با مجرور متعلق ہوئے زَرْعًا موصوف تَأْكُلُ فعل مِنْهُ جار با مجرور متعلق ہوئے أَنْعَامُهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ أَنْفُسُهُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل با فاعل و متعلق صفت، موصوف با صفت نُخْرِجُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف أَنَّ کی خبر، أَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد لَمْ يَرَوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ هَمزہ استفہامیہ فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے، تقدیر عبارت ہے أَلَا يُلْقُونَ أَنْظَارَهُمْ، لَا يُبْصِرُونَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْفَتْحُ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿٢٨﴾

آیت نمبر ۲۸: واؤ استینافیہ يَقُولُونَ فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، مَتَىٰ استفہامیہ كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم هَٰذَا الْفَتْحُ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے فَبَيِّنُوا لَنَا وَقْتَهُ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِينَ كَفَرُوا إِيمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ ﴿٢٩﴾

آیت نمبر ۲۹: قُلْ فعل امر با أَنْتَ مستتر فاعل قول ہوا۔ يَوْمَ الْفَتْحِ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم لَا يَنْفَعُ الَّذِينَ كَفَرُوا موصول با صلہ مفعول بہ مقدم إِيمَانُهُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَا يُنْظَرُونَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ إِنَّهُمْ مُنْتَظِرُونَ ﴿٣٠﴾

آیت نمبر ۳۰: فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے إِذَا عَرَفْتَ حَالَهُمْ وَمَآلَهُمْ، أَعْرِضْ فعل امر أَنْتَ مستتر فاعل عَنْهُمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ انْتَظِرْ فعل امر أَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ إِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم مُنْتَظِرُونَ خبر، إِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ یٰٓاَیُّھَا النَّبِیُّ اتَّقِ اللّٰہَ وَلَا تُطِعِ الْکٰفِرِیْنَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ ط اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلِیْمًا حَکِیْمًا ۱ وَّاتَّبِعْ مَا یُوْحٰٓی اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ ط اِنَّ اللّٰہَ کَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا ۲ وَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ ط وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَکِیْلًا ۳

آیت نمبر ۱، ۲، ۳: یٰٓاَیُّھَا النَّبِیُّ یہ نداء ہے اِتَّقِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَللّٰہَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تُطِعْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل اَلْکَافِرِیْنَ وَالْمُنَافِقِیْنَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِتَّبِعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مَا اسم موصول یُوْحٰی فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل اِلَیْکَ متعلق سے مل کر صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مِنْ رَّبِّکَ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ تَوَکَّلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلَی اللّٰہِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اسم عَلِیْمًا حَکِیْمًا اس کی دو خبر، فعل ناقص با اسم و خبرین اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم بَاء جارہ مَا اسم موصول تَعْمَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم خَبِیْرًا صیغہ صفت با ھُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔ واؤ استینافیہ کَفٰی فعل بَاء جارہ زائدہ اَللّٰہِ مرفوع محلًا فاعل وَکِیْلًا تمیز، فعل با فاعل و تمیز جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَا جَعَلَ اللّٰہُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَیْنِ فِیْ جَوْفِہٖ ج وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَکُمُ الّٰٓئِیْ تُظٰھِرُوْنَ مِنْھُنَّ اُمَّھٰتِکُمْ ج وَمَا جَعَلَ اَدْعِیَآءَکُمْ اَبْنَآءَکُمْ ط ذٰلِکُمْ قَوْلُکُمْ بِاَفْوَاھِکُمْ ط وَاللّٰہُ یَقُوْلُ الْحَقَّ وَھُوَ یَھْدِی السَّبِیْلَ ۴

آیت نمبر ۴: مَا نافیہ جَعَلَ فعل اَللّٰہُ فاعل لِرَجُلٍ جار با مجرور متعلق ہوئے مِنْ جارہ زائدہ قَلْبَیْنِ موصوف فِیْ جَوْفِہٖ کَائِنَیْنِ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَزْوَاجَکُمْ مرکب اضافی موصوف اَلّٰئِیْ اسم موصول تَظَاھِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْھُنَّ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف با صفت مفعول بہ اوّل اُمَّھَاتِکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا نافیہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَدْعِیَآءَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل اَبْنَآءَکُمْ مرکب

اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔ ذٰلِكُمْ اسم اشارہ مبتدا، قَوْلُكُمْ مرکب اضافی ذوالحال بِاَ جارہ اَفْوَاهِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، يَقُوْلُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْحَقَّ بواسطہ موصوف محذوف اَلْقَوْلَ کے مفعول مطلق، فعل با فاعل ومفعول مطلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، يَهْدِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلسَّبِيْلَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ۭ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ ۙ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

آیت نمبر ۵: اُدْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ لِاٰبَآئِهِمْ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ هُوَ ضمیر مبتدا، اَقْسَطُ اسم تفضیل هُوَ مستتر ذوالحال عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، اسم تفضیل با فاعل خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ فاء استینافیہ اِنْ شرطیہ لَمْ تَعْلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اٰبَآءَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اِخْوَانُكُمْ مرکب اضافی ذوالحال فِي الدِّيْنِ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَوَالِيْكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر ہے مبتدا محذوف هُمْ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَيْسَ فعل ناقص عَلَيْكُمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم جُنَاحٌ موصوف فِيْ جارہ مَا موصولہ اَخْطَاْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت لَيْسَ کا اسم مؤخر، لَيْسَ با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہمل مَا اسم موصول تَعَمَّدَتْ فعل قُلُوْبُكُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، اور خبر محذوف ہے تُؤَاخَذُوْنَ بِهٖ مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كَانَ فعل ناقص اَللّٰهُ اس کا اسم غَفُوْرًا رَّحِيْمًا دو خبر، فعل ناقص با اسم وخبرین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ ۭ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ اِلَّآ اَنْ تَفْعَلُوْٓا اِلٰٓى اَوْلِيٰۗىِٕكُمْ مَّعْرُوْفًا ۭ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝

آیت نمبر ۶: اَلنَّبِيُّ مبتدا، اَوْلٰى اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بِالْمُؤْمِنِيْنَ جار با مجرور متعلق اول مِنْ اَنْفُسِهِمْ جار با مجرور متعلق ثانی، اسم تفضیل با فاعل ومتعلقین شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَزْوَاجُهٗ مرکب اضافی مبتدا، اُمَّهٰتُهُمْ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اُولُوا الْاَرْحَامِ مبتدا اول، بَعْضُهُمْ مرکب اضافی مبتدا ثانی، اَوْلٰى اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بِبَعْضٍ جار با مجرور متعلق اول، فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ثانی، مِنْ جارہ اَلْمُؤْمِنِيْنَ و

الْمُهٰجِرِیْنَ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ثالث، اسم تفضیل با فاعل و متعلقات ثلاثہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ اِلَّا حرف استثناء اَنْ ناصبہ تَفْعَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰی اَوْلِیٰٓئِكُمْ متعلق مَعْرُوْفًا مفعول بہ سے مل کر مستثنیٰ منقطع ہوا۔ کَانَ فعل ناقص ذٰلِكَ اس کا اسم مَسْطُوْرًا اسم مفعول ھُوَ مستتر نائب فاعل، فِی الْكِتٰبِ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَ اِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِیّٖنَ مِیْثَاقَهُمْ وَ مِنْكَ وَ مِنْ نُّوْحٍ وَّ اِبْرٰهِیْمَ وَ مُوْسٰى وَ عِیْسَى ابْنِ مَرْیَمَ ۪ وَ اَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّیْثَاقًا غَلِیْظًا ۟

آیت نمبر ۷: واؤ استینافیہ اِذْ مضاف اَخَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنَ النَّبِیّٖنَ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْكَ جار با مجرور معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مِنْ جارہ نُوْحٍ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِبْرَاهِیْمَ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مُوْسٰى معطوف ثانی، واؤ عاطفہ عِیْسٰى مبدل منہ، اِبْنِ مَرْیَمَ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ با بدل معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ مجرور، جار با مجرور معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اَخَذْنَا کے متعلق ہوئے مِیْثَاقَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَخَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْهُمْ متعلق مِیْثَاقًا غَلِیْظًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ ہوا فعل محذوف اُذْكُرْ کا، اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

لِّیَسْـَٔلَ الصّٰدِقِیْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَ اَعَدَّ لِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابًا اَلِیْمًا ۟

آیت نمبر ۸: لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَسْـَٔلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلصَّادِقِیْنَ مفعول بہ عَنْ صِدْقِهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوا فعل محذوف فَعَلْنَا کا، فَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَعَدَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل لِلْكَافِرِیْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے عَذَابًا اَلِیْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

رکوع نمبر ۲

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَیْهِمْ رِیْحًا وَّ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرًا ۟

آیت نمبر ۹: یَا حرف نداء قائم مقام اَدْعُوْ کے، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل اَیُّ موصوف ھَا برائے تنبیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف با صفت محلاً منصوب مفعول بہ برائے اَدْعُوْ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء، اُذْكُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نِعْمَةَ اللّٰهِ مرکب اضافی ذوالحال عَلَیْكُمْ جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ اِذْ مضاف جَآءَتْ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ جُنُوْدٌ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف

علیہ، فاء عاطفہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَیْھِمْ جار با مجرور متعلق رِیْحًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جُنُوْدًا موصوف لَمْ تَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ اُذْکُرُوْا کا مفعول فیہ، فعل امر بافاعل ومفعول بہ ومفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر جواب ندا، ندا باجواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ کَانَ فعل ناقص اَللّٰہُ اس کا اسم بَا جارہ مَا اسم موصول تَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے بَصِیْرًا کے، بَصِیْرًا صیغہ صفت ھُوَ ضمیر فاعل، صیغہ صفت بافاعل ومتعلق خبر، کَانَ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِذْ جَآءُوْکُمْ مِّنْ فَوْقِکُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْکُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰہِ الظُّنُوْنَا ﴿۱۰﴾

آیت نمبر ۱۰: اِذْ مضاف جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ فَوْقِکُمْ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ جارہ اَسْفَلَ اسم تفضیل ھُوَ ضمیر فاعل مِنْکُمْ جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِذْ مضاف زَاغَتْ فعل اَلْاَبْصَارُ فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَلَغَتْ فعل اَلْقُلُوْبُ فاعل اَلْحَنَاجِرَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ تَظُنُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰہِ جار با مجرور متعلق اَلظُّنُوْنَا مفعول مطلق، فعل بافاعل و متعلق ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بدل ہے اِذْ جَآءَتْکُمْ سے۔

ھُنَالِکَ ابْتُلِیَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِیْدًا ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱: ھُنَالِکَ اسم اشارہ محلاً منصوب مفعول فیہ مقدم اُبْتُلِیَ فعل مجہول اَلْمُؤْمِنُوْنَ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ زُلْزِلُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل زِلْزَالًا شَدِیْدًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَاِذْ یَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِھِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗٓ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: واؤ عاطفہ اِذْ مضاف یَقُوْلُ فعل اَلْمُنٰفِقُوْنَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول فِیْ قُلُوْبِھِمْ ظرف مستقر ثَبَتَ کے متعلق ہوئے، مَرَضٌ فاعل، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل بافاعل قول، مَا نافیہ وَعَدَ فعل نَا ضمیر مفعول بہ اَللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ معطوف علیہ با معطوف فاعل، اِلَّا حرف استثناء غُرُوْرًا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ مقولہ، قول با مقولہ اِذْ کا مضاف الیہ ہے۔

23

وَ اِذْ قَالَتْ طَّآىِٕفَةٌ مِّنْهُمْ یٰۤاَهْلَ یَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ وَ یَسْتَاْذِنُ فَرِیْقٌ مِّنْهُمُ النَّبِیَّ یَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُیُوْتَنَا عَوْرَةٌ ۛؕ وَ مَا هِیَ بِعَوْرَةٍ ۚۛ اِنْ یُّرِیْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ۞

آیت نمبر ۱۳: واؤ عاطفہ اِذْ مضاف قَالَتْ فعل طَآىِٕفَةٌ موصوف مِّنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل قول، یَا حرف ندا اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل اَهْلَ یَثْرِبَ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر ندا ہوا، لَا نفی جنس مُقَامَ اس کا اسم لَكُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا نفی جنس بااسم وخبر جواب ندا، ندا باجواب ندا مقولہ، قول بامقولہ اِذْ کا مضاف الیہ ہے۔ فَاء تفریعیہ اِرْجِعُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

واؤ استینافیہ یَسْتَاْذِنُ فعل فَرِیْقٌ موصوف مِّنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل اَلنَّبِیَّ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ یَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّ حرف تحقیق بُیُوْتَنَا مرکب اضافی اسم، عَوْرَةٌ خبر، اِنَّ با اسم وخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا مشابہ "بہ لَیْسَ" هِیَ ضمیر اس کا اسم بَاء زائدہ عَوْرَةٍ محلًا منصوب خبر، مَا با اسم وخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ فَرِیْقٌ سے حال ہے۔ اِنْ نافیہ یُرِیْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء فِرَارًا مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

وَ لَوْ دُخِلَتْ عَلَیْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ سُىِٕلُوا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَ مَا تَلَبَّثُوْا بِهَاۤ اِلَّا یَسِیْرًا ۞

آیت نمبر ۱۴: واؤ عاطفہ لَوْ شرطیہ دُخِلَتْ فعل مجہول هِیَ مستتر ذوالحال مِنْ اَقْطَارِهَا ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال نائب فاعل عَلَیْهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ سُىِٕلُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اَلْفِتْنَةَ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، لَام جوابیہ اٰتَوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ تَلَبَّثُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهَا جار بامجرور متعلق ہوئے، اِلَّا حرف استثناء یَسِیْرًا" تَلَبُّثًا موصوف محذوف کے واسطہ سے مفعول مطلق، یا بواسطہ موصوف محذوف زَمَانًا کے مفعول فیہ ہے، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ لَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا یُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ؕ وَ كَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْـُٔوْلًا ۞

آیت نمبر ۱۵: واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم قَدْ علامت فعل کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم عَاهَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ مِنْ قَبْلُ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قسم، لَا یُوَلُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْاَدْبَارَ مفعول بہ ثانی، اور مفعول اول محذوف ہے اَلْعَدُوَّ، فعل بافاعل ومفعولین جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ کَانَ فعل ناقص عَهْدُ اللّٰهِ مرکب اضافی اس کا اسم مَسْـُٔوْلًا خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ لَّنْ یَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَ اِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِیْلًا ۞

آیت نمبر ۱۶: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، لَنْ یَّنْفَعَ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اَلْفِرَارُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ فَرَرْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل مِنْ جارہ اَلْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِذًا کلمہ جواب و جزاء مہمل لَا تُمَتَّعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلَّا حرف استثناء قَلِیْلًا بواسطہ موصوف محذوف زَمَانًا کے مفعول فیہ، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَعْصِمُکُمْ مِّنَ اللّٰہِ اِنْ اَرَادَ بِکُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِکُمْ رَحْمَۃً ؕ وَ لَا یَجِدُوْنَ لَہُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ وَلِیًّا وَّ لَا نَصِیْرًا ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، مَنْ استفہامیہ مبدل منہ ذَا بدل، مبدل منہ با بدل مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول یَعْصِمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ اللّٰہِ متعلق سے مل کر صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ جزاء مقدم، اِنْ شرطیہ اَرَادَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِکُمْ متعلق سُوْٓءًا مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَرَادَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِکُمْ متعلق رَحْمَۃً مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط مؤخر، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لَا یَجِدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لَہُمْ جار با مجرور مفعول بہ ثانی کی جگہ میں ہے مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ زائدہ وَلِیًّا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ نَصِیْرًا معطوف، معطوف علیہ با معطوف ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ اوّل، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَدْ یَعْلَمُ اللّٰہُ الْمُعَوِّقِیْنَ مِنْکُمْ وَ الْقَآئِلِیْنَ لِاِخْوَانِہِمْ ہَلُمَّ اِلَیْنَا ۚ وَ لَا یَاْتُوْنَ الْبَاْسَ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۱۸﴾ اَشِحَّۃً عَلَیْکُمْ ۚۖ فَاِذَا جَآءَ الْخَوْفُ رَاَیْتَہُمْ یَنْظُرُوْنَ اِلَیْکَ تَدُوْرُ اَعْیُنُہُمْ کَالَّذِیْ یُغْشٰی عَلَیْہِ مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَہَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْکُمْ بِاَلْسِنَۃٍ حِدَادٍ اَشِحَّۃً عَلَی الْخَیْرِ ؕ اُولٰٓئِکَ لَمْ یُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰہُ اَعْمَالَہُمْ ؕ وَ کَانَ ذٰلِکَ عَلَی اللّٰہِ یَسِیْرًا ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۸، ۱۹: قَدْ حرف تحقیق یَعْلَمُ فعل اَللّٰہُ فاعل اَلْ اسم موصول مُعَوِّقِیْنَ ذوالحال مِنْکُمْ "کَائِنِیْنَ" کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْقَآئِلِیْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل لِاِخْوَانِہِمْ متعلق سے مل کر قول، ہَلُمَّ اسم فعل اَنْتُمْ ضمیر فاعل اِلَیْنَا متعلق سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف ذوالحال واؤ حالیہ لَا یَاْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال اَشِحَّۃً صیغہ صفت ھُمْ مستتر فاعل عَلَیْکُمْ متعلق سے مل کر حال، ذوالحال با حال فاعل اَلْبَاْسَ مفعول بہ، اِلَّا حرف استثناء قَلِیْلًا بواسطہ موصوف محذوف اِتْیَانًا کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعولین حال، ذوالحال با حال یَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ

فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل اَلْخَوْفُ فاعل سے مل کر شرط، رَاَیْتَ فعل تاء مفتوحہ فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل یَنْظُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال تَدُوْرُ فعل اَعْیُنُھُمْ مرکب اضافی فاعل کاف جارہ اَلَّذِیْ اسم موصول یُغْشٰی فعل مجہول عَلَیْہِ جار با مجرور نائب فاعل مِنَ الْمَوْتِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کَآئِنًا کے متعلق ہو کر دَوَرَانًا موصوف محذوف کے واسطہ سے مفعول مطلق، فعل یا فاعل و مفعول مطلق حال، ذوالحال باحال فاعل اِلَیْکَ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم ذَھَبَ فعل اَلْخَوْفُ فاعل سے مل کر شرط، سَلَقُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال اَشِحَّۃً صیغہ صفت باھُمْ مستتر فاعل عَلَی الْخَیْرِ متعلق سے مل کر حال، ذوالحال باحال فاعل بَاء جارہ اَلْسِنَۃٍ حِدَادٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، لَمْ یُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَحْبَطَ فعل اَللّٰہُ فاعل اَعْمَالَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ کَانَ ناقصہ ذٰلِکَ اس کا اسم یَسِیْرًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل عَلَی اللّٰہِ متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

یَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ لَمْ یَذْھَبُوْا ۚ وَاِنْ یَّاْتِ الْاَحْزَابُ یَوَدُّوْا لَوْ اَنَّھُمْ بَادُوْنَ فِی الْاَعْرَابِ یَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَآئِکُمْ ۭ وَلَوْ کَانُوْا فِیْکُمْ مَّا قٰتَلُوْٓا اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: یَحْسَبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْاَحْزَابَ مفعول بہ اوّل لَمْ یَذْھَبُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل سے مل کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ یَاْتِ فعل اَلْاَحْزَابُ فاعل سے مل کر شرط، یَوَدُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَوْ شرطیہ اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اس کا اسم بَادُوْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر ذوالحال فِی الْاَعْرَابِ "کَآئِنِیْنَ" کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال خبر اوّل، یَسْئَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ اَنْۢبَآئِکُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر دوم، اَنَّ بااسم و خبرین بتاویل مصدر فعل محذوف ثَبَتَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے لَکَانَ خَیْرًا (مظہری) شرط باجزاء محلًا منصوب یَوَدُّوْا کا مفعول بہ، تینوں مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَوْ شرطیہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم فِیْکُمْ کَآئِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، مَا نافیہ قٰتَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء قَلِیْلًا بواسطہ موصوف محذوف زَمَانًا کے مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ لِّمَنْ کَانَ یَرْجُوا اللّٰہَ وَ الْیَوْمَ الْاٰخِرَ وَ ذَکَرَ اللّٰہَ کَثِیْرًا ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل کَانَ فعل ناقص لَکُمْ جار با مجرور مبدل منہ لَام جارہ مَنْ اسم موصول کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم یَرْجُوْ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَللّٰہَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْیَوْمَ الْاٰخِرَ مرکب توصیفی معطوف،

معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ذَكَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ، كَثِيْرًا بواسطہ موصوف محذوف ذِكْرًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور بدل، مبدل منہ بابدل كَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ مرکب توصیفی ذوالحال موخر، ذوالحال باحال اسم موخر، فعل ناقص با اسم و خبر جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

وَ لَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ ۙ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ وَ صَدَقَ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ ۫ وَ مَا زَادَهُمْ اِلَّاۤ اِيْمَانًا وَّ تَسْلِيْمًا ؕ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: واؤ عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم، رَاٰی فعل اَلْمُؤْمِنُوْنَ فاعل اَلْاَحْزَابَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، مَا اسم موصول وَعَدَ فعل نَا ضمیر مفعول بہ مقدم اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ صَدَقَ فعل اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا نافیہ زَادَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، اِلَّا حرف استثناء اِيْمَانًا وَّ تَسْلِيْمًا معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول باصلہ هٰذَا کی خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَ مِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۖ وَ مَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ۙ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم رِجَالٌ موصوف صَدَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول عَاهَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ عَلَيْهِ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صَدَقُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء تفریعیہ مِنْهُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول قَضٰى فعل هُوَ مستتر فاعل نَحْبَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْهُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَنْ اسم موصول يَنْتَظِرُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا نافیہ بَدَّلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل تَبْدِيْلًا مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

لِّيَجْزِيَ اللّٰهُ الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَ يُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۚ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: لام جارہ تعلیلیہ يَجْزِيَ فعل اَللّٰهُ فاعل اَلصَّادِقِيْنَ مفعول بہ بِصِدْقِهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ

معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُعَذِّبَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْمُنٰفِقِیْنَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ یَتُوْبَ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَیْھِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ شَآءَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوا فعل محذوف وَقَعَ جَمِیْعُ مَا وَقَعَ کا، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم کَانَ فعل ناقص غَفُوْرًا رَّحِیْمًا اس کی دو خبر، فعل ناقص با اسم و خبرین جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا ؕ وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: واؤ استینافیہ رَدَّ فعل اَللّٰہُ فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال باء جارہ غَیْظِھِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال اول، لَمْ یَنَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل خَیْرًا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال ثانی، ذوالحال با حالین فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ رَدَّ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ کَفٰی فعل اَللّٰہُ فاعل اَلْمُؤْمِنِیْنَ مفعول بہ اول، اَلْقِتَالَ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ کَانَ فعل ناقص اَللّٰہُ اس کا اسم قَوِیًّا عَزِیْزًا اس کی دو خبر، فعل ناقص با اسم و خبرین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ صَيَاصِيْهِمْ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: واؤ عاطفہ اَنْزَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول ظَاھَرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ صَیَاصِیْھِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَذَفَ فعل ھُوَ مستتر فاعل فِیْ قُلُوْبِھِمْ جار با مجرور متعلق اَلرُّعْبَ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ تَقْتُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فَرِیْقًا مفعول بہ مقدم سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَاْسِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فَرِیْقًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف قُلُوْبِھِمْ کی ضمیر سے حال ہے

وَاَوْرَثَكُمْ اَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا لَّمْ تَطَـُٔوْهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: واؤ عاطفہ اَوْرَثَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اول اَرْضَھُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ دِیَارَھُمْ مرکب اضافی معطوف اول، واؤ عاطفہ اَمْوَالَھُمْ مرکب اضافی معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَرْضًا موصوف لَمْ تَطَؤُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر صفت، موصوف باصفت معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل

ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ اَنْزَلَ پر معطوف ہے۔واؤ استینافیہ کَانَ فعل ناقص اَللّٰہُ اس کا اسم قَدِیْرًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَ زِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَ اُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: یَا حرف ندا اُدْعُوْ کے قائم مقام، اَیُّ موصوف ھَا برائے تنبیہ اَلنَّبِیُّ صفت، موصوف باصفت محلًا منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ نداء، قُلْ فعل امر بااَنْتَ مستتر فاعل لِاَزْوَاجِكَ متعلق سے مل کر قول، اِنْ شرطیہ كُنْتُنَّ فعل ناقص مع اسم، تُرِدْنَ فعل نون مفتوحہ فاعل اَلْحَیٰوةَ الدُّنْیَا مرکب توصیفی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ زِیْنَتَھَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ تَعَالَیْنَ فعل امر بانون مفتوحہ فاعل جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول بامقولہ جواب نداء، ندا، باجواب نداء جملہ انشائیہ ہوا۔ اُمَتِّعْ فعل مضارع مجزوم اَنَا مستتر فاعل كُنَّ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُسَرِّحْ فعل اَنَا مستتر فاعل كُنَّ ضمیر مفعول بہ سَرَاحًا جَمِیْلًا مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ تَتَعَالَیْنَ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ كُنْتُنَّ فعل ناقص نون مفتوحہ اس کا اسم تُرِدْنَ فعل نون مفتوحہ اس کا فاعل اَللّٰہَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَسُوْلَهٗ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَلدَّارَ الْاٰخِرَةَ مرکب توصیفی معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم اَعَدَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَام جارہ الف لَام اسم موصول مُحْسِنَات اسم فاعل ھُنَّ ضمیر مستتر ذوالحال مِنْكُنَّ ظرف مستقر كَائِنَات کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، اسم فاعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق اَجْرًا عَظِیْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنْ يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ؕ وَ كَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: یَا حرف ندا اُدْعُوْ کے قائم مقام، اُدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل نِسَآءَ النَّبِیِّ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ نداء، مَنْ اسم شرط مبتدا، یَاْتِ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال مِنْكُنَّ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال

فاعل، بَاء جارہ فَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، يُضَاعَفْ فعل مجہول لَهَا متعلق اَلْعَذَابُ نائب فاعل ضِعْفَيْنِ مفعول مطلق سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَاۤ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ ۙ وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، يَقْنُتْ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مِنْكُنَّ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل لَام جارہ اَللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَعْمَلْ فعل هِيَ مستتر فاعل صَالِحًا مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، نُؤْتِ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ اول، اَجْرَهَا مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، مَرَّتَيْنِ مفعول مطلق عددی سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَعْتَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَهَا متعلق رِزْقًا كَرِيْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: يَاء حرف ندا اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل نِسَآءَ النَّبِيِّ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نداء، لَسْتُنَّ فعل ناقص نون مفتوحہ اس کا اسم، کاف جارہ اَحَدٍ موصوف مِنَ النِّسَآءِ كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور كَائِنَاتٍ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ اِنْ شرطیہ اِتَّقَيْتُنَّ فعل نون مفتوحہ فاعل سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ لَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ کی تقدیر عبارت ہو گی لَا يَكُنْ مِنْكُنَّ خَضْعُ الْقَوْلِ فَطَمَعُ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ (اگر یہ تقدیر عبارت نہ نکالیں تو خبر کا عطف انشاء پر لازم آئے گا) لَا يَكُنْ فعل ناقص مِنْكُنَّ كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم، خَضْعُ الْقَوْلِ مرکب اضافی معطوف علیہ، فَاء عاطفہ طَمَعُ مضاف اَلَّذِيْ اسم موصول فِيْ قَلْبِهٖ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَرَضٌ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اسم مؤخر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قُلْنَ فعل امر نون مفتوحہ فاعل قَوْلًا مَّعْرُوْفًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ

وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: واؤعاطفہ قَرْنَ فعل امر نون مفتوحہ فاعل فِیْ بُيُوْتِكُنَّ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤعاطفہ لَاتَبَرَّجْنَ فعل نہی نون مفتوحہ فاعل تَبَرُّجَ مضاف اَلْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعول مطلق معطوف اوّل، واؤعاطفہ اَقِمْنَ فعل نون مفتوحہ فاعل اَلصَّلٰوةَ مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، واؤعاطفہ اٰتِيْنَ فعل امر نون مفتوحہ فاعل اَلزَّكٰوةَ مفعول بہ سے مل کر معطوف ثالث، واؤعاطفہ اَطِعْنَ فعل امر نون مفتوحہ فاعل اَللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ يُرِيْدُ فعل اَللّٰهُ فاعل لَام جارہ تعلیلیہ يُذْهِبَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْكُمْ متعلق اَلرِّجْسَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤعاطفہ يُطَهِّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ تَطْهِيْرًا مفعول مطلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: واؤعاطفہ اُذْكُرْنَ فعل امر نون مفتوحہ فاعل مَا اسم موصول يُتْلٰى فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل فِیْ بُيُوْتِكُنَّ جار بامجرور متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ جارہ اٰيَاتِ اللّٰهِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤعاطفہ اَلْحِكْمَةِ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اُذْكُرْنَ کا مفعول بہ، فعل امر بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم لَطِيْفًا خَبِيْرًا دو خبر، اِنَّ بااسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَ الْمُسْلِمٰتِ وَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ وَ الْقٰنِتِيْنَ وَ الْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيْنَ وَ الصّٰدِقٰتِ وَ الصّٰبِرِيْنَ وَ الصّٰبِرٰتِ وَ الْخٰشِعِيْنَ وَ الْخٰشِعٰتِ وَ الْمُتَصَدِّقِيْنَ وَ الْمُتَصَدِّقٰتِ وَ الصَّآئِمِيْنَ وَ الصّٰٓئِمٰتِ وَ الْحٰفِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ وَ الْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ ۙ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: اِنَّ حرف تحقیق اَلْمُسْلِمِيْنَ معطوف علیہ، واؤعاطفہ اَلْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِيْنَ وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ پندرہ معطوفات ہیں، واؤعاطفہ الف لام اسم موصول حَافِظِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل فُرُوْجَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول موصول باصلہ سولہواں معطوف، یوں بھی کہہ سکتے ہیں اَلْحٰفِظِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل فُرُوْجَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر سولہواں معطوف، واؤعاطفہ اَلْحٰفِظٰتِ سترھواں معطوف، واؤعاطفہ اَلذّٰكِرِيْنَ اسم

فعل ھُمْ مستترفاعل اَللّٰہَ مفعول بہ، کَثِیْرًا بواسطہ موصوف محذوف ذِکْرًا کے مفعول مطلق،اسم فاعل بافاعل ومفعولین اٹھارھواں معطوف،واؤعاطفہ اَلذّٰکِرٰتِ انیسواں معطوف اَلْمُسْلِمِیْنَ معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے مل کراِنَّ کااسم،اَعَدَّ فعل اَللّٰہُ فاعل لَھُمْ جار بامجرور متعلق،مَغْفِرَۃً معطوف علیہ،واؤعاطفہ اَجْرًا عَظِیْمًا مرکب توصیفی معطوف،معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ،فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبراِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۶: واؤاستینافیہ مَا نافیہ کَانَ ناقصہ لِ امر جارہ مُؤْمِنٍ معطوف علیہ،واؤعاطفہ لَا زائدہ،مُؤْمِنَۃٍ معطوف،معطوف علیہ بامعطوف مجرور،جار بامجرور ظرف مستقر حَاصِلٌ کے متعلق ہوئے،حَاصِلٌ اسم فاعل ھُوَ مستترفاعل اِذَا مضاف قَضٰی فعل اَللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ معطوف علیہ بامعطوف فاعل اَمْرًا مفعول بہ سے مل کر مضاف الیہ،مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا حَاصِلٌ کا،اسم فاعل بافاعل ومفعول فیہ شبہ جملہ ہوکر خبر مقدم،اَنْ ناصبہ یَکُوْنَ فعل ناقص لَھُمْ کَائِنَۃً کے متعلق ہوکر یَکُوْنَ کی خبر مقدم،اَلْخِیَرَۃُ ذوالحال مِنْ اَمْرِھِمْ کَائِنَۃً کے متعلق ہوکر حال،ذوالحال باحال یَکُوْنَ کااسم موخر،فعل ناقص بااسم وخبر بتاویل مصدر کَانَ کااسم موخر،فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْۤ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْۤ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: واؤاستینافیہ اِذْ مضاف تَقُوْلُ فعل اَنْتَ فاعل لِ امر جارہ اَلَّذِیْ اسم موصول اَنْعَمَ فعل اَللّٰہُ فاعل عَلَیْہِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ،واؤعاطفہ اَنْعَمْتَ فعل تاء مفتوحہ فاعل عَلَیْہِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف،معطوف علیہ بامعطوف صلہ،موصول باصلہ مجرور،جار بامجرور تَقُوْلُ کے متعلق،فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر قول،اَمْسِکْ فعل امر اَنْتَ مستترفاعل عَلَیْکَ متعلق زَوْجَکَ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ،واؤعاطفہ اِتَّقِ فعل امر اَنْتَ مستترفاعل اَللّٰہَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف،معطوف علیہ بامعطوف مقولہ،قول بامقولہ معطوف علیہ،واؤعاطفہ تُخْفِیْ فعل اَنْتَ مستتر ذوالحال،واؤحالیہ تَخْشٰی فعل اَنْتَ مستترفاعل اَلنَّاسَ ذوالحال،واؤحالیہ اَللّٰہُ مبتدا،اَحَقُّ اسم تفضیل ھُوَ مستترفاعل اَنْ ناصبہ تَخْشٰی فعل اَنْتَ مستترفاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض (کیونکہ بِاَنْ...الخ ہے) اَحَقُّ کے متعلق،اسم تفضیل بافاعل و متعلق خبر،مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال،ذوالحال باحال تَخْشٰی کامفعول بہ،فعل بافاعل ومفعول بہ حال،ذوالحال باحال تُخْفِیْ کافاعل فِیْ نَفْسِکَ جار بامجرور متعلق،مَا اسم موصول اَللّٰہُ مبتدا،مُبْدِیْہِ مرکب اضافی خبر،مبتدا باخبر صلہ،موصول باصلہ مفعول بہ،تُخْفِیْ

فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ ہوا فعل محذوف اذکر کا۔ استنافیہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم قَضٰی فعل زَیْدٌ فاعل مِنْهَا متعلق وَطَرًا مفعول بہ سے مل کر شرط، زَوَّجْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اول، هَا ضمیر مفعول بہ ثانی، لَام جارہ تعلیلیہ کَیْ حرف مصدری ناصبہ (یہ کَیْ تعلیل کے لئے نہیں ہے کیونکہ اگر یہ برائے تعلیل ہوتا تو اس پر دوسرا حرف تعلیل لَام جارہ داخل نہ ہوتا) لَا یَکُوْنَ فعل ناقص عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم، حَرَجٌ موصوف فِیْ جارہ اَزْوَاجِ اَدْعِیَآئِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت اولی، اِذَا مضاف قَضَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهُنَّ متعلق وَطَرًا مفعول بہ سے مل کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ کَائِنٌ کا مفعول فیہ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین اسم مؤخر، فعل ناقص بااسم و خبر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور زَوَّجْنَا کے متعلق، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ کَانَ فعل ناقص اَمْرُ اللّٰهِ مرکب اضافی اسم مَفْعُوْلًا خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ؕ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرًا ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: مَا نافیہ کَانَ فعل ناقص عَلَی النَّبِیِّ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ حَرَجٍ موصوف فِیْ جارہ مَا اسم موصول فَرَضَ فعل اَللّٰهُ فاعل لَهٗ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت محلاً مرفوع اسم مؤخر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ سُنَّةَ اللّٰهِ مرکب اضافی ذوالحال فِیْ حرف جر اَلَّذِیْنَ اسم موصول خَلَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ قَبْلُ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال منصوب عَلَی الْاِغْرَاءِ مفعول بہ ہے فعل محذوف اِلْتَزِمُوْا کا یا مفعول مطلق ہے فعل محذوف سَنَّ کا، واؤ اعتراضیہ کَانَ فعل ناقص اَمْرُ اللّٰهِ مرکب اضافی اس کا اسم قَدَرًا مَّقْدُوْرًا مرکب توصیفی خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُبَلِّغُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل رِسٰلٰتِ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَخْشَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف اول، واؤ عاطفہ لَا یَخْشَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَحَدًا مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء اَللّٰهَ مستثنیٰ، پھر یہ مفعول بہ ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول باصلہ خبر ہے مبتدا محذوف هُمْ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا یا موصول باصلہ اَلَّذِیْنَ خَلَوْا کا بدل ہے۔ واؤ عاطفہ کَفٰی فعل بَاء جارہ زائدہ لفظ اَللّٰهُ محلاً مرفوع ذوالحال حَسِیْبًا حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَ خَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝

آیت نمبر ۴۰: مَا نافیہ کَانَ فعل ناقص مُحَمَّدٌ اس کا اسم اَبَآ اَحَدٍ مرکب اضافی موصوف مِنْ رِّجَالِكُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہملہ رَسُوْلَ اللّٰهِ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ خَاتَمَ النَّبِيّٖنَ مرکب اضافی معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین کَانَ کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ کَانَ فعل ناقص اَللّٰهُ اس کا اسم عَلِيْمًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بِكُلِّ شَيْءٍ متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۶ ❁

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ۝ وَّ سَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا ۝

آیت نمبر ۴۱، ۴۲: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب بہت زیادہ مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے اُذْكُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ ذِكْرًا كَثِيْرًا مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَبِّحُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا معطوف علیہ با معطوف مفعول فیہ سے، مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ہوا۔

هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَ مَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَ كَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ۝

آیت نمبر ۴۳: ھُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِيْ اسم موصول يُصَلِّيْ فعل ھُوَ مستتر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَلٰٓئِكَتُهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل عَلَيْكُمْ جار با مجرور متعلق اوّل، لام جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يُخْرِجَ فعل ھُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ الظُّلُمٰتِ متعلق اوّل، اِلَى النُّوْرِ متعلق ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور يُصَلِّيْ کے متعلق ثانی، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ کَانَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر اس کا اسم رَحِيْمًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بِالْمُؤْمِنِيْنَ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۚۖ وَ اَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ۝

آیت نمبر ۴۴: تَحِيَّةُ مصدر مضاف ھُمْ ضمیر مضاف الیہ ذوالحال يَوْمَ مضاف يَلْقَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ کَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ معنًی مفعول بہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا، سَلٰمٌ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَعَدَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَهُمْ متعلق اَجْرًا كَرِيْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا ﴿۴۵﴾ وَّ دَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶،۴۵: یَاء حرف ندا اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل اَیُّ موصوف هَا برائے تنبیہ اَلنَّبِیُّ صفت، موصوف باصفت محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول جملہ فعلیہ انشائیہ نداء، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کاف ضمیر ذوالحال شَاهِدًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مُبَشِّرًا معطوف اوّل، واؤ عاطفہ نَذِیْرًا معطوف ثانی، واؤ عاطفہ دَاعِیًا اسم فعل هُوَ مستتر فاعل اِلَی اللّٰهِ متعلق اوّل، بِاِذْنِهٖ متعلق ثانی سے مل کر معطوف ثالث، واؤ عاطفہ سِرَاجًا مُّنِیْرًا مرکب توصیفی معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ﴿۴۷﴾ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۸،۴۷: واؤ عاطفہ بَشِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَلْمُؤْمِنِیْنَ مفعول بہ بَاء جارہ اَنَّ حرف تحقیق لَهُمْ ثَابِتٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مِنَ اللّٰهِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم فَضْلًا کَبِیْرًا مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال اسم مؤخر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَاتُطِعْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل اَلْکَافِرِیْنَ وَالْمُنَافِقِیْنَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ دَعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَذَاهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ تَوَکَّلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلَی اللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ بواسطہ عطف کے یٰاَیُّهَا النَّبِیُّ کا جواب نداء۔

سوال: بَشِّرْ فعل امر ہے تو اس کا عطف اِنَّا اَرْسَلْنَا پر کیسے ہوگا کیونکہ یہ عطف الانشاء علی الخبر ہے؟

جواب: یہ عطف القصہ علی القصہ کے قبیل سے ہے مزید دو (۲) جواب روح المعانی میں دیکھو۔

واؤ استینافیہ کَفٰی فعل بَاء جارہ زائدہ اَللّٰهُ ذوالحال وَکِیْلًا حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹: یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب بہت زیادہ مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم نَکَحْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَلْمُؤْمِنَاتِ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ طَلَّقْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل هُنَّ ضمیر مفعول بہ مِنْ جارہ قَبْلِ مضاف اَنْ ناصبہ تَمَسُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُنَّ ضمیر مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، فَاء جزائیہ مَا نافیہ لَکُمْ جار با مجرور

کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَلَیْهِنَّ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ زائدہ عِدَّةٍ موصوف تَعْتَدُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر صفت، موصوف باصفت محلًا مرفوع ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر جواب ندا، ندا باجواب ندا جملہ انشائیہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ لَّمْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ مَهْرًا، مَتِّعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُنَّ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَرِّحُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُنَّ ضمیر مفعول بہ سَرَاحًا جَمِیْلًا مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، اور اس کی شرط محذوف ہے اور وہ احناف کے قول کے مطابق یہ ہے اِنْ طَلَّقْتُمْ اَزْوَاجَكُمْ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَلَمْ تُسَمُّوْا لَهُنَّ صَدَاقًا (فقیر) شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْۤ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَ مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّاۤ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَ بَنٰتِ عَمِّكَ وَ بَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَ بَنٰتِ خَالِكَ وَ بَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ هَاجَرْنَ مَعَكَ وَ امْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْۤ اَزْوَاجِهِمْ وَ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

آیت نمبر ۵۰: يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اس کی ترکیب بہت زیادہ مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَحْلَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَكَ جار بامجرور متعلق اَزْوَاجَكَ مرکب اضافی موصوف الّٰتِيْ اسم موصول اٰتَيْتَ فعل تاء مفتوحہ فاعل اُجُوْرَهُنَّ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول مَلَكَتْ فعل يَمِيْنُكَ مرکب اضافی فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ جارہ مَا اسم موصول اَفَآءَ فعل اللّٰهُ فاعل عَلَيْكَ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال معطوف اول، واؤ عاطفہ بَنَاتِ عَمِّكَ مرکب اضافی معطوف ثانی، واؤ عاطفہ بَنَاتِ عَمّٰتِكَ مرکب اضافی معطوف ثالث، واؤ عاطفہ بَنَاتِ خَالِكَ مرکب اضافی معطوف رابع، واؤ عاطفہ بَنَاتِ خٰلٰتِكَ مرکب اضافی موصوف الّٰتِيْ اسم موصول هَاجَرْنَ فعل نون مفتوحہ فاعل مَعَكَ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت معطوف خامس، معطوف علیہ با معطوفات خمسہ اَحْلَلْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب ندا، ندا باجواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اِمْرَاَةً مُّؤْمِنَةً مرکب توصیفی بواسطہ عطف مفعول بہ ہے اَحْلَلْنَا کا، اِنْ شرطیہ وَهَبَتْ فعل هِيَ مستتر ذوالحال خَالِصَةً اسم فاعل هِيَ ضمیر ذوالحال مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل لَكَ جار بامجرور متعلق، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال وَهَبَتْ کا فاعل نَفْسَهَا مرکب اضافی مفعول بہ، لِلنَّبِيِّ جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اس کی جزاء محذوف ہے اَحْلَلْنَاهَا لَهٗ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنْ شرطیہ اَرَادَ فعل

اَلنَّبِیُّ فاعل اَنْ ناصب یَسْتَنْکِحَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معنیً شرط اوّل کی شرط ہے اور تقدیر عبارت یہ ہے اِنْ اَرَادَ النَّبِیُّ اَنْ یَّسْتَنْکِحَ الْوَاھِبَۃَ نَفْسَھَا اَحْلَلْنَا لَہٗ اِنْ وَّھَبَتْ نَفْسَھَا (مظہری)

قَدْ علامت فعل، عَلِمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مَا اسم موصول فَرَضْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَیْھِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال فِیْ جارہ اَزْوَاجِھِمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول مَا مَلَکَتْ فعل اَیْمَانُھُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال عَلِمْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ لَام جارہ تعلیلیہ کَیْ حرف مصدری ناصب لَایَکُوْنَ فعل ناقص عَلَیْكَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم حَرَجٌ اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اَحْلَلْنَا کے یا فعل محذوف شَرَحْنَا ھٰذَا الشَّرْحَ کے (روح المعانی)۔ واؤ استینافیہ کَانَ فعل ناقص اَللّٰہُ اس کا اسم غَفُوْرًا رَّحِیْمًا اس کی دو خبر، کَانَ با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

تُرْجِیْ مَنْ تَشَآءُ مِنْھُنَّ وَ تُـْٔوِیْٓ اِلَیْكَ مَنْ تَشَآءُ ؕ وَ مَنِ ابْتَغَیْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْكَ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰٓی اَنْ تَقَرَّ اَعْیُنُھُنَّ وَ لَا یَحْزَنَّ وَ یَرْضَیْنَ بِمَآ اٰتَیْتَھُنَّ كُلُّھُنَّ ؕ وَ اللّٰہُ یَعْلَمُ مَا فِیْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَ كَانَ اللّٰہُ عَلِیْمًا حَلِیْمًا ﴿۵۱﴾

آیت نمبر ۵۱: تُرْجِیْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل مَنْ اسم موصول تَشَآءُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْھُنَّ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تُـْٔوِیْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِلَیْكَ جار با مجرور متعلق مَنْ اسم موصول تَشَآءُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مفعول بہ مقدم اِبْتَغَیْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر متصل فاعل مِنْ حرف جر مَنْ اسم موصول عَزَلْتَ فعل تَاء مفتوحہ فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ لَا نفی جنس جُنَاحَ اس کا اسم عَلَیْكَ جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَدْنٰی اسم تفضیل ھُوَ مستتر اس کا فاعل اَنْ ناصب تَقَرَّ فعل اَعْیُنُھُنَّ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَایَحْزَنَّ فعل نون مفتوحہ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ یَرْضَیْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر مرفوع متصل مؤکد کُلُّھُنَّ مرکب اضافی تاکید، مؤکد با تاکید فاعل بَاء حرف جر مَا اسم موصول اٰتَیْتَ فعل تَاء ضمیر مفتوحہ فاعل ھُنَّ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور یَرْضَیْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض (دراصل اِلٰی اَنْ تَقَرَّ ہے) متعلق، اسم تفضیل بافاعل و متعلق ذٰلِكَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتدا، یَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول فِیْ

قُلُوْبِكُمْ جار بامجرور فعل محذوف اِسْتَقَرَّ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كَانَ فعل ناقص اَللّٰهُ اس کا اسم عَلِيْمًا حَلِيْمًا دو خبر، فعل ناقص بااسم وخبرین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنْۢ بَعْدُ وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ اِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ رَّقِيْبًا ﴿۵۲﴾

آیت نمبر ۵۲: لَا يَحِلُّ فعل لَكَ جار بامجرور متعلق اَلنِّسَآءُ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَنْ ناصبہ تَبَدَّلَ فعل (یہ اصل میں تَتَبَدَّلَ ہے) اَنْتَ مستتر فاعل بِهِنَّ جار بامجرور متعلق مِنْ حرف جر زائدہ اَزْوَاجٍ منصوب محلًا مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ذوالحال واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ اَعْجَبَ فعل کاف ضمیر مفعول بہ حُسْنُهُنَّ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال مبدل منہ، اِلَّا حرف استثناء مَا اسم موصول مَلَكَتْ فعل يَمِيْنُكَ مرکب اضافی فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ بدل، مبدل منہ بابدل لَا يَحِلُّ کا فاعل مِنْ بَعْدُ جار بامجرور متعلق ثانی، فعل بافاعل ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كَانَ فعل ناقص اَللّٰهُ اس کا اسم رَقِيْبًا صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

رکوع نمبر ۷

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِیِّ اِلَّاۤ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ ۙ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِی النَّبِیَّ فَيَسْتَحْیٖ مِنْكُمْ ؗ وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْیٖ مِنَ الْحَقِّ ؕ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ؕ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ؕ وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَاۤ اَنْ تَنْكِحُوْۤا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖۤ اَبَدًا ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۳: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے لَا تَدْخُلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل بُيُوْتَ النَّبِیِّ مرکب اضافی مفعول بہ (علی السعۃ) اِلَّا حرف استثناء اَنْ ناصبہ يُؤْذَنَ فعل مجہول لَكُمْ جار بامجرور محلًا مرفوع نائب فاعل اِلٰى طَعَامٍ جار بامجرور متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر مضاف الیہ ہوا وَقْتَ مضاف محذوف کا، مضاف بامضاف الیہ مستثنیٰ مفرغ مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

غَیْرَ مضاف نَاظِرِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل اِنٰهُ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ حال ہے لَاتَدْخُلُوْا کی واؤ ضمیر فاعل سے، واؤ عاطفہ لٰکِنْ حرف استدراک مہمل اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم دُعِیْ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل ومفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اُدْخُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم طَعِمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل ومفعول فیہ مقدم سے مل کر شرط، فاء جزائیہ اِنْتَشِرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لَا زائدہ مُسْتَاْنِسِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل لِحَدِیْثٍ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر بواسطہ عطف حال ہے تَدْخُلُوْا کی ضمیر فاعل سے، اِنَّ حرف تحقیق ذٰلِکُمْ اسم اشارہ اس کا اسم کَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم یُؤْذِیْ فعل هُوَ ضمیر فاعل اَلنَّبِیَّ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف کَانَ کی خبر، فعل ناقص اسم باخبر جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ اَللّٰهُ مبتدا، لَایَسْتَحْیٖ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنَ الْحَقِّ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم سَاَلْتُمُوْا فعل تُمْ ضمیر فاعل هُنَّ ضمیر مفعول بہ اوّل، مَتَاعًا مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اِسْاَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُنَّ ضمیر مفعول بہ مِنْ حرف جار وَرَآءِ حِجَابٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ذٰلِکُمْ اسم اشارہ مبتدا، اَطْهَرُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل لَامِ حرف جار قُلُوْبِکُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قُلُوْبِهِنَّ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا مر نافیہ کَانَ فعل ناقص لَکُمْ جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر کَانَ کی خبر مقدم، اَنْ ناصبہ تُؤْذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل رَسُوْلَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَنْ ناصبہ تَنْکِحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَزْوَاجَهٗ مرکب اضافی ذوالحال مِنْ بَعْدِهٖ کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ اَبَدًا مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومفعول فیہ بتاویل مصدر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اسم مؤخر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ذٰلِکُمْ اسم اشارہ اس کا اسم کَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم عَظِیْمًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال خبر، فعل ناقص بااسم وخبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنْ تُبْدُوْا شَیْئًا اَوْ تُخْفُوْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ کَانَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا ﴿۵۴﴾

آیت نمبر ۵۴: اِنْ شرطیہ تُبْدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل شَیْئًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ تُخْفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق لفظ اللّٰهُ اس کا اسم کَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم بَاء جارہ کُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم عَلِیْمًا صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل

24 متعلق مقدم سے مل کر کَانَ کی خبر، فعل ناقص بااسم وخبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِيْٓ اٰبَآئِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآئِهِنَّ وَلَآ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اَخَوٰتِهِنَّ وَلَا نِسَآئِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵:لَا نفی جنس جُنَاحَ اس کا اسم عَلَيْهِنَّ ظرف مستقر متعلق ہوئے کَائِنٌ کے، کَائِنٌ اسم فاعل هُوَ ضمیر اس کا فاعل فِیْ حرف جر اٰبَآئِهِنَّ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَبْنَآئِهِنَّ مرکب اضافی معطوف ثانی، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اِخْوَانِهِنَّ مرکب اضافی معطوف ثالث، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ مرکب اضافی معطوف رابع، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَبْنَآءِ اَخَوٰتِهِنَّ مرکب اضافی معطوف خامس، واؤ عاطفہ لَا زائدہ نِسَآئِهِنَّ مرکب اضافی معطوف سادس، واؤ عاطفہ لَا زائدہ مَا موصولہ مَلَكَتْ فعل اَيْمَانُهُنَّ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف سابع، معطوف علیہ بامعطوفات سبعہ مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوا کَائِنٌ کا، اسم فاعل اپنے فاعل اور متعلقین سے مل کر لَا کی خبر، لَا اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اِتَّقِيْنَ فعل امر نون مفتوحہ فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ، فعل امر بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم کَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم شَهِيْدًا صیغہ صفت هُوَ ضمیر فاعل عَلٰی حرف جر كُلِّ شَيْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوا صیغہ صفت کا، صیغہ صفت بافاعل ومتعلق خبر ہوئی کَانَ کی، کَانَ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶:اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَلٰٓئِكَتَهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِنَّ کا اسم يُصَلُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَى النَّبِيِّ جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومتعلق خبر اِنَّ، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے یہ نداء ہے صَلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَيْهِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَلِّمُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل تَسْلِيْمًا مفعول مطلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۵۷﴾

آیت نمبر ۵۷:اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اسم موصول يُؤْذُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم، لَعَنَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، اَللّٰهُ فاعل فِیْ حرف

جار اَلدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَعَدَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَھُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے عَذَابًا مُّھِیْنًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَالَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَیْرِ مَا اکْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُھْتَانًا وَّ اِثْمًا مُّبِیْنًا ﴿۵۸﴾

آیت نمبر ۵۸: واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُؤْذُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ بَاء حرف جار غَیْرِ مضاف مَا اسم موصول اِکْتَسَبُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا متضمن معنی شرط، فَاء جزائیہ قَدْ حرف تحقیق اِحْتَمَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بُھْتَانًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِثْمًا مُّبِیْنًا مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رکوع نمبر ۸

یٰٓاَیُّھَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِکَ وَ بَنٰتِکَ وَ نِسَآءِ الْمُؤْمِنِیْنَ یُدْنِیْنَ عَلَیْھِنَّ مِنْ جَلَابِیْبِھِنَّ ؕ ذٰلِکَ اَدْنٰٓی اَنْ یُّعْرَفْنَ فَلَا یُؤْذَیْنَ ؕ وَکَانَ اللّٰہُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ﴿۵۹﴾

آیت نمبر ۵۹: یٰٓاَیُّھَا النَّبِیُّ اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے یہ نداء ہے قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر اس کا فاعل لَام حرف جار اَزْوَاجِکَ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَنٰتِکَ مرکب اضافی معطوف اول، واؤ عاطفہ نِسَآءِ الْمُؤْمِنِیْنَ مرکب اضافی معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ قول، یُدْنِیْنَ (اصل میں لِیُدْنِیْنَ ہے روح المعانی) لِیُدْنِیْنَ فعل امر نون مفتوحہ فاعل عَلَیْھِنَّ جار بامجرور متعلق اول، مِنْ جَلَابِیْبِھِنَّ جار بامجرور متعلق ثانی، فعل بافاعل و متعلقین لفظاً جملہ فعلیہ خبریہ معنیً جملہ انشائیہ قول کا مقولہ، قول بامقولہ مل کر جملہ انشائیہ جواب نداء، نداء باجواب ندائیہ جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا، اَدْنٰی اسم تفضیل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل اَنْ ناصبہ یُعْرَفْنَ فعل مجہول نون مفتوحہ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل معطوف علیہ، فَاء عاطفہ لَا یُؤْذَیْنَ فعل مجہول نون مفتوحہ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض متعلق ہوئے اسم تفضیل کا، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ کَانَ فعل ناقص اَللّٰہُ اس کا اسم غَفُوْرًا رَّحِیْمًا دو خبر، کَانَ بااسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَئِنْ لَّمْ یَنْتَہِ الْمُنٰفِقُوْنَ وَ الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِھِمْ مَّرَضٌ وَّ الْمُرْجِفُوْنَ فِی الْمَدِیْنَۃِ لَنُغْرِیَنَّکَ بِھِمْ ثُمَّ لَا یُجَاوِرُوْنَکَ فِیْھَآ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۶۰﴾

آیت نمبر ۶۰: لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ شرطیہ لَمْ یَنْتَہِ فعل اَلْمُنَافِقُوْنَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم

موصول فِيْ قُلُوْبِهِمْ ظرف مستقر متعلق ہوئے، فعل محذوف ثَبَتَ کے، مَرَضٌ فاعل، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَلْمُرْجِفُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل فِي الْمَدِيْنَةِ متعلق سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط، جزاء محذوف ہے جس پر جواب قسم دال ہے، لام جوابیہ نُغْرِيَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، بِهِمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَا يُجَاوِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، فِيْهَا جار بامجرور متعلق، اِلَّا حرف استثناء قَلِيْلًا بواسطہ موصوف محذوف زَمَانًا کے مفعول فیہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا

مَلْعُوْنِيْنَ ۚ اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا وَ قُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ﴿٦١﴾

آیت نمبر ۶۱: مَلْعُوْنِيْنَ حال ہے فعل محذوف کے نائب فاعل سے، تقدیر عبارت ہے ثُمَّ يُخْرَجُوْنَ مَلْعُوْنِيْنَ اَيْنَمَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم ثُقِفُوْا فعل باواؤ ضمیر نائب فاعل و مفعول فیہ مقدم شرط، اُخِذُوْا فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قُتِّلُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل تَقْتِيْلًا مفعول مطلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا

سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿٦٢﴾

آیت نمبر ۶۲: سُنَّةَ اللّٰهِ مرکب اضافی ذوالحال فِيْ حرف جر، اَلَّذِيْنَ اسم موصول خَلَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ قَبْلُ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور كَائِنَةً کے متعلق ہوکر حال، ذوالحال باحال مفعول مطلق ہوا فعل محذوف سَنَّ کا، اور یہ دراصل سَنَّ اللّٰهُ سُنَّةً ہے۔ واؤ عاطفہ لَنْ تَجِدَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل لِسُنَّةِ اللّٰهِ متعلق تَبْدِيْلًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا

يَسْـَٔلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ۭ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ﴿٦٣﴾

آیت نمبر ۶۳: يَسْـَٔلُ فعل کاف ضمیر مفعول بہ اَلنَّاسُ فاعل عَنِ السَّاعَةِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ عِلْمُهَا مرکب اضافی مبتداء، عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی ثَابِتٌ کے متعلق ہوکر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا اسم استفہام مبتداء، يُدْرِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل لَعَلَّ حرف ترجی اَلسَّاعَةَ اس کا اسم تَكُوْنُ فعل ناقص هِيَ ضمیر مستتر اسم قَرِيْبًا خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، لَعَلَّ بااسم و خبر جملہ انشائیہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا

سوال: تَكُوْنُ کا اسم مؤنث کی ضمیر ہے جس کا مرجع اَلسَّاعَةَ مؤنث ہے تو اس کی خبر قَرِيْبًا مذکر کیوں لائی گئی؟

جواب (۱): قَرِيْبًا خبر نہیں ہے بلکہ یہ بواسطہ موصوف محذوف شَيْئًا کے خبر ہے۔

جواب(۲): قَرِيْبًا بوزن فَعِيْلٌ ہے اور اس میں مذکر ومؤنث برابر ہیں جیسا کہ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ میں ہے۔ (روح المعانی)

اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَ اَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا ﴿۶۴﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ اَبَدًا ۚ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّ لَا نَصِيْرًا ﴿۶۵﴾

آیت نمبر ۶۴۔۶۵: اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم لَعَنَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْكَافِرِيْنَ مفعول بہ تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَعَدَّ فعل هُوَ مستتر فاعل لَهُمْ متعلق سَعِيْرًا مفعول بہ خَالِدِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل فِيْهَا متعلق اَبَدًا مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر لَهُمْ کی ضمیر سے حال اولی، لَا يَجِدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل وَلِيًّا وَّ لَا نَصِيْرًا معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال دوم، ذوالحال باحال اَعَدَّ کا مفعول بہ۔ فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَاۤ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَ اَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ﴿۶۶﴾

آیت نمبر ۶۶: يَوْمَ مضاف تُقَلَّبُ فعل مجہول وُجُوْهُهُمْ مرکب اضافی نائب فاعل فِي النَّارِ جار با مجرور متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ مقدم، يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ومفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، يَا حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل منادی مفعول بہ محذوف ہے، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر نداء، لَيْتَ حرف تمنی نَا ضمیر اس کا اسم اَطَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلرَّسُوْلَ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب نداء، نداء با جواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَ قَالُوْا رَبَّنَاۤ اِنَّاۤ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَ كُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ﴿۶۷﴾

آیت نمبر ۶۷: واؤ استینافیہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول ہوا، رَبَّنَا اصل میں يَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَطَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سَادَتَنَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كُبَرَآءَنَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَضَلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اول اَلسَّبِيْلَا مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جواب نداء، نداء با جواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

رَبَّنَاۤ اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَ الْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيْرًا ﴿۶۸﴾

آیت نمبر ۶۸: رَبَّنَا اصل میں يَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے اٰتِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هِمْ ضمیر مفعول بہ اول ضِعْفَيْنِ موصوف مِنَ الْعَذَابِ ظرف مستقر كَائِنَيْنِ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلْعَنْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ لَعْنًا كَبِيْرًا مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر معطوف، معطوف

علیہ با معطوف جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

رکوع نمبر ۹

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ؕ وَ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِیْهًا ۟

آیت نمبر ۶۹: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے لَا تَكُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم کاف حرف جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰذَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مُوْسٰى مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ بَرَّاَ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰهُ فاعل مِنْ جارہ مَا اسم موصول قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کَالَّذِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ انشائیہ جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ کَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم وَجِیْهًا صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ قُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا ۟

آیت نمبر ۷۰: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قُوْلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل قَوْلًا سَدِیْدًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعول مطلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

یُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَ یَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَ مَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا ۟

آیت نمبر ۷۱: یُصْلِحْ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ متعلق اَعْمَالَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَغْفِرْ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ متعلق ذُنُوْبَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء ہے شرط محذوف اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ وَتَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا کی، کیونکہ یہ جواب امر میں واقع ہے۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا یُطِعْ فعل هُوَ مستتر فاعل اَللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ قَدْ حرف تحقیق فَازَ فعل هُوَ مستتر فاعل فَوْزًا عَظِیْمًا مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ الْجِبَالِ فَاَبَیْنَ اَنْ یَّحْمِلْنَهَا وَ اَشْفَقْنَ مِنْهَا وَ حَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ۟

آیت نمبر ۷۲: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم عَرَضْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلْاَمَانَةَ مفعول بہ، عَلٰی جارہ اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ معطوف علیہ با معطوفین مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَبَیْنَ

فعل نون مفتوحہ فاعل اَنْ ناصبہ یَحْمِلْنَ فعل نون مفتوحہ فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَشْفَقْنَ فعل نون مفتوحہ فاعل مِنْهَا متعلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ حَمَلَ فعل ھَا ضمیر مفعول بہ اَلْاِنْسَانُ فاعل سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین عَرَضْنَا کا معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم ظَلُوْمًا خبر اوّل جَھُوْلًا خبر دوم، فعل ناقص بااسم وخبرین خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَ الْمُنٰفِقٰتِ وَ الْمُشْرِكِيْنَ وَ الْمُشْرِكٰتِ وَ يَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۷۳

آیت نمبر ۷۳: لَام جارہ تعلیلیہ یُعَذِّبَ فعل اَللّٰهُ فاعل اَلْمُنَافِقِيْنَ وَ الْمُنَافِقَاتِ وَ الْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكَاتِ معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَتُوْبَ فعل اَللّٰهُ فاعل عَلٰی جارہ اَلْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور حَمَلَ کے متعلق ہوئے۔ واؤ استینافیہ کَانَ فعل ناقص اَللّٰهُ اس کا اسم غَفُوْرًا خبر اوّل رَحِيْمًا خبر دوم، فعل ناقص بااسم وخبرین، جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ سَبَا

رکوع نمبرا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ وَ لَهُ الْحَمْدُ فِی الْاٰخِرَةِ ؕ وَ هُوَ الْحَكِیْمُ الْخَبِیْرُ ۝ یَعْلَمُ مَا یَلِجُ فِی الْاَرْضِ وَ مَا یَخْرُجُ مِنْهَا وَ مَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَ مَا یَعْرُجُ فِیْهَا ؕ وَ هُوَ الرَّحِیْمُ الْغَفُوْرُ ۝۲

آیت نمبر ۱، ۲: اَلْحَمْدُ مبتدا، لام جارہ اَللّٰہِ موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول لَهٗ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول فِی السَّمٰوٰتِ ظرف مستقر وَقَعَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول فِی الْاَرْضِ ظرف مستقر وَقَعَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَهٗ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْحَمْدُ ذوالحال فِی الْاٰخِرَةِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مبتدا موخر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ اَللّٰہِ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ ہُوَ ضمیر مبتدا، اَلْحَکِیْمُ خبر اول، اَلْخَبِیْرُ خبر ثانی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

یَعْلَمُ فعل ہُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول یَلِجُ فعل اپنے ہُوَ ضمیر فاعل اور فِی الْاَرْضِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول یَخْرُجُ فعل اپنے ہُوَ مستتر فاعل اور مِنْهَا متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول یَنْزِلُ فعل ہُوَ مستتر فاعل مِنَ السَّمَآءِ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول یَعْرُجُ فعل ہُوَ مستتر فاعل فِیْهَا متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ یَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل باواؤ ضمیر فاعل بافاعل و مفعول بہ جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ ہُوَ ضمیر مبتدا الیٰ اَلرَّحِیْمُ الْغَفُوْرُ دونوں خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ قَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِیْنَا السَّاعَةُ ؕ قُلْ بَلٰی وَ رَبِّیْ لَتَاْتِیَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ الْغَیْبِ ۚ لَا یَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِی السَّمٰوٰتِ وَ لَا فِی الْاَرْضِ وَ لَاۤ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَ لَاۤ اَكْبَرُ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ۝۳

آیت نمبر ۳: واؤ استینافیہ قَالَ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل قول، لَا تَاْتِیْ فعل نَا ضمیر مفعول بہ اَلسَّاعَةُ فاعل سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، بَلٰی حرف ایجاب مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ قسمیہ جارہ رَبِّیْ مرکب اضافی مبدل منہ عَالِمُ الْغَیْبِ مرکب

اضافی ذوالحال لَا یَعْزُبُ فعل عَنْهُ جار بامجرور متعلق ہوئے مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مرکب اضافی ذوالحال فِی السَّمٰوٰتِ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ فِی الْاَرْضِ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَصْغَرُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل مِنْ ذٰلِكَ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَکْبَرُ اسم تفضیل باھُوَ مستتر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ذوالحال اِلَّا حرف استثنا فِی حرف جر کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال رَبِّیْ کا بدل، مبدل منہ بابدل مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر قسم، لَتَاْتِیَنَّ فعل ھِیَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

لِّیَجْزِیَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ رِزْقٌ كَرِیْمٌ ۝۴

آیت نمبر ۴: لام جارہ تعلیلیہ یَجْزِیَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصّٰلِحٰتِ مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے لَا یَعْزُبُ کے یا لَتَاْتِیَنَّ کے، اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنَاتٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَغْفِرَةٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رِزْقٌ كَرِیْمٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اُولٰٓئِكَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَالَّذِیْنَ سَعَوْ فِیْٓ اٰیٰتِنَا مُعٰجِزِیْنَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِیْمٌ ۝۵

آیت نمبر ۵: واؤ استینافیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول سَعَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْ اٰیٰتِنَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا، مُعٰجِزِیْنَ حال ہے سَعَوْا کی ضمیر فاعل سے۔ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، عَذَابٌ موصوف مِنْ رِّجْزٍ کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ اَلِیْمٌ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مبتدا موخر، مبتدا باخبر اُولٰٓئِكَ کی خبر ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اسم موصول مبتدا کی خبر ہے۔

وَیَرَى الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَیَهْدِیْٓ اِلٰی صِرَاطِ الْعَزِیْزِ الْحَمِیْدِ ۝۶

آیت نمبر ۶: واؤ استینافیہ یَرٰی فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول اُوْتُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اَلْعِلْمَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ فاعل اَلَّذِیْٓ اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر ذوالحال مِنْ رَّبِّكَ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال نائب فاعل اِلَیْكَ جار بامجرور متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ یَرٰی کا مفعول اول ھُوَ ضمیر فصل اَلْحَقَّ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اور اگر وَیَرٰی کی واؤ عاطفہ بنائیں تو پھر اس کا عطف یَجْزِیَ پر ہوگا۔ واؤ حالیہ یَهْدِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل اِلٰی حرف جار صِرَاطِ مضاف اَلْعَزِیْزِ الْحَمِیْدِ مرکب توصیفی

مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے اَلْحَقَّ سے۔ اور اگر واؤ عاطفہ ہو تو یَهْدِیْ بمعنی هَادِیًا کے ہو کر اَلْحَقَّ پر معطوف ہو گا اور واؤ کو واؤ استینافیہ بھی بنا سکتے ہیں۔

وَ قَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ یُّنَبِّئُكُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ اِنَّكُمْ لَفِیْ خَلْقٍ جَدِیْدٍ ۚ﴿۷﴾

آیت نمبر ۷: واؤ عاطفہ قَالَ فعل اَلَّذِیْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل قول، هَلْ حرف استفہام نَدُلُّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ عَلٰى حرف جار یُنَبِّئُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم لَامِ مزحلقہ فِیْ جارہ خَلْقٍ جَدِیْدٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مفعول ثانی کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین رَجُلٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور نَدُلُّ کے متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِذَا مضاف مُزِّقْتُمْ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل كُلَّ مُمَزَّقٍ مرکب اضافی مفعول مطلق، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول مطلق مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف تُحْشَرُوْنَ کا۔

اَفْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلِ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ فِی الْعَذَابِ وَ الضَّلٰلِ الْبَعِیْدِ ﴿۸﴾

آیت نمبر ۸: هَمزہ استفہامیہ اِفْتَرٰى فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَى اللّٰهِ جار بامجرور متعلق كَذِبًا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ بِهٖ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جِنَّةٌ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ بَلْ حرف اضراب اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَا یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْاٰخِرَةِ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، فِیْ جارہ اَلْعَذَابِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلضَّلَالِ الْبَعِیْدِ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَفَلَمْ یَرَوْا اِلٰى مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ ؕ اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَیْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِیْبٍ ۠﴿۹﴾

آیت نمبر ۹: هَمزہ استفہامیہ فَاءِ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تقدیر عبارت اَعَمُوْا، لَمْ یَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰى جارہ مَا اسم موصول بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا فعل محذوف وَقَعَ کا، پھر یہ صلہ ہوا، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول خَلْفَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا فعل محذوف ثَبَتَ کا، پھر یہ صلہ ہوا، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ؛ والحال مِنْ جارہ اَلسَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ؛ والحال

باحال اِلٰی کا مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ اِنْ شرطیہ نَشَأْ فعل با نَحْنُ مستترفاعل شرط، نَخْسِفْ فعل نَحْنُ مستترفاعل بِهِمُ متعلق، الْاَرْضَ مفعول بہ سے مل کر جملہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ نُسْقِطْ فعل نَحْنُ مستترفاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے كِسَفًا موصوف مِّنَ السَّمَآءِ كَآئِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت نُسْقِطْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق فِيْ ذٰلِكَ ظرف مستقر كَآئِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، لَام مزحلقہ اٰيَةً موصوف لَام جارہ كُلِّ مضاف عَبْدٍ مُّنِيْبٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار با مجرور كَآئِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ؕ يٰجِبَالُ اَوِّبِيْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ ۙ﴿۱۰﴾

آیت نمبر ۱۰: واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل دَاوٗدَ مفعول بہ اول، مِنَّا جار با مجرور متعلق فَضْلًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الطَّيْرَ معطوف (روح المعانی) معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ يَا حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستترفاعل جِبَالُ محلًا منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول جملہ انشائیہ نداء، اَوِّبِيْ فعل امر یاء ضمیر فاعل مَعَهٗ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر فَضْلًا سے بدل ہے (کشاف) واؤ عاطفہ اَلَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل لَهُ جار با مجرور متعلق الْحَدِيْدَ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اٰتَيْنَا پر معطوف ہے۔

اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِي السَّرْدِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱: اَنْ مصدریہ اِعْمَلْ فعل امر اَنْتَ مستترفاعل سٰبِغٰتٍ بواسطہ موصوف محذوف دُرُوْعًا کے مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَدِّرْ فعل امر اَنْتَ مستترفاعل فِي السَّرْدِ جار با مجرور متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف اول، واؤ عاطفہ اِعْمَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل صَالِحًا مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اَلَنَّا کے متعلق ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم، باء حرف جر مَا اسم موصول تَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم، بَصِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستترفاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ؕ وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ؕ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: واؤ استینافیہ لام جارہ سُلَیْمٰنَ مجرور، جار با مجرور فعل محذوف سَخَّرْنَا کے متعلق الرِّیْحَ ذوالحال غُدُوُّھَا مرکب
اضافی مبتدا، شَھْرٌ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَوَاحُھَا مرکب اضافی مبتدا، شَھْرٌ خبر، دونوں مل کر جملہ اسمیہ
خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال باحال مفعول بہ سَخَّرْنَا کا، فعل اپنے فاعل و متعلق و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ
خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَهٗ متعلق عَیْنَ الْقِطْرِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ
با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مِنَ الْجِنِّ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَنْ اسم موصول یَعْمَلُ فعل ھُوَ مستتر
فاعل بَیْنَ یَدَیْهِ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال باء جارہ اِذْنِ رَبِّهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور
مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا، یَزِغْ فعل
ھُوَ مستتر ذوالحال مِنْهُمْ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل عَنْ اَمْرِنَا جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ
خبریہ شرط، نُذِقْهُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مِنْ عَذَابِ السَّعِیْرِ متعلق سے مل کر جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر
جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

يَعْمَلُونَ لَهُ مَا يَشَاءُ مِنْ مَحَارِيبَ وَتَمَاثِيلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُورٍ رَاسِيَاتٍ ۚ
اعْمَلُوا آلَ دَاوُودَ شُكْرًا ۚ وَقَلِيلٌ مِنْ عِبَادِيَ الشَّكُورُ ﴿١٣﴾

آیت نمبر ۱۳: یَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فعل لَهٗ جار با مجرور متعلق مَا اسم موصول یَشَآءُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر محذوف ذوالحال
مِنْ حرف جار مَحَارِیْبَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَمَاثِیْلَ معطوف اوّل واؤ عاطفہ جِفَانٍ موصوف کاف حرف جار اَلْجَوَابِ مجرور، جار
با مجرور کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف ثانی، واؤ عاطفہ قُدُوْرٍ رَّاسِیٰتٍ مرکب توصیفی معطوف ثالث، معطوف علیہ
اِنَّ حرف تحقیق ذٰلِكَ محلًا منصوب اس کا اسم یَسِیْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل عَلَی اللّٰهِ متعلق مقدم سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرٰنِ ۖ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَآئِغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ؕ وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: واؤ عاطفہ مَا نافیہ یَسْتَوِیْ فعل اَلْبَحْرَانِ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ هٰذَا مبتدا، عَذْبٌ موصوف فُرَاتٌ صفت اولیٰ، سَآئِغٌ صیغہ صفت شَرَابُهٗ مرکب اضافی فاعل سے مل کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هٰذَا مبتدا، مِلْحٌ اُجَاجٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَلْبَحْرَانِ کا بدل ہے۔ واؤ عاطفہ مِنْ کُلٍّ جار با مجرور متعلق مقدم تَاْکُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لَحْمًا طَرِیًّا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَسْتَخْرِجُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل حِلْیَةً موصوف تَلْبَسُوْنَ فعل ضمیر فاعل صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ تَرٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَلْفُلْكَ ذوالحال مَوَاخِرَ حال سے مل کر مفعول بہ فِیْهِ جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ لَام جارہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَبْتَغُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل مِنْ فَضْلِهٖ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَعَلَّ حرف ترجی کُمْ ضمیر اس کا اسم تَشْکُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، لَعَلَّ با اسم وخبر لِرِجَآءِ شُکْرِکُمْ کی تاویل میں ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف متعلق ہے مَوَاخِرَ کے یا فعل محذوف سَخَّرَهُمَا کے۔

يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۙ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: يُوْلِجُ فعل هُوَ مستتر فاعل الَّيْلَ مفعول بہ فِي النَّهَارِ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُوْلِجُ فعل هُوَ مستتر فاعل النَّهَارَ مفعول بہ فِي الَّيْلِ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ سَخَّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔ كُلٌّ بتاویل كُلٌّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا کے ہو کر مبتدا، يَجْرِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل لام جارہ اَجَلٍ مُّسَمًّى مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكُمُ مبتدا، اللّٰهُ خبر اوّل رَبُّكُمْ مرکب اضافی خبر ثانی، لَهُ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْمُلْكُ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر ثالث، مبتدا با اخبار ثلاثہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ الَّذِيْنَ اسم موصول تَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر محذوف ذوالحال مِنْ دُوْنِهٖ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا، مَا نافیہ يَمْلِكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ زائدہ قِطْمِيْرٍ محلًا منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

إِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ ۚ وَلَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ۗ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ ۗ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: إِنْ شرطیہ تَدْعُوْ فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر شرط، لَا يَسْمَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل دُعَآءَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَوْ شرطیہ سَمِعُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل شرط، مَا نافیہ اِسْتَجَابُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل اور لَكُمْ متعلق سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم، يَكْفُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِشِرْكِكُمْ جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لَا يُنَبِّئُ فعل کاف ضمیر مفعول بہ مِثْلُ خَبِيْرٍ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے اَنْتُمُ مبتدا، الْفُقَرَآءُ صیغہ صفت اَنْتُمْ مستتر فاعل اِلَى اللّٰهِ جار با مجرور متعلق، صیغہ صفت بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اللّٰهُ مبتدا، هُوَ ضمیر فصل الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: اِنْ شرطیہ يَشَاْ فعل با هُوَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، يُذْهِبْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَاْتِ فعل هُوَ مستتر فاعل باء حرف جار خَلْقٍ جَدِيْدٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل

بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ مَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: واؤ عاطفہ مَا حجازیہ ذٰلِكَ اس کا اسم بَاء زائدہ عَزِيْزٍ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل اور عَلَى اللّٰهِ متعلق مقدم سے مل کر لفظاً مجرور محلاً منصوب خبر، مَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَ اِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ اِلٰى حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ وَّ لَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ؕ اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَ مَنْ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى لِنَفْسِهٖ ؕ وَ اِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: واؤ عاطفہ لَا تَزِرُ فعل وَازِرَةٌ فاعل وِزْرَ اُخْرٰى مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ تَدْعُ فعل مُثْقَلَةٌ فاعل اِلٰى حِمْلِهَا جار با مجرور متعلق سے مل کر شرط، لَا يُحْمَلْ فعل مجہول مِنْهُ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، شَيْءٌ ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ لَوْ شرطیہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم ذَا قُرْبٰى مرکب اضافی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ جزاء محذوف ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ تُنْذِرُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَخْشَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل رَبَّهُمْ مرکب اضافی ذوالحال بِالْغَيْبِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَقَامُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل اَلصَّلٰوةَ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ تُنْذِرُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا، تَزَكّٰى فعل با هُوَ مستتر فاعل شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ يَتَزَكّٰى فعل هُوَ مستتر فاعل لِنَفْسِهٖ متعلق سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اِلٰى حرف جار اَللّٰهِ مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْمَصِيْرُ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَ الْبَصِيْرُ ﴿۱۹﴾ وَ لَا الظُّلُمٰتُ وَ لَا النُّوْرُ ﴿۲۰﴾ وَ لَا الظِّلُّ وَ لَا الْحَرُوْرُ ﴿۲۱﴾ وَ مَا يَسْتَوِي الْاَحْيَآءُ وَ لَا الْاَمْوَاتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَ مَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲: واؤ عاطفہ مَا نافیہ يَسْتَوِي فعل اَلْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَلظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف اول، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَلظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ يَسْتَوِي فعل اَلْاَحْيَآءُ

وَلَا الْاَمْوَاتُ معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم یُسْمِعُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَنْ یَّشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ حجازیہ اَنْتَ ضمیر اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ مُسْمِعٍ اسم فاعل اَنْتَ مستتر فاعل مَنْ اسم موصول فِی الْقُبُوْرِ ظرف مستقر دُفِنَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، اسم فاعل بافاعل ومفعول بہ لفظاً مجرور محلاً منصوب خبر، مَا با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِیْرٌ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: اِنْ نافیہ اَنْتَ ضمیر مبتدا، اِلَّا حرف استثناء نَذِیْرٌ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ بِالْحَقِّ بَشِیْرًا وَّ نَذِیْرًا ؕ وَ اِنْ مِّنْ اُمَّۃٍ اِلَّا خَلَا فِیْھَا نَذِیْرٌ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ بِالْحَقِّ جار مجرور متعلق ہوئے، بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا معطوف علیہ با معطوف حال ہے اَرْسَلْنَا کے مفعول بہ سے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ نافیہ مِنْ جارہ زائدہ اُمَّۃٍ محلاً مرفوع مبتدا، اِلَّا حرف استثناء خَلَا فعل فِیْھَا متعلق نَذِیْرٌ فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ اِنْ یُّکَذِّبُوْکَ فَقَدْ کَذَّبَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِھِمْ ۚ جَآءَتْھُمْ رُسُلُھُمْ بِالْبَیِّنٰتِ وَ بِالزُّبُرِ وَ بِالْکِتٰبِ الْمُنِیْرِ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ یُکَذِّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے فَاصْبِرْ، فَاء تعلیلیہ قَدْ حرف تحقیق کَذَّبَ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِھِمْ جار با مجرور ظرف مستقر ثَبَتُوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال جَآءَتْ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ رُسُلُھُمْ مرکب اضافی فاعل بِالْبَیِّنَاتِ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بِالزُّبُرِ جار با مجرور معطوف اول، واؤ عاطفہ بَاء جارہ اَلْکِتَابِ الْمُنِیْرِ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال کَذَّبَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

ثُمَّ اَخَذْتُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فَکَیْفَ کَانَ نَکِیْرِ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: ثُمَّ عاطفہ اَخَذْتُ فعل تُ ضمیر فاعل اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے لَمَّا اَخَذْتُھُمْ، کَیْفَ کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم، کَانَ فعل ناقص نَکِیْرِ دراصل نَکِیْرِیْ ہے یہ مرکب اضافی کَانَ کا اسم ہے، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ انشائیہ جزاء ہے، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

رکوع نمبر ۴

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهَا ؕ وَ مِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌۢ بِیْضٌ وَّ حُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَ غَرَابِیْبُ سُوْدٌ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: ھَمزہ حرف استفہام لَمْ تَرَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم اَنْزَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنَ السَّمَآءِ متعلق مَآءً مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبر، معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَخْرَجْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِہٖ جار با مجرور متعلق ہوئے ثَمَرَاتٍ موصوف مُخْتَلِفًا اسم فاعل اَلْوَانُھَا مرکب اضافی فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَنَّ کی خبر، اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ لَمْ تَرَ کے دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مِنَ الْجِبَالِ کَائِنَۃٌ کے متعلق ہوکر خبر مقدم جُدَدٌ موصوف بِیْضٌ وَّحُمْرٌ معطوف علیہ بامعطوف صفت اولی، مُخْتَلِفٌ اسم فاعل اَلْوَانُھَا مرکب اضافی فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہوکر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین معطوف علیہ، واؤ عاطفہ غَرَابِیْبُ سُوْدٌ مبدل منہ بابدل (روح المعانی) معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ مِنَ النَّاسِ وَ الدَّوَآبِّ وَ الْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ ؕ اِنَّمَا یَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ غَفُوْرٌ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: واؤ عاطفہ مِنْ حرف جار اَلنَّاسِ وَ الدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ معطوف علیہ بامعطوفین مجرور، جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہوکر خبر مقدم مُخْتَلِفٌ اسم فاعل اَلْوَانُہٗ مرکب اضافی فاعل کَذٰلِکَ جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہوکر بواسطہ موصوف محذوف اِخْتِلَافًا کے مفعول مطلق، اسم فاعل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہوکر بواسطہ موصوف محذوف صِنْفٌ کے مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اور مَا کافہ ہے یَخْشٰی فعل اَللّٰہَ مفعول بہ مِنْ عِبَادِہٖ "کَائِنَۃً" کے متعلق ہوکر حال مقدم اَلْعُلَمَآءُ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم عَزِیْزٌ غَفُوْرٌ دو خبر، اِنَّ بااسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّ عَلَانِیَةً یَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ﴿۲۹﴾ لِیُوَفِّیَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَ یَزِیْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۲۹، ۳۰: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَتْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کِتَابَ اللّٰہِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَقَامُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصَّلٰوۃَ مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَنْفَقُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال سِرًّا وَّعَلَانِیَۃً بمعنی مُسِرِّیْنَ وَمُعْلِنِیْنَ حال، ذوالحال باحال فاعل، مِنْ جارہ مَا اسم موصول رَزَقْنَا فعل نَا ضمیر

26/26 فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم یَرْجُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل تِجَارَۃً موصوف لَنْ تَبُوْرَ فعل ھِیَ ضمیر مستتر فاعل لام جارہ یُوَفِّیَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل اُجُوْرَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَزِیْدَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، مِنْ فَضْلِہٖ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور لَنْ تَبُوْرَ کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ تِجَارَۃً کی صفت، موصوف باصفت یَرْجُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم غَفُوْرٌ شَکُوْرٌ دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَالَّذِیْٓ اَوْحَیْنَآ اِلَیْکَ مِنَ الْکِتٰبِ ھُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بِعِبَادِہٖ لَخَبِیْرٌۢ بَصِیْرٌ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: واؤ استینافیہ اَلَّذِیْ اسم موصول اَوْحَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَیْکَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنَ الْکِتَابِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مبتدا اوّل، ھُوَ ضمیر مبتدا ثانی، اَلْحَقُّ ذوالحال مُصَدِّقًا اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل لام جارہ مَا اسم موصول بَیْنَ یَدَیْہِ مرکب اضافی وَقَعَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال ھُوَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم لام مزحلقہ خَبِیْرٌ بَصِیْرٌ دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا اور بِعِبَادِہٖ جار بامجرور خَبِیْرٌ کے متعلق ہے۔

ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْکِتٰبَ الَّذِیْنَ اصْطَفَیْنَا مِنْ عِبَادِنَا ۚ فَمِنْھُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِہٖ ۚ وَمِنْھُمْ مُّقْتَصِدٌ ۚ وَمِنْھُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَیْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰہِ ؕ ذٰلِکَ ھُوَ الْفَضْلُ الْکَبِیْرُ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: ثُمَّ حرف عطف اَوْرَثْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلْکِتَابَ مفعول بہ اوّل، اَلَّذِیْنَ اسم موصول اِصْطَفَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ عِبَادِنَا کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء تفریعیہ مِنْھُمْ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم ظَالِمٌ اسم فاعل با ھُوَ ضمیر فاعل اور لِنَفْسِہٖ متعلق سے مل کر بواسطہ موصوف محذوف عَبْدٌ کے مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْھُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُقْتَصِدٌ بواسطہ موصوف محذوف عَبْدٌ کے مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مِنْھُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم سَابِقٌ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل بِالْخَیْرَاتِ متعلق اوّل، بِاِذْنِ اللّٰہِ متعلق ثانی سے مل کر بواسطہ موصوف محذوف عَبْدٌ کے مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا، ھُوَ ضمیر فصل اَلْفَضْلُ الْکَبِیْرُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

جَنّٰتُ عَدۡنٍ یَّدۡخُلُوۡنَهَا یُحَلَّوۡنَ فِیۡهَا مِنۡ اَسَاوِرَ مِنۡ ذَهَبٍ وَّ لُؤۡلُؤًا ۚ وَ لِبَاسُهُمۡ فِیۡهَا حَرِیۡرٌ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: جَنّٰتُ عَدۡنٍ مرکب اضافی مبتدا (روح المعانی) یَدۡخُلُوۡنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال یُحَلَّوۡنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِیۡهَا جار با مجرور متعلق مِنۡ جارہ زائدہ اَسَاوِرَ موصوف مِنۡ ذَهَبٍ کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لُؤۡلُؤًا معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول ثانی، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق و مفعول ثانی جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال یَدۡخُلُوۡنَ کا فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لِبَاسُهُمۡ مرکب اضافی مبتدا، فِیۡهَا کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم حَرِیۡرٌ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ قَالُوا الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِیۡۤ اَذۡهَبَ عَنَّا الۡحَزَنَ ؕ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوۡرٌ شَکُوۡرُ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: واؤ استینافیہ قَالُوۡا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، اَلۡحَمۡدُ مبتدا، لام جارہ اَللّٰهِ موصوف اَلَّذِیۡ اسم موصول اَذۡهَبَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنَّا متعلق اَلۡحَزَنَ مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّنَا مرکب اضافی اس کا اسم، لام مزحلقہ غَفُوۡرٌ شَکُوۡرٌ دو خبر، اِنَّ بااسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

الَّذِیۡۤ اَحَلَّنَا دَارَ الۡمُقَامَةِ مِنۡ فَضۡلِهٖ ۚ لَا یَمَسُّنَا فِیۡهَا نَصَبٌ وَّ لَا یَمَسُّنَا فِیۡهَا لُغُوۡبٌ ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: اَلَّذِیۡ اسم موصول اَحَلَّ فعل هُوَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، دَارَ الۡمُقَامَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ مِنۡ فَضۡلِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ رَبَّنَا سے بدل ہے۔ لَا یَمَسُّ فعل نَا ضمیر مفعول بہ، فِیۡهَا متعلق نَصَبٌ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یَمَسُّ فعل نَا ضمیر مفعول بہ، فِیۡهَا متعلق لُغُوۡبٌ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَحَلَّ کے مفعول اول یا ثانی سے حال ہوا۔

وَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا لَهُمۡ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا یُقۡضٰی عَلَیۡهِمۡ فَیَمُوۡتُوۡا وَ لَا یُخَفَّفُ عَنۡهُمۡ مِّنۡ عَذَابِهَا ؕ کَذٰلِکَ نَجۡزِیۡ کُلَّ کَفُوۡرٍ ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۶: واؤ استینافیہ اَلَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا موصول باصلہ مبتدا، لَهُمۡ کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم نَارُ جَهَنَّمَ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدا اول کی خبر اول، لَا یُقۡضٰی عَلَیۡهِمۡ فَیَمُوۡتُوۡا کی تقدیر عبارت لَیۡسَ عَلَیۡهِمُ الۡقَضَاءُ فَمَوۡتُهُمۡ، لَیۡسَ فعل ناقص عَلَیۡهِمۡ کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلۡقَضَاءُ فَمَوۡتُهُمۡ معطوف علیہ بامعطوف اسم مؤخر، فعل ناقص با

اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یُخَفَّفُ فعل مجہول عَنْھُمْ متعلق ہوئے مِنْ جارہ زائدہ عَذَابِھَا مرکب اضافی محلًا مرفوع نائب فاعل، فعل مجہول با متعلق ونائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر ثانی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ کَذٰلِکَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جَزَآءً کے مفعول مطلق مقدم نَجْزِیْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کُلَّ کَفُوْرٍ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

وَ ھُمْ یَصْطَرِخُوْنَ فِیْھَا ۚ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَیْرَ الَّذِیْ كُنَّا نَعْمَلُ ؕ اَوَ لَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا یَتَذَكَّرُ فِیْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَ جَآءَكُمُ النَّذِیْرُ ؕ فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ نَّصِیْرٍ ۟

آیت نمبر ۳۷: واؤ عاطفہ ھُمْ ضمیر مبتدا، یَصْطَرِخُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْھَا متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ ھُمْ ضمیر مبتدا، یَصْطَرِخُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْھَا متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ رَبَّنَا یہ دراصل یَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے اَخْرِجْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر جواب نداء، نداء با جواب نداء قَائِلِیْنَ محذوف کا مقولہ ہو کر یَصْطَرِخُوْنَ کے فاعل سے حال ہے۔ نَعْمَلْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل صَالِحًا بواسطہ موصوف محذوف عَمَلًا کے مفعول مطلق غَیْرَ مضاف اَلَّذِیْ اسم موصول کُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم نَعْمَلُ فعل با نَحْنُ مستتر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم وخبر صلہ، موصول باصلہ غَیْرَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعولین جزاء ہے شرط محذوف اِنْ تُخْرِجْنَا کی (کیونکہ نَعْمَلْ جواب امر ہونے کی وجہ سے مجزوم ہے) ھمزہ استفہامیہ واؤ عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے لَمْ نُمْهِلْكُمْ۔ لَمْ نُعَمِّرْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ مَا نکرہ بمعنی وَقْتًا موصوف یَتَذَكَّرُ فعل فِیْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے مَنْ اسم موصول تَذَكَّرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مفعول فیہ، فعل با فاعل ومفعولین لفظًا جملہ انشائیہ اور معنًی جملہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَآءَ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، اَلنَّذِیْرُ فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف معطوف علیہ محذوف کا معطوف ہے، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا مَا اَجَبْتُمُ النَّذِیْرَ، یا اِنْ كَفَرْتُمْ بِالنَّذِیْرِ، ذُوْقُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء تعلیلیہ مَا حجازیہ لِلظّٰلِمِیْنَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ نَصِیْرٍ محلًا مرفوع اسم مؤخر، مَا با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

رکوع نمبر ۵

اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَیْبِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۟

آیت نمبر ۳۸: اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم عَالِمُ صیغہ صفت مضاف، غَیْبِ مضاف الیہ مضاف اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف غَیْبِ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ عَالِمُ کا مضاف الیہ معنًی مفعول بہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ

اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم عَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بِ باء جارہ ذَاتِ الصُّدُوْرِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق، صیغہ صفت بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ ؕ فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ؕ وَلَا يَزِيْدُ الْكٰفِرِيْنَ كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اِلَّا مَقْتًا ۚ وَلَا يَزِيْدُ الْكٰفِرِيْنَ كُفْرُهُمْ اِلَّا خَسَارًا ۝۳۹

آیت نمبر ۳۹: ھُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل خَلٰٓئِفَ موصوف فِی الْاَرْضِ کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء استینافیہ مَنْ شرطیہ مبتدا، کَفَرَ فعل باھُوَ مستتر فاعل شرط، فاء جزائیہ عَلَیْہِ جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، کُفْرُہٗ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جزاء، شرط باجزاء خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَایَزِیْدُ فعل اَلْکٰفِرِیْنَ مفعول بہ اوّل، کُفْرُھُمْ مرکب اضافی ذوالحال عِنْدَ رَبِّھِمْ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل اِلَّا حرف استثناء مَقْتًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَایَزِیْدُ فعل اَلْکٰفِرِیْنَ مفعول بہ اوّل، کُفْرُھُمْ مرکب اضافی فاعل اِلَّا حرف استثناء خَسَارًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ فعلیہ معطوفہ ہوا۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ شُرَكَآءَكُمُ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۚ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ بَلْ اِنْ يَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا اِلَّا غُرُوْرًا ۝۴۰

آیت نمبر ۴۰: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل قول، ھمزہ استفہامیہ رَاَیْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل شُرَکَآءَ کُمْ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِیْنَ اسم موصول تَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب محذوف ذوالحال مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ شُرَکَآءَ کُمْ کی صفت، مطلب موصوف باصفت مفعول بہ اوّل، اَرُوْنِیْ فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معترضہ ہوا۔ (روح المعانی)

مَا استفہامیہ مبتدا، ذَا بمعنی اَلَّذِیْ اسم موصول خَلَقُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل مِنَ الْاَرْضِ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ رَاَیْتُمْ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل مفعولین مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اَمْ عاطفہ لَھُمْ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم شِرْکٌ مصدر فِی السَّمٰوٰتِ متعلق، مصدر بامتعلق مبتدا موخر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، کِتٰبًا مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ فاء عاطفہ ھُمْ ضمیر مبتدا، عَلٰی جارہ بَیِّنَۃٍ موصوف مِنْہُ کَائِنَۃٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بَلْ حرف اضراب اِنْ نافیہ یَعِدُ فعل اَلظّٰلِمُوْنَ مبدل منہ بَعْضُھُمْ مرکب اضافی بدل سے مل کر فاعل بَعْضًا

مفعول بہ،اِلَّا حرف استثناء غُرُوْرًا بواسطہ موصوف محذوف وَعْدًا کے مفعول مطلق،فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

إِنَّ اللَّهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُولَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَا إِنْ أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِنْ بَعْدِهِ ۚ إِنَّهُ كَانَ حَلِيمًا غَفُورًا ﴿٤١﴾

آیت نمبر ۴۱: اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم یُمْسِكُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلسَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ،اَنْ مصدریہ تَزُوْلَا فعل با الف ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر بواسطہ مَخَافَةَ مضاف محذوف کے مفعول لہ،فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر،اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے،اِنْ شرطیہ زَالَتَا فعل با الف ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط،اِنْ نافیہ اَمْسَكَ فعل هُمَا ضمیر مفعول بہ مِنْ جارہ زائدہ اَحَدٍ موصوف مِنْ بَعْدِهٖ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہوکر صفت،موصوف باصفت محلًا مرفوع فاعل،فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء،شرط باجزاء جملہ شرطیہ جواب قسم،قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم حَلِیْمًا غَفُوْرًا دو خبر،فعل ناقص باسم وخبر اِنَّ کی خبر،اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَاءَهُمْ نَذِيرٌ لَيَكُونُنَّ أَهْدَىٰ مِنْ إِحْدَى الْأُمَمِ ۖ فَلَمَّا جَاءَهُمْ نَذِيرٌ مَا زَادَهُمْ إِلَّا نُفُورًا ﴿٤٢﴾

آیت نمبر ۴۲: واؤ استینافیہ اَقْسَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے جَهْدَ اَیْمَانِهِمْ مرکب اضافی جَاهِدِیْنَ کے معنی میں ہوکر حال ہے ضمیر فاعل سے،فعل بافاعل و متعلق قسم،لَام جوابیہ اِنْ شرطیہ جَآءَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ نَذِیْرٌ فاعل سے مل کر شرط،لَیَکُوْنُنَّ فعل ناقص واؤ ضمیر محذوفہ اس کا اسم اَهْدٰی اسم تفضیل هُوَ ضمیر مستتر اس کا فاعل مِنْ جارہ اِحْدَی الْاُمَمِ مرکب اضافی مجرور،جار با مجرور متعلق ہوئے،اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہوکر خبر،فعل ناقص باسم وخبر جواب قسم،قسم باجواب قسم پہلی قسم کا جواب ہے اور شرط کی جزاء محذوف ہے جس پر جواب قسم دال ہے۔فاء عاطفہ لَمَّا ظرفیہ متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ نَذِیْرٌ فاعل سے مل کر شرط،مَا نافیہ زَادَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اول،اِلَّا حرف استثناء نُفُوْرًا مفعول بہ ثانی سے مل کر جزاء،شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اسْتِكْبَارًا فِي الْأَرْضِ وَمَكْرَ السَّيِّئِ ۚ وَلَا يَحِيقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ إِلَّا بِأَهْلِهِ ۚ فَهَلْ يَنْظُرُونَ إِلَّا سُنَّتَ الْأَوَّلِينَ ۚ فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللَّهِ تَبْدِيلًا ۖ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللَّهِ تَحْوِيلًا ﴿٤٣﴾

آیت نمبر ۴۳: اِسْتِكْبَارًا مصدر فِی الْاَرْضِ متعلق سے مل کر معطوف علیہ،واؤ عاطفہ مَکْرَ السَّیِّئِ مرکب اضافی ذوالحال واؤ حالیہ لَا یَحِیْقُ فعل اَلْمَکْرُ السَّیِّئُ مرکب توصیفی فاعل،اِلَّا حرف استثناء بِاَهْلِهٖ جار با مجرور متعلق،فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ

خبریہ حال، ذوالحال باحال معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول لہ ہے زَادَ کا، فَاء عاطفہ هَلْ حرف استفہام یَنْظُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء سُنَّةَ الْاَوَّلِیْنَ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ فَاء تعلیلیہ (روح المعانی) لَنْ تَجِدَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل لِسُنَّتِ اللّٰهِ جار بامجرور متعلق تَبْدِیْلًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَنْ تَجِدَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل لِسُنَّتِ اللّٰهِ جار بامجرور متعلق تَحْوِیْلًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معلّلہ ہوا۔

اَوَ لَمْ یَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَیَنْظُرُوْا کَیْفَ کَانَ عَاقِبَةُ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَ کَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَ مَا کَانَ اللّٰهُ لِیُعْجِزَهٗ مِنْ شَیْءٍ فِی السَّمٰوٰتِ وَ لَا فِی الْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ کَانَ عَلِیْمًا قَدِیْرًا ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۴: هَمزہ حرف استفہام واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَزِمُوْا مَسَاکِنَهُمْ، لَمْ یَسِیْرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِی الْاَرْضِ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ یَنْظُرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کَیْفَ ظرف زمان کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر کَانَ کی خبر مقدم، کَانَ فعل ناقص عَاقِبَةُ مضاف اَلَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ موصول باصلہ ذوالحال واؤ حالیہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم اَشَدَّ اسم تفضیل هُمْ مستتر فاعل مِنْهُمْ متعلق قُوَّةً تمیز سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال عَاقِبَةُ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ کَانَ کا اسم، فعل ناقص با اسم وخبر محلًا منصوب یَنْظُرُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف علیہ محذوف کا معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ مَا نافیہ کَانَ فعل ناقص اَللّٰهُ اس کا اسم لَام جحدیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُعْجِزَ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، مِنْ جارہ زائدہ شَیْءٍ لفظًا مجرور محلًا مرفوع موصوف فِی السَّمٰوٰتِ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ فِی الْاَرْضِ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر کَانَ کی خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّهٗ کَانَ عَلِیْمًا قَدِیْرًا کی ترکیب اِنَّهٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا کی مثل ہے آیت نمبر ۴۱ میں گزر چکی ہے۔

وَ لَوْ یُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا کَسَبُوْا مَا تَرَکَ عَلٰی ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّ لٰکِنْ یُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ کَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِیْرًا ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵: واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ یُؤَاخِذُ فعل اَللّٰهُ فاعل اَلنَّاسَ مفعول بہ، بَاء جارہ مَا اسم موصول کَسَبُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، مَا نافیہ تَرَکَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰی ظَهْرِهَا جار بامجرور متعلق، مِنْ جارہ زائدہ دَآبَّةٍ لفظًا مجرور محلًا منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ

و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لٰکِنْ حرف استدراک مہمل یُؤَخِّرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اِلٰی جارہ اَجَلٍ مُّسَمًّى مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول بہ مقدم جَآءَ فعل اَجَلُھُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے فَیُجَازِیْھِمْ، فاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم بَصِیْرًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بِعِبَادِهٖ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

بِحَمْدِہٖ تعالیٰ بروز جمعرات ۲۸، ۱۱، ۲۰۱۳ کو بوقت ۱۰:۱۷ بعد نماز عشاء سُورہ ھٰذَا کی ترکیب مکمل ہوئی۔

ترکیب سُوْرَۃُ یٰسٓ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يٰسٓ ۚ﴿۱﴾ وَ الْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۙ﴿۲﴾ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۙ﴿۳﴾
عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ؕ﴿۴﴾

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴: یٰسٓ خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ قسمیہ جارہ اَلْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ قسمیہ ہو کر قسم، اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اوّل، عَلٰى جارہ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر ثانی، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۙ﴿۵﴾

آیت نمبر ۵: تَنْزِيْلَ مضاف اَلْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول مطلق فعل محذوف نُزِّلَ کا، نُزِّلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّاۤ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿۶﴾

آیت نمبر ۶: لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُنْذِرَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل قَوْمًا موصوف مَا نافیہ اُنْذِرَ فعل مجہول اٰبَآؤُهُمْ مرکب اضافی نائب فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے مصدر تَنْزِيْلَ کے یا متعلق ہوئے فعل محذوف نُزِّلَ کے۔ فاء تعلیلیہ هُمْ ضمیر مبتدا، غَافِلُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰۤى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۷﴾

آیت نمبر ۷: لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل حَقَّ فعل اَلْقَوْلُ فاعل عَلٰۤى اَكْثَرِهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم محذوف باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ فاء تعلیلیہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

اِنَّا جَعَلْنَا فِیْۤ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِیَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ﴿۸﴾

آیت نمبر ۸: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِیْۤ اَعْنَاقِهِمْ جار با مجرور محلاً منصوب مفعول بہ ثانی مقدم اَغْلٰلًا مفعول بہ اوّل، فعل بافاعل و مفعولین اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فاء عاطفہ هِیَ ضمیر مبتدا، اِلٰی

الْاَذْقَانِ جار بامجرور کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء تفریعیہ هُمْ ضمیر مبتدا، مُقْمَحُوْنَ اسم مفعول هُمْ مستتر نائب فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝۹

آیت نمبر ۹: واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ محلاً منصوب مفعول بہ ثانی مقدم سَدًّا مفعول بہ اول، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا کا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا پر عطف ہے۔ فاء عاطفہ اَغْشَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ فاء تعلیلیہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَا يُبْصِرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۱۰

آیت نمبر ۱۰: واؤ استینافیہ سَوَآءٌ بمعنی مُسْتَوٍ اور مُسْتَوٍ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ "اِنْذَارُكَ وَعَدَمُ اِنْذَارِكَ کی تاویل میں ہے پھر یہ معطوف علیہ با معطوف مبتدا مؤخر ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ هُمْ ضمیر مبتدا، لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا یا پہلے جملے سے بدل ہوا۔

اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ۝۱۱

آیت نمبر ۱۱: اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ تُنْذِرُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل مَنْ اسم موصول اِتَّبَعَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلذِّكْرَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ خَشِيَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلرَّحْمٰنَ ذوالحال بِالْغَيْبِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ تُنْذِرُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے لَمَّا اَجْدَتْ فِيْهِ النَّذَارَةُ، بَشِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ باء جارہ مَغْفِرَةٍ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَجْرٍ كَرِيْمٍ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۝۱۲

آیت نمبر ۱۲: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم نَحْنُ ضمیر مبتدا، نُحْيِ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلْمَوْتٰى مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَكْتُبُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مَا اسم موصول قَدَّمُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰثَارَهُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ

فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف نَحْنُ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ كُلَّ شَيْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ ہے فعل محذوف اَحْصَيْنَا کا، اَحْصَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مفسَّر، اَحْصَيْنٰهُ فعل نَا ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ، فِيْ حرف جار اِمَامٍ مُّبِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مفسِّر، مفسَّر با مفسِّر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: واؤ استینافیہ اِضْرِبْ بمعنی اِجْعَلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مَثَلًا ذوالحال موخر، ذوالحال با حال مفعول بہ ثانی مقدم اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ مرکب اضافی مبدل منہ اِذْ مضاف جَآءَ فعل هَا ضمیر مفعول بہ اَلْمُرْسَلُوْنَ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ بدل الاشتمال، مبدل منہ با بدل اِضْرِبْ کا مفعول بہ اوّل، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ مستانفہ ہوا۔

اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: اِذْ مضاف اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق اِثْنَيْنِ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُمَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فاء عاطفہ عَزَّزْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِثَالِثٍ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم مُّرْسَلُوْنَ اسم مفعول بہ نَحْنُ ضمیر مستتر نائب فاعل اِلَيْكُمْ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف علیہ اوّل کا معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ بدل ہے پہلے اِذْ سے۔

قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا نافیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، اِلَّا حرف استثناء بَشَرٌ مِّثْلُنَا مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ اَنْزَلَ فعل اَلرَّحْمٰنُ فاعل مِنْ جارہ زائدہ شَيْءٍ منصوب محلًا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنْ نافیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، اِلَّا حرف استثناء تَكْذِبُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، رَبُّنَا مرکب اضافی مبتدا، يَعْلَمُ فعل هُوَ ضمیر فاعل اِنَّ حرف

تحقیق لام مذحلقہ مُرْسَلُوْنَ اسم مفعول نَحْنُ مستتر نائب فاعل اِلَيْكُمْ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر اِنَّ بااسم وخبر یَعْلَمُ کے دومفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَ مَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: واؤ عاطفہ مَا نافیہ عَلَيْنَا جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اِلَّا حرف استثناء اَلْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَ لَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم تَطَيَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِكُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَام موطئہ للقسم اور اس کی قسم محذوف ہے، اِنْ شرطیہ لَمْ تَنْتَهُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَنَرْجُمَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَيَمَسَّنَّ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَّا جار بامجرور متعلق عَذَابٌ اَلِيْمٌ مرکب توصیفی فاعل مؤخر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف قسم محذوف کا جواب ہے اور شرط کی جزاء محذوف ہے جس پر جواب قسم دال ہے۔

قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ؕ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، طَآئِرُكُمْ مرکب اضافی مبتدا، مَعَكُمْ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ هَمزہ حرف استفہام اِنْ شرطیہ ذُكِّرْتُمْ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط اور اس کی جزاء محذوف ہے تَطَيَّرْتُمْ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ بَلْ حرف اضراب اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ جَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۰﴾ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّ هُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۰، ۲۱: واؤ استینافیہ جَآءَ فعل مِنْ جارہ اَقْصَى الْمَدِيْنَةِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے رَجُلٌ موصوف يَسْعٰى فعل باهُوَ مستتر فاعل صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قَالَ فعل باهُوَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، يٰقَوْمِ یہ اصل میں يَا قَوْمِيْ ہے اور یہ نداء ہے اِتَّبِعُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل اَلْمُرْسَلِيْنَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ مؤکد، اِتَّبِعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مَنْ اسم موصول لَا يَسْـَٔلُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، اَجْرًا مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، مُهْتَدُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ تاکید، مؤکد باتاکید جواب

ندا، ندا با جواب ندا مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ بتقدیر قَدْ "رَجُلٌ" سے حال ہوا۔

وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: واؤ عاطفہ مَا اسم استفہام مبتدا، لام جارہ یاء ضمیر ذوالحال لَآ اَعْبُدُ فعل اَنَا مستتر فاعل اَلَّذِيْ اسم موصول فَطَرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ، پھر یہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلَيْهِ متعلق مقدم سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: ھمزہ حرف استفہام اَتَّخِذُ فعل اَنَا مستتر فاعل مِنْ دُوْنِهٖ جار با مجرور مفعول بہ ثانی، اٰلِهَةً مفعول بہ اوّل، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ اِنْ شرطیہ يُرِدْ فعل نون وقایہ کا، یاء محذوفہ مفعول بہ اَلرَّحْمٰنُ فاعل بِضُرٍّ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَا تُغْنِ فعل عَنِّيْ جار با مجرور متعلق، شَفَاعَتُهُمْ مرکب اضافی فاعل شَيْـًٔا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يُنْقِذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا ہے یاء محذوفہ مفعول بہ، پھر یہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ معللہ ہوا (روح المعانی) اور بعض حضرات نے اٰلِهَةً کی صفت بنایا ہے اور یہ بھی درست ہے۔

اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم اِذًا حرف جواب و جزاء مہمل لام مذحلقہ فِيْ حرف جار ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم اٰمَنْتُ فعل تاء مضمومہ فاعل بِرَبِّكُمْ جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے لَمَّا كُنْتُ نَاصِحًا لَكُمْ، اِسْمَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یاء محذوفہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ۭ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۶، ۲۷: قِيْلَ فعل مجہول ھُوَ ضمیر مستتر راجع بسوئے مصدر اَلْقَوْلُ نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل قول، اُدْخُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَلْجَنَّةَ مفعول بہ سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، یاء حرف تنبیہ (اعراب القرآن) لَيْتَ حرف تمنی قَوْمِيْ مرکب اضافی اس کا اسم يَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ غَفَرَ فعل

لِی جار باجرور متعلق رَبِّی مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ مِنَ الْمُکْرَمِیْنَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور یَعْلَمُوْنَ کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، لَیْتَ با اسم و خبر جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰی قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: واؤ استینافیہ مَا نافیہ اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلٰی قَوْمِهٖ جار باجرور متعلق، مِنْۢ بَعْدِهٖ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، مِنْ جارہ زائدہ جُنْدٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب موصوف مِّنَ السَّمَآءِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ کُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم مُنْزِلِيْنَ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: اِنْ نافیہ کَانَتْ فعل ناقص ھِیَ مستتر اس کا اسم اِلَّا حرف استثناء صَيْحَةً وَّاحِدَةً مرکب توصیفی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف علیہ، فاء عاطفہ اِذَا مفاجاتیہ ھُمْ ضمیر مبتدا، خٰمِدُوْنَ خبر سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ اصل میں یَا ھٰؤُلَاءِ تَحَسَّرُوْا حَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ہے (روح المعانی) اور اس کی ترکیب محتاج بیان نہیں ہے واضح ہے، مَا نافیہ یَاْتِیْ فعل ھِمْ ضمیر ذوالحال اِلَّا حرف استثناء کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَسْتَهْزِءُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مفعول بہ مِنْ جارہ زائدہ رَّسُوْلٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: ھمزہ حرف استفہام لَمْ يَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کَمْ خبریہ ذوالحال مِّنَ الْقُرُوْنِ جار باجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ مقدم، اَهْلَكْنَا فعل نَا ضمیر فاعل قَبْلَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مبدل منہ، اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اس کا اسم لَا يَرْجِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَيْهِمْ متعلق سے مل کر خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بدل، مبدل منہ بابدل لَمْ يَرَوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: واؤ عاطفہ اِنْ نافیہ كُلٌّ مبتدا، لَمَّا بمعنی اِلَّا "جَمِيْعٌ" خبر اوّل مُحْضَرُوْنَ اسم مفعول ھُمْ ضمیر مستتر نائب فاعل

لَدَیْنَا مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم سے مل کر خبر ثانی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رکوع نمبر ۳

وَاٰیَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَیْتَةُ ۖۚ اَحْیَیْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ یَاْكُلُوْنَ ۝۳۳

آیت نمبر ۳۳: واؤ استینافیہ اٰیَةٌ موصوف لَهُمْ کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا، اَلْاَرْضُ الْمَیْتَةُ مرکب توصیفی ذوالحال اَحْیَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَخْرَجْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْهَا متعلق حَبًّا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال باحال خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فاء تفریعیہ یَاْكُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهُ متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَجَعَلْنَا فِیْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِیْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِیْهَا مِنَ الْعُیُوْنِ ۝۳۴

آیت نمبر ۳۴: واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِیْهَا جار با مجرور متعلق جَنّٰتٍ موصوف مِنْ جارہ نَخِیْلٍ وَّاَعْنَابٍ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فَجَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِیْهَا جار با مجرور متعلق کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف شَیْئًا کے مفعول بہ (روح المعانی) فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف پھر اَحْیَیْنَا پہ معطوف ہے۔

لِیَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَیْدِیْهِمْ ؕ اَفَلَا یَشْكُرُوْنَ ۝۳۵

آیت نمبر ۳۵: لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَاْكُلُوْا فعل، واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ ثَمَرِهٖ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول عَمِلَتْ فعل هٗ ضمیر مفعول بہ اَیْدِیْهِمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے جَعَلْنَا کے، هَمزہ حرف استفہام فاء عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے یَرَوْنَ هٰذِهِ النِّعَمَ، لَا یَشْكُرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ انشائیہ ہوا۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ ۝۳۶

آیت نمبر ۳۶: سُبْحَانَ مضاف اَلَّذِیْ اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مؤکد با تاکید ذوالحال مِنْ جارہ مَا اسم موصول تُنْۢبِتُ فعل اَلْاَرْضُ فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ اَنْفُسِهِمْ جار با مجرور معطوف اول، واؤ عاطفہ مِنْ جارہ مَا اسم موصول لَا یَعْلَمُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال خَلَقَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول مطلق ہوا فعل محذوف اُسَبِّحُ کا...الخ

وَ اٰیَةٌ لَّهُمُ الَّیْلُ ۚۖ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾

وَ مَا یَسْتَوِی الْاَعْمٰی وَ الْبَصِیْرُ ۙ۬ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ لَا الْمُسِیْٓءُ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾

آیت نمبر ۵۸: واؤعاطفہ مَا نافیہ یَسْتَوِیْ فعل الْاَعْمٰی معطوف علیہ،واؤعاطفہ الْبَصِیْرُ معطوف اوّل،واؤعاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ خبریہ معطوف علیہ،واؤعاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ مفعول بہ سے مل کر جملہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی،واؤ عاطفہ لَا زائدہ الْمُسِیْٓءُ معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ

فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ قَلِیْلًا بواسطہ موصوف محذوف تَذَکَّرُوْا کے مفعول مطلق مقدم مَازائدہ تَتَذَکَّرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و مفعول مطلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ السَّاعَۃَ لَاٰتِیَۃٌ لَّا رَیْبَ فِیْہَا وَ لٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۹﴾

آیت نمبر ۵۹: اِنَّ حرف تحقیق السَّاعَۃَ اس کا اسم لَام مزحلقہ تاکید یہ اٰتِیَۃٌ خبر اوّل، لَا نفی جنس رَیْبَ اس کا اسم فِیْ حرف جر ھَا ضمیر ذوالحال، واؤ حالیہ لٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یُؤْمِنُوْنَ کی ترکیب واضح ہے اور یہ حال ہے، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّ کی خبر ثانی، اِنَّ بااسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ قَالَ رَبُّکُمُ ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ ؕ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ

سَیَدْخُلُوْنَ جَہَنَّمَ دٰخِرِیْنَ ﴿۶۰﴾

آیت نمبر ۶۰: واؤ استینا فیہ قَالَ فعل رَبُّکُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر قول، اُدْعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اَسْتَجِبْ فعل اَنَا مستتر فاعل لَکُمْ متعلق سے مل کر جزاء ہوئی شرط محذوف اِنْ تَدْعُوْنِیْ کی، (کیونکہ یہ جواب امر ہے) شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَسْتَکْبِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ عِبَادَتِیْ ظرف لغو متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم، سین علامت فعل، یَدْخُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال، دٰخِرِیْنَ حال، ذوالحال باحال فاعل جَہَنَّمَ مفعول بہ (علی السعۃ) فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۷ ❁

اَللّٰہُ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الَّیْلَ لِتَسْکُنُوْا فِیْہِ وَ النَّہَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَی

النَّاسِ وَ لٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَشْکُرُوْنَ ﴿۶۱﴾

آیت نمبر ۶۱: اَللّٰہُ مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول جَعَلَ بمعنی خَلَقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَکُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے الَّیْلَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ النَّہَارَ ذوالحال مُبْصِرًا حال، ذوالحال باحال معطوف، معطوف علیہ با معطوف جَعَلَ کا مفعول بہ، لَام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، تَسْکُنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْہِ جار بامجرور متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی، فعل بافاعل و متعلقین صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم لَام مزحلقہ ذُوْ مضاف فَضْلٍ مصدر عَلَی النَّاسِ مصدر کے متعلق ہوئے، مصدر با متعلق مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰکِنَّ حرف استدراک اَکْثَرَ النَّاسِ مرکب اضافی اس کا اسم لَا یَشْکُرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، لٰکِنَّ بااسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

ذٰلِکُمُ اللّٰہُ رَبُّکُمْ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ ۘ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ فَاَنّٰی تُؤْفَکُوْنَ ﴿۶۲﴾

آیت نمبر ۶۲: ذٰلِکُمُ اسم اشارہ مبتدا، اَللّٰهُ خبر اوّل، رَبُّکُمْ مرکب اضافی خبر ثانی، خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ خبر ثالث، مبتدا با اخبار ثلاثہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ کی ترکیب سورۃ المزمل میں دیکھیے۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، یا اِذَا کَانَتْ صِفَاتُ اللّٰهِ هٰذِهٖ، اَنّٰی کَائِنِیْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم، تُؤْفَکُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال، ذوالحال با حال نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

كَذٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِيْنَ كَانُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۶۳﴾

آیت نمبر ۶۳: کَذٰلِکَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِفْکًا کے مفعول مطلق مقدم، یُؤْفَکُ فعل مجہول اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، یَجْحَدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰیٰتِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول مطلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً وَّصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ښ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۴﴾

آیت نمبر ۶۴: اَللّٰهُ مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَکُمْ کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم، اَلْاَرْضَ ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ اوّل، قَرَارًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلسَّمَآءَ جَعَلَ کا مفعول بہ اوّل، بِنَآءً مفعول بہ ثانی، اور یہ دونوں بواسطہ عطف کے ہیں، واؤ عاطفہ صَوَّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَحْسَنَ فعل هُوَ مستتر فاعل صُوَرَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ رَزَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، مِنَ الطَّیِّبٰتِ متعلق سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین معطوف علیہ اوّل کا معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِکُمْ مبتدا، اَللّٰهُ خبر اوّل، رَبُّکُمْ مرکب اضافی خبر ثانی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ تَبٰرَکَ فعل اَللّٰهُ موصوف رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ مرکب اضافی صفت، موصوف با صفت فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ سابقہ جملہ اسمیہ پر معطوف ہے۔

هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۭ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۵﴾

آیت نمبر ۶۵: هُوَ مبتدا، اَلْحَیُّ خبر اوّل، لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ "لَا" اپنے اسم و خبر سے مل کر خبر ثانی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ ہے اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، اُدْعُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مُخْلِصِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل لَهٗ متعلق اَلدِّیْنَ مفعول بہ سے مل کر حال، ذوالحال با حال فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ امریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اَلْحَمْدُ مبتدا، لَام جارہ اَللّٰهِ موصوف رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ مرکب اضافی صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِيَ الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّيْ وَ

اُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦٦﴾

آیت نمبر ۶۶: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول ہوا، اِنِّیْ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم نُهِيْتُ فعل مجہول تَاء مضمومہ نائب فاعل اَنْ ناصبہ اَعْبُدَ فعل اَنَا مستتر فاعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول تَدْعُوْنَ فعل اور فاعل مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اَعْبُدَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض مفعول بہ، لَمَّا بمعنی حِيْنَ مضاف، جَآءَ فعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ اَلْبَيِّنٰتُ ذوالحال مِنْ رَّبِّیْ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ نُهِيْتُ کا مفعول فیہ، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُمِرْتُ فعل مجہول تَاء مضمومہ نائب فاعل اَنْ ناصبہ اُسْلِمَ فعل اَنَا مستتر فاعل لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض مفعول بہ، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٧﴾

آیت نمبر ۶۷: هُوَ مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، مِنْ تُرَابٍ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ مِنْ نُّطْفَةٍ جار بامجرور معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ مِنْ عَلَقَةٍ جار بامجرور معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ يُخْرِجُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر ذوالحال، طِفْلًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ لَام جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، تَبْلُغُوْٓا فعل واؤ ضمیر فاعل اَشُدَّ كُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَام جارہ تَكُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم شُيُوْخًا خبر سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ظرف مستقر متعلق ہوئے فعل محذوف يُبْقِيْكُمْ کے، يُبْقِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ و متعلق سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ عاطفہ مِنْكُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول يُتَوَفّٰى فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل مِنْ قَبْلُ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ خَلَقَكُمْ پر معطوف ہے۔ واؤ عاطفہ لَام جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، تَبْلُغُوْٓا فعل واؤ ضمیر فاعل اَجَلًا مُّسَمًّى مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف نَفْعَلُ ذٰلِكَ کے، نَفْعَلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ذٰلِكَ مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَعَلَّ حرف ترجی كُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْقِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لَعَلَّ بااسم و خبر جملہ انشائیہ ترجیہ معطوفہ ہوا۔

هُوَ الَّذِیْ یُحْیٖ وَ یُمِیْتُ ۚ فَاِذَا قَضٰۤی اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ﴿۶۸﴾

آیت نمبر ۶۸: هُوَ مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول یُحْیٖ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُمِیْتُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم، قَضٰی فعل هُوَ مستتر فاعل اَمْرًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ یَقُوْلُ فعل هُوَ مستتر فاعل لَهٗ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، كُنْ فعل تام با اَنْتَ مستتر فاعل مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء استینافیہ یَكُوْنُ فعل تام هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّمَا یَقُوْلُ پر معطوف ہے۔

❁ رکوع نمبر ❁

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ یُجَادِلُوْنَ فِیْۤ اٰیٰتِ اللّٰهِ ؕ اَنّٰى یُصْرَفُوْنَ ﴿۶۹﴾ اَلَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِالْكِتٰبِ
وَ بِمَاۤ اَرْسَلْنَا بِهٖ رُسُلَنَا ۛ۫ فَسَوْفَ یَعْلَمُوْنَ ﴿۷۰﴾ اِذِ الْاَغْلٰلُ فِیْۤ اَعْنَاقِهِمْ وَ السَّلٰسِلُ ؕ
یُسْحَبُوْنَ ﴿۷۱﴾ فِی الْحَمِیْمِ ۙ۬ ثُمَّ فِی النَّارِ یُسْجَرُوْنَ ﴿۷۲﴾

آیت نمبر ۶۹، ۷۰، ۷۱، ۷۲: همزہ استفہامیہ لَمْ تَرَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِلٰی جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُجَادِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْۤ اٰیٰتِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبدل منہ، اَلَّذِیْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْكِتٰبِ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَاء جارہ مَا موصولہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِهٖ متعلق رُسُلَنَا مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف كَذَّبُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ بدل، مبدل منہ با بدل مجرور، جار با مجرور لَمْ تَرَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اَنّٰی استفہامیہ کَائِنِیْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم یُصْرَفُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ فَاء استینافیہ یا فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا جَآءَ الْعَذَابُ، سَوْفَ علامت فعل، یَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِذْ مضاف اَلْاَغْلٰلُ وَ السَّلٰسِلُ معطوف علیہ با معطوف مبتدا، فِیْ حرف جر اَعْنَاقِ مضاف هِمْ ضمیر ذوالحال، یُسْحَبُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِی الْحَمِیْمِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ یُسْجَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِی النَّارِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال با حال اَعْنَاقِ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ یَعْلَمُوْنَ کا مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ یا شرط محذوف کی جزاء ہے۔

ثُمَّ قِیْلَ لَهُمْ اَیْنَ مَا كُنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿۷۳﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا بَلْ لَّمْ
نَكُنْ نَّدْعُوْا مِنْ قَبْلُ شَیْـًٔا ؕ كَذٰلِكَ یُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۷۴﴾

آیت نمبر ۷۳، ۷۴: ثُمَّ عاطفہ قِیْلَ ماضی مجہول لَهُمْ جار بامجرور قائم مقام نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل قول، اَیْنَ کَائِنٌ کامفعول فیہ ہو کر خبر مقدم، مَا اسم موصول کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تُشْرِکُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، ضَلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنَّا متعلق سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ بیانیہ ہوا۔ بَلْ برائے اضراب لَمْ نَکُنْ فعل ناقص نَحْنُ مستتر اسم، نَدْعُوْا فعل نَحْنُ ضمیر ذوالحال، مِنْ قَبْلُ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل شَیْئًا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ کَذٰلِكَ جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر اِضْلَالًا موصوف محذوف کے واسطہ سے مفعول مطلق مقدم یُضِلُّ فعل اَللّٰهُ فاعل اَلْکٰفِرِیْنَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ ﴿۷۵﴾

آیت نمبر ۷۵: ذٰلِكُمْ اسم اشارہ مبتدا، بَاء جارہ مَا موصولہ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَفْرَحُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِغَیْرِ الْحَقِّ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فِی الْاَرْضِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بِمَا کُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اُدْخُلُوْا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۶﴾

آیت نمبر ۷۶: اُدْخُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر ذوالحال، خٰلِدِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل فِیْهَا متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل اَبْوَابَ جَهَنَّمَ مرکب اضافی مفعول بہ (عَلَی السَّعَۃِ) فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ یا فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ تَدْخُلُوْا جَهَنَّمَ، بِئْسَ فعل ذم مَثْوَی الْمُتَکَبِّرِیْنَ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل خبر، مبتدا محذوف ہے جَهَنَّمُ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۷۷﴾

آیت نمبر ۷۷: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ صَدُّوْا وَاَعْرَضُوْا، اِصْبِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر مُعَلَّل، اِنَّ حرف تحقیق وَعْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی اسم حَقٌّ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مُعَلِّل، مُعَلَّل بامُعَلِّل جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء استینا فیہ اِنْ شرطیہ مَا زائدہ نُرِیَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اول بَعْضَ مضاف اَلَّذِیْ اسم موصول نَعِدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اس کی جزاء محذوف ہے فَهُوَ ذٰلِكَ، شرط باجزاء معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ یہاں اِنْ شرطیہ مقدر ہے

نَتَوَفَّيَنَّ فعل نَحْنُ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ یُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلَيْنَا جار بامجرور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ؕ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۸: واؤ استینافیہ لام موطئہ للقسم قسم محذوف ہے، قَدْ علامت فعل اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل رُسُلًا موصوف مِنْ قَبْلِكَ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَنْ موصولہ قَصَصْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْكَ جار بامجرور متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَنْ اسم موصول لَمْ نَقْصُصْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَلَيْكَ جار بامجرور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صفت ثانیہ، موصوف باصفتین اَرْسَلْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص لِرَسُوْلٍ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَنْ ناصبہ يَّاْتِيَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِاٰيَةٍ متعلق اول، اِلَّا حرف استثناء بِاِذْنِ اللّٰهِ متعلق دوم سے مل کر بتاویل مصدر اسم مؤخر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ فاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل اَمْرُ اللّٰهِ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل ومفعول فیہ شرط، قُضِيَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل بِالْحَقِّ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ خَسِرَ فعل هُنَالِكَ ظرف مکان مفعول فیہ الْمُبْطِلُوْنَ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۹ ❁

اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۹: اَللّٰهُ مبتدا، الَّذِيْ اسم موصول جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ متعلق الْاَنْعَامَ مفعول بہ، لام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، تَرْكَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهَا متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور جَعَلَ کے متعلق دوم، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ یا اعتراضیہ مِنْهَا ظرف لغو متعلق مقدم تَاْكُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ یا معترضہ ہوا۔

وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا عَلَيْهَا حَاجَةً فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۸۰: واؤ عاطفہ لَكُمْ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، فِيْهَا ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم، مَنَافِعُ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لام جارہ تعلیلیہ اور یہاں اَنْ مقدر ہے، تَبْلُغُوْا فعل

واؤ ضمیر فاعل عَلَيْهَا جار بامجرور متعلق ہوئے، حَاجَةً موصوف فِيْ صُدُوْرِكُمْ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور بواسطہ عطف کے جَعَلَ کے متعلق۔ واؤ عاطفہ عَلَيْهَا جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَلَى الْفُلْكِ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق مقدم تُحْمَلُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ ۖ فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُنْكِرُوْنَ ﴿۸۱﴾

آیت نمبر ۸۱: واؤ عاطفہ يُرِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول، اٰيٰتِهٖ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء استینا فیہ اَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ مقدم تُنْكِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَاَشَدَّ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۸۲﴾

آیت نمبر ۸۲: ھمزہ استفہامیہ فاء عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے عَجَزُوْا، لَمْ يَسِيْرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِي الْاَرْضِ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، فاء عاطفہ يَنْظُرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كَيْفَ كَائِنَةً کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم، كَانَ فعل ناقص عَاقِبَةُ مضاف الَّذِيْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِهِمْ ظرف مستقر ثَبَتُوْا فعل محذوف کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ اسم كَانَ فعل ناقص باسم و خبر يَنْظُرُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم اَكْثَرَ اسم تفضیل هُمْ مستتر فاعل مِنْهُمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَشَدَّ اسم تفضیل هُمْ مستتر فاعل قُوَّةً معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰثَارًا موصوف فِي الْاَرْضِ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف تمیز، اسم تفضیل بافاعل و تمیز شبہ جملہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف كَانُوْا کی خبر، فعل ناقص باسم و خبر معطوف علیہ، فاء عاطفہ مَا نافیہ اَغْنٰى فعل عَنْهُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، يَكْسِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اَغْنٰى کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَلَمَّا جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۸۳﴾

آیت نمبر ۸۳: فاء عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَاۗءَتْ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، رُسُلُهُمْ مرکب اضافی فاعل بِالْبَيِّنٰتِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَرِحُوْا فعل باء جارہ مَا اسم موصول عِنْدَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا فعل محذوف ثَبَتَ کا، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، مِنَ الْعِلْمِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال

باحال مجرور، جار بامجرور فَرِحُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ حَاقَ فعل بِهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، يَسْتَهْزِءُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص بااسم وخبر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ مُشْرِكِيْنَ ﴿۸۴﴾

آیت نمبر ۸۴: فاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم، رَاَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاْسَنَا مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل بَاء جارہ اَللّٰهِ ذوالحال وَحْدَهٗ مرکب اضافی بمعنی مُوَحِّدًا کے حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَفَرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم مُشْرِكِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل بِهٖ متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ؕ سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾

آیت نمبر ۸۵: فاء عاطفہ لَمْ يَكُ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم يَنْفَعُ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، اِيْمَانُهُمْ مرکب اضافی فاعل، لَمَّا ظرفیہ مضاف رَاَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاْسَنَا مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ سُنَّتَ اللّٰهِ مرکب اضافی موصوف الَّتِيْ اسم موصول قَدْ حرف تحقیق خَلَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل فِيْ عِبَادِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مفعول مطلق ہوا فعل محذوف سَنَّ اللّٰهُ کا، سَنَّ اللّٰهُ فعل بافاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ خَسِرَ فعل هُنَالِكَ مفعول فیہ الْكٰفِرُوْنَ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ لَمْ يَكُ پر معطوف ہے۔

ترکیب سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَة

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ حٰمٓ ۝۱ تَنْزِیْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝۲ كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰیٰتُهٗ
قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا لِّقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ۝۳ بَشِیْرًا وَّ نَذِیْرًا ۚ فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا یَسْمَعُوْنَ ۝۴

آیت نمبر۱، ۲، ۳، ۴: حٰمٓ خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ تَنْزِیْلٌ مصدر مِنْ جارہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، مصدر با متعلق مبدل منہ كِتٰبٌ موصوف فُصِّلَتْ فعل مجہول اٰیٰتُهٗ مرکب اضافی نائب فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال قُرْاٰنًا موصوف عَرَبِیًّا صفت اولیٰ، بَشِیْرًا وَّ نَذِیْرًا معطوف علیہ بامعطوف صفت ثانی، موصوف باصفتین حال، ذوالحال باحال بدل، مبدل منہ بابدل خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لام حرف جر قَوْمٍ موصوف یَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فُصِّلَتْ کے، فاء عاطفہ اَعْرَضَ فعل اَكْثَرُهُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ هُمْ ضمیر مرفوع مبتدا، لَا یَسْمَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَ قَالُوْا قُلُوْبُنَا فِیْۤ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَاۤ اِلَیْهِ وَ فِیْۤ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّ مِنْۢ بَیْنِنَا وَ بَیْنِكَ
حِجَابٌ فَاعْمَلْ اِنَّنَا عٰمِلُوْنَ ۝۵

آیت نمبر۵: واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، قُلُوْبُنَا مرکب اضافی مبتدا، فِیْ حرف جر اَكِنَّةٍ موصوف مِنْ حرف جر مَا موصولہ تَدْعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، اِلَیْهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوا فعل محذوف تَمْنَعُ کا، تَمْنَعُ فعل هِیَ مستتر فاعل و متعلق سے مل کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فِیْ اٰذَانِنَا كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، وَقْرٌ مبتدا موخر، مبتدا باخبر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مِنْ جارہ بَیْنِنَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَیْنِكَ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، حِجَابٌ مبتدا موخر، مبتدا باخبر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِنْ عَرَفْتَ مَا بَیَّنَّاهُ، اِعْمَلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم عٰمِلُوْنَ خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلِّلَہ ہوا۔

قُلْ اِنَّمَاۤ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ یُوْحٰۤی اِلَیَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاسْتَقِیْمُوْۤا اِلَیْهِ وَ اسْتَغْفِرُوْهُ ؕ
وَ وَیْلٌ لِّلْمُشْرِكِیْنَ ۝۶ الَّذِیْنَ لَا یُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَ هُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ۝۷

آیت نمبر۶، ۷: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ اَنَا ضمیر مبتدا، بَشَرٌ موصوف مِثْلُكُمْ

مرکب اضافی صفت اوّل، یُوْحٰی فعل مجہول اِلَیَّ جار باجرور اس کے متعلق ہوئے، اَنَّ حرف تحقیق مَا کافہ اِلٰهُكُمْ مرکب اضافی مبتدا، اِلٰهٌ وَّاحِدٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت ثانی، موصوف باصفتین خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، اِسْتَقِیْمُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِلَیْهِ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْتَغْفِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ وَیْلٌ مبتدا، لام جارہ الْمُشْرِکِیْنَ موصوف الَّذِیْنَ اسم موصول لَا یُؤْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الزَّکٰوةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار باجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر اوّل مؤکد هُمْ ضمیر ثانی تاکید، مؤکد باتاکید مبتدا، کٰفِرُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل بِالْاٰخِرَةِ متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَیْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿۸﴾

آیت نمبر۸: اِنَّ حرف تحقیق الَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم، لَهُمْ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَجْرٌ موصوف غَیْرُ مَمْنُوْنٍ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر۲ ❁

قُلْ اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِیْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِیْ یَوْمَیْنِ وَ تَجْعَلُوْنَ لَهٗۤ اَنْدَادًا ؕ ذٰلِكَ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۹﴾ وَ جَعَلَ فِیْهَا رَوَاسِیَ مِنْ فَوْقِهَا وَ بٰرَكَ فِیْهَا وَ قَدَّرَ فِیْهَاۤ اَقْوَاتَهَا فِیْۤ اَرْبَعَةِ اَیَّامٍ ؕ سَوَآءً لِّلسَّآئِلِیْنَ ﴿۱۰﴾

آیت نمبر۹،۱۰: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، همزہ استفہامیہ اِنَّ حرف تحقیق کُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم، لام مزحلقہ تَكْفُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل باء حرف جار الَّذِیْ اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل الْاَرْضَ مفعول بہ، فِیْ یَوْمَیْنِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل فِیْهَا متعلق ہوئے رَوَاسِیَ موصوف مِنْ فَوْقِهَا کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ بٰرَكَ فعل هُوَ مستتر فاعل فِیْهَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ قَدَّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل فِیْهَا متعلق اوّل، اَقْوَاتَهَا مرکب اضافی مفعول بہ، فِیْ اَرْبَعَةِ اَیَّامٍ متعلق دوم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، تَكْفُرُوْنَ فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَجْعَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لَهٗ جار باجرور محلًا منصوب مفعول ثانی، اَنْدَادًا مفعول اوّل، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر

مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ ذٰلِكَ مبتدا، رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ سَوَآءً مصدر لِلسَّآئِلِيْنَ جار بامجرور متعلق ہوئے، مصدر بامتعلق مفعول مطلق ہوا فعل محذوف اِسْتَوَتِ الْاَيَّامُ الْاَرْبَعَةُ کا، فعل بافاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ؕ قَالَتَآ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱: ثُمَّ عاطفہ اِسْتَوٰى فعل هُوَ مستتر فاعل اِلٰى جارہ السَّمَآءِ ذوالحال ل، واؤ حالیہ هِيَ ضمیر مبتدا، دُخَانٌ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور اِسْتَوٰى کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَهَا وَلِلْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق قول، اِئْتِيَا فعل امر الف ضمیر ذوالحال طَوْعًا اَوْ كَرْهًا معطوف علیہ بامعطوف اسم فاعل کے معنی میں ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ امریہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ قَالَتَا فعل الف ضمیر فاعل سے مل کر قول، اَتَيْنَا فعل نَا ضمیر ذوالحال طَآئِعِيْنَ حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا ؕ وَزَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ ۖ وَحِفْظًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: فَاء عاطفہ قَضٰى فعل هُوَ مستتر فاعل هُنَّ ضمیر ذوالحال سَبْعَ سَمٰوَاتٍ مرکب اضافی حال، ذوالحال باحال مفعول بہ فِيْ يَوْمَيْنِ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَوْحٰى فعل هُوَ مستتر فاعل فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ متعلق اَمْرَهَا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ زَيَّنَّا فعل نَا ضمیر فاعل السَّمَآءَ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مفعول بہ، بِمَصَابِيْحَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ حِفْظًا مفعول مطلق ہے فعل محذوف حَفِظْنَاهَا کا، فعل بافاعل ومفعولین معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، تَقْدِيْرُ مضاف الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّثَمُوْدَ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: فاء استینافیہ اِنْ شرطیہ اَعْرَضُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَنْذَرْتُ فعل تَاء مضمومہ ضمیر فاعل مرفوع فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول صٰعِقَةً موصوف مِثْلَ مضاف صٰعِقَةِ مضاف الیہ مضاف، عَادٍ وَّثَمُوْدَ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مِثْلَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ صٰعِقَةً کی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ دوم، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

إِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْۢ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ أَلَّا تَعْبُدُوٓا۟ إِلَّا ٱللَّهَ ۖ قَالُوا۟ لَوْ شَآءَ رَبُّنَا لَأَنزَلَ مَلَٰٓئِكَةً فَإِنَّا بِمَآ أُرْسِلْتُم بِهِۦ كَٰفِرُونَ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: اِذْ مضاف جَآءَتْ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، اَلرُّسُلُ فاعل مِنْ حرف جر بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ خَلْفِهِمْ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ظرف لغو متعلق ہوئے اَنْ مصدریہ ناصبہ لَا تَعْبُدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو اللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض کے ساتھ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا صٰعِقَةً کا، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، لَوْ شرطیہ شَآءَ فعل رَبُّنَا مرکب اضافی فاعل سے مل کر شرط، لام تاکیدیہ اَنْزَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل مَلٰٓئِكَةً مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اسم، كٰفِرُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل، بَاء جارہ مَا موصولہ اُرْسِلْتُمْ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

فَأَمَّا عَادٌ فَٱسْتَكْبَرُوا۟ فِى ٱلْأَرْضِ بِغَيْرِ ٱلْحَقِّ وَقَالُوا۟ مَنْ أَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ۖ أَوَلَمْ يَرَوْا۟ أَنَّ ٱللَّهَ ٱلَّذِى خَلَقَهُمْ هُوَ أَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۖ وَكَانُوا۟ بِـَٔايَٰتِنَا يَجْحَدُونَ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: فاء تفریعیہ اَمَّا حرف شرط و تفسیر عَادٌ مبتدا قائم مقام شرط، فاء جزائیہ اِسْتَكْبَرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِغَيْرِ الْحَقِّ مُتَلَبِّسِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فِى الْاَرْضِ متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، مَنْ استفہامیہ مبتدا، اَشَدُّ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنَّا متعلق قُوَّةً تمیز سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَجْحَدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا متعلق سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ھمزہ استفہامیہ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے غَفَلُوْا، لَمْ يَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اللّٰهَ موصوف اَلَّذِىْ اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت اَنَّ کا اسم هُوَ مبتدا، اَشَدُّ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنْهُمْ متعلق قُوَّةً تمیز سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اَنَّ کی خبر، اَنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد لَمْ يَرَوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِىٓ أَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيقَهُمْ عَذَابَ ٱلْخِزْىِ فِى ٱلْحَيَوٰةِ ٱلدُّنْيَا ۖ وَلَعَذَابُ ٱلْءَاخِرَةِ أَخْزَىٰ ۖ وَهُمْ لَا يُنصَرُونَ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: فاء عاطفہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، رِيْحًا موصوف صَرْصَرًا صفت اولیٰ، فِىْ جارہ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین اَرْسَلْنَا کا مفعول بہ، لام جارہ

تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے،نُذِيْقَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول،عَذَابَ الْخِزْيِ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی،فِي حرف جر الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مجرور،جار بامجرور متعلق ہوئے،فعل بافاعل ومفعولین ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور،جار بامجرور اَرْسَلْنَا کا دوسرا متعلق ہوا،فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔واؤ اعتراضیہ لَام ابتدائیہ عَذَابُ الْاٰخِرَةِ مرکب اضافی مبتدا،اَخْزٰی اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر،مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ،واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا،لَا يُنْصَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر خبر،مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف،معطوف علیہ با معطوف جملہ معترضہ ہوا۔

وَ اَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى فَاَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُوْنِ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷:واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط وتفسیر ثَمُوْدُ مبتدا قائم مقام شرط،فاء جزائیہ هَدَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ،فاء عاطفہ اِسْتَحَبُّوا فعل واؤ ضمیر فاعل الْعَمٰى مفعول بہ،عَلَى الْهُدٰى متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول،فاء عاطفہ اَخَذَتْ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ،صٰعِقَةُ مضاف الْعَذَابِ الْهُوْنِ مرکب توصیفی مضاف الیہ،مضاف بامضاف الیہ فاعل،بَاء جارہ مَا موصولہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم،يَكْسِبُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر،فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ،موصول باصلہ مجرور،جار بامجرور اَخَذَتْ کے متعلق ہوئے،فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی،معطوف علیہ بامعطوفین خبر قائم مقام جزاء،مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ نَجَّيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ كَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸:واؤ عاطفہ نَجَّيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ،واؤ عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم،يَتَّقُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر،فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف،معطوف علیہ با معطوف صلہ،موصول باصلہ مفعول بہ،فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

رکوع نمبر ۳

وَ يَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۹﴾ حَتّٰۤى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَ اَبْصَارُهُمْ وَ جُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۱۹،۲۰:واؤ استینا فیہ يَوْمَ مضاف يُحْشَرُ فعل مجہول اَعْدَآءُ اللّٰهِ مرکب اضافی نائب فاعل اِلَى النَّارِ جار بامجرور متعلق اول،حَتّٰى حرف جر برائے غایت اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم،مَا زائدہ جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط،شَهِدَ فعل عَلَيْهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے،سَمْعُهُمْ وَ اَبْصَارُهُمْ وَ جُلُوْدُهُمْ معطوف علیہ بامعطوفین فاعل،بَاء جارہ مَا موصولہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم،يَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر،فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ

صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی، فعل بافاعل و متعلقین جزاء، شرط باجزاء مجرور، جار بامجرور یُحْشَرُ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلقین معطوف علیہ، فاء عاطفہ ھُمْ مبتدا، یُوْزَعُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، فعل امر بااَنْتَ ضمیر فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

وَ قَالُوْا لِجُلُوْدِھِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ؕ قَالُوْۤا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْۤ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَّ هُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل لِجُلُوْدِھِمْ متعلق سے مل کر قول، لِمَ جار بامجرور متعلق مقدم شَهِدْتُّمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل عَلَيْنَا متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، اَنْطَقَ فعل نَا ضمیر مفعول بہ، اَللّٰهُ موصوف الَّذِيْ اسم موصول اَنْطَقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل كُلَّ شَيْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا، خَلَقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، اَوَّلَ مَرَّةٍ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ تُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلَيْهِ متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَ مَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَ لَاۤ اَبْصَارُكُمْ وَ لَا جُلُوْدُكُمْ وَ لٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: واؤ عاطفہ مَا نافیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم، تَسْتَتِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ ناصبہ يَّشْهَدَ فعل عَلَيْكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، سَمْعُكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَبْصَارُكُمْ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا زائدہ جُلُوْدُكُمْ مرکب اضافی معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین يَشْهَدَ کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض تَسْتَتِرُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہملہ ظَنَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم لَا يَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل كَثِيْرًا موصوف مِنْ حرف جار مَا اسم موصول تَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر، اَنَّ بااسم و خبر ظَنَنْتُمْ کے دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَ ذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: واؤ عاطفہ ذٰلِكُمْ اسم اشارہ مبتدا، ظَنُّكُمْ مرکب اضافی موصوف الَّذِيْ اسم موصول ظَنَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل

بِرَبِّکُمْ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت خبر اوّل، اَرْدٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَصْبَحْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم مِنَ الْخٰسِرِیْنَ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر ثانی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَاِنْ یَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًی لَّهُمْ ۚ وَاِنْ یَّسْتَعْتِبُوْا فَمَا هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِیْنَ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: فاء استینافیہ اِنْ شرطیہ یَصْبِرُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ النَّارُ مبتدا، مَثْوٰی موصوف لَهُمْ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ یَسْتَعْتِبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر شرط، فاء جزائیہ مَا حجازیہ هُمْ ضمیر اس کا اسم مِنَ الْمُعْتَبِیْنَ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَ قَیَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَیَّنُوْا لَهُمْ مَّا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ وَ حَقَّ عَلَیْهِمُ الْقَوْلُ فِیْۤ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِیْنَ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: واؤ عاطفہ قَیَّضْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَهُمْ متعلق قُرَنَآءَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ زَیَّنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَهُمْ متعلق مَا موصولہ بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ مرکب اضافی وَقَعَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ خَلْفَهُمْ مرکب اضافی ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ زَیَّنُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ حَقَّ فعل الْقَوْلُ فاعل عَلٰی حرف جر ھِمْ ضمیر ذوالحال، فِیْ جارہ اُمَمٍ موصوف قَدْ خَلَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل مِنْ قَبْلِهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت اولی، مِنْ جارہ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مجرور، جار با مجرور کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور حَقَّ کے متعلق، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، خٰسِرِیْنَ خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلِّلہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

وَ قَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَ الْغَوْا فِیْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: واؤ استینافیہ قَالَ فعل الَّذِیْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ فاعل، فعل با فاعل قول، لَا تَسْمَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لام جارہ هٰذَا مبدل منہ الْقُرْاٰنِ بدل، مبدل منہ با بدل مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْغَوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال، لَعَلَّ حرف ترجّی کُمْ ضمیر اس کا اسم تَغْلِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لَعَلَّ با اسم و خبر حال، ذوالحال باحال فاعل فِیْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ

خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَلَنُذِيْقَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَذَابًا شَدِيْدًا لا وَّ لَنَجْزِيَنَّهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: فاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِنْ اِسْتَمَرُّوْا فِیْهِ، لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے، لَنُذِيْقَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ مفعول بہ اول، عَذَابًا شَدِيْدًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَنَجْزِيَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول، اَسْوَاَ مضاف الَّذِيْ اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص بااسم وخبر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب قسم، قسم محذوف باجواب قسم جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ذٰلِكَ جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ النَّارُ ج لَهُمْ فِيْهَا دَارُ الْخُلْدِ ط جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: ذٰلِكَ مبتدا، جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ مرکب اضافی مبیّن النَّارُ عطف بیان، مبیّن باعطف بیان خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَهُمْ ظرف مستقر كَآئِنَةٌ کے متعلق ہوئے، كَآئِنَةٌ اسم فاعل هِیَ ضمیر مستتر فاعل فِيْهَا جار باجرور ظرف لغو كَآئِنَةٌ کے متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل ومتعلقین شبہ جملہ خبر مقدم، دَارُ الْخُلْدِ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ جَزَآءً مصدر بِ باء جارہ مَا موصولہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَجْحَدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم وخبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور مصدر کے متعلق ہوئے، مصدر بامتعلق مفعول مطلق ہوا فعل محذوف يُجْزَوْنَ کا، فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا رَبَّنَآ اَرِنَا الَّذَيْنِ اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ اَقْدَامِنَا لِيَكُوْنَا مِنَ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: واؤ استینا فیہ قَالَ فعل الَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل قول ہوا، رَبَّنَا یہ اصل میں يَارَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے، اَرِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اول، الَّذَيْنِ اسم موصول اَضَلّٰا فعل الف ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، مِنْ حرف جر الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار باجرور كَآئِنَيْنِ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اَرِ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ نَجْعَلْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمَا ضمیر مفعول بہ تَحْتَ اَقْدَامِنَا مرکب اضافی مفعول فیہ، لام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَكُوْنَا فعل ناقص الف ضمیر اس کا اسم مِنَ الْاَسْفَلِيْنَ كَآئِنَيْنِ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر بتاویل مصدر مجرور، جار باجرور نَجْعَلْ کا متعلق، فعل بافاعل ومفعولین ومتعلق جزاء ہے شرط محذوف اِنْ تُرِهِمَا کی، کیونکہ یہ جواب امر ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَ لَا تَحْزَنُوْا وَ اَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، رَبُّنَا مرکب اضافی مبتدا، اللّٰهُ خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اِسْتَقَامُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم، تَتَنَزَّلُ فعل عَلَیْهِمُ جار بامجرور متعلق ہوئے، الْمَلٰٓئِکَةُ فاعل، اَنْ ناصبہ لَا تَخَافُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَحْزَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَبْشِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاء جار الْجَنَّةِ موصوف الَّتِیْ اسم موصول کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تُوْعَدُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل خبر، فعل ناقص بااسم وخبر صلہ، موصول باصلہ الْجَنَّةِ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور اَبْشِرُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض محلاً منصوب تَتَنَزَّلُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نَحْنُ اَوْلِیٰٓؤُکُمْ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَ فِی الْاٰخِرَةِ ۚ وَ لَکُمْ فِیْهَا مَا تَشْتَهِیْٓ اَنْفُسُکُمْ وَ لَکُمْ فِیْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: نَحْنُ مبتدا، اَوْلِیٰٓؤُ صیغہ صفت مشبہ مضاف کُمْ مضاف الیہ، فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فِی الْاٰخِرَةِ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق ہوئے، صیغہ صفت مضاف و مضاف الیہ و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَکُمْ ظرف مستقر متعلق ہوئے کَآئِنٌ کے، فِیْهَا ظرف لغو کَآئِنٌ کے متعلق ہوئے، کَآئِنٌ اسم فاعل باھُوَ ضمیر فاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم، مَا اسم موصول تَشْتَهِیْٓ فعل اَنْفُسُکُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَکُمْ ظرف مستقر کَآئِنٌ کے متعلق ہوئے، فِیْهَا ظرف لغو بھی اس کے متعلق ہے، اسم فاعل بافاعل و متعلقین خبر مقدم، مَا اسم موصول تَدَّعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِیْمٍ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: نُزُلًا اس کی دو ترکیبیں ہیں (نمبر ۱) نُزُلًا مصدر ہے اور یہ حال ہے مَا اسم موصول سے، اس ترکیب کے مطابق مِنْ غَفُوْرٍ رَّحِیْمٍ کَآئِنًا کے متعلق ہو کر نُزُلًا کی صفت ہوگا۔ (نمبر ۲) نُزُلًا نَازِلٌ کی جمع ہو اور اس صورت میں یہ تَدَّعُوْنَ کا حال ہوگا، اور اس صورت میں مِنْ غَفُوْرٍ رَّحِیْمٍ تَدَّعُوْنَ کے متعلق ہوگا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

وَ مَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَی اللّٰهِ وَ عَمِلَ صَالِحًا وَّ قَالَ اِنَّنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: واؤ استینافیہ مَنْ استفہامیہ مبتدا، اَحْسَنُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل قَوْلًا تمیز، مِنْ حرف جار مَنْ موصولہ، دَعَا فعل ھُوَ مستتر فاعل اِلَی اللّٰهِ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل صَالِحًا مفعول بہ سے مل کر معطوف

اوّل، واؤ عاطفہ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق نون وقایہ کا، یاء ضمیر منصوب اس کا اسم، مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور اَحْسَنُ کے متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و تمیز و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

وَ لَا تَسْتَوِی الْحَسَنَةُ وَ لَا السَّيِّئَةُ ؕ اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ بَيْنَكَ وَ بَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِيْمٌ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۱۳ : واؤ عاطفہ سَخَّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، مَا فِی السَّمٰوٰتِ موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا فِی الْاَرْضِ موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ذوالحال، جَمِیْعًا حال اولیٰ، مِنْهُ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال دوم، ذوالحال باحال سَخَّرَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق فِیْ ذٰلِكَ کَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر مقدم، لَام تاکیدیہ اٰیٰتٍ موصوف لَام جارہ قَوْمٍ موصوف یَتَفَكَّرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور کَائِنَةً کے متعلق ہو کر اٰیٰتٍ کی صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَام جارہ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ يَغْفِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَام جارہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول لَا يَرْجُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَيَّامَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق اوّل ہوئے، لَام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَجْزِيَ فعل هُوَ مستتر فاعل قَوْمًا مفعول بہ، بَاء جارہ مَا موصولہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَكْسِبُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، يَجْزِيَ فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق دوم، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء ہے شرط محذوف اِنْ تَقُلْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا کی، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ۖ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا کی ترکیب پارہ نمبر ۲۴ کے آخر میں گزر چکی ہے۔ ثُمَّ عاطفہ تُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلٰى رَبِّكُمْ متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾ وَاٰتَيْنٰهُمْ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ۙ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۶، ۱۷: واؤ استینا فیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ حرف تحقیق علامت فعل، اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل، الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ معطوف علیہ بامعطوفین مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَزَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ الطَّيِّبٰتِ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ فَضَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ متعلق سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، بَيِّنٰتٍ موصوف مِنَ الْاَمْرِ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

فَاء عاطفہ مَا نافیہ اِخْتَلَفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف مَا موصولہ جَآءَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ الْعِلْمُ فاعل بَغْيًا موصوف بَيْنَهُمْ مرکب اضافی كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول لہ، فعل بافاعل و مفعولین صلہ، موصول باصلہ بَعْدِ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مِنْ کا مجرور، جار بامجرور مستثنیٰ مفرغ متعلق ہوئے اِخْتَلَفُوْا کے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اس کا اسم يَقْضِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل بَيْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ اوّل، يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ ثانی، فِيْ جارہ مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَخْتَلِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهِ متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور يَقْضِيْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل

و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: ثُمَّ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كَ ضمیر مفعول بہ اول عَلٰى جارہ شَرِيْعَةٍ موصوف مِنَ الْاَمْرِ كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور مفعول ثانی کی جگہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، اِتَّبِعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَتَّبِعْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل اَهْوَآءَ مضاف الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم لَنْ يُّغْنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْكَ متعلق اول مِنَ اللّٰهِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم شَيْـًٔا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل اپنے فاعل و متعلق و مفعول بہ سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق الظّٰلِمِيْنَ اس کا اسم بَعْضُهُمْ مرکب اضافی مبتدا، اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اللّٰهُ مبتدا، وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، بَصَآئِرُ موصوف لِلنَّاسِ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُدًى معطوف اول، واؤ عاطفہ رَحْمَةٌ موصوف لَام جارہ قَوْمٍ موصوف يُّوْقِنُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: اَمْ منقطعہ حَسِبَ فعل الَّذِيْنَ اسم موصول اجْتَرَحُوا فعل واؤ ضمیر فاعل السَّيِّاٰتِ مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل اَنْ ناصبہ نَجْعَلَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول کاف حرف جار الَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین بتاویل مصدر حَسِبَ کا مفعول بہ اول، سَوَآءً مصدر بمعنی اسم فاعل مَحْيَاهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَمَاتُهُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل، اسم

فاعل بافاعل مفعول بہ ثانی، (املاء ما مَنَّ بِہِ الرَّحْمٰن) فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ سَاءَ فعل ذم مَا مصدریہ یَحْکُمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل بتاویل مصدر فاعل، فعل بافاعل خبر مقدم، مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے ھُوَ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۞ رکوع نمبر ۳ ۞

وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: واؤ استینافیہ خَلَقَ فعل اَللّٰهُ ذوالحال بِالْحَقِّ مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، واؤ عاطفہ لَام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُجْزٰى فعل مجہول كُلُّ نَفْسٍ مرکب اضافی نائب فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ كَسَبَتْ فعل هِيَ مستتر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ مبتدا، لَا يُظْلَمُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال كَسَبَتْ کا فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور تُجْزٰى کے متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور معطوف، اور معطوف علیہ محذوف ہے لِيَدُلَّ عَلٰى قُدْرَتِهٖ، معطوف علیہ بامعطوف خَلَقَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَ جَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ؕ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: هَمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے نَظَرْتَ مَنْ هٰذِهٖ حَالُهٗ (روح المعانی) رَءَيْتَ فعل تَاء مفتوحہ فاعل مَنْ اسم موصول اِتَّخَذَ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلٰهَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ اول هَوٰىهُ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَضَلَّ فعل هٗ ضمیر ذوالحال عَلٰى عِلْمٍ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ اَللّٰهُ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف اول، واؤ عاطفہ خَتَمَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰى جارہ سَمْعِهٖ وَ قَلْبِهٖ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف ثانی، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰى بَصَرِهٖ مفعول ثانی کی جگہ، غِشٰوَةً مفعول اول، فعل بافاعل و مفعولین معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ صلہ، موصول باصلہ رَءَيْتَ کا مفعول اول، اور اس کا مفعول ثانی محذوف ہے مُهْتَدِيًا، فعل بافاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ فَاء زائدہ (محمود صافی) مَنْ استفہامیہ مبتدا، يَهْدِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل هٖ ضمیر مفعول بہ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ هَمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تُصِرُّوْنَ عَلَى الضَّلَالَةِ، لَا تَذَكَّرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ استفہامیہ ہوا۔

وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَاۤ اِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: واؤ استینافیہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول ہوا، مَا نافیہ هِيَ ضمیر مبتدا، اِلَّا حرف استثناء حَيَاتُنَا مرکب اضافی

موصوف الدُّنْیَا صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ نَمُوْتُ فعل بانَحْنُ مستتر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَحْیَا فعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا نافیہ یُھْلِکُ فعل نَا ضمیر مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء لغو الدَّھْرُ فاعل سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ مَا نافیہ لَھُمْ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ زائدہ عِلْمٍ محلاً مرفوع مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے الدَّھْرُ سے، بِذٰلِکَ عِلْمٍ کے متعلق مقدم، اِنْ نافیہ ھُمْ ضمیر مبتدا، اِلَّا حرف استثناء یَظُنُّوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مَا لَھُمْ بِذٰلِکَ مِنْ عِلْمٍ سے بدل ہوا۔

وَاِذَا تُتْلٰی عَلَیْھِمْ اٰیٰتُنَا بَیِّنٰتٍ مَّا کَانَ حُجَّتَھُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم تُتْلٰی فعل مجہول عَلَیْھِمْ متعلق ہوئے اٰیٰتُنَا مرکب اضافی ذوالحال بَیِّنٰتٍ حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ شرط، مَا نافیہ کَانَ ناقصہ حُجَّتَھُمْ مرکب اضافی خبر مقدم اِلَّا حرف استثناء اَنْ ناصبہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، اِئْتُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل بِاٰبَآئِنَا متعلق سے مل کر دال بر جزاء، اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ شرط (اور اس کی ترکیب کئی بار گزر چکی ہے) شرط دال بر جزاء سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ بتاویل مصدر اسم موخر، کَانَ بااسم وخبر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلِ اللّٰہُ یُحْیِیْکُمْ ثُمَّ یُمِیْتُکُمْ ثُمَّ یَجْمَعُکُمْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ لَا رَیْبَ فِیْہِ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَللّٰہُ مبتدا، یُحْیِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ یُمِیْتُ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ یَجْمَعُ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اِلٰی جارہ یَوْمِ الْقِیٰمَةِ مرکب اضافی ذوالحال، لَا نفی جنس رَیْبَ اس کا اسم فِیْہِ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا بااسم وخبر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور یَجْمَعُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین اَللّٰہُ کی خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰکِنَّ حرف استدراک اَکْثَرَ النَّاسِ مرکب اضافی اسم لَا یَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لٰکِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

وَلِلّٰہِ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط وَیَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ یَوْمَئِذٍ یَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: واؤ استینافیہ لِلّٰہِ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُلْکُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ یَوْمَ مضاف تَقُوْمُ فعل السَّاعَةُ فاعل سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبدل منہ یَوْمَئِذٍ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بابدل مفعول فیہ مقدم، یَخْسَرُ فعل الْمُبْطِلُوْنَ فاعل،

فعل اپنے فاعل و مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۫ كُلُّ اُمَّةٍ تُدْعٰٓى اِلٰى كِتٰبِهَا ؕ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸ : واؤ عاطفہ تَرٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل كُلَّ اُمَّةٍ مرکب اضافی ذوالحال جَاثِيَةً حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جملہ ہوا۔ كُلُّ اُمَّةٍ مرکب اضافی مبتدا، تُدْعٰی فعل مجہول هِيَ مستتر نائب فاعل اِلٰى كِتٰبِهَا متعلق سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ تُجْزَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اَلْيَوْمَ مفعول فیہ مَا اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص بااسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، كِتٰبُنَا مرکب اضافی خبر اول، يَنْطِقُ فعل هُوَ مستتر ذوالحال بِالْحَقِّ مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل عَلَيْكُمْ متعلق، فعل بافاعل و متعلق خبر ثانی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم نَسْتَنْسِخُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مَا اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص بااسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر، فعل ناقص بااسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: فاء عاطفہ اَمَّا حرف شرط و تفسیر الَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا متضمن معنی شرط، فاء جزائیہ يُدْخِلُ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ رَبُّهُمْ مرکب اضافی فاعل فِيْ رَحْمَتِهٖ متعلق سے مل کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، هُوَ ضمیر فصل الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

وَ اَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۫ اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط و تفصیل الَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط اس کی خبر محذوف ہے فَيُقَالُ لَهُمْ، فاء جزائیہ يُقَالُ فعل مجہول لَهُمْ جار با مجرور نائب فاعل سے مل کر قول، همزہ استفہامیہ فاء عاطفہ اور اس کا معطوف علیہ محذوف ہے لَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلِيْ، لَمْ تَكُنْ فعل ناقص اٰيٰتِيْ مرکب اضافی اس کا اسم تُتْلٰى فعل مجہول هِيَ مستتر نائب فاعل عَلَيْكُمْ متعلق سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ فاء عاطفہ اِسْتَكْبَرْتُمْ فعل با تُمْ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ مرکب

توصیفی خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَإِذَا قِيلَ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيهَا قُلْتُم مَّا نَدْرِي مَا السَّاعَةُ إِن نَّظُنُّ إِلَّا ظَنًّا وَمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِينَ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قِيْلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق وَعْدَ اللّٰہِ مرکب اضافی اسم حَقٌّ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلسَّاعَۃُ مبتدا، لَا رَیْبَ فِیْھَا "لا" نفی جنس با اسم و خبر مبتدا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ شرط، قُلْتُمْ فعل با تُمْ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا نافیہ نَدْرِیْ فعل نَحْنُ مستتر اس کا فاعل مَا استفہامیہ مبتدا، اَلسَّاعَۃُ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ قائم مقام دو مفعول، فعل بافاعل و مفعولین مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنْ نافیہ نَظُنُّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو ظَنًّا اصل میں ظَنًّا ضَعِیْفًا ہے، موصوف باصفت مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا حجازیہ نَحْنُ ضمیر اس کا اسم باء جارہ زائدہ مُسْتَیْقِنِیْنَ منصوب محلًا خبر، مَا با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا عَمِلُوا وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: واؤ عاطفہ بَدَا فعل لَھُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے سَیِّاٰتُ مضاف مَا عَمِلُوْا موصول باصلہ مضاف الیہ پھر مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ حَاقَ فعل بِھِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے مَا اسم موصول کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم بِہٖ جار با مجرور متعلق مقدم یَسْتَھْزِءُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ فاعل، حَاقَ فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف وَ اَمَّا الَّذِیْنَ کَفَرُوْا پر معطوف ہوا۔

وَقِيلَ الْيَوْمَ نَنسَاكُمْ كَمَا نَسِيتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَٰذَا وَمَأْوَاكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن نَّاصِرِينَ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: واؤ عاطفہ قِیْلَ فعل مجہول با ھُوَ ضمیر نائب فاعل قول اَلْیَوْمَ مفعول فیہ مقدم نَنْسٰی فعل نَحْنُ مستتر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، کاف جارہ مَا موصولہ نَسِیْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل لِقَآءَ مضاف یَوْمِکُمْ مرکب اضافی موصوف ھٰذَا صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہوکر بواسطہ نِسْیَانًا موصوف محذوف کے نَنْسٰی کا مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَاْوٰکُمْ مرکب اضافی مبتدا، اَلنَّارُ خبر سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ لَکُمْ کَائِنُوْنَ کے متعلق ہوکر خبر مقدم مِنْ زائدہ نٰصِرِیْنَ محلًا مرفوع مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

ذَٰلِكُم بِأَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ آيَاتِ اللَّهِ هُزُوًا وَغَرَّتْكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُونَ

مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿٣٥﴾

آیت نمبر ۳۵ :ذٰلِكُمْ اسم اشارہ مبتدا،بَاء جارہ اَنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم اِتَّخَذْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اٰيٰتِ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل، هُزُوًا مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف علیہ،واؤ عاطفہ غَرَّتْ فعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مرکب توصیفی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر،اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِكُمْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔فَاء استینافیہ لَا يُخْرَجُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل الْيَوْمَ مفعول فیہ مقدم مِنْهَا متعلق سے مل کر معطوف علیہ،واؤ عاطفہ لَا نافیہ هُمْ ضمیر مبتدا،يُسْتَعْتَبُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٦﴾

آیت نمبر ۳۶ :فَاء استینافیہ لَام جارہ اَللّٰهِ موصوف رَبِّ السَّمٰوٰتِ مرکب اضافی معطوف علیہ،واؤ عاطفہ رَبِّ الْاَرْضِ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبدل منہ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ مرکب اضافی بدل،مبدل منہ با بدل صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَلْحَمْدُ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۪ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٣٧﴾

آیت نمبر ۳۷ :واؤ عاطفہ لَهٗ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْكِبْرِيَآءُ ذوالحال فِي جارہ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور، كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال،ذوالحال با حال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ،واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا،اَلْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اس کی دو خبر، مبتدا با خبرین معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَةُ الْاَحْقَافِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ حٰمٓ ۞ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۞

آیت نمبر ۱،۲: حٰمٓ خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مرکب اضافی مبتدا، مِنْ جارہ اللّٰہِ موصوف الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ دو صفت، موصوف با صفتین مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ مَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَ اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ۞

آیت نمبر ۳: مَا نافیہ خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل السَّمٰوٰتِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاَرْضَ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا موصولہ بَيْنَهُمَا مرکب اضافی ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین خَلَقْنَا کا مفعول بہ، اِلَّا حرف استثناء بَاء جارہ الْحَقِّ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَجَلٍ مُّسَمًّى مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر بواسطہ خَلْقًا موصوف محذوف کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ مبتدا، مُعْرِضُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل عَنْ جارہ مَا موصولہ اُنْذِرُوْا فعل مجہول با واؤ ضمیر نائب فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم، اسم فاعل با فاعل و متعلق مقدم شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ؕ اِيْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۞

آیت نمبر ۴: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَرَءَيْتُمْ بمعنی اَخْبِرُوْنِيْ فعل با فاعل و مفعول بہ، مَا اسم موصول تَدْعُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین مؤکد، اَرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ مَا استفہامیہ مبتدا، ذَا اسم موصول خَلَقُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل مِنَ الْاَرْضِ متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین تاکید، مؤکد با تاکید مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اَمْ منقطعہ لَهُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم شِرْكٌ مصدر بمعنی مُشَارَكَةٌ "فِي السَّمٰوٰتِ" متعلق سے مل کر مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِيْتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ بَاء جارہ كِتٰبٍ موصوف مِنْ جارہ قَبْلِ هٰذَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَثٰرَةٍ موصوف مِنْ عِلْمٍ كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ

امر یہ دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم صٰدِقِیْنَ خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط ہوا، شرط دال بر جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ یَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا یَسْتَجِیْبُ لَهٗۤ اِلٰى یَوْمِ الْقِیٰمَةِ وَ هُمْ عَنْ دُعَآىٕهِمْ غٰفِلُوْنَ۝

آیت نمبر ۵: واؤ استینافیہ مَنْ استفہامیہ مبتدا، اَضَلُّ اسم تفضیل هُوَ مستتر اس کا فاعل مِنْ جارہ مَنْ موصولہ یَدْعُوْا فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، مَنْ اسم موصول لَا یَسْتَجِیْبُ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلٰى یَوْمِ الْقِیٰمَةِ جار بامجرور متعلق اوّل لَهٗ اس کے متعلق دوم، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال یَدْعُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، غٰفِلُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل عَنْ دُعَآىٕهِمْ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال ہوا لَا یَسْتَجِیْبُ کی ضمیر فاعل سے۔

وَ اِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً وَّ كَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِیْنَ۝

آیت نمبر ۶: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم حُشِرَ فعل مجہول النَّاسُ نائب فاعل سے مل کر شرط، کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم اَعْدَآءً ذوالحال مؤخر، پھر یہ خبر ہے، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم کٰفِرِیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل بِعِبَادَتِهِمْ متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَیْهِمْ اٰیٰتُنَا بَیِّنٰتٍ قَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِیْنٌؕ۝

آیت نمبر ۷: واؤ استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم تُتْلٰى فعل مجہول عَلَیْهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے اٰیٰتُنَا مرکب اضافی ذوالحال بَیِّنٰتٍ حال سے مل کر نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، قَالَ فعل الَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ فاعل لِلْحَقِّ جار بامجرور متعلق ہوئے، لَمَّا ظرفیہ مضاف جَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ قَالَ کا مفعول فیہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ قول، هٰذَا مبتدا، سِحْرٌ مُّبِیْنٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

اَمْ یَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ افْتَرَیْتُهٗ فَلَا تَمْلِكُوْنَ لِیْ مِنَ اللّٰهِ شَیْـًٔا ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِیْضُوْنَ فِیْهِ ؕ كَفٰى بِهٖ شَهِیْدًۢا بَیْنِیْ وَ بَیْنَكُمْ ؕ وَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ۝

آیت نمبر ۸: اَمْ منقطعہ یَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، اِفْتَرٰى فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر

مقولہ، قول بامقولہ لفظاً جملہ انشائیہ معنًی جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر باأَنْتَ ضمیر فاعل قول ہوا، اِنْ شرطیہ افْتَرَیْتُ فعل تَاء مضمومہ فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر شرط، فاء جزائیہ لَا تَمْلِکُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لِیْ جار بامجرور متعلق ہوئے مِنَ اللّٰہِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم شَیْـًٔا ذوالحال مؤخر، پھر یہ مفعول بہ ہے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَنْتُمْ مقدر کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

ھُوَ ضمیر مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ تُفِیْضُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔ کَفٰی فعل بَاء جارہ زائدہ ہٖ ضمیر محلّا مرفوع فاعل شَھِیْدًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بَیْنِیْ وَ بَیْنَکُمْ معطوف علیہ بامعطوف مفعول فیہ، صیغہ صفت بافاعل و مفعول فیہ تمیز، فعل بافاعل و تمیز جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ ھُوَ مبتدا، اَلْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ دو خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ ۭ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

آیت نمبر ۹: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول ہوا، مَا نافیہ کُنْتُ فعل ناقص تَاء مضمومہ اس کا اسم بِدْعًا موصوف مِنَ الرُّسُلِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر، فعل ناقص بااسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ اَدْرِیْ فعل اَنَا مستتر فاعل مَا اسم موصول یُفْعَلُ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل بِیْ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ بِکُمْ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ اَدْرِیْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ اِنْ نافیہ اَتَّبِعُ فعل اَنَا مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو مَا اسم موصول یُوْحٰی فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل اِلَیَّ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا، واؤ عاطفہ مَا نافیہ اَنَا ضمیر مبتدا، اِلَّا حرف استثناء لغو نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معلّلہ ہوا۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ عَلٰي مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۰: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَرَءَیْتُمْ فعل بافاعل اور اس کے دونوں مفعول محذوف ہیں اصل عبارت ہوگی اَرَءَیْتُمْ حَالَکُمْ اَلَسْتُمْ ظَالِمِیْنَ، اس میں حَالَکُمْ مفعول اوّل ہے اور اَلَسْتُمْ ظَالِمِیْنَ مفعول ثانی ہے، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ اِنْ شرطیہ کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کَفَرْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ

عاطفہ شَهِدَ فعل شَاهِدٌ موصوف مِنْۢ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ کَآئِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، عَلٰی مِثْلِهٖ جار باُجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، فاء عاطفہ اٰمَنَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْتَكْبَرْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ شرط، اس کی جزاء محذوف ہے فَقَدْ ظَلَمْتُمْ (روح المعانی) شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اور بعض حضرات اَرَءَیْتُمْ کے دو مفعول محذوف نہیں مانتے بلکہ جملہ شرطیہ کو دو مفعول کے قائم مقام قرار دیتے ہیں۔ اِنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰهَ اسم لَا یَهْدِی فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

وَ قَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَیْرًا مَّا سَبَقُوْنَاۤ اِلَیْهِ ؕ وَ اِذْ لَمْ یَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَیَقُوْلُوْنَ هٰذَاۤ اِفْكٌ قَدِیْمٌ ۝۱۱

آیت نمبر ۱۱: واؤ استینافیہ قَالَ فعل الَّذِیْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ فاعل لام جارہ الَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باُجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق قول، لَوْ شرطیہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم خَیْرًا خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، مَا نافیہ سَبَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اِلَیْهِ متعلق سے مل کر جزاء، شرط باجزاء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِذْ مضاف لَمْ یَهْتَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف ظَهَرَ عِنَادُهُمْ کا، فعل بافاعل و مفعول فیہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ سین علامت فعل یَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، هٰذَا مبتدا، اِفْكٌ قَدِیْمٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَ مِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰۤی اِمَامًا وَّ رَحْمَةً ؕ وَ هٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِیًّا لِّیُنْذِرَ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا ۖۗ وَ بُشْرٰی لِلْمُحْسِنِیْنَ ۝۱۲

آیت نمبر ۱۲: واؤ استینافیہ مِنْ قَبْلِهٖ ظرف مستقر كَآئِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم كِتٰبُ مُوْسٰی مرکب اضافی ذوالحال اِمَامًا وَّ رَحْمَةً معطوف علیہ بامعطوف حال، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، كِتٰبٌ موصوف مُصَدِّقٌ اسم فاعل هُوَ ضمیر ذوالحال لِسَانًا عَرَبِیًّا مرکب توصیفی حال، ذوالحال باحال فاعل، لام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُنْذِرَ فعل هُوَ مستتر فاعل الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار باُجرور مُصَدِّقٌ کے متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق كِتٰبٌ کی صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ بُشْرٰی موصوف لِلْمُحْسِنِیْنَ كَآئِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اسم موصول قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، رَبُّنَا مرکب اضافی مبتدا، اَللّٰهُ خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اِسْتَقَامُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم متضمن معنی شرط، فاء جوابیہ لَا نافیہ خَوْفٌ مبتدا، عَلَيْهِمْ کَائِنٌ کے متعلق ہوکر خبر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نا فیہ هُمْ مبتدا، يَحْزَنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: اُولٰٓئِكَ مبتدا، اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ مرکب اضافی ذوالحال خٰلِدِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل فِيْهَا متعلق سے مل کر حال، ذوالحال باحال خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ جَزَآءً مصدر بِ باء جارہ مَا موصولہ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق، مصدر بامتعلق مفعول مطلق ہوا فعل محذوف يُجْزَوْنَ کا، فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسٰنًا ۭ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ۭ وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ۭ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰي وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۭ اِنِّىْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّىْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: واؤ استینافیہ وَصَّيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل الْاِنْسَانَ مفعول بہ بِوَالِدَيْهِ اس کے متعلق ہوئے اِحْسٰنًا مفعول لہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ حَمَلَتْ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، اُمُّهٗ مرکب اضافی فاعل، كُرْهًا بواسطہ موصوف محذوف حَمْلًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین معطوف علیہ، واؤ عاطفہ وَضَعَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ كُرْهًا بواسطہ موصوف محذوف وَضْعًا مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معللہ ہوا۔ واؤ عاطفہ حَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ معطوف علیہ بامعطوف مبتدا، ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ممیز باتمیز خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جملہ معللہ پر معطوف ہے۔

حَتّٰى حرف جار اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم بَلَغَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَشُدَّهٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَلَغَ فعل هُوَ مستتر اس کا فاعل اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ممیز باتمیز مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، رَبِّ یہ اصل میں يَارَبِّيْ ہے اور یہ نداء ہے، اَوْزِعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر متکلم مفعول بہ، اَنْ ناصبہ اَشْكُرَ فعل اَنَا مستتر فاعل نِعْمَتَكَ مرکب اضافی موصوف الَّتِيْ اسم موصول اَنْعَمْتَ فعل تَاء مفتوحہ

ضمیر فاعل عَلَیَّ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَلٰی وَالِدَیَّ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنْعَمْتَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت اَشْکُرَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْ ناصبہ اَعْمَلَ فعل اَنَا مستتر فاعل صَالِحًا موصوف تَرْضٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت اَعْمَلَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَوْزِعْ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَصْلِحْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَام حرف جار یَاء ضمیر ذوالحال فِیْ ذُرِّیَّتِیْ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور اَصْلِحْ کے متعلق ہوئے، فعل امر بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب نداء، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء مجرور، جار با مجرور متعلق ہوا فعل محذوف عَاشَ کا، عَاشَ فعل ھُوَ مستتر فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم تُبْتُ فعل تَاء مضمومہ فاعل اِلَیْکَ متعلق سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معللہ ہوا۔

اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَ نَتَجَاوَزُ عَنْ سَیِّاٰتِهِمْ فِیْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ؕ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِیْ كَانُوْا یُوْعَدُوْنَ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِیْنَ اسم موصول نَتَقَبَّلُ فعل نَحْنُ مستتر اس کا فاعل عَنْهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَحْسَنَ اسم تفضیل مضاف مَا عَمِلُوْا موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَتَجَاوَزُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَنْ جارہ سَیِّاٰتِ مضاف ھِمْ ضمیر ذوالحال فِیْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور نَتَجَاوَزُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ وَعْدَ الصِّدْقِ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یُوْعَدُوْنَ فعل مجہول با واؤ ضمیر نائب فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مفعول مطلق فعل محذوف وَعَدَھُمُ اللّٰہُ کا، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَ الَّذِیْ قَالَ لِوَالِدَیْهِ اُفٍّ لَّكُمَاۤ اَتَعِدٰنِنِیْۤ اَنْ اُخْرَجَ وَ قَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِیْ ۚ وَ هُمَا یَسْتَغِیْثٰنِ اللّٰهَ وَیْلَكَ اٰمِنْ ۖ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۖ فَیَقُوْلُ مَا هٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: واؤ استینافیہ اَلَّذِیْ اسم موصول قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لِوَالِدَیْهِ متعلق سے مل کر قول، اُفٍّ اسم فعل بمعنی فعل مضارع اَتَضَجَّرُ کے پھر یہ فعل اَنَا ضمیر فاعل لَّكُمَا متعلق سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا، آیت نمبر ۱۸ میں اس کی خبر آرہی ہے۔ ھمزہ استفہامیہ تَعِدٰنِ فعل الف ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر منصوب مفعول بہ اَنْ ناصبہ اُخْرَجَ فعل مجہول اَنَا مستتر

ذوالحال واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل، خَلَتْ فعل اَلْقُرُوْنُ فاعل مِنْ قَبْلِیْ متعلق سے مل کر حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل بتاویل مصدر مفعول ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ واؤ حالیہ هُمَا ضمیر مبتدا، یَسْتَغِیْثٰنِ فعل الف ضمیر ذوالحال وَیْلَكَ مفعول بہ ہے فعل محذوف اَلْزَمَ کا، فعل بافاعل و مفعول بہ مقولہ ہوا قَائِلِیْنَ محذوف کا، قول بامقولہ حال، ذوالحال باحال یَسْتَغِیْثٰنِ کا فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہوا وَالِدَیْهِ ذوالحال سے، اٰمِنْ فعل امر باَنْتَ مستتر فاعل یہ بھی وَالِدَیْهِ کے مقولہ میں سے ہے۔اِنَّ حرف تحقیق وَعْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی اسم حَقٌّ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔ فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے یَقُوْلَانِ لَهُ الْقَوْلَ الْمَذْكُوْرَ (از فقیر) یَقُوْلُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا نافیہ هٰذَا مبتدا، اِلَّا حرف استثناء لغو اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ حَقَّ عَلَیْهِمُ الْقَوْلُ فِیْۤ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِیْنَ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِیْنَ اسم موصول حَقَّ فعل عَلَیْهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے اَلْقَوْلُ فاعل فِیْ جارہ اُمَمٍ موصوف قَدْ خَلَتْ فعل هِیَ مستتر فاعل مِنْ قَبْلِهِمْ متعلق سے مل کر اُمَمٍ کی صفت اولیٰ، مِنْ جارہ اَلْجِنِّ وَ الْاِنْسِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مجرور، جار بامجرور حال ہے عَلٰی کے مدخول هِمْ ضمیر مجرور سے حَقَّ فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اَلَّذِیْ قَالَ مبتدا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم خٰسِرِیْنَ خبر سے مل کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ وَلِیُوَفِّیَهُمْ اَعْمَالَهُمْ وَ هُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: واؤ استینافیہ لِكُلٍّ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم دَرَجٰتٌ موصوف مِنْ جارہ مَا عَمِلُوْا موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُوَفِّیَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول، اَعْمَالَ مضاف هُمْ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَا یُظْلَمُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول ثانی، فعل بافاعل و مفعولین بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوا فعل محذوف جَزَی اللّٰهُ بِذٰلِكَ کا۔

وَ یَوْمَ یُعْرَضُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا عَلَی النَّارِ ؕ اَذْهَبْتُمْ طَیِّبٰتِكُمْ فِیْ حَیَاتِكُمُ الدُّنْیَا وَ اسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ فَالْیَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ وَ بِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: واؤ استینافیہ یَوْمَ مضاف یُعْرَضُ فعل مجہول اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ نائب فاعل عَلَی النَّارِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف یُقَالُ لَھُمْ کا، یُقَالُ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ قول، اَذْھَبْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل طَیِّبٰتِکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ فِیْ جارہ حَیَاتِکُمُ مرکب اضافی موصوف الدُّنْیَا صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْتَمْتَعْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِھَا متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا اَذْھَبْتُمْ طَیِّبٰتِکُمْ ... الخ اَلْیَوْمَ مفعول فیہ مقدم تُجْزَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل عَذَابَ الْھُوْنِ مرکب اضافی مفعول بہ، بَاء جارہ مَا موصولہ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَسْتَکْبِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِغَیْرِ الْحَقِّ مُتَلَبِّسِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل فِی الْاَرْضِ متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق خبر، فعل ناقص بااسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور تُجْزَوْنَ کے متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ بَاء جارہ مَا موصولہ کُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ فعل ناقص بااسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور معطوف ہے بِمَا کُنْتُمْ تَسْتَکْبِرُوْنَ پہ۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

وَ اذْکُرْ اَخَا عَادٍ ؕ اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَ قَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَ مِنْ خَلْفِهٖۤ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّیْۤ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: واؤ استینافیہ اُذْکُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَخَا عَادٍ مرکب اضافی مبدل منہ اِذْ مضاف اَنْذَرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل قَوْمَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، اَنْ ناصبہ لَا تَعْبُدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء اَللّٰہَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض، جار بامجرور اَنْذَرَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بدل، مبدل منہ بابدل ذوالحال بِالْاَحْقَافِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اُذْکُرْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ قَدْ حرف تحقیق خَلَتْ فعل النُّذُرُ ذوالحال مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ خَلْفِهٖ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ معترضہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل عَلَیْکُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، عَذَابَ مضاف یَوْمٍ عَظِیْمٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

قَالُوْۤا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَاۤ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، ھمزہ استفہامیہ جِئْتَ تَاء مفتوحہ فاعل نَا ضمیر مفعول بہ لَام جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَاْفِکَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ عَنْ اٰلِھَتِنَا متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل

بافاعل ومفعول بہ و متعلق مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ کُنْتَ صَادِقًا فِیْ قَوْلِکَ، اِئْتِ فعل اَنْتَ مستترفاعل نَا ضمیر مفعول بہ بَاء جارہ مَا موصولہ تَعِدُ فعل اَنْتَ مستترفاعل نَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ کُنْتَ فعل ناقص تَاء مفتوحہ اس کا اسم مِنَ الصّٰدِقِیْنَ کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر جزاء ہوئی شرط محذوف کی، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۖ وَاُبَلِّغُكُمْ مَّاۤ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَلٰكِنِّيْۤ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: قَالَ فعل ھُوَ مستترفاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ اَلْعِلْمُ مبتدا، عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی ثَابِتٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اُبَلِّغُ فعل اَنَا مستترفاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، مَا اسم موصول اُرْسِلْتُ فعل مجہول تَاء مضمومہ نائب فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک یَاء ضمیر اس کا اسم اَرٰی فعل اَنَا مستترفاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل قَوْمًا موصوف تَجْهَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین خبر، لٰكِنَّ بااسم وخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ۭ بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ۭ رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ مقدر ہے اَصَرُّوْا عَلٰی طَلَبِهِمُ الْعَذَابَ، لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہُ ضمیر ذوالحال عَارِضًا موصوف مُسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ شرط، قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، هٰذَا مبتدا، عَارِضٌ موصوف مُمْطِرُنَا مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ بَلْ عاطفہ ھُوَ مبتدا، مَا اسم موصول اِسْتَعْجَلْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبدل منہ رِيْحٌ موصوف فِيْهَا كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ اَلِيْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر صفت، موصوف باصفت بدل، مبدل منہ بابدل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍ بِاَمْرِ رَبِّهَا فَاَصْبَحُوْا لَا يُرٰۤى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: تُدَمِّرُ فعل ھِیَ مستترفاعل كُلَّ شَيْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ بِاَمْرِ رَبِّهَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر رِيْحٌ کی صفت ثانیہ ہے، فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے فَدَمَّرَتْهُمْ، اَصْبَحُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم لَا يُرٰی فعل مجہول اِلَّا حرف استثناء لغو مَسٰكِنُهُمْ مرکب اضافی نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ كَذٰلِكَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جَزَآءً کے مفعول مطلق مقدم،

نَجْزِیْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْقَوْمَ الْمُجْرِمِیْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَ لَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ فِیْمَاۤ اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ فِیْهِ وَ جَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَّ اَبْصَارًا وَّ اَفْـِٕدَةً ۖ٘ فَمَاۤ اَغْنٰى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَ لَاۤ اَبْصَارُهُمْ وَ لَاۤ اَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ شَیْءٍ اِذْ كَانُوْا یَجْحَدُوْنَ ۙ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ وَ حَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ یَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: واؤ عاطفہ لَام قسم محذوف کا جواب ہے قَدْ حرف تحقیق مَكَّنّٰ فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ فِیْ جارہ مَا اسم موصول اِنْ نافیہ مَكَّنّٰا فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ فِیْهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باِمجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَهُمْ جار باِمجرور متعلق ہوئے سَمْعًا وَّ اَبْصَارًا وَّ اَفْـِٕدَةً معطوف علیہ بامعطوفین مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، فَاء عاطفہ مَا نافیہ اَغْنٰى فعل عَنْهُمْ جار باِمجرور متعلق ہوئے سَمْعُهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَبْصَارُهُمْ مرکب اضافی معطوف اول، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَفْـِٕدَتُهُمْ مرکب اضافی معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین فاعل مِنْ زائدہ شَیْءٍ محلًا منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

اِذْ تعلیلیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَجْحَدُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل بِاٰیٰتِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ حَاقَ فعل بِهِمْ جار باِمجرور متعلق ہوئے مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَسْتَهْزِءُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر صلہ، موصول باصلہ حَاقَ کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معللہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

وَ لَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى وَ صَرَّفْنَا الْاٰیٰتِ لَعَلَّهُمْ یَرْجِعُوْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، اَهْلَكْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مَا اسم موصول حَوْلَكُمْ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنَ الْقُرٰى كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ صَرَّفْنَا فعل نَا ضمیر فاعل الْاٰیٰتِ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا لَعَلَّ حرف ترجّی هُمْ ضمیر اسم یَرْجِعُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، لَعَلَّ بااسم وخبر جملہ انشائیہ معللہ ہوا یا رَاجِیْ رُجُوْعِهِمْ کی تاویل میں ہو کر صَرَّفْنَا کی ضمیر فاعل سے حال ہوا۔

فَلَوْ لَا نَصَرَهُمُ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ؕ بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ ۚ وَ ذٰلِكَ اِفْكُهُمْ وَ مَا كَانُوْا یَفْتَرُوْنَ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: فَاء عاطفہ لَوْ لَا تحضیضیہ نَصَرَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ الَّذِیْنَ اسم موصول اتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل

اس کا مفعول اوّل ضمیر ھُمْ محذوف ہے اور وہ ذوالحال ہے، مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول اوّل، قُرْبَانًا مبدل منہ اٰلِهَةً بدل، مبدل منہ بابدل مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین صلہ، موصول باصلہ نَصَرَ کا فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ بَلْ عاطفہ ضَلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْهُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ ذٰلِكَ مبتدا، اِفْكُهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا مصدریہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَفْتَرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص بااسم وخبر بتاویل مصدر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ اِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: واؤ استینافیہ اِذْ مضاف صَرَفْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَيْكَ جار بامجرور متعلق ہوئے نَفَرًا موصوف مِنَ الْجِنِّ كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، يَسْتَمِعُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل الْقُرْاٰنَ مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ نَفَرًا سے حال ہے، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ فعل محذوف اُذْكُرْ کا، فاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم حَضَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر شرط، قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، اَنْصِتُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فاء عاطفہ لَمَّا مفعول فیہ مقدم قُضِيَ فعل مجہول باھُوَ مستتر نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، وَلَّوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مُنْذِرِيْنَ حال، ذوالحال باحال فاعل اِلٰى قَوْمِهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، يٰقَوْمَنَا نداء ہے اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم سَمِعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كِتٰبًا موصوف اُنْزِلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى جار بامجرور متعلق ہوئے، مُصَدِّقًا اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل لَام جارہ مَا اسم موصول بَيْنَ يَدَيْهِ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل ومتعلق صفت ثانیہ يَهْدِيْ فعل ھُوَ مستتر فاعل اِلَى الْحَقِّ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ظرف لغو يَهْدِيْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ كِتٰبًا کی صفت ثالثہ، موصوف باصفات ثلاثہ سَمِعْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: يٰقَوْمَنَا اُدْعُوْا قَوْمَنَا کے معنی میں ہو کر نداء ہے، اَجِيْبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل دَاعِيَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ

سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِہٖ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ یَغْفِرْ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَکُمْ متعلق اوّل، مِنْ ذُنُوْبِکُمْ متعلق ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُجِرْ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، مِنْ جارہ عَذَابٍ اَلِیْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء ہے شرط محذوف اِنْ تُؤْمِنُوْا کی (کیونکہ یہ جواب امر ہے) شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ مَنْ لَّا یُجِبْ دَاعِیَ اللّٰہِ فَلَیْسَ بِمُعْجِزٍ فِی الْاَرْضِ وَ لَیْسَ لَہٗ مِنْ دُوْنِہٖۤ اَوْلِیَآءُ ؕ اُولٰٓئِکَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: واؤ عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتدا، لَا یُجِبْ فعل ھُوَ مستتر فاعل دَاعِیَ اللّٰہِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ لَیْسَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ مُعْجِزٍ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل فِی الْاَرْضِ متعلق سے مل کر محلًا منصوب خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَیْسَ فعل ناقص لَہٗ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ دُوْنِہٖ کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال مقدم اَوْلِیَآءُ ذوالحال مؤخر پھر یہ اسم مؤخر ہے، لَیْسَ با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، فِیْ جارہ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَوَ لَمْ یَرَوْا اَنَّ اللّٰہَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ لَمْ یَعْیَ بِخَلْقِہِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰۤی اَنْ یُّحْیِ َۧ الْمَوْتٰی ؕ بَلٰۤی اِنَّہٗ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: ھمزہ استفہامیہ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَمْ یَتَفَکَّرُوْا (روح المعانی) لَمْ یَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ موصوف الَّذِیْ اسم موصول خَلَقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَمْ یَعْیَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِخَلْقِہِنَّ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ اَللّٰہَ کی صفت، موصوف با صفت اَنَّ کا اسم بَاء جارہ زائدہ قَادِرٍ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل عَلٰی جارہ اَنْ ناصبہ یُّحْیِ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْمَوْتٰی منصوب تقدیرًا مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل با فاعل و متعلق محلًا منصوب اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر لَمْ یَرَوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ بَلٰی حرف ایجاب غیر عامل اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم عَلٰی حرف جار کُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم قَدِیْرٌ کے، قَدِیْرٌ صیغہ صفت با ھُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ یَوْمَ یُعْرَضُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا عَلَی النَّارِ ؕ اَلَیْسَ ھٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰی وَ رَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا کُنْتُمْ تَکْفُرُوْنَ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: واؤ استینافیہ یَوْمَ مضاف یُعْرَضُ فعل مجہول الَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ نائب فاعل عَلَى النَّارِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق یَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا یُقَالُ فعل مجہول محذوف کا، یُقَالُ فعل مجہول باھُوَ مستتر نائب فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، ھَمزہ استفہامیہ لَیْسَ فعل ناقص ھٰذَا اسم اشارہ محلًا مرفوع اسم، بِالْحَقِّ جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول ہوا، بَلٰى حرف ایجاب غیر عامل مقولہ، وَرَبِّنَا جار بامجرور متعلق ہوا فعل محذوف اُقْسِمُ کا، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر قسم اور یہ جملہ معترضہ ہے، قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، یا اِنْ اَقْرَرْتُمْ بِالْكُفْرِ، ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل الْعَذَابَ مفعول بہ باء جارہ مَا مصدریہ كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ فعل ناقص بااسم وخبر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ذُوْقُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ؕ كَاَنَّهُمْ یَوْمَ یَرَوْنَ مَا یُوْعَدُوْنَ ۙ لَمْ یَلْبَثُوْۤا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ؕ بَلٰغٌ ۚ فَهَلْ یُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَتْ عَاقِبَةُ الْكُفَّارِ مَاذُكِرَ، یا اِنْ اٰذَاكَ الْكُفَّارُ، اِصْبِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل کاف جارہ مَا مصدریہ صَبَرَ فعل اُولُوا الْعَزْمِ مرکب اضافی ذوالحال مِنَ الرُّسُلِ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر صَبْرًا موصوف محذوف کے واسطہ سے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا تَسْتَعْجِلْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل لَهُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے نُزُوْلُ الْعَذَابِ مرکب اضافی مفعول بہ محذوف ہے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔

كَاَنَّ حرف تشبیہ ھُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم لَمْ یَلْبَثُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو سَاعَةً موصوف مِنْ نَّهَارٍ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ كَاَنَّ کی خبر، كَاَنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ یَوْمَ مضاف یَرَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَا موصولہ یُوْعَدُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ اس نفی کا جس کا فائدہ لَمْ نے دیا ہے، بَلٰغٌ خبر ہے مبتدا محذوف ھٰذَا کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء عاطفہ ھَلْ استفہامیہ یُهْلَكُ فعل مجہول اِلَّا حرف استثناء لغو الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ مرکب توصیفی نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل لفظًا جملہ انشائیہ معنًی جملہ خبریہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ مُحَمَّدٍ ﷺ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ○

آیت نمبر ۱: اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ صَدُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا، اَضَلَّ فعل هُوَ مستتر فاعل اَعْمَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ اٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَ اَصْلَحَ بَالَهُمْ ۲

آیت نمبر ۲: واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ مَا اسم موصول نُزِّلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل عَلٰى مُحَمَّدٍ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، واؤ حالیہ هُوَ مبتدا، اَلْحَقُّ ذوالحال مِنْ رَّبِّهِمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور اٰمَنُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین صلہ، موصول باصلہ مبتدا، كَفَّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْهُمْ متعلق سَيِّاٰتِهِمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَصْلَحَ فعل هُوَ مستتر فاعل بَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَ اَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ۳

آیت نمبر ۳: ذٰلِكَ مبتدا، بَاء جارہ اَنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ اس کا اسم اِتَّبَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْبَاطِلَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم وخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ اس کا اسم اِتَّبَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْحَقَّ ذوالحال مِنْ رَّبِّهِمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم وخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مفرد مجرور، جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِكَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ كَذٰلِكَ جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ ضَرْبًا موصوف محذوف کے مفعول مطلق مقدم يَضْرِبُ فعل اَللّٰهُ فاعل لِلنَّاسِ متعلق اَمْثَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ؕ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ۙ

فَاِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَ اِمَّا فِدَآءً حَتّٰی تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ۚ۬ ذٰلِكَ ۛؕ وَ لَوْ یَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ وَ لٰكِنْ لِّیَبْلُوَاۡ بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ؕ وَ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَلَنْ یُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝۴

آیت نمبر ۴: فَاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم لَقِیْتُمُ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ ضَرْبَ الرِّقَابِ مرکب اضافی مفعول مطلق فعل محذوف اِضْرِبُوْا کا، فعل بافاعل ومفعول مطلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ حَتّٰی ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَثْخَنْتُمُوْا فعل تُمْ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ شُدُّوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل الْوَثَاقَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء تفریعیہ اِمَّا تردیدیہ مَنًّا مفعول مطلق ہے فعل محذوف تَمُنُّوْنَ کا، تَمُنُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ومفعول مطلق اور بَعْدُ مبنی بر ضم مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ زائدہ اِمَّا عاطفہ فِدَآءً مفعول مطلق ہے فعل محذوف تُفْدُوْنَ کا، تُفْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِدَآءً مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ حَتّٰی جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَضَعَ فعل الْحَرْبُ فاعل اَوْزَارَهَا مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے شُدُّوا کے یا مَنًّا کے متعلق یا فِدَآءً کے متعلق، ذٰلِكَ خبر ہے مبتدا محذوف اَلْاَمْرُ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ یَشَآءُ فعل اَللّٰهُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لَام جوابیہ اِنْتَصَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْهُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک مہمل لَام جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَبْلُوَ فعل هُوَ مستتر فاعل بَعْضَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ بِبَعْضٍ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اَمَرَ اللّٰهُ بِالْقِتَالِ کے، فعل بافاعل ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول قُتِلُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا متضمن معنی شرط، فَاء جزائیہ لَنْ یُّضِلَّ فعل هُوَ مستتر فاعل اَعْمَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

سَیَهْدِیْهِمْ وَ یُصْلِحُ بَالَهُمْ ۝۵ وَ یُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝۶

آیت نمبر ۵،۶: سِین علامت فعل یَهْدِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل هِمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُصْلِحُ فعل هُوَ مستتر فاعل بَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ یُدْخِلُ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، الْجَنَّةَ مفعول بہ ثانی (علی السعۃ) فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔ عَرَّفَ فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ لَهُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ یا الْجَنَّةَ کا حال ہوا۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ یَنْصُرْكُمْ وَ یُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ۝۷

11

آیت نمبر ۷: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا کی ترکیب بہت بار گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے، اِنْ شرطیہ تَنْصُرُوا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر شرط، یَنْصُرْ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُثَبِّتْ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَقْدَامَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ جواب ندا، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝

آیت نمبر ۸: واؤ استینافیہ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ مبتدا متضمن معنیٰ شرط، فاء جزائیہ تَعْسًا مفعول مطلق فعل محذوف تَعِسُوْا کا، اور لَهُمْ کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت ہے تَعْسًا کی، فعل باواؤ ضمیر فاعل ومفعول مطلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَضَلَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَعْمَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ کَرِهُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ۝

آیت نمبر ۹: ذٰلِكَ مبتدا، باء جارہ اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اسم کَرِهُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول اَنْزَلَ فعل اَللّٰهُ فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَحْبَطَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَعْمَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم وخبر بتاویل مفرد مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِكَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَفَلَمْ یَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَیَنْظُرُوْا کَیْفَ کَانَ عَاقِبَةُ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ ۫ وَلِلْکٰفِرِیْنَ اَمْثَالُهَا ۝

آیت نمبر ۱۰: ھمزہ استفہامیہ فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے غَفَلُوْا، لَمْ یَسِیْرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِی الْاَرْضِ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ یَنْظُرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کَیْفَ کَائِنَةً کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم کَانَ ناقصہ عَاقِبَةُ مضاف الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ اسم، فعل ناقص با اسم وخبر یَنْظُرُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف علیہ اول کا معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ دَمَّرَ فعل اَللّٰهُ فاعل عَلَیْهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لِلْکٰفِرِیْنَ کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَمْثَالُهَا مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْکٰفِرِیْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ۝

آیت نمبر ۱۱: ذٰلِكَ مبتدا، باء جارہ اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم مَوْلَى مضاف الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، اَنَّ با اسم وخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق الْکٰفِرِیْنَ اسم لَا نفی جنس مَوْلٰى اسم لَهُمْ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا نفی جنس با اسم وخبر اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم وخبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِكَ کی خبر،

مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

إِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَ يَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَ النَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲ : اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم یُدْخِلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوا فعل باواؤ ضمیر فاعل اَلصّٰلِحٰتِ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ یُدْخِلُ کا مفعول بہ اوّل، جَنّٰتٍ موصوف تَجْرِیْ فعل مِنْ تَحْتِهَا جار بامجرور متعلق ہوئے اَلْاَنْهٰرُ فاعل، فعل بافاعل و متعلق صفت، موصوف باصفت مفعول ثانی، فعل بافاعل و مفعولین خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ مبتدا، یَتَمَتَّعُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَاْكُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کاف جارہ مَا اسم موصول تَاْكُلُ فعل اَلْاَنْعَامُ فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اَكْلًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَلنَّارُ مبتدا، مَثْوًى موصوف لَهُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ كَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِيَ اَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ ۚ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳ : واؤ استینافیہ كَاَيِّنْ خبریہ ممیز مِنْ جارہ قَرْيَةٍ موصوف هِيَ ضمیر مبتدا، اَشَدُّ اسم تفضیل هِيَ مستتر فاعل قُوَّةً تمیز مِنْ جارہ قَرْيَتِكَ مرکب اضافی موصوف اَلَّتِيْ اسم موصول اَخْرَجَتْ فعل هِيَ ضمیر مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ قَرْيَتِكَ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور اَشَدُّ کے متعلق، اسم تفضیل بافاعل و تمیز و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر قَرْيَةٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور تمیز، ممیز باتمیز مبتدا، اَهْلَكْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ لَا نفی جنس نَاصِرَ اسم لَهُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَ اتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴ : همزہ استفہامیہ فاء عاطفہ اس کا معطوف علیہ محذوف ہے لَيْسَ الْاَمْرُ كَمَا زَعَمْتُمْ، مَنْ اسم موصول كَانَ ناقصہ هُوَ مستتر اس کا اسم عَلٰى جارہ بَيِّنَةٍ موصوف مِنْ رَّبِّهٖ كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، کاف جارہ مَنْ موصول زُيِّنَ فعل مجہول لَهٗ جار بامجرور متعلق سُوْٓءُ عَمَلِهٖ مرکب اضافی نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِتَّبَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَهْوَآءَهُمْ مرکب اضافی

مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَ اَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَ اَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَ اَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ؕ وَ لَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَ مَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ؕ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَ سُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ۞

آیت نمبر ۱۵: مَثَلُ مضاف اَلْجَنَّةِ موصوف اَلَّتِيْ اسم موصول وُعِدَ فعل مجہول اَلْمُتَّقُوْنَ نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مَثَلُ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، اس کا مبتدا محذوف ہے مَاتَسْمَعُوْنَ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فِيْهَا کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَنْهٰرٌ موصوف مِنْ جارہ مَآءٍ موصوف غَيْرِ اٰسِنٍ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر اَنْهٰرٌ کی صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْهٰرٌ موصوف مِنْ جارہ لَبَنٍ موصوف لَمْ يَتَغَيَّرْ فعل طَعْمُهٗ مرکب اضافی فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَنْهٰرٌ موصوف مِنْ جارہ خَمْرٍ موصوف لَذَّةٍ مصدر لِلشّٰرِبِيْنَ اس کے متعلق، مصدر با متعلق صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر اَنْهٰرٌ کی صفت، موصوف باصفت معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَنْهٰرٌ موصوف مِنْ جارہ عَسَلٍ مُّصَفًّى مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق، فِيْهَا ظرف لغو کَائِنَةٌ کے متعلق، کَائِنَةٌ اسم فاعل هِيَ مستتر فاعل اور متعلقین سے مل کر خبر مقدم مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت ہوئی اَصْنَافٌ موصوف محذوف کی، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَغْفِرَةٌ موصوف مِنْ رَّبِّهِمْ کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ کاف جارہ مَنْ موصولہ هُوَ مبتدا، خَالِدٌ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل فِي النَّارِ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سُقُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل مَآءً حَمِيْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ قَطَّعَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَمْعَآءَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف، معطوف علیہ اوّل با معطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف اَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِيْ هٰذِهِ الْجَنَّةِ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

وَ مِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ حَتّٰۤى اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ۫ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَ اتَّبَعُوْۤا اَهْوَآءَهُمْ ۞

آیت نمبر ۱۶: واؤ استینافیہ مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول یَسْتَمِعُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اِلَیْكَ جار بامجرور متعلق ہوئے، حَتّٰی جارہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم خَرَجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ عِنْدِكَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لام جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اُوْتُوا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل الْعِلْمَ مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور قَالُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا استفہامیہ مبتدا، ذَا بمعنی اَلَّذِیْ اسم موصول قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اٰنِفًا مفعول فیہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ محلاً مجرور، جار بامجرور یَسْتَمِعُ کے متعلق ثانی، فعل بافاعل و متعلقین صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِیْنَ اسم موصول طَبَعَ فعل اللّٰهُ فاعل عَلٰی قُلُوْبِهِمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اتَّبَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَهْوَآءَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ اُولٰٓئِكَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَالَّذِیْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًی وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: واؤ استینافیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اِهْتَدَوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا، زَادَ فعل ھُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول، هُدًی مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰتٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اول تَقْوٰىهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَهَلْ یَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِیَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰی لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: فاء استینافیہ هَلْ استفہامیہ یَنْظُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو السَّاعَةَ مبدل منہ اَنْ ناصبہ تَاْتِیَ فعل ھِیَ مستتر ذوالحال بَغْتَةً حال، ذوالحال باحال فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر بدل، مبدل منہ بابدل مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ فاء تعلیلیہ قَدْ علامت فعل، جَآءَ فعل اَشْرَاطُهَا مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معللہ ہوا۔ فاء عاطفہ اَنّٰی استفہامیہ مفعول فیہ ہوا کَائِنٌ کا، لَهُمْ کَائِنٌ کے متعلق، اسم فاعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ خبر، مبتدا محذوف ہے اَلْخَلَاصُ، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَتْ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ ذِكْرٰىهُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اس کی جزاء محذوف ہے کَیْفَ یَتَذَكَّرُوْنَ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ یَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتَ سَعَادَةَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَشَقَاوَةَ الْكَافِرِیْنَ، اِعْلَمْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اس کی ترکیب سورۃ المزمل میں گزر چکی ہے اور یہ اَنَّ کی خبر ہے، اَنَّ با اسم و خبر

اِعْلَمْ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْتَغْفِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لِذَنْۢبِكَ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام جارہ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتدا، یَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ ۙ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۭ فَاَوْلٰى لَهُمْ ۝۲۰

آیت نمبر ۲۰: واؤ استینافیہ یَقُوْلُ فعل الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل قول، لَوْلَا تحضیضیہ نُزِّلَتْ فعل مجہول سُوْرَةٌ نائب فاعل سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اُنْزِلَتْ فعل مجہول سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ مرکب توصیفی نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ذُكِرَ فعل مجہول فِیْهَا متعلق الْقِتَالُ نائب فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، رَاَیْتَ فعل تَاء مفتوحہ فاعل الَّذِیْنَ اسم موصول فِیْ قُلُوْبِهِمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَرَضٌ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال یَنْظُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَیْكَ جار بامجرور اس کے متعلق ہوئے نَظَرَ مضاف الْمَغْشِیِّ اسم مفعول ھُوَ مستتر نائب فاعل عَلَیْهِ متعلق اول، مِنَ الْمَوْتِ متعلق ثانی سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق حال، ذوالحال باحال رَاَیْتَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء استینافیہ اَوْلٰى بمعنی اَلْهَلَاكُ مبتدا، لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ ۣ فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ ۣ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۝۲۱

آیت نمبر ۲۱: طَاعَةٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر ہے مبتدا محذوف اَمْرُنَا کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم عَزَمَ فعل الْاَمْرُ فاعل سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ لَوْ شرطیہ صَدَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَام جوابیہ كَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم خَیْرًا موصوف لَهُمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر، كَانَ بااسم و خبر جزاء، شرط باجزاء پھر شرط اول کی جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ۝۲۲

آیت نمبر ۲۲: فَاء استینافیہ هَلْ استفہامیہ عَسَیْتُمْ فعل مقارب تُمْ ضمیر اس کا اسم اَنْ ناصبہ تُفْسِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْ

الْاَرْضِ متعلق سے مل کربتاویل مصدر خبر، فعل مقارب باسم وخبر دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ تَوَلَّیْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ تُقَطِّعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَرْحَامَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ تُفْسِدُوْا پر معطوف ہے۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: اُولٰٓئِكَ مبتدا، الَّذِيْنَ اسم موصول لَعَنَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اَللّٰهُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَصَمَّ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَعْمٰى فعل هُوَ مستتر فاعل اَبْصَارَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: هَمزہ استفہامیہ فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَايَتَذَكَّرُوْنَ (از فقیر) لَايَتَدَبَّرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْقُرْاٰنَ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اَمْ منقطعہ عَلٰى قُلُوْبٍ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَقْفَالُهَا مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ ۭ وَاَمْلٰى لَهُمْ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: اِنَّ حرف تحقیق الَّذِيْنَ اسم موصول ارْتَدُّوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف مَا اسم موصول تَبَيَّنَ فعل لَهُمْ جار با مجرور متعلق الْهُدَى فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور ارْتَدُّوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم الشَّيْطٰنُ مبتدا، سَوَّلَ فعل هُمْ مستتر فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمْلٰى فعل هُوَ مستتر فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: ذٰلِكَ مبتدا، بَاء جارہ اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَام جارہ الَّذِيْنَ اسم موصول كَرِهُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول نَزَّلَ فعل اَللّٰهُ فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور قَالُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق قول، سین علامت فعل، نُطِيْعُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد

مجرور، جار باَمجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باَخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔واؤ حالیہ اَللّٰہُ مبتدا، یَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اِسْرَارَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باَخبر حال ہے قَالُوْا کی واؤ ضمیر فاعل سے۔

فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَ اَدْبَارَهُمْ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: فاء استینافیہ کَیْفَ مفعول فیہ ہے فعل محذوف یَصْنَعُوْنَ کا، پھر یہ فعل واؤ ضمیر فاعل، اِذَا ظرف زمان مضاف تَوَفَّتْ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اَلْمَلٰٓئِکَۃُ ذوالحال یَضْرِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل وُجُوْھَھُمْ وَ اَدْبَارَھُمْ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ حال، ذوالحال باحال یَضْرِبُوْنَ کا فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ فعل محذوف کا مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَاۤ اَسْخَطَ اللّٰهَ وَ كَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: ذٰلِکَ مبتدا، باء جارہ اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم اِتَّبَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول اَسْخَطَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَللّٰہَ مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کَرِھُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل رِضْوَانَہٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، فاء عاطفہ اَحْبَطَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَعْمَالَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِکَ کی خبر، مبتدا باَخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: اَمْ منقطعہ حَسِبَ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول فِیْ قُلُوْبِھِمْ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَرَضٌ مبتدا مؤخر، مبتدا باَخبر صلہ، موصول باصلہ فاعل ہوا، اَنْ مخففہ من المثقلہ ۃ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَنْ ناصبہ یُخْرِجَ فعل اَللّٰہُ فاعل اَضْغَانَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم و خبر حَسِبَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

وَ لَوْ نَشَآءُ لَاَرَيْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ؕ وَ لَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ ؕ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: واؤ عاطفہ لَوْ شرطیہ نَشَآءُ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شرط، لام جوابیہ اَرَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل، ھُمْ ضمیر مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ لام جوابیہ عَرَفْتَ فعل تَاء مفتوحہ فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ بِسِیْمٰھُمْ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔واؤ عاطفہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے تَعْرِفَنَّ فعل اَنْتَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ فِیْ لَحْنِ الْقَوْلِ متعلق سے مل کر جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتدا، یَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَعْمَالَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر خبر، مبتدا باَخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ ۙ وَنَبْلُوَا۟ اَخْبَارَكُمْ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے نَبْلُوَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ حَتّٰی جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نَعْلَمَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْمُجٰهِدِيْنَ ذوالحال مِنْكُمْ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الصّٰبِرِيْنَ معطوف، معطوف علیہ با معطوف نَعْلَمَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَبْلُوَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَخْبَارَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور نَبْلُوَنَّ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَشَآقُّوا الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى ۙ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: اِنَّ حرف تحقیق الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ صَدُّوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ شَآقُّوا فعل واؤ ضمیر فاعل الرَّسُوْلَ مفعول بہ مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف مَا موصولہ تَبَيَّنَ فعل لَهُمْ جار با مجرور متعلق، الْهُدٰى فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ بَعْدِ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار با مجرور شَآقُّوا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم لَنْ يَّضُرُّوا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ اوّل شَيْـًٔا مفعول بہ ثانی سے مل کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ سِین علامت فعل، يُحْبِطُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَعْمَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بواسطہ عطف اِنَّ کی خبر ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْۤا اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اس کی ترکیب بہت بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے اَطِيْعُوا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَطِيْعُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الرَّسُوْلَ مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا تُبْطِلُوْۤا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل اَعْمَالَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: اِنَّ حرف تحقیق الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ صَدُّوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ مَاتُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ مبتدا، كُفَّارٌ خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال مَاتُوْا کا فاعل، فعل بافاعل معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم متضمن معنی شرط، فاء عاطفہ

لَنْ یَّغْفِرَ فعل اَللّٰہُ فاعل لَھُمْ متعلق سے مل کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَلَا تَهِنُوْا وَ تَدْعُوْٓا اِلَى السَّلْمِ ۖۗ وَ اَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۖۗ وَ اللّٰهُ مَعَكُمْ وَ لَنْ یَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ ۝۳۵

آیت نمبر ۳۵: فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتُمْ وُجُوْبَ الْجِهَادِ، لَاتَھِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَدْعُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال، واؤ حالیہ اَنْتُمْ مبتدا، اَلْاَعْلَوْنَ خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال باحال فاعل اِلَى السَّلْمِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتدا، مَعَكُمْ كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَنْ یَّتِرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول، اَعْمَالَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّ لَهْوٌ ؕ وَ اِنْ تُؤْمِنُوْا وَ تَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ وَ لَا يَسْـَٔلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ۝۳۶

آیت نمبر ۳۶: اِنَّ حرف تحقیق مَاکافہ اَلْحَيٰوةُ الدُّنْيَا موصوف باصفت مبتدا، لَعِبٌ وَّ لَهْوٌ معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ تُؤْمِنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَتَّقُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، يُؤْتِ فعل ھُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول، اُجُوْرَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يَسْـَٔلْ فعل ھُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول اَمْوَالَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنْ يَّسْـَٔلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَ يُخْرِجْ اَضْغَانَكُمْ ۝۳۷

آیت نمبر ۳۷: اِنْ شرطیہ يَسْـَٔلْ فعل ھُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول ھَا ضمیر مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ يُحْفِ فعل ھُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، تَبْخَلُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُخْرِجْ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَضْغَانَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ وَ مَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ وَ اللّٰهُ الْغَنِيُّ وَ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ۚ وَ اِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ۝۳۸

آیت نمبر ۳۸: ھَا برائے تنبیہ اَنْتُمْ مبتدا، ھٰٓؤُلَآءِ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ تُدْعَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل لام جارہ تعلیلیہ تُنْفِقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور جار با مجرور متعلق ہوئے فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فاء عاطفہ مِنْکُمْ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول یَبْخَلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتدا، یَبْخَلْ فعل با ھُوَ مستتر فاعل شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ یَبْخَلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَنْ نَّفْسِہٖ متعلق سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتدا، الْغَنِیُّ خبر، مبتدا با خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْتُمْ مبتدا، الْفُقَرَآءُ خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ تَتَوَلَّوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل شرط، یَسْتَبْدِلْ فعل ھُوَ مستتر فاعل قَوْمًا موصوف غَیْرَکُمْ مرکب اضافی صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَا یَکُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم اَمْثَالَکُمْ مرکب اضافی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ الْفَتْحِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝۱

آیت نمبر ۱: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم فَتَحْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَكَ جار با مجرور متعلق ہوئے فَتْحًا مُّبِيْنًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول مطلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَ مَا تَاَخَّرَ وَ يُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَ يَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝۲ وَّ يَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ۝۳

آیت نمبر ۲، ۳: لَام جارہ يَغْفِرَ فعل لَكَ جار با مجرور متعلق اَللّٰهُ فاعل مَا موصولہ تَقَدَّمَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ ذَنْۢبِكَ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا تَاَخَّرَ موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، يَغْفِرَ فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُتِمَّ فعل هُوَ مستتر فاعل نِعْمَتَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ عَلَيْكَ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ يَهْدِيَ فعل هُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ يَنْصُرَ فعل اَللّٰهُ فاعل کاف ضمیر مفعول اوّل نَصْرًا عَزِيْزًا مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور فَتَحْنَا کے متعلق ثانی ہوئے۔

هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ وَ لِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝۴

آیت نمبر ۴: هُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِيْ اسم موصول اَنْزَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلسَّكِيْنَةَ مفعول بہ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے، لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَزْدَادُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِيْمَانًا موصوف مَعَ اِيْمَانِهِمْ مرکب اضافی كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت تمیز، فعل بافاعل و تمیز بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور اَنْزَلَ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ هُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لِلّٰهِ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جُنُوْدُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كَانَ فعل ناقص اَللّٰهُ اس کا اسم عَلِيْمًا حَكِيْمًا اس کی دو خبر، كَانَ با اسم و خبرین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَ يُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ؕ وَ كَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝۵ وَّ يُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَ الْمُنٰفِقٰتِ وَ الْمُشْرِكِيْنَ وَ الْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ

السَّوْءِ ۚ وَ غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَ لَعَنَهُمْ وَ اَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ وَ سَآءَتْ مَصِيْرًا ۝۶

آیت نمبر ۶،۵: لام جارہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُدْخِلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ اوّل، جَنّٰتٍ موصوف تَجْرِيْ فعل مِنْ تَحْتِهَا متعلق الْاَنْهٰرُ فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال خٰلِدِيْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل فِيْهَا متعلق سے مل کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُكَفِّرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَنْهُمْ متعلق سَيِّاٰتِهِمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ يُعَذِّبَ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْمُشْرِكِيْنَ وَ الْمُشْرِكٰتِ معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، الظَّآنِّيْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل بِاللّٰهِ متعلق ظَنَّ السَّوْءِ مرکب اضافی مفعول مطلق سے مل کر صفت ہے الْمُنٰفِقِيْنَ اور الْمُشْرِكِيْنَ کی، يُعَذِّبَ فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اَمَرَ اللّٰهُ بِالْجِهَادِ کے (جلالین)

واؤ اعتراضیہ كَانَ ناقصہ ذٰلِكَ اس کا اسم عِنْدَ اللّٰهِ كَآئِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم فَوْزًا عَظِيْمًا مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر، پھر یہ خبر ہے، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ عَلَيْهِمْ ظرف مستقر كَآئِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم دَآئِرَةُ السَّوْءِ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ دعائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ غَضِبَ فعل اللّٰهُ فاعل عَلَيْهِمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَعَنَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَعَدَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَهُمْ متعلق جَهَنَّمَ مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ سَآءَتْ فعل ذم ھِيَ مستتر ممیز مَصِيْرًا تمیز، ممیز باتمیز فاعل، فعل بافاعل خبر، مبتدا محذوف ہے ھِيَ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ لِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝۷

آیت نمبر ۷: واؤ استینافیہ لِلّٰهِ كَآئِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جُنُوْدُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ كَانَ ناقصہ اَللّٰهُ اسم عَزِيْزًا حَكِيْمًا اس کی دو خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا ۝۸ لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ تُعَزِّرُوْهُ وَ تُوَقِّرُوْهُ ؕ وَ تُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا ۝۹

آیت نمبر ۹،۸: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب ذوالحال شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا معطوف علیہ بامعطوفین حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، لام جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ اَللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تُعَزِّرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ تُوَقِّرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ تُسَبِّحُوْا

فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ بُکْرَۃً وَّ اَصِیْلًا معطوف علیہ با معطوف مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعولین معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور اَرْسَلْنٰکَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَكَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰهَ ؕ یَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَیْدِیْهِمْ ۚ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا یَنْكُثُ عَلٰی نَفْسِهٖ ۚ وَ مَنْ اَوْفٰی بِمَا عٰهَدَ عَلَیْهُ اللّٰهَ فَسَیُؤْتِیْهِ اَجْرًا عَظِیْمًا ﴿۱۰﴾

آیت نمبر ۱۰: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُبَایِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم، اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ یُبَایِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر خبر اوّل، یَدُ اللّٰهِ مرکب اضافی مبتدا، فَوْقَ اَیْدِیْهِمْ مرکب اضافی کَائِنَۃٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر اِنَّ کی خبر ثانی، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتدا، نَکَثَ فعل با ھُوَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ یَنْکُثُ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلٰی نَفْسِهٖ متعلق سے مل کر جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتدا، اَوْفٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل باء جارہ مَا موصولہ عٰهَدَ فعل اَللّٰهُ فاعل عَلَیْهِ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور اَوْفٰی کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق شرط، فاء جزائیہ سین علامت فعل یُؤْتِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٖ ضمیر مفعول بہ اوّل، اَجْرًا عَظِیْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی سے مل کر جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

سَیَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَاۤ اَمْوَالُنَا وَ اَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ یَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَیْسَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ ؕ قُلْ فَمَنْ یَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَیْـًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ؕ بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱: سین علامت فعل، یَقُوْلُ فعل لَكَ جار بامجرور متعلق ہوئے اَلْمُخَلَّفُوْنَ ذوالحال مِنَ الْاَعْرَابِ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل و متعلق قول، شَغَلَتْ فعل نَا ضمیر مفعول بہ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِكَ، اِسْتَغْفِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَنَا متعلق سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ یَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاَلْسِنَتِهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، مَا اسم موصول لَیْسَ ناقصہ ھُوَ مستتر اس کا اسم فِیْ قُلُوْبِهِمْ کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ یَقُوْلُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ (روح المعانی)

قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول ہوا، فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَا تُؤْمِنُوْنَ، مَنْ استفہامیہ مبتدا، یَمْلِكُ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، مِنَ اللّٰهِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، شَیْـًٔا ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مفعول بہ،

فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق خبر، مبتدا باخبر دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ اَرَادَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِکُمْ متعلق ضَرًّا مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَرَادَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِکُمْ متعلق نَفْعًا مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔ بَلْ عاطفہ کَانَ ناقصہ اَللّٰہُ اسم بَاء جارہ مَا تَعْمَلُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم خَبِیْرًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر خبر، کَانَ با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ یَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰۤى اَهْلِیْهِمْ اَبَدًا وَّ زُیِّنَ ذٰلِكَ فِیْ قُلُوْبِكُمْ وَ ظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۖۚ وَ كُنْتُمْ قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۲۲: لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل كُنْتَ ناقصہ تَاء مفتوحہ اس کا اسم فِيْ جارہ غَفْلَةٍ مصدر مِنْ هٰذَا متعلق سے مل کر مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ كَشَفْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَنْكَ جار با مجرور متعلق غِطَآءَكَ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف اول، فَاء عاطفہ بَصَرُكَ مرکب اضافی ذوالحال الْيَوْمَ كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال مبتدا، حَدِيْدٌ خبر، مبتدا باخبر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جواب قسم، قسم باجواب قسم مقولہ ہوا قول محذوف يُقَالُ لِكُلِّ نَفْسٍ کا، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَ قَالَ قَرِيْنُهٗ هٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيْدٌ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: واؤ عاطفہ قَالَ فعل قَرِيْنُهٗ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل قول ہوا، هٰذَا مبتدا، مَا اسم موصول لَدَيَّ مرکب اضافی كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم عَتِيْدٌ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۲۴﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبٍ ﴿۲۵﴾

13

آیت نمبر ۲۴،۲۵: اَلْقِیَا فعل الف ضمیر فاعل فِیْ جَهَنَّمَ متعلق کُلَّ مضاف کَفَّارٍ موصوف عَنِیْدٍ صفت اولی، مَنَّاعٍ صیغہ مبالغہ باھُوَ مستتر فاعل لِلْخَیْرِ متعلق سے مل کر صفت ثانیہ، مُعْتَدٍ صفت ثالثہ، مُرِیْبٍ صفت رابعہ، موصوف باصفات اربعہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ اَلْقِیَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر مقولہ ہوا قول محذوف یُقَالُ کا، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَلَّذِیْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِیٰهُ فِی الْعَذَابِ الشَّدِیْدِ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: اَلَّذِیْ اسم موصول جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل مَعَ اللّٰهِ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر مفعول ثانی اِلٰهًا اٰخَرَ مرکب توصیفی مفعول بہ اول، فعل بافاعل و مفعولین صلہ، موصول باصلہ مبتدا متضمن معنی شرط، فاء جوابیہ اَلْقِیَا فعل امر الف ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ فِی الْعَذَابِ الشَّدِیْدِ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ قَرِیْنُهٗ رَبَّنَا مَاۤ اَطْغَیْتُهٗ وَ لٰكِنْ كَانَ فِیْ ضَلٰلٍۭ بَعِیْدٍ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: قَالَ فعل قَرِیْنُهٗ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، رَبَّنَا اصل میں یَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے مَا نافیہ اَطْغَیْتُ فعل تَاء مضمومہ فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰکِنَّ حرف استدراک مہمل کَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم فِیْ ضَلٰلٍ بَعِیْدٍ کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَیَّ وَ قَدْ قَدَّمْتُ اِلَیْكُمْ بِالْوَعِیْدِ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، لَا تَخْتَصِمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَدَیَّ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل قَدَّمْتُ فعل تَاء مضمومہ فاعل اِلَیْكُمْ متعلق بَاء زائدہ اَلْوَعِیْدِ محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال ہے اِلَیَّ کی یَاء ضمیر سے۔

مَا یُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَیَّ وَ مَاۤ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: مَا نافیہ یُبَدَّلُ فعل مجہول اَلْقَوْلُ نائب فاعل لَدَیَّ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا حجازیہ اَنَا ضمیر اسم بَاء زائدہ ظَلَّامٍ صیغہ مبالغہ اَنَا مستتر فاعل لِلْعَبِیْدِ محلاً منصوب خبر، مَا بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

یَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَ تَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِیْدٍ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: یَوْمَ مضاف نَقُوْلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل لِجَهَنَّمَ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَقُوْلُ فعل هِیَ مستتر فاعل سے مل کر قول، هَلْ استفہامیہ مِنْ جارہ زائدہ مَزِیْدٍ محلاً مرفوع مبتدا خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ

مقولہ ، قول بامقولہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف یَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ ھَلْ استفہامیہ اِمْتَلَاْتِ فعل تَاء مکسورہ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر نَقُوْلُ کا مقولہ۔

وَ اُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱ : واؤ استینافیہ اُزْلِفَتِ فعل مجہول اَلْجَنَّةُ نائب فاعل لِلْمُتَّقِيْنَ جار بامجرور متعلق غَيْرَ بَعِيْدٍ مرکب اضافی مَكَانًا موصوف محذوف کے واسطہ سے مفعول فیہ، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، مَا اسم موصول تُوْعَدُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل لام جار کُلِّ مضاف اَوَّابٍ حَفِيْظٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَ جَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبٍ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: مَنْ اسم موصول خَشِيَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلرَّحْمٰنَ مفعول بہ بِالْغَيْبِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر خَشِيَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَآءَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ قَلْبٍ مُّنِيْبٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ بدل ہے کُلِّ اَوَّابٍ کا یا خبر ہے مبتدا محذوف ھُمْ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: اُدْخُلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ بِسَلٰمٍ کَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال ہے واؤ ضمیر سے، فعل بافاعل ومفعول بہ مقولہ ہے قول محذوف يُقَالُ لَهُمْ کا، ذٰلِكَ مبتدا، يَوْمُ الْخُلُوْدِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَ لَدَيْنَا مَزِيْدٌ ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: لَهُمْ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول يَشَآءُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهَا متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَدَيْنَا مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم مَزِيْدٌ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوْا فِي الْبِلَادِ ؕ هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۶ : واؤ استینافیہ کَمْ خبریہ مفعول بہ مقدم اَهْلَكْنَا فعل نَا ضمیر فاعل قَبْلَهُمْ مرکب اضافی کَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال ہے کَمْ کا، مِنْ جارہ قَرْنٍ موصوف هُمْ ضمیر مبتدا، اَشَدُّ اسم تفضیل هُمْ مستتر فاعل مِنْهُمْ متعلق بَطْشًا تمیز سے مل کر خبر،

مبتدا باخبر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور کَمْ خبریہ کی تمیز ہے، اَهْلَكْنَا فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ نَقَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِي الْبِلَادِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ هَلْ استفہامیہ مِنْ جارہ زائدہ مَحِيْصٍ محلاً مرفوع مبتدا، خبر محذوف ہے لَهُمْ، مبتدا باخبر قَائِلِيْنَ محذوف کا مقولہ ہو کر نَقَّبُوْا کی واؤ ضمیر سے حال ہے۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَ هُوَ شَهِيْدٌ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: اِنَّ حرف تحقیق فِيْ ذٰلِكَ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لَام مزحلقہ ذِكْرٰى موصوف لَام جارہ مَنْ موصولہ كَانَ ناقصہ لَهٗ كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم قَلْبٌ اسم موخر، فعل ناقص باسم وخبر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَلْقَى فعل هُوَ مستتر فاعل السَّمْعَ ذوالحال واؤ حالیہ هُوَ شَهِيْدٌ مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال اَلْقَى کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اِنَّ کا اسم موخر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَ مَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ وَّ مَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل السَّمٰوٰتِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاَرْضَ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا موصولہ بَيْنَهُمَا مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مفعول بہ، فِيْ جارہ سِتَّةِ اَيَّامٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ مَسَّ فعل نَا ضمیر مفعول بہ مِنْ جارہ زائدہ لُغُوْبٍ محلاً مرفوع فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَ سَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَ قَبْلَ الْغُرُوْبِ ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا خَلَقْنَا كُلَّ شَيْءٍ، یا اِنْ سَمِعْتَ اِنْكَارَ الْكَافِرِيْنَ، اِصْبِرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل عَلٰى جارہ مَا يَقُوْلُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومتعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَبِّحْ فعل امر اَنْتَ مستتر ذوالحال بِحَمْدِ رَبِّكَ مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَبْلَ الْغُرُوْبِ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول فیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ مِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَ اَدْبَارَ السُّجُوْدِ ﴿۴۰﴾

آیت نمبر ۴۰: واؤ عاطفہ مِنَ الَّيْلِ جار بامجرور متعلق مقدم فَاء زائدہ سَبِّحْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ ومتعلق مقدم سے مل کر جملہ انشائیہ ہوا۔ وَ اَدْبَارَ السُّجُوْدِ بواسطہ عطف کے سَبِّحْ کا مفعول فیہ ہوا۔

وَ اسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿۴۱﴾ يَّوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ؕ

ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۱،۴۲: واؤ عاطفہ اِسْتَمِعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل يَوْمَ مضاف يُنَادِ فعل الْمُنَادِ مرفوع تقدیراً فاعل مِنْ جارہ مَكَانٍ قَرِيْبٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق يَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبدل منہ، يَوْمَ مضاف يَسْمَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِالْحَقِّ مُتَلَبِّسِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل الصَّيْحَةَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ يَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بدل، مبدل منہ بابدل اِسْتَمِعْ کا مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ ذٰلِكَ مبتدا، يَوْمُ الْخُرُوْجِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ وَ نُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم نَحْنُ مبتدا، نُحْيٖ فعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نُمِيْتُ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلَيْنَا ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْمَصِيْرُ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ؕ ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۴: يَوْمَ مضاف تَشَقَّقُ فعل الْاَرْضُ فاعل عَنْ جارہ هُمْ ضمیر ذوالحال سِرَاعًا حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بدل ہوا يَوْمَ اوّل سے، ذٰلِكَ مبتدا حَشْرٌ موصوف يَسِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل عَلَيْنَا متعلق سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَ مَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ ۫ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵: نَحْنُ مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل نَحْنُ مستتر فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق، اسم تفضیل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا حجازیہ اَنْتَ مبتدا، بَاء جارہ زائدہ جَبَّارٍ صیغہ مبالغہ اَنْتَ مستتر فاعل عَلَيْهِمْ متعلق مقدم سے مل کر محلاً منصوب خبر، مَا بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، ذَكِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مَنْ موصولہ يَخَافُ فعل هُوَ مستتر فاعل وَعِيْدِ اصل میں وَعِيْدِيْ ہے، مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ بِالْقُرْاٰنِ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَةُ الذّٰرِیٰتِ

رکوع نمبرا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَ الذّٰرِیٰتِ ذَرْوًا ۝ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ۝ فَالْجٰرِیٰتِ یُسْرًا ۝ فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ۝ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ۝ وَّاِنَّ الدِّیْنَ لَوَاقِعٌ ۝

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۶: واؤ قسمیہ جارہ الذّٰرِیٰتِ اسم فاعل ذَرْوًا مفعول مطلق سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَلْحٰمِلٰتِ اسم فاعل وِقْرًا مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، فاء عاطفہ الْجٰرِیٰتِ اسم فاعل یُسْرًا "جَرْیًا" موصوف محذوف کے واسطہ سے مفعول مطلق، اسم فاعل بامفعول مطلق معطوف ثانی، فاء عاطفہ الْمُقَسِّمٰتِ اسم فاعل اَمْرًا مفعول بہ سے مل کر معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوا فعل محذوف اُقْسِمُ کا، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر قسم، اِنَّ حرف تحقیق مَا اسم موصول تُوْعَدُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم لَام مزحلقہ صَادِقٌ خبر، اِنَّ با اسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق اَلدِّیْنَ اس کا اسم لَام تاکیدیہ وَاقِعٌ خبر، اِنَّ با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

فائدہ : قسم میں جو صفت کے صیغے مذکور ہیں ان کا فاعل ان میں ھُنَّ ضمیر ہے۔

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ۝ اِنَّكُمْ لَفِیْ قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ ۝

آیت نمبر ۷، ۸ : واؤ قسمیہ جارہ السَّمَآءِ موصوف ذَاتِ الْحُبُكِ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور فعل محذوف اُقْسِمُ کے متعلق، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر قسم، اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ فِیْ حرف جار قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

یُؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ۝

آیت نمبر ۹: یُؤْفَكُ فعل مجہول عَنْهُ جار بامجرور متعلق ہوئے مَنْ اسم موصول اُفِكَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ۝ الَّذِیْنَ هُمْ فِیْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۰، ۱۱: قُتِلَ فعل مجہول الْخَرّٰصُوْنَ موصوف الَّذِیْنَ اسم موصول هُمْ ضمیر مبتدا، سَاهُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل فِیْ غَمْرَةٍ متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

يَسْـَٔلُوْنَ اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: یَسْـَٔلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَیَّانَ کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم یَوْمُ الدِّیْنِ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا باخبر محلًا منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُوْنَ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: یَوْمَ مضاف هُمْ مبتدا، یُفْتَنُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل عَلَی النَّارِ متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف یَقَعُ کا، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ ؕ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: ذُوْقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِتْنَتَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر مقولہ ہوا قول محذوف یُقَالُ لَھُمْ حِیْنَ التَّعْذِیْبِ کا، ھٰذَا اسم اشارہ مبتدا، الَّذِیْ اسم موصول کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَسْتَعْجِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّ عُيُوْنٍ ﴿۱۵﴾ اٰخِذِيْنَ مَاۤ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۵،۱۶: اِنَّ حرف تحقیق الْمُتَّقِیْنَ اس کا اسم فِیْ جارہ جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق، کَائِنُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر ذوالحال اٰخِذِیْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل مَا اسم موصول اٰتٰی فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ رَبُّهُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، اسم فاعل بافاعل و مفعول بہ شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم قَبْلَ ذٰلِكَ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم مُحْسِنِیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل و مفعول فیہ مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم قَلِیْلًا موصوف مِنَ الَّیْلِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت بواسطہ موصوف محذوف هُجُوْعًا کے مفعول مطلق مقدم مَا زائدہ یَهْجَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و مفعول مطلق مقدم خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، یَسْتَغْفِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْاَسْحَارِ جار با مجرور متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر بواسطہ عطف کَانُوْا کی خبر ثانی ہے۔

وَ فِیۡۤ اَمۡوَالِهِمۡ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَ الۡمَحۡرُوۡمِ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: واؤ عاطفہ فِیۡۤ اَمۡوَالِهِمۡ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم حَقٌّ موصوف لام جارہ السَّآئِلِ وَالۡمَحۡرُوۡمِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر بواسطہ عطف کَانُوْا کی خبر ثالث ہے۔

وَ فِی الۡاَرۡضِ اٰیٰتٌ لِّلۡمُوۡقِنِیۡنَ ﴿ۙ۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: واؤ عاطفہ فِی الۡاَرۡضِ کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اٰیٰتٌ موصوف لِلۡمُوۡقِنِیۡنَ کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ فِیۡۤ اَنۡفُسِکُمۡ ؕ اَفَلَا تُبۡصِرُوۡنَ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: واؤ عاطفہ فِیۡۤ اَنۡفُسِکُمۡ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مبتدا محذوف ہے اٰیٰتٌ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ھمزہ استفہامیہ فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تُنْکِرُوْنَ قُدْرَتَ اللّٰہِ عَلَی الْبَعْثِ، لَا تُبۡصِرُوۡنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

وَ فِی السَّمَآءِ رِزۡقُکُمۡ وَ مَا تُوۡعَدُوۡنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: واؤ عاطفہ فِی السَّمَآءِ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، رِزۡقُکُمۡ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا تُوۡعَدُوۡنَ موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَوَ رَبِّ السَّمَآءِ وَ الۡاَرۡضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثۡلَ مَاۤ اَنَّکُمۡ تَنۡطِقُوۡنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: فاء استینافیہ واؤ قسمیہ جارہ رَبِّ مضاف السَّمَآءِ وَ الۡاَرۡضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقۡسِمُ کے، اُقۡسِمُ فعل اَنَا ضمیر فاعل و متعلق سے مل کر قسم۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ حَقٌّ ذوالحال مِثۡلَ مضاف مَا زائدہ اَنَّ حرف تحقیق کُمۡ ضمیر اس کا اسم تَنۡطِقُوۡنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، اَنَّ با اسم و خبر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ حال، ذوالحال با حال اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

❀ رکوع نمبر ۲ ❀

هَلۡ اَتٰىکَ حَدِیۡثُ ضَیۡفِ اِبۡرٰهِیۡمَ الۡمُکۡرَمِیۡنَ ﴿ۘ۲۴﴾ اِذۡ دَخَلُوۡا عَلَیۡهِ فَقَالُوۡا سَلٰمًا ؕ قَالَ سَلٰمٌ ۚ قَوۡمٌ مُّنۡکَرُوۡنَ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۴، ۲۵: هَلۡ استفہامیہ اَتٰی فعل کاف ضمیر مفعول بہ حَدِیۡثُ مضاف ضَیۡفِ اِبۡرٰهِیۡمَ مرکب اضافی موصوف الۡمُکۡرَمِیۡنَ اسم مفعول ھُمۡ مستتر نائب فاعل اِذۡ مضاف دَخَلُوۡا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَیۡهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء

عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، سَلٰمًا فعل محذوف نُسَلِّمُ کا مفعول مطلق ہے، فعل بانَحْنُ مستتر فاعل و مفعول مطلق مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ الْمُكْرَمِيْنَ کا مفعول فیہ، اسم مفعول با نائب فاعل ومفعول فیہ صفت، موصوف باصفت حَدِيْثُ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، سَلٰمٌ مبتدا، عَلَيْكُمْ خبر محذوف سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ مرکب توصیفی خبر ہے مبتدا محذوف اَنْتُمْ کی، مبتدا با خبر بھی مقولہ کے تتمہ میں سے ہے۔

فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ فَجَآءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ ﴿۲۶﴾ فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ قَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۶، ۲۷: فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے بَادَرَ اِلٰى اِكْرَامِ الضَّيْفِ، رَاغَ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلٰٓى اَهْلِهٖ متعلق سے مل کر معطوف اول، فاء عاطفہ جَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ متعلق سے مل کر معطوف ثانی، فاء عاطفہ قَرَّبَ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اِلَيْهِمْ متعلق سے مل کر معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جملہ معطوفہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، همزہ استفہامیہ لَا تَاْكُلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ ؕ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَمَّا رَاٰى اِصْرَارَهُمْ عَلَى الْاِمْتِنَاعِ، اَوْجَسَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْهُمْ متعلق خِيْفَةً مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل قول، لَا تَخَفْ فعل با اَنْتَ مستتر فاعل مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَشَّرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: فاء عاطفہ اور معطوف علیہ مقدر ہے سَمِعَتْ اِمْرَاَةُ اِبْرٰهِيْمَ بَشَارَةً، اَقْبَلَتْ فعل اِمْرَاَتُهٗ مرکب اضافی ذوالحال فِيْ صَرَّةٍ ظرف مستقر صَارَّةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل بافاعل معطوف اول، فاء عاطفہ صَكَّتْ فعل باهِيَ مستتر فاعل وَجْهَهَا مرکب اضافی مفعول بہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ قَالَتْ فعل باهِيَ مستتر فاعل قول، عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ مرکب توصیفی خبر ہے مبتدا محذوف اَنَا کی، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جملہ معطوفہ ہوا۔

قَالُوْا كَذٰلِكِ ۙ قَالَ رَبُّكِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، كَذٰلِكِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف قَوْلًا کے مفعول مطلق مقدم، قَالَ فعل رَبُّكِ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و مفعول مطلق مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم هُوَ ضمیر فصل الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: قَالَ فعل باھُوَ مستتر فاعل قول، فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ كُنْتُمْ مَلٰٓئِكَةً كَمَا تَقُوْلُوْنَ، مَا استفہامیہ مبتدا، خَطْبُكُمْ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ جواب نداء مقدم، اَیُّ موصوف ھَا برائے تنبیہ الْمُرْسَلُوْنَ صفت، موصوف باصفت محلًا منصوب مفعول بہ اُدْعُوْا کا، فعل بافاعل و مفعول بہ نداء مؤخر، نداء باجواب نداء جزاء، شرط باجزاء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِیْنَ ﴿۳۲﴾ لِنُرْسِلَ عَلَیْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ طِیْنٍ ﴿۳۳﴾ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِیْنَ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۲، ۳۳، ۳۴: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اُرْسِلْنَا فعل مجہول نَا ضمیر نائب فاعل اِلٰى جارہ قَوْمٍ مُّجْرِمِیْنَ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق اوّل، لام جارہ نُرْسِلَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَلَیْهِمْ جار با مجرور متعلق حِجَارَةً موصوف مِنْ طِیْنٍ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، مُسَوَّمَةً اسم مفعول ھِیَ مستتر نائب فاعل عِنْدَ رَبِّكَ مرکب اضافی مفعول فیہ لِلْمُسْرِفِیْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم مفعول بانائب فاعل و مفعول فیہ و متعلق صفت ثانیہ، موصوف باصفتین نُرْسِلَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور اُرْسِلْنَا کے متعلق ثانی، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلقین خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِیْهَا مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۳۵﴾ فَمَا وَجَدْنَا فِیْهَا غَیْرَ بَیْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۳۶﴾ وَتَرَكْنَا فِیْهَآ اٰیَةً لِّلَّذِیْنَ یَخَافُوْنَ الْعَذَابَ الْاَلِیْمَ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۵، ۳۶، ۳۷: فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا اَرْسَلْنَا الْعَذَابَ عَلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِیْنَ، اَخْرَجْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مَنْ موصولہ كَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اسم فِیْهَا كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ مَا نافیہ وَجَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِیْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے غَیْرَ مضاف بَیْتٍ موصوف مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ وَجَدْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ تَرَكْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِیْهَا جار با مجرور متعلق اٰیَةً موصوف لام جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَخَافُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْعَذَابَ الْاَلِیْمَ مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت تَرَكْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَفِیْ مُوْسٰٓى اِذْ اَرْسَلْنٰهُ اِلٰى فِرْعَوْنَ بِسُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: واؤ عاطفہ فِیْ مُوْسٰى جار با مجرور متعلق ہوا فعل محذوف جَعَلْنَا کا، اِذْ مضاف اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اِلٰى فِرْعَوْنَ جار با مجرور متعلق، بَاء جارہ سُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور مُؤَیِّدًا کے متعلق ہو کر ضمیر مفعول

سے حال ہے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ کَآئِنَةً کا مفعول فیہ ہو کر اٰیَةً موصوف کی صفت، موصوف باصفت جَعَلْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهٖ وَ قَالَ سٰحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۳۹﴾ فَاَخَذْنٰهُ وَ جُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِی الْیَمِّ وَ هُوَ مُلِیْمٌ ﴿۴۰﴾

آیت نمبر ۳۹،۴۰: فَاء عاطفہ تَوَلّٰى فعل هُوَ مستتر فاعل بِرُكْنِهٖ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَالَ فعل باهُوَ مستتر فاعل قول، سٰحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ خبر مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ معطوف اوّل، فاء عاطفہ اَخَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ واؤ بمعنی مَعَ "جُنُوْدَهٗ" مفعول معہ پھر معطوف ثانی، فاء عاطفہ نَبَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ فِی الْیَمِّ متعلق سے مل کر معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ حالیہ هُوَ مُلِیْمٌ جملہ اسمیہ حال ہے اَخَذْنَا کے مفعول بہ سے۔

وَ فِیْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَیْهِمُ الرِّیْحَ الْعَقِیْمَ ﴿۴۱﴾ مَا تَذَرُ مِنْ شَیْءٍ اَتَتْ عَلَیْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِیْمِ ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۱،۴۲: واؤ عاطفہ فِیْ عَادٍ ظرف مستقر جَعَلْنَا مقدر کا متعلق اِذْ مضاف اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَیْهِمْ جار بامجرور متعلق الرِّیْحَ الْعَقِیْمَ مرکب توصیفی ذوالحال، مَا نافیہ تَذَرُ فعل هِیَ مستتر فاعل مِنْ زائدہ شَیْءٍ موصوف اَتَتْ فعل هِیَ مستتر فاعل عَلَیْهِ متعلق سے مل کر شَیْءٍ کی صفت، موصوف باصفت محلاً منصوب مفعول بہ اوّل، اِلَّا حرف استثناء جَعَلَتْ فعل هِیَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ كَالرَّمِیْمِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق تَذَرُ کا مفعول ثانی، فعل بافاعل ومفعولین حال، ذوالحال باحال اَرْسَلْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ کَآئِنَةً کا مفعول فیہ ہو کر اٰیَةً موصوف محذوف کی صفت، موصوف باصفت جَعَلْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَ فِیْ ثَمُوْدَ اِذْ قِیْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰى حِیْنٍ ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳: واؤ عاطفہ فِیْ ثَمُوْدَ جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف جَعَلْنَا کے اِذْ مضاف قِیْلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر قول، تَمَتَّعُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل حَتّٰى حِیْنٍ متعلق سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ کَآئِنَةً کا مفعول فیہ ہو کر صفت ہے اٰیَةً موصوف محذوف کی، موصوف باصفت جَعَلْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ وَ هُمْ یَنْظُرُوْنَ ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۴: فَاء عاطفہ عَتَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَخَذَتْ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ الصّٰعِقَةُ ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، یَنْظُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال اَخَذَتْ کا فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِيَامٍ وَّ مَا كَانُوْا مُنْتَصِرِيْنَ ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵ : فَاء عاطفہ مَا نافیہ اِسْتَطَاعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ قِيَامٍ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم مُنْتَصِرِيْنَ خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَ قَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶: واؤ عاطفہ قَوْمَ نُوْحٍ مرکب اضافی ذوالحال مِنْ قَبْلُ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ ہوا فعل محذوف اَهْلَكْنَا کا، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم قَوْمًا فٰسِقِيْنَ مرکب توصیفی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

وَ السَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّ اِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَ الْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۷، ۴۸: واؤ استینافیہ السَّمَآءَ مفعول بہ ہے فعل محذوف بَنَيْنَا کا، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مفسّر، بَنَيْنَا فعل نَا ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ مُوْسِعُوْنَ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال بَنَيْنَا کے لئے فاعل هَا ضمیر منصوب ذوالحال بِاَيْىدٍ ظرف مستقر مُتَلَبِّسَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاَرْضَ مفعول بہ ہے فعل محذوف فَرَشْنَا کا، فَرَشْنَا فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مفسّر، فَرَشْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر مفسِّر، مفسَّر با مفسِّر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ فَاء عاطفہ نِعْمَ فعل مدح الْمٰهِدُوْنَ فاعل سے مل کر خبر، مبتدا محذوف ہے نَحْنُ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

وَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹: واؤ عاطفہ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ جار با مجرور متعلق مقدم خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل زَوْجَيْنِ مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجّی كُمْ ضمیر اس کا اسم تَذَكَّرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، حرف ترجّی با اسم و خبر جملہ انشائیہ معللہ ہوا۔

فَفِرُّوْا اِلَى اللّٰهِ ؕ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۵۰﴾

آیت نمبر ۵۰: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ اَحَدٌ، فِرُّوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِلَى اللّٰهِ متعلق سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق يَاء ضمیر اس کا اسم لَكُمْ جار با مجرور نَذِيْرٌ کا متعلق اوّل مِنْهُ جار با مجرور متعلق ثانی، نَذِيْرٌ صیغہ صفت با هُوَ مستتر فاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر موصوف مُبِيْنٌ صفت، موصوف با صفت خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ لَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ؕ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۵۱﴾

آیت نمبر ۵۱: واؤ عاطفہ لَاتَجْعَلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل مَعَ اللّٰهِ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر مفعول بہ ثانی اِلٰهًا اٰخَرَ مرکب توصیفی مفعول بہ اوّل، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔ اِنِّیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ کی ترکیب ابھی اوپر گزری ہے۔

كَذٰلِكَ مَآ اَتَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۵۲﴾

آیت نمبر ۵۲: كَذٰلِكَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے اَلْاَمْرُ مبتدا محذوف کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ مَا نافیہ اَتٰى فعل الَّذِيْنَ اسم موصول مِنْ جارہ قَبْلِ مضاف هِمْ ضمیر ذوالحال اِلَّا حرف استثناء قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ معطوف علیہ بامعطوف خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ حال، ذوالحال باحال قَبْلِ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور ثَبَتُوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ مقدم، مِنْ جارہ زائدہ رَسُوْلٍ محلًّا مرفوع فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۳: هَمزہ استفہامیہ تَوَاصَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ بَلْ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، قَوْمٌ طَاغُوْنَ موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ ﴿۵۴﴾

آیت نمبر ۵۴: فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ کَانَ هٰذَا شَاْنُهُمْ، تَوَلَّ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَنْهُمْ متعلق سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء تعلیلیہ مَا حجازیہ اَنْتَ ضمیر اس کا اسم بِاء زائدہ مَلُوْمٍ محلًّا منصوب خبر، مَا باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

وَّ ذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵: واؤ عاطفہ ذَكِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فَاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق الذِّكْرٰى منصوب تقدیرًا اِنَّ کا اسم تَنْفَعُ فعل هِیَ مستتر فاعل الْمُؤْمِنِيْنَ مفعول بہ سے مل کر خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶: واؤ استینافیہ مَا نافیہ خَلَقْتُ فعل تَاء مضمومہ ضمیر فاعل الْجِنَّ وَالْاِنْسَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، اِلَّا حرف استثناء لغو لَام جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَعْبُدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر متکلم مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ ﴿۵۷﴾

آیت نمبر ۵۷: مَا نافیہ اُرِيْدُ فعل اَنَا مستتر فاعل مِنْهُمْ جار بامجرور متعلق مِنْ جارہ زائدہ رِزْقٍ محلًّا منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ اُرِيْدُ فعل اَنَا مستتر فاعل اَنْ ناصبہ يُطْعِمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر متکلم

محذوف مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِیْنُ ﴿۵۸﴾

آیت نمبر ۵۸: اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم هُوَ ضمیر فصل الرَّزَّاقُ خبر اوّل، ذُو الْقُوَّةِ مرکب اضافی خبر دوم الْمَتِیْنُ خبر ثالث، اِنَّ با اسم و اخبار ثلاثہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَاِنَّ لِلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ فَلَا یَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿۵۹﴾

آیت نمبر ۵۹: فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا عَرَفْتَ حَالَ الْکُفَّارِ، اِنَّ حرف تحقیق لام جارہ اَلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا موصول باصلہ کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم ذَنُوْبًا موصوف مِثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت اسم موخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، یا اِنْ اَخَّرْتُ عَذَابَهُمْ، لَا یَسْتَعْجِلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر متکلم مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ نہیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَوَیْلٌ لِّلَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْ یَّوْمِهِمُ الَّذِیْ یُوْعَدُوْنَ ﴿۶۰﴾

آیت نمبر ۶۰: فاء تعلیلیہ وَیْلٌ مبتدا، لام جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مِنْ جارہ یَوْمِهِمْ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول یُوْعَدُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر وَیْلٌ کی صفت ہے، وَیْلٌ مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَةُ الطُّوْرِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَ الطُّوْرِ ۙ۝۱ وَ كِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ۙ۝۲ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ۙ۝۳ وَّ الْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ۙ۝۴ وَ السَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ۙ۝۵ وَ الْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ۙ۝۶ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۙ۝۷ يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ۙ۝۹ وَّ تَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا ؕ۝۱۰

آیت نمبر ۱،۲،۳،۴،۵،۶،۷،۹،۱۰: واؤ قسمیہ جارہ الطُّوْرِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كِتٰبٍ موصوف مَسْطُوْرٍ اسم مفعول هُوَ مستتر نائب فاعل فِيْ جارہ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم مفعول با نائب فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف اوّل، واؤ عاطفہ الْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ مرکب توصیفی معطوف ثانی، واؤ عاطفہ السَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ مرکب توصیفی معطوف ثالث، واؤ عاطفہ الْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ مرکب توصیفی معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کا، اُقْسِمُ فعل اَنَا ضمیر فاعل و متعلق سے مل کر قسم، اِنَّ حرف تحقیق عَذَابَ رَبِّكَ مرکب اضافی اسم لَامِ مزحلقہ وَاقِعٌ صیغہ اسم فاعل هُوَ مستتر اس کا فاعل يَوْمَ مضاف تَمُوْرُ فعل السَّمَآءُ فاعل مَوْرًا مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَسِيْرُ فعل الْجِبَالُ فاعل سَيْرًا مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف يَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ وَاقِعٌ کا مفعول فیہ، اسم فاعل با فاعل و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ۙ۝۸

آیت نمبر ۸: مَا نافیہ لَهٗ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ دَافِعٍ محلًا مرفوع مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۙ۝۱۱ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ خَوْضٍ يَّلْعَبُوْنَ ۘ۝۱۲

آیت نمبر ۱۱،۱۲: فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ مَا ذُكِرَ، وَيْلٌ موصوف يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر وَيْلٌ کی صفت، موصوف باصفت مبتدا، لَامِ جارہ الْمُكَذِّبِيْنَ موصوف الَّذِيْنَ اسم موصول هُمْ ضمیر مبتدا، يَلْعَبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْ خَوْضٍ متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر وَيْلٌ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ؕ۝۱۳

آیت نمبر ۱۳: يَوْمَ مضاف يُدَعُّوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ متعلق دَعًّا مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ يَوْمَ تَمُوْرُ... الخ کا بدل ہے یا يَوْمَئِذٍ کا بدل ہے۔

هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: هٰذِهِ مبتدا، النَّارُ موصوف الَّتِيْ اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تُكَذِّبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهَا متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ اَلنَّارُ کی صفت، موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر يُقَالُ لَهُمْ قول محذوف کا مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: هَمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تقدیر عبارت ہے كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ لِلْوَحْيِ هٰذَا سِحْرٌ، یہ قول با مقولہ معطوف علیہ، سِحْرٌ خبر مقدم هٰذَا مبتدا موخر، مبتدا با خبر معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ اَنْتُمْ مبتدا، لَا تُبْصِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف علیہ اوّل کا معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ۭ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: اِصْلَوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اِصْبِرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف اوّل، اَوْ عاطفہ لَا تَصْبِرُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ سَوَآءٌ بمعنی مُسْتَوٍ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْكُمْ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا محذوف ہے اَلْاَمْرَانِ (کشاف) اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ تُجْزَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل مَا اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَعِيْمٍ ﴿۱۷﴾ فٰكِهِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۚ وَوَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۷، ۱۸: اِنَّ حرف تحقیق الْمُتَّقِيْنَ اِنَّ کا اسم فِيْ جارہ جَنّٰتٍ وَّنَعِيْمٍ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے كَائِنُوْنَ کے، كَائِنُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر ذو الحال فٰكِهِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل بَاء جارہ مَا موصول اٰتٰى فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ رَبُّهُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ وَقٰى فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، رَبُّهُمْ مرکب اضافی فاعل عَذَابَ الْجَحِيْمِ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور اسم فاعل کے متعلق، اسم فاعل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر حال، ذو الحال با حال كَائِنُوْنَ کا فاعل، اسم فاعل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: كُلُوْا فعل امر با واؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِشْرَبُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هَنِيْٓـًٔا بواسطہ موصوف محذوف شُرْبًا کے مفعول مطلق، بَاء جارہ مَا موصولہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ

خبر یہ خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور کُلُوْا یا اِشْرَبُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول مطلق و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ ہوا یُقَالُ لَهُمْ قول محذوف کا، قول بامقولہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ ۚ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: مُتَّكِـِٕيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل عَلٰی جارہ سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر کُلُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے یا فِیْ جَنّٰتٍ کے متعلق ہو کر کَائِنُوْنَ کی هُمْ ضمیر فاعل سے حال ہے، واؤ عاطفہ زَوَّجْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ بَاء جارہ حُوْرٍ عِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور زَوَّجْنَا کے متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ وَقٰىهُمْ پر معطوف ہوا۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ كُلُّ امْرِیٴٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ ﴿۲۱﴾ وَاَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۱، ۲۲: واؤ استینافیہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اتَّبَعَتْ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ ذُرِّيَّتُهُمْ مرکب اضافی ذوالحال بِاِيْمَانٍ کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا، اَلْحَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، ذُرِّيَّتَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ اَلَتْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، مِنْ عَمَلِهِمْ جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ زائدہ شَيْءٍ محلًا منصوب ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَمْدَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بَاء جارہ فَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ معطوف علیہ بامعطوف موصوف مِنْ جارہ مَا يَشْتَهُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور کَائِنَيْنِ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور اَمْدَدْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مبتدا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ كُلُّ امْرِیٴٍ مرکب اضافی مبتدا، رَهِيْنٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ مَا كَسَبَ موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم، صیغہ صفت بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمٌ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: يَتَنَازَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهَا اس کے متعلق كَاْسًا موصوف لَا زائدہ لَغْوٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ تَاْثِيْمٌ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا، فِيْهَا جار بامجرور کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر كَاْسًا کی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: واؤ عاطفہ یَطُوْفُ فعل عَلَیْهِمْ اس کے متعلق غِلْمَانٌ موصوف لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ کے متعلق ہو کر پہلی صفت، كَاَنَّ حرف تشبیہ هُمْ ضمیر اس کا اسم لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ مرکب توصیفی خبر، كَاَنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر دوسری صفت، موصوف باصفتین فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ 14

وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: واؤ عاطفہ اَقْبَلَ فعل بَعْضُهُمْ مرکب اضافی فاعل عَلٰى جارہ بَعْضٍ ذوالحال يَتَسَآءَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور اَقْبَلَ کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ اَهْلِنَا مُشْفِقِيْنَ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر ذوالحال قَبْلُ كَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال كُنَّا کا اسم مُشْفِقِيْنَ اسم فاعل با نَحْنُ مستتر فاعل فِيْٓ اَهْلِنَا متعلق مقدم سے مل کر كُنَّا کی خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰىنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: فاء عاطفہ مَنَّ فعل اَللّٰهُ فاعل عَلَيْنَا متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ وَقٰى فعل هُوَ ضمیر فاعل نَا ضمیر پہلا مفعول بہ عَذَابَ السَّمُوْمِ مرکب اضافی دوسرا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر ذوالحال مِنْ قَبْلُ جار بامجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فعل ناقص کا اسم، نَدْعُوْا فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر فعل ناقص کی خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا، اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم هُوَ ضمیر فصل الْبَرُّ الرَّحِيْمُ دو خبر، اِنَّ باسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

رکوع نمبر ۲

فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا مَجْنُوْنٍ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، یا اِنْ وَصَفَكَ الْكَافِرُوْنَ بِالْجُنُوْنِ وَغَيْرِهٖ، ذَكِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فاء تعلیلیہ مَا مشابہ "بہ لَيْسَ" اَنْتَ ضمیر اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ كَاهِنٍ اسم فاعل باهُوَ مستتر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ مَجْنُوْنٍ اسم مفعول هُوَ مستتر ذوالحال بِنِعْمَتِ رَبِّكَ مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، اسم مفعول بانائب فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف محلاً منصوب مَا کی خبر، مَا باسم و خبر جملہ اسمیہ

خبریہ معلّلہ ہوا۔

اَمْ یَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَیْبَ الْمَنُوْنِ ۝۳۰

آیت نمبر ۳۰: اَمْ عاطفہ منقطعہ یَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، شَاعِرٌ موصوف نَتَرَبَّصُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بِهٖ متعلق رَیْبَ الْمَنُوْنِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت خبر مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّیْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِیْنَ ۝۳۱

آیت نمبر ۳۱: قُلْ فعل امر بااَنْتَ مستتر فاعل قول، تَرَبَّصُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ امریہ معلَّل، فاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر ذوالحال مَعَكُمْ کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال اِنَّ کا اسم مِنَ الْمُتَرَبِّصِیْنَ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معلِّل، معلَّل بامعلِّل مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اَمْ تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ۝۳۲

آیت نمبر ۳۲: اَمْ منقطعہ تَاْمُرُ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اَحْلَامُهُمْ مرکب اضافی فاعل بِهٰذَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، قَوْمٌ طَاغُوْنَ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اَمْ یَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَهٗ ۚ بَلْ لَّا یُؤْمِنُوْنَ ۝۳۳

آیت نمبر ۳۳: اَمْ منقطعہ یَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، تَقَوَّلَ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ معطوف علیہ، بَلْ عاطفہ لَا یُؤْمِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَلْیَاْتُوْا بِحَدِیْثٍ مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِیْنَ ۝۳۴

آیت نمبر ۳۴: فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ قَالُوْا تَقَوَّلَهٗ، لِیَاْتُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل باء جارہ حَدِیْثٍ موصوف مِثْلِهٖ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور لِیَاْتُوْا کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم صٰدِقِیْنَ خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر جزاء ہوئی شرط محذوف کی، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَیْرِ شَیْءٍ اَمْ هُمُ الْخٰلِقُوْنَ ۝۳۵

آیت نمبر ۳۵: اَمْ منقطعہ خُلِقُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل مِنْ غَیْرِ شَیْءٍ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ هُمْ مبتدا، الْخٰلِقُوْنَ خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ بَلْ لَّا یُوْقِنُوْنَ ۝۳۶

آیت نمبر ۳۶: اَمْ عاطفہ خَلَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ

جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ بَلْ عاطفہ لَّا یُوْقِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآىِٕنُ رَبِّكَ اَمْ هُمُ الْمُصَیْطِرُوْنَ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: اَمْ عاطفہ عِنْدَهُمْ مرکب اضافی كَائِنَةٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم خَزَآىِٕنُ رَبِّكَ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، الْمُصَیْطِرُوْنَ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ یَّسْتَمِعُوْنَ فِیْهِ ۚ فَلْیَاْتِ مُسْتَمِعُهُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: اَمْ عاطفہ لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم سُلَّمٌ موصوف یَسْتَمِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنِ ادَّعَوْا ذٰلِكَ، لِیَاْتِ فعل امر مُسْتَمِعُهُمْ مرکب اضافی فاعل بَاء جار وسُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَمْ لَهُ الْبَنٰتُ وَلَكُمُ الْبَنُوْنَ ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: اَمْ عاطفہ لَهُ جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْبَنٰتُ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَكُمْ جار با مجرور كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْبَنُوْنَ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿۴۰﴾

آیت نمبر ۴۰: اَمْ عاطفہ تَسْـَٔلُ فعل اَنْتَ مستتر اس کا فاعل هُمْ ضمیر پہلا مفعول بہ اَجْرًا دوسرا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، مُثْقَلُوْنَ اسم مفعول هُمْ ضمیر مستتر اس کا نائب فاعل مِنْ مَّغْرَمٍ متعلق مقدم، اسم مفعول با نائب فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَیْبُ فَهُمْ یَكْتُبُوْنَ ﴿۴۱﴾

آیت نمبر ۵: واؤ استینافیہ اِذْ مضاف قَالَ فعل مُوْسٰى فاعل لِقَوْمِهٖ متعلق سے مل کر قول ہوا،يٰقَوْمِ دراصل يَاقَوْمِيْ ہے،يَاء حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام،اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل، قَوْمِيْ مرکب اضافی منصوب تقدیراً مفعول بہ سے مل کر نداء،لِمَ دراصل لِمَا ہے،جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے تُؤْذُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل، تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق يَاء ضمیر منصوب اس کا اسم رَسُوْلُ بمعنی مُرْسَلٌ اسم مفعول مضاف اللّٰهِ مضاف الیہ اور اِلَيْكُمْ متعلق سے مل کر خبر،اَنَّ بااسم وخبر جملہ

اسمیہ خبریہ تَعْلَمُوْنَ کے دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین حال ہوا ذوالحال باحال تُؤْذُوْنَ کا فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق مقدم جملہ استفہامیہ انشائیہ جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْكُرْ کا، اُذْكُرْ فعل باأَنْتَ مستتر فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ ہوا۔ فاء استینافیہ لَمَّا جازمہ شرطیہ زَاغُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر شرط، اَزَاغَ فعل اَللّٰهُ فاعل قُلُوْبَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، لَا يَهْدِي فعل هُوَ مستتر فاعل الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًاۢ بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ۭ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

آیت نمبر ۶: واؤ استینافیہ اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَ فعل عِيْسَى مبدل منہ ابْنُ مَرْيَمَ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بابدل فاعل، فعل بافاعل قول ہوا، یاء حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر نداء، اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم رَسُوْلُ بمعنی مُرْسَلُ مضاف اَللّٰهِ مضاف الیہ اِلَيْكُمْ متعلق، مضاف بامضاف الیہ و متعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْكُرْ کا، اُذْكُرْ فعل باأَنْتَ مستتر فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

مُصَدِّقًا اسم فاعل اَنْتَ مستتر فاعل لام جارہ مَا موصولہ بَيْنَ يَدَيَّ مرکب اضافی مفعول فیہ فعل محذوف ثَبَتَ کے، فعل بافاعل و مفعول فیہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنَ التَّوْرٰىةِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال ہوا ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے مُصَدِّقًا کے، اسم فاعل بافاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مُبَشِّرًا اسم فاعل اَنَا مستتر فاعل باء جارہ رَسُوْلٍ موصوف يَاْتِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْۢ بَعْدِي متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت اولیٰ اِسْمُهٗ مرکب اضافی مبتدا، اَحْمَدُ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ صفت ثانیہ موصوف باصفتین مجرور، جار بامجرور مُبَشِّرًا کے متعلق، اسم فاعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف حال ہوا رَسُوْلُ بمعنی مُرْسَلُ میں هُوَ ضمیر پوشیدہ سے۔ فاء استینافیہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ بِالْبَيِّنٰتِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول هٰذَا اسم اشارہ مبتدا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰٓى اِلَى الْاِسْلَامِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷: واؤ استینافیہ مَنْ استفہامیہ مبتدا اَظْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ مَنْ موصولہ افْتَرٰى فعل هُوَ مستتر

ذوالحال واؤ حالیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، یُدْعٰی فعل مجہول ھُوَ ضمیر نائب فاعل اِلَى الْاِسْلَامِ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال اِفْتَرٰی کا فاعل عَلَى اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے الْكَذِبَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، لَا يَهْدِي فعل ھُوَ مستتر فاعل الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ⑧

آیت نمبر ۸: يُرِيْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لَام زائدہ یہاں اَنْ مقدر ہے يُطْفِـُٔوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نُوْرَ اللّٰهِ مرکب اضافی ذوالحال واؤ حالیہ اَللّٰهُ مبتدا، مُتِمُّ نُوْرِهٖ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر حال اولی، واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ كَرِهَ فعل الْكٰفِرُوْنَ فاعل سے مل کر شرط، اور جزاء محذوف ہے اَللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر حال دوم، ذوالحال باحالین يُطْفِـُٔوْا کا مفعول بہ بِاَفْوَاهِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر يُرِيْدُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ⑨

آیت نمبر ۹: ھُوَ ضمیر مبتدا، الَّذِيْ اسم موصول اَرْسَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل رَسُوْلَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، بَاء جارہ الْهُدٰى وَ دِيْنِ الْحَقِّ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور مُتَلَبِّسًا متعلق ہو کر اَرْسَلَ کے فاعل یا مفعول بہ سے حال ہے۔ لَام جارہ تعلیلیہ يُظْهِرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ عَلٰی جارہ الدِّيْنِ كُلِّهٖ مؤکد با تاکید مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق، اَرْسَلَ فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ كَرِهَ فعل الْمُشْرِكُوْنَ فاعل سے مل کر شرط، اور جزاء محذوف ہے اَظْهَرَ اللّٰهُ الدِّيْنَ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر لِيُظْهِرَ کے مفعول بہ سے حال ہے۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ⑩

آیت نمبر ۱۰: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے هَلْ استفہامیہ اَدُلُّ فعل اَنَا مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ عَلٰی جارہ تِجَارَةٍ موصوف تُنْجِيْ فعل هِيَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ جارہ عَذَابٍ اَلِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اَدُلُّ سے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ⑪

آیت نمبر ۱۱: تُؤْمِنُوْنَ فعل مضارع بمعنی امر واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ اَللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تُجَاهِدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْ جارہ سَبِیْلِ اللّٰہِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق اوّل، بَاء جارہ اَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق دوم، فعل با فاعل و متعلقین معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ ذٰلِكُمْ مبتدا، خَیْرٌ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل لَّكُمْ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔ اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْلَمُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے اِفْعَلُوْهُ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَ يُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَ مَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِیْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ۝۱۲

آیت نمبر ۱۲: يَغْفِرْ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ متعلق ذُنُوْبَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُدْخِلْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ جَنّٰتٍ موصوف تَجْرِیْ فعل مِنْ تَحْتِهَا متعلق الْاَنْهٰرُ فاعل سے مل کر صفت، موصوف با صفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَسٰكِنَ موصوف طَيِّبَةً صفت اولیٰ، فِیْ جارہ جَنّٰتِ عَدْنٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین معطوف، معطوف علیہ با معطوف يُدْخِلْ کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء ہوئی شرط محذوف اِنْ تُؤْمِنُوْا وَتُجَاهِدُوْا...الخ کی، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ اُخْرٰی تُحِبُّوْنَهَا ؕ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَتْحٌ قَرِیْبٌ ؕ وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ ۝۱۳

آیت نمبر ۱۳: واؤ عاطفہ اُخْرٰی موصوف تُحِبُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر صفت، موصوف با صفت مبتدا، اور خبر محذوف ہے لَكُمْ، یا منصوب بتقدیر فعل محذوف يُؤْتِ کا مفعول بہ ہے اور وہ يَغْفِرْ پر معطوف ہے۔ نَصْرٌ موصوف مِنَ اللّٰهِ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فَتْحٌ قَرِیْبٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر ہے مبتدا محذوف تِلْكَ النِّعْمَةُ الْاُخْرٰی کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ بَشِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل الْمُؤْمِنِیْنَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْۤا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِیْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْۢ بَنِیْۤ اِسْرَآءِيْلَ وَ كَفَرَتْ طَّآئِفَةٌ ۚ فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰى عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ۝۱۴

آیت نمبر ۱۴ : یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے کُوْنُوْا فعل امر ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم اَنْصَارَ اللّٰهِ مرکب اضافی خبر، فعل ناقص بااسم وخبر نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ کَمَا قَالَ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ . . .الخ کی ترکیب اس کے معنی کے اعتبار سے ہوگی نہ کہ اس کے لفظ کے اعتبار سے اور اس کا معنی ہے کَمَا کَانَ الْحَوَارِیُّوْنَ اَنْصَارَ عِیْسٰی حِیْنَ قَالَ لَهُمْ مَنْ اَنْصَارِیْۤ اِلَی اللّٰهِ ، کَ جارہ مَا مصدریہ کَانَ ناقصہ اَلْحَوَارِیُّوْنَ اس کا اسم اَنْصَارَ عِیْسٰی مرکب اضافی خبر حِیْنَ مضاف قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر قول، مَنْ استفہامیہ مبتدا، اَنْصَارِیْ مرکب اضافی ذوالحال اِلَی اللّٰهِ مُتَوَجِّهِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا اَنْصَارَ کا، فعل ناقص بااسم وخبر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَآئِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف کَوْنًا کے مفعول مطلق ہوا فعل امر کُوْنُوْا کا.....الخ

قَالَ فعل اَلْحَوَارِیُّوْنَ فاعل سے مل کر قول ہوا، نَحْنُ ضمیر مبتدا، اَنْصَارُ اللّٰهِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء استینا فیہ اٰمَنَتْ فعل طَّآئِفَةٌ موصوف مِّنْۢ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ کَآئِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کَفَرَتْ فعل طَّآئِفَةٌ فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف ہوا معطوف علیہ محذوف فَلَمَّا رُفِعَ عِیْسٰی اِلَی السَّمَآءِ اِفْتَرَقَ النَّاسُ فِیْهِ فِرْقَتَیْنِ کا، فاء عاطفہ اس کا معطوف علیہ محذوف ہے فَاقْتَتَلَتِ الطَّآئِفَتَانِ، اَیَّدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ عَلٰی عَدُوِّهِمْ متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق معطوف اوّل، فاء عاطفہ اَصْبَحُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم ظٰهِرِیْنَ خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

بروز جمعہ بوقت ۱۰:۴۵ بعد العشاء بتاریخ ۲۰،۷،۱۴۳۴ھ بمطابق ۳۱،۵،۲۰۱۳ کو تکمیل ہوئی

تركيب سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ

رکوع نمبرا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ①

آیت نمبرا: يُسَبِّحُ فعل لَام جار مَاللّٰهِ موصوف الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ صفات اربعہ سے مل کر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے مَا موصولہ فِي السَّمٰوٰتِ ظرف مستقر ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ فِي الْاَرْضِ ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَ يُزَكِّيْهِمْ وَ يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ ق وَ اِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۙ وَّ اٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ط وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ③

آیت نمبر ۲،۳: هُوَ مبتدا، الَّذِيْ اسم موصول بَعَثَ فعل هُوَ مستتر فاعل فِي جارہ الْاُمِّيّٖنَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰخَرِيْنَ موصوف مِنْهُمْ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر صفت اولی، لَمَّا جازمہ يَلْحَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهِمْ ظرف لغو متعلق سے مل کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور بَعَثَ کے متعلق ہوئے، رَسُوْلًا موصوف مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت اولی، يَتْلُوْا فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْهِمْ ظرف لغو متعلق اٰيٰتِهٖ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُزَكِّيْ فعل هُوَ مستتر فاعل هِمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ يُعَلِّمُ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب ذوالحال واؤ حالیہ اِنْ مخففہ من المثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم مِنْ قَبْلُ ظرف مستقر حال ہے۔ لَام فارقہ فِيْ جارہ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر حال، ذوالحال با حال يُعَلِّمُ کا مفعول بہ اوّل، الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین رَسُوْلًا کی صفت ثانیہ، موصوف با صفتین بَعَثَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ هُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ یا استینا فیہ هُوَ مبتدا، الْعَزِيْزُ خبر اوّل، الْحَكِيْمُ خبر ثانی سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ هُوَ الَّذِيْ پر معطوف ہے یا بَعَثَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے ہوا۔

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ط وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ④

آیت نمبر ۴: ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، فَضْلُ اللّٰهِ مرکب اضافی خبر اوّل، يُؤْتِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل هٖ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، مَنْ اسم موصول يَشَآءُ فعل با هُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر ثانی، مبتدا با خبرین

جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، ذُو مضاف الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ؕ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۵: مَثَلُ مضاف الَّذِيْنَ اسم موصول حُمِّلُوا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل التَّوْرٰىةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَمْ يَحْمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مَثَلُ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا، کاف حرف جار مَثَلِ مضاف الْحِمَارِ موصوف يَحْمِلُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَسْفَارًا مفعول بہ سے مل کر صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

سوال: الْحِمَارِ معرف باللام ہے تو يَحْمِلُ فعلیہ خبریہ کیسے صفت واقع ہو سکتا ہے؟

جواب: الْحِمَارِ کا الف ولام جنسی ہے لہذا یہ نکرہ کے حکم میں ہے۔

بِئْسَ فعل ذم مَثَلُ مضاف الْقَوْمِ موصوف الَّذِيْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بِئْسَ کا فاعل، فعل بافاعل خبر مقدم، اور مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے هٰذَا الْمَثَلُ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، لَا يَهْدِي فعل هُوَ مستتر فاعل الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْٓا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

آیت نمبر ۶: قُلْ فعل امر بافاعل اَنْتَ مستتر فاعل جملہ انشائیہ ہو کر قول، يَا حرف ندا اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل، اَيُّ موصوف هَا برائے تنبیہ الَّذِيْنَ اسم موصول هَادُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت محلًا منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ندا، اِنْ شرطیہ زَعَمْتُمْ فعل بافاعل اَنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم اَوْلِيَآءُ موصوف لِلّٰهِ ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال مِنْ جارہ دُوْنِ النَّاسِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال خبر، اَنَّ بااسم وخبر زَعَمْتُمْ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ تَمَنَّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الْمَوْتَ مفعول بہ سے مل کر دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم صٰدِقِيْنَ خبر سے مل کر شرط مؤخر، شرط دال بر جزاء سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جواب ندا، ندا باجواب ندا مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗۤ اَبَدًۢا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷: واؤ استینافیہ لَا يَتَمَنَّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اَبَدًا مفعول فیہ بَاء جارہ مَا موصولہ قَدَّمَتْ فعل اَيْدِيْهِمْ مرکب اضافی مرفوع تقدیراً فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، عَلِيْمٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بِالظّٰلِمِيْنَ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۸: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق الْمَوْتَ موصوف الَّذِيْ اسم موصول تَفِرُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور مِنْهُ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ الْمَوْتَ کی صفت، موصوف با صفت اِنَّ کا اسم متضمن معنی شرط، فاء جوابیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اسم مُلٰقِيْكُمْ مرکب اضافی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر پہلے اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ ثُمَّ عاطفہ تُرَدُّوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلٰى جارہ عٰلِمِ صیغہ صفت مضاف الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ يُنَبِّئُ فعل ھُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، بَاء جارہ مَا اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور يُنَبِّئُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر معطوف ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَ ذَرُوا الْبَيْعَ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۹: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم نُوْدِيَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل لِلصَّلٰوةِ جار با مجرور متعلق اول، مِنْ حرف جار بمعنی فِيْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق دوم، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اِسْعَوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ذَرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلْبَيْعَ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جواب ندا، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ ذٰلِكُمْ اسم اشارہ مبتدا، خَيْرٌ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل لَكُمْ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر ہو کر خبر مبتدا با خبر دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل

ناقص بااسم وخبر شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْأَرْضِ وَ ابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَ اذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰﴾

آیت نمبر ۱۰: فاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قُضِيَتْ فعل مجہول الصَّلٰوةُ نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اِنْتَشِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِي الْأَرْضِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِبْتَغُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اذْكُرُوا فعل امر واؤ ضمیر ذوالحال لَعَلَّ حرف ترجّی كُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم تُفْلِحُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لَعَلَّ بااسم وخبر جملہ انشائیہ رَاجِي الْفَلَاحِ کی تاویل میں ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، لفظ اَللّٰهَ مفعول بہ كَثِيْرًا بواسطہ موصوف محذوف ذِكْرًا مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

وَ إِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا انْفَضُّوْا اِلَيْهَا وَ تَرَكُوْكَ قَآئِمًا ؕ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَ مِنَ التِّجَارَةِ ؕ وَ اللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱: واؤ استینا فیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل تِجَارَةً اَوْ لَهْوًا معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ شرط، اِنْفَضُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَيْهَا متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَرَكُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، کاف ضمیر منصوب ذوالحال قَآئِمًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، مَا اسم موصول عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا فعل محذوف ثَبَتَ کا، ثَبَتَ فعل هُوَ مستتر فاعل ومفعول فیہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، خَيْرٌ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنَ اللَّهْوِ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنَ التِّجَارَةِ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَةُ الْمُنَافِقُوْنِ

رکوع نمبرا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ وَ اللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۚ۝۱

آیت نمبر ا: اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اَلْمُنٰفِقُوْنَ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، نَشْهَدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم لَام تاکیدیہ رَسُوْلُ اللّٰهِ مرکب اضافی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ اَللّٰهُ مبتدا، يَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر منصوب اس کا اسم لَام تاکیدیہ رَسُوْلُهٗ مرکب اضافی خبر، اِنَّ باسم وخبر يَعْلَمُ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، يَشْهَدُ فعل هُوَ مستتر فاعل اِنَّ حرف تحقیق اَلْمُنٰفِقِيْنَ اس کا اسم لَام تاکیدیہ كٰذِبُوْنَ خبر، اِنَّ باسم وخبر يَشْهَدُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِتَّخَذُوْۤا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۲

آیت نمبر ۲: اِتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَيْمَانَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اول جُنَّةً مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین معطوف علیہ، فَاء عاطفہ صَدُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم سَآءَ فعل ذم، مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل ذم بافاعل خبر، اور مبتدا محذوف ہے عَمَلُهُمْ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝۳

آیت نمبر ۳: ذٰلِكَ مبتدا، بَاء جارہ اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم وخبر بتاویل مفرد مجرور، جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِكَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، طُبِعَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل عَلٰى قُلُوْبِهِمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَا يَفْقَهُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ اِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ؕ وَ اِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ

مُّسَنَّدَۃٌ ؕ یَحۡسَبُوۡنَ کُلَّ صَیۡحَۃٍ عَلَیۡہِمۡ ؕ ہُمُ الۡعَدُوُّ فَاحۡذَرۡہُمۡ ؕ قٰتَلَہُمُ اللّٰہُ ۫ اَنّٰی یُؤۡفَکُوۡنَ ﴿۴﴾

آیت نمبر ۴: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاَیۡتَ فعل تَاء ضمیر مفتوحہ فاعل ہُمۡ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر شرط، تُعۡجِبُ فعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اَجۡسَامُہُمۡ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنۡ شرطیہ یَقُوۡلُوۡا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، تَسۡمَعۡ فعل اَنۡتَ مستتر فاعل لِقَوۡلِہِمۡ متعلق سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ کَاَنَّ حرف تشبیہ ہُمۡ ضمیر منصوب اسم خُشُبٌ موصوف مُسَنَّدَۃٌ صفت سے مل کر خبر، کَاَنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ یہ مبتدا محذوف ہُمۡ کی خبر ہو یا قَوۡلِہِمۡ کی ضمیر سے حال ہو۔ یَحۡسَبُوۡنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کُلَّ صَیۡحَۃٍ مفعول بہ اوّل، عَلَیۡہِمۡ وَاقِعَۃٌ کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ مستانفہ ہوا۔ ہُمُ الۡعَدُوُّ مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنۡ عَرَفۡتَ صِفَتَہُمۡ، اِحۡذَرۡ فعل امر اَنۡتَ مستتر فاعل ہُمۡ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قَاتَلَ فعل ہُمۡ ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰہُ فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ دعائیہ ہوا۔ اَنّٰی استفہامیہ مفعول فیہ ہوا کَائِنِیۡنَ کا، کَائِنِیۡنَ اسم فاعل ہُمۡ مستتر فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر حال مقدم یُؤۡفَکُوۡنَ فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَ اِذَا قِیۡلَ لَہُمۡ تَعَالَوۡا یَسۡتَغۡفِرۡ لَکُمۡ رَسُوۡلُ اللّٰہِ لَوَّوۡا رُءُوۡسَہُمۡ وَ رَاَیۡتَہُمۡ یَصُدُّوۡنَ وَ ہُمۡ مُّسۡتَکۡبِرُوۡنَ ﴿۵﴾

آیت نمبر ۵: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قِیۡلَ فعل مجہول ہُوَ مستتر نائب فاعل لَہُمۡ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، تَعَالَوۡا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ شرط، لَوَّوۡا فعل واؤ ضمیر فاعل رُءُوۡسَہُمۡ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ یَسۡتَغۡفِرۡ فعل لَکُمۡ متعلق رَسُوۡلُ اللّٰہِ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جزاء، اس کی شرط محذوف ہے اِنۡ تَعَالَوۡا، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ رَاَیۡتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل ہُمۡ ضمیر ذوالحال یَصُدُّوۡنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ ہُمۡ مبتدا، مُسۡتَکۡبِرُوۡنَ خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال رَاَیۡتَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

سَوَآءٌ عَلَیۡہِمۡ اَسۡتَغۡفَرۡتَ لَہُمۡ اَمۡ لَمۡ تَسۡتَغۡفِرۡ لَہُمۡ ؕ لَنۡ یَّغۡفِرَ اللّٰہُ لَہُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَہۡدِی الۡقَوۡمَ الۡفٰسِقِیۡنَ ﴿۶﴾

آیت نمبر ۶: سَوَآءٌ بمعنی مُسۡتَوٍ اسم فاعل عَلَیۡہِمۡ اس کے متعلق پھر یہ خبر مقدم، اَسۡتَغۡفَرۡتَ لَہُمۡ اَمۡ لَمۡ تَسۡتَغۡفِرۡ لَہُمۡ یہ اِسۡتِغۡفَارُکَ وَعَدَمُ اِسۡتِغۡفَارِکَ کی تاویل میں ہو کر مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَنۡ یَّغۡفِرَ فعل اَللّٰہُ فاعل لَہُمۡ متعلق کے ساتھ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم لَا یَہۡدِی فعل ہُوَ مستتر فاعل الۡقَوۡمَ الۡفٰسِقِیۡنَ مرکب توصیفی

مفعول بہ سے مل کر خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَ لِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ لٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷: هُمْ ضمیر مبتدا، الَّذِيْنَ اسم موصول يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، لَا تُنْفِقُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل عَلٰى جارہ مَنْ موصولہ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا فعل محذوف ثَبَتَ کا، ثَبَتَ فعل باھُوَ مستتر فاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق اول، حَتّٰى حرف جار يَنْفَضُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق دوم، فعل بافاعل ومتعلقین مقولہ، قول بامقولہ صلہ، موصول باصلہ هُمْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ لِلّٰهِ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم خَزَآئِنُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال ہوا يَنْفَضُّوْا کی واؤ ضمیر سے۔ واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک الْمُنٰفِقِيْنَ اس کا اسم لَا يَفْقَهُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لٰكِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَاۤ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ وَ لِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَ لِرَسُوْلِهٖ وَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ لٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۸: يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، لام موطیۃ للقسم اور یہاں قسم محذوف ہے اِنْ شرطیہ رَجَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَى الْمَدِيْنَةِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط لَيُخْرِجَنَّ فعل الْاَعَزُّ فاعل مِنْهَا متعلق الْاَذَلَّ مفعول بہ سے مل کر جواب قسم، قسم باجواب قسم مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا اور شرط کی جزاء محذوف ہے۔ واؤ حالیہ لِلّٰهِ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لِرَسُوْلِهٖ جار بامجرور معطوف اول، واؤ عاطفہ لِلْمُؤْمِنِيْنَ جار بامجرور معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، الْعِزَّةُ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال ہوا الْاَذَلَّ سے۔ واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک الْمُنٰفِقِيْنَ اس کا اسم لَا يَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لٰكِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رکوع نمبر ۲

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَ لَاۤ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَ مَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۹: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے لَا تُلْهِ فعل نہی كُمْ ضمیر فاعل اَمْوَالُكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَوْلَادُكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف فاعل عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ مَنْ شرطیہ مبتدا، يَفْعَلْ فعل هُوَ مستتر فاعل ذٰلِكَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اُولٰٓئِكَ مبتدا، هُمْ ضمیر برائے فصل الْخٰسِرُوْنَ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ

خبریہ جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ اَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْ لَاۤ اَخَّرْتَنِيْۤ اِلٰۤى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَ اَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ⑩

آیت نمبر ۱۰: واؤ عاطفہ اَنْفِقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ مَا موصولہ رَزَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق اوّل، مِنْ جارہ قَبْلِ مضاف اَنْ ناصبہ يَأْتِيَ فعل اَحَدَ كُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اَلْمَوْتُ فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی، فعل بافاعل و متعلقین جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فاء عاطفہ يَقُوْلَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، رَبِّ اصل میں يَارَبِّيْ ہے اور اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے، لَوْلَا حرف تحضیض اَخَّرْتَ فعل تَاء مفتوحہ فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر منصوب مفعول بہ اِلٰى جارہ اَجَلٍ قَرِيْبٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف علیہ، فاء عاطفہ اور اس کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہے کیونکہ یہ جواب تحضیض میں واقع ہے اَصَّدَّقَ فعل اَنَا مستتر فاعل سے مل کر معطوف اوّل اور تقدیر عبارت لَوْلَا كَانَ مِنْكَ تَاخِيْرِيْ فِي الدُّنْيَا فَتَصَدُّقٌ مِنِّيْ ہے، واؤ عاطفہ اَكُنْ فعل ناقص اَنَا مستتر اس کا اسم مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ؕ وَ اللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ⑪

آیت نمبر ۱۱: واؤ عاطفہ اس کا معطوف علیہ محذوف ہے فَلَا يُؤَخِّرُ هٰذَا الْمُتَمَنِّيْ، لَنْ يُّؤَخِّرَ فعل اَللّٰهُ فاعل نَفْسًا مفعول بہ سے مل کر دال بر جزاء، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل اَجَلُهَا مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، شرط اپنے دال بر جزاء سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا، اور اگر واؤ حالیہ ہو تو پھر یہ جملہ يَقُوْلَ کی ضمیر سے حال ہوگا (مظہری) واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، خَبِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر اس کا فاعل بَاء جارہ مَا اسم موصول تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَةُ التَّغَابُن

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ج لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۱

آیت نمبر ۱: يُسَبِّحُ فعل لِلّٰهِ جار با مجرور اس کے متعلق ہوئے، مَا اسم موصول فِي السَّمٰوٰتِ ظرف مستقر متعلق ہوئے فعل محذوف ثَبَتَ کے، ثَبَتَ فعل هُوَ مستتر فاعل و متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا فِي الْاَرْضِ موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَهُ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْمُلْكُ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَهُ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، الْحَمْدُ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال ہوا لفظ اَللّٰه سے یا جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ متعلق مقدم قَدِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّ مِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ط وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝۲

آیت نمبر ۲: هُوَ ضمیر مبتدا، الَّذِيْ اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ مِنْكُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم كَافِرٌ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مِنْكُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُّؤْمِنٌ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، باء جار مَا موصولہ تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے، بَصِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَ صَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝۳

آیت نمبر ۳: خَلَقَ فعل هُوَ ضمیر مستتر ذوالحال بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ صَوَّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، فاء عاطفہ اَحْسَنَ فعل هُوَ مستتر فاعل صُوَرَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِلَيْهِ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْمَصِيْرُ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَ مَا تُعْلِنُوْنَ ط وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۴

آیت نمبر ۴: يَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول فِي جارہ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف ثَبَتَ کے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ يَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ

عاطفہ یَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول تُسِرُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَاتُعْلِنُوْنَ موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، عَلِيْمٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بَاءِ جارہ ذَاتِ الصُّدُوْرِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلَمْ يَأْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۵: هَمزہ استفہامیہ لَمْ يَأْتِ فعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ نَبَؤُا مضاف الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ قَبْلُ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ لَمْ يَأْتِ کا فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ لفظاً جملہ انشائیہ معنًی جملہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ ذَاقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل وَبَالَ اَمْرِهِمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَهُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ اَلِيْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّأْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝

آیت نمبر ۶: ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، بَاء جارہ اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم كَانَتْ فعل ناقص ھِيَ مستتر اس کا اسم تَأْتِيْ فعل هِمْ ضمیر منصوب مفعول بہ رُسُلُهُمْ مرکب اضافی فاعل بِالْبَيِّنٰتِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول ہوا، هَمزہ استفہامیہ بَشَرٌ فاعل ہوا فعل محذوف يَهْدِيْ کا، فعل بافاعل مفسَّر، يَهْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر مفسِّر، مفسَّر با مفسِّر مقولہ، قول با مقولہ پھر معطوف اول، فَاء عاطفہ كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ تَوَلَّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر بتاویل مفرد مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِكَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اسْتَغْنَى فعل اَللّٰهُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا غَنِيٌّ حَمِيْدٌ دونوں خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ؕ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝

آیت نمبر ۷: زَعَمَ فعل الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل اَنْ مخففہ من المثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَنْ يُّبْعَثُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر خبر، اَنْ با اسم وخبر زَعَمَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، بَلٰى حرف ایجاب غیر عامل واؤ قسمیہ جارہ رَبِّيْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ قسم، لَتُبْعَثُنَّ فعل مجہول

واؤ محذوف نائب فاعل سے مل کر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَتُنَبَّؤُنَّ فعل مجہول واؤ محذوف نائب فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ عَمِلْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب قسم، قسم باجواب قسم مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ ذٰلِكَ مبتدا، يَسِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل عَلَى اللّٰهِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۸

آیت نمبر ۸: فاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، اٰمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ اللّٰهِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَسُوْلِهٖ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ النُّوْرِ موصوف الَّذِيْٓ اسم موصول اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مجرور، جار بامجرور اٰمِنُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، بَاء جارہ مَا اسم موصول تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم خَبِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ۭ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۹

آیت نمبر ۹: يَوْمَ مضاف يَجْمَعُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ لِيَوْمِ الْجَمْعِ متعلق سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا خَبِيْرٌ کا یا فعل محذوف اُذْكُرْ کا، ذٰلِكَ مبتدا، يَوْمُ التَّغَابُنِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ شرطیہ مبتدا، يُّؤْمِنْ فعل هُوَ مستتر فاعل بِاللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَعْمَلْ فعل هُوَ مستتر فاعل صَالِحًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، يُكَفِّرْ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْهُ متعلق سَيِّاٰتِهٖ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُدْخِلْ فعل هُوَ مستتر فاعل ہُ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، جَنّٰتٍ موصوف تَجْرِيْ فعل مِنْ تَحْتِهَا متعلق الْاَنْهٰرُ فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال خٰلِدِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل فِيْهَا متعلق اَبَدًا مفعول فیہ سے مل کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِكَ مبتدا، الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۱۰

آیت نمبر ۱۰: واؤ عاطفہ الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا اوّل، اُولٰۗىِٕكَ مبتدا ثانی، اَصْحٰبُ النَّارِ مرکب

اضافی ذوالحال خٰلِدِیْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر مستتر فاعل فِیْھَا متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال خبر، مبتدا باخبر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ بِئْسَ فعل ذم اَلْمَصِیْرُ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر خبر، مبتدا محذوف ہے اَلنَّارُ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِیْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ یُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ یَهْدِ قَلْبَهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۝۱۱

آیت نمبر ۱۱: مَا نافیہ اَصَابَ فعل مِنْ جارہ زائدہ مُصِیْبَةٍ محلًا مرفوع فاعل اِلَّا حرف استثناء بِاِذْنِ اللّٰهِ مستثنیٰ مفرغ متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتدا، یُّؤْمِنْ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِاللّٰهِ متعلق سے مل کر شرط یَهْدِ فعل ھُوَ مستتر فاعل قَلْبَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، عَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بِكُلِّ شَیْءٍ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّیْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰی رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ ۝۱۲

آیت نمبر ۱۲: واؤ استینافیہ اَطِیْعُوا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَطِیْعُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الرَّسُوْلَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ فاء استینافیہ اِنْ شرطیہ تَوَلَّیْتُمْ فعل بافاعل شرط، جزاء محذوف ہے فَلَا ضَیْرَ عَلٰی رَسُوْلِنَا، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ عَلٰی رَسُوْلِنَا کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلِّلہ ہوا۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَعَلَی اللّٰهِ فَلْیَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱۳

آیت نمبر ۱۳: اَللّٰهُ مبتدا، لَا نفی جنس اِلٰهَ مبدل منہ اِلَّا حرف استثناء ھُوَ ضمیر باعتبار محل کے بدل، مبدل منہ بابدل لَا کا اسم، خبر محذوف ہے لَنَا، لَا با اسم و خبر مبتدا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ فاء زائدہ لِیَتَوَكَّلِ فعل امر اَلْمُؤْمِنُوْنَ فاعل عَلَی اللّٰهِ متعلق مقدم سے مل کر جملہ انشائیہ شرط محذوف اِنْ تَوَكَّلَ النَّاسُ عَلٰی غَیْرِ اللّٰهِ کی جزاء ہے، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَاِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝۱۴

آیت نمبر ۱۴: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے اِنَّ حرف تحقیق مِنْ جارہ اَزْوَاجِكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَوْلَادِكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَدُوًّا موصوف لَكُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جواب ندا، ندا باجواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ عَرَفْتُمْ ذٰلِكَ، اِحْذَرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ تَعْفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ

20 تَصْفَحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ تَغْفِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ اس کی دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ؕ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۞

آیت نمبر ۱۵: اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ اَمْوَالُكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَوْلَادُكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا، فِتْنَةٌ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَللّٰہُ مبتدا، عِنْدَهٗٓ مرکب اضافی مفعول فیہ فعل محذوف ثَبَتَ کا، ثَبَتَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر خبر مقدم، اَجْرٌ عَظِیْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا وَاَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۞

آیت نمبر ۱۶: فاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِنْ عَلِمْتُمْ ذٰلِکَ، یا اِنْ اَرَدْتُمُ الْقِیَامَ اِلَی الطَّاعَۃِ، اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، مَا مصدریہ اسْتَطَعْتُمْ فعل با فاعل بتاویل مصدر مفعول بہ فعل محذوف اِبْذُلُوْا کا (مظہری) فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِسْمَعُوْا فعل با فاعل معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَطِیْعُوْا فعل با فاعل معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اَنْفِقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل خَیْرًا بمعنی مَالًا مفعول بہ لِاَنْفُسِکُمْ متعلق سے مل کر معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ شرطیہ مبتدا، یُوْقَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل شُحَّ نَفْسِہٖ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر شرط، فاء جزائیہ اُولٰٓئِکَ مبتدا، ھُمْ ضمیر فصل اَلْمُفْلِحُوْنَ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ محلاً مجزوم جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ۞ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۞

آیت نمبر ۱۷، ۱۸: اِنْ شرطیہ تُقْرِضُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ مفعول بہ قَرْضًا حَسَنًا مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر شرط، یُضٰعِفْ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ لَکُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَغْفِرْ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَکُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتدا شَکُوْرٌ خبر اوّل، حَلِیْمٌ خبر ثانی، عٰلِمُ صیغہ صفت مضاف اَلْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر ثالث، اَلْعَزِیْزُ خبر رابع، اَلْحَکِیْمُ خبر خامس، مبتدا با اخبار خمسہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترکیب سُورَةُ الطَّلَاقِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ
وَ اَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْۢ بُيُوْتِهِنَّ وَ لَا يَخْرُجْنَ اِلَّآ
اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ؕ وَ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَ مَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ
نَفْسَهٗ ؕ لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ①

آیت نمبر ۱: یَا حرف ندا، اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل، اَیُّ موصوف ھَا برائے تنبیہ اَلنَّبِیُّ صفت، موصوف باصفت محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر ندا، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم طَلَّقْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَلنِّسَآءَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ طَلِّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُنَّ ضمیر منصوب ذوالحال لام جارہ عِدَّتِهِنَّ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور مُسْتَقْبِلَاتٍ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال طَلِّقُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَحْصُوا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْعِدَّةَ مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِتَّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مبدل منہ رَبَّكُمْ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بابدل مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جزاء، شرط با جزاء جواب ندا، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

فَمَالِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا قِبَلَكَ مُهْطِعِیْنَ ﴿۳۶﴾ عَنِ الْیَمِیْنِ وَ عَنِ الشِّمَالِ عِزِیْنَ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۶، ۳۷: فَاء استینافیہ مَا استفہامیہ مبتدا، لَام جارہ الَّذِیْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ ذوالحال قِبَلَكَ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم مُهْطِعِیْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل عَنِ الْیَمِیْنِ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَنِ الشِّمَالِ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف متعلق، اسم فاعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر حال اولیٰ، عِزِیْنَ حال ثانیہ، ذوالحال باحالین مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اَیَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ یُّدْخَلَ جَنَّةَ نَعِیْمٍ ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: ھمزہ استفہامیہ یَطْمَعُ فعل كُلُّ مضاف اِمْرِئٍ موصوف مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ یَطْمَعُ کا فاعل اَنْ مصدریہ یُّدْخَلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل جَنَّةَ نَعِیْمٍ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول بہ مصدر کے معنی میں ہو کر یَطْمَعُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

كَلَّا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّمَّا یَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: كَلَّا حرف ردع اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اس کا اسم خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مِنْ جار مَا اسم موصول یَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَلَاۤ اُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشٰرِقِ وَ الْمَغٰرِبِ اِنَّا لَقٰدِرُوْنَ ﴿۴۰﴾ عَلٰۤی اَنْ نُّبَدِّلَ خَیْرًا مِّنْهُمْ ۙ وَ مَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِیْنَ ﴿۴۱﴾

آیت نمبر ۴۰، ۴۱: فَاء استینافیہ لَا زائدہ اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل بَاء جارہ رَبِّ مضاف الْمَشٰرِقِ وَالْمَغٰرِبِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور فعل کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق قسم، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اس کا اسم لَام تاکیدیہ قٰدِرُوْنَ اسم

فاعل نَحْنُ مستتر فاعل عَلٰی جار، اَنْ ناصبہ نُّبَدِّلَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل خَیْرًا اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل مِّنْھُمْ اس کے متعلق، اسم تفضیل بافاعل و متعلق نُّبَدِّلَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار با مجرور قٰدِرُوْنَ کے متعلق، اسم فاعل بافاعل و متعلق اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا مشابہ "بہ لَیْسَ" نَحْنُ اس کا اسم باء زائدہ مَسْبُوْقِیْنَ لفظا مجرور محلا منصوب خبر مَا با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب قسم ہوا۔

فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَ يَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ۝ يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ سِرَاعًا كَاَنَّهُمْ اِلٰى نُصُبٍ يُّوْفِضُوْنَ ۝ خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴۲، ۴۳، ۴۴: فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتَ قُدْرَتَنَا عَلٰی اِھْلَاکِھِمْ، ذَرْ فعل امر با اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل اور ھُمْ ضمیر مفعول بہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ یَخُوْضُوْا... الخ سے پہلے اِنْ شرطیہ مقدر ہے تقدیر عبارت ہے اِنْ تَذَرْھُمْ... الخ اِنْ تَذَرْھُمْ شرط ہے، یَخُوْضُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَلْعَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل حَتّٰی جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُلٰقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل یَوْمَھُمْ مرکب اضافی موصوف الَّذِیْ اسم موصول یُوْعَدُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل صلہ، موصول با صلہ یَوْمَھُمْ کی صفت، موصوف با صفت مبدل منہ یَوْمَ مضاف یَخْرُجُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال سِرَاعًا حال اولی، کَاَنَّ حرف تشبیہ ھُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم اِلٰی نُصُبٍ جار با مجرور متعلق مقدم، یُوْفِضُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال خَاشِعَةً اَبْصَارُھُمْ اسم فاعل بافاعل شبہ جملہ ہو کر حال اولی تَرْھَقُھُمْ ذِلَّةٌ فعل بافاعل و مفعول بہ حال ثانیہ ذوالحال با حالین یُوْفِضُوْنَ کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق کَاَنَّ کی خبر، کَاَنَّ با اسم و خبر حال ثانیہ، ذوالحال با حال یَخْرُجُوْنَ کا فاعل مِنَ الْاَجْدَاثِ ظرف لغو متعلق، فعل بافاعل و متعلق یَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ بدل، مبدل منہ با بدل یُلٰقُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار با مجرور یَلْعَبُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ ذٰلِكَ مبتدا اَلْیَوْمُ موصوف الَّذِیْ اسم موصول کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یُوْعَدُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صفت، موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(رات کو ۱۱ بجے ۲، ۷، ۱۴۳۴ھ بمطابق ۱۳، ۵، ۲۰۱۳ کو ترکیب کی تکمیل ہوئی)

ترکیب سُوْرَةُ النُّوحِ

رکوع نمبرا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِنَّآ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ اَنْ اَنْذِرْ قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ①

آیت نمبر ۱: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اس کا اسم اَرْسَلْنَا فعل بافاعل نُوْحًا مفعول بہ اِلٰى قَوْمِهٖ اس کے متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مفسَّر، اَنْ حرف تفسیر اَنْذِرْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل قَوْمَكَ مرکب اضافی مفعول بہ مِنْ جارہ قَبْلِ مضاف اَنْ ناصبہ يَاْتِيَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، عَذَابٌ اَلِيْمٌ مرکب توصیفی فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ مصدر کے معنی میں ہو کر قَبْلِ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور فعل کے متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ ہو کر مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ② اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ وَاَطِيْعُوْنِ ③

آیت نمبر ۲، ۳: قَالَ فعل باھُوَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، يَا ء حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل، قَوْمِ اصل میں قَوْمِيْ ہے، قَوْمِيْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ نداء، اِنَّ حرف تحقیق يَاء ضمیر منصوب اس کا اسم لَكُمْ جار بامجرور نَذِيْرٌ کا متعلق، نَذِيْرٌ با اَنَا ضمیر فاعل و متعلق موصوف، مُبِيْنٌ صفت، موصوف باصفت خبر، اِنَّ بااسم وخبر مفسَّر، اَنْ حرف مصدر اُعْبُدُوْا فعل بافاعل لفظ اَللّٰهَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِتَّقُوْا فعل بافاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَطِيْعُوْا فعل بافاعل نون وقایہ کا، يَاء ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ اِذَا جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ ۘ لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ④

آیت نمبر ۴: يَغْفِرْ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے مِنْ تبعیضیہ جارہ ذُنُوْبِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق دوم، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُؤَخِّرْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اِلٰى جارہ اَجَلٍ مُّسَمًّى مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء شرط محذوف اِنْ تَعْبُدُوا اللّٰهَ کی، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَجَلَ اللّٰهِ مرکب اضافی اِنَّ کا اسم، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل باھُوَ مستتر فاعل ومفعول فیہ شرط، لَا يُؤَخَّرُ فعل مجہول باھُوَ ضمیر نائب فاعل جزاء، شرط باجزاء اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلَّلِہ ہوا۔ لَوْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر ظاہر اس کا اسم تَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ

ہو کر شرط، جزاء اس کی محذوف ہے لَا اٰمَنْتُمْ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ رَبِّ اِنِّیْ دَعَوْتُ قَوْمِیْ لَیْلًا وَّ نَهَارًا ۝

آیت نمبر ۵: قَالَ فعل بافاعل ھُوَ مستتر فاعل قول، رَبِّ اس کی اصل یَا رَبِّیْ ہے یَاء حرف ندا، اُدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل، رَبِّیْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ ندا، اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر منصوب اس کا اسم دَعَوْتُ فعل بافاعل، قَوْمِیْ مرکب اضافی منصوب تقدیراً مفعول بہ لَیْلًا وَّ نَهَارًا معطوف علیہ با معطوف مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جواب ندا، ندا با جواب ندا مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَلَمْ یَزِدْهُمْ دُعَآءِیْۤ اِلَّا فِرَارًا ۝

آیت نمبر ۶: فاء عاطفہ لَمْ یَزِدْ فعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول دُعَآءِیْ مرکب اضافی فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو فِرَارًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَ اِنِّیْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوْۤا اَصَابِعَهُمْ فِیْۤ اٰذَانِهِمْ وَ اسْتَغْشَوْا ثِیَابَهُمْ وَ اَصَرُّوْا وَ اسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ۝

آیت نمبر ۷: واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر منصوب اس کا اسم كُلَّمَا ظرف زمان متضمن معنی شرط جَعَلُوْا کا مفعول فیہ مقدم دَعَوْتُهُمْ فعل با فاعل اور مفعول بہ ہے لَام جارہ تَغْفِرَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل لَهُمْ ظرف لغو اس کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار با مجرور دَعَوْتُ کے متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق شرط ہوا، جَعَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَصَابِعَهُمْ مفعول بہ فِیْۤ اٰذَانِهِمْ جار با مجرور متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْتَغْشَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ثِیَابَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف اول، واؤ عاطفہ اَصَرُّوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اِسْتَكْبَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِسْتِكْبَارًا مفعول مطلق سے مل کر معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ثُمَّ اِنِّیْ دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ۝

آیت نمبر ۸: ثُمَّ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر منصوب اس کا اسم دَعَوْتُ فعل بافاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ جِهَارًا مفعول مطلق یعنی غیر لفظیا مُجَاهِرًا کے معنی میں ہو کر ضمیر فاعل سے حال، فعل بافاعل و مفعول مطلق اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ثُمَّ اِنِّیْۤ اَعْلَنْتُ لَهُمْ وَ اَسْرَرْتُ لَهُمْ اِسْرَارًا ۝

آیت نمبر ۹: ثُمَّ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر منصوب اس کا اسم اَعْلَنْتُ فعل تَاء مضمومہ ضمیر فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر

جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَسْرَرْتُ فعل تاء مضمومہ ضمیر فاعل لَهُمْ متعلق اِسْرَارًا مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ۝ۙ

آیت نمبر ۱۰: فاء عاطفہ قُلْتُ فعل با فاعل قول، اِسْتَغْفِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل رَبَّكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اسم کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اسم غَفَّارًا خبر سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلِّلہ ہوا۔

يُّرْسِلِ السَّمَاۗءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ۝ۙ وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ۝ۭ

آیت نمبر ۱۱، ۱۲: يُرْسِلِ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَيْكُمْ ظرف لغو متعلق السَّمَاۗءَ ذوالحال مِدْرَارًا حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُمْدِدْ فعل ھُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ بَاء جارہ اَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف اوّل، واؤ عاطفہ يَجْعَلْ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَكُمْ متعلق جَنّٰتٍ مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ يَجْعَلْ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَكُمْ متعلق اَنْهٰرًا مفعول بہ سے مل کر معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جزاء ہوئی شرط مقدر اِنْ تَسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ کی، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا ۝ۚ وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا ۝

آیت نمبر ۱۳، ۱۴: مَا استفہامیہ مبتدا، لام جارہ كُمْ ضمیر ذوالحال لَا تَرْجُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل، خَلَقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر ذوالحال اَطْوَارًا حال، ذوالحال حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ حال، ذوالحال با حال لَا تَرْجُوْنَ کا فاعل لِلّٰهِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم وَقَارًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال لَا تَرْجُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر مَا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۝ۙ وَّجَعَلَ الْقَمَرَ فِيْهِنَّ نُوْرًا وَّجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا ۝

آیت نمبر ۱۵، ۱۶: ھمزہ استفہامیہ لَمْ تَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كَيْفَ مفعول فیہ ہے كَائِنًا کا، كَائِنًا اسم فاعل با ھُوَ ضمیر فاعل و مفعول فیہ صفت ہوا خَلْقًا موصوف محذوف کا، موصوف با صفت مفعول مطلق ہوا خَلَقَ فعل کا، خَلَقَ فعل لفظ اللّٰهُ فاعل سَبْعَ سَمٰوٰتٍ مرکب اضافی موصوف طِبَاقًا صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق جملہ انشائیہ استفہامیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْقَمَرَ مفعول بہ اوّل، فِيْهِنَّ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم نُوْرًا ذوالحال مؤخر، پھر مفعول بہ ثانی،

فعل بافاعل ومفعولین معطوف اوّل، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل الشَّمْسَ مفعول بہ اوّل، سِرَاجًا مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین لَمْ تَرَوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

وَاللّٰهُ اَنْۢبَتَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ نَبَاتًا ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: واؤ استینافیہ لفظ اَللّٰهُ مبتدا، اَنْۢبَتَ فعل ھُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق نَبَاتًا مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ثُمَّ يُعِيْدُكُمْ فِيْهَا وَ يُخْرِجُكُمْ اِخْرَاجًا ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: ثُمَّ عاطفہ يُعِيْدُ فعل ھُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ فِيْهَا ظرف لغو متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُخْرِجُ فعل ھُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اِخْرَاجًا مفعول مطلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ بِسَاطًا ﴿۱۹﴾ لِّتَسْلُكُوْا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۱۹، ۲۰: واؤ عاطفہ لفظ اَللّٰهُ مبتدا، جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَكُمْ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم الْاَرْضَ ذوالحال مؤخر، پھر مفعول بہ اوّل، بِسَاطًا مفعول بہ ثانی لام جارہ تَسْلُكُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهَا كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم، سُبُلًا فِجَاجًا موصوف باصفت ذوالحال مؤخر، پھر یہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار با مجرور جَعَلَ کے متعلق، فعل بافاعل ومفعولین ومتعلق اَللّٰهُ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رکوع نمبر ۲

قَالَ نُوْحٌ رَّبِّ اِنَّهُمْ عَصَوْنِيْ وَاتَّبَعُوْا مَنْ لَّمْ يَزِدْهُ مَالُهٗ وَ وَلَدُهٗۤ اِلَّا خَسَارًا ﴿۲۱﴾ وَ مَكَرُوْا مَكْرًا كُبَّارًا ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۱، ۲۲: قَالَ فعل نُوْحٌ فاعل سے مل کر قول، رَبِّ یہ اصل میں يَارَبِّيْ ہے، يَا ء حرف ندا اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل اور رَبِّيْ مفعول بہ سے مل کر ندا، اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اسم عَصَوْنِيْ فعل باواؤ ضمیر فاعل اور ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِتَّبَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَنْ اسم موصول لَمْ يَزِدْ فعل هٗ ضمیر مفعول بہ مَالُهٗ وَوَلَدُهٗ معطوف علیہ با معطوف فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو خَسَارًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اِتَّبَعُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَكَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَكْرًا كُبَّارًا مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین خبر اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب ندا، ندا باجواب ندا مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَقَالُوْا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَ لَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّ لَا سُوَاعًا ۙ وَّ لَا يَغُوْثَ وَ يَعُوْقَ وَ نَسْرًا ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، لَا تَذَرُنَّ فعل واؤ محذوفہ فاعل اٰلِهَتَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ،

فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَاتَذَرُنَّ فعل واؤ محذوفہ فاعل وَدًّا معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ لَاسُوَاعًا وَّ لَایَغُوْثَ وَیَعُوْقَ وَنَسْرًا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَقَدْ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا ۚ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا ضَلٰلًا ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل اَضَلُّوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل كَثِيْرًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال قَالُوْا کی ضمیر فاعل سے یا لَاتَذَرُنَّ کی ضمیر فاعل سے (مظہری) واؤ عاطفہ یہاں قَالَ مقدر ہے قَالَ فعل باھُوَ مستتر فاعل قول ہوا، لَاتَزِدِ فعل اَنْتَ مستتر فاعل الظّٰلِمِيْنَ مفعول بہ اوّل، اِلَّا حرف استثناء لغو ضَلٰلًا مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف ہوا قَالَ نُوْحٌ، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

مِمَّا خَطِيْٓئٰتِهِمْ اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا نَارًا ۙ فَلَمْ يَجِدُوْا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْصَارًا ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: مِنْ جارہ مَا زائدہ خَطِيْٓئٰتِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم اُغْرِقُوْا فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل معطوف علیہ، فاء عاطفہ اُدْخِلُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اور نَارًا مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، فاء عاطفہ لَمْ يَجِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَهُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم اَنْصَارًا ذوالحال مؤخر، پھر یہ مفعول بہ ہوا، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: واؤ عاطفہ قَالَ نُوْحٌ فعل بافاعل قول، رَبِّ یہ اصل میں يَارَبِّيْ ہے اس کی ترکیب کئی بار گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے، لَا تَذَرْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل عَلَى الْاَرْضِ جار بامجرور متعلق ہوئے مِنَ الْكٰفِرِيْنَ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، دَيَّارًا ذوالحال مؤخر، پھر یہ مفعول بہ ہوا، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جواب ندا، ندا باجواب ندا مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر منصوب اسم اِنْ شرطیہ تَذَرْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر شرط، يُضِلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عِبَادَكَ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَايَلِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو فَاجِرًا كَفَّارًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸ رَبِّ یہ اصل میں رَبِّیْ ہے اس کی ترکیب کئی بار گزر چکی ہے یعنی ندا ہے۔ اغْفِرْ فعل امر انت مستتر فاعل لِیْ جار مجرور معطوف علیہ واؤ عاطفہ لام جارہ وَالِدَيَّ مرکب اضافی مجرور، جار مجرور معطوف اول واؤ عاطفہ لام جارہ مَنْ موصول دَخَلَ فعل ہُوَ مستتر فاعل مُؤْمِنًا حال بَيْتِيَ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار مجرور معطوف ثانی واؤ عاطفہ لام جارہ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار مجرور معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات متعلق اغْفِرْ کے متعلق ہوئے۔ فعل با فاعل و متعلق جواب ندا، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ دعائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا تَزِدْ فعل نہی انت مستتر فاعل الظّٰلِمِينَ مفعول بہ اول إِلَّا تَبَارًا مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ ثانی۔ فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ نہیہ معطوف ہوا۔

(قبل نماز مغرب بروز بدھ ۵،۷،۱۴۳۳ھ بمطابق ۱۵،۵،۲۰۱۲ کو تکمیل ترکیب ہوئی)

ترکیب سُوْرَةُ الْجِنّ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۙ﴿۱﴾ یَّهْدِیْٓ اِلَی الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۙ﴿۲﴾

آیت نمبر۱، ۲: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اُوْحِیَ فعل مجہول اِلَیَّ ظرف لغو اس کے متعلق، اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اسم اِسْتَمَعَ فعل نَفَرٌ موصوف مِنَ الْجِنِّ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ، فاء عاطفہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اسم سَمِعْنَا فعل بافاعل قُرْاٰنًا موصوف عَجَبًا صفت اولیٰ یَهْدِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلَی الرُّشْدِ متعلق سے مل کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر مرفوع فاعل اور بِهٖ متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقول معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَنَّ کی خبر، اَنَّ بااسم و خبر اُوْحِیَ کا نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَنْ نُّشْرِكَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بِرَبِّنَا متعلق اَحَدًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ اٰمَنَّا بِهٖ پر معطوف ہوا

وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰی جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۙ﴿۳﴾

آیت نمبر ۳: واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اسم تَعٰلٰی فعل جَدُّ رَبِّنَا مرکب اضافی فاعل سے مل کر خبر اوّل، مَا نافیہ اِتَّخَذَ فعل هُوَ مستتر فاعل صَاحِبَةً معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ وَلَدًا معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر دوم (مظہری) اَنَّ بااسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر بتاویل مفرد بِهٖ میں ہٖ ضمیر پر معطوف ہے۔

وَّاَنَّهٗ كَانَ یَقُوْلُ سَفِیْهُنَا عَلَی اللّٰهِ شَطَطًا ۙ﴿۴﴾

آیت نمبر ۴: واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم کَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم یَقُوْلُ فعل سَفِیْهُنَا مرکب اضافی فاعل عَلَی اللّٰهِ متعلق شَطَطًا دراصل قَوْلًا شَطَطًا ہے موصوف باصفت مفعول مطلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول مطلق کَانَ کی خبر، کَانَ بااسم و خبر اَنَّ کی خبر، اَنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا

وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ تَقُوْلَ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا ۙ﴿۵﴾

آیت نمبر ۵: واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اسم ظَنَنَّا فعل بافاعل اَنْ مخفف من المثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَنْ تَقُوْلَ فعل الْاِنْسُ وَالْجِنُّ معطوف علیہ بامعطوف فاعل عَلَی اللّٰهِ متعلق كَذِبًا موصوف محذوف قَوْلًا کے واسطہ سے مفعول مطلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول مطلق اَنْ کی خبر، اَنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا

وَّاَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ یَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا ۙ﴿۶﴾

آیت نمبر ۶: واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم کَانَ فعل ناقص رِجَالٌ موصوف مِنَ الْاِنْسِ ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت کَانَ کا اسم یَعُوْذُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ رِجَالٍ موصوف مِنَ الْجِنِّ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق خبر، کَانَ با اسم و خبر معطوف علیہ فَاء عاطفہ زَادُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اول رَهَقًا مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد پہلے اَنَّ پر معطوف ہوا۔

وَاَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ اَحَدًا ۝

آیت نمبر ۷: واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اسم ظَنُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کاف جارہ مَا موصولہ ظَنَنْتُمْ فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت ظَنًّا موصوف محذوف کی، موصوف باصفت مفعول مطلق اَنْ مخففہ من الثقیلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَنْ يَّبْعَثَ فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل اَحَدًا مفعول بہ سے مل کر خبر اَنْ با اسم و خبر ظَنُّوْا کے دو مفعول کے قائم مقام فعل بافاعل و مفعولات ثلاثہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد پہلے اَنَّ پر معطوف ہوا۔

وَاَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنٰهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا وَّشُهُبًا ۝

آیت نمبر ۸: واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اسم لَمَسْنَا فعل بافاعل السَّمَآءَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ وَجَدْنَا فعل بافاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ اول مُلِئَتْ فعل مجہول هِيَ ضمیر ممیز، حَرَسًا شَدِيْدًا مرکب توصیفی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ شُهُبًا معطوف، معطوف علیہ با معطوف تمیز، ممیز باتمیز نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَّاَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ؕ فَمَنْ يَّسْتَمِعِ الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ شِهَابًا رَّصَدًا ۝

آیت نمبر ۹: واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اسم كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم نَقْعُدُ فعل بافاعل مِنْهَا كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم مَقَاعِدَ ذوالحال مؤخر، پھر یہ موصوف ہوا لِلسَّمْعِ جار بامجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ كَانَ کی خبر، كَانَ با اسم و خبر اَنَّ کی خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ فَاء استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا يَسْتَمِعِ فعل هُوَ مستتر فاعل الْاٰنَ مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، يَجِدْ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل لَهٗ جار بامجرور مفعول ثانی کے قائم مقام، شِهَابًا رَّصَدًا مرکب توصیفی مفعول بہ اول، فعل بافاعل و مفعولین جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَّاَنَّا لَا نَدْرِيْٓ اَشَرٌّ اُرِيْدَ بِمَنْ فِي الْاَرْضِ اَمْ اَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا ۝

آیت نمبر ۱۰: واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب، اسم لَا نَدْرِيْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل همزہ استفہامیہ اُرِيْدَ فعل مجہول مقدر شَرٌّ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل مفسَّر، اُرِيْدَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل بَاء حرف جر مَنْ موصولہ فِي الْاَرْضِ فعل

محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ اَرَادَ فعل بِهِمْ متعلق رَبُّهُمْ فاعل رَشَدًا مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف لَاَنَدْرِیْ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین خبر، اَنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَّ اَنَّا مِنَّا الصّٰلِحُوْنَ وَ مِنَّا دُوْنَ ذٰلِكَ ؕ كُنَّا طَرَآىِٕقَ قِدَدًا ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱: واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اسم مِنَّا ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الصّٰلِحُوْنَ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنَّا ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم دُوْنَ ذٰلِكَ اصل میں فَرِیْقٌ دُوْنَ ذٰلِكَ ہے، فَرِیْقٌ موصوف دُوْنَ ذٰلِكَ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ کُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم طَرَآىِٕقَ قِدَدًا مرکب توصیفی ذَوِیْ مضاف محذوف کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

وَّ اَنَّا ظَنَنَّاۤ اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ اللّٰهَ فِی الْاَرْضِ وَ لَنْ نُّعْجِزَهٗ هَرَبًا ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اسم ظَنَنَّا فعل بافاعل اَنْ مخفّفہ من المثقّلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَنْ نُّعْجِزَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل لفظ اللّٰہ مفعول بہ فِی الْاَرْضِ متعلق سے مل کر خبر، اَنَّ بااسم و خبر ظَنَنَّا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَنْ نُّعْجِزَ فعل نَحْنُ مستتر ذوالحال هَرَبًا بمعنی هَارِبِیْنَ کے ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، اَنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَّ اَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدٰۤى اٰمَنَّا بِهٖ ؕ فَمَنْ یُّؤْمِنْۢ بِرَبِّهٖ فَلَا یَخَافُ بَخْسًا وَّ لَا رَهَقًا ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اسم لَمَّا شرطیہ فعل جزاء کا مفعول فیہ سَمِعْنَا فعل بافاعل الْهُدٰى مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر مرفوع فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر خبر، اَنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ فَاء استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، یُّؤْمِنْ فعل هُوَ مستتر فاعل بِرَبِّهٖ متعلق سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ لَا یَخَافُ فعل هُوَ مستتر فاعل بَخْسًا وَّلَا رَهَقًا معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر هُوَ محذوف کی خبر، مبتدا باخبر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَّ اَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ وَ مِنَّا الْقٰسِطُوْنَ ؕ فَمَنْ اَسْلَمَ فَاُولٰٓىِٕكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اسم مِنَّا ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْمُسْلِمُوْنَ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنَّا ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْقٰسِطُوْنَ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، اَنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ فَاء استینافیہ مَنْ شرطیہ مبتدا، اَسْلَمَ فعل باهُوَ مستتر فاعل

شرط،فاء جزائیہ اُولٰٓئِكَ مبتدا،تَحَرَّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل رَشَدًا مفعول بہ سے مل کر جزاء،شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاَمَّا الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط و تفصیل الْقٰسِطُوْنَ مبتدا قائم مقام شرط،فاء جزائیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم لِجَهَنَّمَ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم حَطَبًا ذوالحال مؤخر، پھر یہ كَانُوْا کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَّاَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا عَلَى الطَّرِيْقَةِ لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا ﴿۱۶﴾ لِّنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَمَنْ يُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۶، ۱۷: واؤ استینافیہ یا اعتراضیہ اَنْ مخفف من الثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَوْ شرطیہ اسْتَقَامُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَى الطَّرِيْقَةِ متعلق، سے مل کر شرط، لَام جوابیہ اَسْقَيْنَا فعل بافاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل مَآءً غَدَقًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، لَام جارہ نَفْتِنَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ فِيْهِ ظرف لغو اس کے متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار بامجرور اَسْقَيْنَا کے متعلق، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق جزاء، شرط باجزاء اَنْ کی خبر، اَنْ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مصدر فعل محذوف اُوْحِيَ کا نائب فاعل ہوا۔ واؤ اعتراضیہ مَنْ شرطیہ مبتدا، يُعْرِضْ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق شرط، يَسْلُكْ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، عَذَابًا صَعَدًا مرکب توصیفی منصوب بنزع الخافض يَسْلُكْ کے متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق الْمَسٰجِدَ اس کا اسم لِلّٰهِ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ تَهَيَّاْتُمْ لِلْعِبَادَةِ، لَا تَدْعُوْا فعل اَنْتَ مستتر فاعل مَعَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول فیہ اَحَدًا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر منصوب اس کا اسم لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم فعل جزاء کا، قَامَ فعل عَبْدُ اللّٰهِ مرکب اضافی ذوالحال يَدْعُوْ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر حال، ذوالحال باحال قَامَ کا فاعل، فعل بافاعل شرط، كَادُوْا فعل مقارب واؤ ضمیر اس کا اسم يَكُوْنُوْنَ فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم عَلَيْهِ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم لِبَدًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال خبر، فعل ناقص با اسم و خبر فعل مقارب کی خبر، فعل مقارب با اسم و خبر جزاء، شرط باجزاء اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

23
23

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

قُلْ اِنَّمَآ اَدْعُوْا رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: قُلْ فعل امر باأَنْتَ مستتر فاعل قول ہوا،اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل رَبِّيْ مرکب اضافی منصوب تقدیرًا مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ،واؤ عاطفہ لَآ اُشْرِكُ فعل اَنَا مستتر فاعل بِهٖ متعلق اَحَدًا مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

قُلْ اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا ﴿۲۱﴾ قُلْ اِنِّيْ لَنْ يُّجِيْرَنِيْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۙ وَّلَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۲﴾ اِلَّا بَلٰغًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِسٰلٰتِهٖ ۭ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۱، ۲۲، ۲۳: قُلْ فعل امر با اَنَا مستتر فاعل قول،اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر منصوب اس کا اسم لَآ اَمْلِكُ فعل اَنَا مستتر فاعل لَكُمْ متعلق ضَرًّا معطوف علیہ،واؤ عاطفہ لَا زائدہ رَشَدًا معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل شَیْئًا مستثنیٰ منہ،اِلَّا حرف استثناء بَلٰغًا موصوف مِنَ اللّٰهِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ،واؤ عاطفہ رِسٰلٰتِهٖ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ لَآ اَمْلِكُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق خبر،اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔قُلْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل قول،اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر منصوب اس کا اسم لَنْ یُّجِیْرَ فعل نون وقایہ کا،یَاء ضمیر مفعول بہ مِنَ اللّٰهِ متعلق اَحَدٌ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف علیہ،واؤ عاطفہ لَنْ اَجِدَ فعل اَنَا مستتر فاعل مِنْ دُوْنِهٖ جار با مجرور مفعول ثانی کی جگہ مُلْتَحَدًا مفعول اوّل، فعل با فاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر،اِنَّ با اسم و خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ معترضہ ہوا۔

واؤ استینافیہ مَنْ شرطیہ مبتدا، یَعْصِ فعل هُوَ مستتر فاعل اَللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق نَارَ جَهَنَّمَ مرکب اضافی اسم مؤخر،لَام جارہ ہٗ ضمیر ذوالحال خٰلِدِیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل اور فِیْهَآ متعلق اور اَبَدًا مفعول فیہ سے مل کر حال،ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم،اِنَّ با اسم و خبر جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ اَضْعَفُ نَاصِرًا وَّاَقَلُّ عَدَدًا ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: حَتّٰی ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا موصولہ یُوْعَدُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ شرط،فاء جزائیہ سِین علامت فعل،یَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَنْ استفہامیہ مبتدا،اَضْعَفُ اسم تفضیل با هُوَ مستتر فاعل، نَاصِرًا تمیز معطوف علیہ،واؤ عاطفہ اَقَلُّ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل عَدَدًا تمیز سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر قائم مقام دو مفعول کے، فعل با فاعل و مفعولین جزاء، شرط با جزاء

مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے یَکُوْنُوْنَ عَلَیْهِ لِبَدًا میں یَکُوْنُوْنَ کے یا لَایَزَالُوْنَ عَلٰی کُفْرِهِمْ مقدر میں لَایَزَالُوْنَ کے۔

قُلْ اِنْ اَدْرِیْٓ اَقَرِیْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ اَمْ یَجْعَلُ لَهٗ رَبِّیْٓ اَمَدًا ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: قُلْ فعل امر باأنْتَ مستتر فاعل قول، اِنْ نافیہ اَدْرِیْ فعل اَنَا مستتر فاعل هَمزہ استفہامیہ قَرِیْبٌ صیغہ صفت باهُوَ ضمیر فاعل خبر مقدم مَا موصولہ تُوْعَدُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ یَجْعَلُ فعل لَهٗ جار بامجرور مفعول ثانی کی جگہ رَبِّیْ مرکب اضافی فاعل اَمَدًا مفعول بہ اول، فعل بافاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ بامعطوف محلًا منصوب اَدْرِیْ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

عٰلِمُ الْغَیْبِ فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: عٰلِمُ الْغَیْبِ مرکب اضافی خبر مبتدا محذوف هُوَ کے لئے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ لَایُظْهِرُ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰی غَیْبِهٖ متعلق اَحَدًا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔

اِلَّا مَنِ ارْتَضٰی مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ یَسْلُكُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَ مِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: اِلَّا حرف بمعنی لٰکِنَّ مَنْ شرطیہ مبتدا، ارْتَضٰی فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْ رَّسُوْلٍ متعلق سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق ۂ ضمیر منصوب اسم یَسْلُكُ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ بَیْنِ یَدَیْهِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ جارہ خَلْفِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف یَسْلُكُ کے متعلق رَصَدًا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ خبر اِنَّ باسم و خبر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستثنٰی منقطع ہوا۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ مستثنٰی متصل ہو اور اَحَدًا سے بدل ہو باقی ظاہر ہے۔

لِّیَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَ اَحَاطَ بِمَا لَدَیْهِمْ وَ اَحْصٰی كُلَّ شَیْءٍ عَدَدًا ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: لَام جارہ یَعْلَمَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنْ مخففہ من المثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم قَدْ علامت فعل، اَبْلَغُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ مرکب اضافی منصوب بالکسرہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر، اَنَّ باسم و خبر یَعْلَمَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار بامجرور یَسْلُكُ کے متعلق ہوئے، واؤ عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے فَعَلِمَ ذٰلِكَ اَحَاطَ فعل هُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ لَدَیْهِمْ مرکب اضافی مفعول فیہ فعل محذوف ثَبَتَ کا، ثَبَتَ فعل باهُوَ ضمیر فاعل و مفعول فیہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور اَحَاطَ کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف اول، واؤ عاطفہ اَحْصٰی فعل هُوَ مستتر فاعل كُلَّ شَیْءٍ مرکب اضافی ممیز عَدَدًا تمیز محوّل عن المفعول (اصل میں عَدَدَ كُلِّ شَیْءٍ) ممیز باتمیز مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف ثانی، معطوف علیہ محذوف بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

(بروز جمعہ بوقت ۷:۹ بجے بعد نماز عشاء ۶، ۷، ۱۴۳۴ھ بمطابق ۱۷-۵-۲۰۱۳ کو تکمیل ہوئی)

ترکیب سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ

❁ رکوع نمبر ۱ ❁

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۙ﴿۱﴾ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ﴿۲﴾ نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۙ﴿۳﴾ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۗ﴿۴﴾

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴: یَا حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل، اَیُّ موصوف هَا برائے تنبیہ الْمُزَّمِّلُ صفت، موصوف باصفت محلًا منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ نداء، قُمْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل الَّيْلَ مبدل منہ نِصْفَهٗ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بابدل مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء قَلِيْلًا مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اُنْقُصْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مِنْهُ متعلق قَلِيْلًا مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، اَوْ عاطفہ زِدْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلَيْهِ متعلق سے مل کر معطوف دوم، معطوف علیہ با معطوفین جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ رَتِّلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل الْقُرْاٰنَ مفعول بہ تَرْتِيْلًا مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین جواب نداء پر معطوف ہوا۔

اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ﴿۵﴾

آیت نمبر ۵: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اس کا اسم، سین علامت فعل، نُلْقِيْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَلَيْكَ متعلق قَوْلًا ثَقِيْلًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ۗ﴿۶﴾

آیت نمبر ۶: اِنَّ حرف تحقیق نَاشِئَةَ الَّيْلِ مرکب اضافی اسم هِيَ ضمیر فصل اَشَدُّ اسم تفضیل هِيَ مستتر فاعل وَطْاً تمیز سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَقْوَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل قِيْلًا تمیز سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ۗ﴿۷﴾

آیت نمبر ۷: اِنَّ حرف تحقیق لَكَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم سَبْحًا طَوِيْلًا مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر، فِي النَّهَارِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، ذوالحال باحال اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ۗ﴿۸﴾

آیت نمبر ۸: واؤ استینا فیہ اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اِسْمَ رَبِّكَ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَبَتَّلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اِلَيْهِ متعلق تَبْتِيْلًا مفعول مطلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ﴿۹﴾

آیت نمبر ۹: رَبُّ مضاف الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر اوّل ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، لَا نفی جنس اِلٰهَ اس کا اسم اِلَّا حرف استثناء هُوَ ضمیر بدل ہے لَا کے اسم سے، اور لَا کی خبر محذوف ہے لَنَا، لَنَا ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر لَا کی خبر، لَا اپنے اسم وخبر سے مل کر مبتدا محذوف کی خبر دوم، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ عَرَفْتَ ذٰلِکَ، اِتَّخِذْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ اوّل وَكِيْلًا مفعول بہ ثانی سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ﴿۱۰﴾ وَذَرْنِىْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِى النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۰، ۱۱: واؤ عاطفہ اِصْبِرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل عَلٰى جارہ مَا موصولہ يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور اِصْبِرْ کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُهْجُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ هَجْرًا جَمِيْلًا مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ ذَرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر منصوب معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْمُكَذِّبِيْنَ موصوف اُولِى النَّعْمَةِ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ مَهِّلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ قَلِيْلًا بواسطہ موصوف محذوف اِمْهَالًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ جملہ معطوفہ ہوا۔

اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ﴿۱۲﴾ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۳﴾ يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۲، ۱۳، ۱۴: اِنَّ حرف تحقیق اَنْكَالًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَحِيْمًا معطوف اوّل، واؤ عاطفہ طَعَامًا موصوف ذَا غُصَّةٍ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت معطوف ثانی، واؤ عاطفہ عَذَابًا اَلِيْمًا مرکب توصیفی معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ اِنَّ کا اسم لَدَيْنَا مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا كَائِنَةٌ کا، كَائِنَةٌ اسم فاعل هِىَ مستتر فاعل يَوْمَ مضاف تَرْجُفُ فعل الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ معطوف علیہ بامعطوف فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَانَتْ فعل ناقص الْجِبَالُ اسم كَثِيْبًا مَّهِيْلًا مرکب توصیفی خبر، فعل ناقص بااسم و خبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف يَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ كَائِنَةٌ کا مفعول فیہ، اسم فاعل بافاعل و مفعول فیہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۙ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَرْسَلْنَا فعل بافاعل اِلَيْكُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے۔ رَسُوْلًا موصوف شَاهِدًا اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْكُمْ متعلق سے مل کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ کاف جارہ مَا مصدریہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلٰى

فِرْعَوْنَ متعلق رَسُوْلًا مفعول بہ سے مل کر مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار بامجرور اِرْسَالًا مصدر مقدر کے متعلق ہو کر اَرْسَلْنَا کا مفعول مطلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ و مفعول مطلق خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: فاء عاطفہ عَصٰی فعل فِرْعَوْنُ فاعل الرَّسُوْلَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَخَذْنَا فعل بافاعل اَخْذًا وَّبِيْلًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبَا ۖ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ؕ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۷، ۱۸: فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ جَحَدْتُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ، تَتَّقُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال كَيْفَ كَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل يَوْمًا موصوف يَجْعَلُ فعل هُوَ مستتر فاعل الْوِلْدَانَ مفعول بہ اول شِيْبًا مفعول بہ ثانی سے مل کر صفت اولی، السَّمَآءُ مبتدا، مُنْفَطِرٌ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت ثانیہ، كَانَ فعل ناقص وَعْدُهٗ مرکب اضافی اسم مَفْعُوْلًا خبر سے مل کر صفت ثالثہ (مظہری) موصوف باصفات ثلاثہ مضاف الیہ، يَوْمَ مضاف بامضاف الیہ تَتَّقُوْنَ کا مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ شرط دال بر جزاء" جزاء، اِنْ شرطیہ كَفَرْتُمْ فعل بافاعل شرط، اس کی جزاء محذوف ہے فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ... الخ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: اِنَّ حرف تحقیق هٰذِهٖ محلاً منصوب اس کا اسم تَذْكِرَةٌ خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتدا، شَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر شرط، اِتَّخَذَ فعل هُوَ مستتر فاعل سَبِيْلًا ذوالحال مؤخر، اِلٰى رَبِّهٖ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رکوع نمبر ۲

اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ
مَعَكَ ؕ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا
تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ؕ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِى
الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ فَاقْرَءُوْا مَا
تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا

لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّ اَعْظَمَ اَجْرًا ؕ وَ اسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اسم يَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر منصوب اسم تَقُوْمُ فعل اَنْتَ مستتر معطوف علیہ واؤ عاطفہ طَآئِفَةٌ موصوف مِنَ جار اَلَّذِيْنَ اسم موصول مَعَكَ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اٰمَنُوْا کا، فعل باواؤ ضمیر فاعل و مفعول فیہ صلہ، موصول بصلہ مجرور، جار بامجرور كَآئِنَةٌ کے متعلق ہوکر طَآئِفَةٌ کی صفت، موصوف بصفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف تَقُوْمُ کا فاعل اَدْنٰی اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنَ جار ثُلُثَيِ الَّيْلِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق، اسم تفضیل بافاعل و متعلق صفت وَقْتًا موصوف محذوف کی، موصوف بصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نِصْفَهٗ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ ثُلُثَهٗ مرکب اضافی معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین تَقُوْمُ کا مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ خبر اَنَّ باسم و خبر يَعْلَمُ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین اِنَّ کی خبر اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لفظ اَللّٰهُ مبتدا، يُقَدِّرُ فعل هُوَ مستتر فاعل الَّيْلَ وَالنَّهَارَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ عَلِمَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنْ مخففہ من المثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَنْ تُحْصُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر خبر، اَنْ باسم و خبر عَلِمَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین معطوف علیہ، فاء عاطفہ تَابَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْكُمْ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ يُقَدِّرُ کی ضمیر فاعل سے حال ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ رَغِبْتُمْ فِي الثَّوَابِ، اِقْرَءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا موصولہ تَيَسَّرَ فعل بـاهُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول بصلہ ذوالحال مِنَ الْقُرْاٰنِ جار بامجرور ظرف مستقر كَآئِنًا کے متعلق ہوکر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

عَلِمَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنْ مخففہ من المثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم سین علامت فعل يَكُوْنُ فعل ناقص مِنْكُمْ كَآئِنِيْنَ کے متعلق ہوکر خبر مقدم مَّرْضٰى معطوف علیہ واؤ عاطفہ اٰخَرُوْنَ موصوف يَضْرِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال يَبْتَغُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال يَضْرِبُوْنَ کا فاعل فِي الْاَرْضِ جار بامجرور اس کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق اٰخَرُوْنَ کی صفت، موصوف بصفت معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اٰخَرُوْنَ موصوف يُقَاتِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر صفت، موصوف بصفت معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین يَكُوْنُ کا اسم موخر، يَكُوْنُ باسم و خبر اَنْ کی خبر، اَنْ باسم و خبر عَلِمَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ طَلَبْتُمْ رِضَى اللّٰهِ تَعَالٰى، اِقْرَءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهُ جار بامجرور كَآئِنًا کے متعلق ہوکر حال مقدم، مَا موصولہ تَيَسَّرَ فعل باهُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول بصلہ ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اٰتُوا الزَّكٰوةَ فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَقْرِضُوا فعل واؤ ضمیر فاعل لفظ اَللّٰهَ مفعول بہ قَرْضًا حَسَنًا مرکب توصیفی بمعنی مال مقروض ہوکر مفعول بہ ثانی سے مل کر

معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اِسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ معلل، اِنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰهَ اسم غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ دونوں خبروں سے مل کر معلِّل، معلل بامعلِّل معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ اعتراضیہ مَا اسم شرط، ذوالحال مِنْ خَیْرٍ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ مقدم تُقَدِّمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِاَنْفُسِكُمْ متعلق اور مفعول بہ مقدم سے مل کر شرط، تَجِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل هُوَ ضمیر فصل عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول فیہ خَیْرًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَعْظَمَ ممیّز، اَجْرًا تمیز، ممیّز باتمیز معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفاعیل ثلاثہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

(بروز ہفتہ بوقت ۱۰:۴ بتاریخ ۱۴۳۴,۷,۷ بمطابق ۱۸,۵,۲۰۱۳ کو تکمیل ہوئی)

ترکیب سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ يٰۤاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ قُمْ فَاَنْذِرْ ۝ وَ رَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝ وَ ثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۝ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۝ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ۝ وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ۝

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ ظِلٰلٍ وَّ عُيُوْنٍ ﴿۴۱﴾ وَّ فَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۴۲﴾ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۱، ۴۲، ۴۳، ۴۴: اِنَّ حرف تحقیق الْمُتَّقِيْنَ اس کا اسم فِيْ جارہ ظِلٰلٍ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عُيُوْنٍ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ فَوَاكِهَ موصوف مِنْ جارہ مَا موصولہ يَشْتَهُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین فِيْ کا مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہوئے، كَائِنُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر ذوالحال كُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِشْرَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هَنِيْٓـًٔا صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور هَنِيْٓـًٔا کے متعلق، صیغہ صفت با فاعل و متعلق صفت شُرْبًا موصوف محذوف کی، موصوف با صفت مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ ہوا يُقَالُ فعل محذوف قول کا، قول با مقولہ حال، ذوالحال با حال فاعل ہوا، كَائِنُوْنَ اسم فاعل با فاعل و متعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اس کا اسم نَجْزِىْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْمُحْسِنِيْنَ مفعول بہ كَذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت ہوئی موصوف محذوف جَزَآءً کی، موصوف با صفت مفعول مطلق ہوا، فعل با فاعل و مفعولین خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۵﴾ كُلُوْا وَتَمَتَّعُوْا قَلِيْلًا اِنَّكُمْ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۵، ۴۶: وَيْلٌ موصوف يَوْمَىِٕذٍ مرکب اضافی كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا، لام جارہ الْمُكَذِّبِيْنَ ذوالحال كُلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَمَتَّعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل قَلِيْلًا "زَمَانًا" موصوف محذوف کے واسطہ سے مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ ہوا قول محذوف يُقَالُ لَهُمْ کا، قول بامقولہ حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر ثَابِتٌ کے متعلق ہو کر وَيْلٌ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم مُجْرِمُوْنَ اسم فاعل بااَنْتُمْ مستتر فاعل خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۷﴾

آیت نمبر ۴۷: وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ کی ترکیب گزر چکی ہے۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا لَا يَرْكَعُوْنَ ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۸: واؤ استینا فیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قِيْلَ فعل مجہول لَهُمْ جار بامجرور نائب فاعل سے مل کر قول، ارْكَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ شرط، لَا يَرْكَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹: وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ کی ترکیب گزر چکی ہے۔

فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۰﴾

آیت نمبر ۵۰: فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِالْقُرْآنِ، باء جارہ اَيِّ مضاف حَدِيْثٍ موصوف بَعْدَهٗ مرکب اضافی كَائِنٍ کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم يُؤْمِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَةُ النَّبَاِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۝ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ۝ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱،۲،۳: عَنْ حرف جر مَا استفہامیہ مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے يَتَسَآءَلُوْنَ کے، يَتَسَآءَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل و متعلق مقدم جملہ انشائیہ مبیّن عَنْ حرف جر النَّبَاِ موصوف الْعَظِيْمِ پہلی صفت، الَّذِيْ اسم موصول هُمْ ضمیر مبتدا فِيْهِ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق مقدم ہوئے مُخْتَلِفُوْنَ کے، مُخْتَلِفُوْنَ اسم فاعل اپنے هُمْ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ النَّبَاِ کی دوسری صفت، موصوف دونوں صفتوں کے ساتھ مل کر مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر متعلق ہوا فعل محذوف يَتَسَآءَلُوْنَ کا، يَتَسَآءَلُوْنَ اپنے واؤ ضمیر فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر عطف بیان یا جملہ مستانفہ ہوا۔

كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۝ ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴،۵: كَلَّا حرف ردع سین علامت فعل يَعْلَمُوْنَ فعل اپنے واؤ ضمیر فاعل سے مل کر مؤکد، ثُمَّ عاطفہ كَلَّا حرف ردع سین علامت فعل يَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل اور مَا يَحِلُّ بِهِمْ مفعول بہ محذوف سے مل کر تاکید، اور یوں بھی کہہ سکتے ہیں كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ معطوف۔

اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ۝ وَّ الْجِبَالَ اَوْتَادًا ۝ وَّ خَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ۝ وَّ جَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ۝ وَّ جَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ۝ وَّ جَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ۝ وَّ بَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ۝ وَّ جَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ۝ وَّ اَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ۝ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّ نَبَاتًا ۝ وَّ جَنّٰتٍ اَلْفَافًا ۝

آیت نمبر ۶،۷،۸،۹،۱۰،۱۱،۱۲،۱۳،۱۴،۱۵،۱۶: همزہ حرف استفہام تقریری لَمْ نَجْعَلْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْاَرْضَ مفعول بہ اوّل اور مِهٰدًا مفعول بہ ثانی، واؤ عاطفہ اور الْجِبَالَ کا عطف الْاَرْضَ پر ہے، اور اَوْتَادًا کا عطف مِهٰدًا پر ہے، فعل اپنے فاعل اور مفعولین سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ خَلَقْنَا فعل بافاعل كُمْ ضمیر ذوالحال اَزْوَاجًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اور جَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اور جَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اور جَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف رابع، اور مَعَاشًا کو ظرف بنا کر مفعول فیہ بھی بنا سکتے ہیں واؤ عاطفہ بَنَيْنَا فعل بافاعل فَوْقَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ اور

سَبْعًا شِدَادًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول فیہ ومفعول بہ معطوف خامس، واؤ عاطفہ اور جَعَلْنَا فعل بافاعل سِرَاجًا وَّهَّاجًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف سادس، واؤ عاطفہ اَنْزَلْنَا فعل بافاعل مِنَ الْمُعْصِرٰتِ جار بامجرور متعلق اوّل مَآءً ثَجَّاجًا موصوف باصفت مفعول بہ، لَام حرف جر برائے تعلیل نُخْرِجَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بِهٖ جار بامجرور متعلق ہوا نُخْرِجَ کا حَبًّا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَبَاتًا معطوف اوّل، واؤ عاطفہ جَنّٰتٍ اَلْفَافًا موصوف باصفت معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین نُخْرِجَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی ہوا اَنْزَلْنَا کا، فعل بافاعل اور متعلقین و مفعول بہ معطوف سابع، معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا

سوال: اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ معطوف علیہ جملہ انشائیہ ہے اس لئے کہ اس کے شروع میں ھمزۂ استفہام ہے اور باقی جملے خبریہ ہیں۔ تو جملہ خبریہ کا عطف جملہ انشائیہ پہ کیسے درست ہوگا؟

جواب: اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ باعتبار لفظ کے تو جملہ انشائیہ ہے اور باعتبار معنی کے جملہ خبریہ ہے۔ کیونکہ ھمزۂ استفہام تقریری کے لئے ہے اور اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ جَعَلْنَا الْاَرْضَ کے معنی میں ہے لہٰذا جملہ خبریہ کا جملہ خبریہ پہ عطف ہے۔

اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ﴿۱۷﴾ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ﴿۱۸﴾ وَّ فُتِحَتِ
السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ﴿۱۹﴾ وَّ سُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۰: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل يَوْمَ الْفَصْلِ مرکب اضافی مبدل منہ يَوْمَ مضاف يُنْفَخُ فعل مجہول فِي الصُّوْرِ جار بامجرور نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل معطوف علیہ، فاء عاطفہ تَاْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال اَفْوَاجًا حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فُتِحَتِ السَّمَآءُ فعل مجہول بانائب فاعل معطوف علیہ، فاء عاطفہ كَانَتْ اَبْوَابًا فعل ناقص اپنے اسم هِيَ ضمیر اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، پھر معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر تَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا کا پہلا معطوف، واؤ عاطفہ سُيِّرَتِ الْجِبَالُ فعل مجہول بانائب فاعل معطوف علیہ، فاء عاطفہ كَانَتْ سَرَابًا فعل ناقص اپنے هِيَ ضمیر اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر تَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا کا دوسرا معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوفین سے مل کر يُنْفَخُ کا معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف يَوْمَ کا مضاف الیہ، پھر مضاف بامضاف الیہ بدل يَوْمَ الْفَصْلِ کا، مبدل منہ بابدل اِنَّ کا اسم، كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر اپنے اسم اور مِيْقَاتًا خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿۲۱﴾ لِّلطَّاغِيْنَ مَاٰبًا ﴿۲۲﴾ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَاۤ اَحْقَابًا ﴿۲۳﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ
فِيْهَا بَرْدًا وَّ لَا شَرَابًا ﴿۲۴﴾ اِلَّا حَمِيْمًا وَّ غَسَّاقًا ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۲۴، ۲۵: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل جَهَنَّمَ اِنَّ کا اسم كَانَتْ فعل ناقص هِيَ ضمیر اس کا اسم مِرْصَادًا موصوف لَام حرف جر اَلطَّاغِيْنَ اسم فاعل اس کے اندر هُمْ ضمیر ذوالحال لّٰبِثِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر پوشیدہ فاعل فِيْهَا جار بامجرور لّٰبِثِيْنَ کا متعلق اَحْقَابًا موصوف لَا يَذُوْقُوْنَ فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل فِيْهَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوا لَا يَذُوْقُوْنَ کا، بَرْدًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ شَرَابًا مبدل منہ اِلَّا حرف استثناء حَمِيْمًا وَّ غَسَّاقًا معطوف علیہ بامعطوف بدل، مبدل منہ بابدل معطوف، معطوف علیہ

یا معطوف لَایَذُوْقُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَحْقَابًا کی صفت، موصوف باصفت مفعول فیہ 25
لٰبِثِیْنَ کا، اسم فاعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ حال، ذوالحال باحال فاعل ہوا اَلطّٰغِیْنَ کا، اسم فاعل بافاعل مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے
کَانَتْ کے، کَانَتْ اپنے ھُوَ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر مِرْصَادًا کی صفت، موصوف باصفت مبدل منہ مَاٰبًا بدل، مبدل منہ بابدل کَانَتْ
کی خبر، فعل ناقص بااسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فائدہ: مِرْصَادًا کو پہلی خبر اور مَاٰبًا کو کَانَتْ کی دوسری خبر بھی بنا سکتے ہیں اور لَا یَذُوْقُوْنَ کو لٰبِثِیْنَ کی ھُمْ ضمیر سے حال بھی بنا سکتے ہیں

جَزَآءً وِّفَاقًا ﴿۲۶﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ﴿۲۷﴾ وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۶، ۲۷، ۲۸: جَزَآءً موصوف وِفَاقًا صفت، موصوف باصفت مفعول مطلق ہوا فعل محذوف جُوْزُوْا کا، جُوْزُوْا فعل
مجہول اپنے نائب فاعل (یعنی واؤ ضمیر) اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معلّل ہوا، اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ھُمْ ضمیر اِنَّ کا اسم
کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم لَایَرْجُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل حِسَابًا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ کَانُوْا کی خبر، فعل ناقص بااسم و خبر
معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جر اٰیٰتِنَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور کَذَّبُوْا کے متعلق کِذَّابًا مفعول
مطلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف اِنَّ کی خبر، پھر اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ
خبریہ ہو کر علّت، معلّل اپنے علّت سے مل کر جملہ معلّلہ مستانفہ ہوا۔

فائدہ: معلّل اور علّت کو لَایَذُوْقُوْنَ کی واؤ ضمیر سے حال بھی بنا سکتے ہیں باقی ترکیب وہی ہے جو اوپر لکھی ہے۔

وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ﴿۲۹﴾ فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۲۹، ۳۰: وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا یہ اصل میں وَاَحْصَيْنَا كُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنَاهُ كِتٰبًا ہے اور ترکیب اس طرح
ہے واؤ عاطفہ اَحْصَيْنَا فعل بافاعل اور كُلَّ شَيْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مفسَّر اَحْصَيْنَا فعل
بافاعل ہٗ ضمیر ذوالحال كِتٰبًا بمعنی مَكْتُوْبًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مفسِّر، مفسَّر اپنے مفسِّر
سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا۔ اور كِتٰبًا کو اَحْصَيْنَا کا من غیر لفظہ مفعول مطلق بھی بنا سکتے ہیں۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے، ذُوْقُوْا
فعل امر واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل معلّل فَاء تعلیلیہ لَنْ نَّزِيْدَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول، اِلَّا حرف استثناء لغو عَذَابًا
مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر علّت، پھر معلّل باعلّت جزاء ہوئی اِذَا كَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِنَا شرط محذوف
کی، پھر شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ﴿۳۱﴾ حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ﴿۳۲﴾ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ﴿۳۳﴾ وَّكَاْسًا دِهَاقًا ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۱، ۳۲، ۳۳، ۳۴: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل لِلْمُتَّقِيْنَ جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر اِنَّ کی خبر مقدم مَفَازًا مبدل
منہ حَدَآئِقَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَعْنَابًا پہلا معطوف، واؤ عاطفہ كَوَاعِبَ اَتْرَابًا موصوف باصفت دوسرا معطوف، واؤ عاطفہ كَاْسًا

دِھَاقًا موصوف باصفت معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ بدل البعض، مبدل منہ بابدل اِنَّ کا اسم مؤخر، اِنَّ اپنی خبر مقدم اور اسم مؤخر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

لَا یَسْمَعُوْنَ فِیْهَا لَغْوًا وَّ لَا كِذّٰبًا ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: لَا یَسْمَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْهَا جار بامجرور متعلق لَا یَسْمَعُوْنَ کا لَغْوًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ كِذّٰبًا معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر محلاً منصوب حَدَآئِقَ کی صفت ہے۔

جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ﴿۳۶﴾ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا بَیْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا یَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۶، ۳۷: جَزَآءً موصوف مِنْ حرف جر رَبِّكَ مرکب اضافی مبدل منہ رَبِّ مضاف السَّمٰوٰتِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاَرْضِ پہلا معطوف، واؤ عاطفہ مَا موصولہ بَیْنَهُمَا مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا فعل محذوف ثَبَتَ کا، ثَبَتَ فعل اپنے ھُوَ ضمیر اور مفعول فیہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین رَبِّ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبدل منہ یا موصوف الرَّحْمٰنِ بدل یا صفت، مبدل منہ بابدل یا موصوف باصفت بدل ہوا رَبِّكَ کا، مبدل منہ بابدل مجرور، جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہوا، کَائِنًا اسم فاعل ھُوَ ضمیر اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جَزَآءً کی صفت، موصوف باصفت مبدل منہ عَطَآءً حِسَابًا موصوف باصفت بدل، مبدل منہ بابدل مفعول مطلق ہوا فعل محذوف جَزٰی کا، جَزٰی فعل اپنے ھُوَ ضمیر فاعل و مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَا یَمْلِكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهُ جار بامجرور متعلق ہوا فعل کا خِطَابًا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا یا الرَّحْمٰنِ کا حال ہے۔

یَوْمَ یَقُوْمُ الرُّوْحُ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۖۚ لَّا یَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَ قَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ الْیَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۸، ۳۹: یَوْمَ مضاف یَقُوْمُ فعل الرُّوْحُ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ معطوف علیہ بامعطوف ذوالحال صَفًّا اسم فاعل کے معنی میں ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل یَقُوْمُ کا، فعل بافاعل مضاف الیہ ہوا یَوْمَ کا، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ مقدم ہوا لَا یَتَكَلَّمُوْنَ کا، لَا یَتَكَلَّمُوْنَ فعل واؤ ضمیر مبدل منہ اِلَّا حرف استثناء لغو مَنْ موصولہ اَذِنَ فعل لَهٗ جار بامجرور اَذِنَ کا متعلق ہوا، الرَّحْمٰنُ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل صَوَابًا اور اصل قَوْلًا صَوَابًا ہے۔ اور قَوْلًا صَوَابًا موصوف باصفت مفعول مطلق ہوا، فعل بافاعل و مفعول مطلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف موصول کا صلہ، موصول باصلہ بدل، مبدل منہ بابدل لَا یَتَكَلَّمُوْنَ کا فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ یا اَلرُّوْحُ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ سے حال ہے۔ یوں بھی کہہ سکتے ہیں یَوْمَ لَا یَمْلِكُوْنَ کا مفعول فیہ ہے اور لَا یَتَكَلَّمُوْنَ جملہ لَا یَمْلِكُوْنَ کی تاکید ہے۔ ذٰلِكَ مبتدا اَلْیَوْمُ موصوف الْحَقُّ صفت، موصوف

باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔اور یوں بھی کہہ سکتے ہیں ذٰلِکَ الْیَوْمُ موصوف باصفت یا مبدل منہ بابدل یا مبیّن اور عطف بیان سے مل کر مبتدا اور الْحَقُّ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ مَنْ شرطیہ مبتدا شَآءَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل شرط، اتَّخَذَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَاٰبًا مفعول بہ اور اِلٰی رَبِّہٖ کَآئِنًا کے متعلق ہو کر مَاٰبًا کا حال مقدم ہے اور مفعول بہ اوّل محذوف ہے اَلْاِیْمَانَ ، فعل اپنے فاعل و مفعولین سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط اپنی جزاء سے مل کر مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء، ہے شرط محذوف اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ کی، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم کَانَ فعل ناقص الْاَمْرُ اس کا اسم کَذٰلِکَ جار بامجرور کَآئِنًا کے متعلق ہو کر کَانَ کی خبر، فعل ناقص بااسم وخبر و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّآ اَنْذَرْنٰکُمْ عَذَابًا قَرِیْبًا ۚۖ یَّوْمَ یَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ یَدٰہُ وَ یَقُوْلُ الْکٰفِرُ یٰلَیْتَنِیْ کُنْتُ تُرٰبًا ﴿۴۰﴾

آیت نمبر ۴۰: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل نَا ضمیر اس کا اسم اَنْذَرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، عَذَابًا موصوف قَرِیْبًا صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ یَوْمَ مضاف یَنْظُرُ فعل الْمَرْءُ فاعل مَا موصولہ قَدَّمَتْ فعل یَدٰہُ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ یَنْظُرُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَقُوْلُ فعل الْکٰفِرُ فاعل، فعل بافاعل قول، یَا حرف نداء اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْا فعل اَنَا ضمیر فاعل منادٰی محذوف قَوْمِیْ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء، لَیْتَ حرف تمنی نون وقایہ کا، یَاء ضمیر اس کا اسم کُنْتُ فعل ناقص تائے مضمومہ اس کا اسم تُرٰبًا خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر لَیْتَ کی خبر، لَیْتَ بااسم و خبر جواب نداء، پھر نداء باجواب نداء مقولہ ہوا قول کا، قول بامقولہ معطوف ہوا، معطوف علیہ بامعطوف یَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا کَآئِنًا کا، پھر یہ عَذَابًا کی صفت ثانیہ ہوئی باقی ترکیب اوپر لکھ دی ہے۔

۱۵،۱۰،۲۰۱۲ کو رات ۹:۳۰ پر ترکیب کی تکمیل ہوئی

ترکیب سُورَۃُ النّٰزِعَاتِ

رکوع نمبر ۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ وَ النّٰزِعٰتِ غَرۡقًا ۝ۙ وَّ النّٰشِطٰتِ نَشۡطًا ۝ۙ وَّ السّٰبِحٰتِ سَبۡحًا ۝ۙ فَالسّٰبِقٰتِ سَبۡقًا ۝ۙ فَالۡمُدَبِّرٰتِ اَمۡرًا ۝ۘ يَوۡمَ تَرۡجُفُ الرَّاجِفَةُ ۝ۙ تَتۡبَعُهَا الرَّادِفَةُ ۝ؕ

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۶، ۷: واؤ قسمیہ جارہ الۡ اسم موصول نٰزِعٰتِ اسم فاعل بمعنی فعل ماضی اس میں هُنَّ ضمیر فاعل غَرۡقًا بمعنی اِغۡرَاقًا مفعول مطلق مِن غیر لفظہ، اسم فاعل بافاعل و مفعول مطلق شبہ جملہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الۡ اسم موصول نٰشِطٰتِ اسم فاعل بمعنی فعل ماضی اس میں هُنَّ ضمیر فاعل نَشۡطًا مفعول مطلق، اسم فاعل بافاعل و مفعول مطلق شبہ جملہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ الۡ اسم موصول سٰبِحٰتِ اسم فاعل بمعنی فعل ماضی اس میں هُنَّ ضمیر فاعل سَبۡحًا مفعول مطلق، اسم فاعل بافاعل و مفعول مطلق صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، فاء عاطفہ الۡ اسم موصول سٰبِقٰتِ اسم فاعل بمعنی فعل ماضی اس میں هُنَّ ضمیر فاعل سَبۡقًا مفعول مطلق، اسم فاعل بافاعل و مفعول مطلق صلہ، موصول باصلہ معطوف ثالث، فاء عاطفہ الۡ اسم موصول مُدَبِّرٰتِ اسم فاعل بمعنی فعل ماضی اس میں هُنَّ ضمیر فاعل اَمۡرًا مفعول بہ اسم فاعل بافاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر متعلق فعل محذوف اُقۡسِمُ کا، اُقۡسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم، جواب قسم، محذوف ہے لَتُبۡعَثُنَّ، لَتُبۡعَثُنَّ فعل مجہول واؤ مقدرہ ضمیر مرفوع متصل نائب فاعل يَوۡمَ مضاف تَرۡجُفُ فعل الرَّاجِفَةُ ذوالحال تَتۡبَعُ فعل هَا ضمیر مفعول بہ الرَّادِفَةُ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال تَرۡجُفُ کا فاعل، فعل بافاعل مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا لَتُبۡعَثُنَّ کا، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

قُلُوۡبٌ يَّوۡمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ۝ۙ اَبۡصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۝ۘ

آیت نمبر ۸، ۹: قُلُوۡبٌ موصوف يَوۡمَئِذٍ مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ مقدم وَاجِفَةٌ کا، وَاجِفَةٌ اسم فاعل هِيَ مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا اَبۡصَارُهَا مضاف بامضاف الیہ مبتدا خَاشِعَةٌ اسم فاعل اپنے هِيَ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر پہلے مبتدا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَقُوۡلُوۡنَ ءَاِنَّا لَمَرۡدُوۡدُوۡنَ فِى الۡحَافِرَةِ ۝ؕ

آیت نمبر ۱۰: يَقُوۡلُوۡنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل قول، هَمزہ استفہامیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اِنَّ کا اسم لَام تاکیدیہ مَرۡدُوۡدُوۡنَ اسم مفعول اس کے اندر نَحۡنُ نائب فاعل فِى الۡحَافِرَةِ جار بامجرور متعلق ہوا اسم مفعول کا، اسم مفعول بانائب فاعل و متعلق اِنَّ کی

خبر اِنَّ باسم وخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ خبر ہوئی مبتدا محذوف ھُمْ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فائدہ: فِی الْحَافِرَةِ کو کَائِنِیْنَ کے متعلق کر کے مَرْدُوْدُوْنَ کے نائب فاعل سے حال بنانا بھی جائز ہے اور اس صورت میں حرف فِی اپنے معنی میں ہوگا اور الْحَافِرَةِ سے مراد وہ زمین ہوگی جس میں کفار کی قبریں ہیں اور پہلی ترکیب میں حرف فِی اِلٰی کے معنی میں تھا۔

ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ﴿١١﴾

آیت نمبر ۱۱: ھمزۂ استفہامیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم کُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم عِظَامًا نَّخِرَةً مرکب توصیفی خبر، فعل ناقص باسم وخبر ومفعول فیہ مقدم شرط جزاء محذوف نُرَدُّ کی، نُرَدُّ فعل مجہول نَحْنُ مستتر نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ﴿١٢﴾

آیت نمبر ۱۲: قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل قول ہوا، تِلْكَ مبتدا اِذًا حرف جواب و جزاء غیر عامل كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر مقولہ مفعول بہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ شد۔

فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ﴿١٣﴾

آیت نمبر ۱۳: فَاء برائے تعلیل اِنَّ حرف تحقیق مَاكافہ هِيَ مبتدا زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر خود جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مُعَلِّل برائے مُعَلَّل محذوف کے اور وہ ہے لَا تَسْتَصْعِبُوْهَا (تم اس کو مشکل مت خیال کرو) اور یہ فعل نہی بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر مُعَلَّل۔

فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ ﴿١٤﴾

آیت نمبر ۱۴: فَاء فصیحہ هُمْ ضمیر مبتدا بَاء حرف جر السَّاهِرَةِ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہوا اور كَائِنُوْنَ اسم فاعل اس میں هُمْ ضمیر فاعل اِذَا مفاجاتیہ مفعول فیہ، اسم فاعل بافاعل و متعلق ومفعول فیہ خبر، مبتدا باخبر خود جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء ہوئی شرط محذوف کے لئے اور وہ اِذَا نُفِخَتِ الصُّوْرُ ہے۔

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ﴿١٥﴾ اِذْ نَادٰىهُ رَبُّهٗ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿١٦﴾

آیت نمبر ۱۵، ۱۶: هَلْ حرف استفہام اَتٰى فعل کَ ضمیر مفعول بہ حَدِيْثُ صیغہ صفت مضاف مُوْسٰى مضاف الیہ معنًی فاعل اِذْ ظرف زمان مضاف نَادٰى فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ رَبُّهٗ مرکب اضافی فاعل بَاء حرف جر الْوَادِ الْمُقَدَّسِ مرکب توصیفی مبدل منہ طُوًى بدل، مبدل منہ بابدل مجرور، جار بامجرور خود نَادٰى کے متعلق ہوا، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ حَدِيْثُ کا مفعول فیہ، صیغہ صفت مضاف بامضاف الیہ و مفعول فیہ اَتٰى کا فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ ہوا۔

اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿١٧﴾ فَقُلْ هَلْ لَّكَ اِلٰٓى اَنْ تَزَكّٰى ﴿١٨﴾ وَ اَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ﴿١٩﴾

آیت نمبر ۱۷، ۱۸، ۱۹: اِذْهَبْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِلٰی فِرْعَوْنَ جار بامجرور اِذْهَبْ کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق مُعلَّل، اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اسم طَغٰی فعل اپنے هُوَ ضمیر فاعل سے مل کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر مُعلِّل، پھر مُعلَّل بامُعلِّل معطوف علیہ، فَاء عاطفہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل، فعل بافاعل قول هَلْ حرف استفہام لَکَ جار بامجرور کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مبتدا محذوف رَغْبَۃٌ کے لئے، رَغْبَۃٌ مصدر اِلٰی جارہ اَنْ مصدریہ تَزَکّٰی فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَهْدِیَ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل اِلٰی جارہ رَبِّکَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور اَهْدِیَ کا متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف علیہ، فَاء عاطفہ تَخْشٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل، فعل بافاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار بامجرور رَغْبَۃٌ کے متعلق ہوا، مصدر اپنے متعلق سے مل کر مبتدا، پھر مبتدا باخبر جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ معطوف اِذْهَبْ کا، اِذْهَبْ معطوف علیہ بامعطوف مقولہ ہوا قول محذوف قَالَ اللّٰهُ کا۔

فَاَرٰىهُ الْاٰیَةَ الْكُبْرٰى ﴿۲۰﴾ فَكَذَّبَ وَعَصٰى ﴿۲۱﴾ ثُمَّ اَدْبَرَ یَسْعٰى ﴿۲۲﴾ فَحَشَرَ فَنَادٰى ﴿۲۳﴾ فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى ﴿۲۴﴾ فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ وَ الْاُوْلٰى ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۲۴، ۲۵: فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اور وہ ذَهَبَ مُوْسٰی ہے، ذَهَبَ مُوْسٰی فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَرٰی فعل مضارع هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اوّل، الْاٰیَةَ الْكُبْرٰی موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین معطوف علیہ، فَاء عاطفہ كَذَّبَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَصٰی فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف آگے کے لئے معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ اَدْبَرَ فعل هُوَ ضمیر ذوالحال یَسْعٰی فعل اپنے هُوَ ضمیر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل معطوف، پھر كَذَّبَ۔۔۔الخ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر آگے کے لئے معطوف علیہ، فَاء عاطفہ حَشَرَ فعل اپنے هُوَ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ نَادٰی فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ قَالَ فعل اپنے هُوَ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اَنَا ضمیر مبتدا رَبُّكُمُ مرکب اضافی موصوف الْاَعْلٰی اسم تفضیل اپنے هُوَ ضمیر فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر مقولہ مفعول بہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَخَذَ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ لفظ اللّٰهُ فاعل نَكَالَ مضاف الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰی معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ نَكَالَ کا، مضاف بامضاف الیہ مفعول لہ اَخَذَ کا، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول لہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف نَادٰی کا معطوف ہوا، پھر یہ معطوف علیہ بامعطوف حَشَرَ کا معطوف ہوا، پھر یہ معطوف علیہ بامعطوف كَذَّبَ۔۔۔الخ کا معطوف ہوا، پھر یہ معطوف علیہ بامعطوف اَرٰی کا معطوف ہوا، پھر یہ معطوف علیہ بامعطوف ذَهَبَ مُوْسٰی کا معطوف ہوا، پھر یہ معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فائدہ: علامہ زمخشری کہتے ہیں کہ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ مفعول مطلق ہے فعل نَكَّلَ اللّٰهُ کا۔

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَنْ یَّخْشٰى ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل فِیْ ذٰلِكَ جار بامجرور كَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر اِنَّ کی خبر مقدم لَام تاکیدیہ عِبْرَةً موصوف لَام حرف جر مَنْ اسم موصول یَخْشٰی فعل اپنے هُوَ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوا كَائِنَۃٌ کا، كَائِنَۃٌ اسم فاعل

ھِیَ ضمیر فاعل و متعلق سے مل کر عِبْرَۃً کی صفت، موصوف باصفت اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر خود جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَآءُ ؕ بَنٰهَا ﴿۲۷﴾ رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰىهَا ﴿۲۸﴾ وَ اَغْطَشَ لَيْلَهَا وَ اَخْرَجَ ضُحٰهَا ﴿۲۹﴾ وَ الْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا ﴿۳۰﴾ اَخْرَجَ مِنْهَا مَآءَهَا وَ مَرْعٰىهَا ﴿۳۱﴾ وَ الْجِبَالَ اَرْسٰىهَا ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۲۷، ۲۸، ۲۹، ۳۰، ۳۱، ۳۲: ھَمزہ حرف استفہام اَنْتُمْ معطوف علیہ، اَمْ حرف عطف السَّمَآءُ ذوالحال بَنٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مبدل منہ رَفَعَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل سَمْكَهَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ سَوّٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَغْطَشَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل لَيْلَهَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَخْرَجَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل ضُحٰهَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَلْاَرْضَ اصل میں دَحَی الْاَرْضَ ۔۔۔ الخ ہے دَحَی فعل ھُوَ ضمیر فاعل اَلْاَرْضَ مفعول بہ بَعْدَ ذٰلِكَ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعولین مفسَّر، دَحٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل ھَا ضمیر ذوالحال اَخْرَجَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل مِنْهَا جار بامجرور فعل کے متعلق ہوا، مَآءَهَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَرْعٰهَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مفعول بہ دَحٰی کا، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اَلْجِبَالَ اصل میں اَرْسٰی الْجِبَالَ ۔۔۔ الخ ہے اَرْسٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل اَلْجِبَالَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مفسَّر، اَرْسٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ بَنٰهَا کا بدل، مبدل منہ بابدل حال، ذوالحال باحال معطوف اَنْتُمْ کا، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا اَشَدُّ اسم تفضیل اس میں اَنْتُمْ ضمیر فاعل خَلْقًا تمیز، اسم تفضیل بافاعل و تمیز شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

مَتَاعًا لَّكُمْ وَ لِاَنْعَامِكُمْ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: مَتَاعًا مصدر لَكُمْ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَامْ حرف جر اَنْعَامِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق پھر مَتَاعًا مفعول لہ ہوا فعل محذوف فَعَلَ کا، فَعَلَ فعل اپنے ھُوَ ضمیر فاعل اور مفعول لہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ تنازع فعلین کی بناء پر اوپر ذکر کیے ہوئے افعال کا مفعول لہ بنایا جائے اور بعض حضرات کہتے ہیں کہ مَتَاعًا مفعول مطلق ہے فعل محذوف مَتَّعَ اللّٰہُ کا۔

فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ﴿۳۴﴾ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى ﴿۳۵﴾ وَ بُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۴، ۳۵، ۳۶: فَاء استینافیہ اِذَا ظرفیہ متضمن معنی شرط مبدل منہ یَوْمَ مضاف یَتَذَکَّرُ فعل الْاِنْسَانُ فاعل مَا موصولہ سَعٰی فعل اپنے ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ یَتَذَکَّرُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بدل البعض ہوا اِذَا کا، مبدل منہ بابدل مفعول فیہ مقدم جَآءَتْ کا، جَآءَتْ فعل الطَّآمَّةُ الْکُبْرٰی موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بُرِّزَتْ فعل مجہول الْجَحِیْمُ نائب فاعل لَام جارہ مَنْ موصولہ یَرٰی فعل باھُوَ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق بُرِّزَتْ کا، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف شرط ہوئی جزاء محذوف کے لیئے اور جزاء محذوف تُوْجَدُ الْاُمُوْرُ الْعَظِیْمَةُ، یا یُبْعَثُ النَّاسُ وغیرہ ہے، تُوْجَدُ فعل مجہول الْاُمُوْرُ الْعَظِیْمَةُ موصوف باصفت نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاَمَّا مَنْ طَغٰی ﴿۳۷﴾ وَاٰثَرَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا ﴿۳۸﴾ فَاِنَّ الْجَحِیْمَ هِیَ الْمَاْوٰی ﴿۳۹﴾ وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَی النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰی ﴿۴۰﴾ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِیَ الْمَاْوٰی ﴿۴۱﴾

آیت نمبر ۳۷، ۳۸، ۳۹، ۴۰، ۴۱: فَاء عاطفہ برائے تفریع اَمَّا شرطیہ برائے تفصیل مَنْ اسم شرط مبتدا، طَغٰی فعل باھُوَ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰثَرَ فعل ھُوَ مقدر فاعل الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق الْجَحِیْمَ اسم هِیَ ضمیر فصل یا مبتدا اور الْمَاْوٰی خبر اِنَّ بااسم و خبر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمَّا شرطیہ برائے تفصیل مَنْ شرطیہ مبتدا خَافَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل مَقَامَ رَبِّهٖ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَهَی فعل ھُوَ مقدر فاعل النَّفْسَ مفعول بہ عَنِ الْهَوٰی جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق الْجَنَّةَ اسم اِنَّ، هِیَ ضمیر فصل یا مبتدا الْمَاْوٰی تقدیراً مرفوع خبر اِنَّ بااسم و خبر جزاء، شرط باجزاء مَنْ مبتدا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَیَّانَ مُرْسٰهَا ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۲: یَسْـَٔلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ عَنِ السَّاعَةِ جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اَیَّانَ ظرف زمان مفعول فیہ کَائِنٌ کا، کَائِنٌ اسم فاعل باھُوَ ضمیر فاعل و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم مُرْسٰهَا مرکب اضافی مرفوع تقدیراً مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

فِیْمَ اَنْتَ مِنْ ذِکْرٰهَا ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳: فِیْمَ اصل میں فِیْمَا ہے، فِیْمَ جار بامجرور ظرف مستقر متعلق ہوا کَائِنٌ کا، مِنْ حرف جر ذِکْرٰهَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوا کَائِنٌ کا، اسم فاعل باھُوَ مقدر فاعل و متعلقین خبر مقدم اَنْتَ ضمیر مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰهَا ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۴: اِلٰى حرف جر رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوا كَائِنٌ کا، كَائِنٌ اسم فاعل با هُوَ مقدر فاعل و متعلق خبر مقدم مُنْتَهٰهَا مرکب اضافی مرفوع تقدیراً مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

اِنَّمَاۤ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰىهَا ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵: اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ اَنْتَ مبتدا، مُنْذِرُ مضاف مَنْ اسم موصول يَخْشٰى فعل هُوَ مقدر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ مضاف الیہ معنًی مفعول بہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْۤا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶: كَاَنَّ حرف تشبیہ هُمْ ضمیر اسم يَوْمَ مضاف يَرَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا معنی تشبیہ کا، لَمْ يَلْبَثُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء عَشِيَّةً معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ ضُحٰىهَا مرکب اضافی منصوب تقدیراً معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ كَاَنَّ کی خبر، حرف تشبیہ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اور یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ يَوْمَ... الخ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف يَقُوْلُوْنَ کا، پھر يَقُوْلُوْنَ فعل با فاعل قول ہوا، اور لَمْ يَلْبَثُوْا مقولہ ہوا، قول با مقولہ كَاَنَّ کی خبر ـ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ

ترکیب سُوْرَۃُ عَبَسَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ عَبَسَ وَ تَوَلّٰۤی ①

آیت نمبر ۱: عَبَسَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَوَلّٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف جملہ ابتدائیہ ہوا۔

اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰی ②

آیت نمبر ۲: اَنْ مصدریہ جَآءَ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ الْاَعْمٰی مرفوع تقدیرًا فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ مصدر کے معنی میں ہو کر مفعول لہ ہوا عَبَسَ کا یا تَوَلّٰی کا، اور بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اَنْ سے پہلے حرف جر محذوف ہے اور اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰی منصوب بنزع الخافض ہے، پھر جار با مجرور عَبَسَ کے متعلق ہیں۔

وَ مَا یُدْرِیْكَ لَعَلَّهٗ یَزَّكّٰۤی ③ اَوْ یَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰی ④

آیت نمبر ۳،۴: واؤ عاطفہ مَا استفہامیہ مبتدا، یُدْرِیْ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اول، لَعَلَّ حرف ترجی ہٗ ضمیر اس کا اسم یَزَّكّٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ یَذَّكَّرُ فعل ھُوَ ضمیر فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف لَعَلَّ کی خبر، لَعَلَّ با اسم و خبر ترجی، فاء سببیہ جوابیہ تَنْفَعَ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ الذِّكْرٰی مرفوع تقدیرًا فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جواب ترجی، ترجی با جواب خود یُدْرِیْ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مبتدا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ معطوفہ ہوا۔

اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰی ⑤ فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰی ⑥ وَ مَا عَلَیْكَ اَلَّا یَزَّكّٰی ⑦ وَ اَمَّا مَنْ جَآءَكَ یَسْعٰی ⑧ وَ هُوَ یَخْشٰی ⑨ فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰی ⑩

آیت نمبر ۵،۶،۷،۸،۹،۱۰: اَمَّا حرف شرط برائے تفصیل مَنْ موصولہ متضمن معنی شرط مبتدا، اِسْتَغْنٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط، فاء جزائیہ اَنْتَ ضمیر مبتدا، لَهٗ جار با مجرور متعلق مقدم تَصَدّٰی کا، تَصَدّٰی فعل ھُوَ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ مَا مشابہ "بہ لَیْسَ" عَلَیْكَ جار با مجرور ظرف مستقر متعلق ہوا كَائِنٌ كا، كَائِنٌ اسم فاعل اپنے ھُوَ ضمیر فاعل و متعلق سے مل کر خبر مقدم اَنْ ناصبہ لَا یَزَّكّٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر اسم مؤخر، مَا با اسم و خبر حال، ذوالحال باحال تَصَدّٰی کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق مقدم خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا قائم مقام شرط با خبر قائم مقام جزاء معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط برائے تفصیل مَنْ موصولہ جَآءَ فعل ھُوَ ضمیر ذوالحال یَسْعٰی فعل ھُوَ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، یَخْشٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل، فعل بافاعل خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال باحال یَسْعٰی کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال جَآءَ کا فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط، فاء

جزائیہ اَنْتَ مبتدا، عَنْهُ جار بامجرور متعلق مقدم تَلَهّٰى فعل بااَنْتَ مستتر فاعل و متعلق مقدم خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ﴿۱۱﴾ فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ﴿۱۳﴾ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ﴿۱۴﴾ بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ﴿۱۵﴾ كِرَامٍ بَرَرَةٍ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۱، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶: كَلَّا حرف ردع اِنَّ حرف تحقیق هَا ضمیر اس کا اسم تَذْكِرَةٌ پہلی خبر فِيْ حرف جر صُحُفٍ موصوف مُكَرَّمَةٍ اسم مفعول با هِيَ ضمیر نائب فاعل صفت اوّل، مَرْفُوْعَةٍ اسم مفعول باهِيَ ضمیر نائب فاعل صفت ثانی، مُطَهَّرَةٍ اسم مفعول باهِيَ ضمیر نائب فاعل صفت ثالث، بَاء حرف جار اَيْدِيْ مضاف سَفَرَةٍ موصوف كِرَامٍ بَرَرَةٍ دو صفت، موصوف باصفتین مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر متعلق ہوا كَائِنَةٍ کا، كَائِنَةٍ اسم فاعل با هِيَ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر صفت رابع، موصوف باصفات اربعہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوا كَائِنَةٌ کا، اسم فاعل با هِيَ ضمیر فاعل و متعلق اِنَّ کی خبر دوم، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: فاء اعتراضیہ مَنْ شرطیہ مبتدا شَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، ذَكَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: قُتِلَ فعل مجہول الْاِنْسَانُ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ انشائیہ دعائیہ ہوا۔ مَا استفہامیہ مبتدا، اَكْفَرَ فعل هُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ تعجبیہ ہوا۔

مِنْ اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ﴿۱۸﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ ؕ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ﴿۱۹﴾ ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ﴿۲۰﴾ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ﴿۲۱﴾ ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۱۸، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲: مِنْ حرف جر اَيِّ شَيْءٍ مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور مبدل منہ مِنْ نُّطْفَةٍ جار بامجرور بدل، مبدل منہ بابدل متعلق مقدم خَلَقَ فعل هُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ خَلَقَ فعل هُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ قَدَّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ السَّبِيْلَ اصل میں يَسَّرَ السَّبِيْلَ ہے، يَسَّرَ فعل هُوَ ضمیر فاعل السَّبِيْلَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مفسَّر، يَسَّرَ فعل هُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اَمَاتَ فعل هُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل

بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ،فاء عاطفہ اَقْبَرَہٗ فعل ھُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف ثُمَّ السَّبِیْلَ کا پہلا معطوف، ثُمَّ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم شَآءَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل ومفعول فیہ مقدم شرط، اَنْشَرَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین خَلَقَ کا معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ﴿٢٣﴾

آیت نمبر ۲۳: کَلَّا حرف ردع لَمَّا حرف جازم یَقْضِ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَا موصولہ اَمَرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖٓ ﴿٢٤﴾ اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ﴿٢٥﴾ ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ﴿٢٦﴾ فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ﴿٢٧﴾ وَّ عِنَبًا وَّ قَضْبًا ﴿٢٨﴾ وَّ زَيْتُوْنًا وَّ نَخْلًا ﴿٢٩﴾ وَّ حَدَآئِقَ غُلْبًا ﴿٣٠﴾ وَّ فَاكِهَةً وَّ اَبًّا ﴿٣١﴾

آیت نمبر ۲۴،۲۵،۲۶،۲۷،۲۸،۲۹،۳۰،۳۱: فاء استینافیہ لِیَنْظُرْ فعل امر اَلْاِنْسَانُ فاعل اِلٰی حرف جار طَعَامِہٖ مرکب اضافی مبدل منہ اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم صَبَبْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلْمَآءَ مفعول بہ صَبًّا مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ شَقَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلْاَرْضَ مفعول بہ شَقًّا مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین پھر معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَنْۢبَتْنَا فعل بافاعل فِیْھَا جار بامجرور متعلق حَبًّا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عِنَبًا معطوف اوّل، واؤ عاطفہ قَضْبًا معطوف ثانی، واؤ عاطفہ زَیْتُوْنًا معطوف ثالث، واؤ عاطفہ نَخْلًا معطوف رابع، واؤ عاطفہ حَدَآئِقَ غُلْبًا موصوف باصفت معطوف خامس، واؤ عاطفہ فَاکِھَۃً معطوف سادس، واؤ عاطفہ اَبًّا معطوف سابع، معطوف علیہ بامعطوفات سبعہ اَنْۢبَتْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شَقَقْنَا کا معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف ہوا صَبَبْنَا کا، معطوف علیہ بامعطوف اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ بدل، مبدل منہ بابدل اِلٰی کے لئے مجرور، جار بامجرور متعلق لِیَنْظُرْ کا، فعل بافاعل ومتعلق جملہ انشائیہ امریہ مستانفہ ہوا۔

مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿٣٢﴾

آیت نمبر ۳۲: مَتَاعًا لَّکُمْ یہ اصل میں ہے فَعَلَ اللّٰہُ ذٰلِکَ ......الخ فَعَلَ فعل لفظ اَللّٰہُ فاعل ذٰلِکَ مفعول بہ مَتَاعًا مصدر باب تفعیل لَکُمْ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام جارہ اَنْعَامِکُمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مَتَاعًا کے متعلق، مصدر بامتعلق خود مفعول لہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔اور یہ بھی کر سکتے ہیں کہ مَتَاعًا کو اَنْۢبَتْنَا کا مفعول مطلق تاکیدی قرار دیا جائے من غیر لفظہ۔

فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ﴿٣٣﴾ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ﴿٣٤﴾ وَ اُمِّهٖ وَ اَبِيْهِ ﴿٣٥﴾ وَ صَاحِبَتِهٖ وَ بَنِيْهِ ﴿٣٦﴾

آیت نمبر ۳۳، ۳۴، ۳۵، ۳۶: فاء استینافیہ اِذَا شرطیہ مبدل منہ یَوْمَ مضاف یَفِرُّ فعل الْمَرْءُ فاعل مِنْ حرف جر اَخِیْهِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُمِّهٖ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَبِیْهِ مرکب اضافی معطوف ثانی، واؤ عاطفہ صَاحِبَتِهٖ مرکب اضافی معطوف ثالث، واؤ عاطفہ بَنِیْهِ مرکب اضافی معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ مجرور، جار با مجرور متعلق یَفِرُّ کا، فعل بافاعل و متعلق یَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ اِذَا کا بدل، مبدل منہ با بدل مفعول فیہ مقدم جَآءَتِ فعل الصَّآخَّةُ فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے جو بعد والی آیت سے سمجھی جا رہی ہے اور وہ جزاء ہے اِشْتَغَلَ كُلُّ وَاحِدٍ بِنَفْسِهٖ، اِشْتَغَلَ فعل كُلُّ وَاحِدٍ مرکب اضافی فاعل بَاء حرف جر نَفْسِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوا اِشْتَغَلَ کا، فعل بافاعل و متعلق جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُّغْنِيْهِ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: لَام حرف جر كُلِّ مضاف اِمْرِئٍ موصوف مِنْهُمْ جار با مجرور متعلق كَائِنٍ کا، كَائِنٍ اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف با صفت مضاف، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق، كَائِنٌ صیغہ اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل و متعلق خبر مقدم يَوْمَئِذٍ مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ مقدم يُغْنِيْ کا، شَأْنٌ موصوف يُغْنِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل هٖ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ صفت، موصوف با صفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ بیانیہ ہوا۔

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ﴿۳۸﴾ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ﴿۳۹﴾ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ﴿۴۰﴾ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ﴿۴۱﴾

آیت نمبر ۳۸، ۳۹، ۴۰، ۴۱: وُجُوْهٌ مبتدا، يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم مُسْفِرَةٌ کا، مُسْفِرَةٌ صیغہ اسم فاعل با هِيَ ضمیر فاعل و مفعول فیہ مقدم خبر اوّل، ضَاحِكَةٌ اسم فاعل با هِيَ ضمیر فاعل خبر ثانی، مُسْتَبْشِرَةٌ اسم فاعل با هِيَ ضمیر فاعل خبر ثالث، مبتدا اپنی تینوں خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ وُجُوْهٌ مبتدا، يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم تَرْهَقُ کا، عَلَيْهَا متعلق ہوا كَائِنَةٌ کا، كَائِنَةٌ اسم فاعل با هِيَ ضمیر فاعل و متعلق خبر مقدم غَبَرَةٌ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر وُجُوْهٌ کی خبر اوّل، اور تَرْهَقُ فعل هَا ضمیر مفعول بہ قَتَرَةٌ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر وُجُوْهٌ کی خبر ثانی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

سوال: وُجُوْهٌ تو نکرہ ہے تو اس کا مبتدا بننا کیسے درست ہے؟

جواب: وُجُوْهٌ پر تنوین مضاف الیہ کے بدلے میں ہے پہلا وُجُوْهٌ دراصل وُجُوْهُ الْمُؤْمِنِيْنَ ہے اور دوسرا وُجُوْهٌ دراصل وُجُوْهُ الْكُفَّارِ ہے لہذا معرفہ کی طرف مضاف ہونے کی وجہ سے وُجُوْهٌ بھی معرفہ ہے اور اس کا مبتدا بننا درست ہے

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۲: اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، هُمْ ضمیر فصل الْكَفَرَةُ خبر اوّل، الْفَجَرَةُ خبر ثانی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ

ہوا۔اوریوں بھی کہہ کر سکتے ہیں اُولٰٓئِكَ مبتدا،ھُمْ ضمیر پھر مبتدا ،الْکَفَرَۃُ الْفَجَرَۃُ ھُمْ کی دو خبر،مبتدا باخبرین اُولٰٓئِكَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ

۱۴۳۳/۱۲/۲ بمطابق ۱۹اکتوبر ۲۰۱۲ء بروزجمعہ بوقت صبح ۸:۴۵ تکمیل ہوئی

ترکیب سُوْرَۃُ التَّکْوِیْرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۞ وَ اِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ۞ وَ اِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ۞ وَ اِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ۞ وَ اِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ ۞ وَ اِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ۞ وَ اِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ ۞ وَ اِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ۞ بِاَيِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ۞ وَ اِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۞ وَ اِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ ۞ وَ اِذَا الْجَحِيْمُ سُعِّرَتْ ۞ وَ اِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ ۞ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّاۤ اَحْضَرَتْ ۞

آیت نمبر۱،۲،۳،۴،۵،۶،۷،۸،۹،۱۰،۱۱،۱۲،۱۳،۱۴: اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ دراصل اِذَا كُوِّرَتِ الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ہے اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم كُوِّرَتْ فعل مجہول الشَّمْسُ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول فیہ مقدم مفسَّر، كُوِّرَتْ فعل مجہول ھِیَ ضمیر نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف علیہ، اور وَ اِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ دراصل وَ اِذَا انْكَدَرَتِ النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ہے واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم انْكَدَرَتْ فعل النُّجُوْمُ فاعل، فعل بافاعل ومفعول فیہ مقدم مفسَّر، انْكَدَرَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل، فعل بافاعل مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف اوّل، وَاِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ دراصل وَاِذَا سُيِّرَتِ الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ہے واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم سُيِّرَتْ فعل مجہول الْجِبَالُ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول فیہ مقدم مفسَّر، سُيِّرَتْ فعل مجہول باھِیَ مستتر نائب فاعل مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف ثانی، وَ اِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ دراصل وَ اِذَا عُطِّلَتِ الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ہے واؤ عاطفہ عُطِّلَتْ فعل مجہول الْعِشَارُ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول فیہ مقدم مفسَّر، عُطِّلَتْ فعل مجہول باھِیَ ضمیر نائب فاعل مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف ثالث، وَاِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ مفسَّر بامفسِّر معطوف رابع، وَاِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ مفسَّر بامفسِّر معطوف خامس، وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ مفسَّر بامفسِّر معطوف سادس، اوران جملوں کی اصل اور ترکیب معمولی فکر سے سمجھ آسکتی ہے اور وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ دراصل وَاِذَا سُئِلَتِ الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ہے واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم سُئِلَتْ فعل مجہول الْمَوْءٗدَةُ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول فیہ مقدم مفسَّر، سُئِلَتْ فعل مجہول ھِیَ ضمیر نائب فاعل بَاء حرف جر اَيِّ ذَنْۢبٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم قُتِلَتْ کا، قُتِلَتْ فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق سُئِلَتْ کے مفعول ثانی کے قائم مقام، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف سابع، وَ اِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ مفسَّر بامفسِّر معطوف ثامن، وَ اِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ مفسَّر بامفسِّر معطوف تاسع، وَ اِذَا الْجَحِيْمُ سُعِّرَتْ مفسَّر بامفسِّر معطوف عاشر، وَاِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ مفسَّر بامفسِّر معطوف حادی عشر، اوران جملوں کی اصل اور ترکیب معمولی

فکر سے سمجھ آسکتی ہے پھر معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات کے ساتھ مل کر شرط، عَلِمَتْ فعل نَفْسٌ فاعل مَا موصولہ اَحْضَرَتْ فعل باھِیَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ﴿۱۵﴾ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۵، ۱۶: فاء استینافیہ لَآ اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل بَاء حرف جر الْخُنَّسِ موصوف یامبدل منہ الْجَوَارِ موصوف الْكُنَّسِ صفت، موصوف باصفت الْخُنَّسِ کی صفت یا بدل، موصوف با صفت یامبدل منہ بابدل مجرور، جار بامجرور متعلق ہوا لَآ اُقْسِمُ کا، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَ الَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ ﴿۱۷﴾ وَ الصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ ﴿۱۸﴾ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ﴿۱۹﴾ ذِيْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِيْنٍ ﴿۲۰﴾ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ ﴿۲۱﴾ وَ مَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ﴿۲۲﴾ وَ لَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ﴿۲۳﴾ وَ مَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ﴿۲۴﴾ وَ مَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۲۴، ۲۵: واؤ قسمیہ جارہ الَّيْلِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الصُّبْحِ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل اِذَا ظرف زمان مضاف عَسْعَسَ فعل باھُوَ ضمیر فاعل مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ اول اُقْسِمُ کا، اِذَا مضاف تَنَفَّسَ فعل با ھُوَ ضمیر فاعل مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ اُقْسِمُ کا، فعل با فاعل و متعلق ومفعول فیہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اسم لَام مذحلقہ تاکیدیہ قَوْلُ مضاف رَسُوْلٍ موصوف كَرِيْمٍ صفت اولی، ذِيْ قُوَّةٍ مرکب اضافی صفت ثانیہ، عِنْدَ مضاف ذِي الْعَرْشِ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ کَائِنًا کا، کَائِنًا اسم فاعل با ھُوَ ضمیر فاعل ومفعول فیہ حال مقدم مَكِيْنٍ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال صفت ثالثہ، مُطَاعٍ اسم مفعول ھُوَ مستتر نائب فاعل ثَمَّ ظرف مکان مفعول فیہ، اسم مفعول بانائب فاعل ومفعول فیہ صفت رابعہ، اَمِيْنٍ صفت خامسہ، موصوف باصفات خمسہ قَوْلُ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا مشابہ "بہ لَيْسَ صَاحِبُكُمْ مرکب اضافی اسم بَاء حرف جر زائدہ مَجْنُوْنٍ محلاً منصوب خبر، مَا اپنے اسم وخبر سے مل کر معطوف اول، واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل رَاٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ بَاء حرف جر الْاُفُقِ الْمُبِيْنِ موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق ہوا فعل کا، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جواب قسم ہوا، قسم باجواب قسم معطوف ثانی، واؤ عاطفہ مَا مشابہ "بہ لَيْسَ ھُوَ اس کا اسم عَلَى الْغَيْبِ جار بامجرور متعلق مقدم ضَنِيْنٍ کا، بَاء حرف جار زائدہ ضَنِيْنٍ صفت مشبہ ھُوَ مستتر فاعل، صفت مشبہ بافاعل و متعلق مقدم محلاً منصوب خبر، مَا با اسم وخبر معطوف ثالث، واؤ عاطفہ مَا مشابہ "بہ لَيْسَ ھُوَ اس کا اسم بَاء حرف جر زائدہ قَوْلِ مضاف شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ محلاً منصوب خبر، مَا با اسم وخبر معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ جواب قسم، پھر قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

فَاَيْنَ تَذْهَبُوْنَ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: فَاءِ فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا ظَهَرَ لَكُمْ اَمْرُ مُحَمَّدٍ وَّالْقُرْاٰنِ، اَیْنَ محلّاً منصوب مفعول فیہ مقدم تَذْهَبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ استفہامیہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۷﴾ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّسْتَقِيْمَ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۷، ۲۸: اِنْ نافیہ هُوَ مبتدا، اِلَّا حرف استثناء لغو ذِكْرٌ موصوف لِلْعٰلَمِيْنَ جار بامجرور مبدل منہ لَامِ حرف جر مَنْ موصولہ شَآءَ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مِنْكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنًا کے، كَائِنًا اسم فاعل باهُوَ ضمیر فاعل و متعلق حال، ذوالحال باحال شَآءَ کا فاعل اَنْ ناصبہ يَسْتَقِيْمَ فعل با هُوَ ضمیر فاعل مصدر کے معنی میں ہو کر مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار بامجرور بدل، مبدل منہ بابدل متعلق ہوئے كَائِنٌ کے، كَائِنٌ اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل و متعلق ذِكْرٌ کی صفت، موصوف باصفت مستثنیٰ مفرغ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: واؤ استینافیہ مَا نافیہ تَشَآءُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو اَنْ ناصبہ يَشَآءَ فعل لفظ اَللّٰهُ موصوف یا مبدل منہ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ مرکب اضافی صفت یا بدل، موصوف باصفت یا مبدل منہ بابدل فاعل، فعل بافاعل مصدر کے معنی میں ہو کر مضاف الیہ ہوا وَقْتَ مضاف محذوف کا، مضاف بامضاف الیہ مستثنیٰ مفرغ مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اور بعض حضرات اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ کو منصوب بنزع الخافض بنا کر تَشَآءُوْنَ کے متعلق بناتے ہیں۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ

۱۹ اکتوبر ۲۰۱۲ پونے بارہ بجے رات کو اس کی کتابت سے فراغت ہوئی فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

ترکیب سُوْرَۃُ الْاِنْفِطَار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ﴿۱﴾ وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ﴿۲﴾ وَ

اِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ﴿۳﴾ وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ﴿۴﴾ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَاَخَّرَتْ ﴿۵﴾

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، ۵: اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ یہ اصل میں اِذَا انْفَطَرَتِ السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ہے وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ اصل میں وَاِذَا انْتَثَرَتِ الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ہے اور وَاِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ اصل میں وَاِذَا فُجِّرَتِ الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ہے اور وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ اصل میں وَاِذَا بُعْثِرَتِ الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ہے اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم انْفَطَرَتْ فعل السَّمَآءُ فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ مقدم مفسَّر، انْفَطَرَتْ فعل اپنے هِیَ ضمیر فاعل سے مل کر مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم انْتَثَرَتْ فعل الْكَوَاكِبُ فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ مقدم مفسَّر، انْتَثَرَتْ فعل باهِیَ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف اول، واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم فُجِّرَتْ فعل مجہول الْبِحَارُ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول فیہ مقدم مفسَّر، فُجِّرَتْ فعل مجہول با هِیَ ضمیر نائب فاعل مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم بُعْثِرَتْ فعل مجہول الْقُبُوْرُ نائب

فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول فیہ مقدم مفسّر، بُعْثِرَتْ فعل مجہول باھِیَ ضمیر نائب فاعل مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ شرط، عَلِمَتْ فعل نَفْسٌ فاعل مَاموصولہ قَدَّمَتْ فعل باھِیَ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَخَّرَتْ فعل باھِیَ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ عَلِمَتْ کامفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ ﴿۶﴾ الَّذِيْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَ ﴿۷﴾

آیت نمبر ۶، ۷: يَآء حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَاضمیر فاعل اَيُّ موصوف ھَابرائے تنبیہ، الْاِنْسَانُ صفت یابدل، موصوف باصفت یامبدل منہ بابدل محلًّا منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ نداء ہوا۔ مَا استفہامیہ مبتدا، غَرَّ فعل ھُوَ مستترفاعل کاف ضمیر مفعول بہ بَآء حرف جار رَبِّكَ مرکب اضافی موصوف الْكَرِيْمِ صفت اولی، الَّذِيْ اسم موصول خَلَقَ فعل با ھُوَ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَآء عاطفہ سَوّٰی فعل با ھُوَ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ معطوف اول، فَآء عاطفہ عَدَلَ فعل باھُوَ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین صلہ، موصول باصلہ رَبِّكَ کی صفت، ثانیہ، موصوف باصفتین مجرور، جار بامجرور غَرَّ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ جواب نداء، پھر نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

فِيْٓ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ﴿۸﴾

آیت نمبر ۸: فِيْ حرف جار اَيِّ مضاف صُوْرَةٍ موصوف مَا زائدہ شَآءَ فعل با ھُوَ ضمیر فاعل ھَا ضمیر محذوف مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت مضاف الیہ پھر مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم رَكَّبَ کا، رَكَّبَ فعل باھُوَ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ ومتعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ یوں کہا جائے کہ فِيْٓ اَيِّ صُوْرَةٍ كَآئِنًا کے متعلق ہو کر رَكَّبَ کی ضمیر مفعول سے حال ہے۔

كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ﴿۹﴾ وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ﴿۱۰﴾ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ ﴿۱۱﴾ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲: كَلَّا حرف ردع بَلْ حرف اضراب فَآء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اَنْتُمْ لَاتَجْتَنِبُوْنَ مِنَ الْاِغْتِرَارِ، اَنْتُمْ مبتدا، لَاتَجْتَنِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنَ الْاِغْتِرَارِ جار بامجرور متعلق ہوئے فعل کے، فعل با فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، بَلْ عاطفہ تُكَذِّبُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق عَلَيْكُمْ ظرف مستقر كَآئِنُوْنَ کے متعلق ہوئے، كَآئِنُوْنَ اسم فاعل با ھُمْ ضمیر فاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم لَام مزحلقہ برائے تاکید حٰفِظِيْنَ موصوف كِرَامًا صفت اولی، كَاتِبِيْنَ صفت ثانیہ، يَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَاموصولہ تَفْعَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ صفت ثالثہ، موصوف باصفات ثلاثہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال تُكَذِّبُوْنَ کا فاعل بِالدِّيْنِ

26
26

جار بامجرور کَآئِنُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ ﴿۱۳﴾ وَ اِنَّ الْفُجَّارَ لَفِیْ جَحِیْمٍ ﴿۱۴﴾ یَّصْلَوْنَهَا یَوْمَ الدِّیْنِ ﴿۱۵﴾ وَ مَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِیْنَ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶: اِنَّ حرف تحقیق اَلْاَبْرَار اس کا اسم لَام مزحلقہ تاکیدیہ فِیْ نَعِیْمٍ جار بامجرور متعلق ہوئے کَآئِنُوْنَ کے، کَآئِنُوْنَ اسم فاعل با هُمْ ضمیر فاعل و متعلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق اَلْفُجَّار اسم لَام مزحلقہ تاکیدیہ فِیْ جَحِیْمٍ ظرف مستقر کَآئِنُوْنَ کے متعلق، کَآئِنُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر پوشیدہ ذوالحال یَصْلَوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ مَا مشابہ "بہ لَیْسَ هُمْ ضمیر مَا کا اسم عَنْهَا جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے غَآئِبِیْنَ کے، بَاء حرف جر زائدہ غَآئِبِیْنَ اسم فاعل با هُمْ ضمیر پوشیدہ فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر لفظاً مجرور محلاً منصوب مَا کی خبر، مَا با اسم و خبر حال، ذوالحال باحال یَصْلَوْنَ کا فاعل یَوْمَ الدِّیْنِ مرکب اضافی مفعول فیہ هَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ حال، ذوالحال باحال کَآئِنُوْنَ کا فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ شُد۔

وَ مَآ اَدْرٰىكَ مَا یَوْمُ الدِّیْنِ ﴿۱۷﴾ ثُمَّ مَآ اَدْرٰىكَ مَا یَوْمُ الدِّیْنِ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۷، ۱۸: واؤ استینافیہ مَا استفہامیہ مبتدا، اَدْرٰی فعل هُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ مَا استفہامیہ مبتدا، یَوْمُ الدِّیْنِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر اَدْرٰی کے مفعول ثانی کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین مبتدا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ مَآ اَدْرٰىكَ مَا یَوْمُ الدِّیْنِ کی ترکیب اوپر کی ترکیب سے واضح ہے اور یہ معطوف ہے، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

یَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَیْئًا ؕ وَ الْاَمْرُ یَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: یَوْمَ مضاف لَا تَمْلِكُ فعل نَفْسٌ فاعل لِنَفْسٍ جار بامجرور متعلق ہوئے فعل کے، شَیْئًا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ فعل محذوف اُذْكُرْ کا، اُذْكُرْ فعل بااَنْتَ مستتر فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ شد۔ اور بعض حضرات نے یَوْمَ کو مفعول فیہ بنایا ہے فعل محذوف یُجَازَوْنَ کا۔ واؤ استینافیہ اَلْاَمْرُ مبتدا، لِلّٰهِ ظرف مستقر متعلق ہوئے ثَابِتٌ کے، ثَابِتٌ اسم فاعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل یَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ ثَابِتٌ کا، ثَابِتٌ اسم فاعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب

۳، ۱۲، ۱۴۳۳ بمطابق ۲۰۱۲، ۱۰، ۲۰ء بوقت صبح ۷:۲۰ یوم السبت ترکیب مکمل ہوئی

ترکیب سُوْرَۃُ الْمُطَفِّفِیْن

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَیْلٌ لِّلْمُطَفِّفِیْنَ ﴿۱﴾ الَّذِیْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ

يَسْتَوْفُونَ ۝ وَإِذَا كَالُوهُمْ أَو وَّزَنُوهُمْ يُخْسِرُونَ ۝

آیت نمبر ۱، ۲، ۳: وَيْلٌ مبتدا، لام حرف جر الْمُطَفِّفِينَ موصوف الَّذِينَ اسم موصول إِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اِكْتَالُوا فعل بواو ضمیر فاعل، عَلَى النَّاسِ متعلق، مفعول فیہ مقدم مؤخر ہوئی، بواسطہ جزاء محذوف فعل اِكْتَالُوا فعل بواو ضمیر، يَسْتَوْفُونَ فعل بواو ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ حال ذوالحال بحال فاعل، فعل فاعل جزاء شرط یا جزاء معطوف علیہ، واؤ عاطفہ إِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم كَالُوا فعل بواو ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، مفعول فیہ مقدم معطوف علیہ أَوْ عاطفہ وَزَنُوا فعل بواو ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، بواسطہ جزاء محذوف اِسْتَوْفُوا يَسْتَوْفُوا فعل واؤ ضمیر ذوالحال يُخْسِرُونَ فعل بواو ضمیر فاعل حال، ذوالحال بحال فاعل، فعل فاعل جزاء شرط یا جزاء معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول صلہ صفت، موصوف بصفت مجرور، جار مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہوئے كَائِنٌ اسم فاعل با هُوَ مستتر فاعل، متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

سوال وَيْلٌ نکرہ ہے تو اس کا مبتدا بننا کیسے درست ہے؟

جواب وَيْلٌ بحیثیت ایک دعائیہ کلام ہے لفظی معرفہ ہے اور اس کا مبتدا بننا درست ہے۔

أَلَا يَظُنُّ أُولَٰئِكَ أَنَّهُم مَّبْعُوثُونَ ۝ لِيَوْمٍ عَظِيمٍ ۝ يَوْمَ يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ ۝

آیت نمبر ۴، ۵، ۶: ہمزہ استفہام لَا نافیہ يَظُنُّ فعل أُولَٰئِكَ اسم اشارہ فاعل أَنَّ حرف مشبہ بالفعل هُمْ ضمیر اس کا اسم مَّبْعُوثُونَ اسم مفعول هُمْ ضمیر نائب فاعل لام جار يَوْمٍ عَظِيمٍ موصوف صفت مل کر مجرور [illegible] يَوْمَ مفعول فیہ يَقُومُ فعل النَّاسُ فاعل لام جار رَبِّ الْعَالَمِينَ مرکب اضافی مجرور، جار مجرور متعلق، فعل فاعل متعلق يَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ [illegible] متعلق ہو کر مَبْعُوثُونَ کی خبر أَنَّ اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر [illegible] يَظُنُّ [illegible] فعل فاعل مفعولین جملہ فعلیہ ہوا۔

كَلَّا إِنَّ كِتَابَ الْفُجَّارِ لَفِي سِجِّينٍ ۝

آیت نمبر ۷: كَلَّا حرف ردع إِنَّ حرف مشبہ بالفعل كِتَابَ الْفُجَّارِ مرکب اضافی إِنَّ کا اسم لام تاکید فِي سِجِّينٍ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق [illegible] إِنَّ اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمَا أَدْرَاكَ مَا سِجِّينٌ ۝ كِتَابٌ مَّرْقُومٌ ۝

آیت نمبر ۸، ۹: [illegible]

[illegible]

[illegible]

بھی درست ہے۔

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۰ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۝۱۱

آیت نمبر ۱۰، ۱۱: وَيْلٌ موصوف يَّوْمَئِذٍ مرکب اضافی كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا، لَام جارہ الْمُكَذِّبِيْنَ موصوف الَّذِيْنَ اسم موصول يُكَذِّبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ يَوْمِ الدِّيْنِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر ثَابِتٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمَا يُكَذِّبُ بِهٖٓ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ۝۱۲ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۱۳

آیت نمبر ۱۲، ۱۳: واؤ استینافیہ مَا نافیہ يُكَذِّبُ فعل بِهٖ جار با مجرور متعلق اِلَّا حرف استثناء كُلُّ مضاف مُعْتَدٍ موصوف اَثِيْمٍ پہلی صفت، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم تُتْلٰى فعل مجہول عَلَيْهِ ظرف لغو متعلق اٰيٰتُنَا مرکب اضافی نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ شرط، قَالَ فعل با هُوَ ضمیر فاعل قول، اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ مرکب اضافی خبر ہے مبتدا محذوف هِيَ کی، مبتدا با خبر مقولہ مفعول بہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء صفت ثانیہ، موصوف با صفتین كُلُّ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مستثنیٰ مفرغ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝۱۴

آیت نمبر ۱۴: كَلَّا حرف ردع بَلْ حرف عطف واضراب اور معطوف علیہ محذوف ہے لَيْسَتْ اٰيٰتُنَا اَسَاطِيْرَ الْاَوَّلِيْنَ، لَيْسَتْ فعل ناقص اٰيٰتُنَا مرکب اضافی اسم اَسَاطِيْرَ الْاَوَّلِيْنَ مرکب اضافی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، بَلْ عاطفہ رَانَ فعل عَلٰى حرف جر قُلُوْبِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مَا موصولہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَكْسِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ رَانَ کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ ۝۱۵ ثُمَّ اِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيْمِ ۝۱۶ ثُمَّ يُقَالُ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ۝۱۷

آیت نمبر ۱۵، ۱۶، ۱۷: كَلَّا حرف ردع اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم عَنْ حرف جر رَبِّهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم مَحْجُوْبُوْنَ کا، يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم لَام مذحلقہ برائے تاکید مَحْجُوْبُوْنَ اسم مفعول با هُمْ ضمیر نائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل هُمْ ضمیر اس کا اسم لَام برائے تاکید صَالُوا الْجَحِيْمِ مرکب اضافی خبر، اِنَّ با اسم و خبر معطوف اول، ثُمَّ عاطفہ يُقَالُ فعل مجہول هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، الَّذِيْ اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم بِهٖ جار با مجرور متعلق مقدم تُكَذِّبُوْنَ کا، تُكَذِّبُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل و متعلق فعل ناقص کی خبر، فعل

ناقص با اسم وخبر صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر ھٰذَا الترکیب کی تاویل میں ہو کر یُقَالُ کا نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: كَلَّا حرف ردع اِنَّ حرف تحقیق كِتٰبَ الْاَبْرَارِ مرکب اضافی اِنَّ کا اسم لَام مزحلقہ تاکیدیہ فِيْ عِلِّيِّيْنَ جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہوئے، کَائِنٌ اسم فاعل باھُوَ ضمیر فاعل و متعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا عِلِّيُّوْنَ ﴿۱۹﴾ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ﴿۲۰﴾ يَّشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۱۹، ۲۰، ۲۱: واؤ استینافیہ مَا استفہامیہ مبتدا، اَدْرٰى فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل، مَا استفہامیہ مبتدا، عِلِّيُّوْنَ مبدل منہ كِتٰبٌ موصوف مَرْقُوْمٌ صفت اولی، يَشْهَدُ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ الْمُقَرَّبُوْنَ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین بدل، مبدل منہ بابدل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر اَدْرٰى کے مفعول ثانی کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ﴿۲۲﴾ عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۲، ۲۳: اِنَّ حرف تحقیق الْاَبْرَارَ اِنَّ کا اسم لَام تاکیدیہ فِيْ نَعِيْمٍ ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق، کَائِنُوْنَ اسم فاعل با ھُمْ ضمیر فاعل خبر اوّل، عَلَى الْاَرَآئِكِ جار بامجرور کَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم يَنْظُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل اِنَّ کی خبر ثانی، اِنَّ با اسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيْمِ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: تَعْرِفُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل فِيْ حرف جار وُجُوْهِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور تَعْرِفُ کے متعلق ہوئے نَضْرَةَ النَّعِيْمِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ ﴿۲۵﴾ خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ۭ وَفِيْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۵، ۲۶: يُسْقَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل مِنْ حرف جار رَحِيْقٍ موصوف مَخْتُوْمٍ صفت اولی، خِتٰمُهٗ مرکب اضافی مبتدا، مِسْكٌ خبر، مبتدا باخبر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل کے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ فِيْ ذٰلِكَ جار بامجرور متعلق مقدم فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ كَمُلَ التَّنَافُسُ، لِيَتَنَافَسْ فعل امر الْمُتَنَافِسُوْنَ فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ ﴿۲۷﴾ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۷، ۲۸: واؤ عاطفہ مِزَاجُهٗ مرکب اضافی مبتدا، مِنْ حرف جار تَسْنِيْمٍ ذوالحال عَيْنًا موصوف يَشْرَبُ فعل بِهَا جار بامجرور متعلق الْمُقَرَّبُوْنَ فاعل، فعل با فاعل و متعلق صفت، موصوف باصفت حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے کَائِنٌ

کے ہکَائِنٌ اسم فاعل باھُوَ ضمیر فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اور بعض حضرات فرماتے ہیں کہ عَیۡنًا فعل محذوف اَمۡدَحُ کا مفعول بہ ہے۔

اِنَّ الَّذِیۡنَ اَجۡرَمُوۡا کَانُوۡا مِنَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا یَضۡحَکُوۡنَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیۡنَ اسم موصول اَجۡرَمُوۡا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم کَانُوۡا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم مِنۡ حرف جر اَلَّذِیۡنَ اسم موصول اٰمَنُوۡا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم یَضۡحَکُوۡنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم کَانُوۡا کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ اِذَا مَرُّوۡا بِهِمۡ یَتَغَامَزُوۡنَ ﴿۳۰﴾ وَ اِذَا انۡقَلَبُوۡۤا اِلٰۤی اَهۡلِهِمُ انۡقَلَبُوۡا فَکِهِیۡنَ ﴿۳۱﴾ وَ اِذَا رَاَوۡهُمۡ قَالُوۡۤا اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ لَضَآلُّوۡنَ ﴿۳۲﴾ وَ مَاۤ اُرۡسِلُوۡا عَلَیۡهِمۡ حٰفِظِیۡنَ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۰، ۳۱، ۳۲، ۳۳: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم مَرُّوۡا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهِمۡ جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ مقدم شرط، یَتَغَامَزُوۡنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جزاء، شرط با جزاء معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم انۡقَلَبُوۡا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰی حرف جر اَهۡلِهِمۡ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ مقدم شرط، اِنۡقَلَبُوۡا فعل واؤ ضمیر ذوالحال فَکِهِیۡنَ حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جزاء، شرط با جزاء معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاَوۡا فعل واؤ ضمیر فاعل هُمۡ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ شرط، قَالُوۡا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ مَا نافیہ اُرۡسِلُوۡا فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال عَلَیۡهِمۡ جار با مجرور متعلق مقدم حٰفِظِیۡنَ کا، حٰفِظِیۡنَ اسم فاعل با هُمۡ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال اُرۡسِلُوۡا کا نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل حال، ذوالحال باحال قَالُوۡا کا فاعل، فعل بافاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق هٰۤؤُلَآءِ اِنَّ کا اسم لام مزحلقہ تاکیدیہ ضَآلُّوۡنَ اسم فاعل با هُمۡ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر قول کا مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ یَضۡحَکُوۡنَ پر معطوف ہے۔

فَالۡیَوۡمَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا مِنَ الۡکُفَّارِ یَضۡحَکُوۡنَ ﴿۳۴﴾ عَلَی الۡاَرَآئِکِ ۙ یَنۡظُرُوۡنَ ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۴، ۳۵: فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنۡ کَانَ الَّذِیۡنَ اَجۡرَمُوۡا یَضۡحَکُوۡنَ عَلَی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ فِی الدُّنۡیَا، اَلَّذِیۡنَ اسم موصول اٰمَنُوۡا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا، اَلۡیَوۡمَ مفعول فیہ مقدم یَضۡحَکُوۡنَ کا، مِنَ الۡکُفَّارِ جار با مجرور متعلق مقدم یَضۡحَکُوۡنَ کا یَضۡحَکُوۡنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال عَلَی الۡاَرَآئِکِ جار با مجرور متعلق مقدم یَنۡظُرُوۡنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال یَضۡحَکُوۡنَ کا فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ مقدم و متعلق مقدم خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

هَلۡ ثُوِّبَ الۡکُفَّارُ مَا کَانُوۡا یَفۡعَلُوۡنَ ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۶: هَلْ استفہامیہ ثُوِّبَ فعل مجہول الْكُفَّارُ نائب فاعل مَا اسم موصول كَانُوا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَفْعَلُونَ فعل باواؤ ضمیر فاعل فعل ناقص کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ ثُوِّبَ کا مفعول بہ، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ ہوا قول محذوف يَقُولُونَ کا۔

سورۃ ھٰذا کی ترکیب سے ۱۴۳۳،۱۲،۳ بمطابق ۲۰۱۲،۱۰،۲۰ بوقت رات کے ۱۱:۴۵ بروز ہفتہ کو فراغت ہوئی

ترکیب سُوْرَۃُ الْاِنْشِقَاقِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۝ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ ۝ وَ اِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۝ وَ اَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَ تَخَلَّتْ ۝ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ ۝

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، ۵: اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ دراصل اِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ہے اور وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ دراصل وَ اِذَا مُدَّتِ الْاَرْضُ مُدَّتْ ہے اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم انْشَقَّتْ فعل السَّمَآءُ فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ مقدم مفسَّر، انْشَقَّتْ فعل هِيَ مستتر فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَذِنَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل لام حرف جر رَبِّهَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ حُقَّتْ فعل مجہول هِيَ مستتر نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف ہوا، معطوف علیہ بامعطوف مفسّر، واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم مُدَّتْ فعل مجہول الْاَرْضُ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول فیہ مفسَّر، مُدَّتْ فعل مجہول باهِيَ ضمیر نائب فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْقَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل مَا موصولہ فِيْهَا جار بامجرور ظرف مستقر متعلق فعل محذوف ثَبَتَ کے، ثَبَتَ فعل باهُوَ ضمیر فاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَخَلَّتْ فعل باهِيَ ضمیر فاعل معطوف شُد، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف شُد، معطوف علیہ بامعطوف مفسِّر شُد، مفسَّر بامفسِّر معطوف شُد، معطوف علیہ بامعطوف شرط برائے جزاء محذوف لَاقَى الْاِنْسَانُ كَدْحَهٗ کی، لَاقَى فعل الْاِنْسَانُ فاعل كَدْحَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ۝

آیت نمبر ۶: يَا ءِ حرف ندا اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْا فعل اَنَا ضمیر پوشیدہ فاعل اَيُّ موصوف یا مبدل منہ هَا برائے تنبیہ، الْاِنْسَانُ صفت یا بدل، موصوف باصفت یا مبدل منہ بابدل محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ ندا، اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم كَادِحٌ اسم فاعل اَنْتَ مستتر فاعل اِلٰى حرف جر رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق كَادِحٌ کا، كَدْحًا مفعول مطلق، اسم فاعل بافاعل و متعلق و مفعول مطلق معطوف علیہ، فاء عاطفہ مُلٰقِيْهِ اسم فاعل مضاف بامضاف الیہ معنًی مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جواب ندا، پھر ندا باجواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۝ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ۝ وَّ يَنْقَلِبُ اِلٰۤى اَهْلِهٖ

مَسْرُوْرًا ﴿۹﴾ وَ اَمَّا مَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ﴿۱۰﴾ فَسَوْفَ یَدْعُوْا ثُبُوْرًا ﴿۱۱﴾ وَّ یَصْلٰی سَعِیْرًا ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ كَانَ فِیْۤ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ﴿۱۳﴾ اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ یَّحُوْرَ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۴: فَاء عاطفہ برائے تفریع اَمَّا حرف شرط برائے تفصیل مَنْ موصولہ اُوْتِیَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل كِتٰبَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، بَاء حرف جار یَمِیْنِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق صلہ، موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط، فَاء جزائیہ سَوْفَ علامت فعل یُحَاسَبُ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل حِسَابًا یَّسِیْرًا موصوف باصفت مفعول مطلق، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول مطلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَنْقَلِبُ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مَسْرُوْرًا اسم مفعول باهُوَ ضمیر نائب فاعل حال، ذوالحال باحال فاعل اِلٰی حرف جر اَهْلِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف شد، معطوف علیہ بامعطوف خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط برائے تفصیل مَنْ موصولہ اُوْتِیَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل كِتٰبَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، وَرَآءَ ظَهْرِهٖ منصوب بنزع الخافض دراصل مِنْ وَرَآءِ... الخ متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول بہ و متعلق صلہ، موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط، فَاء عاطفہ سَوْفَ علامت فعل یَدْعُوْا فعل هُوَ مستتر فاعل ثُبُوْرًا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَصْلٰی فعل باهُوَ ضمیر فاعل سَعِیْرًا مفعول بہ معطوف شد، معطوف علیہ بامعطوف معلل اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اِنَّ کا اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر ذوالحال فِیْ حرف جار اَهْلِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے كَائِنًا کے، كَائِنًا اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل و متعلق حال، ذوالحال باحال كَانَ کا اسم مَسْرُوْرًا اسم مفعول باهُوَ مقدر نائب فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ تعلیل اوّل، اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اِنَّ کا اسم ظَنَّ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنْ مخففہ من المثقلہ ہے دراصل اَنَّهٗ ہے اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اسم لَنْ ناصبہ یَحُوْرَ فعل باهُوَ ضمیر فاعل اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر ظَنَّ بمعنی عَلِمَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر تعلیل ثانی، معلل اپنی ہر دو علت کے ساتھ سے مل کر مَنْ کی خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

بَلٰۤى اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ بَصِیْرًا ﴿۱۵﴾ فَلَاۤ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ﴿۱۶﴾ وَ الَّیْلِ وَ مَا وَسَقَ ﴿۱۷﴾ وَ الْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ﴿۱۸﴾ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹: بَلٰی حرف ایجاب اِنَّ حرف تحقیق رَبَّهٗ مرکب اضافی اِنَّ کا اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم بَصِیْرًا صفت مشبہ هُوَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق مقدم، صفت مشبہ بافاعل و متعلق خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جواب برائے قسم مقدر۔ فَاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِذَا عَرَفْتَ هٰذَا، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم عَرَفْتَ فعل بافاعل هٰذَا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ شرط، لَا اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل بَاء حرف جر الشَّفَقِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الَّیْلِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ وَسَقَ فعل با هُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول باصلہ معطوف شد، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ الْقَمَرِ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مجرور، جار با مجرور متعلق اِذَا ظرف مضاف اِتَّسَقَ فعل با هُوَ مستتر فاعل مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ

مفعول فیہ لَآاُقْسِمُ کا، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ قسم،لَتَرْكَبُنَّ فعل واؤ محذوفہ ذوالحال طَبَقًا موصوف عَنْ طَبَقٍ جار با مجرور مُجَاوِزًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جواب قسم شد، قسم باجواب قسم جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۲۰ وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ۝۲۱

آیت نمبر ۲۰، ۲۱: فَاءِ فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِذَا ثَبَتَ اَنَّ اللّٰهَ خَالِقٌ عَظِيْمٌ، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم ثَبَتَ فعل اَنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰهَ اَنَّ کا اسم خَالِقٌ عَظِيْمٌ موصوف باصفت خبر، اَنَّ با اسم و خبر فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ شرط، مَا استفہامیہ مبتدا، لَامِ حرف جار هُمْ ضمیر ذوالحال لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قُرِئَ فعل مجہول عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق الْقُرْاٰنُ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ شرط، لَا يَسْجُدُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جزاء، شرط باجزاء معطوف، معطوف علیہ بامعطوف حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے كَائِنٌ کے، كَائِنٌ اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ۝۲۲ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ۝۲۳

آیت نمبر ۲۲، ۲۳: بَلْ حرف اضراب الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا، يُكَذِّبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لفظ اَللّٰهُ مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بِاءِ جارہ مَا موصولہ يُوْعُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق، اسم تفضیل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝۲۴ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝۲۵

آیت نمبر ۲۴، ۲۵: فَاءِ فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَذَّبَ الْكُفَّارُ، یا اِنِ اسْتَمَرَّ الْكُفَّارُ فِيْ تَكْذِيْبِهِمْ، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم كَذَّبَ الْكُفَّارُ فعل با فاعل و مفعول فیہ مقدم شرط، بَشِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء الَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا، لَهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے كَائِنٌ کے، كَائِنٌ اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل و متعلق خبر مقدم، اَجْرٌ موصوف غَيْرُ مَمْنُوْنٍ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مبتدا موخر، مبتدا باخبر مبتدا اول کی خبر، مبتدا باخبر مستثنیٰ منقطع، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ بَشِّرْ کا مفعول بہ، بَاءِ جارہ عَذَابٍ اَلِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل امر بافاعل و مفعول بہ و متعلق جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فائدہ: اگر اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کے بعد مِنْهُمْ مقدر مانا جائے تو پھر اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا... الخ مستثنیٰ متصل ہوگا جیسا کہ ترجمہ میں غور سے بات واضح ہے۔

ترکیب سُوْرَةُ الْبُرُوْج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَ السَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ۝۱ وَ الْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ۝۲ وَ شَاهِدٍ وَّ مَشْهُوْدٍ ۝۳

آیت نمبر ۱، ۲، ۳: واؤ قسمیہ جارہ السَّمَآءِ موصوف ذَاتِ الْبُرُوْجِ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ مرکب توصیفی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ شَاهِدٍ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ مَشْهُوْدٍ معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق قسم، اور جواب قسم لَقَدْ قُتِلَ محذوف ہے جس پر قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ دال ہے، لَقَدْ قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ فعل مجہول با نائب فاعل جواب قسم، پھر قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

سوال: آپ نے جواب قسم محذوف کیوں نکالا ہے سورت میں مذکور قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ کو جواب قسم کیوں نہیں بنایا؟

جواب: نحویوں کا مشہور ضابطہ ہے کہ وہ ماضی مثبت متصرف جس کا معمول مقدم نہ ہو جب ایسی ماضی جواب قسم ہو تو اس پر لام اور قَدْ کا داخل ہونا لازم ہے اور طول کلام کے بغیر ان میں سے ایک پر اکتفاء جائز نہیں ہے اور قُتِلَ پر یہ دونوں نہیں ہیں اس لئے قُتِلَ مذکور کے قرینہ کی وجہ سے لَقَدْ قُتِلَ محذوف مانا گیا ہے۔

قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ۝۴ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ۝۵ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ۝۶ وَّ هُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌ ۝۷

آیت نمبر ۴، ۵، ۶، ۷: قُتِلَ فعل مجہول اَصْحٰبُ مضاف الْاُخْدُوْدِ مبدل منہ النَّارِ موصوف ذَاتِ الْوَقُوْدِ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت بدل الاشتمال، مبدل منہ با بدل مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ نائب فاعل اِذْ ظرف زمان مضاف هُمْ ضمیر مبتداء عَلَيْهَا جار بامجرور متعلق مقدم قُعُوْدٌ اسم فاعل هُمْ ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُمْ مبتداء عَلٰى جارہ مَا موصولہ يَفْعَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْمُؤْمِنِيْنَ جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم شُهُوْدٌ کا، شُهُوْدٌ اسم فاعل با هُمْ ضمیر فاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ قُتِلَ کا مفعول فیہ، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا کیونکہ یہ جواب قسم نہیں ہے۔

وَ مَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝۸ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝۹

آیت نمبر ۸، ۹: واؤ عاطفہ مَا نافیہ نَقَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهُمْ جار بامجرور متعلق اِلَّا حرف استثناء اَنْ ناصبہ يُّؤْمِنُوْا فعل بَاء جارہ لفظ اللّٰهِ موصوف الْعَزِيْزِ صفت اولی الْحَمِيْدِ صفت ثانیہ، الَّذِيْ اسم موصول لَهٗ جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنٌ کے، كَائِنٌ اسم فاعل

بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم مُلْکُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ صفت ثالثہ، موصوف باصفات ثلاثہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے یُؤْمِنُوْا کے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر نَقَمُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لفظ اَللّٰہُ مبتدا، عَلٰی حرف جار کُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم شَہِیْدٌ کا، شَہِیْدٌ صفت مشبہ ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ یَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَ لَهُمْ عَذَابُ الْحَرِیْقِ ﴿۱۰﴾

آیت نمبر ۱۰: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول فَتَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَمْ یَتُوْبُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم قائم مقام شرط، فاء جزائیہ برائے رابطہ لَهُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے کَائِنٌ کے، کَائِنٌ اسم فاعل باھُوَ ضمیر فاعل و متعلق خبر مقدم عَذَابُ جَهَنَّمَ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَهُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے کَائِنٌ کے، کَائِنٌ اسم فاعل با ھُوَ ضمیر فاعل و متعلق خبر مقدم عَذَابُ الْحَرِیْقِ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا باخبر معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف اِنَّ کی خبر قائم مقام جزاء، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِیْرُ ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ بواسطہ موصوف محذوف اَلْاَعْمَالَ کے مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم لَهُمْ جار بامجرور کَائِنَۃٌ کے متعلق، کَائِنَۃٌ اسم فاعل باھِیَ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم جَنّٰتٌ موصوف تَجْرِیْ فعل مِنْ حرف جار تَحْتِهَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور فعل کے متعلق ہوئے، اَلْاَنْهٰرُ فاعل، فعل بافاعل و متعلق صفت، موصوف باصفت مبتدا موخر، مبتدا باخبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلْفَوْزُ الْكَبِیْرُ موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِیْدٌ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: اِنَّ حرف تحقیق بَطْشَ مضاف رَبِّكَ مضاف بامضاف الیہ مضاف الیہ ہوا بَطْشَ کا، مضاف بامضاف الیہ اِنَّ کا اسم، لام مزحلقہ تاکیدیہ شَدِیْدٌ صفت مشبہ باھُوَ ضمیر فاعل اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّهٗ هُوَ یُبْدِئُ وَ یُعِیْدُ ﴿۱۳﴾ وَ هُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ﴿۱۴﴾ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِیْدُ ﴿۱۵﴾ فَعَّالٌ لِّمَا

يُرِيْدُ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم ھُوَ ضمیر مبتدا، یُبْدِئُ فعل با ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُعِیْدُ فعل با ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف ھُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا، اَلْغَفُوْرُ خبر اوّل، اَلْوَدُوْدُ خبر ثانی، ذُو الْعَرْشِ مرکب اضافی خبر ثالث، اَلْمَجِیْدُ خبر رابع، فَعَّالٌ صیغہ مبالغہ ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل لِ امر جارہ مَا موصولہ یُرِیْدُ فعل با ھُوَ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق، صیغہ مبالغہ با فاعل و متعلق خبر خامس، مبتدا پانچوں خبروں کے ساتھ مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ﴿۱۷﴾ فِرْعَوْنَ وَ ثَمُوْدَ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۷، ۱۸: هَلْ استفہامیہ اَتٰی فعل کاف ضمیر مفعول بہ حَدِیْثُ مضاف اَلْجُنُوْدِ مبدل منہ فِرْعَوْنَ وَ ثَمُوْدَ معطوف علیہ با معطوف بدل، مبدل منہ با بدل مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ اَتٰی کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہوا۔

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ﴿۱۹﴾ وَّ اللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۱۹، ۲۰: بَلْ حرف اضراب اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَفَرُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا، فِیْ تَکْذِیْبٍ جار با مجرور متعلق ہوئے کَائِنُوْنَ کے، کَائِنُوْنَ اسم فاعل با ھُمْ ضمیر پوشیدہ فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لفظ اَللّٰہُ مبتدا، مِنْ جارہ وَرَآئِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم مُحِیْطٌ کا، مُحِیْطٌ اسم فاعل با ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿۲۱﴾ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۱، ۲۲: بَلْ حرف اضراب ھُوَ مبتدا، قُرْاٰنٌ موصوف مَجِیْدٌ صفت اولیٰ، فِیْ جارہ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق، کَائِنٌ اسم فاعل با ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل و متعلق صفت ثانیہ، موصوف با صفتین خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

بِحَمْدِ اللّٰهِ وَتَوْفِیْقِهٖ بروز پیر بوقت ۷:۱۵ صبح بتاریخ ۲۰۱۲، ۱۰، ۲۲ کو اس کی ترکیب مکمل ہوئی

ترکیب سُوْرَۃُ الطَّارِقِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ﴿۱﴾ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ﴿۴﴾

آیت نمبر ۱، ۴: واؤ قسمیہ جارہ اَلسَّمَآءِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلطَّارِقِ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل با اَنَا مستتر فاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ قسم، اِنْ نافیہ کُلُّ نَفْسٍ مرکب اضافی مبتدا، لَمَّا بمعنی اِلَّا حرف استثناء عَلَیْهَا جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق، کَائِنٌ اسم فاعل با ھُوَ ضمیر فاعل و متعلق خبر مقدم حَافِظٌ مبتدا موخر، مبتدا با خبر

کُلُّ نَفْسٍ کی خبر، مبتدا با خبر جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۝۲ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۝۳

آیت نمبر ۲،۳: واؤ اعتراضیہ مَا استفہامیہ مبتدا، اَدْرٰی فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل، مَا استفہامیہ مبتدا، الطَّارِقُ مبدل منہ النَّجْمُ الثَّاقِبُ موصوف با صفت بدل، مبدل منہ با بدل خبر، مبتدا با خبر اَدْرٰی کے مفعول ثانی کے قائم مقام، اور النَّجْمُ الثَّاقِبُ کو ھُوَ محذوف کی خبر بھی بنا سکتے ہیں، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ اعتراضیہ ہوا۔

فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝۵

آیت نمبر ۵: فاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِذَا ثَبَتَ اَنَّ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ حَافِظًا، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم ثَبَتَ فعل اَنَّ حرف تحقیق عَلٰی حرف جر كُلِّ نَفْسٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے کَائِنٌ کے، کَائِنٌ اسم فاعل ھُوَ ضمیر فاعل و متعلق خبر مقدم حَافِظًا اسم موخر، اَنَّ با اسم و خبر مفرد کے معنی میں ہو کر فاعل، فعل با فاعل و مفعول فیہ مقدم شرط، لِيَنْظُرْ فعل امر الْاِنْسَانُ فاعل مِمَّ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے خُلِقَ کے، خُلِقَ فعل مجہول با ھُوَ مقدر نائب فاعل و متعلق قائم مقام مفعول بہ، فعل امر با فاعل و متعلق جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۝۶ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ۝۷

آیت نمبر ۶،۷: خُلِقَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل مِنْ جارہ مَآءٍ موصوف دَافِقٍ صفت اولیٰ، يَخْرُجُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ بَيْنِ مضاف الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے يَخْرُجُ کے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مجرور، جار با مجرور خُلِقَ کے متعلق، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۝۸ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۝۹ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ۝۱۰

آیت نمبر ۸،۹،۱۰: اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اِنَّ کا اسم لَام مزحلقہ قَادِرٌ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل عَلٰی جارہ رَجْعِ مصدر مضاف ہٖ ضمیر مضاف الیہ معنًی مفعول بہ يَوْمَ مضاف تُبْلَى فعل مجہول السَّرَآئِرُ نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل يَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، مصدر مضاف با مضاف الیہ و مفعول فیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے قَادِرٌ کے، اسم فاعل با فاعل و متعلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا بُعِثَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ، مَا مشابہ "بہ لَيْسَ لَهٗ جار با مجرور متعلق ہوئے کَائِنَيْنِ کے، کَائِنَيْنِ اسم فاعل با ھُمَا ضمیر فاعل و متعلق خبر، مِنْ جارہ زائدہ قُوَّةٍ لفظًا مجرور محلًّا مرفوع معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ نَاصِرٍ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اسم موخر، مَا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۝۱۱ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۝۱۲ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۝۱۳ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۝۱۴

آیت نمبر ۱۱،۱۲،۱۳،۱۴: واؤ قسمیہ جارہ السَّمَآءِ موصوف ذَاتِ الرَّجْعِ مرکب اضافی صفت، معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاَرْضِ

موصوف ذَاتِ الصَّدۡعِ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقۡسِمُ کے، اُقۡسِمُ فعل با اَنَا مستتر فاعل و متعلق قسم، اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ہٗ ضمیر منصوب اِنَّ کا اسم لَامِ مزحلقہ تاکیدیہ قَوۡلٌ فَصۡلٌ مرکب توصیفی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا مشابہ "بہ لَیۡسَ ھُوَ ضمیر اس کا اسم بِالۡھَزۡلِ جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق، کَائِنًا اسم فاعل با ھُوَ ضمیر فاعل و متعلق خبر، مَا با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

اِنَّھُمۡ یَکِیۡدُوۡنَ کَیۡدًا ﴿۱۵﴾ وَّ اَکِیۡدُ کَیۡدًا ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۵، ۱۶: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ھُمۡ ضمیر منصوب اِنَّ کا اسم یَکِیۡدُوۡنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کَیۡدًا مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَکِیۡدُ فعل با اَنَا ضمیر فاعل کَیۡدًا مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَمَھِّلِ الۡکٰفِرِیۡنَ اَمۡھِلۡھُمۡ رُوَیۡدًا ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: فاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِنۡ شِئۡتَ اَنۡ تَرٰی عَاقِبَۃَ اَمۡرِھِمۡ، اِنۡ شرطیہ شِئۡتَ فعل بافاعل اَنۡ ناصبہ تَرٰی فعل اَنۡتَ مستتر فاعل عَاقِبَۃَ اَمۡرِھِمۡ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ مصدر کے معنی میں ہو کر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ شرط، مَھِّلۡ فعل امر اَنۡتَ ضمیر پوشیدہ فاعل الۡکٰفِرِیۡنَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ مؤکد، اَمۡھِلۡ فعل امر اَنۡتَ مستتر فاعل ھُمۡ ضمیر منصوب مفعول بہ رُوَیۡدًا دراصل اِمۡھَالًا رُوَیۡدًا ہے، پھر یہ موصوف باصفت مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق تاکید، مؤکد باتاکید جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ترکیب سُوۡرَۃُ الۡاَعۡلٰی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ سَبِّحِ اسۡمَ رَبِّکَ الۡاَعۡلَی ﴿۱﴾ الَّذِیۡ خَلَقَ فَسَوّٰی ﴿۲﴾ وَ الَّذِیۡ قَدَّرَ فَھَدٰی ﴿۳﴾ وَ الَّذِیۡۤ اَخۡرَجَ الۡمَرۡعٰی ﴿۴﴾ فَجَعَلَہٗ غُثَآءً اَحۡوٰی ﴿۵﴾

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، ۵: سَبِّحۡ فعل امر اَنۡتَ مستتر فاعل اِسۡمَ مضاف رَبِّکَ مرکب اضافی موصوف الۡاَعۡلَی اسم تفضیل با ھُوَ ضمیر فاعل صفت اولی، الَّذِیۡ اسم موصول خَلَقَ فعل با ھُوَ ضمیر فاعل معطوف علیہ، فاء عاطفہ سَوّٰی فعل با ھُوَ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الَّذِیۡ اسم موصول قَدَّرَ فعل با ھُوَ ضمیر فاعل معطوف علیہ، فاء عاطفہ ھَدٰی فعل با ھُوَ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ الَّذِیۡ اسم موصول اَخۡرَجَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل الۡمَرۡعٰی منصوب تقدیراً مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، غُثَآءً اَحۡوٰی موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین رَبِّکَ کی صفت ثانیہ، موصوف باصفتین اِسۡمَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ سَبِّحۡ کا مفعول بہ،

فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ﴿۶﴾ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَ مَا يَخْفٰى ﴿۷﴾ وَ نُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ﴿۸﴾ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ﴿۹﴾

آیت نمبر ۶، ۷، ۸، ۹: سِین علامت فعل نُقْرِئُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ لَا تَنْسٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو مَا موصولہ شَآءَ اللّٰهُ فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مُعَلِّل اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اسم یَعْلَمُ فعل ہُوَ مستتر فاعل اَلْجَهْرَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ یَخْفٰی فعل ہُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف یَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ اِنَّ کی خبر اِنَّ بااسم وخبر مُعَلِّل، مُعَلِّل بامُعَلِّل مَا کا صلہ، موصول باصلہ لَا تَنْسٰی کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نُیَسِّرُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ لِلْیُسْرٰی جار بامجرور متعلق ہوئے فعل کے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، سَنُقْرِئُ معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِنْ عَلِمْتَ اَنَّكَ مِمَّنْ هَدَيْنَاهُ وَوَفَّقْنَاهُ اِنْ شرطیہ عَلِمْتَ فعل بافاعل اَنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اسم مِنْ جارہ مَنْ موصولہ هَدَيْنَاهُ فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ وَفَّقْنَاهُ فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر متعلق ہوئے کَائِنٌ کے، کَائِنٌ اسم فاعل بااَنْتَ مستتر ضمیر فاعل ومتعلق اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم وخبر عَلِمْتَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ شرط، ذَكِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنْ شرطیہ نَفَعَتْ فعل اَلذِّكْرٰی مرفوع تقدیراً فاعل، فعل بافاعل شرط، اس کی جزاء محذوف ہے ذَكِّرْ جس پر فَذَكِّرْ دال ہے۔

سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ﴿۱۰﴾ وَ يَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ﴿۱۱﴾ الَّذِىْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ﴿۱۲﴾ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَ لَا يَحْيٰى ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳: سین علامت فعل یَذَّکَّرُ فعل مَنْ موصولہ یَخْشٰی فعل باھُوَ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَتَجَنَّبُ فعل ھَا مفعول بہ اَلْاَشْقٰی مرفوع تقدیراً موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول یَصْلٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلنَّارَ الْكُبْرٰی مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَا یَمُوْتُ فعل ھُوَ مستتر فاعل فِیْهَا جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یَحْیٰی فعل باھُوَ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف یَصْلٰی کا معطوف ہوا، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ اَلْاَشْقٰی کی صفت، موصوف باصفت یَتَجَنَّبُ کا فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ یَذَّکَّرُ کا معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ﴿۱۴﴾ وَ ذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۴، ۱۵: قَدْ حرف تحقیق اَفْلَحَ فعل مَنْ موصولہ تَزَكّٰى فعل باھُوَ مستتر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ذَكَرَ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اِسْمَ مضاف رَبِّهٖ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ صَلّٰى فعل باھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر تَزَكّٰى کا معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ اَفْلَحَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝

